PAGES MISSING WITHIN THE BOOK ONLY

(70 to 73)

B. A.

Indian Economics. Vol. I.

by

G. B. JATHAR & S. G. BERI.

معاشیات ہند جلد اول

ترجمہ

مولوی رشید احمد، بی۔ اے۔

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188177
UNIVERSAL
LIBRARY

نصابی سلسلہ تصنیفات علمی جامعہ عثمانیہ

معاشیات ہند

جلد اول

تصنیف

جی، بی، جٹھار، ام، اے۔ پروفیسر تاریخ و معاشیات کرناٹک کالج دھارواڑ

و

یس، جی، بیری، ام، اے۔ پروفیسر معاشیات سڈنہم کالج آف کامرس اینڈ اکنامکس بمبئی

ترجمہ (ایڈیشن ۱۹۳۷ء)

مولوی رشید احمد صاحب بی۔اے (علیگ) ایف۔آر۔ای۔یس (لندن)

رکن سررشتۂ تالیف و ترجمہ جامعۂ عثمانیہ سرکار عالی

۱۳۵۹ھ م ۱۳۴۹ف م ۱۹۴۰ء

دارالطبع جامعہ عثمانیہ سرکار عالی حیدرآباد دکن

یہ کتاب آکسفورڈ یونیورسٹی پریس و پبلشرز کی اجازت
سے جس کو حق اشاعت حاصل ہے اُردو میں
ترجمہ کر کے طبع و شایع کی گئی ہے۔

فہرست مضامین

معاشیات ہند (جلد اول)

باب ۱

از صفحہ ۱ تا ۱۰

معاشیات ہند: وسعت اور تعریف

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
۱۔ تعریف	۱	۵۔ معاشیات ہند محض معاشی اصول کی تشریح نہیں جس میں ہندستانی مثالیں ہوں	۵
۲۔ دوسرا ممکنہ مفہوم	۳	۶۔ راناڈے کی قابل قدر خدمت	۶
۳۔ تیسرا مفہوم	۳	۷۔ مغربی معاشی نظریہ اور معاشیات ہند	۸
۴۔ معاشیات ہند: ایک جداگانہ موضوع بحث	۵		

باب ۲۔

از صفحہ ۱۱ تا ۲۱

ہندوستان کا طبیعی ماحول اور قدرتی ذرائع

۱۔ قدرتی ذرائع اور اُن کی اہمیت	۱۱	۲۔ ہندوستان: رقبہ اور آبادی	۱۲

مضمون	صفحہ
۳۔ جغرافی محل وقوع	۱۲
۴۔ بندرگاہوں کی کمی	۱۲
۵۔ اندرونی وسائل آمدورفت	۱۳
۶۔ طبیعی محل وقوع کی مشکلات کو دور کرنے کی کوششیں	۱۴
۷۔ ہندوستان کی تقسیم چار نمایاں حصوں میں	۱۴
۸۔ جزیرہ نمائے ہند	۱۴
۹۔ میدان گنگا و سندھ	۱۵
۱۰۔ ہمالیہ اور جزیرہ نما کے دریا	۱۶
۱۱۔ کوہستان ہمالیہ	۱۶
۱۲۔ برما	۱۷
۱۳۔ طبیعی و موسمی اختلافات	۱۷
۱۴۔ ہندوستان کے موسم	۱۹
۱۵۔ بارش	۱۹
۱۶۔ بارش کی اساسی اہمیت	۲۰
۱۷۔ آب وہوا	۲۱
۱۸۔ گرم آب وہوا معاشی ترقی کے اعتبار سے	۲۲
۱۹۔ جنگلات	۲۳
۲۰۔ جنگلات کا افادہ	۲۳
۲۱۔ جنگلات کی حفاظت	۲۵
۲۲۔ ہندوستان میں جنگلات کا رقبہ	۲۶
۲۳۔ جنگلات کے نظم ونسق کا مقصد	۲۸
۲۴۔ ہندوستانی جنگلات، اشیائے خام کی فراہمی کے اعتبار سے	۲۹

مضمون	صفحہ
۲۵۔ جنگل کی پیداوار کبیر وصغیر	۲۹
۲۶۔ ہندوستانی جنگلات کے امکانات	۳۰
۲۷۔ ارضیاتی ترکیب	۳۰
۲۸۔ معدنی پیداوار	۳۲
۲۹۔ کوئلہ	۳۵
۳۰۔ لوہا	۴۰
۳۱۔ منگنیز	۴۱
۳۲۔ سونا	۴۳
۳۳۔ چاندی، سیسہ، جست	۴۳
۳۴۔ پٹرولیم	۴۴
۳۵۔ ابرق	۴۶
۳۶۔ ولفرام	۴۷
۳۷۔ شورا	۴۷
۳۸۔ دوسری معدنی پیداوار	۴۸
۳۹۔ نمک	۴۸
۴۰۔ عمارتی پتھر	۵۰
۴۱۔ سیمنٹ سازی کی اشیا	۵۱
۴۲۔ چونا	۵۱
۴۳۔ نباتی ذرائع	۵۱
۴۴۔ حیوان	۵۲
۴۵۔ قوت کے ذرائع	۵۲
۴۶۔ آبی قوت	۵۳
۴۷۔ دولت مند ملک کے مفلس باشندے	۵۵

باب ۳

از صفحہ ۵۷ تا ۱۴۶

آبادی

مضمون	صفحہ
۱۔ مجموعی آبادی	۵۷
۲۔ صوبوں اور ریاستوں میں آبادی اور مذاہب کے اعداد و شمار	۵۷
۳۔ آبادی کی گنجائی کو متعین کرنے والے عامل	۵۸
۴۔ گنجائی اور خوشحالی	۵۹
۵۔ آبادی کی تقسیم بلحاظ مذہب	۶۲
۶۔ آبادی کی تقسیم بلحاظ پیشہ	۶۳
۷۔ شہروں اور دیہات کی آبادی	۶۷
۸۔ آبادی کی صنفی تقسیم	۷۲
۹۔ تقسیم آبادی بلحاظ عمر	۷۶
۱۰۔ ہندوستان میں ولادت اور اموات کی شرح	۸۰
۱۱۔ شرح اموات	۸۲
۱۲۔ آبادی کا اضافہ	۸۶
۱۳۔ مفرط آبادی کا مسئلہ: یورپ اور ہندوستان میں بحث مباحثہ	۹۰
۱۴۔ مفرط آبادی کا مفہوم	۹۱
۱۵۔ ہندوستان کی صورت حال	۹۳
۱۶۔ انسدادی مانعات	۹۳
۱۷۔ ہندوستان میں ازدواج کی شرح	۹۴
۱۸۔ ادنیٰ بارآوری	۹۷
۱۹۔ معاشرتی رسم و رواج: رضاعت کا طویل زمانہ	۱۰۰
۲۰۔ طفل کشی	۱۰۲
۲۱۔ افلاس اور امراض	۱۰۲
۲۲۔ نتیجہ	۱۰۳
۲۳۔ مفرد آبادی اور قومی آمدنی	۱۰۵
۲۴۔ ایجابی اور انسدادی مانعات	۱۰۶
۲۵۔ آبادی کے اضافے کی ارادی روک کے سوا دوسرے طریقے	۱۰۸
۲۶۔ ان اصلاحی تدابیر کی راہ میں رکاوٹیں	۱۰۹
۲۷۔ محنت کی قلت آبادی کی افراط کے خلاف دلیل کے طور پر	۱۱۱
۲۸۔ زرعی ترقی	۱۱۳

مضمون	صفحہ
۲۹۔ دولت کی بہتر تقسیم	۱۱۵
۳۰۔ آبادی کو ایک صوبے سے دوسرے میں منتقل کرکے بار کس حد تک ہلکا کیا جا سکتا ہے۔	۱۱۵
۳۱۔ توطن خارجی کے ذریعے سے کس حد تک بار ہلکا کیا جا سکتا ہے	۱۱۶
۳۲۔ آبادی اور غذا کی رسد	۱۱۶
۳۳۔ دولت کی زیادتی ایک بالواسطہ مگر طاقت بخش مداوا ہے	۱۱۹
۳۴۔ ارادی روک کی اہمیت	۱۲۱
۳۵۔ تحدید خاندان: اس کا مالہ و ماعلیہ	۱۲۲
۳۶ آبادی کی تحدید کے طریقے	۱۲۴
۳۷ ضبط تولید ہندوستان کے لئے ایک اہم مسئلہ ہے	۱۲۹
۳۸۔ نقل وطن: (۱) ملک کے اندر آبادی کی نقل و حرکت	۱۳۰
۳۸ نقل وطن: (۲) توطن خارجی	۱۳۶
۳۹۔ نسل انسانی کی اصلاح	۱۴۰
۴۰۔ صحت و صفائی عامہ	۱۴۳
۴۱۔ تعلیم	۱۴۴
۴۲۔ نسلی صلاحیتیں	۱۴۴

باب ۴

از صفحہ ۱۴۷ تا ۱۸۸

معاشری و مذہبی آئین و رواج

مضمون	صفحہ
۱۔ معاشی جد وجہد پر معاشری و مذہبی آئین و رواج کا اثر	۱۴۷
۲۔ ذات پات کا طریق	۱۴۸
۳۔ ذاتوں کی تین بڑی قسمیں	۱۴۹
۴۔ ذات پات کی ابتدا	۱۵۰
۵۔ ذات کے طریقے کی سختی	۱۵۱
۶۔ ذات کے طریقے کی خوبیاں اور اس کے نمایاں کام	۱۵۳
۷۔ ذات کے طریقے کی حمایت اس کی موجودہ شکل میں نہیں کی جا سکتی	۱۵۶
۸۔ درون زواجیت اور نسل کا بگاڑ	۱۵۷
۹۔ ذات پات استعداد اور فعل کی مطابقت میں مزاحم ہے	۱۵۸
۱۰۔ محنت و اصل کی عدم نقل پذیری	۱۵۸

مضمون	صفحہ
۱۱۔ ذات کا طریقہ بڑے پیمانے کے کاروبار میں سدراہ ہے	۱۵۹
۱۲۔ ذات کا طریقہ اور محنت کا وقار	۱۶۰
۱۳۔ ذات کا طریقہ اصول مساوات کے خلاف ہے	۱۶۱
۱۴۔ ذات پر مغربی تہذیب کا اثر	۱۶۱
۱۵۔ ذات پات کی اندرونی قوت	۱۶۴
۱۶۔ ذات پات کی خرابیوں کا علاج	۱۶۵
۱۷۔ اشتراک خاندانی کا طریقہ	۱۶۶
۱۸۔ اشتراک خاندانی کی ابتدا	۱۶۶
۱۹۔ مشترک خاندان کے طریقے کی خوبیاں	۱۶۸
۲۰۔ مشترک خاندان کے طریقے کے نقائص	۱۶۹
۲۱۔ اس طریق کو توڑنے والے جدید اثرات	۱۷۰

مضمون	صفحہ
۲۲۔ قوانین وراثت و توریث	۱۷۱
۲۳۔ متکنرا اور دیوانی قانون	۱۷۲
۲۴۔ ان دونوں طریقوں کے تحت وراثت	۱۷۳
۲۵۔ قوانین وراثت و توریث کے معاشی اثرات	۱۷۴
۲۶۔ کیا ہندوستانی روحانیت ہندوستان کی معاشی پسماندگی کی ذمہ دار ہے؟	۱۷۶
۲۷۔ تاریخ سے رجوع	۱۷۷
۲۸۔ معاشی جد و جہد پر مذہبی عقیدے کے اثر کو مبالغے سے بیان کیا جاتا ہے	۱۷۹
۲۹۔ جبریت ماضی کے منزلزل سیاسی حالات کی میراث ہے	۱۸۱
۳۰۔ مذہب کو متبدلہ حالات کے مطابق بنانے کے لئے مذہب کی از سر نو تعمیر کا عمل	۱۸۲
۳۱۔ ہندوستانی قومیت کے دوسرے اسباب مذہب کے سوا	۱۸۵

باب ۵

از صفحہ ۱۸۹ تا ۲۴۸

ہندوستان کی معاشی حالت میں تغیر

مضمون	صفحہ
۱۔ انگلستان کا صنعتی انقلاب	۱۸۹
۲۔ انگلستان کے صنعتی انقلاب کی چار بڑی خصوصیتیں	۱۹۱

مضمون	صفحہ
۳۔ صنعتی انقلاب کے نتائج . . .	۱۹۲
۴۔ مورلیسن کی تقسیم: قدیم اور جدید وضع کے ملک	۱۹۳
۵۔ قدیم نظام کی خصوصیات . . .	۱۹۴
۶۔ جدید نظام کی خصوصیات . . .	۱۹۵
۷۔ قدیم معاشی تنظیم: گاؤں . . .	۱۹۵
۸۔ گاؤں کی ابتدا کیسے ہوئی اور وہ اب تک کیوں قایم ہے	۱۹۶
۹۔ ٹھیٹ ہندوستانی گاؤں . .	۱۹۷
۱۰۔ دیہی نظم: (۱) کسان . . .	۱۹۸
۱۱۔ دیہی نظم: (۲) دیہی عہدہ دار	۱۹۹
۱۲۔ دیہی نظم: (۳) دیہی دستکار	۱۹۹
۱۳۔ گاؤں کا الگ تھلگ اور خود کفیل ہونا	۲۰۰
۱۴۔ زر وغیرہ کی عدم موجودگی	۲۰۲
۱۵۔ رواج اور حیثیت	۲۰۳
۱۶۔ رواج اور لگان	۲۰۵
۱۷۔ رواج اور اُجرت	۲۰۶
۱۸۔ رواج اور قیمت	۲۰۷
۱۹۔ قدیم معاشی نظام کے تحت شہر	۲۰۸
۲۰۔ ہندوستانی صنعتیں ماضی میں	۲۱۰
۲۱۔ ہندوستانی صنعتوں کے زوال کے اسباب	۲۱۳
(ا) شاہی درباروں کا اجڑنا	۲۱۳
(ب) مخالف غیر ملکی اثرات کا عمل	۲۱۴

مضمون	صفحہ
(ج) ایسٹ انڈیا کمپنی اور برطانوی پارلیمنٹ کی پالیسی	۲۱۴
(د) کل کی بنی ہوئی مصنوعات کی مسابقت . . .	۲۱۷
(ہ) حکومت ہند کی عدم مداخلت کی پالیسی	۲۱۸
۲۲۔ ہندوستان اور انگلستان کے صنعتی انقلاب میں تضاد . .	۲۱۹
۲۳۔ گاؤں عبوری دور میں . . .	۲۲۲
(۱) نظم و نسق کی مرکزیت	۲۲۲
(۲) انفرادیت کی ترقی . .	۲۲۳
(۳) نقل و حمل میں انقلاب	۲۲۴
۲۴۔ گاؤں کی خصوصیات عبوری دور میں	۲۲۴
۲۵۔ دیہی پیشوں میں تغیر	۲۲۶
(۱) زراعت میں تغیر	۲۲۹
۲۵۔ (۲) دیہی حرفتوں میں تغیر	۲۲۹
۲۶۔ حیثیت اور رواج سے معاہدے اور مسابقت کی جانب تبدیلی	۲۳۲
(ا) مسابقت اور لگان	۲۳۳
(ب) 〃 اور اُجرت	۲۳۳
(ج) 〃 اور قیمت	۲۳۴
۲۷۔ صنعتوں میں تغیر و تبدل	۲۳۴
۲۸۔ صنعتی ترقی کی جانچ کے دو معیار	۲۳۸
۲۹۔ شہروں کی ترقی پر اثر ڈالنے والی جدید قوتیں	۲۴۰

۳۰۔ شہروں کے زوال کے اسباب ۲۴۲
۳۱۔ مقامی معیشت سے بین الاقوامی معیشت میں اچانک تغیر ۲۴۳
۳۲۔ کیا ہندوستان کا صنعتی حیثیت سے ترقی کرنا مناسب ہے . . ۲۴۵

باب ۶

از صفحہ ۲۴۹ تا ۳۱۶

زراعت

پیداوار اور برآمد

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
۱۔ زراعت کی حیثیت معاشیات ہند میں	۲۴۹	۷۔ ہندوستان کی اہم فصلوں کی جانچ	۲۶۱
۲۔ زراعت کو ترقی دینے کی ضرورت	۲۵۰	(ا) غذائی پیداوار . . .	۲۶۱
۳۔ برطانوی ہند میں مختلف فصلوں کی کاشت کے رقبوں کے اعداد و شمار	۲۵۱	(ب) غیر غذائی پیداوار . . .	۲۷۴
۴۔ اہم فصلوں (دیسی ریاستوں کو شامل کرکے) کی پیداوار اور رقبۂ زیر کاشت کا اندازہ	۲۵۶	۸۔ زرعی پیداوار کی برآمد	۲۹۷
۵۔ کاشت عمیق اور کاشت وسیع کی گنجایش	۲۵۷	۹۔ اشیائے خوردنی کی برآمد پر بندشیں	۲۹۹
۶۔ فصلوں کی اضافی اہمیت . . .	۲۶۰	۱۰۔ " خام کی برآمد پر بندشیں	۳۰۶
		۱۱۔ پیداوار کی کمی اور اس کے اسباب	۳۰۹
		۱۲۔ کیا ہندوستان میں زمین کی پیداوار بتدریج کم ہو رہی ہے . .	۳۱۳

باب ۷

از صفحہ ۳۱۷ تا ۳۷۱

زراعت

زمین اور اس کے مسائل

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
۱۔ متوازن کھیت کا تخیل	۳۱۷	۲۔ کاشت کی اکائی اور ملکیت کی اکائی	۳۱۸

مضمون	صفحہ
۳ تقسیم اراضی اور انتشار کی خرابیاں	۳۲۰
۴ ۔ تقسیم اراضی اور انتشار کے حق میں دلائل	۳۲۳
۵ ۔ ہندوستان میں خرابیوں کی وسعت (۱) حقوق داروں کے کھیتوں کی تقسیم در تقسیم	۳۲۴
۵ ۔ ہندوستان میں خرابیوں کی وسعت (۲) کاشت کی ذیلی تقسیم	۳۲۶
۵ ۔ ہندوستان میں خرابیوں کی وسعت (۳) حقوق داروں کے کھیتوں کا انتشار	۳۲۷
۵ ۔ ہندوستان میں خرابیوں کی وسعت (۴) کاشت کا انتشار	۳۲۷
۶ تقسیم اراضی اور انتشار کے اسباب	۳۲۷
۷ ۔ غیر ممالک میں بھی یہ مسئلہ موجود ہے	۳۳۳
۸ ۔ معاشی کھیت کا مفہوم . . .	۳۳۴
۹ ۔ اصلاحی تدابیر	۳۴۰
۱۰ ۔ بمبئی کے چھوٹے کھیتوں کا مسودۂ قانون بابت ۱۹۲۷ء	۳۴۳
۱۱ ۔ مسودۂ مذکور کے بارے میں بحث مباحثہ	۳۴۴
۱۲ ۔ مستقل اصلاح و ترقی کا فقدان اور اس کے نتائج	۳۴۸
۱۳ ۔ آبپاشی کی ضرورت و اہمیت .	۳۵۱
۱۴ ۔ کارہائے آبپاشی کی تبویب .. (۱) عام تبویب	۳۵۲
۱۴ ۔ کارہائے آبپاشی کی تبویب .. (۲) سرکاری کارہائے آبپاشی کی تقسیم	۳۵۵
۱۵ ۔ کل کاموں کا پھیلاؤ، ان کی ترقی اور آمدنی	۳۵۷
۱۶ ۔ آبپاشی کی سرکاری پالیسی . . .	۳۶۱
۱۷ ۔ آبپاشی بہ مقابلۂ ریل . . .	۳۶۵
۱۸ ۔ آب زدگی اور نمکی کوران	۳۶۷
۱۹ ۔ پنجاب کی نہری نوآبادیات	۳۶۹

باب ۸

از صفحہ ۳۷۲ تا ۴۲۲

زراعت

محنت، ساز و سامان اور تنظیم

مضمون	صفحہ
۱ انسانی عامل، اس کی غیر اطمینان بخش نوعیت	۳۷۲
۲ ۔ دیہی تعلیم کی ایک وسیع اور جامع تجویز	۳۷۵

مضمون	صفحہ
۳۔ کسان کی جسمانی نااہلی۔ اس کے اسباب اور علاج ...	۳۷۹
۴۔ گاؤں اور شہر کے درمیان زیادہ ربط قائم کرنے کی ضرورت ..	۳۸۱
۵۔ پروپیگنڈے کے طریقے	۳۸۲
۶۔ زرعی مزدور (اجیر)	۳۸۴
۷۔ زمیندار اور اس کی حیثیت زرعی معیشت میں	۳۸۵
۸۔ زمینداری سے کیا فرائض اور ذمہ داریاں وابستہ ہیں	۳۸۹
۹۔ کاشت کا طریق	۳۹۰
۱۰۔ کھاد	۳۹۲
۱۱۔ آلات کشاورزی	۳۹۶
۱۲۔ مویشی اور جانور	۳۹۸
۱۳۔ چارے کی رسد کا مسئلہ ...	۴۰۰
۱۴۔ افزائش نسل مویشی	۴۰۳
۱۵۔ محکمۂ علاج حیوانات ...	۴۰۴
۱۶۔ محفوظ سرمایہ	۴۰۶
۱۷۔ دیہی صنعتوں کی اہمیت ..	۴۰۷
۱۸۔ مشیر خانے وغیرہ	۴۱۰
۱۹۔ کھدر کا معاشی نظریہ ...	۴۱۲
۲۰۔ بعض دوسری دیہی صنعتیں ..	۴۱۶
۲۱۔ فروخت بامداد باہمی ...	۴۱۷
۲۲۔ فروخت کے انتظام کی اصلاح و ترقی کی بعض شکلیں	۴۲۳
۲۳۔ فروخت کا جدید انتظام	۴۲۶
۲۴۔ ذخیرہ گھروں اور معیاری اوزان اور پیمانوں وغیرہ کی ضرورت	۴۲۹

باب ۹

از صفحہ ۴۳۳ تا ۴۸۰

دیہی قرض داری

مضمون	صفحہ
۱۔ دیہی قرضداری ایک نازک اور اہم مسئلہ ہے ...	۴۳۳
۲۔ قرض داری کی وسعت، ابتدائی تحقیقات ...	۴۳۴

۳۔ زرعی قرضداری کا اندازہ، بنک کاری کی صوبہ وار تحقیقاتی کمیٹیوں کی نظر میں ۴۳۶
۴۔ قرضداری کے اسباب ۴۳۹
۵۔ دیہی قرضداری کے بارے میں سرکاری پالیسی ۴۵۵
۶۔ غیر ضروری قرضوں سے بچنے کی تدابیر ۴۵۶
۷۔ دیوانی قانون کی اصلاح و ترمیم کی تدابیر ۴۵۶
۸۔ قرضدہندوں کی نگرانی کرنے اور اجازت نامے دینے کے متعلق وضع قوانین ۴۶۲
۹۔ قرضوں کا تصفیہ بذریعۂ مصالحت ۴۶۶
۱۰۔ قرضے کی بذریعۂ مصالحت ادائی کے متعلق حال میں وضع کردہ قوانین ۴۶۷
۱۱۔ انتقال اراضی پر بندشیں ۴۷۱
۱۲۔ زر اور اعتبار کی رسد ۴۷۳
۱۳۔ ترقئہ امداد باہمی . . . ۴۷۷

باب ۱۰

از صفحہ ۴۸۱ تا ۵۱۶

ہندوستان میں امداد باہمی کی تحریک

مضمون صفحہ
۱۔ امداد باہمی کا مفہوم . . . ۴۸۱
۲۔ جرمنی اور ڈنمارک میں امداد باہمی ۴۸۳
۳۔ امداد باہمی اور اس کے فوائد ہندوستان میں ۴۸۶
۴۔ ایکٹ بابت ۱۹۰۴ء . . ۴۸۶
۵۔ ۱۹۰۴ء تا ۱۹۱۲ء کی ترقی پر ایک نظر ۴۸۹
۶۔ قانون انجمن ہائے امداد باہمی بابت ۱۹۱۲ء ۴۹۰
۷۔ امداد باہمی کی تحریک کی ترقی، ۱۹۱۲ء کے قانون کے نفاذ کے بعد . . ۴۹۱
۸۔ امداد باہمی کی انجمنوں کی تبویب ۴۹۶
۹۔ زرعی قرضے کی ابتدائی انجمنیں ۴۹۹
۱۰۔ میک لے گن کمیٹی اور بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی اہم سفارشیں ۵۱۰
۱۱۔ غیر زرعی قرضے کی انجمنیں . . ۵۱۴
۱۲۔ بعض عام مسائل ۵۱۹

مضمون	صفحہ
۱۳۔ غیر قرضی زرعی تحریک ...	۵۲۳
۱۴۔ غیر قرضی، غیر زرعی انجمنیں .	۵۲۷
۱۵۔ مکان بنانے کی انجمنیں	۵۳۰
۱۶۔ مرکزی انجمنیں اور امداد باہمی کا مالیہ	۵۳۱
۱۷۔ حکومت کا تعلق امداد باہمی کی تحریک سے	۵۴۳
۱۸۔ ہندوستان کی امداد باہمی کی تحریک پر نقد و نظر	۵۵۱
۱۹۔ زمین گروی بنکوں کی ضرورت	۵۵۷
۲۰۔ زمین گروی بنک اور امداد باہمی	۵۵۸
۲۱۔ ہندوستانی زمین گروی بنکوں کی سرگزشت ...	۵۶۰
۲۲۔ زمین گروی بنکوں کو سرکاری امداد	۵۶۳
۲۳۔ مدراس اور بمبئی کی تجاویز	۵۶۵
۲۴۔ تجارتی زمین گروی بنک	۵۷۵

باب ۱۱

از صفحہ ۵۷۷ تا ۶۰۴

حکومت اور زراعت سے اس کا تعلق

مضمون	صفحہ
۱۔ محکمہ جات زراعت کا ارتقاء	۵۷۷
۲۔ محکمہ جات زراعت کے فرائض	۵۸۰
۳۔ نت نئے طریقوں اور ترقی یافتہ آلات کشاورزی کے مظاہرے	۵۸۲
۴۔ سرکاری امداد کی دوسری مدیں	۵۸۴
۵۔ دیہات سدھار۔ گڑگاؤں کا تجربہ	۵۸۹
۶۔ دیہات کی اصلاح و ترقی کی حالیہ تجاویز	۵۹۵
۷۔ شاہی زرعی کمیشن	۵۹۶
۸۔ رپورٹ کے بارے میں حکومت کی کاروائی شملہ کانفرنس	۵۹۷
۹۔ زرعی تحقیقات کا انتظام	۵۹۸
۱۰۔ معاشی تحقیق کی صوبہ وار مجالس	۶۰۳

باب ۱۲

از صفحہ ۶۰۵ تا ۶۹۰

مالگزاری

مضمون	صفحہ
۱۔ ہندوستان میں مالگزاری پر تاریخی نظر	۶۰۵
۲۔ حقیقتِ اراضی کی تین قسمیں	۶۱۰
۳۔ گاؤں کی ترکیب کی دو بڑی شکلیں	۶۱۱
۴۔ مشترکہ یا زمینداری دیہات کی قسمیں اور ترکیب	۶۱۳
۵۔ جاگیریں یا بڑی زمین داریاں جن میں ایک سے زائد گاؤں ہوتے ہیں	۶۱۵
۶۔ ذیلی مالکانہ و کاشتکارانہ حقوق	۶۱۶
۷۔ دخیل کار اسامیوں کے علاوہ دوسرے اسامی	۶۲۲
۸۔ حقوق و خلیکاری کی عام خصوصیات	۶۲۳
۹۔ رعیت واری صوبوں کے اسامیوں کے حقوق . . .	۶۲۴
۱۰۔ بندوبست کسے کہتے ہیں؟	۶۲۵
۱۱۔ بندوبست کے لوازم . . .	۶۲۵
۱۲۔ بندوبست کی تبویب . . .	۶۲۷
۱۳۔ زمینداری بندوبست بنگال کا دوامی بندوبست	۶۲۹
۱۴۔ ۱۷۹۳ء کے بنگال کے زمینداری بندوبست پر اعتراضات	۶۳۱
۱۵۔ بنارس اور مدراس میں دوامی بندوبست . . .	۶۳۴
۱۶۔ دوامی بندوبست کی مابعد سرگزشت	۶۳۶
(ا) کمپنی کے تحت	
(ب) تاج کے تحت	
۱۷۔ بنگال کے بقیہ زمینداروں اور تعلقداران اودھ کے ساتھ عارضی بندوبست	۶۳۷
۱۸۔ محل واری بندوبست	۶۳۸
۱۹۔ محل واری طریقوں میں مالگزاری کی تشخیص کے اصول . . .	۶۳۹
۲۰۔ محل واری بندوبست کا عمل صوبۂ متحدہ میں	۶۴۰
۲۱۔ اودھ میں اس طریقے کا اطلاق	۶۴۱

۲۱۔ پنجاب کا بندوبست محل واری ۶۴۱
۲۲۔ صوبۂ متوسط کا "مالگزاری بندوبست" ۶۴۲
۲۳۔ رعیت واری بندوبست:
مدراس کا رعیت واری طریقہ ۶۴۳
۲۴۔ بمبئی کا رعیت واری طریق ۶۴۵
۲۵۔ بمبئی کے بندوبست کی اہم خصوصیات ۶۴۷
۲۶۔ برما اور آسام کے خاص طریق
(جو اصولاً رعیت واری ہیں) ۶۴۹
۲۷۔ سرکاری ملکیت بمقابلۂ انفرادی ملکیت ۶۵۰
۲۸۔ مالگزاری ٹیکس ہے کہ لگان؟ ۶۵۶
۲۹۔ دوامی بمقابلۂ عارضی بندوبست ۶۶۴
۳۰۔ بندوبست کی مدت ۶۶۹
۳۱۔ مالگزاری کی تشخیص کے اصول ۶۷۱
۳۲۔ لگان کی مالیت کی تشخیص
کی بنیاد ۶۷۱
۳۳۔ ریکارڈو کا نظریہ ہندوستانی مالگزاری
کے تعلق سے ۶۷۵
۳۴۔ مالگزاری کی تشخیص کی نئی بنیاد ۶۷۷
۳۵۔ مالگزاری کی شرح پر ایک سفارش ۶۷۷
۳۶۔ اضافے کے حدود کیا ہونے چاہئیں ۶۷۸
۳۷۔ اصول محصول کا اطلاق مالگزاری پر ۶۷۹
۳۸۔ رسمی انصاف کا اصول .. ۶۸۲
۳۹۔ آئینی نگرانی ۶۸۷
۴۰۔ مالگزاری کے متعلق آئین سازی کی ترقی ۶۸۸

باب ۱۳

از صفحۂ ۶۹۱ تا ۷۰۷ ختم

صنعتوں پر ایک عام نظر

مضمون	صفحہ
۱۔ ہندوستان کی حال کی صنعتی تاریخ	۶۹۱
۲۔ صنعتی ترقی کے بارے میں حکومت کی پالیسی پر ایک نظر	۶۹۴
۳۔ جنگ کے زمانے میں صنعتی ترقی	۶۹۷
۴۔ ہندوستانی مجلس اسلحہ	۶۹۸
۵۔ زمانۂ بعد از جنگ کی صنعتی گرما گرمی	۷۰۰
۶۔ تجارتی کساد بازاری ...	۷۰۲
۷۔ تامینی محصول کا نفاذ	۷۰۳
۸۔ ہندوستان کی صنعتی پسماندگی	۷۰۵
۹۔ امکانی قوتیں	۷۰۷

مضمون	صفحہ
۱۰۔ صنعتی ترقی کے فوائد	۷۰۹
۱۱۔ زراعت پر صنعت کا ردعمل ..	۷۱۲
۱۲۔ صنعتوں کے لئے سرمایہ	۷۱۵
۱۳۔ غیر ملکی سرمایہ	۷۲۲
۱۴۔ غیر ملکی سرمایے کی مقدار	۷۲۳
۱۵۔ ہندوستان میں غیر ملکی سرمایہ: اہم تنقیح طلب امور	۷۲۷

مضمون	صفحہ
۱۶۔ غیر ملکی سرمایے پر اعتراضات	۷۲۹
۱۷۔ غیر ملکی سرمایے کے فوائد	۷۳۰
۱۸۔ غیر ملکی سرمایے پر مجوزہ بندشیں	۷۳۲
۱۹۔ دستورِ جدید کے تحت غیر ملکی سرمایے کی حیثیت ..	۷۳۶
۲۰۔ اصل کے ملکی ذرائع کو ترقی دینے کی ضرورت ...	۷۴۱ ختم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ۱

معاشیات ہند: وسعت اور تعریف

۱ - تعریف "معاشیات ہند" کی مختصر، سادہ اور جامع تعریف، عام مفہوم کے لحاظ سے، یوں کی جاسکتی ہے کہ اس میں "ہندوستان کے اہم معاشی مسائل اور ان کے ممکنہ اسباب کی تحقیق و تحلیل کی جاتی ہے اور ان مسائل کے حل کے متعلق اختیار کی ہوئی اور اختیار کرنے کے قابل تدبیروں سے بحث کی جاتی ہے"۔ یہ بالکل فطری امر ہے کہ ملک کی معاشی حیثیت کو جانچتے ہوئے حکومت کی پالیسی کی یا تو نکتہ چینی کی جائے یا داد دی جائے، اور ملک کی معاشی حالت کی اصلاح و ترقی کے لیے تجویزیں مرتب اور پیش کی جائیں۔ اس جانچ کے دوران میں نقطۂ نظر تمام تر "قومی" ہوگا اور مقصد شروع سے آخر تک: اہل ہند کی مادی فلاح و ترقی رہے گا۔ سر جان اسٹریچی نے مالیے کا میزانیہ پیش کرتے ہوئے اس اصول کی مخالفت کی تھی کہ حکومت ہند کا یہ فرض ہونا چاہیے کہ وہ محض ہندوستان کے اغراض اور مفاد کو پیش نظر رکھے، اور یہ خیال ظاہر کرکے اپنے من کی بات کہہ ڈالی کہ اپنے ملک کی خدمت ہی ان کے نزدیک سب سے اعلیٰ اور ارفع فرض تھا۔ یہ خیال دراصل اس دقیانوسی نوآبادیاتی پالیسی کی صدائے بازگشت ہے جو انگلستان کے سمندر پار کے مقبوضات کے بارے میں یہ قرار دیتی تھی کہ ان کا اولین مقصد انگلستان کے اغراض اور مفاد کو پورا کرنا تھا۔ ظاہر ہے کہ اس قسم کے

باب ۱ زاویہ نگاہ سے ہمارا کوئی سروکار نہیں ہو سکتا۔ ہندوستان سلطنت برطانیہ کا ایک جزو سہی، لیکن وہ سلطنت برطانیہ کی شان اور عظمت بڑھانے کی خاطر کوئی قربانی کرنے پر اس وقت تک راضی اور آمادہ نہیں ہو سکتا جب تک اس کو اس بات کا کامل اطمینان نہ ہو جائے کہ جو قربانی اس سے مانگی جا رہی ہے وہ آخر میں اس کے اپنے قومی مفاد کے لیے ہے۔ ہم کو چاہیے کہ عام اصول کے لحاظ سے، اپنے ملکی اغراض کو بلا پس و پیش مقدم رکھیں، اور سلطنت برطانیہ سے ہماری وسیع تر اور کمتر ضروری وفاداری کو دوسرے درجے پر۔ سچ پوچھو تو بعینہٖ یہی حالت ان حکمران نوآبادیات کی بھی رہی ہے جنھوں نے اپنے قومی اغراض کی ترقی کی کوشش کو مقدم رکھا، اور مادر وطن (برطانیہ) سلطنت برطانیہ کے عناصر ترکیبی، یا بحیثیت مجموعی کل دنیا کی خیر خواہی ان کے اس پختہ ارادے کی تابع رہی کہ وہ اپنی مادی خوشحالی اور بہبود کو بحد امکان بلند ترین معیار پر پہنچائیں گے۔ چنانچہ یہ بات عام طور پر معلوم ہے کہ اس مقصد کے حاصل کرنے میں مثلاً اپنے محصولوں کے انتظامات کے سلسلے میں انھوں نے بعض اوقات ایسی تدبیریں اختیار کیں جن سے مادر وطن، یعنی برطانیہ کو فوری نقصان پہنچا۔ یہ بیان نوآبادیات کی حالت اور ان کے طرز عمل کی بابت، اب بھی صادق آتا ہے اور اس واقعہ کے باوجود بڑی حد تک صحیح ہے کہ وہ جنگ عظیم کے تجربوں کی بنا پر اس بات پر پہلے سے کسی قدر زیادہ آمادہ ہو گئے ہیں کہ سلطنت برطانیہ کے باہمی رشتۂ اتحاد کو مضبوط بنانے کی
2 خاطر ضرورت کے وقت کچھ نہ کچھ قربانی کریں۔ پس ہندوستان بھی اسی قسم کی آزادی چاہتا ہے، تاکہ اپنے معاشی نظام کو زیادہ تر اپنے مفاد اور اغراض کے لیے منظم کرے۔

خلاصہ یہ کہ "معاشیات ہند" ہندوستانی قومی نقطۂ نظر سے ہندوستان کی موجودہ معاشی حالت اور حیثیت کی تحقیق ہے۔[1]

---

[1] اصطلاح "معاشیات ہند" کے ساتھ یہ مفہوم منسوب کرنے میں ہمیں بظاہر یہ نہیں معلوم ہوتا کہ انگریزی زبان کے ساتھ کوئی تشدد یا زیادتی کی جا رہی ہے: علاوہ ازیں دیرینہ رواج اس کو جائز قرار دیتا ہے کہ ہم اس مفہوم کے حق بجانب ہونے کا اقرار کریں۔ پرنسپل پرسی آنسٹی انجمانی یہ خیال کرتے تھے کہ "معاشیات ہند" کی اصطلاح جس "بدنما اور ناپسندیدہ" تھی اتنی ہی "گمراہ کن" بھی تھی۔ ہمارا یہ گمان ہے کہ اس تنقید کو حوالے اور سند کے طور پر زیادہ تر اس لیے پیش کیا جاتا ہے کہ اس میں چند صفتوں کا خوش اسلوبی سے مظاہرہ کیا گیا ہے، ورنہ اس میں سچائی کی بو باس تک نہیں۔ اصطلاح کا "بدنما اور ناپسندیدہ" ہونا خالصتاً ذوق کا معاملہ ہے۔ رہا اس کا "گمراہ کن" ہونا تو، جب اس کی معین تعریف

باب ۱

۲ - دوسرا ممکنہ مفہوم

"معاشیات ہند" کی اصطلاح کو عام رواج کے مطابق، ہم نے جس مفہوم میں استعمال کرنے کی تحریک کی وہ بالکل فطری اور بصورتِ دیگر حق بجانب ہے؛ لیکن ایک خاص مفہوم میں کسی اصطلاح کے استعمال کو حق بجانب قرار دینے کے لیے یہ ثابت کرنا کہ یہ اصطلاح دوسرے مفہوم پیدا کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی، دراصل غیر ضروری ہے۔ بلکہ واقعہ یہ ہے کہ "معاشیات ہند" کی اصطلاح اس کے علاوہ دو اور مفہوم ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے[1]۔ سب سے اول، اس کے معنی قدیم ترین زمانے سے اب تک "ہندوستانی معاشی تخیل کی تاریخ" کے ہو سکتے ہیں۔ اگر، جیسا کہ بیان کیا جاتا ہے، تخیل کی مسلسل نشوونما کا سراغ نہ مل سکے، کوئی تحریک خیال قابل یاد داشت نہ ہو، اور اگر ایک صدی کا رائج تخیل متعاقب صدیوں کے رائج تخیلات سے کم و بیش مثل ہو یہاں تک کہ حال کا زمانہ آجائے جس میں مغربی اثرات کو شمار کرنا پڑے، تو ممکن ہے کہ ایسی تاریخ کا مطالعہ کسی قدر غیر دلچسپ ہو۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ایسی تاریخ اس معنی میں غیر مربوط ہو کہ اس میں لاعلمی کے اعتراف سے وقتاً فوقتاً رخنہ پڑے؛ اس لیے کہ بحالتِ موجودہ گزشتہ تاریخ کے اکثر دوروں کے حالات کا علم نہیں ہے؛ گو یہ ممکن ہے کہ تحقیق کی ترقی، رفتارِ زمانہ کے ساتھ اس وقت گہری تاریکی میں پڑے ہوئے حالات کے بڑے حصہ کو روشنی میں لانے میں کامیاب ہو۔ یوں تو یہ اعتراضات "معاشیات ہند" کی اصطلاح کو "ہندوستانی معاشی تخیل کی تاریخ" کے مفہوم میں استعمال کرنے کی راہ میں کسی حال مانع نہیں ہیں؛ تاہم موخرالذکر مکمل اصطلاح استعمال کرکے پیچیدگی آسانی کے ساتھ رفع کی جا سکتی ہے۔

۳ - تیسرا مفہوم

اگر یہ بات مبنی برصداقت ہو کہ ہندوستانی معاشرہ اور ہندوستانی حالات، مغرب کے معاشروں اور حالات سے بنیادی طور پر مختلف ہیں، یہاں تک کہ معاشیات کے معمولی ابتدائی مفروضات کا اطلاق ہندوستان پر مطلق نہ ہو سکتا ہو تو، ماننا پڑے گا کہ جہاں تک کہ وہ محض زبان کا مسئلہ ہے، "معاشیات ہند" کے معنی بجا طور پر مغرب کے مروجہ معاشی اصول سے مختلف معاشی نظریوں کے ایک نئے نظام کے بھی

بقیہ صفحہ گزشتہ - کر دی گئی ہے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس سے کوئی گمراہ ہو۔

[1] دیکھو وی۔ جی کالے کی کتاب موسوم بہ (Indian Economics) معاشیات ہند جلد اول، مقدمہ۔

باب ۱ ہو سکتے ہیں لیکن "معاشیات ہند" کوئی ایسا جدید علم تو ہے نہیں جو "ہندوستانی حالات اور مواد" سے تیار کیا گیا ہو۔ اس لیے اس مخصوص مفہوم میں "معاشیات ہند" کی اصطلاح کو استعمال کرنے کی کبھی نوبت ہی نہ آئے گی۔ ہندوستان اور مغربی ملکوں میں انسانی فطرت لازمی طور پر ایک ہے اور اساسی معاشی مفروضات دوسرے ملکوں کی طرح ہندوستان پر بھی صادق آتے ہیں۔ اگر مغربی ملکوں میں ذاتی مفاد و اغراض کا محرک معاشیات کی بنیاد کے طور پر کام میں لائے جانے کے لیے کافی طاقتور اور مسلسل کارفرما خیال کیا جاتا ہو تو ہندوستان کے بارے میں یہ فرض کرنے کی کوئی وجہ نہیں کہ اس کے باشندے معمولی طور پر معاشی محرک (یعنی ذاتی مفاد) کے تابع ہونے کے بجائے اخوانی محرک کے تابع ہیں۔ یہی حال دوسرے مفروضات مثلاً آزاد مسابقت، محنت، اصل کی نقل پذیری وغیرہ کا بھی ہے۔ گو یہ مفروضات مغرب کی طرح ہندوستان کے حالات کے بارے میں اسی مقررہ اعتماد کے ساتھ غالباً نہیں قایم کیے جا سکتے، لیکن اس کے باوجود وہ کافی طور پر صحیح ہیں اور ہندوستان کی معاشی صورت حال کے سمجھنے میں مغربی مفکروں کے بنائے ہوئے عام معاشی نظریوں کو بیش قدر ثابت کرتے ہیں۔ چنانچہ عملی معاشیات کے میدان میں مغرب کا تجربہ ہندوستان کے لیے قیمتی سبقوں سے مالا مال ہے۔

چونکہ فطرت انسانی ہر جگہ ایک ہی ہے اور علم معاشیات انسانی فطرت کی بعض عام اور ہمہ گیر خصوصیات پر مبنی ہے، اس لیے واقعہ یہ ہے کہ معاشیات کا علم سارے عالم کے لیے اسی طرح ایک ہی ہوگا جس طرح کہ ریاضی طبیعیات، کیمیا وغیرہ۔ پس اگر کوئی طالب علم جو مغربی معاشی نظریے سے واقف ہو "معاشیات ہند" کی کسی کتاب کا مطالعہ اس نظر سے کرے کہ وہ کلیتہً نئے قسم کے معاشی نظریوں سے دوچار ہوگا تو اسے مایوسی ہوگی۔ زیادہ سے زیادہ وہ کتاب کے مطالعے کے بعد اس بات کو کامل طور پر محسوس کرے گا کہ بقول مارشل "معاشی اصول میں یکسانی ہے گو ان کی شکلیں مختلف ہیں" اور معاشی اصول کی اضافی نوعیت کے متعلق بھی اس کے احساس کو خاصی معقول تقویت پہنچے گی۔

۱؎ چنانچہ یہی خیال ان لوگوں کا تھا جنہوں نے پہلے "معاشیات ہند" کی اصطلاح رائج کی تھی، لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اس کا موجودہ استعمال جیسا کہ متن میں تشریح کی جا چکی ہے، غیر حق بجانب ہے۔

باب ۱

۴۔ معاشیات ہند: ایک جداگانہ موضوع بحث

لیکن یہ اعتراف کہ معاشیات کا علم سارے عالم کے لیے ایک ہی ہے، ہمیں یہ سمجھنے سے باز نہیں رکھتا کہ ہر ملک کے معاشی حالات کی جداگانہ تحقیق نہ صرف حق بجانب بلکہ ناگزیر ہے یہ بالکل ظاہر ہے کہ ایسی تحقیق کی عدم موجودگی میں اس کا قرینہ ہے کہ غلط معاشی پالیسی اختیار کی جائے، اور یہ ملک کے حقیقی اغراض کے منافی ہوگا۔ چنانچہ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ معاشیات ہند کو ایک جداگانہ موضوع تحقیق قرار دینا چاہیئے تو اس کا منشاء و مفہوم ہمارے ذہن میں یہی ہوتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ہمیں اس غلط خیال کو ذہن میں جگہ نہ دینی چاہیے کہ ہندوستان کے معاشی حالات کی تحقیق کی بنیاد کسی نہ کسی طرح دوسرے ممالک کے معاشی حالات کی تحقیق کی بنیاد سے سراسر مختلف ہے۔

۵۔ معاشیات ہند محض معاشی اصول کی تشریح نہیں جس میں ہندوستانی مثالیں ہوں

معاشیات ہند کے متعلق اکثر نصابی کتابوں میں مختلف مسائل کو "زمین" "محنت" "عمل" "پیدائش" "تقسیم" مبادلے وغیرہ کے عام عنوانوں کے تحت بیان کیا جاتا ہے اس میں یہ فائدہ ہے کہ بحث میں بظاہر زیادہ باقاعدگی اور خوش اسلوبی پیدا ہو جاتی ہے اور تمام اہم مضامین زیر بحث آجاتے ہیں لیکن بحث کی ایسی ترتیب کی بنا پر یہ خیال قایم نہ کرلینا چاہیے کہ "معاشیات ہند" محض معاشی اصول کی ایسی تشریح ہے جس میں ہندوستانی کی معاشی زندگی کے واقعات محض نظریئے کی مثال کے طور پر پیش کیے جاتے ہیں یوں تو معاشی نظریے کا بیان ہندوستانی مثالوں کے ساتھ ہندوستانی طالب علم کی تفہیم میں بے شبہ زیادہ سہولت پیدا کرے گا، بہ نسبت اس کے کہ مثالیں غیر مانوس حالات سے پیش کی جائیں، لیکن اس کو "معاشیات ہند" لقب دینا حق بجانب نہ ہوگا؛ اس لیے کہ "معاشیات ہند" ایک ایسی تحقیقی بحث ہے جس کا تعلق از سر تا پا ہندوستان کی معاشی زندگی کے واقعات و مسائل سے ہے، اور خالص "عالمی معاشیات" کے نظریے کا حوالہ و بیان صرف اس وقت موضوع سے متعلق اور بجا ہوگا جب کہ ان واقعات و مسائل کو سمجھنے میں اس سے مدد ملے۔

ہندوستانی حالات کی ایسی جداگانہ تحقیق کو ہم "معاشیات ہند" کے نام سے اسی طرح موسوم کرتے ہیں جس طرح ان کے مثل انگلستان کے حالات کی تحقیق کو "معاشیات انگلیشیہ" کے نام سے بخوبی تعبیر کرسکتے ہیں۔ انگلستان کی معاشی زندگی کے مختلف پہلوؤں، مثلاً بنک کاری، زر،

باب ۱

نقل و حمل اور زراعت کے متعلق بے شمار تصنیفوں کے بارے میں نہایت مناسبت و موزونیت کے ساتھ یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ "معاشیات انگلیشیہ" کے متعلق ہیں۔

۶۔ راناڈے کی قابل قدر خدمت۔

انیسویں صدی کے بڑے حصے میں ہمارے ملک کی سرکاری پالیسی مطلق اصول پرستی پر مبنی تھی اور حکومت اس بات کی مدعی تھی کہ وہ ان عام معاشی اصول کی پیرو تھی جن کی تشریح مقبول عام انگریزی نصابی کتب میں کی گئی تھی، اور معاشی قوانین کی مفروضی نوعیت کو فراموش کر دیا گیا تھا۔ چونکہ آزاد تجارت انگلستان کے حق میں مفید تھی، اس لیے اس پر زور دیا جاتا تھا کہ ہندوستان کے لیے بھی آزاد تجارت ہی لازمی طور پر مفید ہوگی۔ عدم مداخلت کا اصول بہ حیثیت مجموعی انگلستان کے حالات کے لحاظ سے مناسب تھا، لہٰذا یہ استدلال کیا گیا کہ اس اصول کو ہندوستان کے لیے بھی ساوی طور سے مفید ہونا چاہیے، حالانکہ واقعہ یہ تھا کہ ہندوستان میں خانگی مہم پسند کاروبار کا جوش عملاً مفقود تھا یا بہت ہی کم ترقی یافتہ حالت میں پایا جاتا تھا۔ معاشی نظریے کے نتائج کی بنا پر حکومت بعض اوقات نیک نیتی کے ساتھ استدلال کرتی تھی اور بعض اوقات عالی منشی کے خلاف۔ چنانچہ اکثر مفکر اشخاص کی رائے میں حکومت کی پالیسی معاشی معاملات میں ایسی ہوتی تھی کہ اس سے ہندوستان کے حقیقی اغراض پورے نہ ہوتے تھے۔ ماہران سیاسیات نے اس روش اور پالیسی پر حملہ کیا اور حکومت پر قطعی طور سے یہ الزام عاید کیا کہ وہ برطانیہ یا سلطنت برطانیہ کے اغراض کو ترقی دینے کے لیے ہندوستانی قومی مفاد کو قربان کر رہی تھی۔ نیز معاشیات دانوں نے بھی اس پر حملہ کیا، اور ان میں سب سے پیش پیش جسٹس راناڈے تھے۔ راناڈے کا حملہ معاشی نقطۂ نظر سے تھا۔ انھوں نے اپنے عادی عالمانہ انداز میں، پُرزور اور بے نظیر الفاظ میں مخالفت کی؛ کم از کم جوش و خروش اور الفاظ کی شوکت کے لحاظ سے ان کے مقابلے میں کوئی ہندوستانی مصنف نہ تھا۔ انھوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ معاشیات کے موضوع کے متعلق کل اصول پرستانہ بحث کے بنیادی مفروضات میں سے اکثروں کا اطلاق ہندوستان پر نہ ہو سکتا تھا؛ اور یہ کہ اگر مقصود ملک کی معاشی ترقی کی رفتار کو سریع کرنا تھا تو، حکومت اپنی پالیسی میں ان متعدد خصوصیات کو بآسانی نظر انداز نہ کر سکتی تھی جو ہندوستانی حالات پیش کر رہے تھے۔ انھوں نے اپنی مندرجۂ ذیل عبارت میں جس کو عام طور سے بطور سند و حوالہ پیش کیا جاتا ہے، یہ بتلایا کہ وہ کونسی اہم اور خاص

باب ۱

خصوصیات ہیں جنھیں اِن کی رائے میں حکومت نے نظرانداز کیا تھا: "چونکہ یہ مفروضات (رانا ڈے کا مطلب اِن مفروضات سے روشن خیال انفرادیت، آزاد مسابقت، محنت واصل کی نقل پذیری وغیرہ ہے) سب سے زیادہ ترقی یافتہ معاشروں پر بھی قطعی طور پر صادق نہیں آتے، اس لیے ظاہر ہے کہ ہمارے معاشرے کے مثل معاشروں میں وہ زیادہ تر نمایاں طور سے مفقود ہیں۔ ہمارے ملک کا ایک اوسط درجے کا فرد بڑی حد تک "معاشی انسان" کا بالکل ضد ہوتا ہے۔ زندگی میں کسی فرد کی حیثیت کو مُعین کرنے میں فرد سے زیادہ طاقت ور، خاندان اور ذات پات ہیں۔ دولت کی خواہش کی شکل میں ذاتی مفاد یا خود غرضی مفقود نہیں ہے، لیکن یہی سب سے بڑا محرک بھی نہیں ہے۔ دولت کا حاصل کرنا ہی وہ واحد مقصد نہیں ہے جو پیش نظر ہو۔ آزاد اور غیر محدود مسابقت کی نہ تو خواہش ہے نہ اس کا حوصلہ، بجز اس کے کہ چند خاص جماعتوں یا کونوں گوشوں میں اس کا وجود پایا جائے۔ رسم و رواج اور سرکاری قواعد وضوابط، مسابقت سے زیادہ قوی اور پُراثر ہیں؛ اور مساوے کے مقابلے میں حیثیت کا اثر زیادہ قطعی اور فیصلہ کن ہے۔ محنت اور اصل میں سے کوئی بھی نقل پذیر نہیں ہے، اور نہ اتنا بے باک، مہم پسند اور واقف ہے کہ ایک مقام سے دوسرے مقام کو جلد منتقل ہو۔ اجرت اور نفع کی شرحیں مُعین ہیں، اور حالات کے تغیرات کے لحاظ سے ان میں تناسب تبدیلی نہیں ہوتی۔ آبادی اپنے ہی قانون کی تابع ہے، چنانچہ امراض و قحط اس میں قطع بُرید کرتے رہتے ہیں، برخلاف اس کے پیدائش پر کم و بیش حالت سکون و جمود طاری ہے، اور ایک سال کی فصل کے وافر حاصل کو باری باری سے آنے والے خراب موسموں کی نیرنگیوں سے تحفظ کے طور پر فراہم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس ترکیب کے معاشرے میں حقیقت متعارفہ فرض کیے ہوئے میلانات نہ صرف عملی طور پر رونما نہیں ہوتے بلکہ سچ پوچھو تو اپنے اصلی رُخ سے منحرف ہو جاتے ہیں۔ میلان کو حقیقت مان لینا ایسا ہی ہے جیسا کہ یہ کہنا کہ یہ میلانات کہ پہاڑ و ٹیلے گھل گھل کر سمندر میں بہ جائیں گے، یا وادیوں کا نشیب فراز سے بدل جائے گا، یا آفتاب سرد ہو جائے گا، ایک مقررہ مدت کے اندر ہمارے اہتمام عمل کے اسباب ہیں۔"

ملاحظہ ایک کتاب موسوم بہ Essays on Indian Economics (دوسرے ایڈیشن صفحہ ۱ تا صفحہ ۱۱) میں ایک عنوان "معاشیات ہند کے متعلق رانا ڈے کا نقطۂ نظر"۔

باب ۲

۲۔ مغربی معاشی نظریہ اور معاشیات ہند

انیسویں صدی میں، انگلستان کے بدلتے ہوئے ماحول کے لیے جو معاشی پالیسی مناسب و موزوں پائی گئی تھی اس کی کورانہ تقلید ہندوستان میں کرنے کے خلاف پوری قوت اور شدت کے ساتھ احتجاج کر کے رانا ڈے نے اپنے ملک کی بہت بڑی خدمت انجام دی۔ لیکن ان کے الفاظ پر ایک مدت دراز کے بعد اب غور کرنے پر یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ اس خیال کو رائج کرنے کے بظاہر وہی ایک حد تک ذمہ دار ہیں کہ مغرب کا معاشی نظریہ، ہندوستان کے معاشی مظاہر کی تشریح کرنے اور معاشی ترقی کے طریقوں کی رہنمائی کرنے میں بالکل بے کار ہے۔ رانا ڈے کی حد تک یہ کہنا ٹھیک ہے کہ اس خیال کو حد سے زیادہ زور دے کر اور موثر طور پر بیان کرنا معاملے کی اہمیت کے مدنظر ضروری تھا۔ چنانچہ واقعہ یہ ہے کہ حکومت وقت قدیم اور معتبر معاشیات کے احترام میں مبالغے سے کام لے رہی تھی اور اس بات کی مدعی تھی کہ وہ تمام عالم اور حالتوں پر یکساں طور سے صادق آتے تھے۔ غرض ایک سمت میں کیے ہوئے مبالغے کی اصلاح کا واحد طریقہ بعض اوقات یہ ہوتا ہے کہ مخالف سمت میں غلو بیانی کی جائے۔ رانا ڈے نے ایسے زمانے میں کتاب لکھی جب کہ عملی سوالات کو حل کرنے کے لیے نام نہاد و دعوی معاشی قوانین کی بنیاد پر حد سے زیادہ اعتماد کے ساتھ استدلال کرنے کا طریقہ عام تھا اور نظری نتائج کو تاریخی و استقرائی تحقیق کے ذریعے سے محفوظ کرنے کی ضرورت کا کافی احساس نہ تھا جس سے کسی خاص انسانی معاشرے پر ان نتائج کے اطلاق کی وسعت کا حال معلوم ہوتا۔ رانا ڈے نے ہندوستان میں جو خدمت انجام دی وہ جرمنی میں فریڈرش لسٹ کے متوازی کارنامے سے قریبی مشابہت رکھتی ہے۔ چنانچہ لسٹ نے اپنی کتاب موسوم بہ (Natlonal System of Political Economy) شایع شدہ ۱۸۴۱ء میں قدیم و معتبر معاشیات کے دقیانوسی اصول اور ان کی نام نہاد عالمگیر صداقت کی شد و مد کے ساتھ مخالفت کی[1] اور خاص کر موجودہ معاشی نظام کے اصول عالمیت اور تجارت آزاد کے اس اصول مطلق کے خلاف اس نے احتجاج کیا جو اول الذکر اصول کے ہم آہنگ تھا۔ اس نے قومیت کے خیال کو بہت نمایاں کیا اور اس پر زور دیا کہ ہر قوم کی خاص ضرورتیں، اس کے مخصوص حالات اور خاص کر اس کی ترقی کے درجے کے لحاظ سے ہوتی ہیں[2]۔ واقعہ یہ ہے کہ رانا ڈے میں زیادہ تر

[1] دیکھو ان سائیکلوپیڈیا برٹانیکا (گیارہواں اڈیشن) "فریڈرش لسٹ" پر مضمون۔

باب ۱

لسٹ کی تصانیف کے مطالعے سے جوش و خروش پیدا ہوا، اور اپنے زمانے اور اپنی نسل میں انھوں نے اپنے ملک کے لیے بعینہٖ وہی خدمت انجام دی جو لسٹ نے جرمنی کے لیے انجام دی تھی۔ بلکہ اس معاملے میں راناڈے نے دوسروں کے لیے نمونہ قایم کیا اور دوسرے اس کی تقلید مناسب حد اور مدت سے زیادہ کرتے رہے۔ چنانچہ یہ خیال جو آجکل بھی بعض اوقات پیش کیا جاتا ہے بہت کم حق بجانب ہے کہ معاشی مفروضات میں سے کسی مفروضے کا اطلاق ہندوستانی حالات پر بہ مشکل کیا جاسکتا ہے؛ اور یہ کہ "عظیم اصول لذتیت صرف یہ نہیں چاہتا کہ اس میں کہیں کہیں مناسب ترمیم کرلی جائے بلکہ ہندوستان میں وہ کہیں بھی کارآمد نہیں ہے"[1] اس نوعیت کے خیالات لوگوں کے دلوں میں بعض اوقات یہ تصور قایم کرانے کی جانب رہبری کرتے ہیں کہ ہندوستان کے معاشی مسائل کی مخصوص تحقیق از سرتاپا جدید معاشی اسلوب کی طالب ہے اور اس مقصد کے لیے مغربی اسلوب بالکل غیر مفید ہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ ہندوستان کے معاشی مسائل پر بحث کرتے وقت ہمیں ہر ہر قدم پر مغربی معاشی نظریے سے مدد طلب کرنی پڑتی ہے۔ علاوہ ازیں، جیسا کہ پروفیسر برج نارائن نے اپنی تالیف موسوم بہ "مضامین بر معاشیات ہند" (Essays on Indian Economics) میں بتلایا ہے، راناڈے کی تحریروں کے بعد سے معاشیات اور ہندوستان دونوں کی نوعیت بدل گئی ہے۔ معاشیات نے اپنے نتائج کی مفروضی نوعیت پر زور دینے کے بارے میں مناسب تجربہ حاصل کرلیا ہے اور ان نتائج کو تمام دنیا کے لیے عام طور سے صحیح قرار دینے سے محترز ہوگئی ہے[2] نیز چونکہ معاشی مفروضات میں اس طرح ترمیم کرلی گئی ہے کہ وہ واقعات و حقایق کے زیادہ مطابق بن گئے ہیں اس لیے معاشیات زیادہ انسانی اور زیادہ عملی بن گئی ہے اور اپنی دیرینہ غیر فطری سادگی کو ترک کرکے بہت زیادہ کارآمد ہوگئی ہے۔ گزشتہ چالیس سال کی مدت میں ہندوستانی حالات بھی بڑی حد تک

---

[1] دیکھو پی آکس نے کا مضمون جو انھوں نے تبصرہ ہندوستانی معاشی کانفرنس میں بمقام مدراس پڑھا تھا۔

[2] معاشیات کا نظریہ ایسے معین نتائج کا مجموعہ پیش نہیں کرتا جن کا اطلاق عملی طور پر براہ راست یا فوراً ہوسکتا ہو۔ نظریہ اصول کے بجائے ایک طریقہ ہے یا دماغ کے لیے ایک آلۂ کار اور فکر کا ایک اسلوب ہے جو مفکر کو صحیح نتائج اخذ کرنے میں مدد دیتا ہے، دیکھو جے، ایم کینس کا عام مقدمہ جو انھوں نے کیمبرج کی معاشیات کی چھوٹی کتابوں پر لکھا ہے۔

باب ۱ بدل گئے ہیں اور مغربی حالات کے مشابہ بننے کی جانب بہت زیادہ تیزی کے ساتھ مائل ہیں۔ ہمارے خیال میں وقت آگیا ہے کہ ہندوستانی اور یوروپی معاشی ارتقا کے باہمی اختلافی اُمور کا راگ مسلسل اور بے فائدہ طریق پر الاپنے کے بجائے مماثلتی و مشابہتی امور پر زور دے کر زیادہ فائدہ حاصل کیا جائے۔

باب ۲

ہندوستان کا طبیعی ماحول اور قدرتی ذرائع

8

۱۔ قدرتی ذرائع اور ان کی اہمیت

کسی قوم کی معاشی زندگی کو متعین کرنے میں قدرتی ذرائع جو اہم حصّہ رکھتے ہیں ان میں کسی مبالغے کی بمشکل گنجائش ہے۔ نکل سن کا قول ہے کہ خود انگلستان کی حد تک بھی باوجود اس کے کہ انگلستان کی تجارت و صنعت کو غلبہ حاصل ہے، اور وہ نمایاں حیثیت رکھتی ہے، قدرتی حالات بہت بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ چنانچہ ساحلی خطہ اور دریا، کوئلے اور لوہے کی زرخیز کانوں کا قرب، معتدل و مرطوب آب و ہوا، اور زمین کی زرخیزی، یہ سب اب بھی قومی دولت کی اساس ہیں[1]۔" اور اگرچہ یہ ممکن ہے کہ معلومات و ذہانت کی ترقی کے ساتھ ساتھ قدرت پر انسانی دسترس بڑھ جائے؛ پھر بھی یہ تدریجی عمل قطعی طور پر محدود ہے، اور آخری چارہ کار کے طور پر انسان کے لیے قدرتی قوتوں اور سازوسامان پر انحصار کرنا ضروری ہے۔ اس لحاظ سے ہم اس باب میں ہندوستان کے طبیعی ماحول کو اجمالی طور پر بیان کرکے اس ملک کے بارے میں اپنی

---

[1] "اصول معاشیات" جلد اول صفحہ ۹۶

باب ۲ معاشی تحقیق شروع کریں گے۔

۲ - ہندوستان: رقبہ اور آبادی

برطانوی ہند کا رقبہ ۱۷۱۹۶۱ مربع میل اور آبادی ۲۶۹۳۳۲۷۱۵ نفوس ہے؛ اور دیسی ریاستوں اور ایجنسیوں کا رقبہ ۷۱۲۵۰۸ مربع میل اور آبادی ۸۱۰۳۱۸۴۵ نفوس ہے[1]۔ ملک کا طول شمالاً جنوباً قریب قریب دو ہزار میل اور شرقاً غرباً تقریباً ۱۲۵۰ میل ہے۔ اس طرح ہندوستان بجائے خود ایک دنیا ہے؛ چنانچہ برطانیہ عظمیٰ سے وہ پندرہ گونہ بڑا ہے اور روس کو نکال کر پورے یورپ کے برابر ہے۔ اس کی بری سرحد ۶۰۰۰ میل طویل ہے اور ساحلی خط کا طول ۵۰۰۰ میل ہے۔

۳ - جغرافی محلِ وقوع

یوں تو جغرافی محلِ وقوع ہمیشہ اہم ہوتا ہے لیکن معاشری ترقی کے آخری مرحلوں میں اس کی اہمیت بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ ہندوستان کو تجارت بین الاقوام کے اغراض کے لیے باقی دنیا کے مقابلے میں بہت موافق محلِ وقوع حاصل ہے۔ وہ مشرقی نصف کرۂ ارض کے عین مرکز میں واقع ہے، اور تجارتی راہوں پر جو ہر سمت میں جاتی ہیں دسترس رکھتا ہے۔ چونکہ اس کا ساحلی خط طویل و وسیع ہے، اس لیے بحری راہیں بدرجہا زیادہ اہمیت رکھتی ہیں اور اگر اس کو ضروری بحری ساز و سامان مہیا کر دیا جائے تو قوی امید ہے کہ وہ دنیا کی تجارت کی نقل و حمل کرنے والے بڑے ملکوں میں سے ایک بن جائے گا۔ 9

۴ - بندرگاہوں کی کمی

ہندوستان اس اعتبار سے بہت گھاٹے میں ہے کہ ایسی قدرتی گودیوں یا بندرگاہوں کی یہاں بہت کمی ہے جن میں جدید طرز کے جہاز آکر ٹھیر سکیں۔ مغربی ساحل کے بندرگاہ، بجز کراچی، بمبئی اور مارماگوا کے، برسات کے کل موسم میں جہازی آمد و رفت کے لیے بند رہتے ہیں۔ مشرقی

---

[1] یہ بیان زیادہ تر سیمپ فائلڈ فلر کی کتاب موسوم بہ "دی امپائر آف انڈیا" یا "سلطنت ہندوستان" باب ۱، "دی امپیریل گزیٹیر آف انڈیا" جلد اول؛ اور ڈی ایچ ینگ ٹن کی کتاب موسوم "سلطنت برطانیہ کا معاشی جغرافیہ" (The Economic Geography of the British Empire) پر مبنی ہے۔

[2] یہ اعداد ۱۹۳۱ء کی مردم شماری کے مطابق ہیں۔

باب ۲

ساحل پر تموج بہت شدید ہے اور قدرتی بندرگاہیں مفقود ہیں۔ تاہم مدراس کے بندرگاہ میں بیش خرچ بحری دیواریں تعمیر کر کے بہت کچھ اصلاح و توسیع کر دی گئی ہے اور مشرقی ساحل پر دندانہ دار جزیروں کی عدم موجودگی سے جو مشکلات پیدا ہو گئی ہیں ان پر عہدہ برآ ہونے کی ایک مزید کوشش کے طور پر ویزاگاپٹم کے بندرگاہ کا ذکر کیا جا سکتا ہے جس کی ترمیم و توسیع کا کام سردست جاری ہے۔ یوں تو کلکتے کا محل وقوع بہت اچھا ہے لیکن ہوگلی میں ریت کی وجہ سے رکاوٹیں پیدا ہو جاتی ہیں جو بہت خرابی پیدا کرتی ہیں؛ اور چٹاگانگ کی بھی حالت اسی کے مثل ہے۔ رنگون، مولمین، بسین اور ٹوائے سمندر سے دور واقع ہیں؛ علاوہ ازیں ایک اور خرابی ان میں یہ ہے کہ یہاں سے اندرون ملک تک آمدورفت کے وسائل کی حالت بہت غیر اطمینان بخش ہے۔ اس لحاظ سے یہ بات بآسانی سمجھ میں آ سکتی ہے کہ ہندوستان کی تجارت خارجہ کا ۶/۱ حصہ کیوں پانچ بندرگاہوں یعنی بمبئی، کلکتہ، رنگون، مدراس اور کراچی تک محدود ہے، جن کے منجملہ صرف بمبئی، اور کراچی قدرتی بندرگاہ ہیں۔ ایسی غیر اطمینان بخش حالت میں، ایک ایسی سرگرم پالیسی کی ضرورت بخوبی واضح ہے جس کی رو سے مناسب بندرگاہوں کی تعداد میں اضافہ ہو، نئی گودیوں کی تعمیر عمل میں آئے اور قدیم اجڑے ہوئے بندرگاہوں کی تجدید ہو، تاکہ ساحلی و خارجی تجارت کی ضرورت موثر طریقے سے پوری ہو سکے۔ جہاز رانی کی صورت حال بھی بڑی حد تک غیر اطمینان بخش ہے، اس لیے کہ ہندوستان کے پاس ایسے بحری تجارتی جہاز ہی نہیں جو اس کے شایان شان ہوں اور اس کی بحری تجارتی جدوجہد کے قدیم روایات کو برقرار رکھ سکیں۔

۵۔ اندرونی وسائل آمدورفت

ہندوستان کے بڑے بندرگاہ، اندرون ملک کے تجارتی مرکزوں سے ریلوں اور سڑکوں کے جال کے ذریعے سے ملحق ہیں۔ اندرونی وسائل آمدورفت کی حالت جزیرہ نمائے ہند کے مقابلے میں شمالی ہند میں زیادہ بہتر اور سہولت بخش ہے۔ شمالی ہند کو یہ سہولت حاصل ہے کہ جہاز رانی کے قابل دریاؤں کی موجودگی کے علاوہ بڑے بڑے میدانوں میں سڑکیں اور ریلیں بآسانی بنائی جا سکتی ہیں۔ برخلاف اس کے جزیرہ نما میں سطح زمین ناہموار اور کوہستانی ہونے کی وجہ سے شدید مشکلات پیش آتی ہیں جنھیں صرف بڑا خرچ برداشت کر کے ہی رفع کیا جا سکتا ہے۔ دریاؤں میں کشتی رانی کا جہاں تک تعلق ہے، جزیرہ نما اور شمالی ہند میں نمایاں اختلاف پایا جاتا ہے، اور مواخر الذکر علاقے میں صورت حال موافق ہے۔ نقل و حمل کی کل صورت حال کے بارے میں مفصل بحث

باب ۲

جلد دوم میں کی گئی ہے۔

۶۔ طبیعی محل وقوع کی مشکلات کو دور کرنے کی کوششیں۔

طبیعی محل وقوع کی مشکلوں اور خرابیوں کو دور کرنے کے امکان کا حوالہ دیتے ہوئے سیلگ من صاحب تہری اصلاح و ترقی کا ذکر کرتے ہیں، یعنی (۱) انسانوں اور اشیا کی نقل و حمل کے بارے میں؛ (۲) ترسیل قوت کے بارے میں؛ اور (۳) مراسلت کے انتظام کے بارے میں؛ ہم ان میں سے پہلے موضوع کا سرسری ذکر کر چکے ہیں۔ ترسیل قوت کے مسئلے پر اس باب میں متعاقب بحث کی جائے گی۔ جہاں تک مراسلت یا ترسیل خیالات کے انتظام یا خبر رسانی کا تعلق ہے، ڈاکخانہ، برقی تار، ٹیلیفون اور لاسلکی نے جغرافی محل وقوع کے اثر کو کم کرنے میں بہت بڑا کام کیا ہے؛ اور جدید تجارت اور معاشی جد و جہد کے نہایت اہم لوازم بن گئے ہیں۔ ان عاملوں میں سے بعض عامل مثلاً ڈاکخانہ اور ٹیلی گراف اس وقت ہندوستان میں کافی طور پر پھیلے ہوئے ہیں؛ اور لوگ ان سے بخوبی روشناس ہیں، چنانچہ نقل و حمل کی اصلاح و ترقی سے مل جل کر انھوں نے بھی ملک کی معاشی زندگی میں اکثر صورتوں میں تبدیلی پیدا کر دی ہے۔ مہذب دنیا سے گاؤں کی علیحدگی اب اسی طرح زیادہ تر گزرے ہوئے زمانے کی بات ہے جس طرح باقی دنیا سے ہمارے ملک کی بحیثیت مجموعی علیحدگی۔ لیکن اس کے باوجود تجارتی معلومات و اطلاعات کی اشاعت کے لیے لاسلکی کے استعمال کی حد تک، ہمارا ملک اب بھی پسماندہ حالت میں ہے؛ دوسری جانب ٹیلیفون، بجز بڑے شہروں کے، دوسرے مقاموں پر ابھی تک عام طور پر رائج نہیں ہوا ہے۔

۷۔ ہندوستان کی تقسیم چار نمایاں حصوں میں۔

ہندوستان کو چار نمایاں حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ (۱) جزیرہ نمائے ہند، جس میں وہ کل رقبہ شامل ہے جو کراچی سے دہلی تک اور دہلی سے کلکتے تک خط کھینچنے کی صورت میں اس خط کے جنوب میں واقع ہے؛ (۲) دریائے سندھ و گنگا کا میدان، جو جزیرہ نما اور کوہ ہمالیہ کے درمیان واقع ہے، اور دنیا کا وسیع ترین مسطح زرعی خطہ ہے؛ (۳) ہمالیہ کا کوہستانی سلسلہ جو میدان گنگا کے شمال میں واقع ہے؛ اور (۴) برما جو شرق میں واقع ہے۔

۸۔ جزیرہ نمائے ہند

اس علاقے کی سطح مرتفع ہے، اور اس کو دریائے سندھ و گنگا کے میدان سے بندھیاچل اور ست پورہ کے پست پہاڑی

باب ۲

سلسلے جُدا کرتے ہیں۔ اس سطح مرتفع کی مشرقی سرحد "مشرقی گھاٹ" اور مغربی سرحد "مغربی گھاٹ" ہے۔ موخرالذکر بدرجہا زیادہ قابل لحاظ ہیں اور ایک دیوپیکر مسلسل بحری دیوار کا کام دیتے ہیں جن کے درمیان نہ تو کوئی وسیع وادی ہے اور نہ کوئی وسیع رخنہ بجز اس نمایاں رخنے کے جو اس کی جنوبی حد سے دو سو میل اوپر واقع ہے۔ مشرقی گھاٹ بلندی اور بزرگی میں بہت کم ہیں، اور ان میں بڑی اور وسیع وادیاں رخنہ ڈالتی ہیں؛ چنانچہ یہی وادیاں، مہاندی، گوداوری، کشٹنا اور کاوری جیسے دریاؤں کے ذریعے سے خلیج بنگال میں پانی کی نکاسی کا راستہ تیار کرتی ہیں۔ مغربی گھاٹ اور سمندر کے درمیان صرف ایک تنگ خطۂ زمین ہے جو ساحل بمبئی کے بحری ساحل کی جانب واقع ہے؛ اس واقعے کی بناء پر سمندر سے ملک کے اندرونی حصے 11 میں داخلہ بہت دشوار ہے، حتیٰ کہ موسم برسات میں ابر بھی اس پہاڑی سدِ راہ کے اُدھر ہی اپنا بوجھ ہلکا کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے؛ اور اس طرح اندرونی علاقے میں بارش کم ہوتی ہے اور آئے دن قحط و خشک سالی کا کھٹکا لگا رہتا ہے۔ اس کے برخلاف مشرقی گھاٹ اور مشرقی ساحل کے مابین وسیع خطۂ زمین موجود ہے۔ چونکہ مشرقی گھاٹ کی بحری دیواریں مقابلتہً زیادہ پست ہیں؛ اس لیے موسمی ہوائیں ملک کے اندر زیادہ آسانی کے ساتھ پہنچ سکتی ہیں اور اس کے نتیجے کے طور پر جزیرہ نما کے مشرقی حصے، جو دریاؤں کی بدولت زرخیز نشیبی زمین سے مالا مال ہیں، گنجان آبادی کی کفالت کرتے ہیں؛ اور اس لحاظ سے شمالی ہند کے میدانوں سے مشابہت رکھتے ہیں۔

جزیرہ نما کی سطح، عام طور سے ناہموار اور پتھریلی ہے؛ پہاڑیوں کی چوٹیاں جنگلی درختوں سے کم و بیش ڈھکی ہوئی ہیں؛ اور نباتات اور مناظر کے لحاظ سے متضاد و متضادات پیش کرتی ہیں۔ مشرق میں پست پہاڑیوں کے ساتھ ساتھ چاول کی زمین کے وسیع خطے ہیں؛ مغرب میں زمین کی چڑھائی کے ساتھ ساتھ (اس لیے کہ جزیرہ نما میں مغرب سے مشرق کی جانب ایسا ہی ڈھال ہے جیسا کہ مکان کی چھت کا ہوتا ہے) بارش مقابلتہً کم ہوتی ہے، اور چاول کے بجائے باجرہ اور روی کی کاشت وسیع مرتفع سطحوں پر ہوتی ہے جہاں درختوں کا نام و نشان تک نہیں ہے۔

۹۔ میدان گنگا و سندھ

یہ شروع سے آخر تک دریاؤں اور ملائم دریائی مٹی پر مشتمل ہے؛ اور اس میں دو بڑے دریائی نظام پھیلے ہوئے ہیں جن کا رُخ مختلف سمتوں میں ہے۔ مغرب کے پانچ دریا، جن کی بناء پر پنجاب اپنے نام سے موسوم ہوا، دریائے سندھ کے زیریں حصے میں شامل ہو کر بحیرۂ عرب میں جا گرتے ہیں۔ مشرق میں دوسرے

باب ۲

بڑے دریا، بہ شمول گنگا و جمنا، اسی طریقے سے گنگا میں جا ملتے اور خلیج بنگال میں گرتے ہیں۔ سمندر کے قریب پہنچکر ان کا پانی دریائے برہم پتر کے پانی سے مل جاتا ہے جو مشرق سے نکل کر آسام کی وادی سے ہوتا ہوا آتا ہے۔ ان دریاؤں کے پانی میں جو ملائم مٹی بہ بہ کر آتی ہے وہ بتدریج ایک وسیع ڈلٹا کو بڑھا رہی ہے جو خلیج بنگال کے سرے پر قائم ہو گیا ہے اور جس پر شہر کلکتہ واقع ہے۔

۱۰ - ہمالیہ اور جزیرہ نما کے دریا

ہمالیہ کے دریاؤں میں پانی سال تمام بہتا رہتا ہے، اس لیے کہ موسم گرما میں بھی ہمالیہ کی برف پگھلنے کی وجہ سے ان کو پانی وافر مقدار میں ملتا ہے۔ وسیع میدانوں میں بہنے کی وجہ سے دریا کے دونوں جانب نرم زرخیز مٹی کے بڑے بڑے خطے قائم ہو گئے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ کوئی حیرت کی بات نہیں کہ یہ زرخیز مسطح خطے قدیم آریائی تہذیب کا گہوارہ رہے ہوں، اور آجکل بھی زرعی پیداوار کے قدرتی گوداموں کا کام انجام دیتے ہیں۔ ان میں سے بعض دریا مثلاً اراوڈی، گنگا اور سندھ، کشتی رانی کے قابل ہیں؛ اور ریلوں کے رواج سے قبل کے زمانے میں تجارتی نقل و حمل کی شاہراہ کا کام انجام دیتے تھے۔ ان دریاؤں کے پانی سے اس اہم پیداوار کی آبرسانی میں کام لیا جاتا ہے جن پر پنجاب، سندھ، اور صوبہ متحدہ کی خوش حالی کا بڑی حد تک دارومدار ہے۔ اس کے برخلاف جزیرہ نمائے ہند کے دریا، موسم بارش میں بڑے زور و شور کے ساتھ بہتے ہیں؛ لیکن گرمی کے موسم میں ان میں پانی کی مقدار بہت کم ہوتی ہے اور ان کی حیثیت
12 محض گدلے پانی اور کیچڑ سے بھرے ہوئے نالوں کی سی ہو جاتی ہے۔ ان میں سے اکثر دریا تنگ اور ناہموار پتھریلے راستوں سے گزرتے ہیں اور بذریعہ کشتی عبور و مرور کو ناممکن بناتے ہیں۔ آب پاشی کا انتظام ان کے ذریعے سے بھی کیا جاتا ہے لیکن وہ اول الذکر صورت سے مختلف اور زیادہ بیش خرچ ہوتا ہے؛ چنانچہ دریاؤں کی وادیوں میں بارش کے پانی کو جمع کرنے کے لیے بڑے بڑے مخزن تعمیر کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ اور یہ سب تدبیریں قلتِ بارش کو رفع کرنے کے لیے اختیار کی جاتی ہیں جس سے یہ خطہ وقتاً فوقتاً متاثر ہوتا ہے۔

۱۱ - کوہستان ہمالیہ

دریائے سندھ و گنگ کے بالائی حصے پر خلک لوس کوہ ہمالیہ واقع ہے، جس کی بعض چوٹیوں کی بلندی تیس ہزار فٹ ہے۔ ہندوستان کو باقی ایشیا سے . . ۲ میل طویل کوہستانی سلسلہ جدا کرتا ہے جس کے منجملہ ایک کوہ ہمالیہ ہے جس کا طول ۲۵۰ میل ہے۔ شمالی ہند کے میدانوں کی آب پاشی کرنے والے بڑے

دریاؤں کے ضروری پانی کی رسد ہمالیہ کے پگھلے ہوئے برف سے مہیا ہوتی ہے۔ ہمالیہ کے دونوں سروں پر، پہاڑوں کے رُخ میں اچانک تبدیلی واقع ہوئی ہے۔ ان کا پھیلاؤ شرقاً غرباً ہونے کی بجائے شمالاً جنوباً ہے اور اس طرح ہمالیہ کے کوہستانی سلسلے کو ملا کر وہ تین طرف سے ہندوستان کے میدانی خطے کو گھیرے ہوئے ہیں اور ہندوستان کو افغانستان و بلوچستان سے جدا کرتے ہیں۔ گو ہمالیہ کو سیاسی حیثیت سے بھی یوں اہمیت حاصل ہے کہ وہ ایک ناقابل عبور سدّ راہ ہے، لیکن اس سے قطع نظر کرتے ہوئے وہ ہواؤں، گرمی، سردی، رطوبت اور کاشت پر بھی اثر ڈالتا ہے، اور اس طرح معاشی حالات کو بہت نمایاں طریقے پر متاثر کرتا ہے۔

۱۲ - برما آخر میں 'برما' جو مشرق میں واقع ہے، دراصل ایک جداگانہ جزیرہ نما کا جزو ہے۔ اس کی حالت ہندوستان خاص سے اکثر صورتوں میں مختلف و متضاد ہے، اور وہ حال حال تک سیاسی لحاظ سے بھی ہندوستان سے الگ رہا۔ اوٹوی کی زرخیز وادی، برمی قوم کا اصلی وطن ہے۔ یوں تو برمی، ارتباط قومی کے ذریعے سے اطراف کے کناف کے پہاڑی علاقوں کی جنگلی قبائلی آبادی سے ملتے جلتے ہیں، لیکن ان میں ایک اعلیٰ درجے کی تہذیب و مدنیت پائی جاتی ہے جو عام نقطۂ نظر سے اور معاشرتی تنظیم کے لحاظ سے ہندوؤں کی تہذیب و تمدن سے مختلف ہے۔ برما میں جنگلوں اور معدنی دولت کے وسیع قدرتی ذرائع موجود ہیں جن سے بے شمار معاشی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔

۱۳ - طبیعی و موسمی اختلافات ہندوستان کے مختلف علاقوں میں بہت بڑے طبیعی و موسمی اختلافات پائے جاتے ہیں۔ شمال میں برف سے ڈھکی ہوئی خوش نما پہاڑی بلندیاں، دور تک عزلت میں پہنچنے والے برفانی دریا ہیں۔ ان بلندیوں کے دامن میں نشیبی دریائی وادیوں کے ہموار اور وسیع خطے باتور ریتیلے، خشک اور گرمی سے تپتے ہوئے میدان ہیں یا مرطوب ہوا کے تحت مزروعہ اور پُرآب علاقے۔ جنوب میں ایک بڑی مرکزی سطح مرتفع ہے جہاں خودرَو جنگل اب بھی قدیم وحشی منتشر قبائل کی آماجگاہ بنے ہوئے ہیں۔ مغربی حصے میں، شکستہ اور ناہموار پہاڑیاں اور برج نما لمبی اونچی چٹانوں کے سلسلے بحر ہند کے کنارے کنارے چلے گئے ہیں، اور جنوب میں سبزے سے ڈھکے ہوئے مرتفع، ہموار اور ڈھلوان خطے ہیں۔[1] چنانچہ ایک ایسے شخص کے نزدیک جس نے ہندوستان کے متعلق جنوبی جنگلوں میں

[1] امپریل گزیٹیر جلد اول ص۱

باب ۲ معلومات حاصل کی ہوں، ہندوستان ایک ایسا ملک ہے جس کی آب و ہوا تقریباً دائمی طور سے گرم اور مرطوب ہے؛ نباتات بکثرت ہے؛ دریاؤں، تالابوں، چاول کے کھیتوں اور ناریل کے درختوں کی بہتات ہے؛ شہروں کی تعداد کم ہے؛ لیکن آبادی بہت گنجان ہے اور باشندے نرم دل اور کم ہمت ہیں"۔ یہاں سے آگرہ یا لاہور کی جانب بڑھیے تو "دنیا کے بہترین سبزہ زاروں اور مرطوب ترین ممالک میں سے کوئی ملک ملنے کے بجائے اوائل گرما میں سب سے زیادہ خشک اور بھورے رنگ کا علاقہ نظر آئے گا، جس کو لُو اور گرم ہوائیں بھٹی بنا کر رکھ دیتی ہیں، جس کے موسم سرما میں سردی اچھی اور صحت بخش ہوتی ہے لیکن یہاں کے ہزاروں مربع میل خطوں پر بنگال کی عارضی نباتات کی جگہ، گیہوں، جَو اور کرۂ معتدل کی پیداوار کی کاشت لیتی ہے"۔[1] یہ مشہور شہروں اور خوشنما یادگاروں کا ملک ہے، جس کے باشندے طاقتور اور بلند حوصلہ ہیں۔

حوادث فضائی کے لحاظ سے ہندوستان کے حالات دنیا کے کسی دوسرے علاقے کے مقابلے میں بہت زیادہ نوعی اختلافات رکھتے ہیں، یعنی ایک ہی ملک میں گرم و معتدل ممالک کے حالات نہایت نمایاں طریقے پر ساتھ ساتھ پائے جاتے ہیں۔ "باہر کی جانب سے دو ملحقہ رقبے ہندوستان کو متاثر کرتے ہیں۔ شمال میں، کوہستان ہمالیہ اور سطح مرتفع افغانستان، وسط ایشیا کی آب و ہوا پیدا نہیں ہونے دیتے، اور برِ اعظم کی سی آب و ہوا پیدا کرتے ہیں، جس کی خصوصیات میں ارضی ہواؤں کا چلنا، بہت زیادہ خشک ہوا، ان کے بڑے حصے میں حرارت کی موجودگی، رطوبت و بارش کی کمی یا عدم موجودگی داخل ہیں۔ جنوب میں، سمندر بحری آب و ہوا پیدا کرتا ہے، جس کی خاص خصوصیات میں حرارت کی عظیم یکسانی، دن کے قلیل حصے میں حرارت، ہوا کی کثیر رطوبت، اور کم و بیش جلد جلد بارش شامل ہیں۔ سردی کے موسم میں حرارت کا اوسط جنوبی ہند کے مقابلے میں پنجاب میں تقریباً تیس درجے کم ہوتا ہے۔ پنجاب، صوبۂ متحدہ اور شمالی ہند کی آب و ہوا عام طور سے ری ویرا کی آب و ہوا سے مشابہت رکھتی ہے، جس کا مطلع بے ابر صاف اور روشن ہوتا ہے، اور موسم ٹھنڈا اور خشک رہتا ہے۔ جنوبی ہند میں مشرقی ساحل کے مقابلے میں مغربی ساحل زیادہ گرم ہوتا ہے اور کرشنا کے منبع کے ارد گرد حرارت انتہائی حالت میں پائی جاتی ہے۔ کلکتہ، بمبئی اور

---

[1] دیکھو سر جان اسٹریچی کی کتاب "ہندوستان: اس کا نظم و نسق اور اس کی ترقی"، چوتھا ایڈیشن صفحہ ۳ تا صفحہ ۷۔

باب ۲

مدراس کی آب و ہوا سمندر کے قرب کے باعث معتدل ہے، لیکن کلکتے میں موسم سرما میں خوب سردی ہوتی ہے جس سے احاطہ ہائے مدراس و بمبئی کے دوسرے شہر نا آشنا ہیں، اور نظافت اس کے گرمی کے موسم میں کلکتے کی گرمی نسبتہً زیادہ ناقابل برداشت ہوتی ہے۔

۱۴۔ ہندوستان کے موسم

پنجاب میں موسم گرما کا آغاز باضابطہ طور پر ۱۵ مارچ سے ہوتا ہے اور اسی تاریخ سے جون میں بارش کے آغاز تک حرارت بتدریج بڑھتی جاتی ہے جس کا باعث یہ ہوتا ہے کہ سورج کی شعلہ سا کرنیں زمین کو تپا دیتی ہیں۔ اس موسم میں جزیرہ نما کے اندرونی حصے اور شمالی ہند میں گرمی زیادہ ہوتی ہے؛ اور حرارت کی حد تک شمالی ہند اور جنوبی ہند کے مابین تضاد نہیں ہے، بلکہ اندرونی ملک اور ساحلی خطے بہ شمول ملحقہ رقبہ جات ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ دکن اور صوبۂ متوسط کے بڑے حصے کو گرم ترین علاقوں میں شمار کیا جاتا ہے؛ گو مئی کے مہینے میں سب سے زیادہ حرارت بالائی سندھ، شمال مغربی راجپوتانے اور جنوب مغربی پنجاب میں ہوتی ہے جبکہ آباد میں آلہ حرارت پیما بعض اوقات سایہ میں ۱۲۵ درجے گرمی بتلاتا ہے۔ ہندوستان میں، جہاں کہیں واضح طور سے متعین موسم پائے جاتے ہیں ان کی تعداد تین ہے: (۱) سرد و خشک موسم یعنی موسم سرما؛ جبکہ شمالی تجارتی ہوائیں چلتی ہیں، اور بیجز شمالی صوبوں کے، جہاں ابر و باد کے معتدل قسم کے طوفان گاہ گاہ رونما ہوتے ہیں، دوسرے مقاموں پر بارش نہیں ہوتی یا کم ہوتی ہے؛ (۲) مرطوب موسم جس میں گرما کی جنوب مغربی موسمی ہواؤں کی آمد آمد کے ساتھ ہی سخت تکلیف دہ گرمی ہوتی ہے؛ اور (۳) عام طور پر اچانک اور موسلا دھار بارش کے آغاز سے پیشتر کا گرم و خشک موسم۔

۱۵۔ بارش

معمولی سالانہ بارش کی مقدار مختلف مقاموں پر مختلف درجے ہوتی ہے؛ مثلاً چیرا پونجی میں جو آسام کے پہاڑوں میں واقع ہے، ۴۶۰ انچ، تو شمالی سندھ میں تین انچ سے بھی کم ہوتی ہے۔ موسمی اعتبار سے جزیرہ نمائے ہند ایشیائے عظیم "مون سونی" رقبے کا ایک جزو ہے، اور اس رقبے کے کسی دوسرے جزو کے مقابلے میں "مون سونی" تنظیم کو بہت زیادہ مکمل شکل میں ظاہر کرتا ہے۔ "مون سون" کی اصطلاح فنی حیثیت سے ہواؤں کی اس رجعت پر صادق آتی ہے جو کل "مون سونی" رقبے میں واقع ہوتی ہے اور جو سال کے موسموں کو دو نمایاں دوروں میں تقسیم کرتی ہے؛ ایک جنوب مغربی مون سون کا دور، اور دوسرے شمال مشرقی مون سون کا دور۔ حقیقت یہ ہے کہ جنوب مغربی مون سون، جنوب مشرقی تجارتی ہواؤں کا پھیلاؤ ہے جو خط استوا کو عبور کرنے کے بعد

باب ۲ دائیں جانب مڑ جاتی ہیں، اور اس طرح جنوب مغربی ہوائیں بن جاتی ہیں۔ جولائی تک یہ سارے ہندوستان پر پوری طرح چھا جاتی ہیں؛ دکن میں ہوائیں عام طور پر جنوب مغربی، گنگا کے ڈلٹا میں جنوبی، اور اوپر ہٹ کر گنگا کی وادی میں جنوب مشرقی ہوتی ہیں۔ دریائے سندھ کی وادی میں سب سے آخر میں یہ ہوائیں پہنچتی ہیں، اور سب سے پہلے یہاں سے ہٹ جاتی ہیں، چنانچہ یہاں بارش کی سالانہ مقدار بہت ہی کم ہے۔ برسات سب سے زیادہ مغربی گھاٹ، ہمالیہ اور برما میں ہوتی ہے جہاں زمین کی بلندی کی وجہ سے اس میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔ ستمبر میں مون سون کی شدت میں تیزی کے ساتھ کمی شروع ہو جاتی ہے، اور اس مہینے کے تقریباً وسط کے بعد شمال مغربی ہندوستان کے بڑے حصے میں بارش ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد مستدل قسم کی شمال مشرقی ہوا استقلال کے ساتھ چلنا شروع ہوتی اور بتدریج سارے خلیج بنگال پر پھیل جاتی ہے۔ اس طرح اس کو "شمال مشرقی مون سون" کہتے ہیں۔ اس "مون سونی" تنظیم کی بدولت ہندوستان کی بارش میں معین دوریت پائی جاتی ہے اور اس کے باعث موسمی اعتبار سے سال کو حسب ذیل حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:-

(ا) جنوب مغربی مون سون کا موسم: (۱) وسط جون سے وسط ستمبر تک یعنی عام بارش کا موسم۔ (۲) وسط ستمبر سے وسط دسمبر تک موسمی ہواؤں کے لوٹنے کا زمانہ۔

(ب) شمال مشرقی مون سون کا موسم:- (۱) جنوری اور فروری یعنی موسم سرما۔ 15
(۲) مارچ تا وسط جون یعنی موسم گرما۔ جون میں خاص قسم کی فصلیں بوئی جاتی ہیں اور خزاں میں کاٹی جاتی ہیں، مثلاً چاول، روئی، باجرہ وغیرہ۔ اسے "فصل خریف" کہتے ہیں۔ فصلوں کی دوسری قسم اس وقت بوئی جاتی ہے جبکہ مون سون ختم ہو جاتا ہے، یعنی تقریباً وسط ستمبر میں، مثلاً گیہوں، جَو، السی وغیرہ۔ فصل خریف کو مارچ کے اواخر میں کاٹی جاتی ہے؛ اس کو "فصل ربیع" کہتے ہیں۔

۱۶۔ بارش کی اساسی اہمیت

یہ سارے ہندوستان کی موسمی زرعی حالت کا محض علم بیان ہے جو ملک کے کسی خاص حصے پر چند شرائط و مستثنیات کے ساتھ صادق آتا ہے؛ لیکن اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بحیثیت مجموعی ملک کے لیے موسمی بارش کتنی اہمیت رکھتی ہے؛ چنانچہ اس کی مقدار و تقسیم اور بروقت آمد پر لاکھوں انسانوں کی تباہی و خوشحالی کا دارومدار ہوتا ہے[1]۔ غالباً دنیا کے کسی خطے میں ہر شعبۂ زندگی پر بارش کا اس قدر

[1] سال کے بارہ مہینوں میں سے کچھ مہینے ہندوستان کے بقاء حیات کی آزمائش ہوتی ہے اور وہ بہت شاذ

باب ۲

گہرا اثر نہیں پڑتا جس قدر کہ ہندوستان میں۔ یہاں زندگی سب سے اول زراعت پر منحصر ہے، زراعت کا انحصار سراسر بارش پر ہے، اور بارش قریب قریب سب کی سب جنوب مغربی موسمی ہواؤں کے ذریعے سے ہوتی ہے؛ چنانچہ ہندوستان میں ۹۰ فیصد بارش اسی طریقے سے ہوتی ہے۔ جنوب مغربی مون سون، اس نقطۂ نظر سے شمال مشرقی مون سون کے مقابلے میں بدرجہا زیادہ اہم ہے، اور اس لحاظ سے اس کو ہندوستانی زندگی کا مرکز و محور کہا جا سکتا ہے۔

ہندوستان کی بارش کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں تسلسل نمایاں طور پر غائب ہوتا ہے۔ انگلستان کو لیجئے، یہاں سال کے کسی حصے میں بھی بارش کی توقع ہو سکتی ہے، لیکن ہندوستان میں وہ بعض معین موسموں تک محدود رہتی ہے۔ علاوہ ازیں یہاں بارش کا بیشتر حصہ موسلا دھار ہوتا ہے، اور پانی زمین میں جذب ہوئے بغیر اوپر ہی اوپر بہہ جاتا ہے۔ اس کی وجہ سے زمین پوری طرح تر یا نم نہیں ہونے پاتی، جگہ جگہ چھل جاتی ہے اور پانی گڈھوں میں اس طرح جمع ہو جاتا ہے کہ بہنے نہیں پاتا۔

مختلف مقامات میں بارش کی سالانہ مقدار کی عدم یکسانی، مندرجۂ ذیل تقسیم کی بنیاد قرار دی گئی ہے:- (۱) ایسے رقبے جن میں یکساں طور پر بارش ہوتی ہے، مثلاً برما، آسام، مشرقی و جنوبی بنگال، اور وہ خطہ جو مغربی گھاٹ اور بحیرۂ عرب کے مابین اور جزیرہ نما کے انتہائی جنوبی نقطے سے شروع ہو کر ضلع سورت کی جنوبی سرحد تک پھیلا ہوا ہے؛ (۲) وہ رقبے جن میں بارش پُرخطر طریقے پر کم ہوتی ہے، یعنی دس انچ سے لیکر تیس انچ تک مثلاً اودے پور، اجمیر، اور مغربی گھاٹ کو خارج کر کے، بمبئی دکن؛ (۳) وہ رقبے جو خشک سالی سے متاثر رہتے ہیں، جہاں آب پاشی کے بغیر کاشت بڑی حد تک پُرخطر اور بعض صورت میں غیر ممکن ہے، مثلاً شمالی سندھ، مغربی راجپوتانہ مغربی پنجاب وغیرہ۔

۱۷- آب و ہوا

16

ہندوستان کی آب و ہوا کے متعلق کوئی عام کلیہ اس لیے نہیں قرار دیا جا سکتا کہ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، اس کے حدود کے اندر تقریباً ہر اس قسم کی انتہائی آب و ہوا پائی جاتی ہے جس سے خطہ ہائے سرطان وجدی کا درمیانی خطہ یا منطقہ معتدل مانوس ہے لیکن بحیثیت مجموعی ہندوستان کی آب و ہوا کے متعلق

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ کسی نقصان کے بغیر اس سے بچ نکلتا ہے۔ دیکھو نولس (L. e. A. Knowles) کی کتاب موسوم بہ "برطانوی سلطنت ماورائے بحر کی معاشی ترقی" (the Economic clefselopment of the British overseas Empire) مطبوعہ ۱۹۲۴ء صفحہ ۲۰۔

باب ۲

یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ نیم گرم یا نیم جاری ہے؛ انسانی جسم پر اس کا تھکا دینے والا اثر پڑتا ہے، اس کے برخلاف منطقہ ہائے معتدل کی آب وہوا کا صحت بخش اثر پڑتا ہے، اسی لیے اس کے مقابلے میں اول الذکر آب وہوا میں آبادی کی صحت و تندرستی خراب ہوتی ہے۔ چنانچہ آب وہوا کا زیادہ موافق ہونا ہی ہندوستانی مزدور کے مقابلے میں یورپی مزدور کی کارکردگی کے تفوق کے اسباب میں سے کم از کم ایک سبب ہے۔ اس سلسلے میں آب وہوا کے اثر کو گو مبالغے کے ساتھ بیان نہ کرنا چاہیے، پھر بھی یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ اس کا اثر پڑتا ہے۔

۱۸۔ گرم آب وہوا معاشی ترقی کے اعتبار سے

یہ بات عام طور پر کہی جاتی ہے کہ خطوط سرطان وجدی کے درمیانی خطوں میں قدرت ذریعۂ معاش مقابلۃً بہت آسانی کے ساتھ مہیا کرتی ہے اور انسان کو بہت کم محنت کرنی پڑتی ہے؛ علاوہ ازیں ان خطوں میں انسان کی ضرورتیں منطقۂ معتدلہ کے ملکوں کے مقابلے میں بہت مختصر ہوتی ہیں؛ چنانچہ قدرت انسان کو وائی طور پر جد وجہد کرنے اور اپنی قوت وقابلیت اور عاقبت اندیشی سے پوری سرگرمی کے ساتھ کام لینے سے باز رکھتی ہے۔ برخلاف اس کے منطقہ ہائے معتدلہ میں ہر چیز کی ویسی افراط وبہتات نہیں ہوتی جیسی گرم ممالک میں، اور سخت محنت کے بغیر کوئی شے حاصل نہیں ہوتی۔ چونکہ کام کرنا عام طور پر اور ہر حیثیت سے ضروری ہوتا ہے؛ اس لیے محنت کا وقار بڑھ جاتا ہے، اس کی اجرت زیادہ ملتی ہے اور کام کرنے والے ذہین اور آزاد ہوتے ہیں۔ چونکہ سرما میں کڑاکے کا جاڑا ہوتا ہے اور تیز و تند ہوائیں چلتی ہیں، اس لیے موسم گرما ہی میں لباس، غذا اور مکان کی تیاری کے لیے پیش خیالی کی ضرورت پڑتی ہے۔ ان علاقوں کی بود وباش، منظم کام، استقلال اور مشقت چاہتی ہے؛ اور اگر یہ شرطیں پوری ہوں تو ان سے ایک اعلیٰ درجے کی تہذیب وتمدن کی ترقی کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

بایں ہمہ پروفیسر کارسانڈرس نے حال میں اس خیال کی مخالفت کی ہے کہ "جب قدرت بہت زیادہ آسانی کے ساتھ صلہ دیتی ہے تو معاشی ترقی اور تہذیب وتمدن پسماندہ حالت میں رہتے ہیں"۔ اس کے برخلاف وہ یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ "ان مقامات میں جہاں کمیت وکیفیت کے لحاظ سے مفید اور کارآمد اشیا کی بہتات وافراط ہوتی ہے وہاں، ان کے افادے کو محسوس کرنے کا زیادہ موقع ہوتا ہے اور یہ کہ مہارت کی اصلاح وترقی کے باعث وہیں فی کس زیادہ سے زیادہ حاصل وصول کیا جائے گا۔ اس لحاظ سے زرخیزی جتنی زیادہ ہوگی اتنی ہی مہارت کی

باب ۲

زیادہ ترغیب ہوگی"۔[1] خواہ کچھ ہی ہو، واقعہ یہ ہے کہ ہندوستان کی گرم آب وہوا یا زرخیزی، اس ملک کی گزشتہ شاندار تہذیب اور تمدن کی ترقی کی راہ میں مانع نہیں رہی۔ اہل ہند کی موجودہ پسماندہ حالت اور عدم توجہی، غفلت اور بے پروائی وغیرہ خصوصیات کی توجیہ ملک کی آب وہوا یا قدرت کی فراوانی سے کرنے کے بجائے دوسرے اسباب سے کرنی چاہئے۔

۱۹۔ جنگلات ہندوستان کے عمدہ جنگلات اس کے سب سے زیادہ قیمتی قدرتی ذرائع میں شمار کرنے چاہئیں۔ ملک کے جنگلوں کا انحصار بہ لحاظ نوعیت زیادہ تر بارش اور بلندی پر ہے۔ جہاں بارش بہت زیادہ ہوتی ہے وہاں تاڑ، فرن، بانس اور ربڑ وغیرہ کے سدا بہار جنگل پائے جاتے ہیں۔ جہاں اس سے کم تر ہوتی ہے وہاں، ساگوان، سال اور دوسری انواع و اقسام کی قیمتی لکڑی کے جنگل ملتے ہیں۔ جہاں بارش بہت کم ہوتی ہے وہاں، نباتات کیاب ہوتے ہیں اور وہ بھی ترہندی اور اقاقیا وغیرہ کے درختوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ ہمالیہ میں قطب شمالی کے نیچے کے گرم ممالک کے حالات پائے جاتے ہیں اور جنگلات میں بلندی کے لحاظ سے سرو، صنوبر، بلوط شاہ بلوط، مگنولیا بانس وغیرہ کے درخت ہوتے ہیں۔ تمام ممالک کا یہ تجربہ ہے کہ جنگلوں کی ازسرنو روئیدگی و ترقی کے قدرتی عمل انسان کی تباہ کاری کے قدم بہ قدم چلنے کی صلاحیت نہیں رکھتے، اس لحاظ سے حکومت نے اس کو عام طور پر ضروری پایا ہے کہ ملک کے مستقبل اغراض کے لیے خاص تدبیریں اختیار کرے، تاکہ جنگل خلاف احتیاط تباہ کاری سے محفوظ رہیں۔ اگرچہ یہ سوال کہ آیا جنگلات کو کسی خاص ملک میں محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے یا نہیں، اور اگر ہے تو کس حد تک ہے، اس کا انحصار بعض خاص حالات پر ہے، مثلاً ملک کی حیثیت و حالت، اس کے وسائل آمد و رفت، زمین کو جنگل اگانے کے علاوہ دوسرے کاموں میں لانے کے امکانات، آبادی کی ناگزیر ضروریات اور شغل اصل کے لیے سرمائے کی ممکنہ مقدار وغیرہ۔ لیکن پھر بھی اتفاق آرا اس پر ہے کہ ہندوستان کے جنگل ایک بیش قیمت قومی اثاثہ ہیں اور ان کی مناسب طریقے پر حفاظت کرنا حکومت ہند کے اہم ترین معاشی فرایض میں سے ایک ہے۔

۲۰۔ جنگلات کا افادہ انسانی و قدرتی معیشت میں جنگلات براہ راست اور بالواسطہ قدر و قیمت رکھتے ہیں۔ جنگلوں کے بالواسطہ

[1] دیکھو اے ایم کارساڈرس کی کتاب موسوم بہ "مسئلۂ آبادی" (The Population Problem) صفحہ ۴۳۲

باب ۲

حوائد حسب ذیل ہیں: ۔ (۱) یہ آب وہوا میں اعتدال پیدا کرتے ہیں، ہوا کی اضافی رطوبت میں اضافہ کرتے ہیں، بخارات میں کمی کرتے ہیں اور بارش کی مقدار میں اضافہ کرتے ہیں؛ (۲) پانی کی رسد کی تنظیم میں مدد دیتے ہیں، چشموں میں پانی کی رسد کو بہتر طریق پر برقرار رکھتے ہیں، طغیانی اور سیلاب کو روکتے ہیں اور دریاؤں میں پانی کے بہاؤ کو زیادہ تسلسل کے ساتھ جاری رکھتے ہیں؛ (۳) وہ زمین کی زرخیزی کو بڑھاتے ہیں، اس لیے کہ وہ معدنی زمینوں کو بھی زراعت کے لیے موزوں زرخیز چکنی مٹی بنانے میں مدد دیتے ہیں؛ (۴) وہ ہوائی لہروں کی شدت میں کمی کر دیتے ہیں، ملحقہ کھیتوں کو خشک یا سرد ہوا سے محفوظ رکھتے ہیں، اور مویشیوں، وحشی جانوروں، چرندوں اور کارآمد پرندوں کو محفوظ رکھتے ہیں؛ (۵) بعض شرائط و حالات کے تحت وہ کسی ملک کی آب و ہوا کو خوشگوار اور صحت بخش بنانے اور اس کی حفاظت کرنے میں مدد دے سکتے ہیں (۶) وہ ملک کے حسن کو دوبالا کرتے ہیں اور باشندوں پر مفید جمالیاتی اثر ڈالتے ہیں۔

18 جنگلات کا براہ راست افادہ ان کی پیداوار کے باعث ہے؛ مثلاً جلانے کی لکڑی، چوبینہ اور اشیائے خام جو مختلف صنعتوں میں استعمال کی جاتی ہیں۔ ایک اور اہم فائدہ خاص کر ہندوستان میں یہ ہے کہ وہ مویشی کی چراگاہ کا بھی کام دیتے ہیں۔ لیکن ممکن ہے کہ اس کی وجہ سے جنگلوں کی حفاظت میں سخت خلل واقع ہو۔ لہٰذا ان دونوں ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے ہندوستان میں یہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے کہ جنگل کے رقبے کے ایک جزو کو چرائی کے لیے پوری طرح مسدود کیا جاتا ہے، ایک جزو میں صرف بعض جانوروں مثلاً بھیڑ بکریوں اور اونٹوں کے چرانے کی ممانعت کر دی جاتی ہے، اور ایک وسیع رقبے کو ہر قسم کے جانوروں کے چرنے کے لیے کھلا رکھا جاتا ہے۔ معمولی سالوں میں جو رقبے مسدود کیے جاتے ہیں ان میں خشک سالی اور قحط کے زمانے کے لیے چارہ کے ذخائر محفوظ رکھے جاتے ہیں۔ چنانچہ اس زمانے میں یا تو چرانے کی ممانعت ہٹا لی جاتی ہے یا گھاس کاٹ لی جاتی ہے اور ان علاقوں میں روانہ کی جاتی ہے جہاں اس کی سخت ضرورت ہو۔ یہ شکایت عام طور سے سنی گئی ہے کہ ہندوستان میں جنگلات کا انتظام، زرعی آبادی کے حق میں خیر اندیشانہ ہے اور جنگل کی حفاظت و ترقی کے فرض کو مناسب طریق پر انجام دینے میں کوتاہی کیے بغیر آبادی کی ضرورتوں کو جیسا کہ چاہیے پورا نہیں کیا جاتا۔ محکمۂ جنگلات اور زراعت و امداد باہمی کے سے سررشتوں میں جن کا تعلق مزارعین کی بہبود سے ہے، تعامل

باب ۱ وتعاون کی ضرورت ہے، تاکہ دو متضاد نقطہ ہائے خیال میں مطابقت پیدا ہو۔ اگرچہ صحراداری کا اصلی کام جنگلات کی حفاظت و ترقی ہے لیکن ہمیں اس واقعے کو نظر انداز نہ کرنا چاہیے کہ ایک اہم پیشے اور ذیلی صنعت کے طور پر وہ زراعت سے بھی وابستہ ہے؛ اس لیے کہ جنگلات سے کسان کی اکثر ضرورتیں پوری ہو سکتی ہیں مثلاً جلانے کی لکڑی جو ایندھن کے طور پر استعمال ہونے والے کھاد کی جگہ لے گی، مکانوں کے لیے معمولی چوبینہ، آلات اور اوزار کے لیے لکڑی اور مویشیوں کے لیے چارے کی بہرسانی۔ یہ وہ مراعات اور سہولتیں ہیں جن کا کسان صدیوں سے خوگر رہا ہے اور جن کی اچانک موقوفی کے خلاف وہ غم و غصے کا اظہار کرتا ہے کہ وہ خلاف قاعدہ اور حد سے زیادہ ناگوار ہے۔

جنگلات کے افادے کو کسان کے لیے بڑھانے اور اس کو جنگلات کے نظم و نسق پر روشن خیالی کے ساتھ نظر ڈالنے کے قابل بنانے کے مدنظر کمیشن نے سفارشیں پیش کی ہیں جن میں سے چند حسب ذیل ہیں:- (۱) ہر صوبے میں جنگلات سے استفادے کے لیے ایک افسر کا تقرر، جس کا سب سے بڑا کام جنگلات کی صنعتوں کو فروغ دینا ہو، اس لیے کہ یہ معاملہ کسانوں کے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے، خاص کر ان کے لیے جو جنگلات کے قرب و جوار میں رہتے بستے ہیں۔ (۲) جنگل کے رقبوں کی از سر نو تقسیم، مثلاً: (ا) ایک بڑا ڈویژن جو تجارتی جنگلات یا ایسے جنگلوں کی نگرانی کرے جن کا وجود طبعی و موسمی اعتبارات سے ضروری ہو (ب) چھوٹا ڈویژن جس کی نگرانی میں چھوٹے جنگل ایندھن کے نخلستان، دیہاتی بن، اور افتادہ زمینیں ہوں؛ اور لکڑی سے کم و بیش بھرے ہوئے رقبوں کو جو اس وقت محکمۂ جنگلات کے تحت ہیں، دیہی انتظام کے تفویض کر دیا جائے، اور حکومت مدراس کے اختیار کیے ہوئے طریقوں کے مطابق عوام کی نمایندہ کمیٹیاں یا پنچایتیں ان کی نگرانی کریں۔ (۳) جملہ نئے بھرتی شدہ افسران جنگلات کے لیے زرعی کالجوں میں کچھ مدت کے واسطے نصاب کی تکمیل لازمی کر دی جائے تاکہ محکمہ جات جنگلات و زراعت کے مابین زیادہ قریبی تعلق و تعاون پیدا ہو۔[1]

19

۲۱۔ جنگلات کی حفاظت

ہندوستان میں برطانوی دور حکومت سے پیشتر ہی سے صدیوں تک جنگلوں کی خلاف احتیاط

[1] دیکھو شاہی زرعی کمیشن کی رپورٹ شایع شدہ ۱۹۲۸ء پیراگراف ۲۲۹ تا ۲۳۳۔

باب ۲ تباہ کاری کا سلسلہ جاری رہا۔ برطانوی حکومت کے ابتدائی سالوں میں یہ تباہ کاری متعدد عاملوں کے باعث بہت بڑھ گئی، مثلاً اضافہ آبادی، مویشیوں کی تعداد میں اضافہ، زراعت کی توسیع، اور ریلوں کی جانب سے چوبینہ اور جلانے کی لکڑی کی مانگ کی کثرت۔ آخر میں حکومت نے جنگلات کی تباہی کے اس خلاف احتیاط عمل کو روکنے کی ضرورت کو محسوس کیا، چنانچہ جنگلوں کی حفاظت کی پہلی منظم تدبیریں لارڈ ڈلہوزی کے دور حکومت میں تقریباً ۱۸۵۵ء میں اختیار کی گئیں۔ اس زمانے میں جنگلات کے محافظوں کے محکمے بمبئی، مدراس اور برما میں موجود تھے اس کے فوراً بعد ہی دوسرے تقررات بھی عمل میں آئے، اور ۱۸۶۴ء میں ایک منظم سرکاری محکمہ صدر ناظم جنگلات کے تحت قائم ہوا۔ اس کے بعد سے ہندوستان کا محکمۂ جنگلات ترقی کرتا رہا ہے، چنانچہ اس وقت برطانوی ہند کے مجموعی رقبے کے $\frac{1}{5}$ حصے سے زیادہ اس کی نگرانی میں ہے۔ ۱۸۹۴ء میں حکومت ہند نے ایک اہم گشتی جاری کی جو جنگلات کے بارے میں سرکاری پالیسی کی بنیاد قرار پاتی ہے۔ اس کی رو سے جنگلوں کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا، (۱) وہ جنگل جن کا تحفظ موسمی یا طبیعی بنیادوں پر ضروری ہے؛ (۲) وہ جنگل جن سے تجارتی اغراض کے لیے قیمتی چوبینہ دستیاب ہو؛ (۳) چھوٹے جنگل یا ان جنگلوں میں ایسے قطعے شامل ہیں جو اگرچہ حقیقت میں جنگل ہوں، لیکن ان میں گھٹیا قسم کا چوبینہ پیدا ہوتا ہو یا اعلیٰ قسم کی لکڑی کم مقدار میں پیدا ہوتی ہو؛ اور (۴) چراگاہیں اور رمنے جو عام طور پر محض برائے نام جنگل ہوتے ہیں۔[1]

۲۲۔ ہندوستان میں جنگلات کا رقبہ

تمام صوبوں[2] کا مجموعی رقبہ ۱۱۰۱۹۰۲ مربع میل ہے، جس کے منجملہ جنگلات کا رقبہ ۱۹۳۱ء تا ۱۹۳۲ء میں ۲۲۴۵۸۳۱ مربع میل یا ۲۲۳ فی صد تھا۔ جنگلات کے اس رقبے میں سے ۱۰۵۹۶۰ مربع میل "محفوظ (Reserved) جنگلات"، ۶۶۸۲ مربع میل "ماموں (Protected) جنگلات"، اور ۱۳۳۱۸۹ مربع میل "غیر تویب یافتہ سرکاری جنگلات" تھے۔[3] جنگلات کی تقسیم تین حصوں میں یعنی محفوظ، ماموں اور غیر تویب یافتہ

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ شائع شدہ ۱۹۲۸ء پیراگراف ۲۱۵۔

[2] ان صوبوں سے دہلی کے اطراف کا علاقہ اور مالی پور (وسطی ہند) کا برطانوی پرگنہ خارج ہے۔

[3] غیر تویب یافتہ سرکاری جنگلات یا "جنگلات عامہ کی زمینوں" میں اکثر صوبوں میں جملہ غیر آباد بنجر زمین جو

باب 20

سرکاری جنگلات اسی ترتیب کے لحاظ سے ہے جس ترتیب سے حکومت استعمال کرنے والے افراد اور عوام کے حقوق کے بارے میں اپنے اختیارات سے کام لیتی ہے۔ ۱۹۳۱ء تا ۱۹۳۲ء میں مختلف صوبوں میں جنگلات کے رقبوں کی اضافی اہمیت کا اندازہ مندرجۂ ذیل جدول سے ہوتا ہے جس سے یہ بات صاف طور پر ثابت ہوتی ہے کہ برما اور آسام اس اعتبار سے اہم ترین بڑے صوبے ہیں۔

صوبہ	صوبے کے کل رقبے کے مقابلے میں جنگلات کا تناسب	صوبہ	صوبے کے کل رقبے کے مقابلے میں جنگلات کا تناسب
مدراس	۱۱٫۲	سی، پی و برار	۱۹٫۶
بمبئی	۱۲٫۰	آسام	۲۷٫۸
بنگال	۱۴٫۰	شمال مغربی سرحدی صوبہ	۱٫۸
صوبۂ متحدہ	۴٫۹	برطانوی بلوچستان	۱٫۸
پنجاب	۵٫۴	اجمیر مروارا	۵٫۱
برما	۵۳٫۵	کرگ	۳۳٫۹
بہار و اڑیسہ	۳٫۶	انڈمان اور نکوبار	۶۹٫۶

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ بالعموم درختوں سے ماری ہوتی ہے شامل ہے۔ اس لحاظ سے مذکورۂ بالا اعداد و شمار بحری کے جنگلوں کے رقبے کی لازمی طور سے نمایندگی نہیں کرتے۔

باب ۱

ہندوستان کے بڑے جنگلات کے رقبے زیادہ تر پہاڑیوں میں واقع ہیں لیکن میدانوں میں بھی نخلستان اور بن موجود ہیں جن کے درمیان کہیں کہیں کاشت کی زمین ہوتی ہے۔ جیسا کہ مذکورۂ بالا جدول سے ظاہر ہوتا ہے جنگل کی بین صوبہ جاتی تقسیم نمایاں طور پر بے قاعدہ ہے۔ علاوہ ازیں بیشتر حصہ بنجر زمین پر مشتمل ہے جو عام طور پر سب کاسب درختوں سے عاری ہے۔ یہ دو خصوصیات زرعی آبادی کی کل ضرورتوں کو پورا کرنے کی مشکلات میں اضافہ کر دیتی ہیں۔

۲۳۔ جنگلات کے نظم و نسق کا مقصد۔

جنگلات کے انتظام کا مقصد یہ ہے کہ ان کی تباہی کی رفتار کو ان کی روئیدگی کی رفتار سے متجاوز نہ ہونے دیا جائے اور اس کے ساتھ ہی پیداآور صلاحیت کی اصلاح کی جائے۔ چنانچہ ان دونوں مقصدوں کی تکمیل میں حکومت بحیثیت مجموعی پوری طرح کامیاب رہی ہے۔ ہندوستان کے محکمۂ جنگلات کے وجود میں آنے کے بعد ابتدائی پچاس سال تک معاشیات جنگلات کی تحقیق کی امکانی قدر و قیمت کو تسلیم نہیں کیا گیا، اور تحقیق کو فروغ دینے کے لیے حکومت نے کسی قسم کی بھی تدابیر اختیار نہیں کیں۔ تاہم ۱۹۰۶ء میں بمقام ڈیرہ دون ایک فارسٹ ریسرچ انسٹیٹیوٹ[1] کا قیام عمل میں آیا؛ اور اس کے بعد سے ۱۹۱۸ء کے ہندوستانی صنعتی کمیشن کی سفارشوں کی بموجب اس انسٹیٹیوٹ میں کچھ سال ادھر بہت کچھ توسیع ہوئی ہے۔ اس کے نتیجے کے طور پر مستعد و بیش بہا تحقیقاتی کام شروع کئے گئے ہیں اور سائنسی اور عملی معلومات میں مستقل ترقی ظاہر ہو رہی ہے[2] جو آخرکار ہندوستانی جنگلات کی خام پیداوار کے بہتر اور زیادہ مکمل استفادے کی جانب رہبری کرے گی۔ ۲۱ سنہ ۱۹۳۱ء تا سنہ ۱۹۳۲ء میں جنگلات سے چوبینہ اور جلانے کی لکڑی کی اوسط پیداوار ۳۰۵۹۱۱۵۲۸ مکعب فٹ تھی۔ گھیٹا پیداوار کی فروخت سے ۲۹،۲۷،۱۳،۱ روپیہ وصول ہوئے؛ اور سرکار کو سنہ ۱۹۲۹ء تا سنہ ۱۹۳۰ء کے دوکروڑ ۹۵ لاکھ روپیہ کے مقابلے میں

---

[1] Forest Research Institute

[2] فارسٹ ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے کاروبار کے تفصیلات کے لیے دیکھو ایک پمفلٹ موسوم بہ "ہندوستان سنہ ۱۹۲۰ء تا سنہ ۱۹۲۵ء میں" صفحہ ۱۲۱ تا صفحہ ۱۲۴؛ "ہندوستان سنہ ۱۹۲۹ء تا سنہ ۱۹۳۰ء میں" صفحہ ۱۵۵ تا صفحہ ۱۵۵؛ "ہندوستان سنہ ۱۹۳۲ء تا سنہ ۱۹۳۳ء میں" صفحہ ۵۸ تا صفحہ ۵۸؛ اور "ہندوستان سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء میں"۔

باب ۲

ایک کروڑ ۶۹ لاکھ روپیہ خالص منافعہ وصول ہوا۔ آمدنی کی اس کمی کا باعث تجارتی کساد بازاری تھی۔ برما کے جنگل ہندوستانی جنگلات میں سب سے بڑے اور اہم ترین ہیں چنانچہ سنہ ۱۹۲۹ء تا سنہ ۱۹۳۰ء میں ساگوان کی پیداوار ہی سے ایک کروڑ ۲۵ لاکھ روپیہ کی خالص آمدنی وصول ہوئی۔

۲۴۔ ہندوستانی جنگلات اشیائے خام کی فراہمی کے اعتبار سے۔

ہندوستانی جنگلات مختلف صنعتوں کے لیے ضروری اشیائے خام فراہم کرکے اور اشخاص کی کثیر تعداد کے لیے روزگار پیدا کرکے بھی ایک اہم کام انجام دیتے ہیں۔ چنانچہ جنگل میں ایسی آبادی کثیر ہے جس کا ذریعۂ معاش براہ راست جنگلات کی پیداوار ہے۔ علاوہ ازیں لکڑہاروں، آرہ کشوں، گاڑی بانوں، حمالوں اور چوکھٹا تیار کرنے والوں وغیرہ کی تعداد بھی خاصی بڑی ہے جو جنگلوں میں یا ان کے نزدیک کام کرتے ہیں۔ آخر میں وہ لوگ ہیں جو جنگلات کی پیداوار خام سے کام لینے میں مصروف ہیں، مثلاً نجار، پھیا بنانے والے، کشتی ساز، رسی باٹنے والے، دباغت کرنے والے اور لاکھ بنانے والے وغیرہ۔

۲۵۔ جنگل کی پیداوار کبیر و صغیر

جنگل کی پیداوار کو دو بڑے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ (۱) پیداوار کبیر، یعنی چوبینہ اور جلانے کی لکڑی؛ اور (۲) پیداوار صغیر، جس میں دوسری تمام پیداوار شامل ہے، مثلاً لاکھ، اشیائے دباغی، پھلیل، تارپین اور رال۔ ہندوستانی جنگلات کی پیداوار صغیر کی اہمیت روز افزوں ہے اور ان میں سے اکثروں کی مانگ دنیا کے بازاروں میں مستقل ہوگئی ہے۔ یوں تو کلکتے کے کاغذ ساز کارخانوں میں سبائی[1] اور بھابر[2] جیسی گھاس استعمال کی جارہی ہے، لیکن تحقیقات کے اہم نتائج میں سے ایک یہ ثابت کرنا رہا ہے کہ کاغذ کے گودے کی تیاری کے لیے ان گھاسوں کے علاوہ بانس بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ چنانچہ ہمارے یہاں بانس اور سیونگ[3] کے وسیع جنگل موجود ہیں اور ان کی موجودگی میں ہم یہ توقع کرسکتے ہیں کہ آخر کار کل مطلوبہ کاغذ ملک ہی کے اندر تیار کرلیں گے۔

---

[1] (Sabai)

[2] (Bhabar)

[3] (Savanna)

باب ۲

ان امکانات کا لحاظ کرتے ہوئے حکومت نے، ٹیرف بورڈ کی سفارشوں کے مطابق، کاغذ سازی کے لیے ہندوستانی بانس کے گودے کی صنعت کو حال میں تامین دی ہے۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے زرعی کمیشن نے یہ سفارش کی ہے کہ ہر صوبے میں جنگلات سے استفادہ کرنے کے لیے ایک افسر کا تقرر کیا جائے تاکہ جنگل کے صنائع کی نشو و نما ایک افسر کی معین اور مخصوص ذمہ داری بن جائے[1]

22

۲۶ - ہندوستانی جنگلات کے امکانات

جنگ کے زمانے میں عراق وغیرہ میں برسرپیکار برطانوی فوجوں کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے ہندوستان کو اپنے ہی ذرائع پر انحصار کرنا پڑا، اور اس کام کو انجام دینے کے لیے جو خاص تدبیریں کافی وسیع پیمانے پر اختیار کی گئیں انھوں نے ہندوستانی جنگلات کے عظیم پوشیدہ امکانات کو نمایاں طریقے پر واضح و ثابت کر دکھایا، اور یہ کہا جا سکتا ہے کہ جنگلات سے فائدہ حاصل کرنے کے لیے ایک نئے دور کا افتتاح کیا، چنانچہ یہ توقع پورے اعتماد کے ساتھ کی جا سکتی ہے کہ جنگلات پر منحصر صنائع کو مستقبل قریب میں وسیع اور مستقل ترقی ہوگی[2]

۲۷ - ارضیاتی ترکیب

ملک کی ارضیاتی ترکیب کی مساحت میں، زمین کی بالائی سطح اور سطح کے نیچے کے حصے کا بیان شامل ہوگا۔ اول ہم بالائی سطح سے بحث کریں گے، اور اُن وسیع فرقوں کو ظاہر کریں گے جو تین بڑی ارضی ترکیبوں سے پیدا شدہ اہم قسموں کی نمایاں خصوصیات ہیں۔ (۱) نرم دریائی مٹی کے خطے بہت وسیع، اور زرعی لحاظ سے اہم ترین ہیں۔ یہ سندھ، گجرات، راجپوتانہ، پنجاب، صوبۂ متحدہ اور بنگال کے بڑے حصے ہیں؛ اور مدراس کے بعض علاقوں مثلاً کرشنا گوداوری

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ پیراگراف ۲۲۴

[2] حسب ذیل سے مقابلہ کیا جائے:- (۱) انڈین ایر بک شایع شدہ ۱۹۳۵ء؛ (۲) ان سائکلوپیڈیا بریٹانیکا میں مضمون بعنوان جنگلات اور فرسٹ جنگلات؛ (۳) صنعتی کمیشن کی رپورٹ فقرہ ۶۱ تا ۲۸؛ اور (۴) ایک رپورٹ موسوم بہ (Work of the Forest department in India) زیر ترتیب آئیس، ٹروپ شایع شدہ ۱۹۱۸ء ص تا ص۔

باب ۲

اور ٹنجور کے اضلاع میں پائے جاتے ہیں۔ نرم مٹی کا خطہ جو کہیں بڑا اور کہیں چھوٹا ہے جزیرہ نما کے مغربی و مشرقی ساحلوں کے برابر پھیلا ہوا ہے، اور جزیرہ نما کے بڑے دریاؤں کے دہانے پر ڈلٹا کے آس پاس اکثر مقامات میں کشادہ ہو جاتا ہے۔ ان نرم دریائی مٹی کے خطوں پر بارش معتدل ہوتی ہے اور اس کی تقسیم ہر جگہ مساوی ہے۔ یہ بات خاص کر ان خطوں پر صادق آتی ہے جو دریائے گنگا و سندھ کے میدانوں میں واقع ہیں۔ یہاں کی مٹی مسام دار ہوتی ہے، اس کو آسانی کے ساتھ جوتا جا سکتا ہے اور اس میں قدرتاً کیمیائی و نامیاتی اجزا کی کافی مقدار میں آمیزش ہوتی ہے۔ اس لحاظ سے یہ سب خطے خریف و ربیع کی اکثر فصلوں میں قابل کاشت ہوتے ہیں۔ (۲) دکنی ٹریپ (سنگریزہ زمین) میں احاطۂ بمبئی، کل علاقہ برار، صوبۂ متوسط کا مغربی ایک ثلث حصہ اور حیدرآباد دکن کا مغربی علاقہ شامل ہے۔ اس کل رقبہ کی زمین بہ لحاظ نوعیت و زرخیزی مختلف قسم کی ہے۔ دکنی ٹریپ میں اصلی سیاہ ریگڑ کی زمین واقع ہے جس کی سطح ناہموار اور ڈھلواں ہے اور پہاڑیوں کے دامن کی عام سطح سے پست ہے۔ محل وقوع کے لحاظ سے اس کی گہرائی میں کمی بیشی پائی جاتی ہے، اور عمق جہاں زیادہ ہے تو اس کا باعث یہ ہے کہ نرم دریائی مٹی تہ بہ تہ جم گئی ہے؛ اور بعض مقامات مثلاً تپتی اور نربدا کی وادیوں وغیرہ میں بہت زیادہ گہرائی کے باعث شدید بارش میں یہ خطے بے کار ہو جاتے ہیں اور فصل ربیع میں گیہوں، السی اور چنے کی کاشت کے لیے زیادہ موزوں ہوتے ہیں۔ دکنی ٹریپ کی سیاہ ریگڑ کی زمین میں موسم خریف میں زیادہ تر روئی اور جوار بوئے جاتے ہیں۔ ریگڑ کی گہرائی بالعموم تین چار فٹ ہوتی ہے اور اس میں چونے کا کنکر اور روڑہ ملا ہوا ہوتا ہے۔ سطح کے نیچے کی زمین میں چونے کی اچھی خاصی 23
مقدار ہوتی ہے اور مٹی طبق در طبق جمی ہوئی ہوتی ہے، اس لیے پانی بہ کر نیچے کے پتھریلے حصے میں چلا جاتا ہے۔ (۳) بقیہ زمینوں کو "قلم نما خطے (crystalline tracts) کہا جاتا ہے، اور تقریباً کل مدراس، میسور، بمبئی کا جنوبی و شرقی علاقہ، حیدرآباد کا شرقی نصف حصہ اور صوبۂ متوسط کا دو ثلث علاقہ اس خطے پر مشتمل ہے۔ گو بحیثیت مجموعی کیمیائی اجزا کی قلت ہے اور فصلیں بہت ناقص تیار ہوتی ہیں، پھر بھی مٹی کی بعض قسمیں مثلاً سرخ چکنی مٹی یا بھورے رنگ کی چکنی مٹی کے خطے اور مدراس و میسور کی چکنی مٹی کے پنڈول بہت زرخیز ہیں۔ متوسط درجے کی زرخیزی والی زمینیں بھی بہت مختلف نوعیت کی پائی جاتی ہیں، اور مناسب یا اچھی گہرائی کی زمین میں فائدے کے ساتھ آب پاشی کی جا سکتی ہے اور اس سے چاول خاص فصل کے طور پر

باب ۲

اگایا جا سکتا ہے، کیونکہ یہاں نہروں کے ذریعے سے آب پاشی ممکن ہے اور دوسری قیمتی فصلیں تالابوں اور کنوؤں کے ذریعے سے پیدا کی جا سکتی ہیں۔ اس ساخت کی سُرخ اور بھورے رنگ کی یا زرد اور سُرخ رنگ کی زمینیں بلگام ڈھاڑواڑ وغیرہ میں پائی جاتی ہیں اور میووں کے درختوں کے لیے اور سب سے زیادہ آم کے لیے خاص طور سے موزوں ہیں۔

۲۸۔ معدنی پیداوار

سنہ ۱۹۱۸ء میں صنعتی کمیشن نے یہ رائے ظاہر کی تھی کہ ہندوستان کی معدنی دولت، اس کی اکثر کلیدی صنعتوں کو برقرار رکھنے کے لیے کافی ہے، بجز ان صنعتوں کے جن میں وینا ڈیم (Vanadium) ٹنگسٹن اور مولب ڈینم (Molybdenum) کی ضرورت ہو۔ لیکن یہ خیال ایک زمانۂ دراز تک عام تھا کہ یہ دولت عام طور پر اتنی قلیل تھی کہ وہ جدید ترین پیمانے پر صنعت کے ساتھ نہیں نکالی جا سکتی۔ انیسویں صدی کے آٹھویں عشرے کی ابتدا تک ہندوستانی معدنیات کو ترقی دینے کے سلسلے میں کوئی تجربے عمل میں نہیں لائے گئے تھے، اور اسی لیے ہندوستان کے معدنی امکانات کے بارے میں کوئی معتبر و صائب رائے قائم کرنا ممکن نہ تھا۔ لیکن بعد کی تحقیقات نے مختلف قسموں کی معدنی دولت کے انکشاف اور برآمد کی جانب رہبری کی ہے، چنانچہ اب ہم وثوق کے ساتھ یہ کہہ سکتے ہیں کہ گو ہندوستان کے معدنی ذرائع کو غیر محدود یا بے نظیر نہیں کہا جا سکتا پھر بھی وہ کسی طرح نظر انداز کرنے کے قابل نہیں ہیں اور ملک میں ان کی بنیاد پر متعدد فلزاتی صنائع کا قیام عمل میں آ سکتا ہے۔ جدید نقل و حمل کے نظام کی توسیع، بنک کاری کی ترقی اور ملک میں صنعتوں کے روز افزوں قیام و فروغ کی بدولت کان کنی کے کاروبار میں روز بروز زیادہ ترقی ہو رہی ہے۔ جنگ عظیم نے مستعد معدنیات کی پیدائش کے حق میں محرک کا کام کیا اور اگرچہ اس وقت جو ترقی کی گئی تھی وہ پوری طرح برقرار نہیں رکھی گئی ہے پھر بھی ملک کو دیرپا فوائد حاصل ہوئے ہیں اور جنگ سے پیشتر معدنی پیدائش کی جو حالت تھی اس کے مقابلے میں اب نمایاں طور سے زیادہ موافق معلوم ہوتی ہے۔

مندرجۂ ذیل جدول[1] سنہ ۱۹۱۴ء اور سنہ ۱۹۳۱ء کی بابتہ ہندوستان کی خاص معدنی پیداوار کا

---

[1] یہ جدول ایک بڑی موسوم بہ (Statistical Abstract for British India) از سنہ ۱۹۱۴ء تا سنہ ۱۹۲۱ء و سنہ ۱۹۲۱ء تا سنہ ۱۹۳۱ء سے مرتب کی گئی ہے۔

سرسری اندازہ ہوگا۔ اس میں ہندوستانی ریاستیں بھی شامل ہیں:۔

معدنی پیداوار کا نام	۱۹۱۴		۱۹۲۱	
	مقدار	قیمت (روپیہ)	مقدار	قیمت (روپیہ)
کوئلہ (ٹن)	۱۶،۴۹۴،۲۹۳	۵،۸۶،۱۰،۶۹۵	۲۱،۷۱۹،۴۳۵	[illegible]
نمک (ٹن)	۱،۳۴۸،۲۰۰	۷۴،۰۴،۳۲۷	[illegible]	[illegible]
سونا (اونس)	۶۰۷،۳۰۸	۳،۵۰،۷۵،۳۳۰	۲۳۰،۴۸۸	[illegible]
پٹرولیم (گیلن)	۲۵۹،۳۴۲،۷۱۰	۲،۴۱،۰۵،۸۹۲	۳۰۵،۱۸،۷۵۱	[illegible]
شورا (ہنڈرڈ ویٹ)	۳۱۶،۲۱۱	۴،۲۰،۱۴،۷۶	۱۲۳،۱۷ سلف	۹۹،۱۰،۸۷
کرومائٹ (Chromite) ٹن	۵،۸۸۸	۳۹،۱۶۰	۱۹،۹۰۳	۳۱۵۰۲۶
مس خام (ٹن)	۵،۳۲۴	۱،۰۹،۴۱۰	۱۶۷۰۷۳	۵،۹۵۹۴۳
ہیرا (قیرت)	۵۵	۱،۸۶۷	۹۳۹	۲۴۶۰۳

لہ یہ برآمد کے اعداد و شمار ہیں جو قریب قریب کل پیداوار پر مشتمل ہیں۔

باب					
	خام لوہا (ٹن)	۴۴۱۵۷۴	۵۴۴۷۴۰	۱۶۲۲۸۸۳	۴۱۵۸۷۳۷
	رنگین پتھر Jade Stone[1]	۴۹۷۱	۱۰۰۵۷۷۱	۲۵۵۱	۳۵۲۲۶۴
	سیسہ (ٹن) (ہندرڈویٹ)	۱۰۵۴۸	۲۰۳۴۱۸۵	۷۴۷۸۵	۱۲۸۸۸۲۷۰
	مگنیسائٹ Magnesite (ٹن)	۱۶۸۰	۸۳۵۳	۵۳۳۳	۲۷۳۴۸
	منگنیز Manganese (ٹن)	۶۸۲۸۹۸	۱۳۱۵۸۹۶۵	۵۳۷۸۴۴	۹۸۱۳۸۷۹
	ابرق (ہندرڈویٹ)	۴۰۵۰۶	۱۳۲۱۳۵۱	۳۸۹۶۳	۲۰۳۷۶۳۴
	مونازائٹ Monazite (ٹن)	۱۱۸۶	۶۲۱۱۶۵	۹۰	۱۲۰۱۵
	پلاٹینم (اونس)	۳۷	۳۱۹۵	—	-
	یاقوت برما (قیمت)	۳۰۴۸۷۲	۶۴۶۹۸۸	—[2]	۴۲۸۶۴
	چاندی (اونس)	۲۳۶۴۴۶	۴۰۳۴۶۰	۵۹۲۳۰۰۵	۵۲۲۹۲۳۴
	خام ٹن (ہندرڈویٹ)	۵۳۹۵	۴۲۹۲۷۴	۸۵۱۰۴	۳۵۰۷۳۸۰

[1] برآمد بذریعۂ بروچ

[2] اعداد دستیاب نہیں ہوئے۔

باب ۲

ولفرام (ٹن) Tungsten ore (ٹنگسٹن خام)	۲۳۲۶	۲۶۷۸۱۵۲	۲۲۴۸	۸۸۱۶۶۵
جست خام (ٹن)	۸۵۵۳	۱۶۱۴۳۰	۸۵۵	۱۰۷۸۵۵[1]

سنہ ۱۹۳۲ء اور سنہ ۱۹۳۳ء کے دو سالوں میں جتنی معدنی پیداواروں کے اعداد دستیاب ہوسکے ان کی کل قیمت علی الترتیب ۲۶، ۲۰ کروڑ روپیہ اور ۱۰، ۲۱ کروڑ روپیہ تھی۔ سنہ ۱۹۳۴ء میں اس میں مزید اضافہ ظاہر ہوا اور وہ ۲۳، ۵۴ کروڑ روپیہ ہوگئی۔ اس کو گزشتہ چھ سال کی سخت تجارتی کساد بازاری کے بعد ایک حد تک ملک کی معاشی بحالی کی علامت خیال کیا جاسکتا ہے۔

اب ہم اہم ترین معدنی پیداواروں میں سے بعض کا مختصر حال بیان کریں گے جن کا استحصال ہندوستان میں تجارتی بنیاد پر کیا جاتا ہے[2]۔

۲۹۔ کوئلہ

25 ہندوستان میں کوئلے کے کاروبار کے پھلنے پھولنے کا باعث ملک کی ریلوں کی تعمیر ہے؛ چنانچہ ریلوں نے فوراً کثیر طلب پیدا کی۔ درگزشتہ صدی کے نصف دوم میں ہندوستان کے کوئلے کی کانوں کے کھولنے کی جانب رہبری کی۔ ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی نے گراں برطانوی کوئلہ درآمد کرنے کے بجائے کوئلے کی ارزاں اور قریب تر رسد مقامی طور پر حاصل کرنے کی

[1] ہر قسم کی جست کی برآمد بذریعہ بحر۔

[2] معدنی پیداوار کی فصلیں مرتب کرنے میں حسب ذیل ذرائع سے مواد اخذ کیا گیا ہے۔

(۱) کاٹن کی کتاب موسوم بہ (Hand Book of Commercial Information for India) دوسرا ایڈیشن۔ (۲) جے سی براؤن کی تصنیف موسوم بہ (India's mineral wealth) (۳) (Report) (of the Geological Survey of India) تالیف شدہ سنہ ۱۹۳۴ء۔ (۴) (Annual Report) (of the Chief Inspector of Mines in India) (۵) (Satistical Abstract for British India) اور (۶) (Indian year book) تالیف شدہ سنہ ۱۹۳۴ء

باب ۲

جستجو شروع کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہاں کوئلے کے کاروبار کی ترقی کا راستہ کھل گیا اور متحد و مشترک سرمایہ کی کمپنیاں جو زیادہ تر یورپ والوں کی ملکیت و نگرانی میں تھیں قائم ہو گئیں۔ چنانچہ ۱۸۸۰ء اور ۱۹۰۰ء کے مابین کوئلے کی پیداوار ۳/۱ ملین ٹن سے بڑھ کر ۶/۶ ملین ٹن ہو گئی۔ یہی نہیں کہ اس کوئلے کو بنگال میں اجارہ حاصل ہو گیا بلکہ بعض مشرقی بازاروں مثلاً کولمبو، برطانوی ملایا، اور جزائر شرق الہند میں بھی یہیں سے کوئلہ جانے لگا۔ اندرون ملک اس کا صرف بڑھ جانے کی وجہ سے جنگ سے پیشتر کے پانچ سالوں میں سالانہ اوسط پیداوار بڑھ کر ۱۴/۱ ملین ٹن ہو گئی۔ اسی زمانے میں درآمد کی اوسط مقدار جس میں زیادہ تر برطانوی کوئلہ تھا، ۴۵۵۰۰۰ ٹن تھی اور برآمد کی اوسط مقدار ۲۵۸۰۰۰ ٹن رہی۔ سلطنت متحدہ کو مستثنیٰ کر کے سلطنت برطانیہ کے کسی دوسرے علاقے کے مقابلے میں ہندوستان سب سے زیادہ کوئلہ پیدا کرتا ہے۔ ہندوستانی کوئلے کی پیداوار کا بیشتر حصہ بنگال، بہار و اوڑیسہ (گونڈوانہ کی کانوں) سے نکلتا ہے ان صوبوں کے علاوہ اہم ترین کانیں حیدرآباد میں سنگارینی اور ساتی اور صوبۂ متوسط، برما، آسام، پنجاب اور بلوچستان میں واقع ہیں۔ ہندوستان کی مجموعی کوئلے کی رسد میں راجپوتانہ، بیکانیر اور وسطی ہند کا بھی حصہ ہے۔ اس طرح کوئلے کی تقسیم ہندوستان میں بہت ناہموار اور غیر مساوی ہے؛ اور جزیرہ نما میں اس کی کمی سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ چنانچہ مدراس میں کوئلے کی رسد کی عدم موجودگی اور اسی کے ساتھ ریلوں کی نقل و حمل کے اعلیٰ مصارف، مدراس پریسیڈنسی میں خام لوہے کے کامیاب استحصال میں بہت بڑی رکاوٹ پیدا کرتے ہیں۔ بمبئی میں بھی مقامی طور پر کوئلے کی رسد دستیاب نہ ہو سکنے کے باعث اس قسم کی دقتوں کو برقابی قوت کے استعمال اور جنوبی افریقہ کے کوئلے کی درآمد کے ذریعے سے رفع کرنا پڑا۔ دوسری خرابی یہ ہے کہ ہندوستانی کوئلہ بیرونی کوئلے کے مقابلے میں خراب قسم کا ہوتا ہے۔ عمدہ فولاد کوک کی پیداوار کی حد تک صرف بنگالی کوئلہ بیرونی کوئلے کا مقابلہ کر سکتا ہے۔

زمانۂ جنگ عظیم اور زمانۂ بعد از جنگ کے ابتدائی حصے میں خاصکر ۱۹۱۷ء تا ۱۹۲۱ء کے سالوں میں اس صنعت میں بہت نمایاں توسیع و ترقی ہوئی۔ باربرداری کے جہازوں کی قلت کی بنا پر برطانوی رسد کا رک جانا، کوئلے کی قیمتوں کا اضافہ، حکومت ہند کی جانب سے

لہ دیکھو ویرآنس ٹے کی کتاب بحر ہند کی تجارت (The Trade of the Indian Ocean) صفحہ ۱۹۰

باب ۲ 26

اپریل ۱۹۲۰ء تک کوئلے کی مانگ اور زمانۂ بعد از جنگ میں صنعتی گرم بازاری کے دور میں اندرونِ ملک کوئلے کے صرف میں اضافہ، یہی ان عاملین میں سے چند عامل تھے جنھوں نے اس صنعت کی ترقی کے حق میں محرک کا کام کیا۔ اس کے برخلاف رکاوٹ پیدا کرنے والے عامل صرف یہ تھے :- (۱) کوئلے کی نقل و حمل کے لیے واگنوں کی قلت، اور (۲) کان کنی کے لیے مزدوروں کی رسد کی کمی[1]۔ اس اثنا میں جنوبی افریقہ سے مشرقی بازاروں کو بہ شمول ہندوستان کوئلے کی برآمد تیزی کے ساتھ ترقی کر رہی تھی، جس کا باعث ایک تو یہ تھا کہ جنوبی افریقہ کی حکومت برآمد کی فراخدلی کے ساتھ مالی مدد کر رہی تھی، دوسرے یہ کہ مشرقی بازاروں اور ہندوستان میں برطانوی کوئلے کی درآمد رک گئی تھی، اور تیسرے یہ کہ ہندوستان میں کوئلے کی رسد کی قلت تھی اور ریلوں میں مانگ زیادہ تھی۔ چنانچہ اسی روز افزوں ضرورت کے مدِنظر ہندوستان سے کوئلے کی برآمد پر قیود عائد کی گئی تھیں۔ ان مشکلات کے راستے سے ہٹ جانے کے بعد بھی ہندوستانی کوئلے کی بیرونی فروخت کی مقدار سابق کے ایک جزو سے زیادہ دوبارہ نہ ہو سکی، اور دوسری جانب ملکی بازار میں اس کو روز افزوں مسابقت سے دوچار ہونا پڑا۔ لیکن چونکہ گزشتہ چند سالوں سے جنوبی افریقہ کی تجارت کا توازن بدل گیا ہے اور کوئلے کی نقل و حمل روڑہ یا گٹی کی شرح سے اب بآسانی ممکن نہیں رہی ہے اس لیے جنوبی افریقہ کا کوئلہ مشرقی بازاروں میں سابقہ سہولتوں سے بتدریج محروم ہوتا جا رہا ہے[2]۔ کوئلے اور کوک کی تجارت درآمد و برآمد کی تبدیلیاں مندرجۂ ذیل جدول سے واضح ہوتی ہیں :-

	ماقبل جنگ اوسط	زمانۂ جنگ کا اوسط	مابعد جنگ اوسط	۱۹۲۶ء تا ۱۹۲۷ء	۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء	۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء
درآمد						
مقدار (ایکہزار ٹن میں)	۴۵۵	۱۳۳	۶۳۰	۱۵۵	۱۷۹	۷۱
قیمت (ایکہزار روپیہ میں)	۸۰۸۹	۳۰۴۱	۳۰۴۱	۳۵۶۹	۳۴۶۹	۱۲۵۰

[1] دیکھو ٹیرف بورڈ کی رپورٹ (کوئلے کے کاروبار کے بارے میں) شائع شدہ ۱۹۲۶ء پیراگراف (۱۱)۔
[2] دیکھو آنسٹے کی کتاب محولۂ سابق صفحہ ۵۵۔

باب ۲

برآمد						
مقدار (ایکہزار ٹن)	۸۲۵	۵۲۶	۴۳۴	۶۴۵	۴۳۰	۳۱۱
قیمت (ایکہزار روپیہ)	۷۵۷۷	۴۸۴۶	۵۷۲۴	۸۱۲۳	۴۹۳۵	۲۹۲۲[1]

زمانۂ جنگ عظیم و بعد از جنگ میں کوئلے کے کاروبار کی ترقی کا اندازہ اس واقعے سے ہوسکتا ہے کہ ۱۹۱۴ء میں ہندوستان میں کوئلے کی مجموعی پیداوار ۲۶۳،۶۴،۱۶ ٹن تھی جس کی قیمت ۵،۸۶،۱۰،۶۹،۵ روپیہ وصول ہوئی؛ اس کے برخلاف ۱۹۳۰ء میں اس کی مقدار بڑھ کر ۴۸،۰۴۰،۲۲۸ ٹن اور قیمت ۳،۵۳،۲۶،۲۰۹ روپیہ ہوگئی ۱۹۳۳ء میں مقدار گھٹ کر 27
۱۶۳،۷۸۹،۱۹ ٹن اور قیمت ۸۲،۰۸۶،۱۱،۶ روپیہ ہوگئی۔ اس طرح ابتک پیداوار کی سب سے بڑی مقدار یعنی ۴۸،۰۴۰،۲۲۸ ٹن ۱۹۳۰ء میں حاصل ہوئی ۱۹۳۴ء میں کوئلے کی پیداوار میں پھر کچھ اضافہ ہوا، چنانچہ مقدار ۲۲ ملین ٹن اور قیمت ۶۴۰ لاکھ تھی۔ گویا ۱۹۳۴ء میں مقدار کے ۴،۱۱ فیصد اضافے کے ساتھ مجموعی قیمت میں صرف ۱،۳ فیصد اضافہ ہوا۔ سال موخرالذکر میں بہار و اوڑیسہ سے ۹۸۴،۹۲۵،۱۱ ٹن اور بنگال سے ۹۸۹،۱۹۱،۵ ٹن کوئلہ نکلا۔ ٹیرف بورڈ نے اندازہ لگایا تھا کہ کوئلے کا خالص اندرونی صرف ۱۹۲۵ء میں ۸،۴ ملین ٹن تھا؛ اور اندرونی طلب کو پورا کرنے میں کل رسد میں ہندوستان کا حصہ ۹،۷۵ ملین ٹن تھا۔ کوئلے کے اندرونی صرف کی مقدار ۱۹۱۰ء کے ۹،۰ ملین ٹن سے ۱۹۲۵ء کے ۸،۴ ملین ٹن تک بڑھ جانے کا باعث یہ تھا کہ ریلوں میں اس کی طلب بڑھ گئی تھی، چنانچہ کوئلہ، ریلوں ہی میں انفرادی طور سے سب سے زیادہ مقدار میں صرف ہوتا تھا، اور ریلوں کے علاوہ لوہے اور فولاد کی روزافزوں ترقی پذیر صنعت میں اور دوسری صنعتوں میں بھی کوئلے کی مانگ بڑھ گئی تھی۔ گو برقی قوت کی رسد اور روغنی ایندھن کا استعمال ہندوستان میں بڑھ رہا ہے اس کے باوجود کوئلہ حسب سابق بکثرت استعمال ہوتا ہے؛ اور ممکن ہے کہ آیندہ بھی اس کا استعمال بہت زیادہ وسیع پیمانے پر ہو۔ اس لیے کہ جیسا کہ درآمد و برآمد اور اندرونی صرف کے

[1] برآمد کی تخفیف بکسی حد تک خراب تجارتی حالات کا نتیجہ خیال کی جاسکتی ہے۔ نیٹالی اور جاپانی کوئلہ ہندوستانی کوئلے کے بڑے بازاروں مثلاً سیلون، ہانگ کانگ، اسٹریٹس سیٹلمنٹس، چین اور سیام میں ہندوستانی کوئلے کی جگہ لے رہا ہے۔

باب ۲

اعداد و شمار سے ظاہر ہوگا کہ کوئلے کے کاروبار کو سب سے زیادہ تقویت پہنچانے والی شے خود ملک کے اندر کوئلے کا روز افزوں وسیع بازار ہے۔

جنوبی افریقہ کے کوئلے کی درآمد بہت کچھ بے اطمینانی کا سبب رہی ہے، چنانچہ مارچ ۱۹۲۴ء میں مجلس قانون ساز نے ایک قرارداد منظور کی جس کی رو سے یہ سفارش کی گئی کہ ہندوستانی کوئلے کی تامین کی غرض سے جنوبی افریقہ کے کوئلے پر محصول درآمد عائد کیا جائے۔ اس کے نتیجے کے طور پر ہندوستانی کوئلے کی کمیٹی (انڈین کول کمیٹی) کا تقرر عمل میں آیا تاکہ ہندوستانی کوئلے کو بیرونی مسابقت سے محفوظ کرنے کے مسئلے کو ٹیرف بورڈ میں پیش کرنے سے پیشتر صورت حالات کے فنی پہلوؤں پر غور و خوض اور ان کی تحقیق کر لی جائے[1] اس کمیٹی نے ہندوستانی کوئلے کے کاروبار کو تقویت پہنچانے اور خاصکر کلکتے سے ہندوستانی اور غیر ملکی بندرگاہوں کو کوئلے کی برآمد کو ترقی دینے کے مدنظر متعدد سفارشیں پیش کیں۔ کمیٹی مذکور نے یہ محسوس کیا کہ خوبی اور قیمت کا مسئلہ اہم ترین مسئلہ تھا۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ خوبی کا اطمینان کرنے کی غرض سے کوئلے کی درجہ بندی کی ایک مجلس (کول گریڈنگ بورڈ)[2] قائم کی جائے تاکہ متعلقہ کوئلے کی خوبی کی ضمانت کے طور پر اس مجلس کے جاری کردہ صداقت نامے تسلیم کیے جا سکیں۔ اس سفارش کو حکومت نے منظور کر لیا۔ چنانچہ کول گریڈنگ ایکٹ باب ۲۵ سنہ ۱۹ کی شکل میں ضروری قانون وضع کیا گیا، اور اس کی رو سے ۲۰ جنوری ۱۹۲۶ء کو ایک باقاعدہ مجلس مرتب و قائم کی گئی کمیٹی نے یہ بھی سفارش کی کہ معدنوں سے جو قابل برآمد مصدقہ کوئلہ کلکتے 28
روانہ کیا جائے اس کے نقل و حمل کے مصارف میں تخفیف کی جائے، یعنی ریلوں کے کرایے میں ۱/۴ ۲۰ فیصد رعایتی منہائی اور دریائی کرایوں میں بحساب ۴ سرفی ٹن منہائی کی جائے۔ ان سفارشوں کو متعلقہ ریلوے کمپنیوں اور بندرگاہ کے محکموں نے منظور کر لیا ہے۔

جیسا کہ حال میں شایع شدہ رپورٹ سوم Trade Review بابت ۱۹۲۴ء تا ۱۹۳۲ء میں بتلایا گیا ہے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گو ۱۹۲۴ء تا ۱۹۳۵ء میں صنعتی ترقی کم و بیش عام طور پر برقرار رہی لیکن اس کے باوجود کوئلے کے کاروبار کے حالات میں زیادہ اصلاح و ترقی نہیں ہوئی اس اساسی صنعت کی افسوسناک حالت کا باعث یہ واقعہ رہا ہے کہ فوری پیداوار قابلیت کے مقابلے میں

---

[1] کوئلے کے کاروبار کو تامین دینے کے مسئلے پر جلد دوم باب ۱ فصل ۲۱ میں بحث کی گئی ہے۔

[2] Coal Grading Board

باب ۲

طلب بہت کمی ہوگئی اور اس کی وجہ سے قیمتیں بڑی حد تک گھٹ گئیں۔ کوئلے کے کاروبار کی اس تجویز کو [illegible] پسند نہیں کیا لیکن کوئلے کی طلب کو بڑھانے اور اس کاروبار کی بحالی میں عام طور سے مدد دینے کے لیے کوئلے کی باربرداری بذریعہ ریل کے زائد کرایے میں یکم اپریل ۱۹۳۵ء سے کمی کر دی گئی ہے۔ اس سلسلے میں مغربی افریقہ کے کوئلے کی درآمد پر محصول متوازن عائد کرنے کی موافقت میں اسوسی ایٹڈ چیمبرز آف کامرس کی جانب سے حال (۱۹۳۵ء) میں پیش کی ہوئی یادداشت بھی قابل ذکر ہے۔ اسوسی ایٹڈ چیمبرس آف کامرس (متحدہ ایوان ہائے تجارت) نے ہندوستان سے کوئلے کی برآمد کے لیے ریلوں کے کرایے میں خاص طور پر منہائی کرنے کی بھی تائید کی۔ اسی کے ساتھ سروے فرمر ناظم ارضی مساحت ہند کی حال میں شایع کردہ سرکاری اطلاع میں، جو ۱۹۳۰ء سو سال کے اندر ہندوستان کے عمدہ کوئلے کے کامل طور سے ختم ہو جانے کے امکان کے متعلق متباہ ہے اس کے مدنظر ہندوستانی کوئلے کے ذرایع کی حفاظت کی تدبیریں نکالنا [illegible] ہے۔

۴۰۔ لوہا

آہنی فلزیات کی معلومات بہت قدیم ہیں، اور یورپ سے کوئلے کی درآمد کی مسابقت شروع ہونے سے پیشتر دیسی آہنی صنعت سرسبزی کی حالت میں تھی، اور ملک کے تمام حصوں میں پھیلی ہوئی تھی۔

یہ کہا جا سکتا ہے کہ لوہے کی مصنوعات تیار کرنے کے جدید طریقے بڑے پیمانے پر استعمال کیے جانے لگے؛ چنانچہ مارا کار آئرن ورکس[1] کا کام اسی سال سے شروع ہوا اس کارخانے کا نام بعد میں بنگال آئرن اینڈ اسٹیل کمپنی ہوگیا، اور یہ موجودہ بنگال آئرن کمپنی کا پیش خیمہ تھا۔ ٹاٹا آئرن اینڈ اسٹیل کمپنی کا افتتاح ۱۹۱۱ء میں بہار و اوڑیسہ میں بمقام ساچی میں آیا۔ ہندوستانی فولاد تیار کرنے کا کارخانہ تقریباً ۱۹۱۳ء کے ختم پر کامیابی کے ساتھ قائم ہوا اور بہار و اوڑیسہ کی کوئلے اور لوہے کی معدنوں کے قرب سے اس کو سہولت حاصل رہی۔ لوہے اور فولاد کی صنعت کی مزید ترقیوں کی بحث کے لیے مناسب مقام وہ بارہ ہے جس میں ہندوستانی صنعتوں پر بحث کی گئی ہے۔

---

[1] Barakar Iron Works

باب ۲۲

ہندوستان میں خام لوہے کی پیدائش کی ترقی مندرجۂ ذیل اعداد سے ظاہر ہوتی ہے:-

۱۹۱۴		۱۹۲۱		۱۹۳۰-۳۱		۱۹۳۳	
مقدار (ٹن)	قیمت (روپیہ)	مقدار (ٹن)	قیمت (روپیہ)	مقدار (ٹن)	قیمت (روپیہ)	مقدار (ٹن)	قیمت (روپیہ)
۱۷۲۲۵۳	۳۰۰۰۰۰	۶۰۰۰۰۰	۳۰۰۰۰۰۰	۲۲۶۲۵۳	۳۰۰۰۰۰۰	۱۷۲۲۵۳	۲۰۰۰۰۰۰

غالباً اہم ترین لوہے کی کانیں وہ ہیں جو سنگ بھوم میں اور کیونجھار، بونائی اور مایورہ بھانج کی اوڑیسائی ریاستوں میں واقع ہیں جہاں موجودہ حال کی انکشافات سے یہ پتا چلا ہے کہ تقریباً مسلسل طور سے ۱۰ میل تک خام لوہے کا ذخیرہ پھیلا ہوا ہے"۔ کہا جاتا ہے کہ ایک مقام پر جہاں اس خام لوہے کے ذخیرے کو ایک پہاڑی دریا کاٹتا ہوا گیا ہے اعلیٰ درجے کا ہاماٹیٹ پایا جاتا ہے جس کی مسلسل موٹائی ۱۰۰ فٹ ہے اور جس میں ۶۰ فیصد سے زائد خالص لوہا ہے اور اندازہ کیا گیا ہے کہ اس ذخیرے میں ۲۰۰۰۰۰۰۰۰ ٹن خام لوہے سے کم نہیں ہے۔ ریاست میسور میں بھی خام لوہے کی تہیں پائی جاتی ہیں جن کو آہنی کارخانہ واقع بھدراوتی نکال رہا ہے۔ ایسے آہنی معاون سے جب مزدور زمانہ کے ساتھ لوہا برآمد ہونے لگے گا تو لوہے کی بیرونی رسد پر ہندوستان کا انحصار بخوبی ختم ہو جائے گا۔

۳۱۔ منگنیز یہ ایک بہت ہی قیمتی صنعتی معدنی پیداوار ہے۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ کل دنیا کے خام منگنیز کی پیداوار کا کم از کم ۹۰ فیصد جزو فولاد تیار کرنے کے "بسی مر" اور کھلے چولھے کے طریقوں کے لیے درکار ہوتا ہے۔ منگنیز، بھاری کیمیائی، برقی اور شیشے کی صنعتوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

منگنیز کی صنعت کی ابتدا ہندوستان میں ۱۸۹۲ء سے ہوتی ہے جبکہ اس کی کندیدگی

لہ ۱۹۳۰ء اور ۱۹۳۳ء میں جو کساد بازاری رہی اس کا اثر اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پیداوار اور قیمت میں کمی ہو گئی۔ لیکن ۱۹۳۴ء میں خام لوہے کی پیداوار ۱۹۱۶۰۰۰ ٹن تک بڑھ گئی گویا ۱۹۳۳ء کے مقابلے میں ۵۶ فیصد اضافہ ہوا۔ بیڑ اور فولاد کی پیداوار میں بھی معقول اضافہ ہوا۔

باب ۲

احاطۂ مدراس میں بمقام وزاگاپٹم شروع ہوئی تھی سنہ ۱۹۰۰ء تا سنہ ۱۹۰۱ء میں ۹۰ ہزار ٹن بذریعہ جہاز روانہ کیا گیا، لیکن اس کے بعد سے صوبۂ متوسط کو یہ فخر و امتیاز حاصل ہو گیا ہے کہ وہاں منگنیز کی سب سے بڑی مقدار نکلتی ہے۔ سنہ ۱۹۱۴ء تا سنہ ۱۹۱۵ء میں ہندوستان میں مجموعی پیداوار ۶۸۲۸۹۸ ٹن تھی جس کی قیمت ۱۲۱۵۸۹۶۵ روپیہ تھی، اس کے مقابلے میں سنہ ۱۹۲۹ء میں مقدار ۹۹۴۲۷۹ ٹن اور قیمت ۲۱۰۵۱۸۰۲ روپیہ ہو گئی۔ سنہ ۱۹۳۳ء میں پیداوار گھٹ کر ۲۱۸۳۰۷ ٹن اور قیمت گھٹ کر ۲۶۳۸۱۷۴ روپیہ ہو گئی۔ سنہ ۱۹۰۱ء کے بعد سے یہی پہلا سال ہے جس میں مقدار اور قیمت قلیل ترین بتلائی گئی ہے۔ سرد بازاری کے اثرات جتنی شدت سے منگنیز کے کاروبار میں محسوس کیے گئے اتنی شدت سے ہندوستان کی بڑی معدنی صنعتوں میں سے کسی میں بھی محسوس نہیں کیے گئے۔ صوبۂ متوسط کے اکثر معاون سنہ ۱۹۳۲ء اور سنہ ۱۹۳۳ء میں بند رہے۔ سنہ ۱۹۳۴ء میں کچھ بحالی ہوئی جیسا کہ اس حاقے سے ظاہر ہوتا ہے کہ پیدائش ۴۰۶۰۰۰ ٹن تک بڑھ گئی۔ خام منگنیز ہندوستان کی تین بڑی آہنی کمپنیوں کے کارخانوں میں نہ صرف فولادی بھٹیوں میں آہنی منگنیز تیار کرنے کے لیے بلکہ جھکڑ بھٹیوں میں شریک کر کے بیسمر تیار کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

منگنیز پیدا کرنے والے بڑے علاقے صوبۂ متوسط، مدراس، بمبئی اور میسور ہیں۔ سنہ ۱۹۰۷ء میں صنعت اپنے انتہائی عروج پر پہنچی؛ چنانچہ ہندوستان نے روس کی جگہ لے لی اور دنیا میں اس دھات کے پیدا کرنے والے ملکوں کی صف اول میں آ گیا، گو سنہ ۱۹۱۲ء تا سنہ ۱۹۱۳ء میں ہندوستان پر روس پھر سبقت لے گیا لیکن سنہ ۱۹۱۴ء کے بعد روسی برآمد بالکل موقوف ہو گئی، روس کچھ سال ادھر پیداوار حاصل کرنے اور قرضہ دینے کے غیر معاشی طریقے اختیار کر کے خام دھات کی کثیر مقدار کم قیمت پر بازار میں پیش کرنے کے قابل ہوا ہے۔ جنوبی افریقہ کی کانوں کو بھی ترقی دی جا رہی ہے۔ جنگ عظیم کے زمانے میں ہندوستان میں آہنی منگنیز کی روز افزوں تیاری اور قیمتوں کے کثیر اضافے نے منگنیز کی پیداوار کے حق میں بہت بڑے محرک کا کام کیا۔ سنہ ۱۹۲۹ء تا سنہ ۱۹۳۰ء میں خام دھات کی قابل برآمد مقدار ۸۱۶۰۰۰ ٹن اور اس کی قیمت ۲ کروڑ ۲۹ لاکھ روپیہ تھی۔ برآمد کی اس انتہائی مقدار میں سنہ ۱۹۳۲ء تا سنہ ۱۹۳۳ء میں کمی ہو گئی، چنانچہ ۹۰۸۰۰۰ ٹن دھات برآمد ہوئی اور اس کی قیمت ۴۸ لاکھ روپیہ وصول ہوئی۔ اس کمی کی وجہ یہ تھی کہ تمام دنیا میں منگنیز کے ذخیرے میں اضافہ اور فولاد کی تیاری میں کمی ہو گئی تھی اور اس لحاظ سے منگنیز کی طلب گھٹ گئی تھی۔ سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء میں خام منگنیز کی برآمد کی مقدار ۲۶۶۰۰۰ ٹن اور قیمت ۱۵ لاکھ روپیہ اور

باب ۲

سنہ ۱۹۲۴ء تا سنہ ۱۹۲۵ء میں مقدار . . . ۶۴۰ ٹن اور قیمت ۸۰ لاکھ روپیہ تھی جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ آہن و فولاد و اسلحہ سازی کی صنعتوں میں گرم بازاری کی وجہ سے منگنیز کی طلب کسی قدر بحال ہوگئی۔

۳۲ - سونا

ہندوستان، دنیا کے سونے کی پیداوار کا صرف تقریباً تین فیصد پیدا کرتا ہے۔ ہندوستان میں سونا پیدا کرنے والا اہم ترین رقبہ کولار کی کان ہے جو شرقی میسور میں واقع ہے اور ہندوستان کی مجموعی پیداوار کا ۸۰ فیصد سونا یہیں سے پیدا ہوتا ہے۔ لیکن کولار کی پیداوار مائل بہ زوال ہے؛ سب سے بڑی مقدار یعنی ۵۸،۶۱۶ اونس سنہ ۱۹۰۵ء میں حاصل ہوئی۔ باقی جزو کا بیشتر حصہ اٹنا پور کی کانوں سے برآمد ہوتا ہے جو حاطۂ مدراس میں واقع ہے۔ ممالک محروسہ سرکار عالی میں سنہ ۱۹۰۳ء میں ہٹی کی کان میں کام شروع ہوا، لیکن سنہ ۱۹۲۰ء کے بعد سے کام موقوف ہے۔ دریائے اراوڈی کی تہ سے کیچڑ نکال کر اور چھان کر سونا نکالنے کا عمل اس لیے مایوس کن ثابت ہوا کہ اس سے بہت ہی کم مقدار حاصل ہوتی ہے۔ پنجاب، صوبۂ متوسط اور صوبۂ متحدہ میں بھی مٹی دھو کر سونا نکالنے سے قلیل مقدار نکلتی ہے۔ سنہ ۱۹۲۴ء میں سونے کی مجموعی مقدار ۳۳۶۱۰ اونس پیدا ہوئی 31
اور اس کی قیمت دو کروڑ ۶۷ لاکھ ۴۰ ہزار ۱۷ روپیہ تھی؛ اس کے مقابلے میں سنہ ۱۹۲۳ء میں مقدار ۳۲۹۶۸۱ اونس اور قیمت ۲،۵۳،۵۱،۴۲۸ روپیہ ہوئی تھی۔ سونے کی قیمت کی زیادتی حال میں ہندوستان میں سونے کی پیدائش کے حق میں کسی حد تک محرک ثابت ہوئی ہے۔ سنہ ۱۹۲۴ء میں پیداوار کی مقدار . . . ۲۲۲ اونس تک گھٹ گئی، لیکن قیمت ۲ کروڑ ۹۲ لاکھ تک بڑھ گئی جو سنہ ۱۹۲۰ء کے بعد سے بجواۂ اسٹرلنگ بیش ترین قیمت ہے۔

۳۳ - چاندی، سیسہ، جست

سلطنت ہند کے حدود کے اندر جو دھاتیں پیدا ہوتی ہیں ان کی فہرست میں صرف سنہ ۱۹۰۹ء کے بعد سے چاندی کا اضافہ ہوا ہے۔ تقریباً کل پیداوار بالائی برما میں باڈون سے حاصل ہوتی ہے اور ملک کی ضرورتوں کے مقابلے میں (کیونکہ ہندوستان میں سب سے زیادہ چاندی صرف ہوتی ہے) اس کی مقدار بہت ہی حقیر ہے۔ باڈون کے خام سیسے اور جست کو پگھلانے سے ذیلی پیداوار کے طور پر چاندی حاصل ہوتی ہے۔ برما کے خام دھات کے عظیم ذخائر کا پتا لگ جانے کے بعد سے یہ توقع ممکن ہوگئی ہے کہ برما بہت قریب زمانے میں دنیا کی سیسے کی

باب ۲

پیداوار میں اہم ترین نیا عامل بن جائے گا؛ چنانچہ ۱۹۳۳ء میں تقریباً ۲۰۴۵ ٹن سیسہ نکلا جس کی قیمت ایک کروڑ پندرہ لاکھ اکسٹھ ہزار نو سو پندرہ روپیہ تھی۔ ہندوستان میں اس کا صرف تقریباً لقدر ۴۰۰ ٹن سالانہ ہوتا ہے، اور کثیر مقدار برآمد کے لیے بچ رہتی ہے۔ سیسے کی کان جست کا بھی ایک اہم ذریعہ ہے، چنانچہ جست بہ مقدار کثیر برآمد کیا جاتا ہے۔ سیسے کی طرح جست کے بارے میں بھی یہ توقع ہے کہ ہندوستان دنیا کی رسد کا اہم جزو مہیا کرے گا۔ باڈون کی کانوں کا ایک اور سلسلے میں بھی ذکر ضروری ہے؛ اور وہ یہ کہ سیسہ، چاندی اور جست کے سلفائڈ گندھک کا اتنا بڑا ذخیرہ فراہم کرتے ہیں کہ اس سے ہندوستان کی گندھک کے ترشے کی ضرورت سردست پوری ہو سکتی ہے جو صنعتی ترقی کے لیے نہایت ضروری ہے، لیکن اس توقع نے ابھی تک عملی جامہ نہیں پہنا۔

۳۴ - پٹرولیم[1]

ہندوستان میں تیل پیدا کرنے والے دو نسلیاں رقبے ہیں اور وہ کوہ ہمالیہ کی قوس کے دونوں کناروں پر واقع ہیں۔ مشرقی کنارے پر جو رقبہ واقع ہے اور جو غالباً بہ رجحان زیادہ اہم ہے اس میں آسام اور برما شامل ہیں، اور ان سے مجموعی پیداوار کا ۹۵ فیصد تیل نکلتا ہے۔ مغربی کنارے پر جو رقبہ ہے اس میں پنجاب اور بلوچستان شامل ہیں۔ سب سے کامیاب تیل کے چشمے برما میں وادیٔ اراواڈی میں پائے جاتے ہیں جہاں سے دیسی پٹرولیم کا ۹/۱۰ حصہ پیدا ہوتا ہے۔

پٹرولیم کی پیداوار ۱۹۲۱-۲۲ء میں تقریباً ۱۸۰ ملین گیلن تھی، لیکن ۱۹۳۳ء میں وہ بڑھ کر ۳۲۲ ملین گیلن ہو گئی۔ ملک میں مٹی کے تیل کی عظیم طلب اب اس رسد سے بھی بدرجہا متجاوز ہو گئی ہے جو برما سے حاصل ہوتی ہے، جس کی وجہ سے بیرونی ممالک سے یہ بہ مقدار کثیر درآمد کیا جاتا ہے۔ چنانچہ ۱۹۲۷ء میں ۸۱۵ ملین گیلن، ۱۹۲۸ء میں ۴۰۴ ملین گیلن اور ۱۹۳۰ء میں ۸۰۵ ملین گیلن، ۱۹۳۲ء میں ۸۱۰ ملین گیلن اور ۱۹۳۳ء میں ۸۷۷۵ ملین گیلن درآمد کیے گئے۔ ٹیرف بورڈ نے اندازہ کیا ہے کہ "ملکی رسد کی مقدار، مجموعی طلب کی مقدار کے مقابلے میں ۳۵ تا ۴۰ فیصد کم ہے"[2] ہندوستان کی پٹرولیم کی پیداواروں کے منجملہ

32

[1] پٹرولیم کی صنعت کی ترقی کا دلچسپ حال معلوم کرنے کے لیے دیکھو ٹیرف بورڈ کی رپورٹ "صنعت روغن سنگ" بار میں شایع شدہ ۱۹۳۴ء باب جس پر ہماری کتاب جلد دوم میں ضمن ہند کے باب "بیرونی تیل سے شرکت کی جنگ" کے سلسلے میں بحث کی گئی ہے۔ [2] دیکھو ٹیرف بورڈ کی رپورٹ صنعت روغن کے بارے میں پیراگراف (۴۳)۔

باب ۲

جو مٹی کا تیل نکلتا ہے اس کا کوئی حصہ برآمد نہیں کیا جاتا۔ لیکن جن اشیا کی زیادہ تر برآمد ہوتی ہے وہ یہ ہیں:- پٹرول بنزین (Benzine) موم اور موم بتیاں۔ خاص کر ملکی صرف میں اضافے کے باعث پٹرولیم کی برآمد بشمول بنزین، بنزول (Benzol) اور پٹرول بہ سرعت زوال پذیر ہے۔ ملکی پٹرول کی کثیر پیداوار کے باوجود رسد اتنی کافی نہیں ہوتی جس سے ملکی طلب پوری ہو سکے۔ چنانچہ اندازہ کیا گیا تھا کہ ۱۹۲۴ء تا ۱۹۲۵ء میں طلب بقدر ۲۱۵۸ ملین گیلن یا ۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء کے اندازے کے مقابلے میں ۶۰ ملین گیلن زیادہ تھی۔ پٹرول کی برآمد اب تقریباً رک گئی ہے اور ٹیرف بورڈ اس بات کا اندیشہ محسوس کرتا ہے کہ ہندوستان میں عنقریب اس کی قلت ہو جائے گی جس کو پورا کرنے کے لیے باہر سے کثیر مقدار درآمد کرنی پڑے گی چنانچہ ۱۹۲۲ء تا ۱۹۲۳ء میں ۵ ملین گیلن پٹرول درآمد کیا گیا۔

۱۹۳۰ء تک پٹرولیم کے اعداد و شمار سے یہ پتا چلتا ہے کہ پیداوار میں تدریجی تخفیف کا قطعی میلان پایا جاتا ہے جس کا خاص باعث یہ ہے کہ نیا تنگ یا تنگ کی پیداوار گھٹ گئی ہے جو برما کے تیل کے چشموں میں قدیم ترین اور سب سے زیادہ ترقی یافتہ چشمہ ہے۔ ان اعداد سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندوستان بشمول برما کی پیداوار کو ۱۹۱۹ء اور ۱۹۲۱ء کی اعلیٰ سطحوں تک (جبکہ ۲۰۵ ½ ملین گیلن سے زیادہ پیداوار حاصل ہوتی تھی) برقرار رکھنے میں روز افزوں دقت محسوس ہو رہی ہے؛ چنانچہ اس کے بعد ۱۹۲۷ء میں پیداوار گھٹ کر ۱۸۱۱۳۹۰۹ گیلن ہو گئی۔ پھر بھی حالیہ سالوں میں پیداوار کے اعداد سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس میلان میں اصلاح ہو گئی ہے۔ پٹرولیم کی پیداوار ۱۹۲۶ء میں ۲۰۵۹ ملین ۱۹۲۹ء میں ۲۰۶۱ ملین، ۱۹۳۰ء میں ۲۱۱۰ ملین اور ۱۹۳۴ء میں ۲۲۲۰ ملین گیلن تھی؛ موخر الذکر مجموعی مقدار سب سے بڑی انتہائی مقدار ہے جس کا حال اب تک معلوم ہو سکا ہے ۱۹۳۰ء اور ۱۹۳۴ء کا اضافہ آسام کی پیداوار کے بہت ہی کثیر متناسب اضافے اور برما کی پیداوار کی قلیل سی زیادتی کا نتیجہ ہے۔ آسام کی زائد پیداوار نے اسی زمانے کی برما کی پیداوار کی کمی اور پنجاب کی پیداوار کی عظیم تخفیف کو تقریباً زائل کر دیا ہے۔ لیکن نئے اہم چشمے دریافت ہونے تک یہ زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ سابقہ کاموں میں زیادہ سرمایہ لگانے کے بجائے احتیاط اور کفایت شعاری کے اصول پر کام کیا جائے۔ ٹیرف بورڈ یہ خیال ظاہر کرتا ہے کہ اٹاک اور آسام کے چشموں کے امکانات بہت بڑے ہیں[1]۔ ہندوستانی پٹرولیم کی پیداوار کا

[1] ٹیرف بورڈ کی رپورٹ (منسوجات یدھنی)، پیراگراف (۵)

ب ۲ تناسب دنیا کی مجموعی پیداوار کے مقابلے میں بہت ہی حقیر ہے۔ دنیا کی مجموعی پیداوار کچھ
33 سال ادھر سے سرعت کے ساتھ بڑھ گئی ہے، چنانچہ ۱۹۲۰ء کے مقابلے میں جبکہ پیداوار
۹۶ ملین لانگ ٹن تھی وہ بڑھ کر ۱۹۲۷ء میں ۵، ۸ ملین لانگ ٹن ہوگئی۔ ہندوستان کا حصہ
باوجود اس کے کہ پیداوار میں قطعی طور پر اضافہ ہوا اس زمانے میں ۱۱ فیصد سے گھٹ کر
۶۴، فیصد ہوگیا۔ ۱۹۲۰ء میں دنیا کی پیداوار میں ایک اور نمایاں اضافہ ہوا، یعنی
مقدار ۱۸ ملین ٹن سے زائد تھی۔ ۱۹۲۹ء میں مزید اضافہ ہوا اور پیداوار ۲۰۲ ملین ٹن
سے زائد ہوگئی، لیکن ۱۹۳۰ء میں دنیا کی پیداوار گھٹ کر ۱۹۹ ½ ملین ٹن ہوگئی۔ ۱۹۳۲ء
میں تقریباً ۱۷۰ ملین ٹن تک گر گئی، اور اس کے برخلاف ۱۹۳۳ء میں پیداوار پھر ۱۹۸ ملین ٹن تک
بڑھ گئی۔ موخرالذکر سال میں دنیا کی رسد کے بمجملہ ریاستہائے متحدہ امریکہ سے ۵، ۲۲ فیصد
اور روس سے ۶، ۱۰ فیصد حاصل ہوا۔ ہندوستان کا حصہ ۱۹۲۸ء میں ۶۴ فیصد تھا جو
۱۹۲۹ء میں گھٹ کر ۶۰، فیصد ہوگیا۔ ۱۹۳۲ء میں کچھ بڑھ کر ۶۴، ہوگیا۔ اور ۱۹۳۳ء میں
پھر ۶۲، فیصد تک گھٹ گیا۔ موخرالذکر سال میں ہندوستان کا درجہ دنیا کے پٹرولیم پیدا
کرنے والے ملکوں میں بارہواں تھا۔[1]

۳۵۔ ابرق

ابرق زیادہ تر برقی صنعت میں حاجز واسطے[3] کے طور پر استعمال ہوتی ہے،
اور جنگ عظیم کے زمانے میں لاسلکی پیام رسانی، علم ہوائی جہاز رانی اور
نقل و حمل بذریعۂ موٹر کی ترقیوں کے سلسلے میں اس نے بہت اہمیت حاصل کرلی، چنانچہ اس کے
بغیر یہ ترقیاں ناممکن ہوتیں۔

ہندوستان میں سالہا سال سے ابرق کثیر مقدار میں پیدا ہو رہی ہے، چنانچہ اس کی مقدار
دنیا کی مجموعی مقدار کے ⅗ سے زیادہ ہے۔ ابرق زیادہ تر بہار، نیلور، سلم، مدراس پریسیڈنسی
کے اضلاع ملیبار، ٹراونکور اور اجمیر مرواڑہ اور راجپوتانہ کے دوسرے علاقوں میں دستیاب
ہوتی ہے۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ۵،۰۰۰ ہنڈرڈ ویٹ ابرق برآمد کی گئی جس کی قیمت
۶۹ لاکھ روپیہ تھی۔ یہ غالباً ہندوستان کی مجموعی سالانہ پیداوار کی نمایندگی کرتی ہے۔ ظاہر ہے کہ
پیداوار کے اعداد غیر مکمل ہیں، چنانچہ اس کی مقدار برآمد کی تقریباً نصف ہے۔

---

[1] دیکھو آنس ٹے کی تصنیف محولۂ بالا، صفحہ ۱۸۹
[2] دیکھو "انڈین ایر بک" بابتہ ۱۹۳۵ء صفحہ ۷۰۰۔
[3] Insulating Medium

باب

۳۶ - ولفرام

ٹنگس ٹن (Tungsten) میں سب سے بڑی خام دھات یہی (ولفرام) ہوتی ہے، اور تیز تراش فولاد کی تیاری میں جو جنگی اغراض کے لیے بے بہا ہے اس کا استعمال ناگزیر ہے۔ ٹنگس ٹن بھی دوسرے اہم کاموں میں استعمال ہوتا ہے، مثلاً تاباں لمپ کے رشتکوں کے تار تیار کرنے رنگریزی اور اگن روک سامان وغیرہ کے لیے۔ ولفرام کی کان کنی ہندوستان میں ۱۹۱۰ء میں شروع ہوئی اور دوسرے ہی سال برما سے ۳۰۰ ٹن پیداوار کی برآمد نے برما کو دنیا کے ولفرام پیدا کرنے والے ملکوں کی پہلی صف میں کھڑا کر دیا۔ برما اور خاصکر ٹوائے کی کانوں میں ولفرام کی تہیں زمانۂ جنگ عظیم میں سلطنت کے لیے اہم ترین ثابت ہوئیں۔ اختتام جنگ کے بعد سے زمانۂ جنگ کے محرک کی عدم موجودگی کے باعث صنعت میں انحطاط پیدا ہو گیا ہے۔

۳۷ - شورا

شورے کی طلب، صنعتی اغراض مثلاً شیشہ سازی، غذا کے تحفظ اور کھاد کی تیاری کے لیے بہت زیادہ ہے۔ ہندوستان میں اس کی پیداوار عملاً بہار، صوبۂ متحدہ، اور پنجاب تک محدود ہے۔ کسی زمانے میں ہندوستان کو تمام دنیا میں 34
نائٹریٹس (Nitrates) کی رسد کا عملی اجارہ حاصل تھا جو دھما کو اشیا اور کیمیاوی کھاد کی تیاری کے لیے نہایت اہم ہیں لیکن ایک حد تک حکومت ہند کے محصول کی پالیسی کے باعث اور ایک حد تک دوسرے اسباب کی بناء پر ہندوستان کو دوسرے ملکوں یعنی غیر ممالک نے اس حیثیت سے ہٹا دیا۔ حکومت ہند نے مالی اغراض کے لیے ایک بھاری محصول برآمد عائد کر کے کچھ زمانے تک ہندوستانی اجارے سے نفع حاصل کرنے کی کوشش کی۔ جنگ کے زمانے میں ہندوستانی شورے کی پیدائش اپنی سابقہ حالت پر کسی حد تک عود کر آئی، اس لیے کہ سامان جنگ کی تیاری کے سلسلے میں اس کی ضرورت تھی۔ بیرونی بازاروں میں جنگ کے زمانے کی طلب کی موقوفی اور چائل کے نائٹریٹ اور فرانس کے پوٹاش کے نمکوں کے مقابلے نے اس صنعت پر مخالف اثر ڈالا، چنانچہ جنگ کے زمانے میں اوسط پیداوار ۴۴۰۰۰ ہندرڈ ویٹ اور قیمت ۱۰ لاکھ روپیہ تھی، لیکن ۱۹۲۴ء تا ۱۹۲۵ء میں مقدار ۱۷۳۰۰ ہندرڈ ویٹ اور قیمت ۱۴ لاکھ تک گھٹ گئی[1]

[1] دیکھو ایک رپورٹ مرسوم بہ ریویو آف دی ٹریڈ آف انڈیا، ۱۹۲۴ء تا ۱۹۲۵ء
(Review of the Trade of India)

تقریباً کل پیداوار برآمد کر دی جاتی ہے اور صرف ایک خفیف جزو کھاد کے طور پر استعمال کرنے کی وجہ سے اور وہ بھی خاصکر آسام کے چائے کے باغوں کے لیے ملک میں رکھ لیا جاتا ہے۔

۲۸ - دوسری معدنی پیداوار دوسری معدنی پیداوار جو ہندوستان کی معدنی پیداوار میں بہ لحاظ اہمیت دوسرے درجے پر ہے، سیسہ، ٹن، تانبا، جست، المونیم، کرومائٹ، ایشب، پوٹاش، عنبر، الماس، یاقوت، گندھک وغیرہ ہے۔

۲۹ - نمک ہندوستان میں نمک کے سالانہ صرف کا تقریباً تین چوتھائی حصہ خود ملک ہی میں پیدا ہوتا ہے اور مجموعی صرف کی مقدار دو ملین ٹن سے زائد ہے۔ ۱۹۳۳ء میں نمک کی مجموعی پیداوار ۴۱۲۲۸۴۱۷ ٹن اور اس کی قیمت ایک کروڑ ۱۴ لاکھ ۲۴ ہزار ۸ سو چھیاسٹھ روپیہ تھی۔ اسی سال ہندوستان میں ۳۹۶۸۱۸ ٹن نمک درآمد ہوا جس کا بڑا حصہ عدن اور ماتحت علاقوں سے آیا۔ برخلاف اس کے ۱۹۳۲ء میں ۵۵۲۷۴۱ ٹن نمک درآمد ہوا تھا۔ ۱۹۳۴ء میں نمک کی پیداوار بہت بڑھ گئی، یعنی ۹۶۳۰۰۰۰ ٹن ہو گئی۔ ہندوستانی نمک کا تقریباً ۶۰ فیصد حصہ بمبئی، مدراس اور برما کے سواحل پر سمندر کے پانی کی تبخیر کے ذریعے سے حاصل کیا جاتا ہے۔ نمک کا دوسرا منبع پنجاب میں سالٹ رینج اور کوہاٹ کی کانیں ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ کوہاٹ میں نمک کے ذرائع اس قدر وافر ہیں کہ بہت طویل زمانے تک وہ کام دیتے رہیں گے۔ دوسرے دو ذریعے یہ ہیں کہ راجپوتانے میں جھیل سانبھر کے کھارے پانی سے نمک بنایا جاتا ہے اور رن آف کچھ خورد کی سرحد پر کھارے پانی کو گڑھے کھود کر جمع کیا جاتا ہے۔ جب پانی خشک ہو جاتا ہے تو نمک نکال لیا جاتا ہے۔ ہندوستان میں نمک کی پیداوار کو بڑھانے اور ملک کو خود کفیل بنانے کا مسئلہ ۱۹۲۹ء میں ٹیرف بورڈ کے روبرو پیش ہوا جس کی رپورٹ ۱۹۳۰ء میں شایع ہوئی۔ اندازے سے کہا جا سکتا ہے کہ بیرونی نمک کی معمولی طلب بنگال کے بازار کے لیے تقریباً ۵۰۰۰۰۰ ٹن اور برما کے بازار کے لیے ۸۰۰۰۰۰ ٹن ہوگی۔ بنگال کے بازار میں (جس کو زیادہ تر ہندوستان خاص خیال کیا جا سکتا ہے) "سفیدی، کنکریوں کی ہمواری اور رطوبت کی عدم موجودگی کو بہت اہمیت دی جاتی ہے"، قیمت بھی طلب کا تعین کرنے والا عامل ہے۔ کلکتے کے بازار میں قیمتوں میں بہت شدید تغیرات واقع ہوتے ہیں، جس کا باعث کسی حد تک تو نقل و حمل کی شرحوں کے تغیرات ہیں، لیکن زیادہ تر کاروباری اتحادوں اور سوداگروں

باب ۲

کا عمل ہے۔ ٹیرف بورڈ یہ خیال ظاہر کرتا ہے کہ بنگال کے بازار کی کل طلب ہندوستان اور عدن مل کر پوری کر سکتے ہیں، چنانچہ تنہا عدن میں سالانہ ۳۰۰۰۰۰ ٹن نمک پیدا ہوتا ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ جو نمک سمندر کے راستے کراچی اور اوکھا سے اور بذریعۂ ریل کھیورا، سانبھر اور پچ بھدرا سے آتا ہے اس کے ذرائع کو مناسب ترقی دی جائے۔

بنگال کے لیے کھیورا وغیرہ سے جو نمک بذریعۂ ریل آتا ہے اس کی رسد قومی اغراض کے نقطۂ نظر سے کراچی اور اوکھا سے بذریعۂ بحر لائے ہوئے نمک کے مقابلے میں قابل ترجیح ہے، اگرچہ موخر الذکر مرکزوں کو بعض خاص قدرتی سہولتیں حاصل ہیں۔ بذریعۂ ریل جو نمک آتا ہے وہ زمانۂ جنگ میں قلت نہ ہونے دینے کا ضامن ہے۔ اضافۂ پیداوار کے نتیجے کے طور پر ریلوں کی نقل و حمل بڑھے گی اور نمک کی قیمتوں میں کمی ہوگی لیکن ریل سے جو نمک آتا ہے اس کی کمی کو سمندر سے نمک لا کر پورا کرنا چاہیے۔ بورڈ یہ سفارش کرتا ہے کہ حکومت رسد کے ان ذرائع کو ترقی دینے کے خیال سے ان کی مکمل جانچ کرے اور نمک کے لیے ریلوں کی شرحوں کی تخفیف کے مسئلے کی پوری تحقیقات کرے۔ قیمتوں میں ثبات پیدا کرنے کے لیے جو ہندوستانی رسد کے ذرائع کی ترقی کے لیے نہایت ضروری ہے، بورڈ یہ سفارش کرتا ہے کہ درمیانی تدبیر کے طور پر حکومت بنگال میں نمک کی درآمد کی نگرانی اپنے ہاتھ میں لے۔ حکومت کو چاہیے کہ مناسب قیمت فروخت پر اس ہندوستانی نمک کو خریدے جو بذریعۂ بحر لایا جاتا ہے اور بذریعۂ ریل لائے ہوئے نمک کا استعمال عوام میں بڑھائے۔ مزید ضرورت ظاہر ہو تو اس کو بیرونی تیار کرنے والوں سے خرید کر پورا کیا جائے۔ یہ پالسی کراچی، اوکھا بلکہ عدن کے چھوٹے کارخانوں کو بھی بیرونی مقابلے کی زد سے محفوظ رکھے گی۔ لیکن چونکہ حکومت، درآمدہ نمک کی فروخت اور تقسیم کی بہترین ایجنسی نہیں ہے، لہٰذا بورڈ یہ سفارش کرتا ہے کہ ایک مجلس فروخت Marketing Board رفاہ عام کمپنی کے طور پر ترتیب دی جائے جو شمالی ہند میں نمک کی خرید و فروخت کا انتظام اپنے ذمے لے۔ خریداری کرتے وقت بورڈ کو چاہیے کہ مطلوبہ خوبی کے ہندوستانی نمک کو ترجیح دے، اور ایک مناسب قیمت فروخت مقرر کی جائے جو کرایۂ نقل و حمل کی تبدیلی کے تابع رہے۔ بورڈ آف ڈائرکٹرس میں حکومت کو مستقل نمایندگی حاصل ہونی چاہیے اور حکومت کو نامنظوری (Veto) کا حق حاصل ہونا چاہیے[1]۔ درآمدہ نمک کی قیمت میں معتدبہ کمی اور اس کے نتیجے کے طور پر مجوزہ

[1] دیکھو ٹیرف بورڈ کی رپورٹ (صنعت نمک سازی) شایع شدہ سنہ ۱۹۳۲ء۔

باب ۲ حکومتی نگرانی سے زیادہ سادہ مستعدانہ کارروائی کی ضرورت کے پیشِ نظر مجلس قانون ساز کی ایک حالیہ کمیٹی نے یہ سفارش کی کہ تمام بیروں نمکوں پر ۱/۴-۴ آنے فی من کا زائد محصول عارضی طور پر عائد کیا جائے، عدن کا نمک اس سے مستثنیٰ رہے اور عدن کو اس غرض کے لیے ہندوستان کا جزو سمجھا جائے۔ اس سفارش کو قانون (زائد) محصول درآمد نمک (Salt Additional Import Duty Act) بابتہ ۱۹۳۱ء میں شریک کر لیا گیا اور یہ قانون ۱۸ مارچ ۱۹۳۱ء کو نافذ کر دیا گیا۔ اس قانون کی مدت ابتداً ایکسال رکھی گئی تھی لیکن متعاقب توسیعی قوانین کے ذریعے سے وقتاً فوقتاً اس میں توسیع کی گئی جو ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء کو ختم ہونے والی تھی۔ قانون تتمۂ مالیہ بابتہ ۱۹۳۱ء کی رو سے نمک کی کروڑگیری اور چنگی پر ۲۵ فیصد کا اضافہ کیا گیا[1] مجلس قانون ساز کی صنعت نمک سازی کی کمیٹی کی سفارش کے مطابق ۱۹۳۳ء میں زائد محصول فی من ۱/۴-۴ آنے سے گھٹا کر ۱/۴-۲ آنے کر دیا گیا۔ بنگالی ممبروں نے زائد محصول کی مخالفت اس بنیاد پر کی کہ وہ بنگالی صارفوں کو نقصان پہنچا کر عدن کے پیداکرنے والوں کی امداد کا اثر پیدا کرتا ہے۔ بہرصورت عدن اور برما کی ہندوستان کے قریب الوقوع علیحدگی کے پیشِ نظر محصول مکرر غور چاہتا ہے۔

36

۴۰۔ عمارتی پتھر ہندوستان میں تعمیر کے کام کے لیے جو اہم ترین پتھر دستیاب ہو سکتے ہیں ان میں سے ایک "ریت پتھر" ہے، جو بندھیاچل کے پہاڑی نظام سے تعلق رکھتا ہے۔ ریت پتھر ایک وسیع رقبے میں پائے جاتے ہیں جو دہری (موتوحہ دریائے سون) سے ہوشنگ آباد اور گوالیار تک اور یہاں سے آگرہ اور نیمچھ تک پھیلا ہوا ہے۔ اشوک کے زمانے سے موجودہ زمانہ تک ہندوستانی فن تعمیر کے متعدد عظیم شاہکار اسی پتھر سے تیار ہوئے ہیں۔ جزیرہ نما کے جنوبی حصے میں مختلف قسم کے آتشی پتھروں کو زیادہ تر استعمال کیا جاتا ہے۔ جنوبی ہند کے مرکز میں دوسرے قسم کے تعمیری مسالے سلیٹ (Slate) اور چونے کا پتھر ہیں؛ صوبۂ متوسط اور وسطی ہند وغیرہ میں باسلٹی (Basalt) چٹان پائی جاتی ہے؛ لیٹیرائٹ یا خشتی پتھر ہندوستان میں تقریباً ہر جگہ پایا جاتا ہے؛ مشہور پُور بندری پتھر، بمبئی اور کراچی میں بکثرت استعمال ہوتا ہے؛ ضلع جبل پُور اور صوبۂ متوسط کے دوسرے علاقوں میں سنگ مرمر موجود ہے؛ اس کے

[1] دیکھو باب متعلقہ "مالیہ" جلد دوم۔

باب ۲

علاوہ پتھروں کی بے شمار قسمیں ملک میں پائی جاتی ہیں۔

۴۱ سیمنٹ سازی کی اشیا

سمنٹ سازی کے لیے اہم ترین خام اشیا کھڑیا یا چونے کا پتھر، اور چکنی مٹی درکار ہوتی ہیں جو ہندوستان میں بکثرت دستیاب ہوتی ہیں؛ مثلاً ریاست بندی راجپوتانہ میں لاکھیری کے قریب اور کٹنی میں بھی، جہاں چونے کا پتھر اور چکنی مٹی عمدہ ملتی ہے۔ دوسرے علاقے کاٹھیاواڑ میں پوربندر اور صوبۂ متحدہ میں لکھنو اور کانپور کے نواح ہیں۔ ہندوستان میں بنی ہوئی پورٹ لینڈ سمنٹیں بہترین انگریزی قسموں کے مساوی خیال کی جاتی ہیں۔ بحیثیت مجموعی ہندوستانی سمنٹ سازی کی صنعت کا مستقبل بظاہر بہت روشن معلوم ہوتا ہے۔

۴۲ - چونا

چونے کا سب سے اہم سرچشمہ چونہ کا پتھر ہے جس کا ذکر اس کے دوسرے مفید کاموں کے سلسلے میں کیا جا چکا ہے۔ اس کی رسد تقریباً غیر محدود ہے اگرچہ صرف ان تہوں اور طبقوں میں کام کیا جاتا ہے جن کا محلِ وقوع نقل و حمل کے اغراض کے لیے یا کسی اور خاص مقامی سبب سے بہت مناسب ہے۔

۴۳ - نباتی ذرائع

37 ملک کا وسیع رقبہ، بلندی کے اختلافات، عرض بلد کی وسعت، آب و ہوا اور مختلف خواص رکھنے والی زمینیں، ہندوستان کو انواع و اقسام کی نباتی پیداوار اگانے کے قابل بناتی ہیں جو منطقہ حارہ کے جنوب اور منطقہ معتدلہ میں پیدا ہوتی ہیں۔ چنانچہ مندرجۂ ذیل بیان سے اس کی توضیح ہوگی۔ (۱) کھانے کے اجناس:- چاول بنگال، بہار و اوڑیسہ اور برما اور ایک حد تک بمبئی اور مدراس میں؛ گیہوں شمال و مغربی ہند میں؛ جوار اور باجرا بمبئی اور مدراس میں؛ مکائی بہار و اوڑیسہ، صوبۂ متحدہ اور پنجاب میں؛ چنا پنجاب، بہار و اوڑیسہ، صوبۂ متحدہ اور صوبۂ متوسط میں۔ (۲) جڑی بوٹی:- گرم مسالے اور بگھار مدراس، بمبئی اور بنگال میں؛ نیشکر کل ہندوستان میں، خاصکر صوبۂ متحدہ میں؛ قہوہ مدراس اور کورگ میں؛ چائے آسام اور بنگال میں؛ (۳) تخم:- السی، تل، سرسوں، رای، مونگ پھلی اور ارنڈی وغیرہ جیسے روغندار تخم مدراس، صوبۂ متحدہ، صوبہ جات متوسط، بمبئی اور برما میں۔ (۴) ریشے:- روئی بمبئی، برار، پنجاب اور مدراس میں؛ سن بنگال میں۔ (۵) متفرق:- افیون صوبۂ متحدہ میں؛ تمباکو بنگال، بہار، بمبئی اور مدراس میں؛ چارہ کی فصلیں پنجاب اور صوبۂ متحدہ میں؛ جنوبی ہند اور برما میں سن کونا (کونین)؛ انڈیا ربر آسام، خاصیہ پہاڑی اور برما میں؛ ان کے علاوہ دوسری جنگل کی پیداوار۔

باب ۲

۴۴ - حیوان

ہندوستان جیسے زرعی ملک کے لیے حیوانات کی موجودگی کی اہمیت پر زور دینے کی بمشکل ضرورت ہے۔ ہندوستانی حالات کے تنوع نے فطری طور سے حیوانات میں بھی بہت کچھ تنوع پیدا کر رکھا ہے۔ چنانچہ یورپ کے مقابلے میں ہندوستانی حیوانات کے انواع و اقسام کی تعداد بدرجہا زیادہ ہے۔ گائے اور بھینس کی قدر زیادہ تر دودھ دینے والے جانوروں کی حیثیت سے کی جاتی ہے۔ زرعی معیشت کے نظام میں بیل اہم کام انجام دیتا ہے، نہ صرف بار برداری کے جانور کی حیثیت سے بلکہ کھیتوں میں کام کرنے کی حیثیت سے بھی؛ اور گھوڑوں یا میکانکی قوت کے استعمال سے کسان عملاً بے بہرہ ہے۔ زرعی کاروبار میں استعمال کیے جانے والے جانوروں نیز بھیڑ بکریوں کا فضلہ، ہندوستانی کسان کو اس کا مطلوبہ کھاد قریب قریب سب کا سب مہیا کرتا ہے؛ اور مصنوعی کھاد کا رواج ابھی بہت ہی ابتدائی حالت میں ہے۔ غریب گدھا ہر جگہ پایا جاتا ہے اور اس سے بار برداری کا کام لیا جاتا ہے۔ اونٹ، ملک کے ریتیلے علاقوں میں پایا جاتا ہے اور ریگستانوں میں حمل و نقل کے کام میں لایا جاتا ہے۔ بھیڑ بکریاں بھی بہت اہمیت رکھتی ہیں، خاصکر بنگال، آسام اور جزیرہ نما کے ساحلی خطوں جیسے علاقوں میں چنانچہ یہاں کے رہنے والوں کی غذا میں وہ نائٹروجن کے عناصر مہیا کرتی ہیں جو دوسرے مقامات میں 38
والوں سے پورے ہوتے ہیں۔ ہندوستانی سمندروں میں کھانے کے قابل مختلف قسم کی مچھلیاں دستیاب ہوتی ہیں۔ لیکن یہ ذرائع ابھی اس بات کے محتاج ہیں کہ جدید طریقوں سے مناسب اور باقاعدہ طور پر کام کر کے فوائد حاصل کیے جائیں۔

ہندوستان کے وسیع جنگلات میں مختلف قسموں کے وحشی جانوروں اور پرندوں کی بہتات ہے اور وہ شکاری کے لیے بہت اچھا شکار مہیا کرتے ہیں۔

۴۵ - قوت کے ذرائع

ہندوستان میں قوت کے اہم ذرائع کوئلہ، جلانے کی لکڑی، تیل اور الکحل، ہوا اور پانی ہیں۔ کوئلہ کا ذکر معدنی پیداوار کے تحت کیا جا چکا ہے۔ جنگلات کے افادے کا حال بھی جلانے کی لکڑی کی رسد کا منبع ہونے کی حیثیت سے بیان ہو چکا ہے لیکن اکثر ہندوستانی جنگلات، پہاڑی علاقوں میں پائے جاتے ہیں جہاں سے نقل و حمل بہت دقت طلب اور بیش خرچ ہوتی ہے۔ اگر اس دقت کو بھی موثر طریقے سے رفع کر لیا جائے تب بھی یہ امر مشتبہ ہے کہ آیا جلانے کی لکڑی کی رسد، طلب کا ساتھ صنعتی اغراض کے لیے اس وقت تک دے سکتی ہے جب تک کہ وسیع پیمانے پر تحلل بندی نہ کی جائے۔ صنعتی کمیشن نے لکڑی کی کشید کے فوائد پر خاص طور پر توجہ مبذول کی ہے اور بیان کیا ہے کہ اس طریقے سے لکڑی کا کوئلہ اور اسی کے ساتھ متعلقہ الکحل، چوبی تارکول وغیرہ جیسی قیمتی ذیلی پیداوار حاصل

باب ۲

ہو سکتی ہے جس کو فروخت کرنے سے لکڑی کے کوئلے کی مقامی قیمت میں بہت بڑی حد تک کمی ہو جائے گی۔ کمیشن مذکور یہ بھی مشورہ دیتا ہے کہ قوت کے چھوٹے کارخانوں کو چھوڑ کر سب کارخانوں میں اتصاعی گیس پلانٹ Suction Gas Plant سے کام لیا جائے کہ اس سے انتہائی سہولت ہو گی اور کام اچھا ہو گا؛ اور اس نقطۂ نظر سے کمیشن ایسے طریقے اختیار کرنے کے بارے میں سفارش کرتا ہے جن کی بناء پر ایسے پلانٹ کے لیے ایندھن کی قیمت میں کمی ہونے کا قرینہ ہے۔ ہندوستان کی حیثیت تیل کے ذرائع کی حد تک معدنی پیداوار کے تحت جانچی جا چکی ہے اور اس بات پر زور دیا جا چکا ہے کہ اس سے کام لینے میں بڑی احتیاط کے ساتھ کفایت کی جائے۔ لیکن چونکہ بلوچستان، پنجاب، آسام وغیرہ میں تیل کی موجودگی کے امکان کو اب بھی مشتبہ قرار دینا ضروری ہے اور چونکہ برما کے چشموں سے بسرعت استحصال کیا جا رہا ہے، لہٰذا ہم اس خاص قسم کی قوت پر بہت زیادہ اعتماد نہیں کر سکتے۔

جس حد تک صنعتی اغراض کے لیے الکحل سے بطور قوت محرکہ استفادہ کرنے کے امکان کا تعلق ہے وہاں تک، بعض قسم کی نباتی پیداوار اس قابل معلوم ہوتی ہے کہ اس سے الکحل کی مطلوبہ مقدار نکالی جا سکے۔ لیکن یہ پھر بھی ایک قیاسی چیز ہے اور احتیاط کے ساتھ تحقیق اور تجربہ چاہتی ہے۔ اس کام میں سہولت پیدا کرنے کی خاطر کمیشن نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ چنگی کی بندشوں کو کسی حد تک نرم کر دیا جائے۔

۴۶۔ آبی قوت

ارزاں قوت محرکہ کی رسد، کامیاب صنعتی ترقی کے اساسی شرائط میں سے ایک ہے۔ صنعتی اغراض کے لیے قوت کی تکوین کی غرض سے کوئلہ جلانے کی لکڑی یا تیل کی رسد کے بارے میں ہندوستان کی صورت حال مذکورہ اسباب کی بناء پر خاطر خواہ طریقے پر موافق نہیں ہے۔ لیکن آبی قوت کے ترقی پانے کے اچھے خاصے توقعات ہیں۔ اب تک آبی قوت، بارش کی موسمی نوعیت کے باعث محدود رہی ہے اور اس کے لیے پانی کے مبلغ خرچ ذخائر تعمیر کرنا ناگزیر ہے جو مقامات دور واقع ہیں ان میں برقی قوت پہنچانے کا طریقہ کامیاب ثابت ہونے سے پیشتر روئی کی صرف دو ایک خاصی بڑی گرنیاں جیسی کہ یہ مقام گوکاک بمبئی میں ہیں اور متعدد چھوٹے کارخانے جو نخل بندوں کی زمینوں میں پہاڑیوں میں واقع ہیں کسی بڑی حد تک آبی قوت سے استفادہ کرتے تھے۔ علاوہ ازیں پہاڑی دریاؤں پر اور آب پاشی کی نہروں میں آب شاروں پر کپاس پیسنے آٹے کی گرنی چلانے کے لیے استعمال کیے جاتے تھے لیکن حالیہ زمانے میں بڑی بڑی برقابی تجاویز پر بہت کچھ توجہ مبذول کی گئی ہے۔ چنانچہ دریائے میسور نے پہلا برقابی

باب ۲

کارخانہ مشرق میں بمقام سیوا سموم دریائے کاویری پر ۱۹۰۲ء میں قائم کیا جس کا اولین مقصد معدن طلا واقع کولار کو قوت مہیا کرنا تھا۔ اس کے فوراً ہی بعد دربار کشمیر نے اسی کے مماثل کارخانے دریائے جہلم پر قائم کیے جن میں بیس ہزار برقی اسپی قوت کی تکوین کے لیے کافی پانی لینے کی صلاحیت موجود ہے۔ احاطۂ بمبئی میں مغربی گھاٹ اس قسم کی تجاویز کے لیے خاص طور پر موزوں ہیں؛ چنانچہ یہ کوئی حیرت کی بات نہیں کہ ہندوستان کے عظیم ترین برقابی کارخانے ان ہی علاقوں میں واقع ہیں۔ ٹاٹا ہائڈرو الکٹرک اسکیم، یعنی برقابی تجویز، ہندوستان کی صنعتی ترقی میں ایک بہت بڑی پیشقدمی کو ظاہر کرتی ہے۔ چنانچہ ٹاٹا ہائڈرو الکٹرک پاور سپلائی کمپنی نے اس قسم کے کارخانوں میں سے پہلا کارخانہ ۱۹۱۵ء میں لوناولا کے نواح میں کھولا لیکن بمبئی کی گرنیوں کی عظیم صنعتی طلب پھر بھی ایک حد تک تشنہ ہی رہی، اور برقی رسد کو مزید ترقی دینا اشد ضروری ہے۔ اس کے بعد کی تجویز جو وادیٔ آندھرا کی برقی اسکیم (بابتہ ۱۹۲۲ء) کے نام سے موسوم ہے اس بات کو پیش نظر رکھ کر بنائی گئی ہے کہ اس سے پوری ترقی کی حالت میں ایک لاکھ اسپی قوت مہیا ہوگی۔ ایک اور اہم منصوبہ جس پر "نیلا سولا کی تجویز" کے نام سے ٹاٹا پاور کمپنی ۱۹۲۶ء سے کام کر رہی ہے اسکے متعلق یہ اندازہ کیا گیا ہے کہ ڈیڑھ لاکھ اسپی قوت مہیا ہوگی؛ اور دریائے کونا کی گشادہ وادی میں ٹاٹا کی ایک اور عظیم الشان تجویز زیر غور ہے۔ ان تجاویز کے روبہ عمل آنے کے نتیجے کے طور پر بمبئی کو اس کے قرب وجوار میں کوئلے کی عدم موجودگی کی وجہ سے جو گھاٹا تھا وہ بالکل رفع ہو جائیگا، اس لیے کہ یہ سب کارخانے معمولی طور پر ۲۴۶۰۰۰ اسپی قوت مہیا کر سکتے ہیں۔ دوسری جانب بھاپ کی جگہ برقی قوت لے لینے کی وجہ سے بمبئی کی صحت عامہ کے حالات کی بھی بہت کچھ اصلاح ہو جائے گی۔ چنانچہ بمبئی کی سوتی کپڑے کی گرنیاں اور دوسرے کارخانے کم و بیش ڈیڑھ لاکھ اسپی قوت صرف کرتے ہیں۔ تھانہ، کلیانی اور عظیم تر پونہ بھی اپنی برقی قوت کی رسد اسی ذریعے سے حاصل کرتے ہیں۔ ایک اور اہم برقابی مہم پنجاب کی مانڈی کی تجویز ہے جس کے مکمل طور پر عملی صورت اختیار کر لینے کے بعد توقع ہے کہ قوت کی عظیم مقدار مہیا ہوگی جس سے صنعتی مرکزوں کی بہت بڑی تعداد کام لے سکے گی اور دہلی جیسے دور افتادہ مقامات بھی اس سے استفادہ کر سکیں گے۔ ۱۹۳۳ء میں اس اسکیم کا کام شروع ہوا۔ مدراس میں جو بمبئی کے مقابلے میں کوئلے کی عدم موجودگی کی بنا پر بہت زیادہ مشکلات میں گھرا ہوا ہے، کچھ سال ادھر بعض دلچسپ ترقیاں رونما ہوئی ہیں۔ پامی کا برقابی تجویز پر ۱۹۲۹ء کے اختتام پر حکومت مدراس نے عمل شروع کیا اور اس پر اب کام ہو رہا ہے۔ اس تجویز کی نشوونما کے لیے پامی کارانڈی کے پانی سے استفادہ کیا جاتا ہے جس کا منبع نیلگری کی سطح مرتفع ہے۔ "میٹر برقابی تجویز" جس کو مشہور میٹر کی

40

باب ۲

آب پاشی کی تجویز سے ملا دیا گیا ہے، اس پر کام جاری ہے؛ اور مکمل ہونے کے بعد وہ ۶۰ ہزار اسپی قوت کی بیش ترین پیداوار تیار کرنے کے قابل ہو گی[1]۔ اس تجویز پر ۱۹۲۳ء سے عمل شروع ہوا۔ صنعتی کمیشن کی سفارشوں کے مطابق حکومت ہند نے ۱۹۱۸ء میں ہندوستان کی ایک مکمل آبی مساحت کی۔ اس مساحت کے نتائج سے متعدد دلچسپ امکانات برقابی قوت کی ترقی کے سلسلے میں معلوم ہوئے ہیں۔ مثلاً یہ اندازہ کیا گیا ہے کہ دریائے سندھ میں بجانب مشرق سات بڑے دریاؤں کے پانی کا اقل ترین بہاؤ یہ صلاحیت رکھتا ہے کہ ہمالیہ سے ہزار فٹ کے ڈھال پر کم از کم تین ملین اسپی قوت مہیا کرے۔ علیٰ ہذا دوسرے علاقوں کے دریاؤں کے بارے میں بھی یہی بات کم و بیش صادق آتی ہے۔ یہ توقع کی گئی ہے کہ برقابی تجاویز نہ صرف صنعتوں کو قوت مہیا کرنے کے لیے بلکہ ہندوستان میں آب پاشی کی سہولتوں میں وسعت پیدا کرنے کی حد تک بھی مفید ثابت ہوں گی۔

ممکن ہے کہ ہمیں ایسے زمانے کی آمد کی خوش آیند توقع قائم کرنے کی ترغیب ہو جبکہ ہر گاؤں کو جو برقابی قوت کے مستقر سے مناسب فاصلے پر واقع ہو برقی لہروں کی رسد مہیا کی جائے گی جس سے اس کو اپنی دیہی صنعتوں کو ترقی دینے اور دیہی زندگی کے آرام و آسایش میں اضافہ کرنے میں مدد ملے گی۔ ان خوشگوار توقعات کے پورا ہونے کی راہ میں سب سے بڑی مزاحمت یہ ہے کہ ہندوستان کی اکثر تجاویز کے ابتدائی مصارف نہایت کثیر ہوتے ہیں۔ بارش چونکہ موسم پر موقوف ہے، اس لیے بیش قیمت ذخیرہ ہائے آب کی تعمیر ضروری ہے اور اس طرح جو مصارف عائد ہوں گے ان کی بنا پر قوت کافی ارزاں نرخ پر مہیا کرنا دقت طلب ہو گا۔ بمبئی جیسے صنعتی مرکزوں میں بھی جہاں کوئلہ گراں ہے ابھی تک برقابی قوت مقابلتہً کافی ارزاں ثابت نہیں ہوئی ہے۔ آیا سائنس اس وقت کو رفع کرے گی یا نہیں اس کو صرف مستقبل ہی ثابت کر دکھا سکتا ہے[2]۔

۴۷۔ دولتمند ملک کے مفلس باشندے

مذکورۂ بالا بیان سے معلوم ہوا کہ ہندوستان نہایت زرخیز ملک ہے اور انواع و اقسام کے قدرتی ذرایع رکھتا ہے۔ یہ ایک مالا مال متوطن ہے کہ گو قدرت نے اپنی نعمتیں فراخدلی کے ساتھ ملک کو دے رکھی ہیں، لیکن اس کے باوجود اہل ہندان سے پوری طرح بہرہ ور ہونے اور استفادہ

---

[1] دیکھو انڈین ایر بک بابتہ ۱۹۲۵ء صفحہ ۳۴۹۔

[2] دیکھو گاڈکل کی اصل تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۳۳۸ تا صفحہ ۳۳۹۔

باب ۲ کرنے سے قاصر رہے۔ یہاں قدرت کے وافر عطیے کے مقابلے میں انسان کا افلاس بہت نمایاں ہے۔ اسی وجہ سے یہ مقولہ عام طور سے مشہور ہو گیا اور تقریباً کہاوت بن گیا ہے کہ ہندوستان ایک دولتمند ملک ہے جس کے باشندے نادار اور مفلس ہیں۔

باب ۳

آبادی

41

۱۔ مجموعی آبادی

سنہ ۱۹۳۱ء کی گزشتہ مردم شماری کے مطابق ہندوستان کی کل آبادی ۳۵ کروڑ ۲۸ لاکھ ۳۷ ہزار ۷ سو ۸ ہے جس کے منجملہ برطانوی ہند میں، ۲۷ کروڑ ۱۵ لاکھ ۲۶ ہزار ۹ سو ۳۳ نفوس اور دیسی ریاستوں میں ۸ کروڑ ۱۳ لاکھ ۱۰ ہزار آٹھ سو ۴۵ نفوس آباد ہیں۔ گو ہندوستان، رقبے میں ریاستہائے متحدہ امریکا کا نصف ہے؛ لیکن ریاستہائے متحدہ کی آبادی کے قریب قریب تگنی آبادی رکھتا ہے۔ ہندوستان کی آبادی، کل دنیا کی آبادی کا تقریباً $\frac{1}{5}$ ہے۔

۲۔ صوبوں اور ریاستوں میں آبادی اور مذاہب کے اعداد و شمار

صفحہ ۱۵۸ الف پر مندرجہ جدول میں صوبوں اور ریاستوں کے متعلق حسب ذیل تفصیلات

ہندوستان - آبادی اور مذاہب سنہ ۱۹۳۱ء

(متعلقہ صفحہ ۵۸)

صوبہ ریاست یا ایجنسی	سنہ ۱۹۳۱ء میں آبادی بحساب ملین	اوسط مخمانی فی مربع میل	عورتوں کی تعداد فی ہزار مرد	تعداد بہ لحاظ مذہب فی دس ہزار آبادی: ہندو	مسلمان	بدھست	جنگلی	عیسائی	دوسرے	مجموعی آبادی میں فی صد تغیر: سنہ ۱۹۳۱ء تا سنہ ۱۹۲۱ء	سنہ ۱۹۲۱ء تا سنہ ۱۹۱۱ء	سنہ ۱۹۱۱ء تا سنہ ۱۹۰۱ء	سنہ ۱۹۰۱ء تا سنہ ۱۸۹۱ء	سنہ ۱۸۹۱ء تا سنہ ۱۸۸۱ء	بعض مذاہب میں فی صد تغیر - سنہ ۱۹۲۱ء تا سنہ ۱۹۳۱ء: ہندو	مسلمان	سکھ	عیسائی	جنگلی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱
ہندوستان	۳۵۲٫۸	۱۹۵	۹۴۰	۶۸۲۴	۲۲۱۶	۲۶۵	۲۳۹	۱۷۹	۱۷۷	+۳۹٫۵	+۱۰٫۶	+۱٫۲	+۷٫۱	+۶٫۲	+۱۳٫۴	+۰٫۴	+۱۳٫۰	+۳۳٫۹	+۲۲٫۵	−۱۵٫۳
برطانوی صوبے	۲۷۱٫۵	۲۴۸	۹۴۰	۶۵۴۸	۲۴۶۹	۴۶۸	۲۱۷	۱۴۲	۱۰۵۶	+۳۶٫۸	+۱۰٫۰	+۱٫۳	+۵٫۵	+۴٫۷	+۱۱٫۲	+۹٫۸	+۱۲٫۷	+۳۶٫۱	+۲۷٫۷	−۱۴٫۷
اجمیر (مہرواڑہ)	۰٫۵	۲۰۷	۸۹۲	۷۷۵۵	۱۷۱۴	−	۲۷	۱۲۴	۳۶۰	+۲۱٫۴	۱۱٫۳	-۱٫۲	۱٫۵	-۱۲٫۱	+۱۷٫۷	+۱۹٫۳	-۴٫۶	+۷٫۸	+۲۸٫۶	-۶۸٫۱
انڈمان و نکوبار	۰٫۲	۹	۴۹۵	۲۵۸۵	۲۲۸۱	۱۸۸	۱۰۷۹	۴۹۶	۲۶۱	+۱۱۰٫۴	+۸٫۸	+۲٫۴	+۵۷٫۹	+۷٫۳	+۷٫۷	-۱۴٫۲	+۶۳٫۷	+۶۶٫۴	-۷٫۹	+۸٫۵
آسام	۸٫۶	۱۵۷	۹۰۰	۵۷۲۰	۳۱۹۶	۱۷	۸۲۶	۲۳۵	۶	+۷۰٫۲	+۱۵٫۶	+۱۳٫۴	+۱۳٫۹	+۶٫۸	+۱۱٫۵	+۱۹٫۳	+۲۵٫۱	+۱۵۲٫۷	+۵۸٫۲	−۳۶٫۸
برطانوی بلوچستان	۰٫۴	۹	۷۱۷	۸۹۴	۸۷۴۴	۱	۱	۱۷۴	۱۸۶	+۲۱٫۳	+۱۰٫۱	+۱٫۵	+۸٫۵	—	—	+۱٫۷	+۱٫۴	+۹٫۵	+۲۰۱۵	-۱۰۰٫۰
بنگال	۵۰٫۱	۶۴۶	۹۲۴	۵۳۰۴	۵۴۸۷	۶۳	۱۰۵	۳۶	۵	+۳۷٫۹	+۷٫۳	+۲٫۷	+۷٫۹	+۷٫۸	+۷٫۶	+۶٫۷	+۹٫۱	+۲۱٫۰	+۲۲٫۶	+۳۷٫۶
بہار اور اڑیسہ	۳۷٫۶	۴۵۴	۱۰۰۵	۸۲۳۱	۱۱۳۱	−	۵۴۴	۹۱	۲	+۲۱٫۶	+۱۰٫۸	-۱٫۴	+۳٫۸	+۱٫۱	+۲٫۱	+۱۰٫۱	+۱۰٫۶	+۱۲۸٫۳	+۳۳٫۰	+۸٫۹
بمبئی	۲۱٫۹	۱۷۷	۹۰۱	۷۶۰۵	۲۰۳۹	۱	۵۹	۱۰۵	۱۵۱	+۲۲٫۸	+۱۳٫۳	-۱٫۸	+۱٫۰	+۱۳٫۴	−۱٫۰	+۱۲٫۲	+۱۶٫۷	+۱۵۱٫۲	+۱۹٫۷	+۵٫۰
عدن	۰٫۵	۶۴۳	۵۹۲	۳۰۸	۸۲۲۲	۲۰	—	۴۳۶	۹۱۴	+۲۰٫۷	−۸٫۹	+۲۲٫۴	+۵٫۰	−۰٫۱	+۲۶٫۴	-۵۷٫۱	-۴٫۹	-۹۶٫۶	-۱٫۳	-۱۰٫۵
برما	۱۳٫۶	۶۳	۹۵۸	۳۹۰	۳۹۹	۸۴۳۰	۵۱۲	۲۲۶	۳۳	+۱۹۲٫۵	+۱۱٫۱	+۹٫۱	+۱۵٫۵	+۳۵٫۹	+۱۰۶٫۷	+۱۴٫۸	+۱۶٫۸	+۱۲۵٫۲	+۲۸٫۸	+۸٫۶
صوبہ متوسط و برار	۱۵٫۵	۱۵۵	۹۹۸	۹۶۰۱	۴۴۰	--	۸۰۱	۳۳	۵۵	+۲۹٫۸	+۱۱٫۵	-۰٫۰	+۱۷٫۲	-۸٫۳	+۹٫۳	+۲۱٫۲	+۱۴٫۸	+۱۷۷٫۴	+۲۲٫۱	−۱۶٫۳
کورگ	۰٫۱	۱۰۳	۸۰۳	۸۹۴۰	۸۴۴	—	-	۲۱۰	۶	−۸٫۴	-۶٫۴	۰٫۲	-۳٫۱	+۴٫۳	-۲٫۹	+۱۵٫۲	+۵٫۸	—	+۴٫۶	−۱۰٫۰
دہلی	۰٫۶	۱۱۱۰	۷۲۲	۶۲۸۹	۳۲۵۳	۱	-	۲۶۷	۱۹۲	+۸۱٫۳	+۳۰٫۳	+۱۰٫۵	+۲٫۰	+۸٫۸	+۶٫۴	+۱۲٫۸	+۴۶٫۰	+۱۳۲٫۹	+۲۷٫۵	—
مدراس	۴۶٫۷	۳۲۸	۱۰۲۵	۸۸۳۱	۷۰۷	—	۷۵	۳۸	۷	+۱۵٫۱	+۱۶٫۴	+۲٫۲	+۸٫۳	+۷٫۳	+۱۵٫۹	+۱۰٫۵	+۱۶٫۴	+۱۰۶٫۴	+۳۰٫۳	−۳۹٫۷
شمال مغربی صوبۂ سرحدی	۲٫۴	۱۷۹	۸۴۳	۵۹۰	۹۱۸۵	—	—	۵۰	۱۷۵	+۵۳٫۹	+۷٫۷	+۲٫۵	+۷٫۶	+۹٫۹	+۱۱٫۵	-۴٫۶	+۸۰٫۰	+۵۱٫۶	+۱۵٫۱	—
پنجاب	۲۳٫۵	۲۳۸	۸۳۱	۲۶۸۴	۵۱۵۴	۲	-	۱۷۶	۱۴۸۴	+۳۹٫۲	+۱۰٫۵	+۵٫۷	+۱۵٫۸	+۶٫۹	+۱۰٫۱	-۳٫۸	+۱۶٫۵	+۳۳٫۶	+۲۶٫۰	—
صوبۂ متحدہ آگرہ و اودھ	۴۸٫۴	۴۵۶	۹۰۲	۸۴۵۰	۱۴۸۴	--	—	۴۲	۲۴	+۱٫۶	+۱۶۰۷	+۱٫۱	-۳٫۱	-۱۰۱	+۶٫۲	+۵٫۹	+۱۰۶٫۸	+۲۲۶٫۷	+۲٫۱	—
ریاستیں اور ایجنسیاں	۸۱٫۳	۱۱۴	۹۴۱	۷۷۷۱	۱۳۱۰۷	۱۲	۳۱۶	۳۰۷	۲۰۷	+۱۴۶٫۶	+۱۳٫۸	+۱۰۱	+۱۲۱۹	+۱۲٫۱	+۲۲٫۶	+۱۴٫۷	+۱۴٫۷	+۲۷٫۹	+۴۰٫۸	−۱۳٫۰
آسام کی ریاستیں (مالی پور اور خاصی)	۰٫۶	۵۱	۱۰۳۸	۴۲۶۲	۳۹۳	۱	۴۴۸۱	۷۴۶	۷	+۱۶۴۸	+۱۷۵۸	+۱۰۱	+۱۲٫۱	+۲۵٫۵	-۶۳٫۱	+۱۸٫۶	+۴۰٫۷	+۱۰۴٫۸	+۱۱۳٫۰	—
بلوچستان کی ریاستیں	۰٫۴	۵	۸۵۵	۳۰۲	۹۶۹۶	—	—	—	۲	+۵۵٫۵	+۶۷٫۹	۹۰۸	-۱۶٫۹	—	—	-۳٫۲	+۷٫۳	-۴۰۶٫۰	—	—
ریاست بڑودہ	۲٫۴	۱۹۹	۹۴۲	۸۸۰۹	۷۴۰	-	۱۸۴	۳۰	۲۲۹	+۱۲۵٫۰	+۱۲۰٫۹	+۱۳٫۶	+۴٫۱	+۱۹٫۲	+۱۰۶٫۷	+۲۲٫۵	+۱۲۰٫۵	+۶۴۳٫۳	+۱۰۱٫۱	−۷۲٫۵
بنگال کی ریاستیں	۰٫۹	۱۷۹	۸۸۶	۶۵۹۲	۳۲۱۰	۹٫۱	۱۴	۲۹	۶	+۳۹٫۴	+۸۰٫۱	+۵٫۰	+۱۱٫۱	+۳٫۳	+۲۶٫۶	+۵٫۹	+۱۲٫۵	—	+۳۹٫۷	−۵۷٫۷
بہار اور اڑیسہ کی ریاستیں	۰٫۶	۱۶۲	۱۰۳۴	۹۰۱۷	۴۲	۳	۷۷۱	۱۶۱	۲	+۱۰۳٫۲	+۱۷٫۰	+۵٫۴	+۱۹۵٫۰	+۹۵٫۵	+۲۵٫۶	+۲۲٫۰	+۲۱٫۳	+۱۶۲٫۳	+۲۷٫۹	−۲۱٫۱
بمبئی کی ریاستیں	۰٫۴	۱۶۰	۹۵۲	۸۷۷۵	۹۲۰	—	۵۰	۳۶	۲۰۲	+۲۸٫۲	+۱۰۶٫۵	+۱۱٫۰	+۷٫۰	+۱۱٫۵	+۱۷٫۶	+۱۶٫۸	+۱۲٫۵	—	+۲۲٫۴	−۶۰٫۲
وسطی ہند کی ایجنسی	۰٫۶	۱۲۹	۹۴۸	۸۸۲۳	۸۶۸		۸۱۲	۱۳	۷۹	+۱۰۰	+۱۰۶٫۰	-۱٫۲	+۱۲۵٫۹	+۱۹۶٫۲	+۹۰۴		+۱۳٫۶	+۷۲٫۳	+۱۵٫۶	+۱۳٫۷
صوبۂ متوسط کی ریاستیں	۰٫۴	۸۰	۱۰۱۰	۷۲۰۲	۹۱۲	—	۲۴۸۷	۲۰۸	۹	+۷۹٫۰	+۱۰۲٫۰	+۱۱٫۱	+۲۵٫۸	+۴۰۸	+۲۳۱۴	+۱۸۶	+۲۶٫۰	+۸۳٫۶	+۴۲٫۵	+۲۳٫۵
ریاست گوالیار	۰٫۵	۱۳۴	۸۸۷	۹۲۸۶	۵۸۰	-	-	۳	۱۲۱	+۱۴٫۶	+۱۰۶۳	-۱٫۳	+۵٫۳	—	—	+۱۲٫۶	+۱۵٫۵	+۳۱٫۰	+۲۶٫۳	−۱۰۰٫۰
ریاست حیدرآباد	۱۴٫۴	۱۷۵	۹۵۹	۸۴۳۵	۱۰۶۳	-	۳۷۶	۱۰۵	۲۱	+۲۶٫۶	+۸٫۵	-۶٫۸	-۰٫۰	+۳۰٫۰	-۳۶٫۴	+۱۴٫۳	+۱۸٫۲	+۸۸٫۷	+۱۴۱٫۶	+۲۶٫۹
ریاست جموو و کشمیر	۳٫۶	۴۳	۸۸۱	۲۰۱۹	۷۷۲۸	۱۶	-	۶	۱۴۱	+۵۳٫۴	+۹۰۸	+۱۵٫۴	+۸۵٫۷	+۱۴٫۲	+۲۸٫۲	+۶٫۳	+۱۰۶٫۶	+۲۸٫۲	+۳۸٫۴	+۵٫۰
مدراس کی ریاستیں بشمول کوچین و ٹرانکور	۶٫۷	۶۳۱	۱۰۲	۶۴۰۱	۶۹۲	-	۴	۲۹۰۰	۳	+۱۰۱٫۹	+۲۳٫۷	+۱۲٫۵	+۱۴٫۹	+۱۳٫۲	+۲۳٫۳	+۱۹٫۲	+۲۸٫۴	—	+۳۴٫۷	−۷۷٫۶
ریاست میسور	۶٫۵	۲۲۴	۹۵۵	۹۱۷۴	۶۰۸	۲	۳۶	۱۳۴	۴۶	+۵۶٫۶	+۹٫۷	+۳٫۰	+۴٫۸	+۱۲٫۱	+۱۸۱۱	+۹٫۷	+۱۷٫۱	+۲۵٫۴	+۲۲٫۶	−۶۲٫۱
شمالی مغربی سرحدی صوبہ (ایجنسیاں اور قبائلی علاقہ)	۲٫۲	۹۹	۸۶۴	۲۹۳۹	۴۹۷۰	—		۹۲۳	۱۱۶۸	+۲۵۹۰	-۲۰۵۰	+۲۷۴۲	+۱۸۳۱۶۹	-	—	+۴۵٫۱	+۸٫۲	+۱۱٫۷	+۴۹٫۶	—
پنجاب کی ریاستیں	۴٫۹	۱۳۲	۸۳۲	۴۶۲۶	۳۲۵۳	۴	-	۴	۲۱۰۸	+۱۲۷٫۱	+۱۱٫۲	+۴٫۸	۴٫۸	+۳٫۸	+۱۰۴٫۳	+۲٫۳	+۱۶٫۶	+۲۳٫۹	+۱۷٫۴	—
راجپوتانہ ایجنسی	۱۱٫۲	۸۷	۹۰۸	۸۵۳۳	۹۵۳	—	۴۰۴	۵	۳۰۵	+۱۱٫۱	+۱۴٫۲	-۶٫۵	+۶٫۹	-۱۹٫۰	+۲۰٫۳	+۱۷٫۲	+۱۸٫۸	+۳۷۸٫۱	+۱۷٫۷	−۵۲٫۳
ریاست سکم	۰٫۱	۳۹	۹۶۷	۴۲۸۷	۱۰	۳۲۲۵	۲۴۵۳	۲۵	-	+۲۶٫۵	-۳۴٫۴	-۱٫۷	+۴۹٫۰	+۹۳٫۸	—	-۱۳٫۷	-۴۲٫۰	—	-۲۵٫۴	+۱۰۰٫۰
صوبۂ متحدہ کی ریاستیں	۰٫۲	۲۰۳	۹۵۱	۷۸۸۳	۲۰۹۱	—	-	۲۴	۲	+۹٫۷	-۶٫۳	-۴٫۶	+۲٫۳	-۱٫۴	+۴۷٫۳	+۷٫۳	+۳٫۴	+۱۷۶٫۹	+۱۶۲٫۹	-
مغربی ہند کی ریاستوں کی ایجنسی	۰٫۴	۱۱۳	۹۷۴	۸۱۱۸	۱۳۶۴		۲	۴	۵۱۲	+۱۱۶٫۵	۲٫۹	+۵٫۵	+۱۰۰	-۱۷۱٫۰	+۱۵٫۳	+۱۳٫۵	+۱۱٫۹	-۴٫۶	+۱۵٫۱	-۲۸٫۹

۱؎ سنہ ۱۹۲۱ء تا سنہ ۱۹۳۱ء کے تغیرات کو شمار کیا گیا۔

۲؎ اضافہ کا باعث یہ ہے کہ سنہ ۱۹۳۱ء میں ریاست خاصی شامل کی گئی۔

۳؎ گوالیار شامل ہے۔

۴؎ وسطی ہند کی ایجنسی کے ماتحت میں درج ہیں

۵؎ سنہ ۱۹۲۱ء تا سنہ ۱۹۳۱ء کے لیے تغیر تیار کیا گیا ہے۔

باب ۲

مندرجۂ بالا جدول پر ایک سرسری نظر ڈالنے سے واضح ہوگا کہ اوسط گنجانی کی بنا پر معاشی حالت و حیثیت کے متعلق نتائج اخذ کرنا ممکن نہیں ہے۔ مثلاً ریاستہائے متحدہ اور مصر دونوں ادنیٰ گنجانی ظاہر کرتے ہیں، لیکن ریاستہائے متحدہ کا تمول مقابلۃً بدرجہا بڑھا ہوا ہے۔ اس کے برخلاف ایک جانب ریاستہائے متحدہ اور دوسری جانب انگلستان و ویلز کے مابین گنجانی کے لحاظ سے تو بہت بڑا فرق ہے، لیکن یہ فرق ان کی معاشی حیثیت کے اعتبار سے، ان کے مساوات پر رہنے میں مانع نہیں ہے۔ اس لحاظ سے ہر ملک کی حالت کی جداگانہ تحقیق کرنی چاہیئے تاکہ اس کی آبادی کی گنجانی اور اس کی معاشی حالت کا باہمی تعلق، اگر کچھ ہو تو، معلوم ہو جائے۔

صفحہ ۵۸ الف ــــ پر مندرجہ جدول سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کے مختلف صوبوں اور ریاستوں میں آبادی کی گنجانی میں بہت ہی عظیم اختلافات ہیں۔ یوں تو آبادی کی گنجانی پر متعدد عوامل اثر انداز ہوتے ہیں لیکن ان کے منجملہ کسی ایک عامل کے حوالے سے آبادی کی عدم مساواتوں کی توجیہ کرنا بہت شاذ ہی ممکن ہے۔ مثلاً یہ کہنا غلط ہوگا کہ ہندوستان میں بارش ہی اساسی طور سے کثرت آبادی کا تعین کرتی ہے؛ اس لیے کہ ہندوستان بھر میں سب سے زیادہ بارش جنوبی برما میں ہوتی ہے، لیکن اس کے باوجود آبادی کے لحاظ سے وہ سب سے کم آباد خطوں میں سے ایک خطہ ہے۔ اگر بارش مقررہ حد سے متجاوز ہو جائے تو، بجائے نفع بخش ہونے کے قطعاً نقصان رساں ہوتی ہے۔ ہندوستان کے اکثر علاقوں میں بہترین حالات پیدا کرنے کے لیے بارش کا سالانہ اوسط تقریباً ۴۰ انچ ہونا ضروری ہے، بشرطیکہ بارش کی تقسیم مناسب ہو۔ صرف اس صورت میں جبکہ بارش اس سے کم ہو یا اس کی تقسیم ناقص ہو، بارش کی مقدار کے اختلافات زراعت پر اور اس طرح آبادی کی گنجانی پر قابل لحاظ اثر ڈالتے ہیں۔ کاشت کی کامیابی کا انحصار جس حد تک پانی پر ہو، اس حد تک آب پاشی بدیہی طور سے وہی اثر ڈالے گی جو بارش ڈالتی ہے؛ اور اس لحاظ سے جہاں آب پاشی کا انتظام ہو وہاں گنجانی کو متعین کرنے میں وہ ایک اہم عامل ہوتی ہے۔ 45

باب ۳

لیکن اس واقعے کا لحاظ کرتے ہوئے کہ آب پاشی کا اثر ہندوستان کے مجموعی رقبے کے بہت ہی چھوٹے جزو پر پڑتا ہے، گنجانی پر اس کے اثر کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ اگر ملک کو بحیثیت مجموعی لیا جائے تو، سطح کی شکل اس سے بدرجہا زیادہ اہم عامل ہے۔ اگر دوسرے حالات مساوی رہیں تو، کامیاب زراعت کا انحصار زیادہ تر سطح کی شکل پر ہوتا ہے۔ زمین ہموار و مسطح ہو تو، ہر ہر انچ پر کاشت ممکن ہے اگر زمین غیر مسطح و ناہموار ہو تو، کاشت عام طور پر دقت طلب اور پُرخطر ہوتی ہے، خواہ نشیبی علاقے بہت ہی زرخیز کیوں نہ ہوں۔ ہندوستان بھر میں سب سے زیادہ گنجان آباد خطے مسطح میدان ہیں، مثلاً بنگال، مشرقی صوبۂ متحدہ اور جنوبی جزیرہ نما میں مشرقی ساحل پر نشیبی خطے۔ وسیع میدان، جن میں زرخیز زمین کے طویل و عریض خطے موجود ہوں اور بارش بھی خاصی ہوتی ہو، بدیہی طور سے کثرتِ آبادی کے مؤید ہیں، جیسے بنگال اور صوبۂ متحدہ۔

یہ واقعہ کہ ان اعتبارات سے حالات اس قدر موافق نہیں ہیں، بمبئی کی نسبتہً ادنیٰ گنجانی کی توجیہ کرتا ہے۔ برما میں چونکہ جنگلات کا بہت بڑا رقبہ موجود ہے، اس لیے اس کی آبادی مقابلتہً کم ہے (بلکہ بحالت موجودہ گنجائش کے لحاظ سے آبادی بہت کم ہے)۔ بعض اوقات ناموافق آب و ہوا، دوسرے فوائد اور دوسری سہولتوں کو زائل کر دیتی ہے اور مقابلتہً ادنیٰ گنجانی کی جانب رہبری کرتی ہے، جیسا کہ آسام میں۔

زمین کی نوعیت، صرف اس وقت اہم عامل بن جاتی ہے جبکہ زمین کی خوبی کے ساتھ ساتھ بارش بھی وہاں ضروری مقدار میں ہو۔ فی نفسہٖ زمین کی نوعیت کا اثر ہندوستان میں بہت نمایاں اور قابل لحاظ نہیں ہے۔ علاوہ ازیں اختلافات بحیثیت مجموعی اس قدر باریک ہیں کہ بڑے رقبوں سے بحث کرتے وقت ان کا لحاظ نہیں کیا جا سکتا۔

آبادی کی گنجانی کی عدم مساواتوں کا باعث ایک حد تک لوگوں کی یہ عادت بھی ہے کہ وہ اپنا گھر بار چھوڑ کر باہر نہیں جاتے، اور آزادانہ اندرونی نقل پذیری کی راہ میں متعدد دوسری دقتیں بھی حائل ہیں۔ دہلی کی مثال (جس کی گنجانی کا اوسط فی مربع میل = ۱۱۰ ہے) اپنی آپ نظیر ہے، اس لیے کہ شہر دہلی کی کثیر شہری آبادی

باب ۳

سے دہلی ڈویژن کی مجموعی آبادی کا بڑا جزو مرتب ہوتا ہے۔

۵۔ آبادی کی تقسیم بلحاظ مذہب[1]

خام اندازے کے بموجب برطانوی ہند میں بسنے والے ہر سو اشخاص میں سے ۶۸ ہندو، ۲۲ مسلمان، ۳ بدھ مت کے پیرو ۳ مظاہر پرست، اسکھ اور اعیسائی ہیں۔ اس کا مساوی قرینہ ہے کہ بقیہ دو میں سے ایک عیسائی یا بدھ مت کا پیرو اور دوسرا جینی ہو جیسا کہ صفحہ ۵۸ الف کی جدول سے ظاہر ہوتا ہے، وسطی و جنوبی ہند میں دوسری قوموں کے مقابلے میں ہندوؤں کی تعداد بدرجہا زیادہ ہے، اور یہ حالت خاص کر احاطۂ مدراس میں زیادہ نمایاں ہے۔ جہاں ہندوؤں کی آبادی کل آبادی کے ۸۹ فی صد سے کم نہیں ہے۔ دوسرے صوبے جہاں ہندو آبادی کی کثرت ہے آسام، بہار و اڑیسہ، صوبۂ متحدہ، وسطی ہند، راجپوتانہ اور بمبئی ہیں۔ اس کے برخلاف شمال مغربی صوبۂ سرحدی، بلوچستان اور کشمیر میں تقریباً کل آبادی مسلمانوں کی ہے اور پنجاب، مشرقی بنگال اور سندھ میں دوسری قوموں کے مقابلے میں مسلمانوں کی اکثریت ہے۔ بدھ مت کے پیرو، تقریباً سب کے سب برما میں آباد ہیں؛ چنانچہ وہاں کی آبادی کا ۸۵ فی صد حصہ بدھ مت کا پیرو ہے۔ علیٰ ہذا اسکھ پنجاب میں محدود ہیں۔ ۱۹۳۱ء کی مردم شماری میں ہندوستان میں جین مت کے پیروؤں کی تعداد ۱۲۵۲۱۰۵ تھی، اور اس مجموعے کا کم و بیش نصف حصہ احاطۂ بمبئی اور اس کے زیر اثر دیسی ریاستوں اور بڑودہ میں تھا۔[2] جن قدیم و نیم مہذب قوموں کو "مظاہر پرستوں"[3] کی ذیل میں شمار کیا جاتا ہے وہ زیادہ تر بہار و اڑیسہ، صوبۂ متوسط اور آسام میں پائے جاتے ہیں۔ اگرچہ

---

[1] مردم شماری کی رپورٹ (بابتہ ۱۹۳۱ء) صفحہ ۳۸۷، اور ایک کتاب موسوم بہ "انڈین ایر بک بابتہ ۱۹۳۵ء" صفحہ (۴۰)۔

[2] ہم فنڈلے شراس صاحب کے ممنون ہیں کہ ان سے ہمیں یہ بات معلوم ہوئی؛ (چنانچہ دیکھو اکنامک جرنل Economic Journal ستمبر ۱۹۳۳ء، صفحہ ۴۶۹)۔

[3] Animists

باب ۳

ایک خاصی بڑی تعداد بنگال، برما، مدراس، راجپوتانہ، وسطی ہند اور حیدرآباد میں بھی موجود ہے۔ عیسائیوں کی مجموعی آبادی کا ۳/۵ حصہ جنوبی ہند میں رہتا ہے۔ پارسی اور یہودی زیادہ تر احاطۂ بمبئی میں آباد ہیں۔

۶۔ آبادی کی تقسیم بلحاظ پیشہ

صفحہ ۶۴ پر مندرجہ اعداد[1] سے صرف یہی نہیں معلوم ہوتا ہے کہ ان مختلف پیشوں کی اضافی اہمیت کیا ہے جن کے ذریعے سے باشندگان ہند کسب معاش کرتے ہیں، بلکہ یہ بھی کہ پیشہ زراعت کو کثیر غلبہ حاصل ہے اور یہی آبادی کے بیشترین حصے کا ذریعۂ معاش ہے۔

۱۹۲۱ء کے بعد سے یہ خیال کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ آبادی کی تقسیم بہ لحاظ پیشہ میں کوئی بڑا تغیر ہوا ہے، بجز اس واقعے کے "نقل و حمل" کے تحت کچھ حقیقی اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ "دس سال کی مدت میں رسل و رسائل میں ہر جگہ اضافہ ہو گیا ہے، سڑکوں کی حالت بہتر ہو گئی ہے، اور موٹروں کی آمد و رفت ہر جگہ ہونے لگی ہے"۔ دماغی پیشوں اور فنون درسی کے تحت خفیف اضافہ ہوا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ لکھے پڑھے لوگوں کی تعداد بتدریج زیادہ ہوتی جاری ہے۔

۱۹۲۱ء میں مزدوروں کی مجموعی تعداد کے مقابلے میں زراعت میں کام کرنے والوں کا تناسب ۷۰٫۹ تھا، اور اس کے برخلاف ۱۹۳۱ء میں ۶۵٫۶ ہو گیا۔ ڈاکٹر ہٹن ناظم مردم شماری کی رائے میں یہ تخفیف حقیقی نہیں ہے بلکہ ظاہری ہے، اور اس کا باعث یہ ہے کہ زراعت سے جن عورتوں کی کفالت ہوتی ہے ان کی کثیر تعداد کو غلطی سے خانگی ملازموں میں منسوب کیا گیا ہے۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ مزدوروں کی مجموعی تعداد کے مقابلے میں جہاں صنعتوں میں کام کرنے والے مزدوروں کا فی صد ۱۰٫۳۸ ہے وہیں ان میں سے صرف ۱٫۵ فی صد کی کفالت منظم صنعتوں کے ذریعے سے ہوتی ہے[2]۔

---

[1] دیکھو "برطانوی ہند کا اعدادی خلاصہ" Statistical Abstract of British India سنہ ۱۹۲۲ء تا سنہ ۱۹۲۳ء سے سنہ ۱۹۳۱ء تا سنہ ۱۹۳۲ء جدول نمبر (۱۸)

[2] نیز دیکھو باب ۲، جلد دوم۔

باب 47

مزدوروں کی تقسیم پیشوں یا ذرائع معاش کے لحاظ سے (مطابق مردم شماری ۱۹۳۱ء)

پیشہ یا ذریعۂ معاش (اقسام "اور ذیلی اقسام)	پیشوں سے تعلق رکھنے والوں کی تعداد	حقیقی مزدور[2] مرد	حقیقی مزدور[2] عورتیں	ذیلی پیشہ (مرد اور عورتیں)	پیشوں سے تعلق رکھنے والوں کی تعداد کے لحاظ سے مزدوروں کا تناسب
ا۔ خام اشیا کی تیاری	۱۱۱٫۱۶۴٫۵۸۶	۷۰٫۰۵۵٫۵۸۳	۱۸٫۹۳۹٫۵۳۴	۷٫۵۲۴٫۱۴۷	۶۵٫۸۰۴
(۱) حیوانات و نباتات کا استحصال	۱۱٫۰۷۶٫۳۲۴	۷٫۴۱۹٫۰۰۲	۲٫۰۵۳٫۴۳۷	۶۵٫۸۸۵٫۷۰۴	۶۵٫۶۰
(۲) معاون کا استحصال	۴٫۰۴٫۲۶۲	۲٫۵۹٫۵۸۳	۸۶٫۴۱۷	۵۸٫۲۶۲	۲۴٫۶
ب۔ دادی اشیا کی تیاری اور بہم رسانی	۲۹٫۶۰۹٫۴۷۱	۱۸٫۶۸۲٫۳۴۱	۶٫۹۲۴٫۶۱۵	۴٫۰۳۲٫۵۱۵	۱۷٫۵۶
(۳) صنعت	۱۷٫۵۲۳٫۶۰۴	۱۰٫۵۷۹٫۵۲۷	۴٫۵۵۴٫۴۲۶	۲٫۱۷۲٫۰۲۹	۱۰٫۳۸
(۴) نقل و حمل	۲٫۷۸۵٫۵۲۰	۲٫۰۹۹٫۱۹۸	۲۴۲٫۲۰۸	۴۳۷٫۱۱۴	۱٫۶۵
(۵) تجارت	۹٫۲۳۶٫۱۶۹	۵٫۷۸۵٫۶۱۶	۲٫۱۲۷٫۹۸۱	۱٫۴۲۳٫۳۷۲	۵٫۵۳
ج۔ سرکاری نظم و نسق اور فنون مدرسی	۴٫۸۱۹٫۴۵۲	۳٫۷۸۳٫۴۵۴	۳۶۳٫۴۴۵	۶۷۲٫۵۵۳	۲٫۸۶
(۶) جمعیتہ عامہ	۹۴۱٫۳۲۳	۸۳۴٫۴۵۳	۷٫۰۲۱	۹۹٫۹۴۹	۵۶
(۷) انتظام عامہ	۱٫۵۲۳٫۹۶۳	۹۶۲٫۷۴۱	۳۲٫۵۴۳	۱۵۸٫۶۷۹	۶۹
(۸) پیشے اور فنون مدرسی	۲٫۷۴۳٫۱۶۶	۱٫۹۸۶٫۲۶۰	۳۲۳٫۸۸۱	۴۱۴٫۰۲۵	۱۶۱
د۔ متفرق	۲۳٫۰۳۱٫۴۸۹	۷٫۹۱۷٫۴۳۲	۱۲٫۶۰۱٫۲۱۸	۲٫۶۸۴٫۸۴۹	۱۳۷۴
(۹) زیادہ تر آمنی آمدنی پر گزارہ کرنیوالے اشخاص	۲٫۸۰۹٫۹۵۵	۱۶۸٫۸۲۹	۴۷٫۰۴۵	۶۵٫۰۸۱	۱۶
(۱۰) خانگی	۱۲٫۶۷۴٫۱۱۰	۲٫۰۹۴٫۸۷	۸۰۳٫۷۹۰	۷۷۵٫۸۳۳	۵۱
(۱۱) ایسے پیشے جن کی پوری طرح تعریف نہیں کی گئی	۸٫۴۹۹٫۶۸۹	۴٫۵۹۹٫۲۳۸	۴٫۴۰۴٫۳۱۷	۷۲۱٫۰۴۷	۵٫۰۳
(۱۲) غیر پیداآور	۱٫۷۴۸٫۷۳۵	۱٫۰۵۴٫۸۷۸	۵۷۰٫۹۷۹	۱۲۲٫۸۸۸	۱۰۴
میزان	۱۹۵٫۸۳۰٫۱۱۴[3]	۱۰۵٫۶۸۳٫۸۱۲	۴۸٫۹۲۹٫۱۲۲	۱۴٫۹۱۴٫۰۶۴	۱۰۰٫۰۰

[1] پھول دیلی پیشہ

[2] ۱۰۷٫۳ کمانے والوں (یعنی ۲۵٫۲ مردوں اور ۵٫۹ عورتوں) کو شامل کرکے جن کے پیشے محسوب نہیں کئے گئے تھے۔

[3] کمانے والے اور کام کرنے والے وابستگان ملا کر۔

باب ۳

باقی مزدوروں کا بڑا حصہ غیر منظم صنعتوں میں مصروف ہے جو ذاتی اور خانہ داری کی
48 ضرورتوں اور کام کے سادہ آلات کی بہم رسانی کے متعلق ہیں۔ ملک کے نظم و نسق
اور اس کی حفاظت میں مزدوروں کی مجموعی تعداد کا صرف ½ ۱ فی صد حصہ
مصروف ہے، اور بقیہ تعداد کی کفالت، خانہ داری، متفرق اور غیر پیداآور
پیشوں سے ہوتی ہے۔ گو مختلف صوبوں میں زرعی پیشہ، دوسرے پیشوں پر
مختلف تناسب کے ساتھ غالب ہے، پھر بھی کوئی ایسا علاقہ نہیں ہے
جس میں زراعت کسی نہ کسی شکل میں صف اول میں نہ ہو۔ باوجود اس کے
کہ کلکتہ ایک تجارتی شہر ہے اور بنگال، بہار اور اوڑیسہ میں بے شمار صنعتی و
معدنی کاروبار جاری ہیں، مشرقی صوبوں کی آبادی کی بڑی اکثریت کا
پیشہ زراعت ہی ہے اور ہندوستان کے کسی دوسرے خطے کے مقابلے میں
یہاں زراعت کے ذریعے سے کسب معاش کرنے والوں کی تعداد کافی صد
بہت زیادہ ہے۔ صنعتی مزدوروں کی حد تک مقامی آبادی کا سب سے
بڑا متناسب حصہ پنجاب، صوبہ متحدہ اور بمبئی میں موجود ہے لیکن ان تین
صوبوں کے منجملہ پہلے دو صوبوں کی معاشی زندگی میں زراعت ہی کو غلبہ حاصل
ہے، اور گو صنعتی پیشوں میں اشخاص کی کثیر تعداد مصروف ہے پھر بھی یہ پیشے
زیادہ تر گھریلو صنعت کی نوعیت رکھتے ہیں۔ بمبئی میں، منظم صنعت کی ترقی
کسی حد تک معاشی اہمیت رکھتی ہے؛ لیکن سردست وہ زیادہ تر چند
بڑے بڑے شہروں تک محدود ہے۔ غیر مشخصہ پیشوں کی ذیل میں اشخاص کی
اکثریت مزدور پیشہ ہے جن کی محنت مخصوص و معین شکل نہیں رکھتی، اور بقیہ
اشخاص زیادہ تر غیر معین محرر ہیں۔

دنیا کے مہذب و متمدن ممالک میں ہندوستان ہی ایک ایسا ملک
ہے جہاں زراعت پر انحصار کرنے والی آبادی کا تناسب سب سے بڑا ہے،
اور صنائع، تجارت، نقل و حمل وغیرہ میں کام کرنے والی آبادی کا تناسب سب سے
کم ہے۔ چنانچہ اس واقعہ کی توضیح مندرجۂ ذیل جدول میں کی گئی ہے[1] جس میں یہ

[1] دیکھو برج نرائن کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان کی آبادی" صفحہ ۹۲۔

باب ۳

بتایا گیا ہے کہ ہر پیشے کے ذریعے سے مجموعی آبادی کے کتنے فی صد کی کفالت ہوتی ہے۔

ملک مع سال مردم شماری	حیوانات و نباتات کا استحصال	کان کنی اور صنعت	تجارت اور نقل و حمل
جرمنی ۱۹۰۷ء	۲۸٫۶	۴۲٫۲	۱۳٫۴
آسٹریا ۱۹۱۰ء	۴۸٫۴	۲۶٫۵	۱۲٫۴
اٹلی ۱۹۱۱ء	۳۴٫۲	۱۶٫۹	۵٫۰
اسپین ۱۹۱۰ء	۲۱٫۱	۵٫۲	۱٫۵
فرانس ۱۹۱۱ء[1]	۴۰٫۷	۳۵٫۸	۹٫۸
ہالینڈ ۱۹۰۹ء	۱۰٫۹	۱۳٫۵	۷٫۵
ڈنمارک ۱۹۱۱ء	۳۶٫۴	۲۷٫۳	۱۶٫۶
سوئٹزرلینڈ ۱۹۱۰ء	۲۷٫۷	۴۲٫۷	۱۶٫۴
برطانیہ عظمیٰ و آئرلینڈ (صرف مزدور) ۱۹۱۱ء[2]	۱۱٫۶	۵۶٫۸	۱۴٫۱
ریاستہائے متحدہ (دس سال سے زیادہ عمر کے مزدور) ۱۹۱۰ء	۲۶٫۳	۳۳٫۴	۱۷٫۹
ہندوستان ۱۹۲۱ء	۶۶٫۴	۹٫۹۵	۷٫۰

49 اگر کسی ملک کی معاشیات کا انحصار اتنی بڑی حد تک زراعت پر ہو جتنا کہ ہندوستان کا ہے تو، اس ملک کی معاشیات کا غیر مستقل و غیر ثبات پذیر رہنا ضروری ہے۔ زراعت پر انحصار کے معنے بارش پر انحصار کے ہیں؛ اور اگر بارش نہ ہو تو، اس کے نتیجے کے طور پر تکلیف و مصیبت کا دور دورہ ہوگا اور باشندوں

[1] ان اعداد کا تعلق صرف مزدوروں سے ہے۔

[2] قریب ترین زمانے کے اعداد و شمار (۱۹۳۱ء) سے معلوم ہوتا ہے کہ انگلستان میں تقریباً ۸۰ فی صد مزدوروں کا ذریعۂ معاش صنعت ہے اور ۸ فی صد کا ذریعۂ معاش زراعت ہے۔

باب ۳

کی اکثریت اس سے متاثر ہوگی۔ اگر باشندوں کا بڑا حصہ زراعت پر براہِ راست انحصار کرنا ترک کردے تو ایسی صورت پیدا نہ ہوگی۔ سنہ ۱۸۸۰ء کے قحط کمیشن نے صورت حال کے متعلق نہایت صحیح اندازہ لگایا جب اس نے یہ خیال ظاہر کیا کہ "ہندوستان کے باشندوں کے افلاس اور ان کو پیش آنے والے خطرات و مصائب کا باعث بڑی حد تک یہ بدبختانہ واقعہ ہے کہ زراعت، آبادی کے بڑے حصے کا تقریباً واحد پیشہ ہے؛ اور اس صورتِ حال کی اصلاح کی تدبیر کے طور پر کمیشن سفارش کرتا ہے کہ صنعتوں کو ترقی دی جائے۔ ملک کے معاشی ذرائع کی ہر ممکن ترقی کے ذریعے سے آبادی کو اس سے زیادہ مساویانہ طور سے پیشوں میں تقسیم کرنا نہایت مناسب اور ضروری ہے۔

۷۔ شہروں اور دیہات کی آبادی[1]

شہروں اور دیہی علاقوں میں آبادی کی تقسیم سے زراعت کی غالب حیثیت کا مزید ثبوت ملتا ہے، اس لیے کہ لوگوں کے پیشے ان کی بود و باش کے مقام کا تعین کرتے ہیں۔ مجموعی آبادی کے مقابلے میں شہری آبادی کا فی صد ۱۹۲۱ء میں ۱۰٫۲ تھا، جو ۱۹۳۱ء میں کچھ بڑھ کر ۱۱ فی صد ہوگیا۔ مندرجۂ ذیل اعداد سے شہری اور دیہی آبادیوں کے تغیرات معلوم ہوں گے؛ اور "مجموعی آبادی کے مقابلے میں شہری آبادی کا بہت ہی قلیل تناسب اس واقعے سے ظاہر ہوتا ہے کہ مجموعی آبادی اور دیہی آبادی کے تغیرات قریب قریب برابر ہیں، اور اس کے برخلاف مجموعی آبادی اور شہری آبادی کے تغیرات میں بہت بڑا تفاوت ہے۔

اضافہ از ۱۹۲۱ء تا ۱۹۳۱ء

مجموعی	شہری	دیہی
۱۰٫۶ فی صد	۲۰ فی صد	۹٫۶ فی صد

[1] مردم شماری کی رپورٹ بابتہ ۱۹۳۱ء جلد اول صفحہ ۴۴۔

جدول الف

مقاموں کی تقسیم	۱۹۳۱ء		۱۹۲۱ء		مجموعی آبادی فی ہزار کے شمار سے				
	مقاموں کی تعداد	آبادی	مقاموں کی تعداد	آبادی	۱۹۳۱ء	۱۹۲۱ء	۱۹۱۱ء	۱۹۰۱ء	۱۸۹۱ء
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
مجموعی آبادی	۶۹۹ر۴۰۶	۳۵۲ر۳۶ر۷۸۸	۶۸۷ر۹۸۱	۳۱۸ر۹۴۲ر۴۸۰	۱۰۰۰	۱۰۰۰	۱۰۰۰	۱۰۰۰	۱۰۰۰
شہری علاقے	۲ر۵۷۵	۳۸ر۹۸۵ر۴۲۶	۲ر۳۱۶	۳۲ر۴۷۵ر۲۷۶	۱۱۰	۱۰۲	۹۴	۹۹	۹۵
شہر جن کی آبادی حسب ذیل ہے:- ۱- ایک لاکھ اور اس سے زائد-	۳۸	۹ر۶۷۴ر۰۳۲	۳۵	۸ر۲۱۱ر۷۰۴	۲۷	۲۶	۲۲	۲۲	۲۲
۲- ۵۰ ہزار تا ایک لاکھ	۶۵	۴ر۵۷۲ر۱۱۳	۵۴	۳ر۵۱۷ر۷۴۹	۱۳	۱۱	۹	۱۲	۱۱
۳- ۲۰ ہزار تا ۵۰ ہزار	۲۶۸	۸ر۰۹۱ر۲۸۸	۲۰۰	۵ر۹۶۸ر۷۹۴	۲۳	۱۹	۱۸	۱۷	۱۶
۴- ۱۰ ہزار تا ۲۰ ہزار	۵۴۳	۷ر۴۴۹ر۴۰۲	۴۵۱	۶ر۲۲۰ر۸۸۹	۲۱	۱۹	۲۰	۲۲	۱۹
۵- ۵ ہزار تا ۱۰ ہزار	۹۸۷	۶ر۹۹۲ر۸۳۲	۸۸۵	۶ر۲۲۳ر۰۱۱	۲۰	۲۰	۱۹	۲۰	۲۱
۶- ۵ ہزار سے کم	۶۷۴	۲ر۲۰۵ر۷۶۰	۶۹۱	۲ر۳۳۳ر۱۲۹	۶	۷	۶	۶	۶
دیہی علاقے	۶۹۹ر۸۳۱	۳۱۳ر۸۵۲ر۳۵۱	۶۸۵ر۶۶۵	۲۸۷ر۴۶۷ر۲۰۴	۸۹۰	۸۹۸	۹۰۶	۹۰۱	۹۰۵

باب ۳

سب سے زیادہ ترقی بیس ہزار تا پچاس ہزار آبادی کے شہروں میں رونما ہوئی ہے، چنانچہ ان کی مجموعی آبادی اب پچاس ہزار تا ایک لاکھ نفوس کے شہروں کی آبادی سے تقریباً دونی ہوگئی ہے، اور ان ۳۸ شہروں کی آبادی سے بہت کم نہیں ہے جن کی انفرادی آبادی ایک لاکھ سے زائد ہے۔ بڑے صنعتی اور نیم صنعتی شہروں نے ان چھوٹے شہروں کے نقصان سے ترقی کی ہے جن کی آبادی دس ہزار یا اس سے کم ہے۔

شہری آبادی کا اوسط آسام کے ۴ر۳ فی صد سے بمبئی کے ۶ر۲۲ فی صد تک ہے؛ چنانچہ ہندوستان کے بڑے صوبوں کے مقابلے میں بمبئی پریسیڈنسی میں شہری آبادی سب سے زیادہ تعداد میں ہے۔

ہندوستان کی بحیثیت مجموعی ۱۱ فی صد شہری آبادی کے مقابلے میں فرانس کی شہری آبادی ۴۹ فی صد، شمالی آئرستان کی ۵۰ر۸ فی صد، کینیڈا کی ۵۳ر۷ فی صد، ریاستہائے متحدہ امریکا کی ۵۶ر۲ فی صد اور انگلستان اور ویلز کی ۸۰ فی صد ہے۔ 51

پچھلے صفحے کی جدول الف[1] سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دیہی علاقوں میں اور بہ لحاظ وسعت مختلف درجے کے شہروں میں آبادی کی تقسیم کیا ہے، اور یہ امر پوری طرح واضح ہوتا ہے کہ گزشتہ کم و بیش ۴۰ سال میں شہری آبادی نے بہت کم ترقی کی ہے۔

جدول ب سے بڑے شہروں کا حال معلوم ہوتا ہے جن کی آبادی ایک لاکھ سے زائد ہے۔ چنانچہ ہندوستان میں ایسے شہر صرف ۳۹ ہیں، اور ان میں سے صرف سات کی آبادی چار لاکھ سے زائد ہے۔

اکثر مغربی ممالک میں انیسویں صدی میں منظم صنعتوں نے بہت ترقی کی جس کے نتیجے کے طور پر شہری آبادی میں غیر معمولی سرعت کے ساتھ اضافہ رونما ہوا۔ برخلاف اس کے ہندوستان میں شہری آبادی

[1] ۔ رپورٹ مردم شماری بابتہ ۱۹۳۱ء جلد اول حصہ اول صفحہ ۴۲۔

باب ۴

۸۔ آبادی کی صنفی تقسیم

۱۹۳۱ء کی مردم شماری کے مطابق ہر ہزار مردوں میں عورتوں کا تناسب ۹۴۰ ہے۔ مردوں کے مقابلے میں عورتوں کی کثرت ظاہر کرنے والے برطانوی ہند کے صوبے صرف مدراس، بہار، اور اڑیسہ ہیں۔ مندرجہ ذیل جدول میں بتایا گیا ہے کہ ہندوستان کی آبادی کی مختلف عمروں میں صنفی ترکیب کیا ہے یا دوسرے الفاظ میں فی ہزار مرد کتنی عورتیں ہیں، اور اس حیثیت سے ہندوستان کا بعض دوسرے ملکوں سے مقابلہ کیا گیا ہے۔[1]

نام ملک	سال	۰ تا ۱۰	۱۰ تا ۲۰	۲۰ تا ۳۰	۳۰ تا ۴۰	۴۰ تا ۵۰	۵۰ تا ۶۰	۶۰ تا ۷۰	۶۰ اور ۷۰ سے زاید
جرمنی	۱۹۱۰	۹۸۹	۹۹۵	۱۰۰۱	۱۰۰۴	۱۰۳۳	۱۱۱۲	۱۲۱۹	۱۳۱۴
آسٹریا	۱۹۱۰	۹۸۹	۱۰۲۳	۱۰۴۳	۱۰۴۹	۱۰۸۷	۱۰۷۱	۱۱۱۸	۱۱۹۹
اٹلی	۱۹۱۱	۹۶۳	۱۰۱۷	۱۱۲۱	۱۱۰۸	۱۰۵۷	۱۰۳۱	۲۰۲۸	۱۰۳۸
ہنگری	۱۹۱۰	۹۹۰	۱۰۱۲	۱۰۵۹	۱۰۵۱	۱۰۲۸	۹۹۳	۱۰۱۷	۱۰۶۱
فرانس	۱۹۱۱	۹۸۹	۹۹۴	۱۰۲۱	۱۰۰۸	۱۰۲۶	۱۰۵۹	۱۱۵۵	۱۳۰۰
انگلستان و ویلز	۱۹۱۱	۹۹۶	۱۰۰۹	۱۱۱۴	۱۰۸۲	۱۰۷۸	۱۰۹۳	۱۱۶۷	۱۴۱۶
ریاستہائے متحدہ امریکا	۱۹۱۰	۹۷۹	۹۹۰	۹۵۳	۹۰۳	۸۸۴	۸۵۹	۹۲۵	۱۰۲۳
جاپان	۱۹۱۳	۹۷۶	۹۶۸	۹۲۷	۹۶۹	۹۴۶	۹۷۲	۱۰۴۲	۱۲۱۰
ہندوستان	۱۹۱۱	۹۹۲	۸۷۴	۱۰۲۴	۹۱۰	۹۱۲	۹۵۰	۱۰۹۲	[2]
ہندوستان	۱۹۲۱	۹۹۸	۸۶۹	۱۰۲۲	۹۰۵	۹۰۲	۹۲۶	۱۰۴۹	

[1] دیکھو برنج نرائن کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۴۲۔

[2] ان اعداد میں وہ سب لوگ شریک ہیں جن کی عمر ۶۰ یا اس سے متجاوز تھی۔

باب ۲

اس جدول سے بعض دلچسپ واقعات کا انکشاف ہوتا ہے۔ چنانچہ ایک بات تو یہ معلوم ہوتی ہے کہ سب سے کم عمر جماعت (یا۔ تا۔ ۱ سال کی عمر والوں) میں تمام ملکوں میں مردوں کے مقابلے میں عورتوں کی تعداد کم ہے[1] لیکن جوں جوں ہم زیادہ عمر والوں کے درجے کی جانب بڑھتے ہیں، ہندوستانی حالات مردوں کے 53
مقابلے میں عورتوں کے تناسب کو مختلف ظاہر کرنے لگتے ہیں؛ اور عام نتیجہ یہ برآمد ہوتا ہے کہ ہندوستان کے حالات یورپ کے حالات کے برخلاف عورتوں کی زندگی کے لیے نمایاں طور سے ناموافق ہیں۔ چنانچہ ہندوستان میں دس سال کی عمر سے اور خاص کر سن بلوغ پر پہنچ جانے کے بعد، عورتوں کی شرح اموات مردوں کی شرح اموات سے زیادہ معلوم ہوتی ہے جو یورپ کے حالات کے برعکس تجربہ ہے۔ اس کی ایک توجیہ اس واقعے سے ملتی ہے کہ پردہ جیسے بعض معاشری رسم و رواج خاص کر ان عورتوں کی صحت پر نہایت مضر اثر ڈالتے ہیں جو گنجان شہروں میں رہتی ہیں۔ پردہ، خوش حال مسلمانوں اور ان علاقوں کے ہندوؤں میں پایا جاتا ہے جہاں مسلمانوں کا اثر بہت قوی رہا ہے۔ لیکن عورتوں میں کثرتِ اموات کا سب سے بڑا سبب کم سنی کا بیاہ ہے جو لڑکیوں کو ایسی عمر میں حاملہ بن جانے کے خطرے میں مبتلا کر دیتا ہے جس میں جسمانی نشوونما مکمل نہیں ہوتی جیسا کہ بڑھوتی کی

[1] یوں تو لڑکیوں کی ولادت کی کمی ایک عام واقعہ ہے، چنانچہ ہندوستان میں تولد شدہ ہر ۱۰۰۰ لڑکیوں کے مقابلے میں ۱۰۸ لڑکے پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن یورپی ملکوں میں اس عدم مساوات کی اصلاح، بچوں کی اموات کی اس اعلیٰ شرح سے ہو جاتی ہے جو لڑکیوں کے مقابلے میں لڑکوں کے بارے میں ہے۔ وٹل کا مقولہ ہے کہ "اماییاتی لحاظ سے عورت، مرد کے مقابلے میں زیادہ طاقتور ہے" (دیکھو ان کی تصنیف مخولہ بالا صفحہ ۱۷)۔ پھر بھی ہندوستان میں لڑکوں کے مقابلے میں لڑکیوں کی تعداد کی کمی کو بعض اوقات اس بات کی علامت تصور کیا جاتا ہے کہ لڑکیوں کی حد تک قتل کشی کا رواج پوری طرح معدوم نہیں ہوا ہے۔ چنانچہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ رسم نہ صرف گھٹیا اور نیچ قوموں میں بلکہ کسی حد تک جاٹ، کھتری، گوجر، راجپوت وغیرہ جیسی معزز اور مشہور قوموں میں بھی پائی جاتی ہے۔ دیکھو مردم شماری کی رپورٹ (بابتہ ۱۹۲۱ء) جلد اول ضمیمہ (۲)۔

باب ۳

مردم شماری بابتہ سنہ ۱۹۱۱ء کے مہتمم نے کہا ہے "بیشمار لڑکیاں جو مائیں بن جاتی ہیں، عروسی خواب گاہ سے مرگھٹ کی چتا تک کی مسافت بہت تیزی کے ساتھ طے کر جاتی ہیں اور اعصابی کمزوری، دق اور رحمی شکایتوں کا بری طرح شکار ہوتی ہیں"۔ جیسا کہ سرجان میگانے ۱۹۲۳ء میں تحقیق کرنے کے بعد بتلایا ہے، ہندوستان میں زچاؤں کی اموات کی شرح بحیثیت مجموعی ۲۴۰ فی ہزار ہے۔ یہ قول موصوف بنگال میں یہ شرح قریب قریب ۵۰ فی ہزار ہے۔ انگلستان میں محض اس بنا پر اضطراب کا اظہار کیا جاتا ہے کہ وہاں شرح ۴ فی ہزار ہے، گویا اس شرح کو بھی بہت زیادہ خیال کیا جاتا ہے۔ ایک اور ممکنہ سبب یہ ہے کہ ہندوستان میں عورتوں کی زندگی مغرب کے مقابلے میں بہت کم قیمت مانی جاتی ہے اور صرف مردوں ہی کا یہ خیال نہیں ہے بلکہ خود عورتیں بھی ایسا ہی سمجھتی ہیں؛ چنانچہ اس کے نتیجے کے طور پر عورتوں کی صحت کی جانب دیدہ و دانستہ بہت بے پروائی اور بے التفاتی برتی جاتی ہے۔ ابتدائی سالوں میں لڑکیوں کی داشت میں کم اور لڑکوں کی داشت میں زیادہ توجہ کی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں ایک سبب یہ واقعہ بھی ہے کہ کھیتوں اور کارخانوں میں کام کرنے والی عورتوں کو وضع حمل سے پیشتر اور بعد ضروری آرام لینے اور وقفے سے متمتع ہونے کا شاذ ہی موقعہ ملتا ہے اور کثرت کار کی وجہ سے ان کی صحت خراب اور جسمانی حالت کمزور ہو جاتی ہے۔ دیہاتی قابلہ کی غیر ماہرانہ دایہ گری بھی ایک مزید موئد سبب ہے۔ اس صورت حالات میں جو چیز خاص طور پر تشویش کا باعث ہے وہ یہ واقعہ ہے کہ ہر مردم شماری ۵۷ء
کے موقع پر مردوں کے مقابلے میں عورتوں کی تعداد کا تناسب قطعی طور پر زیادہ سے زیادہ گھٹتا ہوا معلوم ہو رہا ہے۔

یوں تو عام آبادی میں عورتوں کی تعداد کم ہی ہے، لیکن شہروں کی آبادی میں یہ کمی بہت زیادہ ہے؛ اور یہ حالت مغربی ممالک کے بالکل برعکس ہے، چنانچہ وہاں کے شہروں میں عورتوں کی تعداد مردوں کے مقابلے میں بڑی حد تک زیادہ ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ ہندوستان کے کارخانوں میں کام کرنے والے مزدور عارضی طور پر نقل مقام کرتے ہیں اور اپنے اہل و عیال کو

باب ۳

شہروں میں بہت شاذ ملاتے ہیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ شہری صنعتوں میں عورتوں سے بہت کم کام لیا جاتا ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۱ء میں عورتوں کی تعداد ہر ہزار مردوں میں کلکتے میں صرف ۴۸۹ اور بمبئی میں ۵۵۴ تھی۔

یہ کہنے کی بہ مشکل ضرورت ہے کہ شہروں میں عورتوں کی قلت کا اثر مزدوروں کی صحت و آسائش اور ان کے اخلاق پر نہایت مضر پڑتا ہے۔

ہندوستان میں عورتوں کی مجموعی تعداد کے مقابلے میں مزدور پیشہ عورتوں کا فی صد ۲۵ ہے۔ اس کے مقابلے میں انگلستان اور ویلز میں کم و بیش ۲۶، فرانس میں ۳۹ اور ریاستہائے متحدۂ امریکہ میں ۱۸ ہے۔ اس لحاظ سے مغرب کے بعض سب سے زیادہ ترقی ممالک کے مقابلے میں ہندوستان کا فی صد کم نہیں ہے۔

یہ غالباً ایک تعجب خیز امر ہے اور اس کو اس بات کے ثبوت کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے کہ عورتوں کی صرف قلیل تعداد پردے کے زیر اثر ہے۔ علاوہ ازیں اس سے ہندوستان کے افلاس پر بھی ضمنی طور پر روشنی پڑتی ہے، اس لیے کہ ہندوستان میں مردوں کی کسب معاش کی صلاحیت میں اصلاح و ترقی ہوتے ہی عورتیں مزدوری کے پیشے سے بالعموم دست کش ہو جایا کرتی ہیں۔ عزت و آبرو کے مروجہ خیالات کی بنا پر گھر کی عورتوں کے لئے تا حد امکان تلاش معاش کی غرض سے باہر نکلنے کی روک تھام کی جاتی ہے۔ اس لحاظ سے مزدوری پیشہ عورتوں کی تعداد کی کثرت یہ ظاہر کرتی ہے کہ ملک میں بہت کم لوگ ایسے ہیں جو اپنی عورتوں کے لیے بے کاری کے تعیش کو برداشت کر سکتے ہیں۔ خاندان کی آمدنی میں تھوڑا سا اضافہ کرنے کی خاطر، ان کو کام پر لگایا جاتا ہے، اگرچہ بادل ناخواستہ[1]۔

[1] ۔ مردم شماری کے اغراض کے لیے ایسی عورت کو بھی مزدور شمار کیا جاتا ہے جو اساسی طور سے خانہ داری میں مصروف ہو اور اپنے وقت کا صرف ایک قلیل جز و آمدنی والے پیشے میں صرف کرتی ہو۔ گو افلاس کا جہاں تک تعلق ہے وہاں تک، اس نتیجے کی بنیاد اس واقعے پر قایم کرنا بظاہر بالکل حق بجانب ہے کہ قومی معاشری تعصبات کے باوجود عورتوں کی کثیر تعداد تلاش معاش میں گھر سے باہر نکلنے پر

باب ۳
55

۹۔ تقسیم آبادی بلحاظ عمر

مردم شماری بابتہ ۱۹۳۱ء کی رپورٹ میں مندرجۂ ذیل اعداد موجود ہیں جن سے ۱۸۹۱ء تا ۱۹۳۱ء کے پانچ عشروں میں ہندوستان کی آبادی کے ۱۰ ہزار مردوں اور عورتوں کی عمروار تقسیم کا حال دس سالہ گروہ بندی کے لحاظ سے معلوم ہوتا ہے۔

گروہ بلحاظ عمر	۱۹۳۱		۱۹۲۱		۱۹۱۱		۱۹۰۱		۱۸۹۱	
	مرد	عورتیں	مرد	عورتیں	مرد	عورتیں	مرد	عورتیں	مرد	عورتیں
۰ تا ۱۰ سال	۲۸۰۲	۲۸۸۹	۲۶۷۳	۲۸۱۰	۲۷۱۰	۲۸۱۶	۲۶۴۸	۲۷۲۱	۲۸۳۷	۲۹۲۳
۱۰ تا ۲۰ سال	۲۰۸۹	۲۰۶۲	۲۰۸۷	۱۸۹۶	۲۰۱۳	۱۸۲۳	۲۱۳۰	۱۹۱۷	۱۹۷۴	۱۷۵۸
۲۰ تا ۳۰ سال	۱۷۶۸	۱۸۵۶	۱۶۴۰	۱۷۶۶	۱۷۱۸	۱۸۳۹	۱۶۶۶	۱۷۸۷	۱۶۷۴	۱۸۰۱
۳۰ تا ۴۰ سال	۱۴۳۱	۱۳۵۱	۱۴۶۱	۱۳۹۸	۱۴۵۱	۱۳۹۱	۱۴۵۷	۱۴۰۸	۱۶۷۸	۱۴۰۱
۴۰ تا ۵۰ سال	۹۶۸	۸۹۱	۱۰۱۳	۹۶۷	۱۰۱۴	۹۶۹	۱۰۱۹	۹۹۱	۱۴۵۵	۹۴۹
۵۰ تا ۶۰ سال	۵۶۱	۵۴۵	۶۱۹	۶۰۶	۶۰۹	۶۰۷	۶۱۴	۶۲۱	۱۰۰۴	۵۹۶
۶۰ تا ۷۰ سال	۲۶۸	۲۸۱	۳۴۷	۳۷۷	۳۴۰	۳۸۰	۴۶۶	۵۵۵	۴۶۲	۵۷۳
۷۰ اور اس سے زاید	۱۱۵	۱۲۵	۱۶۰	۱۸۰	۱۴۵	۱۷۵				
اوسط عمر	۲۳۱۲	۲۲۱۸	۲۴۶۸	۲۴۶۷	۲۴۶۷	۲۴۶۷	۲۴۶۷	۲۵۶۱	۲۴۶۴	۲۴۶۹

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ مجبور ہو جاتی ہے تاہم یہ توجیہ اس عام استدلال کی صحت پر اثر انداز نہیں ہوتی کہ ہندوستان کی نسوانی محنت کی مجموعی "مقدار" مغربی ممالک کے مقابلے میں نسبتاً بہت قلیل ہے۔ ہندوستان میں رسم و رواج اور تعصب اکثر پیشوں کا دروازہ عورتوں کے لیے مسدود کر دیتے ہیں جس کے باعث نسوانی محنت کی بڑی مقدار ضایع جاتی ہے اور قومی مقسوم کی مقدار اس سے کم ہوتی ہے جتنی کہ ہونی چاہئے۔ مزدور پیشہ عورتوں کی تعداد تو بڑی ہے؛ لیکن ان میں سے اکثر چونکہ دن کے کچھ حصے میں اور گاہے ماہے کام کرتی ہیں اس لیے اجرتی محنت کے مجموعے میں ان کی محنت کے حصے کی مقدار مرد مزدوروں کے حصے کے مقابلے میں حقیر اور نظر انداز کرنے کے قابل ہے۔ علاوہ ازیں یہاں عورتوں کے لیے جن پیشوں کے دروازے بند ہیں ان کی تعداد مغرب کے ترقی پذیر ممالک کے مقابلے میں بہت زیادہ ہے۔

باب ۳

ترکیب آبادی بلحاظ عمر میں معاشی حیثیت سے سب سے زیادہ قابل لحاظ بات یہ ہے کہ مجموعی آبادی سے مزدوروں یا (موثر آبادی) کا کیا تناسب ہے۔ ہر ملک کی آبادی کی تقسیم بہ لحاظ عمر کو مخروطی شکل میں ظاہر کیا جا سکتا ہے۔ کم عمر والے گروہ، آبادی کے سب سے بڑے حصے کی نمائندگی کرتے ہیں اور یہی بہ ظاہر اس مخروط کا قاعدہ ترتیب دیتے ہیں؛ جوں جوں ہم زیادہ عمر والے گروہوں پر پہنچیں گے مخروط تنگ اور چھوٹا ہوتا جائے گا، یہاں تک کہ وہ چھوٹا ہوتے ہوتے آخر میں نقطے پر ختم ہوگا، اس لیے کہ ایک مقررہ عمر کے بعد لوگ زندہ ہی نہ رہینگے کہ ان کی تعداد کا اندراج کیا جائے۔ مجموعی آبادی میں مختلف عمر والے گروہوں کے تناسب کے مطابق مخروط کی شکل بھی مختلف ہوگی۔ چنانچہ ہندوستان کی حد تک عمر کے مخروط کا قاعدہ دنیا کے سب ممالک کے عمر کے مخروطوں کے قاعدوں سے زیادہ چوڑا ہے، بس کا باعث یہ ہے کہ یہاں شرح ولادت بہت اعلیٰ ہے۔ ہندوستان میں دس سال سے کم عمر والے بچوں کا تناسب سب ممالک کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ علیٰ ہذا مخروط کا بالائی حصہ بھی دوسرے تمام ملکوں کے مقابلے میں بہت زیادہ تنگ اور گاؤدم ہو کر اوپر کے نقطے پر پہنچتا ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہندوستان کے باشندوں کی عمریں بہت کم طویل ہوتی ہیں۔ دوسرے ملکوں کے مقابلے میں یہاں ایسے لوگ بہت کم تعداد میں ہیں جو پچاس سال سے زیادہ زندہ رہتے ہوں؛ چنانچہ مندرجۂ ذیل جدول سے اس کا 56
حال معلوم ہوگا جس میں عمر کی تقسیم فی ہزار آبادی کے لحاظ سے بتائی گئی ہے:۔

	جرمنی	فرانس	انگلستان و ویلز	ریاستہائے متحدہ	جاپان	برطانوی ہند	
	سنہ ۱۹۱۰ء	سنہ ۱۹۱۱ء	سنہ ۱۹۱۱ء	سنہ ۱۹۱۰ء	سنہ ۱۹۱۳ء	سنہ ۱۹۱۱ء	سنہ ۱۹۲۱ء
دس سال سے کم	۲۳۴	۱۷۱	۲۰۹	۲۲۲	۲۲۴	۲۷۶	۲۷۴
۱۰ تا ۲۰ سال	۲۰۳	۱۶۶	۱۹۰	۱۹۸	۱۹۸	۱۹۲	۱۹۸
۲۰ تا ۳۰ سال	۱۶۴	۱۵۸	۱۷۳	۱۸۷	۱۵۴	۱۷۸	۱۷۰
۳۰ تا ۴۰ سال	۱۳۹	۱۴۸	۱۵۲	۱۴۶	۱۳۸	۱۴۲	۱۴۳

باب ۳

	جرمنی	فرانس	انگلستان و ویلز	ریاستہائے متحدہ	جاپان	برطانوی ہند	
	سنہ ۱۹۱۰ء	سنہ ۱۹۱۱ء	سنہ ۱۹۱۱ء	سنہ ۱۹۱۰ء	سنہ ۱۹۱۳ء	سنہ ۱۹۲۱ء	سنہ ۱۹۲۱ء
۴۰ تا ۵۰ سال	۱۹۵	۱۲۷	۱۱۵	۱۰۶	۱۰۱	۹۹	۹۴
۵۰ تا ۶۰ سال	۷۶	۱۰۴	۸۰	۷۲	۷۷	۶۱	۶۱
۶۰ تا ۷۰ سال	۵۱	۷۷	۵۱	۴۳	۵۷	۳۶	۳۶
۷۰ اور اس سے زاید سال	۲۳	۴۹	۳۰	۲۶[1]	۳۱	۱۶	۱۷

اوپر کی جدول سے واضح ہوگا کہ پہلے اور دوسرے گروہ کی تعداد کا درمیانی فرق ہندوستان میں سب سے زیادہ ہے، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بچوں کی اموات کی شرح بہت بڑی ہے۔ اسی طریقے سے ۵۰ سال اور اس سے زیادہ عمر والوں کی نمایندگی کرنے والے آخری تین گروہوں میں ہندوستان میں اشخاص کی تعداد کمترین ہے۔

یورپ میں مزدور پیشہ یا پیداآور آبادی کی عمروں کے عام طور پر مسلمہ حدود ۱۵ اور ۶۰ یا ۶۵ سال کے درمیان ہیں۔ برخلاف اس کے ہندوستان میں عمر کی بالائی حد لازمی طور پر کمتر ہے، اس لیے کہ کبرسنی اور عدم قابلیت کار یورپ کے مقابلے میں بہت پہلے سے شروع ہوجاتی ہے۔ چنانچہ ہندوستان میں عمر کی مسلمہ حد ۱۵ اور ۴۰ کے مابین ہے۔ اس اعتبار سے ہندوستان کی موثر یا محنت کرنیوالی آبادی کا تناسب مجموعی آبادی سے صرف ۴۰ فی صد ہے۔ اس کے برخلاف اگر فرانس اور انگلستان میں پیداآور آبادی کے لیے عمر کے حدود ۱۵ تا ۶۰ مانے جائیں تو، ان دونوں ملکوں میں یہ تناسب علی الترتیب ۵۳ فی صد اور ۶۰ فی صد ہے[2]۔ اس طرح مزدوروں کی موجودہ تعداد کے مدنظر، ہندوستان کی حالت تشویش ناک ہے۔ لہذا ایسی تدبیروں کا خیر مقدم کرنا چاہیئے جن کا مقصد صحت عامہ کے معیار کی

[1] اس میں وہ اشخاص ایسے بھی شامل ہیں جن کی عمریں غیر معلوم ہیں۔ دیکھو برنز آف کی محولۂ بالا کتاب صفحہ ۲۷ تا ۲۸

[2] دیکھو ایک کتاب موسومہ بہ "دولت ہند" (Wealth of India) صفحہ ۶۰ از پی۔ اے۔ واڈیا و جی۔ این جوشی

باب ۳
57

اصلاح کرنا اور عوام کی عمروں کے اوسط کو اس غرض سے بڑھانا ہو کہ محنت کرنیوالی آبادی کی تعداد میں اضافہ ہو اور وہ دوسرے ملکوں کی سطح پر آجائے۔ ۱۹۲۱ء سے شرح اموات میں کمی کا میلان رونما ہوا ہے جس کا باعث غالباً یہ ہے کہ محکمہ جات صحت عامہ کی تنظیم جدید ہوئی ہے اور وہ اصلاحات کے نفاذ کے بعد سے مختلف صوبوں میں زیادہ کام کر رہے ہیں۔

یہ بتانے کی بہ مشکل ضرورت ہے کہ ایک ہی مقررہ ملک کی آبادی کی تقسیم بہ لحاظ عمر وقتاً فوقتاً متغیر ہوتی رہتی ہے۔ مثلاً ممکن ہے کہ معمولی شرح ولادت اور شرح اموات میں تبدیلیاں ہوتی رہیں۔ علاوہ ازیں جنگ، قحط اور متعدی امراض بھی عمر کی تقسیم میں تغیر پیدا کر سکتے ہیں۔ جنگ، بالغوں کی آبادی کے تناسب کو گھٹا سکتی ہے۔ قحط اور متعدی امراض کا اثر مختلف عمروں کے گروہوں پر مختلف ہوتا ہے۔ قحط، بالغوں کے مقابلے میں بچوں پر زیادہ شدت کے ساتھ اثر انداز ہوتا ہے؛ برخلاف اس کے متعدی امراض معکوس اثر ڈالتے ہیں[1] کافی طویل مدت کے لیے ظاہر ہے کہ بچوں میں کثرت اموات کا یہ اثر ظاہر ہوگا کہ کم و بیش پندرہ سال کے بعد بالغوں کی تعداد میں کمی ہو جائے گی۔ علیٰ ہذا اگر بالغوں کی کثیر تعداد تاہل کے زمانے میں امراض کا شکار ہو جائے تو رفتار زمانہ کے ساتھ اس کا نتیجہ یہ ظاہر ہوگا کہ شرح ولادت میں کمی ہو جائے گی اور اس کے نتیجے کے طور پر بچوں کے تناسب میں کمی ہو جائے گی۔ چنانچہ ۱۹۱۸ء میں ہندوستان میں انفلوئنزا کی وبا کے شائع ہونے کی وجہ سے جو کثیر اموات واقع ہوئیں اس کی بنا پر یہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ ممکن ہے کہ مجموعی آبادی میں مزدور پیشہ آبادی کا تناسب معمول سے زیادہ ناموافق ہو گیا ہو۔ گو سب حلقوں کے لوگ کم و بیش مبتلا ہوئے تاہم بالغوں میں غالباً سب سے زیادہ اموات واقع ہوئیں۔

مندرجۂ ذیل جدول میں، حساب لگا کر یہ بتایا گیا ہے کہ ۱۹۲۱ء کی

---

[1] دیکھو برج نرائن کی مولفہ بالا تصنیف۔

باب ۳

مردم شماری میں آبادی کی تقسیم بلحاظ عمر و صنف کیا تھی :-

	مجموعی آبادی				مجموعی آبادی		
	اشخاص	مرد	عورتیں		اشخاص	مرد	عورتیں
۰ تا ۵	۳۹٫۶۵	۱۹٫۴۸	۲۰٫۱۷	۳۵ تا ۴۰	۱۸٫۹۶	۱۰٫۳۰	۸٫۶۶
۵ تا ۱۰	۴۶٫۷۴	۲۳٫۸۴	۲۲٫۹۰	۴۰ تا ۴۵	۱۹٫۵۸	۱۰٫۰۷	۹٫۵۱
۱۰ تا ۱۵	۳۶٫۷۴	۲۰٫۱۷	۱۶٫۵۷	۴۵ تا ۵۰	۱۱٫۶۴	۶٫۳۴	۵٫۳۰
۱۵ تا ۲۰	۲۶٫۱۴	۱۳٫۶۵	۱۲٫۴۹	۵۰ تا ۵۵	۱۳٫۷۴	۷٫۰۳	۶٫۷۱
۲۰ تا ۲۵	۲۶٫۰۶	۱۳٫۵۶	۱۲٫۵۰	۵۵ تا ۶۰	۵٫۷۷	۲٫۱۹	۲٫۵۸
۲۵ تا ۳۰	۲۷٫۵۹	۱۴٫۰۲	۱۳٫۵۷	۶۰ تا ۶۵	۸٫۸۸	۴٫۳۱	۴٫۵۷
۳۰ تا ۳۵	۲۶٫۱۳	۱۳٫۳۷	۱۲٫۷۶	۶۵ تا ۷۰	۲٫۵۱	۱٫۳۰	۱٫۲۱
				۷۰ اور اس سے زاید	۵٫۳۴	۲٫۵۸	۲٫۷۶
				غیر شخص عمر[1]	۲۴/۲۴	۲۴/۲۴	.....
				میزان	۳۱۵٫۳۵	۱۶۲٫۰۸	۱۵۳٫۲۷

۱۰۔ ہندوستان میں ولادت اور اموات کی شرح

ہندوستان کی آبادی کی تعداد کا تعین تقریباً کل کا کل شرح ولادت و شرح اموات کے ذریعے سے ہوتا ہے، اور تو طن داخلی و تو طن خارجی دونوں عامل، نظر انداز کرنے کے قابل ہیں۔ شرح اموات اور

[1] ۔ یہ تعداد طبعین میں ظاہر نہیں کی گئی ہے۔
[2] ۔ " " " " " "
[3] ۔ " " " " " "

باب ۳

شرح ولادت، دونوں کی حد تک، ہندوستان دنیا کے مہذب ممالک میں ایک ناقابل رشک لیکن نمایاں حیثیت رکھتا ہے، چنانچہ جیسا کہ ۱۹۱۱ء میں مختلف صوبوں کے اعداد سے معلوم ہوتا ہے اوسط شرح ولادت اور شرح اموات علی الترتیب ۳۴٫۳ اور ۲۴٫۹ تھی۔ یورپ کے زیادہ ترقی یافتہ ملکوں میں شرح ولادت اور شرح اموات دونوں میں ترقی پذیر کمی کا میلان قوت کے ساتھ کارفرما ہے۔ مثلاً انگلستان اور ویلز میں ۱۸۹۱ء تا ۱۸۹۵ء میں ولادتوں اور اموات کی تعداد فی ہزار نفوس علی الترتیب ۳۰٫۵ اور ۱۸٫۷ تھی۔ اس کے بالمقابل ۱۹۲۲ء میں یہ اعداد ۱۵٫۳ اور ۱۲٫۰ تھے۔

ہندوستان میں شرح ولادت و شرح اموات میں اس قسم کی کوئی نمایاں کمی واقع نہیں ہوئی ہے۔ اس کے برخلاف واقعہ یہ ہے کہ بعض زمانوں میں دونوں میں اضافہ رونما ہوا، جیسا کہ مندرجۂ ذیل جدول سے واضح ہوگا۔[1]

زمانہ	ولادتوں کا اوسط فی ہزار نفوس	اموات کا اوسط فی ہزار نفوس
۱۸۸۵ء تا ۱۸۹۰ء	۳۵٫۸۳	۲۷٫۴۴
۱۸۹۱ء تا ۱۹۰۰ء	۳۵٫۴۳	۳۱٫۳۱
۱۹۰۱ء تا ۱۹۱۰ء	۳۸٫۱۸	۳۳٫۹۴
۱۹۱۱ء تا ۱۹۱۶ء	۳۸٫۶۸	۳۰٫۳۱
۱۹۱۸ء	۳۵٫۳۵	۶۲٫۴۶
۱۹۱۹ء	۳۰٫۲۴	۳۵٫۸۷
۱۹۲۰ء	۳۲٫۹۸	۳۰٫۸۴
۱۹۱۱ء تا ۱۹۲۰ء کا اوسط	۳۶٫۹۳	۳۴٫۱۳
۱۹۲۱ء	۳۲٫۲۰	۳۰٫۵۹
۱۹۲۲ء	۳۱٫۸۵	۲۴٫۰۲
۱۹۲۳ء	۳۵٫۰۶	۲۵٫۰۰

[1] ۱۸۸۵ء تا ۱۹۲۰ء کے اعداد برج نرائن کی محولہ کتاب سے ماخوذ ہیں۔

باب ۳

زمانہ	ولادتوں کا اوسطی ہزار نفوس	اموات کا اوسطی ہزار نفوس
سنہ ۱۹۲۵ء	۳۴٫۴۴	۲۸٫۴۹
سنہ ۱۹۲۶ء	۳۴٫۷۷	۲۷٫۷۶
سنہ ۱۹۲۷ء	۳۵٫۲۷	۲۴٫۸۹
سنہ ۱۹۲۸ء	۳۶٫۷۹	۲۵٫۵۹
سنہ ۱۹۲۹ء	۳۵٫۴۷	۲۵٫۹۵
سنہ ۱۹۳۰ء	۳۵٫۹۹	۲۶٫۸۵
سنہ ۱۹۳۱ء	۳۴٫۳۸	۲۴٫۸۹

۱۱۔ شرح اموات

جہاں شرح ولادت اعلیٰ اور بے روک ہوگی وہاں شرح اموات بھی اعلیٰ ہوگی۔ ہندوستان میں اعلیٰ شرح اموات کا باعث آخر میں عام افلاس ہے؛ جس کی وجہ سے لوگ ملیریا، طاعون اور انفلوئنزا جیسے امراض کی مقاومت کی طاقت نہیں رکھتے۔ اہل ہند میں طاقت و توانائی کی کمی ہی اس واقعے کی توجیہ کرتی ہے کہ اکثر عمروں میں زندہ رہنے کی توقع یورپین ملکوں کے مقابلے میں کمتر ہوتی ہے، جیسا کہ مندرجۂ ذیل جدول سے معلوم ہوگا۔[۲]

59

ملک	بزمانۂ ولادت	۱۰	۲۰	۳۰	۶۰	۸۰
	مرد					
ہندوستان	۲۲٫۵۹	۳۳٫۳۶	۲۷٫۴۶	۲۲٫۴۵	۱۰٫۰۰	۳٫۰۶
جرمنی	۴۷٫۴۱	۵۲٫۰۱	۴۳٫۴۳	۳۵٫۲۹	۱۳٫۱۸	۴٫۴۱

[۱] سنہ ۱۹۳۲ء اور سنہ ۱۹۳۳ء کے اندازوں سے معلوم ہوتا ہے کہ شرح ولادت ۳۴ اور شرح اموات ۲۲ ہے۔

[۲] دیکھو برج نرائن کی محولہ کتاب صفحہ ۳۴؛ نیز دیکھو وٹل کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۸۰ تا ۸۴۔

باب ۳

ملک	بزمانۂ ولادت	۱۰	۲۰	۳۰	۶۰	۸۰
ڈنمارک	۵۴٫۹۰	۵۵٫۱۰	۴۶٫۳۰	۳۸٫۰۰	۱۵٫۲۰	۵٫۱۰
انگلستان و ویلز	۵۱٫۵۰	۵۳٫۰۸	۴۴٫۲۱	۳۵٫۸۱	۱۳٫۷۸	۴٫۹۶
فرانس	۴۵٫۷۴	۴۹٫۷۵	۴۱٫۵۳	۳۴٫۳۵	۱۳٫۸۱	۴٫۸۷
عورتیں						
ہندوستان	۲۳٫۳۱	۳۳٫۷۴	۲۷٫۹۶	۲۲٫۹۹	۱۰٫۱۱	۳٫۰۶
جرمنی	۵۰٫۶۸	۵۳٫۹۹	۴۵٫۳۵	۳۷٫۳۰	۱۴٫۱۷	۴٫۵۲
ڈنمارک	۵۷٫۹۰	۵۶٫۷۰	۴۸٫۰۰	۴۰٫۱۰	۱۶٫۵۰	۵٫۵۰
انگلستان و ویلز	۵۵٫۳۵	۵۵٫۵۱	۴۷٫۱۰	۳۸٫۵۴	۱۵٫۴۸	۵٫۵۹
فرانس	۴۹٫۱۳	۵۲٫۰۳	۴۴٫۰۲	۳۶٫۹۳	۱۵٫۰۸	۵٫۳۸

"مرد کی عمر کا اوسط انگلستان میں ۵۵٫۶۲ سال ہے؛ ہندوستان میں اس کے نصف سے بھی کم یا صرف ۲۶٫۹۱ ہے۔ عورتوں کی بابتہ ہندوستان کا اوسط ۲۶٫۵۶ اور انگلستان کا اوسط ۵۹٫۵۸ ہے۔ سنہ ۱۸۹۱ء میں مردوں کی عمر کا اوسط انگلستان میں ۴۴٫۱۳ سال اور ہندوستان میں ۲۵٫۵۴ سال تھا۔ سنہ ۱۹۲۰ء تا سنہ ۱۹۲۲ء میں انگلستان کا عدد ۵۵٫۶۲ تک بڑھ گیا، اور ہندوستانی عدد، سنہ ۱۹۰۱ء میں ۲۳٫۹۶ تک اور سنہ ۱۹۱۱ء میں ۲۳٫۳۲ تک گھٹ جانے کے بعد، سنہ ۱۹۳۱ء میں بھی صرف ۲۶٫۵۶ تھا۔ دوسرے الفاظ میں، جہاں انگریز نے ۳۰ سال کی مدت میں اپنی عمر میں ½ ۱۱ سال کا اضافہ کیا، ہندوستانی نے ۴۰ سال کی زیادہ طویل مدت میں صرف ایک سال کا اضافہ کیا۔[1]

[1] دیکھو وٹل کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۱۷ تا ۲۷۔

باب ۳

ممالک یورپ میں حیات کا طول عام طور پر قطعی ترقی ظاہر کر رہا ہے اور اس کا باعث وہاں کے بہتر حالات زندگی اور موت کو روکنے والے اسباب پر بدرجہا زیادہ قابو ہے۔ اس کے برخلاف ہندوستان، معاشی حیثیت سے بالکل جمود کی حالت میں ہے، اور ممالک یورپ میں جس ترقی کا ذکر کیا گیا ہے وہ یہاں مفقود ہے۔ بلکہ واقعہ یہ ہے کہ یہ ثابت کرنے کے لیے اچھا خاصا مقدمہ ترتیب دیا جا سکتا ہے کہ یہاں انحطاط قطعی طور پر شروع ہو گیا ہے۔ ہندوستان میں عمر کے اوسط طول کی کمی کے معنی یہ ہیں کہ صاحب فراست و تجربہ کار لوگ دنیا سے ایسے زمانے میں کوچ کر جاتے ہیں جبکہ ان میں قوم کے لیے اپنے آپ کو کارآمد ثابت کرنے کی قوت و صلاحیت عروج پر ہوتی ہے۔

60 ہندوستان کی شرح اموات کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں :-
(۱) بچوں میں اموات کی کثرت، اور (۲) عورتوں میں شباب و تاہل کی عمروں میں کثرت اموات۔ مہذب ممالک کے مقابلے میں یہاں بچوں میں بہت زیادہ کثرت کے ساتھ اموات واقع ہوتی ہیں۔ نومولود بچوں میں سے تقریباً ۱/۵ حصہ ایک سال کی عمر کو پہنچنے سے پیشتر ہی فوت ہو جاتا ہے۔ چنانچہ بچوں کی شرح اموات تمام عمروں کی مجموعی شرح اموات کے ۱/۴ کے برابر ہے۔ ہندوستانی شہروں کے انتہائی غیر صحت بخش حالات کے باعث شہروں ہی میں بچوں کی اموات خاص طور سے زیادہ ہوتی ہیں؛ مثلاً لندن کی شرح اموات ۶۶ فی ہزار کے مقابلے میں بمبئی کی شرح ۲۷۴ فی ہزار ہے۔ کسی زمانے میں بچوں کی اموات کی حد تک یورپ کے ملکوں کی بھی وہی حالت تھی جو آج ہندوستان کی ہے؛ لیکن موجودہ صدی میں بہت نمایاں کمی واقع ہوئی ہے جیسا کہ انگلستان و ویلز کے متعلق مندرجۂ ذیل جدول سے ظاہر ہوگا۔

سال	اموات ایک سال کے اندر بحساب فی ہزار ولادت	سال	اموات ایک سال کے اندر بحساب فی ہزار ولادت
۱۸۵۰ء تا ۱۸۵۵ء	۱۵۶	۱۹۱۱ء تا ۱۹۱۵ء	۱۱۰

باب ۳

سال	اموات ایک سال کے اندر بحساب فی ہزار ولادت	سال	اموات ایک سال کے اندر بحساب فی ہزار اموات
۱۸۷۱ء تا ۱۸۷۵ء	۱۵۳	۱۹۱۶ء	۸۰
۱۸۹۱ء تا ۱۸۹۵ء	۱۵۱	۱۹۲۴ء	۷۵
۱۸۹۶ء تا ۱۹۰۰ء	۱۵۶	۱۹۲۵ء	۷۵
۱۹۰۱ء تا ۱۹۰۵ء	۱۳۸	۱۹۲۶ء	۷۰
۱۹۰۶ء تا ۱۹۱۰ء	۱۱۷	۱۹۳۲ء	۶۰

ہندوستان میں بچوں کی اموات کے اعداد سے اس کے برعکس نہایت تکلیف دہ صورتِ حال کا پتہ چلتا ہے۔

سال	اموات ایک سال کے اندر بحساب فی ہزار ولادت		سال	اموات ایک سال کے اندر بحساب فی ہزار ولادت	
	مرد	عورتیں		مرد	عورتیں
۱۹۱۱ء	۲۱۴	۱۹۶	۱۹۱۸ء	۲۷۴	۲۶۰
۱۹۱۲ء	۲۱۶	۱۹۹	۱۹۱۹ء	۲۲۸	۲۲۰
۱۹۱۳ء	۱۹۳	۱۹۷	۱۹۲۰ء	۲۰۱	۱۸۸
۱۹۱۴ء	۲۱۹	۲۰۴	۱۹۲۲ء	۱۸۳	۱۶۶
۱۹۱۵ء	۲۰۸	۱۹۵	۱۹۲۵ء	۱۸۱	۱۶۷
۱۹۱۶ء	۲۰۹	۱۹۵	۱۹۲۸ء	۱۸۱	۱۶۴
۱۹۱۷ء	۲۱۲	۱۹۸	۱۹۳۱ء	۱۸۸	۱۷۰

بچوں کی اموات کی اس عظیم شرح میں کسی قابل لحاظ کمی کی کوئی علامت

باب ۳

اس کمی کے مقابلے میں نہیں ہے جو مغربی یورپ میں واقع ہوئی ہے۔ اس کا باعث ایک حد تک اوائل عمر کے بیاہ کے رواج کو قرار دیا جاسکتا ہے، جو نہ صرف بچے کی توانائی اور اس کے نشوونما کو متاثر کرتا ہے، بلکہ ماں کو بھی کمزور کر دیتا ہے۔ علاوہ ازیں جب ماں کام کے لیے وقت نکالنا اور بچے سے اپنا پیچھا چھڑانا چاہتی ہے تو اس کو افیون کھلا دیتی ہے اور عمدہ دودھ کثیر مقدار
61 میں حاصل کرنے کی راہ میں بھی مشکلات ہیں؛ یہ دونوں عامل، خاص طور سے شدید صورت میں بڑے شہروں میں پائے جاتے ہیں، اگرچہ دیہات میں بھی وہ کلیتہً مفقود نہیں ہیں؛ اور شرح اموات کی زیادتی کے اہم اسباب ہیں۔ لیکن ان سب اسباب سے بڑا سبب جو ان کی بڑی حد تک توجیہ بھی کرتا ہے عوام کے ہلاکت آفرین افلاس کا اثر ہے۔ ہندوستانی شرح اموات کے سلسلے میں دوسری خصوصیت استقرار حمل کی عمر کی عورتوں میں اموات کی کثرت ہے۔ چونکہ ہم اس واقعے کے اسباب پر مفصل بحث کر چکے ہیں یہاں مزید رائے زنی کی ضرورت نہیں۔

۱۲۔ آبادی کا اضافہ۔ اگر ہم گزشتہ پچاس ساٹھ سال کے زمانے پر جس میں مردم شماری کے اعداد دستیاب ہوتے ہیں غور کریں تو، معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستانی آبادی کے حقیقی اضافے کی رفتار ایک عشرے سے دوسرے عشرے تک بہت سست رہی ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ گو شرح ولادت اعلیٰ ہے، لیکن شرح اموات بھی اس کے قریب قریب مساوی ہے۔ اس لحاظ سے باقی رہنے والے نفوس کی شرح یورپ سے بدرجہا کم ہے۔ چنانچہ یورپ میں گو شرح ولادت بہت ادنیٰ ہے، تاہم شرح اموات اس سے بھی کم ہے۔ ۱۸۷۲ء اور ۱۹۲۱ء کے مابین ہندوستان کی آبادی میں صرف ۲۰ فی صد اضافہ ہوا۔ ۱۹۱۱ء میں آبادی ۳۹۶ و ۱۵۶ و ۳۱۵ تھی اور ۱۹۲۱ء میں بڑھ کر صرف ۴۸۰ و ۴۲۹ و ۳۱۸ ہوئی؛ گویا ۱۲ فی صد اضافہ ہوا۔ ۱۹۱۸ء میں بارش کی عام کمی اور اسی کے ساتھ ساتھ بڑے انفلوئینزا کی وبا کی تباہ کاری نے آبادی کے گزشتہ سات سالہ فطری اضافے کا صفایا کر دیا، اور ۱۹۱۱ء تا ۱۹۲۱ء میں

باب ۳

غیر معمولی طور پر ادنیٰ شرح اضافہ کی یہی ذمہ دار تھی؛ چنانچہ اندازہ کیا گیا ہے کہ انفلوئنزا سے ۱۴ ملین جانیں تلف ہوئیں۔ مندرجۂ ذیل جدول سے یہ معلوم ہوگا کہ ایک دہے سے دوسرے دہے تک آبادی میں کس قدر بے قاعدہ تغیرات واقع ہوئے۔

ظاہری اضافہ		فی صد تغیر سابقہ مردم شماری کے بعد سے
مردم شماری بابتہ	آبادی بحساب ملین	
۱۸۷۲	۲۰۶٫۱۶	—
۱۸۸۱	۲۵۳٫۸۹	+ ۲۳٫۲
۱۸۹۱	۲۸۷٫۳۱	+ ۱۳٫۲
۱۹۰۱	۲۹۴٫۳۶	+ ۲٫۵
۱۹۱۱	۳۱۵٫۱۵	+ ۷٫۱
۱۹۲۱	۳۱۸٫۱۴	+ ۱٫۲
۱۹۳۱	۳۵۲٫۸	+ ۱۰٫۶

62 لیکن مردم شماری کے موقع پر رقبے اور آبادی کے اضافے کا لحاظ کرنے کے بعد نیز اس واقعے کو ملحوظ رکھنے کے بعد کہ مردم شماری کے طریقے بہت زیادہ صحیح ہو گئے ہیں، آبادی کے حقیقی اضافے کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ ان ہی امور کا مناسب لحاظ کرنے کے بعد ہم ذیل کے نتیجے پر پہنچتے ہیں جو حقیقی اضافے کو ظاہر کرتا ہے[1]۔

ہندوستان میں ۱۸۷۰ء اور ۱۹۱۰ء کے مابین آبادی کا فی صد اضافہ تقریباً

[1] دیکھو مردم شماری کی رپورٹ بابتہ ۱۹۲۱ء جلد اول صفحہ ۷؛ اور ایک رپورٹ موسوم بہ "ہندوستان ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں" صفحہ ۱۴۶۔

باب ۴

سال	اضافہ بوجہ شمول علاقہ جات جدید (ملین)	اضافہ بوجہ اصلاح طریق مردم شماری (ملین)	آبادی کا حقیقی اضافہ (ملین)	میزان (ملین)	آبادی کے اضافے کی فی صد شرح
۱۸۷۲ء تا ۱۸۸۱ء	۳۳٫۰	۱۲٫۰	۳٫۰	۴۸٫۰	۱٫۵
۱۸۸۱ء تا ۱۸۹۱ء	۵٫۷	۳٫۵	۲۴٫۳	۳۳٫۵	۹٫۶
۱۸۹۱ء تا ۱۹۰۱ء	۲٫۷	۰٫۲	۴٫۱	۷٫۰	۱٫۴
۱۹۰۱ء تا ۱۹۱۱ء	۱٫۸	—	۱۸٫۷	۲۰٫۵	۶٫۴
۱۹۱۱ء تا ۱۹۲۱ء	۰٫۱	-	۳٫۷	۳٫۸	۱٫۲
۱۹۲۱ء تا ۱۹۳۱ء	۰٫۰	—	۳۴٫۰	۳۴٫۰	۱۰٫۶
میزان	۴۳٫۳	۱۵٫۷	۸۷٫۸	۱۴۶٫۸	۳۰٫۷

۲۰ تھا، اس کے برخلاف انگلستان اور ویلز میں ۲٫۵۸، ڈنمارک میں ۲٫۵۳ اور روس کو مستثنیٰ کرکے کل یورپ میں ۵٫۴ تھا[۱] روس کو شامل کرکے یورپ کی آبادی ۳۰۵ ملین سے ۴۴۸ ملین تک بڑھ گئی، یا تقریباً ۴۷ فی صد اضافہ ہوا[۲]۔

ہندوستان میں جن سالوں میں غیر معمولی طور پر ادنیٰ شرح اضافہ ظاہر ہوتی ہے ان میں قحط اور طاعون جیسی آفتوں کا خاص طور پر ظہور رہا ہے جو فطری اضافے کو بڑی حد تک زائل کر دیتی ہیں۔ چنانچہ جنوبی ہند میں ۱۸۷۶ء تا ۱۸۷۸ء میں سخت قحط پڑا، اور ۱۸۹۶ء تا ۱۹۰۰ء میں قحط اور طاعون نے ملکر اضافے کو روک دیا۔

۱۔ دیکھو برنز نراعن کی محولہ کتاب صفحہ ۱۱۔

۲۔ دیکھو ایک کتاب موسوم بہ Grundriss Der Sazialokonomik شائع شدہ ۱۹۲۳ء جلد دوم باب (۱) صفحہ ۹۷ پر عنوان Wirts chaft und Natur

باب ۲

سنہ ۱۹۰۱ء تا سنہ ۱۹۱۱ء کے زمانے کو "معتدل زرعی خوشحالی" کا دور کہا جاتا ہے؛ اور اگر طاعون اور ملیریا وبا کی شکل میں رونما نہ ہوتے تو آبادی میں بہت معقول اضافہ ہوتا؛ چنانچہ پنجاب اور یوپی میں جانوں کی کثیر تعداد ان وباؤں کی نذر ہوئی۔ سنہ ۱۸۸۱ء تا سنہ ۱۸۹۱ء کا عشرہ ہی صرف ایسا زمانہ تھا جو کسی غیر معمولی تباہی سے بچا رہا۔ اس لحاظ سے یہ خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ ۶، ۹ فی صد کی شرح کو غیر معمولی شرح تصور کرنا چاہئے، اور اگر ہم آبادی کے معمولی اضافے کا اندازہ لگانا چاہتے ہیں تو، کچھ نہ کچھ منہائی کرنی پڑے گی۔ معمولی اضافے کے مفہوم میں ہم اس اضافے کو شامل کرتے ہیں جو ایسے حالات کا نتیجہ ہو جو نہ تو غیر معمولی طور پر موافق ہوں اور نہ غیر معمولی طور پر ناموافق۔ سنہ ۱۹۲۱ء کی مردم شماری کے ناظم یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ 63
"ہندوستان کی آبادی کے ممکنہ فطری اضافے کی حد، ترقی کی موجودہ حالت میں اور غیر معمولی آفتوں سے قطع نظر کرکے، دس سال کی مدت میں ۷ اور ۸ فی صد ہے"[1] لیکن ان کا یہ اندازہ بہت ہی کم ہے۔ کل ہندوستان میں سنہ ۱۹۲۱ء اور سنہ ۱۹۳۱ء کے مابین بقدر ۶، ۱۰ فی صد حقیقی اضافہ ہوا اور یہ بھی سنہ ۱۹۱۸ء کے انفلوئنزا کے باوجود جس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا تھا کہ اس وبا سے زیادہ تر تولیدی قوت رکھنے والی آبادی متاثر ہوئی تھی۔

سنہ ۱۹۰۱ء تا سنہ ۱۹۱۱ء کے دور کے برخلاف سنہ ۱۹۲۱ء سے پیشتر کے دس سال آبادی کے اضافے کے لیے خاص طور سے موافق تھے؛ چنانچہ آبادی حقیقی طور پر ۳۴ ملین تک بڑھ گئی۔ اس دہے میں کوئی سخت قحط نمودار نہیں ہوا، اور ہیضہ، طاعون اور کالا آزار جیسے متعدی امراض کو دفع کرنے کے طریقوں میں استقلال کے ساتھ اصلاح و ترقی ہو رہی ہے[2]۔

---

[1] دیکھو مردم شماری کی رپورٹ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء صفحہ ۴۸۔

[2] سنہ ۱۹۲۱ء تا سنہ ۱۹۳۱ء کے دہے میں کالا آزار کے علاج کا جو جدید طریقہ نکلا اور جس میں نامیاتی کھلی مرکبات کا استعمال کیا جاتا ہے، مرض کو دس دن میں یا اس سے بھی کم مدت میں دفع کر دیتا ہے۔

باب ۳

۱۳۔ مفرط آبادی کا مسئلہ:۔ یورپ اور ہندوستان میں بحث مباحثہ

عام خیال تو یہ ہے کہ دنیا کی آبادی تہذیب و تمدن کے طلوع سے مسلسل اور مستقل طور پر بڑھ رہی ہے، لیکن تاریخ سے اس کا ثبوت نہیں ملتا۔ اس کے برخلاف عام حالت یہ رہی ہے کہ طویل مدت یعنے صدیوں تک آبادی ایک ہی حالت پر قایم رہی ہے، اور اس کی تعداد میں سریع اضافہ صرف بہت ہی حال کے زمانے میں رونما ہوا ہے۔ تقریباً گزشتہ ایک سو سال کے دوران میں دنیا کی آبادی ۹۰۰ ملین سے بڑھ کر کم و بیش ۱۹۰۰ ملین تک پہنچی ہے۔ اس نادر اضافے کا باعث انیسویں اور بیسویں صدیوں کی نئی نئی کلوں کی عہد آفریں ایجادیں، نئے عملوں اور طریقوں کی دریافت اور سائنس کے عظیم انکشافات ہیں، جن کی بدولت انسانوں کی بہت بڑی تعداد پہلے سے زیادہ آرام و آسایش کی زندگی بسر کرتی ہے۔ موجودہ زمانے کے اہم ترین مسائل میں سے ایک مسئلہ جو دنیا کے معاشیات دانوں اور جریدہ نگاروں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرا رہا ہے یہ ہے کہ آیا آبادی کے اضافے کی موجودہ شرح، سائنسی ترقی کو اس کے قدم بہ قدم رکھ کر برقرار رکھی جا سکتی ہے یا نہیں، یا ہم کو بہ قول کینس یہ خیال کرنا چاہئے کہ "انیسویں صدی کی شاندار درمیانی داستان ختم ہو چکی"[1] اور یہ کہ سائنس کے حیرت انگیز کارناموں اور کمالات کے جو مفید اثرات انسانی خوشحالی پر پڑے ان کو برقرار رکھنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ آبادی کے اضافے کو ارادی طور پر روکا جائے۔ گزشتہ چند سال سے یہ خیال بتدریج تقویت حاصل کر رہا ہے کہ سب سے زیادہ ترقی یافتہ ملکوں میں بھی آبادی کے حد اعتدال سے متجاوز ہو جانے کا خطرہ پایا جاتا ہے۔

ہندوستان میں اس سوال پر بہت کچھ بحث مباحثہ ہوا ہے کہ آیا ہندوستان کے افلاس کے بڑے اسباب میں سے ایک سبب غیر محدود اضافہ ہے یا نہیں۔ سرکاری رائے اس نظریئے کی تائید میں رہی ہے کہ ہندوستان کی ناداری کا ایک قوی سبب 64

---

[1] دیکھو جے، ایم، کینس کی تصنیف۔

باب ۳

مفرط آبادی ہے؛ اس کے برخلاف سیاسی گروہ اس نظریئے کا اس لیے عام طور پر مخالف ہے کہ اس کو تسلیم کر لینے سے حکومت تمام الزامات سے یا اہل ہند کے ناقابل انکار افلاس کی ذمہ داری سے بظاہر بری اور سبکدوش ہو جاتی ہے۔

۴۔ مفرط آبادی کا مفہوم۔

آبادی کی افراط کو یا تو ایک حالت تصور کیا جا سکتا ہے یا ایک میلان، اور اس کو انتہائی یا متوازن آبادی کے تخیل سے وابستہ کرنا بہترین ہے۔ چنانچہ کینن نے اس کی حسب ذیل تشریح کی ہے:۔ "کسی مقررہ وقت میں، یا دوسرے الفاظ میں، معلومات اور حالات مساوی و مقررہ رہنے کی صورت میں، وہ چیز موجود ہوتی ہے جس کو اعظم یا بیش ترین ماحصل کا مقام کہہ سکتے ہیں؛ اور اس وقت محنت کی مقدار اتنی ہوتی ہے کہ اس میں اضافہ اور تخفیف، دونوں، متناسب ماحصل میں کمی کر سکتے ہیں۔ جس طرح ہر ایک صنعت میں اعظم یا بیش ترین ماحصل کا ایک مقام ہوتا ہے ٹھیک اسی طرح تمام صنعتوں میں بحیثیت مجموعی بھی ایک مقررہ مقام ہونا ضروری ہے۔ اگر آبادی اتنی کافی بڑی نہ ہو جو صنعت کو اس مقام پر لا سکے تو ماحصل جتنا وصول ہو سکتا ہے اس سے کم وصول ہوگا، اور اس کا علاج آبادی کا اضافہ ہے۔ اگر اس کے برخلاف آبادی اتنی بڑی ہو کہ اس مقام سے متجاوز ہو جائے تو، اس صورت میں بھی ماحصل اس سے کم وصول ہوگا جتنا کہ ہو سکتا ہے اور اس کا علاج آبادی کی کمی ہے"[1]؛ مفرط آبادی کا مفہوم یہ ہے کہ آبادی متوازن تعداد سے تجاوز کر جائے۔

آبادی کی کثرت کے معنی مزدوروں کی تعداد کی زیادتی کے ہیں، اور ان کی زاید محنت کا نتیجہ عام طور سے یہ ہوتا ہے کہ مجموعی دولت میں اضافہ ہوتا ہے؛ لیکن اہم سوال یہ ہے کہ آیا یہ اضافہ، آبادی کی زیادتی کے متناسب ہوتا ہے یا نہیں، تاکہ فی کس حصہ کم از کم سابق کی طرح مقررہ ہو۔ یہ سچ ہے کہ خدا نے ہر منہ کے ساتھ دو ہاتھ بھی دیئے ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ آیا زاید آبادی اپنے ہاتھوں کی

---

[1] دیکھو کینن کی کتاب موسوم بہ "دولت" صفحہ ۶۸ تا ۶۹۔

باب ۳

مدد سے اپنے بل بوتے پر پوری طرح کھڑی ہو سکتی ہے یا نہیں۔ جب ایک مقررہ آبادی میں اضافے کے آثار اس طور پر ظاہر ہوں جس سے فی کس آمدنی میں کمی کی توقع ہو تو اس کو ہم "مفرط آبادی کا میلان" کہیں گے۔ اور جب یہ توقع کرنے کے اسباب موجود ہوں کہ اگر موجودہ تعداد میں کچھ کمی واقع ہو تو اس کی وجہ سے فی کس آمدنی میں اضافہ ہو جائے گا تو ہم اس کو "مفرط آبادی کی حالت" سے تعبیر کریں گے۔[1] یہ بھی کوئی غیر معمولی بات نہیں کہ میلان اور حالت دونوں ساتھ ساتھ موجود رہیں؛ چنانچہ اکثر لوگوں کے خیال میں آج کل ہندوستان کی یہی حالت ہے، یعنے دونوں ساتھ ساتھ پائے جاتے ہیں۔ حالیہ تحقیق سے یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ مالتھس کا نظریہ آبادی متعدد اعتباروں سے ناقص ہے، لیکن اس کے باوجود اس میں صداقت کا ایک اہم عنصر موجود ہے۔ مالتھس نے، انسان کی بڑھنے کی قوت کا بالکل صحیح اندازہ کیا تھا، اور وہ یہ خیال قائم کرنے میں بھی حق بجانب تھا کہ اگر انسان کو اپنی تولیدی قوت
65 سے پوری طرح کام لینے کا موقع ملے تو ذرایع معاش غیر معمولی طور سے موافق حالات کے بغیر، اضافۂ آبادی کا ساتھ نہ دے سکیں گے۔ چنانچہ اندازہ کیا گیا ہے کہ عورت مرد کا ایک جوڑا، اضافے کی موجودہ شرح سے، ۷۵ سال میں اولاد در اولاد اتنے انسان پیدا کر سکتا ہے جن کی تعداد دنیا کی موجودہ آبادی کے مساوی ہو گی؛ گو یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہئے کہ موجودہ شرح اعلیٰ ترین ممکنہ شرح نہیں ہے بلکہ ایجابی و انسدادی مانعات کی وجہ سے اس میں بہت زیادہ کمی ہو گئی ہے۔ انسان کی تولیدی قوت کا یہ حال ہو تو ظاہر ہے کہ وہ پوری طرح کارفرما ہونے کی صورت میں پیدائش دولت کے صنائع و فنون کی ممکنہ ترقی پر بآسانی سبقت لے جائے گی۔ اس لحاظ سے اگر کسی ملک کے متعلق بے روک ولادتوں کا واقعہ تسلیم کر لیا جائے تو اس کو اس بات کی قوی قیاسی شہادت جو تقریباً قطعی ثبوت کے مساوی ہے ماننا پڑے گا کہ متعلقہ ملک میں آبادی کی افراط ہے۔ چنانچہ مفرط آبادی کے آثار و علائم، اعلیٰ شرح ولادت اور اعلیٰ شرح اموات، خاص کر

[1] مقابلے کے لیے دیکھو پی، یس، نلورس کی کتاب موسوم بہ "مفرط آبادی" صفحہ ۱۱۔

باب ۲

بچوں کے اموات کی کثرت ہیں۔

۱۵۔ ہندوستان کی صورت حال

مذکورۂ بالا بحث کی روشنی میں ہم اب اس سوال پر غور کرنے کے قابل ہیں کہ آیا موجودہ زمانے میں ہندوستان سے مفرط آبادی کی "حالت" یا "میلان" یا "دونوں کی ساتھ ساتھ موجودگی" کو منسوب کیا جا سکتا ہے یا نہیں۔ اس سلسلے میں اہم ترین قابل غور معاملہ یہ ہے کہ آیا اضافۂ آبادی کے انسدادی مانعات میں سے کوئی مانع ہندوستان میں موثر طریقے پر موجود ہے یا نہیں۔ اگر ہم اس نتیجے پر پہنچیں کہ انسدادی مانعات موجود نہیں ہیں یا یہ کہ ان کا اثر نظر انداز کرنے کے قابل ہے، اور یہ کہ آبادی کی روک زیادہ تر ایجابی مانعات مثلاً وبا قحط وغیرہ کے ذریعے سے عمل میں آتی ہے تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ آبادی کی افراط کو ملک کی موجودہ خرابی ثابت کرنے کے لیے ہم نے زوردار مقدمہ تیار کر لیا۔

۱۶۔ انسدادی مانعات

آبادی کے متعدد انسدادی مانعات[1] کو حسب ذیل حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:۔ (۱) بیاہ کو ملتوی کر کے شرح ازدواج کو کم کرنا یا تجرد کی زندگی بسر کرنا۔ (۲) شادی کے بعد کم اولاد پیدا ہونا۔ (ا) قدرتی طور پر، مثلاً قوت تولید کم ہونا۔ (ب) اتفاقی طور پر، مثلاً شوہر کے دور یا غائب رہنے کی وجہ سے اولاد کم پیدا ہونا۔ (ج) ارادی طور پر تولید سے اجتناب کرنا، ضبط سے کام لینا، مانع حمل طریقے استعمال کرنا، اور عمداً اسقاط حمل کرنا، وغیرہ۔ (۳) بعض معاشری حالات و رسوم مثلاً زمانۂ رضاعت کو طول دینا، اونچی ذات میں بیاہ کرنا وغیرہ۔ (۴) طفل کشی (۵) افلاس، امراض وغیرہ وغیرہ۔

---

[1] ہندوستان کی مفرط آبادی کے مسئلے پر عمدہ بحث کے لیے قاری کو سی، جے ہیمفٹن نے اس مضمون کا حوالہ دیا جاتا ہے جو انھوں نے انڈین اکنامک کانفرنس کے ساتویں اجلاس (۱۹۲۳ء) میں بہ مقام بمبئی پڑھا تھا۔ چنانچہ ہم نے پروفیسر ہیمفٹن کے عام طریق استدلال ہی کو اختیار کیا ہے، گو اس میں بہت کچھ تبدیلیاں بھی کر دی ہیں۔

[2] دیکھو ڈبلیو، ٹیس فلورنس کی محولۂ بالا کتاب صفحہ ۱۰۔

باب ۳

اب ہم اس مسئلے پر بحث کریں گے کہ آیا ان انسدادی طریقوں میں سے ایک یا ایک سے زیادہ ہندوستان میں رائج ہیں یا نہیں اور آیا ان طریقوں کا عمل اس قدرتی میلان کو زائل کرنے میں کہ آبادی کا اضافہ ذرایع معاش سے متجاوز ہو جاتا ہے موثر ہے یا نہیں۔

66 **۱۷۔ ہندوستان میں ازدواج کی شرح۔** اس سلسلے میں پہلا قابل ذکر امر یہ ہے کہ ہندوستان میں ازدواجی حالت عام طور پر پائی جاتی ہے۔ مغرب میں مذہب عام طور پر تجرد کی تاکید کرتا ہے، لیکن ہندوستان میں معاملہ اس کے بالکل برعکس ہے۔ "ہر ہندو پر بیاہ کرنا اور اولاد پیدا کرنا مذہباً واجب ہے؛ اگر لڑکے پیدا ہوں تو بہت اچھا ہے، تاکہ باپ کے کریا کرم کی رسوم ادا کر سکیں، ورنہ باپ کی آتما زمین کے خلاؤں میں تکلیف و بے چینی کے ساتھ بھٹکتی پھرے گی"[1] سماج کی بدگوئی سے بچنے کے لیے لڑکیوں کو سن بلوغ کو پہنچنے سے پیشتر بیاہ دینا ضروری ہے[2]۔ مسلمانوں اور مظاہر پرستوں میں اگرچہ اوائل عمر کے بیاہ کو مذہبی فرض قرار نہیں دیا گیا ہے، پھر بھی ان میں بچپن کی شادیاں مساوی طور پر عام ہیں۔ اشتراک خاندان کا رواج اس کی مزید ہمت افزائی کرتا ہے۔ چونکہ خاندان کی آمدنی نئے شادی شدہ جوڑے کی کفالت کے لیے غیر معین مدت کے لیے مہیا رہتی ہے، اس لیے ایسے عاقلانہ و عاقبت اندیشانہ ملحوظات، جیسے کہ یورپ میں ہیں اور عام طور پر بیاہ کے التوا پر مجبور کرتے ہیں، ہندوستان میں بہ مشکل اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس کے برخلاف معاشی ملحوظات عوام میں بیاہ کو روکنے کے بجائے اس کی ہمت افزائی کرتے ہیں؛ اس لیے کہ بیوی گھر کے ساز و سامان کی حیثیت سے

---

[1] دیکھو پی ڈبل کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں مسئلہ آبادی" صفحہ ۲۳

[2] اگر اونچی ذات کی ہندو عورت بالغ ہونے پر بھی ان بیاہی رہے، تو صرف وہ اور اس کا خاندان ہی ملعون خلائق نہ بنے گا بلکہ مذہبی کتابوں کی بعض عبارتوں کی تفسیر سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس کے اسلاف کی تین پشتیں بھی لعنت ملامت کا نشانہ بنیں گی"۔ دیکھو ریچ رس لے کی کتاب موسوم بہ "اقوام ہند" صفحہ ۱۵۴۔ (People of India)

باب ۳

ضروری ہے، اور وہ شوہر کو گھر سے باہر کام کرنے میں بھی عام طور پر مدد دیتی ہے۔ رہے بچے تو، وہ بھی چھوٹی سی چھوٹی قابل عمل عمر سے کسی نہ کسی کام پر لگائے جاتے ہیں اور بہ عجلت ممکنہ اپنے مصارف کو پورا کرنے کے لیے آمدنی پیدا کرنے لگتے ہیں۔ خاندان پر ان کا کوئی بار اس لیے محسوس نہیں کیا جاتا کہ مروجہ معیار زندگی قوت لایموت کے لحاظ سے، ادنیٰ ترین ہے؛ اور یہ معیار بچوں کے لیے طویل مدت کی تربیت نہیں چاہتا جس کی مدد سے وہ اس انتہائی ادنیٰ معیار زندگی کو برقرار رکھنے کے قابل نہیں جس کے وہ عادی ہوں۔ قوم کے نونہالوں سے اس طرح قبل از وقت کام لینے سے معاشرے کو انجام کار جو مضرت پہنچتی ہے اس کا عام طور پر احساس نہیں ہے؛ اور اگر اس احساس میں موجودہ حالت کے مقابلے میں کچھ زیادتی ہو بھی جائے تب بھی انتہائی افلاس کی وجہ سے والدین اپنے بچوں کو طویل مدت تک تربیت دینے اور انھیں زندگی کی کشاکش کے لیے زیادہ موثر طریقے پر تیار کرنے کے قابل نہ ہوں گے۔

۱۹۳۱ء کی مردم شماری میں مجموعی آبادی ۷،۸۳،۸۷،۸ تھی، جس کے منجملہ ۷،۶۴،۸۰۲ (یا ۴۷ فی صد) مرد اور ۷،۶۰،۲۲۳ (یا ۴۹ فی صد) عورتیں، شادی شدہ تھیں؛ اور ۱،۰۰،۳۳۸۶ (یا ۸ فی صد) مرد اور ۵۹،۶۹۸،۰۴۳ (یا ۳۵ فی صد) عورتیں ان بیاہی تھیں باقی رنڈوے اور بیوائیں تھیں۔[1]

67 دنیا کے تمام ملکوں میں ہندوستان ہی تنہا ایک ملک ہے جہاں دونوں صنفوں یعنے مردوں اور عورتوں کے ان بیاہوں کا تناسب کمترین ہے۔

[1] ان اعداد سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شادی شدہ مردوں کا تناسب شادی شدہ عورتوں کے مقابلے میں زیادہ ہے؛ اس کے برخلاف پچھلی مردم شماریوں سے معلوم ہوتا ہے کہ شادی شدہ مردوں کے مقابلے میں شادی شدہ عورتوں کا تناسب بڑھا ہوا ہے۔ ڈاکٹر ہٹن کا یہ خیال ہے کہ گزشتہ مردم شماری میں شادی شدہ عورتوں کی کثیر تعداد (قریب قریب ۱½ ملین) اس ڈر سے غیر شادی شدہ بتلائی گئی کہ کہیں شاردا ایکٹ کے تحت (جو یکم اپریل ۱۹۳۰ء کو نافذ کیا گیا) ان پر مقدمہ نہ چلایا جائے۔

باب ۲

البتہ لڑکیوں کے مقابلے میں لڑکوں کی شادی کی عمر کسی قدر زیادہ ہے[1] اگر انگلستان اور ویلز کے اعداد عام طور پر مغربی یورپ کے نمایندہ مان لیے جائیں تو ہندوستان میں شادیوں کی شرح، صوبہ وار تغیرات کے باوجود، یورپ کے مقابلے میں بہت اعلیٰ ہے۔ چنانچہ غیر شادی شدہ مردوں کی ۴۸ فی صد کی مجموعی آبادی کے منجملہ تین چوتھائی سے کچھ زیادہ (یا ۷۷ فی صد) ۱۵ سال سے کم عمر کے ہیں؛ اس کے برخلاف غیر شادی شدہ عورتوں کی مجموعی آبادی یعنی ۳۵ فیصد کے منجملہ ۹۱ فی صد کی عمر اس سے بھی کم ہے۔ شباب و تاہل کا زمانہ یعنی ۱۵ تا ۴۰ کی عمر لی جائے تو غیر شادی شدہ عورتوں کی آبادی کا تناسب ۵ فی صد تک گھٹ جاتا ہے، اس کے برخلاف انگلستان اور ویلز میں یہ تناسب ۳۶ فی صد ہے[2]

بعض صورتوں میں شادی کی رسم اور رخصتی کے مابین بہت طویل مدت حائل ہوتی ہے، لیکن ایسی صورتیں بہت شاذ ہوتی ہیں؛ چنانچہ بحیثیت مجموعی ان کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

بیاہ کی عمومیت، اس واقعے سے کسی حد تک زائل ہو جاتی ہے کہ ہندوؤں میں بیواؤں کی شادی بہت شاذ ہوتی ہے، گو اس کے خلاف میلان بتدریج رفع ہو رہا ہے۔

کچھ سال ادھر سے مردوں اور عورتوں، دونوں، میں شادی کی عمر کو بڑھا دینے کی موافقت میں میلان رونما ہوا ہے۔ لیکن یہ میلان صرف تعلیم یافتہ

---

[1] قانون ازدواج اطفال یا شاردا ایکٹ، بابتہ ۱۹۲۹ء کی رو سے لڑکیوں کی شادی کی عمر ۱۴ سال قرار دی گئی ہے، گو یہ تدبیر، اصلاح کی ابتدا کے طور پر پسندیدہ ہے، پھر بھی اس کے نتائج و اثرات، تعداد کے نقطۂ نظر سے یقیناً بالکل نظر انداز کرنے کے قابل ہیں۔ بدقسمتی سے یہ ایسی حالت بھی ہے جس میں قانون، رائے عامہ سے زیادہ ترقی یافتہ اور آگے بڑھا ہوا ہے۔ اسی وجہ سے اس قانون کی خلاف ورزی بھی بہت عام طور پر ہوتی ہے۔ اگر برطانوی ہند کے ساتھ دیسی ریاستیں بھی مل کر کام کریں اور اسی قسم کے آئین و قوانین وضع کریں تو، صورت حال کی اصلاح ہو جائے گی۔

[2] دیکھو پی، کے وٹل کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۴۲۔

باب ۳

طبقوں تک محدود ہے جن کی تعداد حقیر ہے، اور عوام میں ابھی تک رونما نہیں ہوا ہے۔ علاوہ ازیں شادی کو ملتوی کرنے کا میلان عورتوں کے مقابلے میں مردوں میں زیادہ نمایاں طور پر پایا جاتا ہے۔ لیکن شادی کا التوا، آبادی کی روک کے نقطۂ نظر سے، اس وقت بدرجہا زیادہ موثر ہوگا جبکہ لڑکوں کے بجائے لڑکیوں کے بارے میں اس پر زیادہ عمل ہو۔ علاوہ ازیں ایک اور نقطۂ نظر سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا شادی کی عمر کا التوا، تاوقتیکہ وہ قابل لحاظ حد تک نہ ہو، آخری نتیجے کے طور پر آبادی کو کم کرنے کی بجائے بڑھائے گا یا نہیں۔ بچپن کی شادی، شوہر اور زوجہ اور خاص کر زوجہ کی صحت و تندرستی پر مضر اثر ڈالتی اور بارآوری کو کم کرتی ہے؛ لہٰذا شادی کی عمر میں اضافہ کرنے سے بارآوری میں بھی اضافہ ہوگا۔ بچپن کی شادی سے ایک اور خرابی منسوب کی جاتی ہے اور وہ قبل بلوغ جماع ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ یہ طریقہ اس سے زیادہ عام ہے جتنا کہ عام طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ کم عمر بیوی کو
68 شدید جسمانی ضرر پہنچا کر بارآوری کو کم کرنے کا موجب بنتا ہے۔ گو بچپن کی شادی کے رواج کی تنسیخ، معاشی اصلاح کے کسی نظام نامے میں بھی اہم ترین مدوں میں سے ایک مد ہونی چاہئے؛ پھر بھی یہ فراموش نہ کرنا چاہئے کہ اس کا براہ راست نتیجہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آبادی میں زیادہ سرعت کے ساتھ اضافہ ہو؛ اور یہ نتیجہ، تاوقتیکہ شادی کی اوسط عمر خاص کر عورتوں کے بارے میں بہت زیادہ نہ بڑھا دی جائے اور تاوقتیکہ دوسری قسم کے روک موثر نہ ہوں، لازماً رونما ہوگا۔

خلاصہ یہ کہ، ہندوستان میں شادی سے اجتناب یا اس کے التوا کے ذریعے سے اضافۂ آبادی کی روک کم و بیش مفقود ہے، اور حیوانی جبلّت کو نیم مذہبی جواز سے مستحکم کر کے اپنا فعل زبوں انجام دینے کے لیے آزاد چھوڑا گیا ہے۔ ایسی حالت میں یہ امر تعجب انگیز نہیں کہ ہندوستانی شرح ولادت، دنیا کی اعلیٰ ترین شرحوں میں سے ہے۔

۱۸۔ ادنیٰ بارآوری۔

(۱) قدرتی۔ لیکن ہندوستان میں، بدرجہا اعلیٰ شرح ولادت کے باوجود آبادی کا موثر اضافہ یورپ کے ملکوں کے مقابلے میں بدرجہا کم ہے؛ جس کی وجہ یہ ہے کہ ہندوستان میں

باب ۳

شرح اموات بہت اعلیٰ ہے۔ تاہم عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ اس نتیجے کا باعث ایک حد تک ہندوستانیوں کی ادنیٰ قوت تولید ہے۔ بچہ پیدا کرنے کے قابل عمر کی شادی شدہ ہندوستانی عورتوں میں بارآوری فی ہزار ۱۶۰ ہے؛ اس کے برخلاف انگلستان میں یہ اوسط ۱۹۶ فی ہزار ہے[1]؛ اور یہ اعداد اس نظریے کی تائید میں بطور مثال پیش کئے جا رہے ہیں کہ تولیدی قوت کی زیادتی تہذیب و تمدن کی ترقی سے وابستہ ہوتی ہے[2]۔ لیکن "بارآوری" اور "قوت تولید" میں احتیاط کے ساتھ تمیز و تفریق کرنا ضروری ہے۔ "قوت تولید" کا لفظ "بچہ کشی کی قوت" کے مفہوم میں استعمال کیا گیا ہے، اور "بارآوری" کے معنی "بچہ کشی کا حقیقی درجہ" لیے گئے ہیں۔

[1] دیکھو کارساندرس کی محولہ کتاب صفحہ ۶۷۔

[2] قوت تولید اور بارآوری کے درمیان احتیاط کے ساتھ تمیز و تفریق نہ کرنے کے باعث عام طور پر کچھ پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ مثلاً جس وقت یہ کہا جاتا ہے کہ ہندوؤں کے مقابلے میں مسلمانوں میں قوتِ تولید زیادہ ہے تو اس کا مطلب یہ واقعہ ہے کہ مسلمانوں کی تعداد ہندوؤں کے مقابلے میں زیادہ تیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہے۔ لیکن محض اس سے مسلمانوں کی قوتِ تولید کی زیادتی کا نتیجہ اخذ نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ دوسرے متعدد عاملین مسلمانوں کی تعداد کے اضافے کی اعلیٰ شرح کی کافی توجیہ کرتے ہیں، مثلاً اولاً یہ کہ اوائل عمر کی شادی کا رواج جو صحت کے لیے مضر ہے اور بارآوری کو کم کرتا ہے، مسلمانوں میں نسبتاً کم ہے؛ دوسرے یہ کہ مسلمانوں میں بیواؤں کی مکرر شادی کا رواج ہے؛ اور تیسرے اونچی ذات میں بیاہ کرنے کا طریقہ رائج نہیں ہے۔ اسلامی آبادی کے اضافے کی اعلیٰ شرح کے بعد دیگرے متعدد مردم شماریوں سے ظاہر ہو رہی ہے جس کی وجہ ایک حد تک یہ بھی ہے کہ ہندو تبدیل مذہب کر کے مسلمان ہو جاتے ہیں (اس تحریک کا پوری طرح ازالہ شدھی سے نہیں ہوتا ہے جس میں مسلمان مرتد کر کے ہندو بنا لیے جاتے ہیں چنانچہ ان کی تعداد نومسلموں کی تعداد سے زائد نہیں ہے)؛ اور دوسری وجہ یہ واقعہ ہے کہ عیسائیت جیسے مذاہب مسلمانوں کے مقابلے میں ذات پات کے جھگڑوں میں مبتلا ہندوؤں سے مذہب تبدیل کرانے میں زیادہ کامیاب ہوتے ہیں۔

باب ۳

اس بیان کا کہ ہندوستانیوں کی تولیدی قوت ادنیٰ ہے، یہ مطلب نہیں ہے کہ ہندوستان میں ہر سال مجموعی آبادی کے مقابلے میں کم تناسب سے بچے پیدا ہوتے ہیں؛ اس لیے کہ یہ علانیہ طور پر غیر صحیح ہے۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ دوسرے 69
حالات مساوی رہنے کی صورت میں، ایک ہندوستانی عورت، بچہ جننے کی عمر میں، انگریز عورت کے مقابلے میں، کم بچے پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اس کے برخلاف انگلستان میں، تولیدی قوت کو پوری طرح کام میں نہیں لایا جاتا اس لیے کہ وہاں تجرد کی زندگی اور بیاہ کا التوا ہندوستان کے مقابلے میں بدرجہا زیادہ عام ہے۔ غرض ہندوستان کی اعلیٰ شرح ولادت کا واقعہ اس نظریے کے خلاف نہیں ہے کہ ہندوستانیوں کی قوتِ تولید کمتر اور گھٹیا ہے۔

یہ استدلال کیا گیا ہے کہ بارآوری کے اس فرق کی توجیہ ہندوستان کی شادیوں کے رواج سے کلیتہً نہیں کی جا سکتی۔ اس لیے کہ گو وہ بلاشبہ بارآوری کو کم کرنے والے اہم اسباب میں سے ایک ہے، پھر بھی یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ اس اعتبار سے یورپ میں انسدادی مانعات کا وسیع استعمال بدرجہا زیادہ کارگر اور موثر ہے، اور اس لحاظ سے یورپی اقوام کے مقابلے میں ہندوستان کی ادنیٰ بارآوری کا باعث ہندوستانیوں کی کمتر اور گھٹیا قدرتی تولیدی قوت کو قرار دینا چاہیے۔[1] تاہم ہمیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ نظریہ جس میں قوت تولید کی زیادتی کو تہذیب و تمدن کی ترقی سے منسوب کیا گیا ہے، محض ایک مفروضے کی نوعیت رکھتا ہے جس کی پوری پوری تصدیق ناقابل اعتراض شہادت سے ابھی تک نہیں ہوئی ہے۔ یہ نظریہ، اس عام طور پر مسلمہ خیال کے بظاہر خلاف معلوم ہوتا ہے کہ "تولیدی قوت، عقلی و ذہنی نشوونما اور مادی بہبودی و ترقی کے ساتھ ساتھ گھٹتی جاتی ہے۔

---

[1] ہم یقیناً ایک شادی شدہ ہندوستانی عورت کے جنے ہوئے بچوں کی تعداد کا مقابلہ ایک شادی شدہ یورپین عورت کے پیدا کردہ بچوں کی تعداد سے کر رہے ہیں۔ یہ بتانے کی بہ مشکل ضرورت ہے کہ مجموعی آبادی میں شادی شدہ عورتوں کا تناسب یورپ کے مقابلے میں یہاں بہت بڑھیا اور اعلیٰ ہے چنانچہ یہاں اسی کے باعث شرح ولادت بھی مقابلتہً اعلیٰ ہے۔

باب ۴

(۲) اتفاقی۔ بعض اوقات یہ ممکن ہے کہ میاں اپنی بیوی سے طویل مدت تک جدا رہے؛ مثلاً قلت باراں کے باعث میاں اپنا گھر بار چھوڑ کر دور دراز مقام کو چلا جائے اور ممکن ہے کہ مہینوں اپنے گھر سے دور رہے۔ لیکن اس قسم کے واقعات گاہ گاہ ظہور پذیر ہوتے ہیں، چنانچہ بارآوری کے کم کرنے میں اس کے اثر پر غور کرنے کے لیے ہمیں توقف کرنے کی ضرورت نہیں۔

(۳) ارادی۔ مالتھس کے مفہوم کے لحاظ سے اخلاقی اجتناب کے طریقے پر کسی بڑی حد تک یقیناً عمل نہیں کیا جاتا، اور یہی بات جدید مالتھسی طریقوں کے بارے میں بھی صادق آتی ہے۔ یہ خیال کرنے کی وجہ ہے کہ یہ طریقے بتدریج مقبول ہوتے جا رہے ہیں، اور آیندہ بھی ان کے زیادہ عام ہونے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ لیکن سردست ان کا اثر ہندوستان میں شرح ولادت کو کم کرنے کے سلسلے میں کچھ بھی نہیں ہے۔

ارادی اسقاط حمل کے طریقے پر ابھی تک کسی حد تک عمل کیا جاتا ہے، لیکن قانون نے اس طریقے کو نہایت مناسب طور پر بڑا جرم قرار دیا ہے؛ چنانچہ موجودہ حالت میں آبادی کے اعظم ترین اضافے کو روکنے کے سلسلے میں اس طریقے کا اثر سرعت کے ساتھ گھٹ رہا ہے۔[1]

70

۱۹۔ معاشری رسم و رواج: رضاعت کا طویل زمانہ

ہندوستان میں بچوں کو زمانۂ دراز تک دودھ پلانے کا طریقہ عام ہے اور عوام کا خیال یہ ہے کہ طبّی رائے اس طریقے کی تائید میں ہے۔ بہرحال اس کا نتیجہ یہ ہے کہ حمل کم قرار پاتا ہے۔ یورپی ماں خوبصورتی کو قایم و برقرار رکھنے کے خیالات کے زیر اثر بعض اوقات بچے کو اپنی چھاتی کا دودھ ہی نہیں پلاتی، یا اگر پلاتی بھی ہے تو بچہ ہندوستان کے مقابلے میں بہت جلد کمزور ہو جاتا ہے۔ طبی شہادت کے

[1] اسقاط کا طریقہ جس حد تک اس کو اختیار کیا جاتا ہے، زیادہ تر جرم کو چھپانے اور ناجائز ولادتوں کو روکنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے نہ کہ اس حیثیت سے کہ وہ رائے عامہ کے کسی بڑے حصے کے نزدیک جائز ولادتوں کو روکنے کا پوری طرح مسلمہ طریقہ ہے۔

باب ۳

مطابق، نو ماہ یا ایک سال سے زیادہ رضاعت کے زمانے کو طول دینا ماں اور بچے دونوں کے لیے مضر ہے؛ چنانچہ یورپی ماؤں کے دودھ نہ پلانے کی ایک اور وجہ یہی ہے۔ لیکن ہندوستان میں اس طریقے کے عام رواج کے متعلق یہ خیال کرنا ضروری ہے کہ وہ اضافۂ آبادی کو روکنے والا ایک اہم عامل ہے۔

ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ ازدواجی زندگی میں کثرت اولاد کو روکنے کے خیال سے ارادی طور پر مباشرت سے پرہیز کرنے کا طریقہ ہندوستان میں قریب قریب مفقود ہے۔ البتہ بعض مذہبی ہدایات کے مطابق بعض زمانوں میں لازمی طور پر اجتناب کرنا پڑتا ہے، مثلاً منو کی یہ تاکید ہے کہ ماہ ہلالی کے ابتدائی اور درمیانی زمانے میں شوہر اپنی بیوی سے الگ رہے۔ لیکن اس کے باوجود متعدد جدید اثرات کے تحت اس قسم کے قواعد کی سختی کے ساتھ پابندی میں بتدریج کمی ہوتی جا رہی ہے۔ بلکہ سچ پوچھو تو یہ قواعد طویل مدت تک اجتناب کو ضروری ہی نہیں قرار دیتے اور ان کا عملی اثر نظر انداز کرنے کے قابل ہے۔

اونچی ذات میں بیاہ کرنے کا رواج اب بھی ہندوستان کے بعض علاقوں میں پایا جاتا ہے، چنانچہ مغربی بنگال میں یہ ایک حد تک لازمی طور پر آبادی کے اضافے کو روکتا ہے۔ یہ رواج لڑکی کو ایسے مرد سے شادی کرنے سے باز رکھتا ہے جو معاشری رتبے میں لڑکی کے مساوی یا اس سے کم ہو، اور اس کو اونچی ذات اور مرتبے والے مرد سے شادی کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ لیکن چونکہ اونچے طبقوں کے دولہاؤں کی تعداد محدود ہے، اس لیے ان سے رشتہ جوڑنے کے واسطے بہت سرگرمی کے ساتھ مسابقت ہوتی ہے، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بڑے جہیز اور ٹھینٹ تعدد ازدواج وغیرہ جیسی خرابیاں رونما ہوتی ہیں[1]۔

[1] میں دو کلینوں کو جانتا ہوں جن میں سے ایک کی ساٹھ اور دوسرے کی سو سے زائد بیویاں تھیں۔ ان دونوں مردوں میں سے ہر ایک کے پاس ایک کتاب تھی جس میں وہ اپنی اپنی بیاہی بیویوں کے باپوں کے نام تحریر کر لیتا تھا۔ ہر مرد آغاز موسم سرما میں یاد داشت کی کتاب اپنے ساتھ لے کر اپنی اپنی بیویوں کے پاس دورے کو نکلتا تھا اور ہر بیوی سے مل کر اور اس کے باپ کی حیثیت کے مطابق روپیہ وصول کر کے

باب ۲

۲۰۔ طفل کشی

بعض انتہائی صورتوں میں، لڑکی کو مقررہ طریقوں پر بیاہ دینے کی وقت و دشواری کی بنا پر یہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے کہ لڑکی پیدا ہوتے ہی مار ڈالی جاتی ہے۔ بلوغ سے پیشتر لڑکی کو بیاہ دینے کا جو معاشری و مذہبی لزوم ہے اس کی بنا پر لڑکیوں کی ولادت عام طور پر نامبارک خیال کی جاتی ہے؛ چنانچہ لڑکیوں سے بے اعتنائی برتنے کے اسباب کے منجملہ ایک سبب یہی ہے اور اونچے طبقوں میں لڑکیوں کا بیاہ کرنے کا رواج جہاں کہیں پایا جاتا ہے وہاں انکی حالت اور بھی بدتر ہوجاتی ہے۔ لیکن حقیقی دختر کشی کا باقاعدہ رواج[1]، ارادی اسقاط حمل کے مثل بہت کم ہوگیا ہے، اور یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ قانون اور رائے عامہ کی متحدہ قوت، عنقریب اس کے باقیماندہ نشانات کو بھی بالکل مٹادے گی۔ 71

۲۱۔ افلاس اور امراض[2]

ہم اوپر ذکر کرچکے ہیں کہ افلاس جسمانی قوت و توانائی کو گھٹا کر اور اس طرح شرح ولادت کی تحدید کرکے، کیا کیا ممکنہ اثرات ڈال سکتا ہے۔ چنانچہ افلاس ہی کو پرورش اطفال میں بے پروائی،

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ: موسم گرما شروع ہونے تک گھر لوٹ آتا تھا تاکہ سال کا باقی حصہ اپنے قریہ میں گزارے ....، ماخوذ از کتاب بابو بھیا چندر داس، جس کا حوالہ رسؔ لے نے اپنی محولۂ بالا تصنیف میں صفحہ ۱۶۶ تا ۱۶۷ پر دیا ہے۔ موجودہ زمانے میں کلنی طریقہ اس قدر شدید اور زبون شکل میں تو رائج نہیں ہے لیکن بالکل مفقود بھی نہیں ہے۔ چنانچہ رسؔ لے آگے چل کر لکھتا ہے کہ "لڑکیوں کا بیاہ اونچے طبقوں میں کرنے کا اصول ایک نئی شکل میں رونما ہوا ہے اور وہ یوں کہ اب بنگال کے بیاہ کے بازار میں گریجویٹ (ایلیسانی) شوہروں کی مانگ ہے۔"

[1] "پنجاب میں بیس سال پیشتر کے مقابلے میں اب حالات غالباً بہتر ہیں لیکن پھر بھی ایسے جاٹ اور راجپوت موجود ہیں جو اپنی لڑکیوں کی شادی اپنے سے کم درجے والوں میں کرنے کے بجائے لڑکیوں کی موت کو ترجیح دیتے ہیں" دیکھو ام، ایل ڈارلنگ کی کتاب موسوم بہ "پنجابی کسان خوش حالی اور قرضداری میں" صفحہ ۵۱

(The Punjab Peasent in Prosperity and Debt)

[2] یوں تو عام طور پر افلاس اور امراض کو ایجابی مانعات کے تحت شمار کیا جاتا ہے، لیکن یہاں ان کو اضداری مانعات کے تحت اس لیے شمار کیا گیا ہے کہ ہم یہ غور نہیں کر رہے ہیں کہ موجودہ آبادی کو کم کرنے میں ان کے

باب ۲

بے احتیاطی اور کوتاہ اندیشی کا ایک سبب قرار دیا جاتا ہے، گو شادی کے حق میں وہ یوں حوصلہ شکن ثابت ہوتا ہے کہ ضروری مصارف کو پورا کرنے کے ذرائع نہ ہونے کی وجہ سے شادی بادل ناخواستہ ملتوی کر دی جاتی ہے۔ لیکن ادھر مالی حالت کی اصلاح و ترقی ہوئی اور ادھر ملتوی شدہ بیاہ کی رسم بہ موقع اول رچائی جاتی ہے۔

ملیریا یا بخار، جس سے ہندوستان کا کوئی گوشہ بہ مشکل کلیتہً بچا ہوا ہے، بار آوری کے حق میں سخت مضر ہے، اور بچہ پیدا کرنے کے قابل عمروں میں عورتوں کے، ملیریا میں مبتلا ہونے کا خاص طور سے قرینہ ہوتا ہے۔

۲۲ نتیجہ یوں تو ہم اوپر بتا چکے ہیں کہ مختلف قسم کے انسدادی مانعات، خواہ وہ ارادی ہوں یا غیر ارادی، موجودہ زمانے میں ہندوستان میں کس حد تک عمل کرتے ہیں۔ لیکن اعلیٰ شرح ولادت، صاف طور پر بتلاتی ہے کہ ان سب مانعات کا متحدہ اثر بہت ہی حقیر ہے۔ ان میں سے بعض، مثلاً طفل کشی اور اسقاط حمل، بتدریج معدوم ہوتے جا رہے ہیں۔ رہے دوسرے مانعات، مثلاً بچپن کی شادی، لڑکیوں کو اونچے درجوں میں بیاہنے کا رواج اور بیواؤں کی شادی کی ممانعت، تو اصلاح معاشرت اور تہذیب و شائستگی کی توسیع و ترقی کی بدولت ان کا زور بھی ٹوٹ جائے گا۔ پس ظاہر ہے کہ انسدادی مانعات کا ارتفاع یا ان کی کمزوری، تاوقتیکہ نئے مانعات سے متوازن نہ ہو، اس میلان کو تقویت پہنچائے گی کہ آبادی ذرائع معاش پر بار بن جائے۔

ایجابی مانعات اور انسدادی مانعات کے درمیان نسبت معکوس پائی جاتی ہے؛ چنانچہ آبادی کو ذرائع معاش کے مساوی و مطابق رکھنے کے عاقلانہ طریقوں کی عدم موجودگی میں، تکلیف دہ طریقوں پر عملدرآمد کرنا پڑے گا۔ اس میں بہ مشکل کوئی کلام ہو سکتا ہے کہ ہندوستان بے روک ولادتوں کا جرمانہ ادا کر رہا ہے اور اٹل قانون قدرت کو بے مہری کے ساتھ اس گتھی کو سلجھانے کا موقع دے رہا ہے۔

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ کیا اثرات ہیں بلکہ یہ کہ موجودہ آبادی میں مزید اضافے کو روکنے میں ان کے کیا اثرات ہیں۔

باب ۳

"نتیجہ یہ کہ لاکھوں انسان تھکی ماندی زمین سے اپنا شکم پر نہیں کر سکتے اور خود نذر زمین ہو کر اس کے شکم کو پُر کر دیتے ہیں"۔ اس سے انکار نہیں کہ اعلیٰ شرح اموات کا باعث ایک حد تک صحت و صفائی عامہ کا ناکافی انتظام اور تندرستی کے قواعد سے عام ناواقفیت ہے، لیکن ان کا سبب بھی آخر میں چل کر افلاس ہی قرار پاتا ہے۔ 72
کہا جاتا ہے کہ انگریز قوم مسلمہ طور پر دنیا کی متمول ترین قوموں میں سے ایک ہے، لیکن اس کے باوجود دس فی صد انگریز خوش حالی سے محروم بلکہ مفلس پیدا ہوتے ہیں، اور نہایت متمول اشخاص کی تعداد بہت ہی کم ہوتی ہے۔ اس کے برخلاف ہندوستان میں مفلسوں کا فی صد تناسب بدرجہا زیادہ ہے چنانچہ ہمارے خیال میں یہ کہنا مبالغہ نہیں ہے کہ اہل ہند میں سے ۹۰ فی صد قریب قریب ہمیشہ فاقوں بسر کرتے ہیں۔ بہرحال اطفال اور بالغوں میں کثرت اموات کا بڑا سبب بلاشبہ یہی انتہائی افلاس ہے۔ بچوں کی بڑی تعداد محض اس وجہ سے مرجاتی ہے کہ ان کو مناسب غذا کافی مقدار میں نہیں ملتی۔ رہے بالغ تو مسلسل طور پر کم اور گھٹیا قسم کی غذا اور اس کے نتیجے کے طور پر کم طاقتی انھیں امراض کا بہت جلد شکار بنا دیتی ہے۔ چنانچہ انفلوئینزا کی وبا (۱۹۱۸ء تا ۱۹۱۹ء) کے زمانے میں نہایت کثرت سے اموات واقع ہوئیں اور ان کا باعث ہندوستانی آبادی کی ادنیٰ قوت مقاومت تھی جو بجائے خود افلاس کا نتیجہ تھی۔

اگر نئی ہستیاں عالم وجود میں بے روک آتی رہیں، اور موجودہ ممکنہ ذرائع ان کے قیام و سربراہی کی اجازت نہ دیں تو یہ آبادی کی افراط کی شہادت و علامت ہے؛ چنانچہ ہندوستان میں عام طور پر یہی صورت حال پائی جاتی ہے۔ شرح اموات کی زیادتی جو زیادہ تر افلاس سے منسوب کی جا سکتی ہے کثرت آبادی کا قطعی ثبوت خیال کی جا سکتی ہے۔ موثر قسم کے انسدادی مانعات کی عدم موجودگی اور ساتھ ہی تولید انسانی کی عظیم قوت کی موجودگی اس امر کو بہت اغلب بلکہ یقینی بنا دیتی ہے کہ ہندوستان میں مفرط آبادی، نہ صرف حالت بلکہ میلان کی حیثیت سے بھی، پائی جاتی ہے۔ موجودہ حالات نیز مستقبل قریب میں ترقی کے امکانات کا لحاظ کرتے ہوئے، ہم کہہ سکتے ہیں کہ اگر اہل ہند کی شرح ولادت کمتر ہو تو ہندوستان

باب ۳

ان کی بود و باش کے لیے موجودہ حالت سے زیادہ بہتر ملک ہو سکتا ہے۔[1]

۲۳۔ مفرط آبادی اور قومی آمدنی

مفرط آبادی کے مسئلے کی پیچیدگیوں کے منجملہ ایک یہ ہے کہ اس ملک میں قومی آمدنی کے متعلق وقتاً فوقتاً مرتب کئے ہوئے اندازوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ فی کس آمدنی میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر آبادی بڑھ رہی ہے اور اس کے ساتھ ہی قومی آمدنی میں بھی کم از کم اسی مقررہ شرح سے اضافہ ہو رہا ہے تو پھر "آبادی" کو "مفرط" کس طرح کہا جا سکتا ہے؟ اس مشکل کو حل کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ اس ملک میں آمدنی کے بارے میں 78
قائم کئے ہوئے متعدد اندازوں کی صحت پر دلیرانہ اعتراض کیا جائے[2]۔ سچ پوچھو تو سارے اندازے، صحیح مواد کی عدم موجودگی کے باعث کم و بیش قیاسی ہیں۔ ونسنٹ اسمتھ پر تو یہ سوء ظن نہیں کیا جا سکتا کہ برطانوی حکمرانی کے خلاف اس کو کوئی شکوہ یا تعصب ہے، تاہم زیادہ سے زیادہ تعریفی الفاظ جو ان کے قلم سے نکلتے ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ اہل ہند کی حالت میں صرف بعض اعتبارات سے اصلاح ہوئی ہے اور اکثر اعتبارات سے حالت بد سے بدتر

---

[1] اس عام نتیجے کی صحت کو تسلیم کر لینے کے باوجود ہمارا خیال یہ ہے کہ ہندوستان کی عظیم وسعت اور اس کے اقوام، قدرتی ذرایع اور آب و ہوا کے لامتناہی انواع و اقسام پر نظر کرتے ہوئے کثرت آبادی کے پیچیدہ مسئلے کی تحقیق اگر چھوٹے پیمانے پر ضلع داری یا صوبہ داری کی جائے تو اس سے مسئلے پر زیادہ بہتر روشنی پڑے گی۔ علاوہ ازیں ذات پات کے طریق اور ہندوستانی معاشرے کی دوسری خصوصیات کی وجہ سے غیر سابق جماعتیں غیر معمولی طور پر کثیر تعداد میں موجود ہیں، چنانچہ ہر جداگانہ جماعت، گروہ، ذات یا پیشے کو فرداً فرداً جانچنے پر کثرت آبادی کی نوعیت و وسعت کا اس سے زیادہ قابل قدر اور مفصل حال معلوم ہو سکتا ہے جتنا کہ ایک ہمہ گیر اور عام ساخت سے ہو سکتا ہے۔ لیکن اس کتاب میں تو صرف موخر الذکر طریقہ اختیار کرنا ممکن ہوا۔

[2] دیکھو باب ۴ جلد دوم۔

باب

ہو گئی ہے، گویا بحیثیت مجموعی شہنشاہ اکبر کے زمانے کے مقابلے میں موجودہ زمانے میں کچھ ہی بہتر حالات پائے جاتے ہیں[1]۔ جیسا کہ مورلینڈ نے کہا ہے کہ "کم و کیف کے لحاظ سے کوئی بڑی تبدیلی نہیں ہوئی ہے[2]"۔ لوگوں کی معاشی حالت کی اصلاح و ترقی اس قدر بدیہی واقعہ نہیں ہے کہ کوئی شخص سطحی اور سرسری طور پر اس کا اندازہ کر سکے۔ وہ شخص بھی جو عجلت میں نہ ہو اور وقت نکال کر نظر غائر سے حالات کا مطالعہ کرے اصلاح و ترقی کے بجائے عام طور پر انحطاط ہی پاتا ہے۔ اس کا معمولی سرکاری جواب یہ ہے کہ "اس امر کا الزام کہ اہل ہند افلاس میں ثابت قدمی کے ساتھ جمے ہوئے ہیں خود ان ہی کے سر ہے، اس لیے کہ وہ اپنی آیندہ بہبود کا خیال کئے بغیر اپنی تعداد میں سرعت کے ساتھ اضافہ کئے جا رہے ہیں"۔ پھر بھی یہ جواب اس دعوے کو کہ گزشتہ پچاس سال میں لوگوں کی حالت بہتر نہیں ہوئی ہے، باطل نہیں کرتا بلکہ محض اس کی تاویل کرتا ہے۔

دوسری صورت مشکل کو حل کرنے کی یہ ہے کہ معاشی حالت کی اصلاح و ترقی کو تسلیم کر لیا جائے لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی خیال کر لیا جائے کہ اگر آبادی قلیل ہوتی اور اگر متعدد ایجابی مانعات کے عمل کے بجائے ولادتوں کی ارادی روک کے ذریعے سے آبادی کی کثرت پر بندش قایم کی جاتی تو اس سے زیادہ اصلاح و ترقی رفا ہوتی۔ چنانچہ ہم یہ خیال کرنے کی جانب مائل ہیں کہ یہ نقطۂ خیال غالباً اصلی واقعات و حالات کے مطابق ہے۔

۲۴۔ ایجابی و انسدادی مانعات

ہمیں ناظرین کو یہاں یہ خیال قائم کرنے کے خلاف متنبہ کر دینا چاہیئے کہ اس امر کا نفس معاملہ پر اثر نہیں پڑتا کہ آبادی میں ایجابی مانع کے ذریعے سے کمی ہو یا انسدادی مانع کے ذریعے سے۔ اعلیٰ ترین معیار راحت و آرام کے حاصل کرنے کے لیے جس چیز کی

---

[1] دیکھو وسنٹ اسمتھ کی کتاب موسوم بہ "اکبر مغل اعظم" صفحہ ۴۹۲ تا ۴۹۱ Akber the Great Mogul

[2] دیکھو ڈبلیو ایچ مورلینڈ کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان بزمانۂ وفات اکبر" صفحہ ۲۷۰۔ India at the Death of Akbar

باب ۳

ضرورت ہے وہ صرف یہی نہیں ہے کہ آبادی کو روک کر اس کو ایک مناسب و متوازن حد پر رکھا جائے، بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ پیداآور قوت کو اسی معیار پر برقرار رکھا جائے جو متوازن و معیاری تعداد نفوس کے لیے مناسب ہو۔ قدرت کے کام کرنے کے طریقے عام طور پر بھدے ہوتے ہیں؛ اور ان مصائب عظیم کے قطع نظر کرتے ہوئے جو ان طریقوں کے باعث نازل ہوتے ہیں، یہ ذہن نشین رکھنا چاہئے کہ گو کوئی بڑی قدرتی آفت، روز افزوں آبادی کے انتہائی اضافے کا صفایا کرنے میں کامیاب ہو سکتی ہے، لیکن یہ بھی ممکن ہے کہ وہ باقی ماندہ اشخاص کو مضمحل و مخرب اخلاق حالت میں چھوڑے۔ چنانچہ یہ ممکن ہے کہ اس کے نتیجے کے طور پر رونما ہونے والی معاشری و معاشی افراتفری و بدنظمی اس قدر شدید ہو کہ جو معاشرہ اس آزمایش میں مبتلا ہو اس کا دور ثانی قطعی طور پر دور اول سے بدتر ہو، اور اس طرح ممکن ہے کہ تعداد نفوس کی کمی کے ساتھ ساتھ افلاس 74
و خواری بھی بڑھ جائے۔ اسی وجہ سے معاشی نقطۂ نظر سے، کثرت آبادی کی خرابیوں کا علاج ہونے کی حیثیت سے ایجابی مانعات پر انسدادی مانعات کو ترجیح دینی چاہئے؛ چنانچہ واقعی طور پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ایجابی مانعات اس مرض کا شاذ ہی علاج کر سکتے ہیں؛ بلکہ ممکن ہے کہ وہ مرض میں اور شدت پیدا کر دیں۔

یہ واقعہ کہ ہندوستان کی آبادی مغربی ممالک کے مقابلے میں بہت دھیمی رفتار سے بڑھ رہی ہے[1] بعض اوقات اس نظریے کی کاٹ کے طور پر پیش کیا جاتا ہے کہ ملک میں اس کی گنجائش سے زیادہ انسان آباد ہیں[2]۔

---

[1] دیکھو فصل (۱۱) جو اوپر بیان ہو چکی ہے۔

[2] لیکن ناظم مردم شماری بابتہ ۱۹۳۱ء کی طرح موجودہ زمانے میں اکثر لوگوں کے دلوں میں یہ خیال بیٹھا ہوا ہے کہ آبادی کے اضافے کی رفتار سست ہونے کی بجائے تیز ہے۔ چنانچہ واقعہ یہ ہے کہ ۱۹۲۱ء اور ۱۹۳۱ء کے مابین اضافے کچھ اصلی اعداد کچھ کم ۳۴ ملین ہیں۔ یہ اضافہ، فرانس، یا اٹلی کی موجودہ مجموعی آبادی کے قریب قریب مساوی ہے؛ اور پولینڈ اور رومانیہ جیسے اہم دول کی آبادی کے مقابلے میں بہت بڑا ہے۔ اس وقت ہندوستان کی آبادی قریب ترین زمانے کے اندازے کے مطابق چین کی

باب ۲

لیکن حقیقی طور پر کم اضافہ اس بات کو لازمی طور پر ثابت نہیں کرتا کہ آبادی مفرط نہیں ہے۔ ہمیں یہ بھی ثابت کرنا چاہئے کہ دولت میں کم از کم اسی تناسب سے اضافہ ہوا ہے اور یہ کہ اگر آبادی کے اضافے کی شرح اس سے کم ہوتی تو فی کس آمدنی اس سے کم ہوتی۔ دوسرے یہ کہ ہمیں پھر اس کا اعادہ کرنا چاہئے کہ اہم ترین سوال یہ ہے کہ آیا سریع اضافۂ آبادی پر انسدادی مانعات کے ذریعے سے روک قایم ہو رہی ہے یا ایجابی مانعات کے ذریعے سے۔ ہم جانتے ہیں کہ اب تک ہندوستان میں صرف موخر الذکر ہی کا کامل دور دورہ رہا ہے؛ چنانچہ جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے اس کی وجہ سے آبادی کا سست رفتار اضافہ یا قطعی کمی، باشندوں کی معاشی حالت کے انحطاط کے بالکل ہم آہنگ و مطابق ہو جاتی ہے۔

۲۵۔ آبادی کے اضافے کی ارادی روک کے سوا دوسرے طریقے

اگر ہم یہ خیال ظاہر کریں کہ ہندوستان میں مفرط آبادی ہے تو اس سے یہ نہ سمجھ لینا چاہیے کہ ہم یہ بھی خیال کرتے ہیں کہ ملک کے ذرایع مناسب طریقے پر ترقی پانے کی صورت میں موجودہ تعداد سے زیادہ تعداد ملک میں نہیں رہ سکتی۔ یہ استدلال ترغیب دہ طریق پر کیا جا سکتا ہے کہ جہاں مغرب معاشی ترقیوں کے لحاظ سے بام عروج پر پہنچ چکا ہے وہاں ہندوستان ابھی تک پہلے ہی زینے پر ہے۔ یہاں صنعتی ترقی بمشکل شروع ہوئی ہے، اور صنعتوں میں تکثیر حاصل کا مقام ابھی اتنی دور ہے کہ وہاں تک پہنچنے میں غیر معین مدت درکار ہوگی۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ قریب قریب یہی بات نقل و حمل، جہاز رانی وغیرہ کے بارے میں صادق آتی ہے۔ علیٰ ہذا زراعت میں بھی عمیق ترقی اور آب پاشی کے امکانات سے استفادہ کی ابھی بہت گنجائش باقی ہے۔ علاوہ ازیں اگر پیدائش دولت میں 75

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ: آبادی پر بھی سبقت لے جا چکی ہے؛ یہاں تک کہ ہندوستان، باشندوں کی تعداد کے لحاظ سے، دنیا کے تمام ممالک کی فہرست میں اول نمبر پر ہے۔ اگر موجودہ شرح اضافہ مان لی جائے تو بیسویں صدی کے اختتام پر ہندوستان کی آبادی ۷۰ کروڑ ہو جائے گی۔

باب ۳

اضافہ نہ بھی کیا جائے تو بھی دولت کی بہتر تقسیم، ایک بڑی آبادی کو خوش حالی کے اسی اعلیٰ معیار پر برقرار رہنے کے قابل بنا سکتی ہے۔ خود آبادی کو بھی زیادہ مساوی طریقے پر تقسیم کیا جا سکتا ہے اور وہ اس طرح کہ گنجان آباد علاقوں کی زاید آبادی کو ان علاقوں میں منتقل کر دیا جائے جہاں مناسب ترقی کے لیے آبادی بہت قلیل ہے۔ سب سے آخر میں یہ کہ آبادی کے دباؤ کو کم کرنے کے لیے تو طن خارجی کا طریقہ بھی اختیار کیا جا سکتا ہے۔

۲۶۔ ان اصلاحی تدابیر کی راہ میں رکاوٹیں۔

تاہم ان سمتوں میں سے کسی سمت میں فوری اصلاح کے امکانات کو حد سے زیادہ بڑھا کر بیان نہ کرنا چاہئے۔ ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ اگر عاجلانہ صنعتی ترقی کی انتہائی کوشش بھی کی گئی تب بھی ترقی کی رفتار حسب دلخواہ تیز نہیں کی جا سکتی۔ ہندوستان، صنعتی دوڑ میں بہت دیر سے شریک ہوا، اور اس کے راستے میں بہت سی رکاوٹیں ہیں۔ جب تک یہ رکاوٹیں دور نہ ہوں گی اس کی ترقی کی رفتار مغربی ممالک کے مقابلے میں لازمی طور پر سست رہے گی۔ ہندوستان میں طاقتور اغراض قائمہ موجود ہیں جو موجودہ حالت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ یہ ہر قسم کے تغیر کی نہایت سختی کے ساتھ مخالفت کریں گے۔ کہا جاتا ہے کہ ملک کی موجودہ معاشی پسماندگی کا باعث بڑی حد تک حکومت کی غفلت اور بے پروائی ہے۔ حکومت پر اس بارے میں کس حد تک الزام عاید کیا جا سکتا ہے؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جس سے ہمیں براہ راست کوئی سروکار نہیں ہے۔ لیکن اگر استدلال کی خاطر یہ مان لیا جائے کہ حکومت کی بے پروائی اور بعض صورتوں میں مبینہ مخالفانہ روش ہندوستانی صنعتوں کی صبر آزما طریقے پر سست ترقی کی بڑی حد تک توجیہ کرتی ہے تو، جب تک یہ روش موجود ہے ہم کو دوسرے عناصر کے منجملہ اس عنصر سے بھی نبٹنا پڑے گا۔ اگر حکومت کی بے پروائی و غفلت کے عنصر کو، حکومت اختیاری جلد قایم کر کے، خارج کر دیا جائے تو بھی مالی رکاوٹیں اور دیگر مزاحمتوں کی وجہ سے صنعتی نشوونما لازمی طور پر سست ہوگی۔

باب ۳

یہ امر کہ سنگین رکاوٹیں موجود ہیں، اس سے تو انکار نہیں ہو سکتا۔ گو ممکن ہے کہ ان رکاوٹوں کا لحاظ کرنے کے بعد رجائیت کی گنجایش پھر بھی باقی رہے، لیکن یہ رجائیت اس رجائیت کے مقابلے میں بہت زیادہ متبدل ہوگی جو بعض لوگ قایم کرتے اور یہ ثابت کرنے کے خواہشمند ہیں کہ ہندوستان میں مفرط آبادی نہیں ہے۔

علاوہ ازیں اگر ہم موجودہ رکاوٹوں سے چشم پوشی کریں اور یہ بھی مان لیں کہ سریع صنعتی ترقی یقینی ہے، تو بھی یہ ممکن نہیں ہے کہ آدمیوں کی جتنی تعداد اس وقت دستیاب ہو سکتی ہے اس سے زیادہ صنعتی ترقی کے لیے درکار ہو۔ ایسے مقررہ حالات کی موجودگی میں جن کے تحت اضافۂ آبادی پر کسی قسم کی ارادی روک نہ ہو، یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ آبادی کی رسد، اس کی تمام ممکنہ طلب پر سبقت لے جائے گی۔ اضافۂ آبادی پر قدرت کے بے رحمانہ مالتھاتی صرف اس وقت عمل نہ کریں گے جب کہ سب کی سب زاید آبادی بڑھنے والے معاشی ذرایع میں فوراً جذب ہوتی جائے۔ لیکن ایسا واقعہ کبھی کبھی اور وہ بھی صرف ایک محدود زمانے کے لیے ظہور پذیر ہوتا ہے[1]۔ تاہم ہندوستان نہ تو نوآباد ملک ہے اور نہ اس کے مواقع اور سہولتوں کا مقابلہ خواہ ان پر کتنے ہی رجائی طریقے سے نظر ڈالی جائے، صنعتی انقلاب سے پیشتر کے انگلستان کے مواقع سے کیا جا سکتا ہے۔ زائد آبادی کو صنعتی کاروبار میں

76

[1] مندرجۂ ذیل اقتباس میں معاملے کے ایک اور پہلو پر بھی روشنی پڑتی ہے:۔

"میرا خیال یہ ہے کہ اصل کے بہت بڑے ذخائر جن کی بنا پر سائنٹیفک ایجادیں عمل میں لائی جا سکتی ہیں، بڑے پیمانے پر کاروبار کرنے والی صنعتوں میں تخثیر پذیر ماحصل پیدا کرنے میں سب سے زیادہ اہم عنصر رہے ہیں۔ لیکن اگر آدمیوں کی بڑی تعداد بھی ضروری ثابت ہو تو، ماہرداد و شمار کو یہ دریافت کرنا چاہیئے کہ آیا داخلی اور اکثر خارجی کفایات انفرادی کارخانوں، بازاروں یا شہروں میں آدمیوں کی کثیر تعداد کو کام پر لگانے سے حاصل نہیں ہوتے اس لیے کہ اگر یہی تخثیر حاصل کی اساسی شرط ہو تو، زرعی ماحصل کی تقلیل پذیری کو کل صنعت میں مزدوروں کی جماعت کا اوسط اضافہ زائل نہیں کرے گا بلکہ ہر صنعتی کارخانے، انجمن یا محلے میں کام کرنے والے مزدوروں کی تعداد کا اوسط اضافہ زائل کرے گا۔ گویا اضافۂ آبادی کے معنی فی نفسہٖ کسی حال صنعت میں تخثیر حاصل کے نہ ہونے کے

باب ۳

لگانا محض اس وقت ایک مستقل علاج ہو سکتا ہے جب کہ آبادی کی زیادتی نہ صرف قابل پیدائش غذا تک، بلکہ صنعتی محنت کی طلب کے نقطۂ سیری تک بھی محدود رہے۔

۲۷۔ محنت کی قلت، آبادی کی افراط کے خلاف دلیل کے طور پر۔

کثرت آبادی کے خلاف جو معمولی دلائل پیش کئے جاتے ہیں ان میں سے ایک محنت کی مہینہ قلت پر مبنی ہے جو زراعت اور صنعت دونوں میں محسوس کی جاتی ہے۔ اس کا جواب یہ دیا جا سکتا ہے کہ زراعت میں محنت کی قلت کا خیال اس واقعے کی بنا پر پیدا ہوتا ہے کہ اس کی طلب سال کے کچھ حصے میں اور وہ بھی قلیل مدت کے لیے مثلاً تخم بونے اور فصل کاٹنے کے زمانے میں خاص طور پر قوی ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ فراموش کر دیا جاتا ہے کہ سال کے باقی حصے میں وہ مجبوراً بے کاری کی حالت میں رہتی ہے۔ یوں تو یہ بات ہمیشہ سے محسوس کی جاتی رہی ہے کہ زرعی گرما گرمی کے موسم میں اضافی قلت رونما ہوتی ہے لیکن کچھ سال ادھر سے اس احساس کا اظہار زبان سے بہت زیادہ کیا جا رہا ہے، شہروں کے قرب وجوار کے زرعی رقبوں کا محنت کی روز افزوں قلت کی شکایت کرنا غالباً اسی وجہ سے حق بجانب ہے کہ شہروں میں دیہات سے جو محنت کھنچ کر جاتی ہے اس کے ایک جزو سے یہ رقبے ہمیشہ کے لیے محروم ہو جاتے ہیں یا یہ کہ یہ سب کی سب اس زمانے میں دستیاب نہیں ہوتی جب کہ زرعی کاروبار کے لیے اس کی ضرورت اور مانگ ہوتی ہے۔ تاہم یہ بات ان دیہاتی رقبوں پر صادق نہیں آتی جو شہروں سے دور واقع ہیں۔ زرعی محنت کی عام قلت کے خیال کو اس عام طور پر مسلمہ نظریے کے مطابق و ہم آہنگ بنانا مشکل ہے کہ زمین پر دباؤ بڑھ رہا ہے اور یہ کہ جتنے اشخاص کو وہ بآسانی پرورش کر سکتی ہے اس سے زیادہ تعداد اس پر

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ دیکھو پی، ایس فلورنس کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۱۵۔

باب ۳
۷۷

سکونت پذیر ہے۔[1] چنانچہ زرعی کمیشن نے غور و خوض کے بعد اپنی یہ رائے ظاہر کی ہے کہ "غالباً بجز آسام کے کسی صوبے میں بھی محنت کی کسی بڑی اور عام قلت کی کوئی علامت نہیں پائی جاتی۔[2] صنعتوں میں محنت کی قلت کی حد تک بھی بیان میں اصلیت اس قدر نہیں ہے جس قدر کہ اس کو ظاہر کیا جاتا ہے۔ چنانچہ واقعہ یہ نہیں ہے کہ محنت دستیاب نہیں ہوتی بلکہ یہ کہ شہروں میں رہنے سہنے کی مشکلات اس قدر زیادہ ہیں اور اس کے ساتھ ہی صحت و صفائی کے عام حالات اس قدر غیر اطمینان بخش ہیں کہ وہ موثر موانع بن جاتے ہیں اور محنت کی امکانی رسد کے بڑے حصے کے حاصل کرنے کی راہ میں حائل ہوتے ہیں، علاوہ ازیں لوگوں کی جہالت اور قدامت پرستی کو دور کرنے کا کوئی مناسب انتظام نہیں ہے، چنانچہ ان میں سے اکثر زمین ہی سے وابستہ رہ کر اپنا پیٹ پالتے اور مصیبت کی زندگی بسر کرتے ہیں، حالانکہ ان کے لیے شہروں میں مستقل طور پر کام حاصل کر کے اپنی حالت کی اصلاح کرنے کے معقول مواقع موجود ہیں علاوہ ازیں محنت کی طلب بڑی حد تک باہمارت محنت کے لیے ہے۔ لہٰذا علاج بظاہر اس بات میں ایک حد تک مضمر معلوم ہوتا ہے کہ جدید صنعتوں کے لیے مزدور کو تربیت دینے کی غرض سے ضروری سہولتیں بہم پہنچائی جائیں۔ سب سے آخر میں یہ کہ، طلب کے معنی ہمیشہ کسی قیمت پر شے کو طلب کرنے کے ہیں اور یہ

---

[1] "اصلی دقت یہ ہے کہ زمین کے کسی مقررہ رقبے پر نفع بخش طریقوں سے کاشت کرنے کی صورت میں جتنے آدمی کام کر سکتے ہیں ان کی تعداد محدود ہوگی۔ گو یہ ممکن ہے کہ غذائی پیداوار اس تعداد سے بہت زیادہ کے لیے کافی ہو، لیکن آبادی میں بہت بڑی زیادتی ہو تو اس کی وجہ سے یا تو لازمی طور پر فروعہ رقبوں کی انتہائی ذیلی تقسیم رونما ہوگی اور اس طرح کھیتوں کے غیر نفع بخش اور غیر معاشی ہونے کی بنا پر پیداوار میں کمی ہو جائے گی یا بصورت دیگر آبادی بے کار و بے روزگار ہو جائے گی جو نہ تو زراعت میں مصروف ہوگی اور نہ پیدا کنندوں سے اپنی ضرورت کی غذا حاصل کرنے کے لیے اپنے پاس کوئی چیز رکھتی ہوگی۔" دیکھو مردم شماری کی رپورٹ بابتہ ۱۹۳۱ء، صفحہ ۳۱

[2] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ (۶-۵)۔

باب ۲

ممکن ہے کہ مزدور کو اس کی شے یعنی محنت کے لیے جو قیمت پیش کی جاتی ہے وہ کافی کشش نہ رکھتی ہو۔ حال حال تک یہ صورت تھی کہ اجرت میں متناسب اضافہ ہوئے بغیر اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا تھا۔ یوں تو یہ میلان عام طور پر پایا جاتا ہے کہ اجرت دوڑ میں قیمت کا ساتھ نہیں دیتی، لیکن ہندوستان میں رسم و رواج اس میلان کو مزید تقویت پہنچاتا ہے، چنانچہ اب بھی رسم و رواج کی قوت کو خاص کر دیہات میں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ دیہات میں رواجی اجرت، قیمتوں کے تغیرات کا ساتھ بہت رک رک کر دیتی ہے؛ اور شہروں میں بھی اعلیٰ مصارف زندگی اور بیش خرچ بود و باش کا لحاظ کرتے ہوئے اجرت کی سطح کافی بلند نہیں ہے۔ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ زراعت و صنعت دونوں میں محنت کی رسد و طلب کے باہمی تعلق میں بڑی حد تک بدنظمی پائی جاتی ہے، لیکن یہ بات بہت زیادہ مشتبہ ہے کہ آیا اس کا علاج آبادی کا سریع اضافہ ہے یا نہیں۔ ممکن ہے کہ مزدوروں کی تعداد کی زیادتی ہی ان کو اس بات پر مجبور کر دے کہ وہ اجرت کے ایسے شرائط کے تحت کام قبول کر لیں جو ان کو ناگوار ہیں اور جن کو وہ بحیثیت مجموعی سردست مسترد کرنے کی حیثیت رکھتے ہیں۔ چنانچہ یہ صورت حال آجر کے لیے مفید ہو سکتی ہے، لیکن مزدور کا اس میں سراسر نقصان ہے۔ ممکن ہے کہ لوگوں کے کسی محدود و مخصوص طبقے کو فائدہ پہنچے، لیکن قوم بحیثیت مجموعی گھاٹے میں رہے گی۔

۲۸۔ زرعی ترقی

گو زراعت بہت بڑے امکانات رکھتی ہے، لیکن یہ غیر محدود نہیں ہیں، اور نہ ان سے کامل استفادہ کرنا آسان ہے۔[1] غیر ترقی یافتہ خطے اب بھی موجود ہیں جو ہل چلائے جانے کے 78

[1] "ہندوستان بہت بڑی حد تک ایک زرعی ملک ہے جس میں آبادی کی گنجانی کا اوسط ۱۹۵ اشخاص فی مربع میل ہے۔ برِاعظم یورپ میں جو صنعتی حیثیت سے بہت ترقی یافتہ ہے آبادی کی گنجانی کا اوسط ۱۲۷ نفوس فی مربع میل ہے اور ریاستہائے متحدہ امریکا میں صرف ۱۴ ہے۔ اس لحاظ سے ہندوستان بحساب فی مربع میل زیادہ بڑی آبادی کا کفیل ہے۔" دیکھو پی۔ کے وٹل کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۱۰۔

باب ۳

منتظر ہیں۔ لیکن زرخیز زمینیں بہت بڑی حد تک قبضے میں آچکی ہیں اور جو زمینیں اب تک قبضے میں نہیں آئی ہیں وہ مقابلتہً کم زرخیز ہیں۔ بہرصورت ان پر معمولی طور پر سرمایہ لگانے کی ضرورت ہے جو اوسط درجے کے کسان کی دسترس سے باہر ہے۔ کاشت عمیق کے امکانات کو تقسیم و انتشار اراضی، ہندوستانی کسان کی قرضداری اور سرمائے کے ذرائع کا فقدان جیسی رکاوٹیں گھٹا دیتی ہیں۔ لیکن ان سب خرابیوں کو فوراً دور نہیں کیا جا سکتا۔ علاوہ ازیں زراعت میں جدید ترین طریقوں کو صرف رفتہ رفتہ ہی استعمال کیا جا سکتا ہے؛ لیکن جدید طریقوں کو استعمال کرنے کے بعد بھی یہی توقع رکھنی چاہیئے کہ قانون تقلیل حاصل کا جلدی یا دیر سے عملدرآمد ہوگا، اس لیے کہ اس وقت تک ہمارا تجربہ پورے وثوق کے ساتھ یہ توقع کرنے کی اجازت نہیں دیتا کہ طریق کاشت میں عہد آفرین اصلاح و ترقی یکے بعد دیگرے مسلسل رونما ہوگی اور وہ تقلیل حاصل کے رجحان کو ایک غیر معین مدت تک روک رکھے گی[1]۔ زراعت کی ترقی آب پاشی سے وابستہ ہے اور چونکہ ملک کے بڑے بڑے خطے آب پاشی کے لیے ناقابل حل مشکلات پیش کرتے ہیں، اسی لیے ان خطوں کو کم یا زیادہ بارش پر قناعت کے ساتھ انحصار کرنا پڑتا ہے اور یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ مستقبل قریب میں ان کی زرعی حالت میں کوئی نمایاں اصلاح و ترقی ہوگی۔

[1] گو سابق میں قانون تقلیل حاصل کے عملدرآمد کے متعلق عام اتفاق تھا؛ لیکن بعد میں چل کر بعض معاشیین نے یہ پختہ خیال قائم کر لیا کہ اگر سائنس موجودہ زمانے میں تقلیل حاصل کی دقتوں کو حل نہ بھی کرے تو مستقبل قریب میں ایسا کرنے کے قابل ہو جائے گی، یا دوسرے الفاظ میں کیمیا دان کوئی ایسا مسل ایجاد کرے گا جس کے ذریعے سے زمین مجبور ہو جائے گی کہ قلیل سرمایہ لگانے پر یکساں حاصل پیدا کرے۔ اگر ایسا کوئی عمل کبھی کامیاب ثابت ہو تو اس صورت میں بیشک قانون تقلیل حاصل کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ لیکن گزشتہ ساٹھ سال میں انکشافات کی کثرت کے باوجود اس کی کوئی علامت نہیں پائی گئی کہ کاشت کے طریقوں میں کوئی انقلاب رونما ہوا۔ دیکھو جے، اے، ڈین کی کتاب موسوم بہ "اصول معاشیات زرعی" صفحہ ۳۰۷، جس کا حوالہ ہیلمٹن نے دیا ہے۔

باب ۲

۲۹۔ دولت کی بہتر تقسیم

اس میں شک نہیں کہ دولت کی زیادہ معقول طریق پر تقسیم ایک حد تک سود مند ہوگی لیکن دولت کی زیادہ معقول تقسیم اس کے ذرایع کو زائل کئے بغیر کس طرح عمل میں لائی جائے؟ یہ ان مشکل ترین مسائل میں سے ایک مسئلہ ہے جو جدید تہذیب یافتہ قوموں کے لیے حل طلب ہے، اور ابھی تک اس کے اطمینان بخش طریقے پر حل ہونے کی توقع نہیں دکھائی دیتی۔ علاوہ ازیں ہندوستان میں سب سے بڑی کمی جو محسوس کی جا رہی ہے وہ یہ نہیں ہے کہ دولت کی زیادہ مساوی تقسیم کی ضرورت ہے، اس لیے کہ یہاں انتہائی طور پر بڑی آمدنیاں بہت کم لوگوں کو مل رہی ہیں؛ بلکہ اس وقت اس سے زیادہ اشد ضروری یہ ہے کہ دولت کی مجموعی مقدار میں اور فی کس پیدائش دولت میں اضافہ ہو۔

۳۰۔ آبادی کو ایک صوبے سے دوسرے میں منتقل کرکے بار کس حد تک ہلکا کیا جا سکتا ہے

جہاں تک مختلف صوبوں میں آبادی کی زیادہ مساویانہ تقسیم کے امکانات کا تعلق ہے وہاں تک، اس امر سے قطع نظر کرتے ہوئے کہ موجودہ زمانے کے کم آبادی رکھنے والے خطوں کے متعلق مبالغہ آمیز اندازے قایم کئے جاتے ہیں کہ ان میں زیادہ آبادی کی کھپت ہو سکتی ہے، آبادی کو گنجان آباد علاقوں سے کم آباد علاقوں میں منتقل کرنے کی دقت اتنی 79 زیادہ ہے کہ اس کو معمولی سمجھ کر بآسانی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ زبان، خیالات، طرز بود و باش اور آب و ہوا، مختلف صوبوں میں اس قدر مختلف ہے کہ کسی بڑی تعداد میں آبادی کی نقل کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ وطن، گھر بار اور ماحول کی فطری محبت کے علاوہ جہالت، قدامت پرستی اور پست ہمتی بھی باہر نکلنے سے باز رکھتی ہے۔ اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ برما اور آسام میں توسیع کی ابھی خاصی گنجایش ہے تو بھی یہ صوبے زاید آبادی کے صرف ایک قلیل جزو کو جذب کر سکتے ہیں۔ زاید آبادی زیادہ تر اس خطۂ زمین میں

۱؎ دیکھو آیندہ صفحات میں فصل (۳۷) تو طن خارجی کے بارے میں۔

باب ۳

پائی جاتی ہے جو احاطۂ مدراس سے شروع ہو کر مشرق اور شمال میں بنگال، بہار اور صوبۂ متحدہ تک پھیلا ہوا ہے اور جس کے بار کو ہلکا کرنے کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔[1]

۳۱۔ توطن خارجی کے ذریعے سے کس حد تک بار ہلکا کیا جا سکتا ہے

یہ توقع کرنا کہ غیر ممالک میں آبادی کو منتقل کر کے آبادی کے دباؤ کو بڑی حد تک کم کیا جا سکتا ہے، گویا ہندوستانیوں کے توطن خارجی کے مسئلے کی بابتہ برطانوی نوآبادیات کی پالیسی اور قومی خود کفالت جیسے زمانۂ حال کے میلانات و تحریکات کی نسبت ناقابل معافی ناواقفیت کا اظہار کرنا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ ہندوستانی مزدور نے نوآبادیات میں نئی قدر و قیمت پیدا کر دی ہے اور سلطنت برطانیہ کے سب علاقوں کو ایک نفع بخش اثاثہ بنا دیا ہے، لیکن اس کے باوجود آج کل ہندوستانیوں کا نوآبادیات میں آنا بُری نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ نوآبادیات کی یہ حالت و روش اور ہندوستان کی سیاسی بے بسی، صاف طور پر ظاہر کرتی ہے کہ ہندوستانیوں کو اپنی معاشی نجات کا سامان خود اپنے ہی ملک کے اندر کرنا چاہیئے۔

۳۲۔ آبادی اور غذا کی رسد

ہندوستان کی مفرط آبادی کے مسئلے کے متعلق جملہ سوالات میں ملک میں غذا کی رسد کا سوال عام طور پر بہت نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔ یہ بالکل صحیح ہے کہ اگر دنیا کو بحیثیت مجموعی لیا جائے تو 'غذا اور آبادی میں توازن ہونا ضروری ہے'، لیکن کسی خاص ملک کے لیے ایسا توازن ضروری نہیں ہے۔ مثلاً انگلستان کو جتنی غذا کی ضرورت ہے وہ خود تیار نہیں کرتا بلکہ اس کو زیادہ مفید خیال کرتا ہے کہ دوسرے ممالک سے غذا طلب کرے اور اس کے معاوضے و مبادلے میں اپنی اعلیٰ درجے کی ماہر آبادی کے تیار کردہ مصنوعات انھیں بھیجے۔ لیکن ہندوستان، اشیائے خوردنی کی رسد کے لیے غیر ممالک کا محتاج نہیں ہے، اور ملک میں جو اشیائے خوردنی

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، پیراگراف (۵۰۶)

باب ۳

پیدا ہوتی ہیں ان کی مقدار کا تغیر بدیہی طور سے اس امر پر اثر انداز ہوتا ہے کہ ذرایع معاش پر آبادی کا کس حد تک دباؤ پڑ رہا ہے۔ اگر ہم یہ ثابت کر سکیں کہ غذا کی رسد کم از کم اضافۂ آبادی کی نسبت سے بڑھ رہی ہے تو کہا جا سکتا ہے کہ آبادی کی کثرت کم از کم انتہائی صورت میں نہیں ہے۔ لیکن اس بارے میں 80
اعدادی شہادت متناقض نوعیت رکھتی ہے۔ چنانچہ کے، ال، دت نے اپنی "رپورٹ تحقیقات قیمت"[1] میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ ۱۸۹۴ء تا ۱۹۱۲ء میں زیر کاشت رقبہ اور خاص کر وہ خطہ جس پر اشیائے خوردنی کاشت ہوتی تھیں آبادی کے مقابلے میں پیچھے رہا۔ حکومت ہند نے اس نتیجے کو اس بنا پر تسلیم نہیں کیا کہ دت کا پیش کیا ہوا مواد زیادہ تر قیاسی اور غیر یقینی تھا۔ حکومت کا یہ استدلال تھا کہ آب پاشی کی توسیع کی بدولت زیر کاشت رقبہ اور خوردنی اشیا کی رسد دونوں آبادی کے قدم بہ قدم گامزن تھے۔ ڈوبے ۱۹۲۰ء میں استدلال کرتے ہوئے بعض اعداد پیش کرتا ہے جس سے اس کا مطلب یہ بات ثابت کرنا ہے کہ مجموعی حیثیت سے ۹ تا ۱۰ ملین ٹن غذا کا گھاٹا ہے، یا اگر برآمد کی سالانہ مقدار کو شامل کر لیا جائے تو یہ گھاٹا تقریباً ۵ ملین ٹن رہ جاتا ہے۔ اس سے گو رسد کی موجودہ قلت اور اس لحاظ سے کثرت آبادی کا حال تو معلوم ہوتا ہے لیکن یہ پتہ نہیں چلتا کہ سابقہ سالوں کے مقابلے میں صورت حال بہتر ہے یا بدتر۔ دوسری طرف، یہ شکایت کہ زمین پر دباؤ بڑھ رہا ہے جس کو اکثر لوگ حق بجانب سمجھتے ہیں یہ معنی پیدا کرتی ہے کہ زرعی زمین کی پیداوار، اضافۂ آبادی کے تناسب سے کم بڑھ رہی ہے۔

ڈاکٹر پی، جے، تامس[2] اس مسئلے پر "آبادی اور پیدائش دولت" کے باہمی تعلق کے نقطۂ نظر سے بحث کرتے ہیں۔ وہ یہ استدلال کرتے ہیں کہ ۱۹۲۰-۲۱ء تا ۱۹۲۱-۲۲ء اور ۱۸۹۳-۹۴ء تا ۱۹۳۱-۳۲ء کی دو سالہ میعادوں میں جہاں آبادی ۱۰۴

---

[1] Prices Inquiry Report.

[2] دیکھو انڈین جرنل آف اکنامکس "کانفرنس نمبر" (اپریل ۱۹۳۵ء) صفحہ ۳۷ تا ۴۷۔

باب ۳

فی صد بڑھی، وہیں زرعی پیداوار میں قریب قریب ۱۶ فی صد اور صنعتی پیداوار میں ۵۱ فی صد اضافہ ہوا۔ اس سے زیادہ طویل مدت یعنی ۱۹۰۰ء تا ۱۹۳۰ء کی تیس سال کی مدت کو لیتے ہوئے بھی وہ قریب قریب اسی نتیجے پر پہنچتے ہیں۔ چنانچہ اس تیس سالہ مدت میں آبادی میں ۱۹ فی صد اضافہ ہوا، لیکن اگر ابتدائی پانچ سالوں (۱۹۰۰ء تا ۱۹۰۵ء) کا مقابلہ آخری پانچ سالوں (۱۹۲۵ء تا ۱۹۳۰ء) سے کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ آبادی میں تو ۵ و ۱۳ فی صد اضافہ ہوا، اور زرعی پیداوار ۲۹ فی صد بڑھی، اور صنعتی پیداوار کا اضافہ اس سے بہت زیادہ سریع یعنی ۸۹ فی صد تھا۔ غرض یہ کہ خواہ کوئی مدت بھی لی جائے، اس کی کوئی علامت نہیں پائی جاتی کہ آبادی، پیداوار پر سبقت لے گئی۔ ڈاکٹر موصوف کا دعویٰ ہے کہ ان کی اعدادی تحقیق سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پیداوار، آبادی کے قدم بقدم چل رہی ہے، اور بعض شعبوں مثلاً گرنی کی صنعت اور تجارتی کاشت وغیرہ میں تو پیداوار، آبادی سے بہت زیادہ رفتار کے ساتھ بڑھی۔ یہ سب ترقی، عالمی کساد بازاری کے زمانے میں بھی برقرار رہی؛ اور یہ ایک نہایت ہی اہم واقعہ ہے۔ اگر عوام کی حالت سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی تو اس کا باعث لازمی طور پر یہ ہوگا کہ تقسیم دولت میں کچھ نہ کچھ عدم مساوات ہے۔

اس خصوص میں کسی قطعی نتیجے پر پہنچنے میں سب سے بڑی دقت یہ ہے
81 کہ ہندوستان میں پیداوار کی بابت صحیح، اور بھروسے کے قابل اعداد دستیاب نہیں ہوتے۔[1] یہ بات خاص طور پر فصلوں کی پیداوار کے سرکاری تخمینوں پر صادق آتی ہے جو فصلوں کے پیش اندازوں پر مبنی ہیں۔ چنانچہ زرعی پیداوار کا اندازہ یا تو حقیقی مقدار سے زیادہ یا کم کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر تاس کے خیال میں اندازہ حقیقی مقدار سے زیادہ کیا گیا ہے۔ بہرحال یہ معلوم ہوگا کہ ڈاکٹر تاس نے غذا کی رسد کا کوئی علیحدہ اندازہ نہیں قایم کیا ہے کہ آبادی کی زیادتی کی نسبت سے

[1] دیکھو باب ۲۰، جلد دوم۔

باب ۳

کتنی غذا تیار ہوتی ہے۔ وہ اس بات کو بیشک مانتے ہیں کہ چاول کی کاشت کی توسیع کی محدود گنجایش کا لحاظ کرتے ہوئے اس کا امکان ہے کہ ہندوستان کو آیندہ درآمد چاول پر روز افزوں انحصار کرنا پڑے گا لیکن وہ یہ بھی خیال کرتے ہیں کہ صنعتی پیداوار کی تدریجی ترقی سے اس کمی کی بہت بڑی حد تک تلافی ہو جائے گی۔ بہرحال ہمیں یہ مان لینا چاہئے کہ چونکہ ڈاکٹر تامس کے اعداد کے مطابق، زرعی پیداوار آبادی کے تناسب سے زیادہ بڑھ رہی ہے، اور چونکہ غذائی اشیا، ہندوستان کی کل زرعی پیداوار کے بڑے حصے پر مشتمل ہیں، لہذا غذائی اشیا کی رسد میں بحیثیت مجموعی آبادی سے زیادہ تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ ہندوستان میں مفرط آبادی اپنی سب سے بھدی اور بدیہی شکل میں نہیں ہے۔ لیکن جیسا کہ ڈاکٹر صاحب خود تسلیم کرتے ہیں، یہ استدلال کہ ہندوستان کی آبادی متوازن حد سے زیادہ ہے، ڈاکٹر تامس کے اعداد سے غلط ثابت نہیں ہوتا؛ بلکہ جو خیال ہمارے کل استدلال کے دوران میں ذہن نشین ہوا وہ پھر بھی قایم رہتا ہے یعنی یہ کہ اگر اضافۂ آبادی کی رفتار زیادہ دھیمی ہوتی تو لوگوں کی خوش حالی زیادہ نمایاں اور کثر مشتبہ ہوتی۔

۳۳۔ دولت کی زیادتی ایک بالواسطہ مگر طاقت بخش مداوا ہے۔

مفرط آبادی کو میلان اور رواقعے کے طور پر مان لینے کے معنی یہ نہیں ہیں کہ معاشی اصلاح و ترقی کی ساری کوششیں بے سود ہیں۔ اس قسم کا نتیجہ اخذ کرنا انتہائی طور پر غیر صحیح اور مضر ہے۔ ممکن ہے کہ دولت کی زیادتی جس کے متعلق یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ زرعی و صنعتی ترقی کے لیے زیادہ گرم جوشانہ پالیسی اختیار کرنے سے رونما ہوگی، اپنے آپ کو اضافۂ آبادی کی شکل میں ظاہر کرے؛ اور اسی کا نتیجہ کسی حد تک یہ بھی ہو سکتا ہے کہ معیار زندگی بلند ہو جائے۔ ایک مرتبہ معیار زندگی بلند ہو جانے کے بعد اس کو آبادی کی ارادی تحدید کے ذریعے برقرار رکھنے کا ارادہ اور صلاحیت بھی عام طور پر بڑھ جاتی ہے[1]۔ چنانچہ

[1] شرح ولادت کی ارادی روک سے قطع نظر کرتے ہوئے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہر وہ چیز جو شرح اموات کو

باب

مغربی ممالک میں ترقی کی رفتار ایسی ہی رہی ہے' اور ہم معقولیت کے ساتھ یہ توقع کر سکتے ہیں کہ اس کے مماثل اسباب ہندوستان میں بھی اسی کے مماثل نتائج پیدا کریں گے۔ جس وقت لوگوں کی معاشی حالت میں قابل لحاظ ترقی ہوگی اس وقت 82
ان کو یہ محسوس ہوگا کہ تعداد نفوس کو بقول مل "عاقلانہ پیش بینی کی ارادی رہنمائی" کے تحت لانا ضروری ہے اور یہ احساس پیدا کرنے والی شے معاشی ترقی سے زیادہ اور کوئی نہیں ہو سکتی۔ اس لحاظ سے مسئلہ کثرت آبادی کا سب سے زیادہ امید افزا حل یہ ہوگا کہ عوام اور حکومت' ملک میں ہر ممکنہ سمت میں معاشی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھیں۔ اگر یہ صحیح ہے کہ کثرت آبادی' افلاس کے اسباب میں سے ایک سبب ہے تو' یہ بھی مساوی طور پر صحیح ہے کہ افلاس' بے احتیاطی اور بے پروائی کی ترغیب دے کر کثرت آبادی کی خرابی میں شدت پیدا کر دیتا ہے۔ لہٰذا اگر یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ سابق میں حکومت کی پالیسی اپنے ایجابی اور سلبی پہلوؤں میں معاشی ترقی میں مزاحم رہی ہے تو حکومت' عوام کے افلاس کے الزام سے محض اس واقعے کی طرف اشارہ کر کے بری الذمہ نہیں ہو سکتی کہ یہاں کے لوگ آبادی کی زیادتی پر ارادی طور پر روک قایم کرنے کی اہمیت کو نہیں سمجھتے۔ لیکن حکومت اپنی کامل مدافعت صرف یہ ثابت کر کے کر سکتی ہے کہ اس کا مقصد واحد ہمیشہ سے ملک کے اغراض کی حفاظت و فلاح رہا ہے اور عوام کے افلاس کو دور کرنے میں اس نے

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ :- کم کرتی ہے کسی نہ کسی ناقابل توجیہ طریقے سے شرح ولادت کی کمی بھی پیدا کرتی ہے۔ دولت کی زیادتی اور دماغی دلچسپیوں کی کثرت کے ساتھ ساتھ بار آوری" میں بھی کمی ہو جاتی ہے۔ صحت عامہ کے متعلق ترقی یافتہ تدابیر اختیار کرنا' معیار زندگی کی اصلاح و ترقی کرنا' تعلیم کی توسیع کرنا' آزادی نسواں کو ترقی دینا اور عورتوں کو بیاہ اور خانہ داری کے فرائض کے علاوہ خدمت اور جد و جہد کے دوسرے میدانوں میں داخل کرنا' اصلاح کی یہ سب مدیں مناسب اور پسندیدہ ہیں' نہ صرف بجائے خود بلکہ اس لیے بھی کہ یہ آبادی کے ناواجب طور پر عاجلانہ اضافے کو روکنے کے مسئلے سے تعلق رکھتی ہیں۔ دیکھو مردم شماری کی رپورٹ (۱۹۳۱ء) صفحہ ۴۳۔

باب ۳

اپنی جانب سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا، نیز یہ کہ اس کی پالیسی شروع سے آخر تک نہ صرف دیانتدارانہ اور پُرجوش بلکہ درست اور اچھی طرح سوچ سمجھ کر اختیار کی ہوئی ہے۔

۳۴۔ ارادی روک کی اہمیت

اس کے ساتھ ہی اگر لوگوں میں یہ احساس پیدا کرنے کی کوشش کی جائے کہ خوش حالی کا معیار بلند رکھنے کے لیے آبادی کے ناواجب اضافے کو روکنا اور قابل فراہمی ذرایع اور آبادی کے درمیان مناسب تعلق کو برقرار رکھنا کتنا ضروری ہے تو اس سے ایک مفید اور نہایت پسندیدہ تبدیلی پیدا ہوگی۔ جو لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ملک ایسے عظیم الشان ذرایع کا مالک ہے جن کا ابھی تک استحصال نہیں ہوا ہے اور یہ کہتے ہیں کہ ان ذرایع کی موجودگی آبادی کی زیادتی پر کوئی عاقلانہ اور دوراندیشانہ روک قایم نہ کرنے کو پوری طرح حق بجانب قرار دیتی ہے، وہ امکان کو حقیقت سے خلط ملط کرتے ہیں۔ فی الجملہ اس عام کہاوت میں کہ "آدمی کو چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا چاہئے" صداقت موجود ہے۔ اس امر کا تعین کرنے کی غرض سے کہ کسی مقررہ وقت میں آبادی کی مناسب تعداد کیا ہونی چاہئے "موجودہ" یا "پیش نظر" ذرایع کو معیار قرار دینا چاہئے نہ کہ ان ذرایع میں عظیم الشان اضافہ کرنے کے بعید امکانات کو۔ اس میں شک نہیں کہ اگر سائنس دانوں کے خواب روزمرہ کے حقائق بن جائیں اور آفتاب اور موجوں کے مدوجزر کی غیر محدود قوت پر انسان کو پوری طرح قابو حاصل ہوجائے تو کرۂ ارض موجودہ حالت کے مقابلے میں بہت زیادہ کثیر آبادی کی کفیل ہوسکتی ہے۔ ممکن ہے کہ ایسی صورت میں ہمارے اخلاف مسئلۂ آبادی کے بارے میں ہمارے اضطراب و ہراس کا مضحکہ اڑائیں۔ بہرحال اس طرح عمل کرنا کہ گویا یہ خواب ایک تکمیل یافتہ واقعہ ہے، بے وقوفی ہے۔ منشی کی یہ روش کہ وہ آیندہ ترقی کے امکان ہی کو نہیں مانتا یقیناً لایق مذمت ہے۔ لیکن اسی کے ساتھ ہمیں مدسے زیادہ خود اعتمادی 88
سے کام لینے والے اس اصول پرست کی غلطی سے بھی بچنا چاہئے جو یہ فراموش کردیتا ہے کہ ترقی کی راہ میں مشکلات حائل ہیں۔ علاوہ ازیں یہ ذہن نشین

باب ۳

رکھنا چاہیئے کہ سب سے زیادہ سریع ترقی بھی جو ہم تصور کر سکتے ہیں، زاید آبادی کے صرف ایک قلیل جزو کو جو حسابی طور پر ممکن ہے جذب کر سکتی ہے۔ اگر انسان کی تولیدی قوت کو کارفرمائی کا پورا موقع دیا جائے تو اس کا ناگزیر نتیجہ یہ ہوگا کہ تمام مذموم قوتیں مثلاً جنگ، وبائیں، قحط وغیرہ جو "ایجابی مانعات" کی تعریف میں داخل ہیں، میدان میں آجائیں گی۔ معاشی ترقی کو کثرت آبادی کی خرابیوں کے حق میں ایک عارضی مسکن خیال کرنا چاہیئے نہ کہ مستقل علاج، اور معاشی ترقی یہ چاہتی ہے کہ اس کو اپنی تمام حالتوں میں "عاقلانہ روک کے عملدرآمد سے، جو حیوان ناطق یعنے تعقل رکھنے والے انسان کو معمولی جانوروں مثلاً خرگوش سے ممیز کرتی ہے، کم وبیش تقویت پہنچتی رہے"۔

۳۵۔ تحدید خاندان: اس کا مالہ و ماعلیہ

اکثر لوگ اس امر کو بے چون وچرا تسلیم کر لیتے ہیں کہ ہر فرد کو اپنے ذرایع کے لحاظ سے اپنے خاندان کی تحدید کرنی چاہیئے، تاکہ اس کے بچوں کو زندگی سے اسی قدر لطف اٹھانے کا موقع ملے جتنا کہ خود اس کو ملا تھا۔ جس طرح عمدہ پودے اگانے کے لیے ان کے تخموں کو بڑی مقدار میں ایک دوسرے کے قریب نہ بونا چاہیئے اسی طرح ایک خاندان میں بچوں کی تعداد بھی بہت زیادہ نہ ہونی چاہیئے، تاکہ ان میں سے ہر ایک اپنی نشو ونما کے معقول مواقع سے متمتع ہونے کے قابل ہو۔ کثرت ولادت سے عام طور پر ضعف قوت لازم آجاتی ہے، اور اسی سبب سے بچوں میں اموات کی شرح زیادہ ہوتی ہے مناسب نگرانی اور غذا نہ ملنے کی وجہ سے جو بچے آخر کار مرجاتے ہیں ان کی پرورش کی محنت گویا بالکل ضایع جاتی ہے؛ اور ان بچوں کی چند روزہ حیات نہ صرف والدین کو بلکہ دوسرے بچوں کو بھی جو کسی نہ کسی طرح زندہ بچ رہتے ہیں بے فائدہ رنج وتکلیف میں مبتلا کر دیتی ہے۔ انفرادی نقطۂ نظر سے تو یہی زیادہ مناسب ہے کہ انسان اولاد پیدا کرنے سے خود کو اس وقت تک روکے جب تک کہ ان کی پرورش کے انتظام کا اس کو معقول یقین نہ ہو۔ فرد واحد کے لیے جو چیز مفید ہوگی وہی بحیثیت مجموعی معاشرے کے لیے بھی مفید ہوگی۔ اس لیے

باب ۳

کہ اگر افراد کی بہت بڑی تعداد کسی قسم کی دور اندیشی کے بغیر بے روک تولید جاری رکھے تو زندگی کا عام معیار لازمی طور پر گھٹ جائے گا۔[1]

لیکن بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اس قسم کی روک کے نقائص کا پلہ فوائد سے بھاری ہے۔ چنانچہ یہ بیان کیا جاتا ہے کہ اگر بچے یکے بعد دیگر جلد جلد پیدا ہوں تو وہ ایسے بچوں کے مقابلے میں جو زیادہ فصل کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں، کردار و خصائل کو درست کرنے کا زیادہ بہتر موقع پاتے ہیں؛ برخلاف اس کے زیادہ فصل سے پیدا ہونے والے بچوں کو اس کا موقع نہیں ملتا، اور وہ باہمی دباؤ، اصلاح اور محبت کے فوائد سے محروم رہتے ہیں۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بڑے خاندان خود والدین پر اس لحاظ سے بیش قیمت تعلیمی اثر ڈالتے 84
ہیں کہ وہ صبر، حلم اور نفس کشی کی تعلیم و تربیت میں مدد دیتے ہیں، اور شریفانہ خصائل و عادات پیدا کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں یہ خیال بھی ظاہر کیا جاتا ہے کہ بچے کی نگہداشت کم از کم اس کی زندگی کے چند ابتدائی سالوں میں زیادہ بیش خرچ نہیں ہوتی، لیکن محدود خاندان کے حامی اس واقعے کو ہمیشہ نظر انداز کر دیتے ہیں۔ ان سب استدلالوں کی تہ میں کچھ نہ کچھ صداقت مضمر ہے۔ لیکن یہ واقعہ اپنی جگہ قائم رہتا ہے کہ اکثر خاندانوں کے مصائب و تکالیف کا باعث براہ راست "بچوں کا تباہ کن سیلاب" ہے۔ ممکن ہے کہ دور اندیشی اور احتیاط در اصل حد سے بہت زیادہ کام میں لائی جائے، جیسا کہ فرانس میں ہو رہا ہے لیکن اس کے مقابلے میں بے احتیاطی کی خرابی بھی مساوی شدید ہے، چنانچہ اس کے نتائج موجودہ زمانے کے ہندوستانی معاشرے میں خاص طور پر نمایاں ہیں۔

فرانس کا تذکرہ ہمیں ایک اور عام استدلال کی جانب لے جاتا ہے جو ضبط تولید کے خلاف پیش کیا جاتا ہے؛ اور وہ یہ ہے کہ ممکن ہے کہ آبادی کی تحدید اتنی وسیع حد تک عمل میں لائی جائے جو فوجی نقطۂ نظر سے

---

[1] دیکھو ہیرولڈ کاکس کی کتاب موسوم بہ "مسئلۂ آبادی" صفحہ ۱۱۸۔

باب ۳

خطرناک ثابت ہو۔[1] چنانچہ اس کی مشہور قدیم مثال فرانس ہے، جہاں آبادی کے نہ بڑھنے یا کافی تیزی سے نہ بڑھنے سے حکومت خائف ہے، اور لوگوں کو کثیر الاطفال بننے کی ترغیب دینے کی کوششیں کی جا رہی ہیں کہ مبادا روایتی دشمن یعنی جرمنی اپنی کثیر آبادی کی قوت سے آیندہ ناگزیر جنگ میں فرانس کا خاتمہ کر دے۔ لیکن ہندوستان کی حد تک یہ بالکل واضح ہے کہ اس کو نری تعداد کے اضافے کی کوئی خاص تمنا نہیں ہے۔ فوجی کارکردگی کے لیے کثرت تعداد سے زیادہ جس چیز کی ضرورت ہے وہ جسمانی صحت، دماغی و عقلی مستعدی، ضبط، تنظیم، مدافعتی و جارحانہ جنگ کے لیے جدید ترین ساز و سامان اور قوم کو متحد کرنے والا قوی احساس ہے۔

۳۶۔ آبادی کی تحدید کے طریقے

(۱) اخلاقی اجتناب۔ ان لوگوں میں بھی جو یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ولادتوں کی تحدید مناسب ہے اس امر پر اتفاق نہیں ہے کہ اس غرض کو پورا کرنے کے بہترین ذرایع کیا ہیں۔ بعضے "اخلاقی اجتناب" پر زور دیتے ہیں کہ یہی واحد محفوظ علاج ہے۔ گو یورپ میں اوسط طبقے کے خاندان "اخلاقی اجتناب" سے دراصل جس حد تک کام لیتے ہیں اس کا

[1] تاہم بقول کاکس "بے روک اضافہ فی نفسہٖ جنگ کے قوی ترین اسباب میں سے ایک سبب ہے، اس لیے کہ وہ مختلف قوموں کے درمیان کشاکش حیات میں شدت پیدا کرتا ہے، گو عام طور پر اس کی تائید اس لحاظ سے بھی کی جاتی ہے کہ وہ بلا اشتعال حملہ سے محفوظ رکھنے کا ایک موثر اور کارگر طریقہ ہے۔ جوں ہی کسی ملک میں آبادی بڑھ جاتی ہے تو، قاید یہ کہتے ہیں کہ "ہماری تعداد میں اتنا اضافہ ہو گیا ہے کہ ہمیں ملک کی توسیع کے لیے لڑنا چاہیئے"۔ جوں ہی لڑائی واقع ہوتی ہے تو یہی قائد اپنے استدلال کو بدل کر یہ کہتے ہیں کہ "دوسری لڑائی کی تیاری کے لیے ہمیں اپنی آبادی میں اضافہ کرنا چاہیئے"۔ آخر یہ اینجا تانی کس طرح ختم ہوگی؟ جس وقت تک دنیا کی سب قومیں متفقہ طور پر یہ تسلیم نہ کر لیں گی کہ کثرت آبادی جنگ کا لازمی سبب ہے اور اس لحاظ سے ہر قوم کا یہ اخلاقی فرض ہے کہ اپنے ہمسایوں سے لڑنے بھڑنے سے بچنے کے لیے اپنی تعداد کو محدود رکھے، اس وقت تک یہ کشاکش ختم نہیں ہو سکتی"۔ دیکھو ہیرڈلڈ کاکس کی کتاب موسوم بہ "مسئلۂ آبادی" صفحہ ۳۵۔

باب ۳

گھٹا کر اندازہ کیا جاتا ہے، پھر بھی ہمیں یہ تسلیم کرنا چاہئے کہ اس کو اتنی کافی عمومیت کے ساتھ سب طبقے ہرگز کام میں نہ لائیں گے کہ وہ آبادی کی کثیر زیادتی کو روکنے کے لیے مفید ثابت ہو۔ بحیثیت مجموعی ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ کثرت آبادی کے علاج کے طور پر بیاہے ہوئے جوڑے کو طویل عرصے تک اجتناب کرنے کا سبق پڑھانا ایسا ہی ہے جیسا کہ بھوک کا علاج کرنے کے لیے معدہ کو الگ کرنے کی رائے دینا۔ دونوں طریقے اس کا قریب قریب مساوی موقع رکھتے ہیں کہ ان کو اختیار کیا جائے۔ چنانچہ خود مالتھس نے بھی اس کو پوری طرح محسوس کیا تھا، اور اسی وجہ سے اس کی تحریریں قنوطی رنگ کی ہیں۔ علاوہ ازیں اہل الرائے اطبا کا ایک طبقہ بظاہر اس امر کی تائید کرتا ہے کہ طویل مدت تک مسلسل نفس کشی بحیثیت مجموعی ایسا علاج ہے جو اصل مرض سے بھی بدتر ہے، اس لیے کہ اس کا مضر ردعمل شادی شدہ جوڑے کے دماغ اور جسم دونوں پر ہوتا ہے[1]

85

(ب) مانعات حمل۔ اسقاط، طفل کشی وغیرہ کے قدیم طریقوں کو قانون اور رائے عامہ دونوں بجا طور پر مذموم قرار دیتے ہیں اور کوئی ایسی بے وقوفی نہیں کر سکتا کہ ان کے خلاف عمل کرنے کا مشورہ دے۔ ان کا ترک کیا جانا اخلاقی معیار کی بلندی اور ترقی کی خوشگوار علامت ہے۔ صرف ایک طریق بدل باقی رہ جاتا ہے اور وہ مانع حمل طریقوں کا استعمال ہے؛ چنانچہ آج کل اکثر یورپی ممالک کی خصوصیت خاصہ شرح ولادت کی کمی ہے جس کا باعث یقینی طور پر ضبط تولید کے مصنوعی طریقوں کا وسیع اور بکثرت استعمال ہے۔ مغربی ممالک میں شرح ولادت کی تخفیف اور ضبط ولادت کا پروپگنڈا ان دونوں کا آغاز حیرت انگیز طریقے پر ساتھ ساتھ ہوا۔ چنانچہ انگلستان میں شرح ولادت کی تخفیف اور مقدمۂ بریڈلا کا زمانہ ایک ہی ہے جب کہ

---

[1] "اخلاقی روک" کے بارے میں اہم اعتراضات کے بیان کے لیے دیکھو لیونرڈ ڈارون کی کتاب موسوم بہ "علم اصلاح نسل کیا ہے"؟ صفحہ ۳۶۔

باب ۳

مسز بیسنٹ اور چارلس بریڈلا پر ۱۸۷۷ء میں اس لیے نالش کی گئی کہ انھوں نے مصنوعی طریقوں سے ضبط ولادت کی تائید میں ایک رسالہ شایع کیا تھا۔ اس مقدمے سے عوام کو غیر معمولی دلچسپی پیدا ہوگئی اور اس کی وجہ سے ضمناً ضبط ولادت کے متعلق معلومات کی اشاعت بھی ہوئی، چنانچہ بعد ہر لوگوں کی بڑی تعداد نے ان سے عملی فایدہ اٹھانا شروع بھی کر دیا۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہندوستان میں "نو مالتھسیت"[2] کے بارے میں ہماری کیا روش ہونی چاہئے؟ ہم اس عام اعتراض کو نظر انداز کر سکتے ہیں کہ یہ غیر فطری طریقہ ہے۔ کپڑوں، پکی ہوئی غذا اور دوائیوں کا استعمال، اور دوسری بے شمار چیزیں جو متمدن زندگی سے وابستہ ہیں؛ یہ سب بھی تو غیر فطری ہیں۔ لیکن ہمیں دوسرے زیادہ اہم اعتراضات پر غور کرنا چاہئے، جن کے منجملہ ایک یہ ہے کہ مانعات حمل کے متعلق معلومات کی اشاعت، صنفی بداخلاقی سے باز رکھنے والی طاقت ور ترین مزاحمتوں میں سے ایک کو ہٹا دے گی۔ اس کا یہ جواب کہ وہ اخلاق جس کی پابندی محض عواقب و نتائج کے خوف سے کی جائے بہ مشکل لائق عمل ہے، اطمینان بخش نہیں ہے، اس لیے کہ بے قاعدہ تعلقات کا انسداد، خواہ وہ کسی قسم کے محرکات کی بنا پر رونما ہوئے ہوں، معاشری حیثیت سے مناسب اور پسندیدہ ہے[3]۔ یہ بات بے چون و چرا 86

---

[1] دیکھو پی ایس فلورنس کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۳۱ تا ۳۲۔

[2] Neo-malthasiamism

[3] ۔ کاکس یہ استدلال کرتا ہے کہ یہ خوف بے بنیاد ہے کہ مانع حمل ذرایع کے متعلق معلومات زناکاری یا بے قاعدہ تعلقات میں اضافہ کر دے گی۔ اس کے برخلاف بعض بے قاعدہ تعلقات کا باعث یہ امر ہوتا ہے کہ اکثر لوگ غیر ضروری بچوں کی ولادت کے خوف سے پاک ازدواجی زندگی میں داخل ہونے سے باز رہتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ بچوں کی ولادت کو روکنے کے طریقوں کی معلومات بعجلت بیاہ کرنے کی جانب مائل کرے گی اور اس حد تک بے قاعدہ تعلقات کی خرابیوں کو کم کر دیگی دیکھو کاکس کی کتاب موسوم بہ "مسئلۂ آبادی" صفحہ ۱۳۲ تا ۱۳۸۔

باب ۷

تسلیم کی جاسکتی ہے کہ جن لوگوں کو حرام کاری کی ترغیب ہوتی ہے ان میں سے بعض ایسے ہوتے ہیں جو افشا یا ناجائز ولادت کے خوف سے ارتکاب سے باز رہتے ہیں۔ لیکن اس ملک میں اسقاط حمل کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں جن کا محرک جرم کو پوشیدہ رکھنے کا خیال ہوتا ہے۔ ایسی حالت میں ممکن ہے کہ مانعات حمل کی معلومات کی اشاعت لوگوں کو اسقاط کی بجائے کسی حد تک ان مانعات کو اختیار کرنے پر مائل کردے۔ خواہ ایسا ہو یا نہ ہو، بہرحال اس بحث کے سلسلے میں یہ سوال معقول و موزوں ہوگا کہ اگر معاشرہ اس اصول پر غیر متناقض طور پر عمل کرے کہ ہر اس طریقے کو ترک کردیا جائے جس کے متعلق یہ قرینہ ہو کہ عوام کا ایک طبقہ اس کو بیجا اور غلط استعمال کرے گا تو اس اصول کا تہذیب و تمدن پر کیا اثر مترتب ہوگا؟ اگر یہ تسلیم کر بھی لیا جائے کہ مانعات حمل کے متعلق معلومات کی اشاعت میں خطرات مضمر ہیں تو بھی خطرے کو کم کرنا ممکن ہے اور وہ اس طرح کہ اس قسم کی معلومات کی بلا امتیاز نشر کے خلاف حکومت تدابیر اختیار کرے اور صرف ان اشخاص کے لیے اس کی بہم رسانی کا انتظام کرے جو اخلاقی و معاشی حیثیت سے اس کی ضرورت معقول وجاہت وجوہ کی بنا پر محسوس کرتے ہیں[1]

ممکن ہے کہ ضبط ولادت کے طریقوں کی تائید میں بلا امتیاز اور عام پروپگنڈا کا نتیجہ بظاہر یہ ہو کہ صنفی بد اخلاقی میں اضافہ ہو۔ تاہم زیر بحث سوال یہ ہے کہ آیا یہ مناسب نہیں ہے کہ سب خطرات سر پر لیے جائیں اور اس قسم کے پروپگنڈے پر مناسب سرکاری نگرانی قائم کرکے ان خطرات کو کم کرنے کی کوشش

[1] انگلستان میں ڈاکٹر میری اسٹوپس نے لندن میں ایک سربرآوردہ کام یا مطب قائم کیا ہے جہاں مانعات حمل کی باقاعدگی مشورہ دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ بھی لندن کے محلوں میں چند دوسرے نظامات موجود ہیں جو اسی قسم کا کام انجام دیتے ہیں۔

دیکھو سی پی بلیکر کی کتاب موسوم بہ "ضبط تولید اور حکومت" صفحہ ۹۲۔

Birth control and the state

باب ۳

کی جائے، تاکہ "مفرط آبادی" کی زیادہ شدید خرابی کا سد باب ہو جائے۔

مانعات حمل کے استعمال کے ذریعے سے ضبط ولادت کرنے کے بارے میں ایک اور اعتراض کیا جاتا ہے اور وہ اس امر پر مبنی ہے کہ اس کا قرینہ ہے کہ غریبوں کے مقابلے میں آبادی کے زیادہ خوش حال و ذہین طبقے اس کو زیادہ استعمال کریں۔ گو غریب لوگوں کو اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے لیکن وہ اپنے افلاس کے باعث نہایت بے احتیاطی اور ناعاقبت اندیشی سے کام کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں غریب طبقے میں عورتیں زیادہ ادنیٰ حیثیت رکھتی ہیں چنانچہ انھیں عام طور پر اپنی مرضی کے خلاف حمل کی مصیبت جھیلنی پڑتی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ آبادی معاشری زینے کے اس سرے پر بڑھتی ہے کہ جہاں اس کی ضرورت نہیں ہے، اور اس لحاظ سے ضبط ولادت کا نتیجہ یہ ہوگا کہ لوگوں کے اوصاف میں بتدریج کمی واقع ہوگی۔ اس خیال کا مطلب لازمی طور پر یہ نہیں ہے کہ اس کا قرینہ ہے کہ امیر آدمی کے مقابلے میں غریب آدمی کے بچے خداداد جسمانی و دماغی قابلیت کے لحاظ سے ادنیٰ اور کمتر ہوں۔ تاہم یہ واقعہ ہے
87 کہ ان کی کثیر تعداد ہی اس امر کو مشکل بنا دیتی ہے کہ ان کی اس طرح پرورش کی جائے کہ ان میں بہترین اوصاف رونما ہوں۔ اگر افلاس اور اس کے نتیجے یعنی بے احتیاطی کی روش سے قطع نظر بھی کر لیا جائے تب بھی ضبط ولادت کے بارے میں جدید معلومات سے فایدہ حاصل کرنے سے ادنیٰ طبقے کے قاصر رہنے کے اسباب کے منجملہ ایک سبب یہ ہے کہ یہ معلومات اکثر و بیشتر ان کو حاصل ہی نہیں ہوتیں، اور اس کا علاج بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کی دست رس ایسی معلومات پر بڑھائی جائے۔ ضبط ولادت پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ ادنیٰ طبقے ضبط ولادت کے مقابلتہً بے ضرر طریقوں پر عمل کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے اور اس لحاظ سے وہ آخری چارہ کار کے طور پر مسلمہ طور سے خطرناک طریقے استعمال کرتے ہیں، اور یہ کہ یہ نہایت ہی تشویشناک صورت ہے، اس لیے کہ اس طریقے سے جو خرابیاں رونما ہوتی ہیں وہ کثرت آبادی کی خرابی سے زیادہ شدید ہیں چنانچہ یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ آیا کوئی اور خرابی مفرط آبادی کی خرابی سے زیادہ شدید ہو سکتی ہے۔ یہ خیال کرنا بھی مشکل ہے کہ ایک بچے کی

باب ۳

مناسب طریقے پر پرورش کرنے کے مصارف، ان اخراجات سے کم ہو سکتے ہیں جو ضبط ولادت کے طریقوں کے استعمال سے لاحق ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں مغرب میں یہ شکایت عام طور پر سنی جاتی ہے کہ اعلیٰ طبقے ضبط ولادت کے طریقوں پر اس حد تک عمل کرتے ہیں جو معاشری حیثیت سے ضرر رساں ہے، اور بچوں کی معتدل تعداد کی پرورش کرنے کے بار اور اس کی مسرت پر غیر ضروری طور پر اعلیٰ بلکہ حد سے زیادہ بڑھیا معیار زندگی کو مرجح خیال کرتے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ ہر قسم کا دباؤ ان پر ڈالا جائے اور ہر قسم کی ترغیب و تحریص دلائی جائے تاکہ وہ یہ محسوس کریں کہ اخلاقی حیثیت سے ان پر لازم ہے کہ وہ حکومت کو تا حد امکان زیادہ سے زیادہ تندرست، طاقت ور اور عمدہ تعلیم یافتہ شہری حوالے کریں۔ "ہمارا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ جہاں کہیں جملہ وجوہ کی بنا پر ضبط تولید کی ضرورت ہو وہاں اس کے لیے سہولتیں مہیا کریں اور دوسری جانب جہاں محض خود غرضانہ محرکات کی بنا پر اس کو استعمال کیا جاتا ہے وہاں اس کو بالکل ناکام کرنا سخت مذموم قرار دیں۔ ضبط ولادت کے موافق و مخالف دوہری مہم کی ضرورت ہے"[1] لیکن موجودہ زمانے میں ہندوستان میں آبادی کے جملہ طبقے بلالحاظ مذہب و ملت آبادی کو کم کرنے کی بجائے بڑھانے کی جانب مائل ہیں۔ لہٰذا آبادی کی ارادی روک کی ترغیب دینے کے لیے منظم سعی ضروری معلوم ہوتی ہے۔

۳۷۔ ضبط تولید، ہندوستان کے لیے ایک اہم مسئلہ ہے۔

مسئلۂ ضبط تولید سنجیدہ غور و توجہ کا مستحق ہے لیکن ہندوستان میں اس پر بہت کم غور کیا گیا ہے اور ایک مدت دراز سے اس پر سطحی اعتراضات کی بوچھاڑ ہوتی رہی ہے۔ ہم نے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ یہ مسئلہ کم از کم "غور و تامل کے لائق" ہے، اور ملک کی معاشی ترقی کے "غیر محدود امکانات" کے متعلق مبہم تعمیمات سے کام لے کر اور مسئلۂ آبادی کے اہم عناصر ہی کو سمجھنے سے مستقلاً انکار کر کے ضبط ولادت کے مسئلے کو سرسری طور پر خارج نہیں کیا جا سکتا۔

---

[1] دیکھو لیونرڈ ڈارون کی محولۂ بالا کتاب، صفحہ ۲۸۔

باب ۳
88

لوگوں کے انتہائی افلاس اور اس کے نتیجے کے طور پر دور اندیشانہ محرک کی کمزوری کے باعث ضبط ولادت کے طریقے بلاشبہ بہت مدت میں جاکر رواج پائیں گے۔ علاوہ ازیں تعصب و جہالت کے دیو سے بھی جنگ کرنے کی ضرورت ہے۔ تاہم یہ خیال بتدریج ترقی کر رہا ہے کہ معاملات کو ان کے حال پر چھوڑ دینے کی پالیسی ناکام ثابت ہوگی[1]

۳۸۔ نقل وطن: (۱) ملک کے اندر آبادی کی نقل و حرکت

آدم سمتھ کا مقولہ کہ "جملہ سامانوں میں انسان ہی ایک ایسا سامان ہے جس کی نقل و حمل سب سے زیادہ دشوار ہے" ہندوستان پر خاص طور پر صادق آتا ہے۔ ۱۹۲۱ء کی مردم شماری کی رپورٹ کے مطابق مقام پیدائش اور سکونت کے لحاظ سے مجموعی آبادی کا اندازہ قریب قریب ۳۵ ½ ملین کیا گیا تھا اس کے منجملہ ایک ملین سے بھی کم آبادی ایسی تھی جو تقسیم ایک جگہ تھی اور پیدا دوسری جگہ ہوئی تھی۔ ہندوستانی گھر بار سے نہایت محبت کرتے ہیں۔ ان کی

---

[1] ۔ ارادی ضبط ولادت کے طریقوں کی تائید صرف متعدد طبی مصنف ہی نہیں کرتے بلکہ اہل ہند اب یہ فخر کر سکتے ہیں کہ ان کے ہاں "نوما لتھسی لیک" موجود ہے جس کے سرگرم موید دو مہاراجہ عدالت العالیہ کے تین جج اور چار یا پانچ مشاہیر قوم ہیں۔ یہ واقعہ اہمیت سے خالی نہیں کہ حکومت ہند نے ملک کے چار بڑے سرکاری شفاخانوں میں ضبط تولید کے سرپرستانہ تعلیمات کا تین تجربہ کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ دیکھو ایک کتاب بعنوان "ہندوستان ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء" صفحہ ۱۰۲۔ حال کی اہم ترین ترقیات میں سے ایک یہ ہے کہ ہندوستانی خواتین نے ضبط تولید کے مسئلے میں گرمجوشانہ دلچسپی لینی شروع کر دی ہے۔ چنانچہ ضبط تولید کی تائید میں رزولیوشن پاس کرنا خواتین کی کانفرنس کی عام خصوصیت بن گئی ہے۔

[2] ۔ دیکھو رپورٹ مردم شماری بابتہ ۱۹۳۱ء جلد اول باب (۴)؛ رپورٹ مردم شماری بابتہ ۱۹۲۱ء جلد اول صفحہ ۸۲ تا ۸۹؛ رپورٹ مردم شماری بابتہ ۱۹۱۱ء جلد اول باب (۳)؛ رپورٹ مردم شماری ۱۹۰۱ء جلد اول صفحہ ۸۸ تا ۹۵؛ اور زرعی کمیشن کی رپورٹ صفحہ ۵۸۱ تا ۵۸۵۔

باب ۲

یہ خصوصیت خالصۃً معاشی و معاشرتی اسباب اور اس امر کا نتیجہ ہے کہ غیر منقل پذیر زرعی آبادی زمین سے وابستہ ہے۔ ذات پات، زبان اور معاشرتی رسم و رواج کی بندشوں اور قیود میں جکڑی ہوئی ہے اور ہر قسم کی تبدیلی کو فطری طور پر خوف کی نظر سے دیکھتی ہے۔ معاشرتی سبب جو زیادہ تر ہندوؤں کو متاثر کرتا ہے، ذات پات کا طریق ہے جو ایک ایسے شخص کی زندگی کو عذاب جان بنا دیتا ہے جو اپنے معاشرے کے دائرے سے الگ تھلگ رہتا ہو۔ چنانچہ وہ عام طور پر نہ تو بیاہ کر سکتا ہے اور نہ دوسرے فرقوں کے ارکان کے ساتھ کھا پی سکتا ہے۔ علاوہ ازیں طویل عرصے تک اس کی معاشرے سے علیحدگی ممکن ہے کہ اس کے بارے میں یہ بدگمانی پیدا کرے کہ اس نے ذات کے قواعد توڑ دیئے ہیں اور اس کی واپسی پر اس کا حقہ پانی بند کر دیا جائے۔

نقل وطن کی راہ میں معاشی مزاحمت اس واقعے میں مضمر پائی جاتی ہے کہ اہل ہند کا زیادہ تر انحصار صرف ایک ہی پیشے یعنے زراعت پر ہے۔ ایک خطۂ زمین کی ملکیت یا اس سے دلچسپی اور وابستگی لوگوں کو اس بات پر آمادہ نہیں کرتی کہ وہ ایک مقررہ اگرچہ غیر اطمینان بخش ذریعۂ معاش کو دوسری جگہ یا دوسرے طریقے پر روزی تلاش کرنے کی خاطر ترک کریں۔ علاوہ ازیں ملیریا اور خطافیہ (Hook worm) وغیرہ جیسے امراض کہنہ کا بھی مضر اثر پڑتا ہے جو انسان کی مستعدی اور قوت اختراع کو سلب کر لیتے ہیں۔ علاوہ ازیں اکثر دیہاتی، مہاجن کے پنجے میں پھنسے ہوئے ہیں جو اپنے قرضداروں کے دیہات چھوڑنے کی راہ میں ہر ممکنہ مزاحمت پیدا کرتا ہے۔

89 آخری امر یہ ہے کہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ آبادی کی اکائی جتنی چھوٹی ہوگی اتنا ہی ان اشخاص کا تناسب زیادہ ہوگا جو دوسری جگہ پیدا ہوئے ہیں۔ اگر یہ بات صحیح ہو تو، یہ توقع کرنی چاہئے کہ ہندوستان جیسے ملک کے اندر جس میں دنیا کی کل آبادی کا قریب قریب ½ حصہ بود و باش رکھتا ہے، نقل وطن کرنے والوں کے متناسب اعداد کم ہوں گے۔ لیکن آبادی کے عام طور پر غیر نقل پذیر ہونے کے باوجود، ملک کے اندر نقل وطن کی بعض معین لہریں موجود ہیں جن کا اجمالی طور پر

باب ۳

ذکر کر دینا مناسب ہوگا۔[1]

[1] مردم شماری بابتہ ۱۹۱۱ء میں مختلف قسموں کے نقل وطن کو حسب ذیل بیان کیا گیا ہے۔

(ا) اتفاقی یا خفیف نقل وطن ہمسایہ دیہات کے مابین۔ "اس قسم کی خفیف نقل وطن کا بڑا سبب یہ رواج ہے جو ہندوؤں میں عام ہے کہ والدین اپنے لڑکوں کے لیے اپنے گاؤں سے الگ دوسرے گاؤں میں بیویاں تلاش کرتے ہیں؛ اور دوسرے یہ واقعہ کہ بعض علاقوں میں نوجوان بیوی وضع حمل کے لیے اور خاص کر پہلی بچگی کے لیے اپنے میکے واپس جاتی ہے۔"

(ب)۔ عارضی۔ جو زیادہ تر اس وجہ سے ہوتی ہے کہ نئی نہروں اور ریلوں میں محنت کی طلب کو پورا کرنے کے لیے قلی نقل مقام کرتے ہیں، یا کاروبار، مقدس مقاموں کی زیارت یا شادی بیاہ کی رسوم کے سلسلے میں نقل مقام کیا جاتا ہے۔

(ج) میعادی۔ یعنے محنت کی موسمی طلب کو پورا کرنے کے لیے؛ مثلاً فصل کی کٹائی کے موسم میں سندربن، برما، اور شمالی ہند کے گیہوں پیدا کرنے والے علاقوں کو مزدور سالانہ منتقل ہوتے ہیں؛ اور موسم سرما میں بہار اور صوبجات متحدہ سے سڑکوں پر کام کرنے کے لیے بیگ بیلدار پر نقل وحرکت عمل میں آتی ہے۔

(د) نیم مستقل۔ ایک مقام کے باشندے دوسرے مقام میں جاکر کسب معاش کرتے ہیں، لیکن اپنے قدیم وطن سے جہاں ان کے بیوی بچے رہتے ہیں اپنے تعلقات برقرار رکھتے ہیں اور خود بھی انجام کار یہیں لوٹ آتے ہیں؛ مثلاً بڑے شہروں کی فیکٹریوں اور کارخانوں میں کام کرنے والے اکثر مزدور، سرکاری دفاتر کے ملازم اور خانگی خدمت گار، نیز ہر جائی مارواڑی تاجر اور مہاجن۔

(ہ) مستقل۔ اس قسم کی نقل نوآبادکاری کی نوعیت رکھتی ہے، اور بالعموم اس صورت میں واقع ہوتی ہے جبکہ آب پاشی یا ذرائع نقل وحمل کی ترقی وتوسیع یا متبدل سیاسی حالات کے باعث نئی زمینیں قبضے کے لیے دستیاب ہوتی ہیں۔ اس قسم کی نقل کی مثالیں یہ ہیں (۱) شمالی برما کے الحاق کے بعد سے اس علاقے سے جنوبی برما میں وسیع پیمانے پر آبادکاری؛ (۲) پنجاب میں کارہائے آب پاشی کی تکمیل کے بعد گنجان علاقوں سے آبادی کی نہری نوآبادیات میں یورش۔

باب ۳

(۱) آسام آسام کی آبادی بہت قلیل اور دور دور پھیلی ہوئی ہے، اور چونکہ وہاں قابل زراعت زمین وافر مقدار میں دستیاب ہوتی ہے اس لیے وہاں کے باشندے اجرت پر کام کرنے کو غیر ضروری خیال کرتے ہیں۔ چنانچہ چائے کے باغوں کے لیے مزدوروں کی رسد دوسرے صوبوں سے حاصل کرنی پڑتی ہے۔ وادیٔ برہم پتر میں جو قابل زراعت لیکن افتادہ زمین ہے وہ بھی دوسرے صوبوں سے نقل مقام کرکے آنے والوں کی بڑی تعداد کو اپنی جانب کھینچتی ہے۔

چائے کی باغبانی کی صنعت میں کام کرنے والے مزدور دوسرے صوبوں مثلاً بہار و اوڑیسہ، صوبہ جات متوسط و متحدہ اور مدراس سے آتے ہیں، اس کے برخلاف وادیٔ برہم پتر کے آبادکار زیادہ تر مشرقی بنگال سے آتے ہیں۔ آسام میں تیسری قسم کی درآمد نیپالیوں کی ہے جن کی محنت زیادہ تر گلہ بانی کی نوعیت رکھتی ہے۔ غرض آسام میں دوسرے مقامات سے آکر بسنے والوں کی 90
تعداد خاصی بڑی ہے؛ جیسا کہ اس واقعے سے ثابت ہوتا ہے کہ صوبے کی قریب قریب ایک چوتھائی آبادی غیر ملکی یا خارجی نژاد ہے۔ آسام میں اب بھی زمین کا بہت بڑا رقبہ زراعت کے لیے دستیاب ہو سکتا ہے لیکن دوسرے علاقوں کی آبادی جس سرعت کے ساتھ اس وقت یہاں جذب ہو رہی ہے اس سے زیادہ سرعت کی راہ میں "کالا آزار" اور دوسرے امراض کا شیوع اطمینان بخش ذرائع نقل و حمل کی کمی اور ادنیٰ شرح اجرت مزاحمت پیدا کرتی ہے۔

۱۹۲۱ء کے بعد سے تغیرات و ترقیات رونما ہوئے ہیں، خاص کر ان صوبوں سے آبادی کی نقل و حرکت میں جو پہلے چائے کے باغوں کے لیے مزدوروں کی رسد فراہم کیا کرتے تھے۔ مدراس ہی تنہا ایک صوبہ ہے جہاں آسام کو نقل مقام کرنے والوں میں اضافہ ظاہر ہوتا ہے۔ بہار اور اوڑیسہ کے مزدوروں کی بھرتی میں ۱۹۲۱ء کے بعد سے بہت تیزی کے ساتھ کمی ہوگئی جس کا باعث زیادہ تر یہ امر تھا کہ ترک موالات (نان کوآپریشن) کے حامیوں نے

باب ۳

اس بھرتی کے خلاف مہم کا ارادۃً آغاز کر دیا تھا۔ لیکن جب چھوٹی مدت کی بھرتی کا طریقہ مقبول ہو گیا تو بھرتی کا کام از سر نو شروع ہوا۔ دوسری طرف، آسام، مقامی مزدوروں پر زیادہ سے زیادہ انحصار کرنے کا سبق بھی سیکھ رہا ہے۔

(ب) بنگال بنگال میں نقل مقام کر کے آنے والوں میں ۶۰ فی صد سے زاید حصہ بہار اور اوڑیسہ سے آتا ہے، اور باقی حصہ صوبۂ متحدہ (۸ فی صد)، نیپال (۵ فی صد)، آسام (۴ فی صد)، صوبۂ متوسط (۳ فی صد) وغیرہ سے آتا ہے۔ یہاں تو طن اختیار کرنے والوں کی اہم ترین لہریں حسب ذیل علاقوں سے آتی ہیں:-

(۱) بہار اور اوڑیسہ اور صوبۂ متحدہ کے مشرقی علاقوں سے کلکتے کے نواحی علاقوں میں: (۱) سنتل پرگنوں سے بیربھوم، مالدہ، دیناج پور اور شمالی بنگال کے علاقوں میں: (۲) نیپال اور چھوٹا ناگپور سے دارجیلنگ اور جل پیگوری کے چائے کے باغوں میں؛ اور (۴) آسام سے ریاست تری پورا میں۔

بنگال میں آبادی کی درآمد کا باعث یہ ہے کہ یہاں کی زمین مقابلتہً زیادہ زرخیز ہے، صنعتیں خاص کر کلکتہ کے نواح میں مقابلتہً زیادہ ترقی یافتہ ہیں، اور بنگالی دستی پیشوں سے نفرت کرتے ہیں جو ان کی خصوصیت خاصہ ہے۔ نہ صرف دستی مزدور بلکہ محابس کے پولیس کے آدمی اور چوکی دار، یہ داروں کے چپراسی وغیرہ بھی زیادہ تر دوسرے صوبوں ہی سے بھرتی کئے جاتے ہیں۔ بنگال میں آبادی کی اندرونی نقل کی خاص خصوصیت یہ ہے کہ وسطی علاقے کے لوگ ایک طرف تو کلکتے کے گرد و نواح میں منتقل ہو رہے ہیں اور دوسری طرف شمالی بنگال اور وادی آسام کی جانب نقل پذیر ہیں۔

(ج) بمبئی بمبئی پریسیڈنسی میں دوسرے صوبوں سے آنے والی آبادی کی نقل مقام کی قابل ذکر خصوصیت یہ ہے کہ بمبئی، کراچی اور شولاپور جیسے بڑے تجارتی و صنعتی شہروں میں بیرونی اشخاص کا انجذاب روز افزوں ہے۔ یہ لوگ زیادہ تر بلوچستان، شمال مغربی سرحدی صوبہ، پنجاب، اور صوبۂ متحدہ راجپوتانہ، حیدرآباد دکن اور مدراس سے آتے ہیں۔ ان جی، سبھوک مہتمم مردم شماری

91

باب ۲

(۱۹۲۱ء) بمبئی رقم طراز ہیں کہ "بمبئی میں دو ذرائع سے آبادی کی درآمد ہوتی ہے ایک تو شمال مغربی ہندوستان سے جس کی نمایندگی بلوچستان، شمال مغربی سرحدی صوبہ، پنجاب، صوبۂ متحدہ اور راجپوتانہ کے وسیع علاقے کرتے ہیں؛ اور دوسرے جنوب مشرق سے یعنی حیدرآباد اور مدراس سے۔ شمالی لہر بمبئی اور کراچی کے ادنیٰ طبقوں اور مزدوروں کی تعداد میں اضافہ کرتی ہے؛ اور حیدرآبادی موج کا رخ شولاپور کی گرنیوں کی طرف ہے۔ . . . . . "صنعتی حیثیت سے، بنگال کے مقابلے میں، بمبئی زیادہ ترقی یافتہ ہے۔ گو بنگال کی طرح اس کی آبادی گنجان نہیں ہے، اس لیے کہ بمبئی کی زمین بدرجہا کم زرخیز ہے؛ لیکن یہاں مقامی محنت کی بدرجہا زیادہ رسد دستیاب ہو سکتی ہے۔ چنانچہ اس کی طلب کے بہت ہی چھوٹے حصے کو صوبے کے باہر سے پورا کیا جاتا ہے۔

شمال مغربی ہندوستان سے خالص درآمد کی مقدار بہت زیادہ ہے۔ باہر سے آنے والوں کا قریب قریب ایک تہائی حصہ صوبۂ متحدہ سے، ۲/۵ راجپوتانہ سے، اور باقی پنجاب، شمال مغربی سرحدی صوبہ اور بلوچستان سے آتا ہے، اگرچہ بلوچستان کے باشندے زیادہ تر سندھ جاتے ہیں۔ صوبے میں داخلی نقل مقام کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ آبادی صوبے کے طول و عرض سے صنعتی شہروں میں منتقل ہوتی ہے۔ دکن ایک خشک علاقہ ہے جو ہمیشہ سے زرعی خشک سالی کا مرکز بنا رہا ہے۔ لہٰذا اس کی زاید اور بے کار آبادی بمبئی پریزیڈنسی کے دوسرے علاقوں میں منتقل ہوتی رہی ہے۔ چنانچہ سارے صوبے کے دوسرے علاقوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ اس علاقے کے باشندے شہر بمبئی کو منتقل ہوتے ہیں۔

(۲) برما[1] آسام کے مثل برما کی آبادی بھی کم گنجان ہے، اور اس میں قابل زراعت افتادہ زمین کا بہت بڑا رقبہ موجود ہے۔

[1] قانوناً حکومت ہند۔ بابتہ ۱۹۳۵ء کی رو سے برما برطانوی ہند سے الگ ہو جانے والا ہے۔ جب برما الگ ہو جائے گا تو "برما کو نقل مقام" کہنے کے بجائے "برما میں تو طن خارجی" کہا جائے گا۔

باب ۳

ان ہی اسباب کی بنا پر جو آسام کے چائے کے باغوں کے بارے میں پائے جاتے ہیں، برما کی چاول اور تیل کی گرنیوں کے لیے بھی مزدور باہر سے خاص کر مدراس سے بلانے پڑتے ہیں۔ چنکانگ سے قلیوں کی بہت بڑی تعداد اکیاب کی چاول کی فصلوں اور رنگون کی چاول کی گرنیوں وغیرہ میں کام کرنے کے لیے بھی آتی ہے۔ برما میں باہر سے آئے ہوئے اشخاص کی مجموعی تعداد ۷۰۰،۰۰۰ ہے، جن کے منجملہ ۵۷۳،۰۰۰ ہندوستانی ہیں۔ ۱۹۱۱ء اور ۱۹۲۱ء کی مردم شماریوں کی درمیانی مدت میں ہندوستانی توطن گزینوں کی تعداد میں ۱۶ فی صد اضافہ ہوا۔ ۱۹۳۱ء کی مردم شماری میں ۱۹۲۱ء کے اعداد پر ۱۲۱،۰۰۰ کا اضافہ رونما ہوا۔ اس نقل و حرکت کی غیر مستقلانہ نوعیت اس بات سے ثابت ہوتی ہے کہ توطن اختیار کرنے والوں میں مردوں کے مقابلے میں عورتیں بہت ہی کم ہیں۔ ہندوستانی تارکان وطن کی سب سے زیادہ تعداد مدراس سے جاتی ہے، اس کے بعد بنگال، صوبہ متحدہ اور پنجاب کا نمبر ہے۔ ہندوستانی تارک وطن موجودہ زمانے میں زیادہ تر شہری صنعتوں میں کام کرتا ہے اور وہ سب کٹھن دستی کام کرتا ہے جس سے بری کوئی ذوق نہیں رکھتا۔

پھر بھی برمیوں کی روز افزوں خود داری کے سبب سے (جس کا اظہار بعض اوقات مخالف ہندوستانی بلووں سے ہوتا ہے) اور دیسی آبادی کے بڑھنے اور معاشی دباؤ کے روز افزوں ہونے کی وجہ سے، برطانوی ہند کے گنجان علاقوں کی آبادی کے لیے برما میں نقل اور توطن پذیری زیادہ سے زیادہ دشوار ہوتی جا رہی ہے۔ 92

۳۸۔ نقل وطن: (۲) توطن خارجی

اس وقت قریب قریب ۲½ ملین ہندوستانی غیر ممالک میں سکونت پذیر ہیں۔ ان میں سے قریب قریب سب کے سب سلطنت برطانیہ کے دوسرے علاقوں میں قیام پذیر ہیں۔ ۱۹۲۱ء تا ۱۹۳۱ء میں صرف دس لاکھ اشخاص نے ترک وطن کیا۔ سلطنت کے مختلف علاقوں میں ان کی تقسیم کم و بیش حسب ذیل ہے:-

سیلون (۷۷۹،۰۰۰)

باب ۳

برطانوی ملایا	(۶۲۴،۰۰۰)
موریشس	(۳۶۹،۰۰۰)
جنوبی آفریقہ	(۱۶۵،۰۰۰)
ٹرینی ڈاڈ	(۱۳۹،۰۰۰)
برطانوی گیانا	(۱۳۰،۰۰۰)
جزائر فجی	(۷۵،۰۰۰)
کینیا	(۲۷،۰۰۰)
ٹنگانیکا	(۲۳،۰۰۰)
جمائیکا	(۱۷،۰۰۰)
زنزبار	(۱۵،۰۰۰)
اوگانڈا	(۱۲،۰۰۰)

سلطنت برطانیہ سے باہر غیر ممالک میں رہنے والے ہندوستانیوں کی تعداد بہت کم ہے؛ چنانچہ اندازہ کیا گیا ہے کہ سب ملا کر ایک لاکھ چار ہزار سے زائد نہ ہوگی۔ موجودہ زمانے میں ہندوستانی توطن خارجی کے دو اہم ترین ملک ملایا اور سیلون ہیں۔ اگست ۱۹۳۰ء میں ملایا کے لیے ہندوستانی مزدوروں کی بھرتی روک دی گئی جس کا باعث یہ تھا کہ ٹن اور ربر کی قیمتیں گھٹ گئی تھیں، اور ۱۹۳۰ء اور ۱۹۳۱ء میں انھیں بڑے پیمانے پر وطن لوٹایا گیا۔ رہا سیلون تو، ربر کے کھیتوں میں کاشت کے لیے ہندوستانی مزدوروں کی بھرتی ۱۹۳۰ء اور ۱۹۳۱ء میں موقوف کر دی گئی، اور ۱۹۳۱ء میں ۱۱ ہزار ہندوستانی وطن لوٹا دیئے گئے۔ لیکن دوسرے طریقوں سے یہاں توطن خارجی کا سلسلہ جاری رہا۔ چنانچہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سیلون میں ہندوستانی مزدوروں کا انجذاب قریب قریب نقطۂ سیری تک پہنچ گیا ہے[1] ہندوستانی توطن خارجی عام طور پر دو قسم کا رہا ہے۔

[1] مندرجۂ بالا گوشوارے میں ۱۹۳۱ء کی صورت حال بتلائی گئی ہے اور یہ اعداد ملایا اور سیلون سے مزدوروں کی وطن کو واپسی کے بعد کے ہیں۔

باب

ایک تو میثاقی طریقے کے تحت غیر ماہر مزدوروں کا ترک وطن کرنا، مثلاً فجی، موریشس، نیٹال اور جزائر غرب الہند میں؛ یا کسی خاص بھرتی کے طریقے کے تحت، جیسا کہ سیلون اور ملایا میں اختیار کیا گیا۔ دوسرے، پیشہ ور، تجارتی اور دستکار پیشوں سے تعلق رکھنے والے اشخاص کی، از خود نقل پذیری۔ اول الذکر قسم کی نقل پذیری کے مقابلے میں موخر الذکر قسم کی نقل پذیری زیادہ وسیع رہی ہے، اور اس کے تحت ایسے مقامات تک بھی لوگ پہنچے ہیں جو امدادی توطن خارجی کے کسی طریقے کے تحت کبھی نہیں آئے۔ چنانچہ یہ بات جنوبی آفریقہ اور بعض شاہی نوآبادیات کو مستثنیٰ کرکے خود حکمراں مقبوضات پر اور خاص کر مشرقی آفریقہ کے علاقوں پر بھی صادق آتی ہے۔

اکثر ہندوستانی ملک سے باہر جاکر زیادہ تر مزدوروں کے طور پر رہ جاتے ہیں قہوہ وغیرہ کے باغوں اور کھیتوں میں کام کرتے ہیں۔ مزدوروں کا میثاقی طریقے کے تحت توطن خارجی مارچ ۱۹۱۷ء میں مسدود کر دیا گیا، اور اس کے نتیجے کے طور پر توطن خارجی میں بہت بڑی حد تک کمی ہو گئی ہے۔ ۱۹۲۱ء کی شہنشاہی کانفرنس کی قرارداد نے اس اصول کی مزید توثیق کر دی کہ جاہیر برطانیہ کی ہر رکن قوم کو اپنی آبادی کی ترکیب پر کامل اختیار ہونا چاہئے، تاکہ وہ دوسری قوموں میں سے کسی قوم کے افراد کی درآمد کو روک سکے۔ چنانچہ سلطنت برطانیہ میں جو ملک داخل ہیں، ان میں سے اکثروں نے اپنے حدود کے اندر بیرونی آبادی کی درآمد کی تحدید و تنظیم کے حق کو، ہندوستانیوں کا داخلہ پوری طرح بند کرنے کے خیال سے نہیں تو کم از کم ان کی موصلہ شکنی کی نیت سے استعمال کیا ہے۔ ممکن ہے کہ اس کے اسباب سیاسی ہوں یا قومی یا محض معاشی، لیکن جہاں تک ہندوستانی آبادی کا تعلق ہے اس ناخوشگوار حقیقت کا مقابلہ کرنا چاہئے کہ ملک کے اندر تباہی کی نشاندہی کا بار ہلکا کرنے کے علاج کے طور پر آبادی کی بیرونی نقل یا توطن خارجی قریب قریب غیر ممکن ہے۔[1] مردم شماری کی رپورٹ بابتہ ۱۹۲۱ء میں بتلایا گیا ہے

93

[1] توطن خارجی کے بارے میں حکومت ہند کی پالیسی کے متعدد پہلوؤں پر مفصل بحث کرنا غیر ضروری ہے۔

باب ۳

کہ پچھلے دہے میں آبادی میں بہت زیادہ اور سریع اضافہ ہونے کے باوجود، سابقہ دوروں کے مقابلے میں توطن خارجی کے ذریعے سے آبادی کے بار کو بہت کم ہلکا کیا گیا۔

مذکورۂ بالا متعدد قیود کے باعث ہندوستان کے حدود سے باہر اہل ہند کا توطن خارجی کچھ سال ادھر غیر اہم رہا ہے۔ توطن خارجی کے امکانات سلطنت برطانیہ کے ان علاقوں تک محدود ہیں جو منطقۂ حارہ اور تحتانی منطقۂ حارہ میں واقع ہیں۔ یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ برطانوی ملایا اور سیلون کچھ زمانے تک ہندوستان سے زیادہ سے زیادہ تقریباً ۱۴۰۰۰۰ اشخاص سالانہ جذب کریں گے۔ لیکن اس سے قطع نظر کرتے ہوئے بھی امید ہے کہ مستقبل میں برطانوی گیانا میں کافی تعداد میں توطن اختیار کیا جائے گا جہاں اب بھی زراعت کی توسیع کے لیے بہت بڑا میدان موجود ہے۔ برطانوی گیانا کی موجودہ آبادی کم و بیش ۳۰۰۰۰۰ نفوس ہے۔ لیکن ملک اس سے دس گونہ تعداد کی کفالت کی بھی قابلیت رکھتا ہے اور ہندوستانیوں کی بود و باش کے لیے خاص طور پر موزوں ہے۔ قانون توطن خارجی بابتہ ۱۹۲۲ء کے تحت اس نو آبادی میں ہندوستانیوں کے توطن خارجی کی ایک تجویز منظور کی گئی ہے۔ لیکن اس پر اب تک عملدرآمد اس لیے نہیں ہوا ہے کہ

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ: موجودہ زمانے میں ایسی نقل پذیری کرنے والوں کی تعداد بہت ہی غیر اہم ہے چنانچہ یہ مسئلہ اس ملک کے معاشی حالات میں سکون پیدا کرنے کے نقطۂ نظر سے کسی معنی میں بھی اہمیت نہیں رکھتا۔

۱۹۲۲ء کے قانون توطن خارجی the Emgration Act of (1922) کا رو سے حکومت ہند کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ توطن خارجی کی امدادی توطن خارجی خلاف قانون اور ناجائز قرار دیا گیا ہے۔ اس صورت کے تحت حکومت ہند کو یہ اختیار حاصل ہے کہ کسی شخص کو کسی خاص ملک میں خاص حالات و شرائط کے تحت جانے کی اجازت دے۔ علاوہ ازیں ہندوستانی مجلس قانون ساز کی ایک مجلس تمام توطن خارجی بھی ہے جو حکومت کو توطن خارجی کے تمام بڑے مسائل مثلاً تارک وطن غیر ماہر مزدوروں کی اجرت طے کرنے اور ہندوستانی آبادکاروں کی بود و باش کے شرائط معین کرنے کے بارے میں مشورہ دیتا ہے۔

باب ۳

کسان شرائط کو غیر منفعت بخش خیال کرتے ہیں۔ زرعی کمیشن نے پرزور سفارش کی ہے کہ یہ تجویز مزید تحقیق کی مستحق ہے،" اس لیے کہ ہندوستانی آبادی دگنی ہو جانے کے امکان کو حقیر یا موہوم تصور نہیں کیا جا سکتا۔" (دیکھو رپورٹ پیراگراف ۱۰۵)۔

۳۹۔ نسل انسانی کی اصلاح انسان، پیدائش دولت کا اہم ترین آلہ ہے؛ اس لحاظ سے جو چیز بھی نوع انسانی کی جسمانی صحت و قوت، عقل و ذہانت اور کردار و خصائل کی اصلاح کرتی ہے وہی اس کی معاشی قوت اور کارکردگی میں بھی اضافہ کرتی ہے۔ کچھ سال ادھر اس امر کی بہت کچھ تحقیق کی گئی ہے کہ معاشی 94
قدر و قیمت رکھنے والے حیوانات و نباتات کی اصلاح و ترقی پر توارث کا کیا اثر پڑتا ہے، اور اس بارے میں اہم عملی نتائج حاصل ہوئے ہیں۔ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ انسان، نباتات اور گھریلو جانوروں کی اصلاح و ترقی کے لیے جو کچھ کر سکا ہے وہ اپنے لیے کبھی نہ کر سکا۔ لیکن انسانوں کے بارے میں توارث کا مطالعہ کرنے اور اس کے قوانین کا نسل انسانی کی اصلاح کی غرض سے اطلاق کرنے میں دشواری یہ ہے کہ انسان پر وسیع حدود کے اندر تجربہ کرنا یا جوڑا لگانے میں اس کے ساتھ وہی برتاؤ کرنا جو حیوانات اور نباتات کے ساتھ کیا جاتا ہے غیر ممکن ہے۔

تاہم نسل انسانی کی فلاح و بہبود کے لیے یہ امر نہایت اہمیت رکھتا ہے کہ نسل کے قیام و دوام کا انحصار تا حد امکان ان افراد پر ہو جو قوم کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے سب سے زیادہ موزوں ہوں۔ اس کی ضرورت اس وجہ سے اور بھی زیادہ ہو گئی ہے کہ موجودہ تہذیب و تمدن کا میلان یہ ہے کہ ان عاملین میں سے بعض کو نابود کر دیا جائے جو جسمانی و دماغی حیثیت سے کمزور افراد کی ہلاکت کا سبب بن گئے ہیں۔ قدیم زمانے کے حالات کے تحت کمزور اور نحیف لوگوں کو کشاکش حیات میں باقی رہنے یا اپنی نسل کو بڑھانے کا بہت کم موقع حاصل تھا۔ مثلاً جو لوگ غیر معمولی طور پر جری اور طباع ہوتے تھے وہ کمزور افراد کے مقابلے میں زیادہ بیویاں حاصل کر سکتے تھے اور اس لحاظ سے زیادہ اولاد پیدا کر سکتے تھے۔ لیکن موجودہ زمانے میں حفظ صحت و صفائی کی اصلاح و ترقی

باب ۳

طبابت و جراحی کی ترقی، اور انسانی ہمدردی کے جذبے کی ترقی کی بدولت فطری انتخاب کا عمل رک گیا ہے[1] جسمانی حیثیت سے غیر موزوں و ناکارہ لوگوں پر کوئی بندش عائد نہیں کی گئی ہے، اور فاتر العقل اور بگڑے ہوئے اخلاق کے لوگ جو موروثی امراض کے تخم اپنے اندر رکھتے ہیں، بیاہ کے ذریعے سے اپنی نسل کو قایم و دائم رکھتے ہیں۔ سائنٹیفک مشاہدے اور تجربے کی مشکلات کے باعث علم اصلاح النسل کی ترقی کی رفتار بہت ہی سست ہے اور ہماری معلومات، قوانین توارث کے بارے میں، جس حد تک کہ ان کا اطلاق انسانی خصائل کی توریث پر ہوتا ہے، ابھی تک بہت ہی معمولی ہے۔ اس لحاظ سے موجودہ زمانے میں ہم جو کچھ کر سکتے ہیں وہ صرف یہ ہے کہ نوع انسان کے بارے میں چند نتائج ان قواعد و اصول سے اخذ کر لیں جن کی پابندی جانوروں کی پرورش کرنے والا مفید پاتا ہے۔ علم اصلاح النسل کی ہر عملی تجویز، ایجابی و سلبی، دونوں پہلو رکھتی ہے؛ یعنی اس کا مقصد خاص طور پر موزوں اشخاص کی نسل کو بڑھانے کی حوصلہ افزائی کرنا اور خاص طور پر غیر موزوں اشخاص کی افزایش نسل کی حوصلہ شکنی
95 کرنا ہے۔ ہندوستان میں بیاہ کا رشتہ جوڑنے میں چند قواعد کی پابندی کی جاتی ہے جو اصلاح نسل کے لیے مفید ہیں؛ مثلاً رشتہ داری کی بعض صورتوں میں بیاہ ممنوع ہے۔ علاوہ ازیں ذاتوں کو بعض "برون زواجی"[2] طبقوں یا برادریوں (گوتروں) میں تقسیم کر دیا گیا ہے اور ان کے ارکان کا ناتہ اس قدر قریب کا

[1] تاہم یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ قدیم حالات کے تحت فطری انتخاب نے بقائے اصلح کا نتیجہ لازمی طور پر نہیں پیدا کیا۔ چنانچہ یہ بات بجا طور پر کہی گئی ہے کہ فطری انتخاب قوت جسمانی کو قوت دماغی پر اور ادنیٰ قسم کی مکاری کو اعلیٰ قسم کی ذہانت پر عام طور پر ترجیح دیتا تھا۔ علاوہ ازیں طب اور حفظ صحت کی ترقی بحیثیت مجموعی قوم کی معاشی کارکردگی کو بڑھاتی ہے۔ بہرحال یہ ایک مسلم الثبوت کلیہ ہے کہ قدیم حالات کے مقابلے میں جدید حالات کے تحت غیر موزوں اشخاص کی بہت بڑی تعداد باقی رہتے اور نسل بڑھانے کے قابل ہو گئی ہے۔

[2] (Exogamous)

باب ۴

مانا گیا ہے کہ ان کو آپس میں بیاہ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیکن یہ سوال اٹھایا گیا ہے کہ آیا یہ خاص قسم کی ممانعت کوئی سائنٹفک بنیاد رکھتی ہے یا نہیں[1]۔ دوسری طرف ہندوستان میں بعض رواج ایسے ہیں، جن کی وجہ سے لازمی طور پر نسلی انحطاط واقع ہوتا ہے۔ چنانچہ ان ہی رواجوں میں سے ایک یہ ہے کہ بہت چھوٹی چھوٹی ذیلی ذاتوں میں جو آپس میں شادی بیاہ کر سکتی ہیں ہمیشہ ازدواجی رشتے قائم ہوتے اور اولاد پیدا ہوتی رہتی ہے[2]۔ بحیثیت مجموعی ہندوستان، انسانی توارث کے قوانین سے واقفیت کا ویسا ہی محتاج ہے جیسا کہ کوئی دوسرا ملک۔ یہ توقع کرنا دراصل بے نتیجہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ واقفیت کے باوجود اختیاری فعل خارجی تحریک کے بغیر موروں ترین نسلوں کو محفوظ طریقے پر بڑھائے گا۔ اسی کے ساتھ ساتھ ۔۔۔ سے زیادہ ترقی یافتہ مغربی ممالک میں بھی ایجابی اصلاح نسل کی آئینی تجاویز موجودہ زمانے میں خارج از بحث ہیں، اس لیے کہ ان کی اس لحاظ سے مخالفت کی جائے گی کہ وہ انفرادی آزادی پر بے جا دباؤ ڈالتی ہیں۔ پھر بھی بعض ملک اصلاح نسل کے متعلق آئین وضع کرنے کے بارے میں امتحانی طور پر تجربے عمل میں لا رہے ہیں۔ چنانچہ ریاستہائے متحدہ میں، ریاست نبراسکا میں ایسے شخص کو بیاہ کرنے کی ممانعت کر دی گئی ہے جو امراض خبیثہ میں مبتلا ہو۔ ریاست کنکٹی کٹ نے ایسے اشخاص کے ازدواج کو ممنوع قرار دیا ہے جو مرگی کے مرض یا دماغی امراض میں مبتلا ہوں۔ مون ٹانا میں پاگلوں اور مرگی کے بیماروں کی توالدی قوت آپریشن کے ذریعے سے سلب کر لی جاتی ہے، جس کے نتیجے کے طور پر وہ مجامعت تو کر سکتے ہیں لیکن اولاد پیدا کرنے کی قوت باقی نہیں رہتی۔ یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ کٹر مجرموں اور دوسرے ناخواستہ و ناپسندیدہ

[1] ۔ بس، وی، کرانڈی کر اپنی عالمانہ تصنیف موسوم بہ "ہندو بیرون زواجی" Hindu Exogamy میں ان غیر ضروری اور بے معنی بیرون زواجی قیود کو نرم بنانے کے حق میں دلائل پیش کرتے ہیں جن میں ہندو سماج نے اپنے آپ کو جکڑ رکھا ہے۔

[2] دیکھو کرانڈی کر کی محولۂ بالا کتاب صفحہ ۲۸۸۔

باب

اشخاص کو بھی تولیدی قوت سے محروم کرنے کا طریقہ استعمال کرنا چاہیئے۔[1] اگرچہ اکثر ملکوں میں عوام کے جذبات اور رائے عامہ کی موجودہ حالت میں اصلاح نسل کے عام پسند آئین و قوانین وضع کرنے میں بہت زیادہ آگے جانا ممکن نہیں ہے۔ لیکن حکومت معلومات کی اشاعت کے ذریعہ سے پیش کرنے اس اہم معاملے میں رائے عامہ کی بھی حد تک تعلیم و تربیت کر سکتی ہے۔

۴۔ صحت و صفائی عامہ

عوام کی معاشی کارکردگی پر جو اثر پڑتا ہے اس کے مضامین میں صحت عامہ کا جتنا زیادہ وجود اہمیت رکھتا ہے اس کو جتنا بڑھا کر بیان کیا جائے کم ہے۔ ہندوستان میں عام طور پر ملیریا، چیچک، میعادی بخار وغیرہ جیسے امراض کے باعث اموات کی کثرت معاشی حیثیت سے تباہ کن ہے؛ اس لیے کہ اس کی وجہ سے پیدائش دولت کا شیرازہ بالکل درہم برہم ہو جاتا ہے؛ انگلستان میں گزشتہ ستر سال میں صحت عامہ کی اصلاح و ترقی کے بہت بڑے منازل طے کئے جا چکے ہیں اور ان کے نتیجے کے طور پر 96
ٹائفس، ہیضہ، تپ قرمزی اور ڈفتھیریا (خناق دبائی) وغیرہ امراض قریب قریب نابود ہو گئے ہیں۔ ہندوستان میں بے پروائی، سستی اور جمود لوگوں کی امتیازی خصوصیت بن گئی ہے اور یہ زیادہ تر خطافیہ اور ملیریا جیسے امراض کا نتیجہ ہے۔ ملیریا اور خطافیہ دونوں امراض کے ایک مہیب مزنیہ کے خس اداکار ہیں اور جس شخص پر یہ مزنیہ حملہ جاتا ہے اس پر کبھی رحم نہیں کرتا۔[2] یہ امراض جتنے اشخاص کو در اصل ہلاک کرتے ہیں اس سے زیادہ کو مرض زدہ کرتے اور ان کی طاقت سلب کر لیتے ہیں؛ اس لحاظ سے ان امراض کو نیست کر دینے سے جو معاشی فوائد حاصل ہوں گے ان کو جس قدر بڑھا کر بیان کیا جائے کم ہے۔ لوگوں کو حفظ صحت و تندرستی کے اصول صحت کی باقاعدہ اور عام تعلیم دینی چاہیئے اور اس بات کی ضرورت ہے کہ صحت عامہ کے محکموں کو مزید تقویت

---

[1] دیکھو بلیکر کی تصنیف صفحہ ۶۷ تا ۶۹۔

[2] ناردرونلڈ شے کا مقولہ۔

باب ۳

دی جائے۔ ابتدائی مصارف کثیر ہوں گے، لیکن فایدے سے خالی نہ ہوں گے، اس لیے کہ ان کے نتائج معاشی کارکردگی کو بڑھانے کی صورت میں رونما ہوں گے، اور اگرچہ یہ نتائج فوری رونما نہ ہوں گے پھر بھی بہت بڑے اور یقینی ہوں گے۔[۱]

۴۱۔ تعلیم قوم کی معاشی کارکردگی کو پوری طرح ترقی دینے کی غرض سے خاص پیشوں میں عام معلومات، واقفیت اور خاص تربیت و تعلیم ضروری ہے۔ ہندوستان میں عام اور فنی تعلیم کی حد تک ابھی بہت کچھ کام کرنا باقی ہے۔ لیکن یہ ایک ایسا موضوع بحث ہے جس کی جانب ہمیں زرعی و صنعتی ترقی کی بحث کے سلسلے میں متعاقب رجوع ہونا پڑے گا۔

۴۲۔ نسلی صلاحیتیں معاشی ترقی کا انحصار جبلی نسلی اوصاف پر بھی ہے، اور بعض فرقوں میں اس کی ذرا سی بھی صلاحیت نہیں ظاہر ہوتی بعض فرقوں کی برتری اور بعض فرقوں کی کمتری کے متعلق سطحی تعمیمات سے کام لینا بہت ہی خطرناک بات ہے۔ ان تعمیمات میں سے اکثر کی حیثیت اس سے زیادہ کچھ نہیں کہ وہ موجودہ واقعات کا خلاصہ ہیں۔ بعض مصنف محض اس بنیاد پر کہ موجودہ زمانے میں ہندوستانی معاشی و تمدنی حیثیت سے پسماندہ حالت میں ہیں یہ دعویٰ کر بیٹھتے ہیں کہ یورپ کی قومیں تہذیب و تمدن کی جن بلندیوں پر پہنچ گئی ہیں ان پر

---

[۱] ۔ قوم کی صحت کے لیے مصارف عامہ، ان مصارف کے مشابہ ہیں جو محافظ جان کشتی یا آتش فرو انجن کے لیے کیے جاتے ہیں؛ بلکہ کچھ زیادہ ہی اہمیت رکھتے ہیں، یعنی ایک بڑی مدت کے شغل اصل کے مشابہ ہیں۔ اس شغل اصل کا سود قطعی اور یقینی طور پر ملتا ہے اور کئی سو گونہ ملتا ہے، لیکن اس کے ملنے میں کئی سال بلکہ بعض اوقات کئی نسلیں درکار ہوتی ہیں۔ بعض اوقات یہ مہمل سوال سننے میں آتا ہے کہ صحت عامہ کے لیے یہ تمام مصارف برداشت کرنے کا حاصل کیا ہے؟ لیکن سوال کرنے والے عام طور پر ایسے اشخاص ہوتے ہیں جو یہ خیال تک نہیں کرتے کہ ان کے جیسے زندہ دل، مستعد اور قابل لوگوں کی ہمارے درمیان موجودگی خود اس کا جواب ہے۔" دیکھو سالانہ رپورٹ مرتبہ صدر طبی افسر وزارت صحت انگلستان، سنہ ۱۹۲۱ء Annual Report of the Chief Medical officer of the Ministry of Health(England) 1921

باب ۳

چڑھنے کی صلاحیت ہندوستانی جبلی طور پر نہیں رکھتے۔ علیٰ ہذا ہم یہ تصور کرتے ہیں کہ ایک ہندوستانی مبصر جزائر برطانیہ کے باشندوں کے متعلق اسی طرح تعمیم سے کام لے سکتا تھا کہ وہ اس زمانے میں گودے ہوئے وحشی تھے اور جنگل میں گھوما کرتے تھے جب کہ ہندوستانی اپنے اعلیٰ درجے کی تہذیب و تمدن پر فخر کر سکتا تھا۔ اگر اس مبصر سے یہ کہا جاتا کہ ان ہی وحشیوں کے اخلاف کی قسمت میں ہندوستان کی حکمرانی لکھی تھی تو وہ اس خیال کو قابل معافی نفرت و شبہ کی نظر سے دیکھتا۔
بہرحال معجزہ ظاہر ہو کر رہا اور اب ہندوستانی کی باری ہے کہ وہ اپنا یہ دعویٰ 97
ثابت کر دکھائے کہ اس میں تہذیب و تمدن کی صلاحیت موجود ہے۔ تاریخ اس کے متعدد شواہد پیش کرتی ہے کہ ایک قوم نے دوسری قوم کے بارے میں نہل اور حقارت آمیز رائے قایم کی۔ چنانچہ اٹھارھویں صدی کے آخری زمانے میں مغربی یورپ روسیوں کو نیم وحشی خیال کرتا تھا، اور واقعہ یہ ہے کہ ویدروا اور دالمبیر اس بات کو ممکن ہی نہیں خیال کرتے تھے کہ روسی تہذیب و تمدن میں ترقی کر کے کبھی یورپ کے معیار تک پہنچیں گے۔ علیٰ ہذا حبشیوں کے متعلق اب بھی یہی خیال کیا جاتا ہے کہ وہ سفید فام قوموں کے مقابلے میں مساوات کا درجہ حاصل کرنے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتے۔ رہے ہندوستانی تو ان کے متعلق بعض اوقات یہ خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ تمام بھوری قوموں کے مثل وہ بھی مسلسل ترقی کرنے کی قابلیت نہیں رکھتے، اس لیے کہ وہ عجیب و غریب حالت جمود میں مبتلا ہیں[1] جس کی وجہ سے ان پر یہ لعنت سوار ہے کہ وہ تھوڑی مدت تک ترقی کرنے کے بعد دائمی تخیلات و تصورات کی دنیا میں جا پڑتے ہیں اور طویل مدت تک ان کی حالت غیر تغیر پذیر رہتی ہے۔ لیکن ہندوستانیوں کے متعلق اس قسم کے خیالات قایم کرنا مذموم ہو سکتا ہے تو صرف اس لحاظ سے کہ اس بدیہی واقعے کو نظر انداز کر دیا گیا ہے کہ ہندوستانیوں کی کوئی ایک نسل یا قوم نہیں ہے بلکہ ان کی قومیت کا خمیر مختلف قوموں کی آمیزش سے تیار ہوا ہے۔ علاوہ ازیں یہ بات

[1] دیکھو میری ڈیتھ آف نسنڈ کی کتاب موسوم بہ "ایشیا و یورپ" صفحہ ۹۔

باب ۳

عام طور پر معلوم ہے کہ ہندوستان کی عظیم الشان تہذیب و دولت غیر ممالک کے مہمات پسندوں کو اپنی جانب کھینچتی رہی۔ ہندوستانیوں کی موجودہ پسماندہ حالت میں بھی مستند مبصروں کو عظمت و شوکت کے عناصر دکھائی دیتے ہیں اور وہ تسلیم کرتے ہیں کہ اگر مناسب موقع دیا جائے تو ہندوستانی دماغ یورپین دماغ سے ذرہ برابر بھی کمتر نہ ہوں گے۔[1] یہ کہنا بھی صحیح نہیں ہے کہ ہندوستانی اپنا دماغ معاشی تنظیم و ترقی کے کام میں لگانے کی صلاحیت نہیں رکھتے یا اس سے متنفر ہیں۔ پس اہل ہند کو اس احساس سے مغلوب ہو کر پست حوصلہ نہ بن جانا چاہئے کہ ان میں معاشی ترقی کی صلاحیت مایوس کن اور ناقابل علاج طریقے پر ادنیٰ ہے۔

---

[1] جنرل اسمٹس نے جہانسبرگ میں ۲۶ اگست ۱۹۱۹ء کو تقریر کرتے ہوئے حسب ذیل خیالات کا اظہار کیا تھا:۔
"میں ہندوستانیوں کو بہ نظر حقارت نہیں دیکھتا؛ بلکہ ان کی وقعت کرتا ہوں۔ ہندوستانیوں میں بعض ایسے افراد بھی گزرے ہیں جو تاریخ عالم کے مشاہیر میں سے ہیں۔ بعض ہندوستانی نسل انسانی کے ان عظیم ترین قائدوں میں شمار کئے گئے ہیں جن کے جوتے کا تسمہ کھولنے کے بھی میں لائق نہیں ہوں۔"

باب ۴

98

معاشری و مذہبی آئین و رواج

۱۔ معاشی جد و جہد پر معاشری و مذہبی آئین و رواج کا اثر

معاشی جد و جہد پر معاشری و مذہبی آئین و رواج بہت گہرا اثر ڈالتے ہیں؛ چنانچہ اس باب میں ہم ہندوستان کی معاشی زندگی کی رواجی بنیاد پر بحث کریں گے اور یہ بیان کریں گے کہ ان رواجوں میں سے زیادہ اہم رواج لوگوں کی معاشی ترقی میں کس طرح مدد دیتے یا رکاوٹ پیدا کرتے ہیں۔ یہ واقعہ کہ ہندوستان میں معاشی زندگی کی معاشری و مذہبی بنیاد خاص تحقیق چاہتی ہے محتاج توضیح نہیں۔ اس لیے کہ ظاہر ہے کہ ہندوستان کی معاشی زندگی کے مختلف پہلو جس مخصوص شکل اور سانچے میں ڈھلے ہوئے ہیں اس کا باعث ملک کے خصوصی معاشری و مذہبی آئین و رواج ہیں[1]۔

---

[1] ۔ ہندوستان میں لوگوں کی عمرانیاتی زندگی نے حقیت ارضی کے نظاموں اور دیہی زندگی کی تنظیم کو متعین کیا ہے؛ اور اشتراک خاندان اور ذات پات کے طریق قدیم ترین زمانے سے فرد واحد کے حقوق اس خاندان معاشرہ اور انجمن پیشہ یا تجارت کے رکن کی حیثیت سے متعین کرتے آئے ہیں جس سے وہ پیدائشی طور پر وابستہ رہا ہے۔"
دیکھو بیچ تیس چیٹرجی کی کتاب موسوم بہ "معاشیات ہند" صفحہ ۵۰۔

باب ۴

۲۔ ذات پات کا طریق

ذات پات ہندوستانی معاشرے کی سب سے زیادہ قابل ذکر خصوصیت ہے، چنانچہ ہم اس کی بحث کا آغاز "ذات" کی معیاری تعریف سے کر سکتے ہیں۔

ذات کی تعریف یہ کی گئی ہے کہ "وہ خاندانوں کا مجموعہ یا خاندانوں کا گروہ ہے جو ایک ایسے مشترک نام سے موسوم ہوتا ہے جو عام طور پر کسی خاص پیشے کو ظاہر کرتا ہے یا اس سے وابستہ ہوتا ہے۔ یہ گروہ کسی افسانوی جد یا مورث اعلیٰ کے مشترک اخلاف و وارث ہونے کا دعویٰ کرتا ہے، خواہ یہ مورث انسانی ہو یا ربانی؛ ایک ہی مقررہ پیشے یا شغل زندگی کی اتباع کا مدعی ہوتا ہے اور مستند اہل الرائے اس کے متعلق یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ ایک متجانس قوم یا جماعت ہے۔ کوئی ذات اس معنی میں درون زواجیت رکھتی ہے کہ اس بڑے دائرے کا ایک رکن جو مشترک نام سے موسوم ہو اس دائرے کے باہر بیاہ نہیں کر سکتا۔ لیکن اس دائرے کے اندر بھی عام طور پر متعدد چھوٹے دائرے ہوتے ہیں جن میں سے ہر ایک میں بھی درون زواجیت اور بیاہ کی قید و بند ہوتی ہے۔ چنانچہ یہ کہہ دینا کافی نہیں ہے کہ ایک برہمن موجودہ زمانے میں ایسی عورت سے بیاہ نہیں کر سکتا جو غیر برہمن ہو؛ بلکہ یہ ضروری ہے کہ اس کی بیوی کا تعلق بھی برہمن ذات کے اس ذیلی فرقے سے ہو جس میں شوہر شامل ہے اور جس سے باہر شادی نہیں کی جا سکتی"[1]

ہندوستان کی ذات پات کو ان متعدد معاشری درجہ بندیوں سے ممیز کرنا ضروری ہے جو تمام قوموں میں پائی جاتی ہیں۔ چنانچہ ان درجہ بندیوں میں نہ تو شدید تفریق ہے اور نہ وہ متعدد فرقوں میں سختی کے ساتھ تقسیم کی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں 99
کسی فرد واحد کے لیے ایک معاشری طبقے سے دوسرے میں منتقل ہونا مذہباً ممنوع بھی نہیں قرار دیا گیا ہے۔ علیٰ ہذا شادی بیاہ کے بارے میں بھی کوئی بندشیں نہیں ہیں اور ہر شخص اپنے حسب دلخواہ پیشے یا مشغلۂ زندگی کا انتخاب کرنے میں آزاد اور خود مختار ہوتا ہے۔ اس کے برخلاف ذات پات کے تحت ہندو سماج بیشمار اور ایک دوسرے سے

---

[1] دیکھو امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد اول صفحہ ۳۱۱۔

باب ۴

بالکل الگ چھوٹی بڑی جماعتوں میں منقسم ہے جن کے ارکان کے اعمال پر ذات بندی کے دقیق قواعد کے مجموعے کے ذریعے سے قیود عائد کی جاتی ہیں۔ چنانچہ ان کو آپس میں بیاہ کرنے اور دوسری جماعتوں کے ارکان کے ساتھ مل کر کھانے پینے کی بھی عام طور پر ممانعت ہوتی ہے، خاص کر ان لوگوں کے ساتھ جو حیثیت میں کمتر خیال کئے جاتے ہوں۔ ہندوستان میں "ولادت ہی اٹل طریقے پر انسان کے کل معاشری و خانگی تعلقات کا تعین کرتی ہے، چنانچہ زندگی بھر اس کا کھانا پینا، لباس اور بیاہ سب کام اس فرقے کے رسم و رواج کے تابع ہوتے ہیں جس میں اس نے جنم لیا ہو۔"[1]

۳۔ ذاتوں کی تین بڑی قسمیں

ذاتوں کو تین بڑی قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے، یعنی (۱) فعلی (۲) نسلی اور (۳) فرقہ واری۔ ان میں اہم ترین فعلی ذاتیں ہیں جو ان مختلف پیشوں کی نمایندگی کرتی ہیں جو کلوں کے رواج سے بیشتر قدیم زمانے میں اختیار کئے گئے تھے۔[2] فعلی ذاتوں کی مثال برہمن یا پروہت فرقے اور تجارتی ذات یا بنیے ہیں جن میں دوسرے گروہوں کے منجملہ پنجاب کے

---

[1] دیکھو "امپریل گزیٹیر آف انڈیا" جلد اول صہ ۳۲۳۔ ڈاکٹر گھوریے ہندوستان کی ذات پات کی حسب ذیل اہم خصوصیات بیان کرتے ہیں:۔ (۱) معاشرے کی تقسیم گروہوں میں؛ (۲) مذہبی حکومت (۳) کھانے پینے میل جول پر قیود اور بندشیں؛ (۴) مختلف فرقوں کی سیول اور مذہبی پابندیاں اور ان کے خاص حقوق؛ (۵) پیشوں کے انتخاب کا فقدان؛ اور (۶) بیاہ پر قیود۔ دیکھو ان کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں ذات اور نسل" صہ ۲ تا صہ ۱۰۔

[2] اشتراک پیشہ کو ذات پات کی واحد بنیاد بہ مشکل خیال کیا جا سکتا ہے؛ اس لیے کہ اگر بقول سامارٹ ایسا ہوتا تو (ذات پات کا) یہ آئین ذیلی تقسیم اور افتراق کا کمتر میلان ظاہر کرتا؛ اور شروع میں جو عنصر وجہ اتحاد تھا آخر میں بھی ایکا اور ارتباط برقرار رکھتا۔ اگر اشتراک پیشہ، ذات پات کی واحد یا اہم بنیاد ہوتا تو ایک مقررہ پیشے میں کام کرنے والے سب اشخاص صرف ایک ہی ذات کے کہلاتے۔ لیکن جیسا کہ ہم جانتے ہیں صورتِ حال ایسی نہیں ہے۔ چنانچہ ایک ہی علاقے کے کل جلاہے ہمیشہ ایک ہی ذات سے تعلق نہیں رکھتے۔" دیکھو رسلے کی تصنیف محولۂ بالا صہ ۲۶۹ تا صہ ۲۷۰۔

باب ۴

کھتری اور راجپوتانہ کے اگروال اور اوسوال بھی شامل ہیں۔ کل فعلی ذاتوں کی تفصیل پیش کرنا تکلیف دہ اور دقت طلب کام ہے۔ ان میں جلاہے، نجار، کمہار اور زرگر جیسے دست کار، چرواہے، حجام اور دھوبی جیسے دیہی خدمت گار اور نجومی، تیلی، جانور پالنے والے اور گویئے جیسے دوسرے متعدد پیشے والے شامل ہیں۔ نسلی ذاتیں ہندوستان کے ہر گوشے میں کثرت سے پھیلی ہوئی ہیں۔ مثلاً بنگال میں راج بنسی، چانڈال وغیرہ، صوبۂ متحدہ اور بہار میں بھار، چیر وغیرہ، راجپوتانہ اور پنجاب میں جاٹ، جوجر اور میو؛ بمبئی میں کولی اور مہار؛ اور مدراس میں نائر اور پریئان وغیرہ۔

100 فرقہ وار ذاتیں وہ ہیں جو مذہبی فرقوں سے پیدا ہوئی ہیں؛ مثلاً بمبئی کی لنگایت ذات جس کا بانی مبانی ایک مذہبی قائد تھا جو برہمنوں کی سیادت کا منکر تھا۔[1]

۴۔ ذات پات کی ابتدا۔ جیمس مل کے نظریے کے مطابق ذاتوں کی شکل میں معاشرے کی ابتدائی تقسیم کسی الہامی فرد کا کام ہگا جس کو باقاعدہ تقسیم عمل کے فوائد کا پہلے سے علم ہو گیا ہو گا جیمس مل یہ خیال کرتے تھے کہ اس امر کا باعث کہ ایک ذات دوسری ذات کے تابع تھی ایک طرف قوم کے کمزور ارکان کا توہم پرستانہ خوف اور دوسری طرف اقتدار حاصل کرنے کی پرمکر خواہش تھی جو مذہبی پیشواؤں کی امتیازی خصوصیت ہے؛ چنانچہ یہ طبقہ اپنی حیثیت سب سے اونچی ذات کی قرار دینے میں کامیاب ہو گیا جس کی تعظیم و تکریم دوسری سب ذاتوں پر واجب تھی۔ برہمنوں یعنی مذہبی جماعت کو آسمانی بلائیں ٹال دینے اور رد کرنے کی قابلیت کا دعویٰ تھا لیکن جنگ کی تباہ کاریاں بھی کچھ کم خوف کے قابل نہ تھیں، اس لحاظ سے برہمنوں کے بعد فوجی جماعت کو اہمیت میں دوسرا درجہ حاصل ہو گیا وقس علی ہذا۔[2]

ام، سانارٹ کے نظریئے کے مطابق "ذات ان قدیم آریائی آئین اور رواجوں کی معمولی ترقی ہے، جنھوں نے یہ شکل اپنے آپ کو ان حالات کے مطابق

---

[1] دیکھو ان سائیکلو پیڈیا آف ریلیجن انڈ ایتھکس جلد سوم۔ صفحہ ۲۳۱۔

[2] " " " " برٹانیکا گیارھواں ایڈیشن مضمون بعنوان "ذات پات"۔

باب ۴

بنانے کی کشاکش کے سلسلے میں اختیار کرلی جن سے وہ ہندوستان میں دوچار ہوئے۔"
ام، سانارٹ نے اس نظریے کو بڑی حد تک اس بنیاد پر قایم کیا ہے کہ ہندوؤں کی معاشری تنظیم یونانیوں اور رومیوں کی معاشری تنظیم سے ان کی قومی نشو و نما کی ابتدائی حالتوں میں عام طور پر ملتی جلتی ہے اور اگر کچھ فرق ہے تو صرف یہ کہ ہندوستان میں امتیازات سخت اور غیر تغیر پذیر بن گئے اور یورپ میں اس قسم کی کوئی بات وقوع پذیر نہیں ہوئی۔

ام، سانارٹ کے نظریۂ ذات کے بنیادی عناصر یہ معلوم ہوتے ہیں:۔

"ایک وسیع رقبے پر آبادی کی تقسیم کی وجہ سے گروہوں کے بڑھ جانے کا میلان، قدیم و وحشی اقوام سے میل جول کی بنا پر نسل و خون پر فخر کرنے کی ہمت افزائی، رسموں کے انجام دینے کے لیے پاک صاف رہنے کا خیال جس کی بناء پر دیسی باشندوں سے تو دستی محنت کے پیشوں میں کام لیا جاتا تھا اور اس کے برعکس آریوں کے لیے اعلیٰ پیشے اور دھندے محفوظ تھے؛ مسئلہ تناسخ کا اثر جو ہر شخص کو قانون کرما کی بنا پر ایک معین حیثیت دیتا ہے؛ منتشر گروہوں کو یکجا کرنے کے لیے کسی سیاسی قوت کی عدم موجودگی؛ اور برہمنی نظام کا بتدریج ایک مستند و مستحکم حیثیت حاصل کرلینا۔"[1]

۵۔ ذات کے طریقے کی سختی۔

101 ذات کی ابتدا اور اس کے مابعد ارتقا کے متعلق مختلف نظریوں کے بارے میں یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ وہ سب کم و بیش ناکافی ہیں؛ اس لیے کہ وہ اس چیز کی پوری طرح توضیح کرنے سے قاصر ہیں جو خاص طور پر تشریح طلب ہے؛ یعنی ہندوستان میں ذات کے طریقے کی

[1] دیکھو رسلے کی تصنیف محولۂ بالا، ۲۶۔ ذات پات کی حال کی ترقی کی توجیہ کرتے ہوئے ڈاکٹر جی، یس، گھوریئے یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ حکومت کی سخت واحد نگرانی کا فقدان، قانون اور رواج کے یکساں معیار کو نافذ کرنے کے بارے میں حاکموں کی عدم رضامندی، مختلف گروہوں کے رواجوں کے اختلاف کو درست و معتبر قرار دینے میں حاکموں کی مستعدی، ان سب امور نے جماعتوں اور گروہوں میں تفریق و اختلاف کے میلان کو اور تقویت دی اور ہر گروہ میں اتحاد اور اشتراک احساس کے مذہبی کو فروغ دیا۔" ڈاکٹر گھوریئے کا یہ بھی خیال ہے کہ "گروہوں کی کثرت اور سارے نظام کے کامل ہونے کا باعث ہندو دھرم کی

باب

بے نظیر سختی۔ واقعہ یہ ہے کہ یہ سختی اس وقت اور بھی زیادہ ہوگئی جبکہ بارھویں اور اٹھارھویں صدیوں کے مابین مسلمانوں کے حملوں کی پے در پے موجوں کے بالمقابل اس نظام میں انجماد پیدا ہوگیا، اور اس طرح اسلام کے اساسی طور پر جمہوری اثرات کے مقابلے میں بہت ہی غیر متوقعہ طریقے پر ردعمل ہوا۔ یہ خیال کرنے کی وجہ ہے کہ اپنی نشو و نما کی ابتدائی حالتوں میں ذات کا طریقہ کم از کم پہلی تین ذاتوں کے تعلق کی حد تک سیال نوعیت رکھتا تھا۔ یہ ابتدائی سیال نوعیت ٹھیک کس طرح مفقود ہوگئی ایک ایسا عقدہ ہے کہ جو کبھی حل ہوا ہے اور نہ ہوگا۔ ممکن ہے کہ شودر جاتی سے ابتداءً جو نیچ پن منسوب کیا جاتا تھا، خواہ اس وجہ سے کہ وہ اصل و قدیم مفتوحہ قوم (دسی یوں) کی نمایندہ تھی یا کسی اور سبب سے، اس نے ایک ایسے خمیر کا کام دیا ہو جو رفتار زمانہ کے ساتھ کل معاشری نظام میں سرایت کر گیا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آریوں میں مذہبی رسوم اور نذر و نیاز کو مناسب طریقے پر ادا کرنے کو جو عظیم اہمیت دی جاتی ہے اس کی وجہ سے اقتدار اس جماعت کے ہاتھوں میں مرتکز ہوگیا ہو جو مذہبی امور سرانجام دینے کے لیے مخصوص تھی، اور اس لحاظ سے یہ جماعت اس اقتدار کو اپنے ذاتی معاشری اغراض کی تکمیل و ترقی میں استعمال کرنے کے قابل ہوگئی ہو۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ام سامانٹ کے بیان کئے ہوئے متعدد دوسرے عناصر جن کا اوپر حوالہ دیا جا چکا ہے، آخری نتیجہ پیدا کرنے میں اپنا واجبی حصہ رکھتے تھے۔ اس خیال کو تسلیم کرنا مشکل ہے کہ ہندوستان میں معاشرے کی ایک مقررہ اور پرسکون حالت، متعدد نسلوں تک اعمال و افعال کے تسلسل کو یقینی بنا کر اور اس طرح وراثت و توارث کے اصول کو متعین کر کے ذات کی ترقی کی موئد ہوئی[1]؟ اس لیے کہ اسی کے مماثل سکونی حالات تمام یورپ میں "صنعتی انقلاب" سے پیشتر موجود تھے اور اس کے باوجود ان کی وجہ سے وہاں کوئی

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ:- یہ خاصیت ہے کہ وہ مختلف اصناف و انواع قایم کرتا اور معاملات کو ان کے منطقی نتیجے تک پہنچاتا ہے، چنانچہ ہندوؤں کے ادبیات، فلسفہ اور مذہبی فرقوں کی یہی امتیازی خصوصیت ہے۔" دیکھو جی، ایس گھوریے کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں ذات اور نسل" صفحہ ۱۴۷ تا صفحہ ۱۴۸

[1] دیکھو داڈیا اور رجوشی کی محولۂ تصنیف صفحہ ۱۲۴۔

باب ۴

ایسا معاشری نظام رونما نہیں ہوا جو سختی کے اعتبار سے ذات کے طریق کے مقابلے میں کوئی نظیر پیش کرتا ہو۔ علیٰ ہذا اسی کے حامل سبب کی بنا پر ہمیں اس استدلال کو ناکافی قرار دے کر مسترد کرنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے کہ ذرایع آمد و رفت کی غیر ترقی یافتہ حالت اور عوام کی جہالت نے میل جول میں مزاحمت و دشواری پیدا کر کے ذات کے نظام کو مضبوط و استوار بنا دیا۔[1] خلاصہ یہ کہ یہ توجیہات زیادہ تر اس بات کا اشارہ کرتے ہیں کہ سختی کی جانب تحریک ایک مرتبہ شروع ہو جانے کے بعد مساعدت زمانہ سے کس طرح آگے بڑھتی گئی۔ لیکن ان سے یہ مترشح نہیں ہوتا کہ اس سختی کا آغاز کیونکر ہوا۔ پس بحیثیت مجموعی ذات کے نظام کی ابتدا و ترقی کے مسئلے کو یہ سمجھ کر ترک کر دینا چاہئے کہ وہ ایک "ناقابل حل اور بے فائدہ چیستاں ہے"۔

102

۶۔ ذات کے طریقے کی خوبیاں اور اس کے نمایاں کام

ان جاندار اصول میں سے ایک اصول جس کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ ذات پات کو حق بجانب قرار دیتے ہیں "تقسیم عمل" کا اصول ہے جو معاشی کارکردگی و قوت میں اضافہ کرتا ہے۔ اکثر ملکوں میں کسی نہ کسی وقت پیشے نظری طور پر نہیں تو عملاً موروثی ہوتے تھے، اور اس توارث کے نظام سے بہ ہی فوائد وابستہ ہوتے تھے، چنانچہ اس کے تحت بیٹا اپنے خاندانی پیشے کے رموز فطری پر حاصل کر لیتا تھا، اور کم سے کم محنت سے گھر کی پرسکون و سہولت بخش فضا میں اور باپ کی شفقت آمیز نگرانی میں اس پیشے میں ملکہ و مہارت بڑھاتا اور کمال حاصل کرتا تھا۔ یہ چیز ایسے زمانے میں خاص طور پر اہم تھی جبکہ تعلیمات عامہ کا کوئی منظم نظام نہ تھا اور دستی مہارت و مشاقی کی بہت قدر دانی ہوتی تھی۔ اس طریقے میں فائدہ یہ تھا کہ باپ کو اپنے کام میں بیٹے کی امداد بہت ارزاں شرح پر ملتی تھی اور بیٹا زندگی سے آسان ترین طریقے پر روشناس ہو جاتا تھا۔ بیٹے کو دست کار کی حیثیت سے باپ کے مرنے پر اس کے اطوار، شہرت اور نیک نامی ورثے میں ملتی تھی اور یہی اس کے مال متروکہ کا اہم ترین جزو ہوتا تھا۔ پیشوں میں منتقلہ مہارت کی

[1] دیکھو واڈیا اور جوشی کی مرتبہ تصنیف صفحہ ۱۲۴ تا صفحہ ۱۲۵۔

باب ۴

قدر و قیمت بہت زیادہ تھی اور اصول توارث اس انتقال میں مدد دیتا تھا۔ جس وقت تک اس اصول پر معقول اور فطری طریقے سے عملدرآمد ہوتا رہا اس وقت تک اس پر کوئی اعتراض وارد نہ ہو سکتا تھا؛ لیکن جوں ہی نئے پیشے کا اختیار کرنا نہ صرف معمول سے انحراف بلکہ غلط اور قابل سزا قرار پایا اس وقت سے اس طریق کے ناقابل اعتراض ہونے کی صورت زائل ہو گئی[۱]

فعلی یا خدمتی ذاتوں کا مقابلہ عام طور پر یورپ کے دور وسطیٰ کے "حرفتی جتھوں" سے کیا گیا ہے اور ان کو اس لحاظ سے مفید خیال کیا گیا ہے کہ وہ مشترکہ دھندوں سے پیدا ہونے والے باہمی بندھنوں کی شناخت کو فروغ دینے والا ذریعہ تھا۔ یورپ کے قدیم حرفتی جتھوں کی طرح یہ بھی اپنے ارکان کے لیے باہمی رفاہ کی انجمنوں کا کام انجام دیتی تھیں؛ مثلاً کار آموزوں کی تربیت کرنا' ارکان میں ہمدردی پیدا کرنا' نزاعی امور کے تصفیے کے لیے ثالثی کی عدالتیں مہیا کرنا' اپنے ارکان کی اجرت اور نفع کی تنظیم کرنا اور گاہ گاہ مصیبت و تکلیف میں ان کی مدد کرنا[۲]۔ "غرض ذات کا نظام ہندو کے لیے کلب' مزدور سبھا' رفاہی انجمن اور آدم دوست جمعیتہ کا کام دیتا تھا"[۳] لیکن یہ ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ یورپ کے حرفتی جتھے' ذات کے طریقے سے بعض اہم اعتباروں سے مختلف تھے۔ اولاً یہ کہ حرفتی جتھا ارادی اور خود اختیاری ساجھا تھا' اور ذات پات میں یہ بات نہیں تھی۔ دوسرے یہ کہ گو حرفتی جتھوں کے ارکان کے لڑکوں کو کار آموزوں کی حیثیت سے بہت سہولتیں حاصل تھیں' پھر بھی ان جتھوں کے بگڑ کر اجارہ دار بھاؤں کی حیثیت اختیار کرنے سے پیشتر تک دوسروں کو بھی مشروط طریقے پر داخل کر لیا جاتا تھا۔ علاوہ ازیں آپس میں بیاہ کرنے کی اجازت تھی اور یہ خالصاً معاشری اثر و احساس کا معاملہ تھا۔ لیکن ہندوستان میں کسی خاص

۱۔ دیکھو ان سائیکلو پیڈیا برٹانیکا کی مولفۂ بالا عبارت۔

۲۔ دیکھو جیرجی کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۹۲

۳۔ دیکھو بیس' تو کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان کا تصور" صفحہ ۲۶۳۔

باب ۴

ذات میں داخل ہونا بالکل توارث کا معاملہ ہے، اور آپس میں بیاہ کرنے کی سختی
کے ساتھ ممانعت ہے۔ علاوہ ازیں یورپ کے حرفتی جتھوں کی حد تک وہ مشترک
103 پیشہ ہی اصل بندھن تھا، جو آخر کار امیر اور بادشاہوں کے خلاف متحد کرنے والا
قوی ذریعہ تھا اور ہندوستان کی ذاتوں کی طرح نفاق و کمزوری کی علامت
نہ تھا۔" بعض مصنفوں نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ "ممکن ہے کہ دور وسطیٰ کے یورپ
کے حرفتی جتھوں کی طرح ذاتوں نے صنعت و حرفت کو ترقی و فروغ دیا ہو" اور یہ
کہ "اس نظام نے دست کار جماعتوں کی عجیب و غریب میکانکی مہارت و ہنرمندی
کو غیر ملکی مسابقت کی زد سے محفوظ و قائم رکھا ہو۔"[۱] گو اس نقطۂ خیال میں یقیناً
کسی حد تک صداقت ہے، تاہم یہ بھی قطعی ممکن ہے کہ موجودہ زمانے میں ہندوستانی
حرفتوں کی امتیازی خصوصیت یعنی زمانے کے حالات کے مطابق چلنے اور ترقی
کرنے میں کوتاہی کا باعث ذات کے طریقے کی قید و بند ہو جس نے فطری ترقی میں
لازمی طور پر رکاوٹ پیدا کر دی ہے۔[۲]

ذات پات کی حمایت میں اس امر کو تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ آریوں کے
حملے کے زمانے میں اسی نے مختلف قوموں کے تعامل اور مختلف تہذیبوں کے
باہمی عمل میں مدد دی۔[۳]

۱۔ دیکھو داڈیا اور جوشی کی تصنیف موزہ بالا صفحہ ۱۳۶۔

۲۔ "حرفتی جتھا پھیل سکتا اور ترقی کر سکتا ہے؛ وہ صنعت کارانہ جذبات کو ابھرنے کا پورا موقع دیتا ہے؛ چنانچہ یہ حرفتی جتھوں کا اتحاد ہی تھا جس نے دور وسطیٰ کے آزاد شہر پیدا کئے۔ لیکن ذات ایک گھٹیا قسم کا نظام ہے؛ وہ امتیاز و تفریق کے ذریعے ترقی کرتا ہے لہٰذا اس کی ترقی کا ہر قدم اس کی ترقی کرنے یا اس صنعت کا تحفظ کرنے کی قوت کو جس پر عمل کرنے کی وہ مدعی ہے ضعیف کر دیتا ہے۔" دیکھو رزلے کی موزہ بالا تصنیف، صفحہ ۲۸۰

۳۔ ذات کا طریقہ دراصل نہ آریائی نظام ہے نہ ڈراویڈی، بلکہ اس کو زمانے کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے جبکہ مختلف قسم کی قوموں کو آپس میں مل جل کر رہنا سہنا پڑتا تھا رائج کیا گیا۔ ایک ایسی قوم کی تہذیب و شائستگی کو محفوظ کرنے کا واحد طریقہ جس کے لیے اس بات کا بڑا خطرہ تھا کہ وہ دیسی باشندوں کی کثیر تعداد کے اوہام میں جذب ہو جائے گی، یہ تھا کہ اس زمانے کی تہذیب و نسل کے اختلافات کو فولادی بندھنوں سے سختی کے ساتھ

باب ۴

اس طریق نے ہندو سماج کو غالباً اس قابل بھی بنایا کہ خود کو تباہی میں مبتلا کئے بغیر سیاسی حملے کے صدمات برداشت کرے۔ علاوہ ازیں یہ بھی تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ ذات کے طریقے نے ہندو سماج کی اساسی ثبات پذیری و قناعت گزینی کی جانب رہبری کی۔ کچھ سال ادھر تک ہندوستان میں کسی شخص کی حیثیت اور اس کے پیشے کا تعین سراسر اس کی ولادت کے ذریعے سے ہوتا تھا۔ چنانچہ اس کی بدولت وہ اس پریشانی اور بے چینی سے محفوظ رہتا تھا جو موجودہ معاشرے میں پیشے کے انتخاب میں لاحق ہوتی ہے۔ چونکہ کسی شخص کے پیدا ہوتے ہی اس کے پیشے کا تعین ہو جاتا تھا، اس لیے وہ رشک و حسد کی زد سے اور مقاصد میں ناکامی و مایوسی اٹھانے سے محفوظ رہتا تھا۔

۷۔ ذات کے طریقے کی حمایت اس کی موجودہ شکل میں نہیں کی جا سکتی

لیکن ذات کے طریقے کی موافقت و تائید میں جو کچھ کہا جا سکتا ہے اس کا اطلاق صرف اس زمانے پر ہوتا ہے جبکہ اس طریقے میں دیسی گڈمڈ اور بدنظمی پیدا نہیں ہوئی تھی جیسی کہ اب پائی جاتی ہے۔ ذات اپنی موجودہ متبدلہ حالت میں صرف غیر مشروط مذمت کی مستحق ہے۔ یہ ہر جہتی ترقی کے راستے کی ان عظیم مزاحمتوں میں سے ایک ہے جس کو انسان کی گمراہ ہنرمندی نے خود اپنی تباہی کے لیے پیدا کیا ہے۔ اس کی ابتدائی خوبیاں خواہ کچھ ہی ہوں، موجودہ زمانے میں 104
تو وہ بگڑ کر ظلم و تعدی اور عدم رواداری کا ایک زبردست آلۂ کار بن گئی ہے اور ایسی مذموم قوت کی حیثیت رکھتی ہے جو معاشری و سیاسی تفریق و اختلاف اور کمزوری پیدا کرتی ہے[1]۔ اگر موجودہ زمانے میں ہندوستانی قومیت کی یہ تعریف

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ:۔ دبایا جائے لیکن بدقسمتی سے، یہ طریقہ جو نظام معاشرت کو تباہی و ہلاکت سے محفوظ رکھنے کے لیے اختیار کیا گیا تھا آخر کار اس نظام کی ترقی میں سدراہ بن گیا۔"

دیکھو رادھا کرشنن کی کتاب "ہندوستانی فلسفہ" جلد اول صفحہ ۱۱۲ تا صفحہ ۱۱۳

[1] کسی ضلع یا شہر کی آبادی مختلف قوموں کا مجموعہ ہے جو تقریباً نوعی فرق رکھتی ہیں اور ایسے انسانوں پر مشتمل ہے جو نہ تو ایک دوسرے کے ساتھ کھا اور پی سکتے ہیں اور نہ آپس میں بیاہ کر سکتے ہیں۔ یہ کہنا

باب ۴

کرنا بجا ہے کہ وہ رنگ برنگ دانوں کی ایک مالا ہے جو ایک رشتے میں منسلک نہیں ہے تو اس کا باعث بہت بڑی حد تک ذات کے طریقے کا عملدرآمد ہے۔ ہندوستان میں ذات پات نے ایک طاقتور قومیت کے ارتقا میں رکاوٹ پیدا کی؛ اس کے برخلاف دوسرے مقامات میں ایک مشترک علاقے میں رہنے سہنے والے مختلف باشندوں کے بے روک ٹوک میل جول نے ایک زبردست قومیت کو فروغ دیا ہے۔ یہ ایک بہت ہی بڑی سیاسی مشکل ہے جس میں ہندوستانی موجودہ زمانے میں مبتلا ہیں اور ماضی میں بھی یہ عام طور پر سیاسی کمزوری کا سبب رہی ہے۔ چنانچہ پروفیسر جادوناتھ سرکار کے اس استدلال میں بہت کچھ قوت ہے کہ مرہٹہ سلطنت کے زوال کا باعث بڑی حد تک ذات کے ولولے کی غیر مفید ترقی تھی۔ ہندوستانیوں کے لیے سیاسی آزادی کے بغیر اپنی معاشی مراد تمام و کمال حاصل کرنا غیر ممکن ہے؛ اور ذات پات، سیاسی سوراج حاصل کرنے کی راہ میں بلاشبہہ بہت بڑی رکاوٹ ہے۔

۸۔ درون زواجیت اور نسل کا بگاڑ

ذات کے طریقے کی موافقت میں جو امور پیش کئے جاتے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ وہ بعض اعلیٰ درجے کے نسلی سلسلوں کو خالص حالت میں محفوظ رکھتا ہے، اور یہ کہ تنہا ہندوؤں کی قوم ہی نے غیر مخلوط حالت برقرار رکھنے کے طریقے اختیار نہیں کئے ہیں بلکہ دوسروں نے بھی ایسا کیا ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ کسی دوسری جگہ درون زواجیت یا ذات کے دائرے کے اندر شادی کرنے کا طریقہ اس قدر شدت کے ساتھ نہیں پایا جاتا جتنا کہ ذات کے طریقے میں پایا جاتا ہے

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ مبالغہ نہ ہوگا کہ ذات کے طریقے اور برطانوی نظم و نسق کے اثر کی وجہ سے انسانوں میں زندگی کے طبیعی تعلقات کی حد تک اتنا ہی کم اشتراک پایا جاتا ہے جتنا کہ حیوانیاتی باغ کے ساکنوں میں۔" دیکھو آپ فاطمہ فلر کی محولۂ بالا تصنیف۔ گو اس بیان میں صورت حال کو کسیقدر مبالغے کے ساتھ اور بڑھا چڑھا کر بیان کیا گیا ہے؛ لیکن اس میں شبہہ نہیں کہ ہندوستانی آبادی کی غیر معمولی طور پر غیر متجانس نوعیت کا باعث بڑی حد تک ذات پات ہے۔

باب ۴

چنانچہ اس کی وجہ سے ایک ہی دائرے کے اندر خاندانوں کا دائمی اختلاط ہوتا رہتا ہے اور انجام کار اعلیٰ درجے کے نسلی سلسلوں میں ضعف و انحطاط پیدا ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں گو بعض ذاتوں میں مردوں کی زیادتی اور بعضوں میں عورتوں کی کثرت ہے لیکن ذات پات جنسی مساوات کے حصول میں مزاحم ہوتی ہے، اس لیے کہ ایک ذات کی کمی کو دوسری ذات کی زیادتی سے پورا نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ یہی ایک حد تک اس معاشری خرابی کی ذمہ دار ہے کہ بھاری جہیز دیا جاتا ہے اور بعض مقامات مثلاً پنجاب میں اب تک طفل کشی رائج ہے۔

105 **۹۔ ذات پات استعداد اور فعل کی مطابقت میں مزاحم ہے**

ذات پات کے سب سے زیادہ شدید نقائص میں سے ایک یہ ہے کہ وہ جبلی قابلیت اور جد و جہد میں ایسی مطابقت و مناسبت پیدا ہونے میں حائل ہوتی ہے جو معاشی ترقی و خوش حالی کے لیے ایک اساسی عنصر ہے۔ "اگر کسی قوم کو محض پیدائش کے امر اتفاقی کی بنا پر اور بلا لحاظ اس کے کہ ان کے طبائع و اوصاف کیا ہیں مختلف حلقوں میں سختی کے ساتھ تفریق کر کے تقسیم کر دیا جائے اور اس کے ساتھ ان کو اس پیدائشی حق سے محروم کر دیا جائے کہ وہ اپنے فطری اوصاف اور قابلیتوں کو انتہائی ممکنہ حد تک ترقی دیں تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ اس قوم کو وہ سب سہولتیں عطا کرنے سے انکار کیا جا رہا ہے جو بصورت دیگر قومی دولت و خوش حالی کے ذخیرے میں اضافہ کرتیں۔ ہم نہیں جانتے کہ نامناسب کاموں پر اشخاص کو مقرر کر کے لوگوں کی معاشی جد و جہد کو کس قدر نقصان پہنچایا جا رہا ہے، اس لیے کہ اس کی وجہ سے سب کو مساوی مواقع نہیں ملتے۔"[1]

۱۰۔ محنت و اصل کی عدم نقل پذیری

ایک اور بڑی خرابی یہ ہے کہ ذات پات، اصل و محنت کی آزادانہ نقل پذیری میں مزاحم ہوتی ہے۔ محنت کی نقل پذیری میں یوں مزاحمت ہوتی ہے کہ نقل مقام یا نقل پیشہ وقت طلب بنا دیا گیا ہے، جیسا کہ دستی صنعتوں کے قدیم طریقے کے تحت ہوتا تھا، دست کار

[1] دیکھو میں، ڈی، گینکر کی کتاب موسوم بہ "معاشیات ہند"

باب ۴

اپنا ذاتی اصل لگاتا ہے، اس لیے محنت کی عدم نقل پذیری کے معنی لازمی طور پر اصل کی عدم نقل پذیری کے بھی ہیں۔ علاوہ ازیں یہ طریقہ سخت غیر مسابق جماعتیں قایم کرنے کا موقع بھی بہم پہنچاتا ہے؛ چنانچہ اس کے نتیجے کے طور پر بعض پیشوں میں افراد کی ضرورت سے زیادہ تعداد پائی جاتی ہے اور بعضوں کو بے جا فائدہ پہنچ جاتا ہے جو ذات کی دیواروں کی آڑ میں استواری کے ساتھ پناہ گزیں ہوتے ہیں اور یہ دیواریں ان کو بیرونی مسابقت سے مصنوعی طریقے پر محفوظ رکھتی ہیں۔

۱۱۔ ذات کا طریقہ بڑے پیمانے کے کاروبار میں سد راہ ہے۔

ذات کا طریقہ بڑے پیمانے کے کاروبار کی راہ میں مختلف طریقوں سے مزاحمت پیدا کرتا ہے۔ اولاً یہ کہ کسی خاص قسم کی محنت کی رسد و طلب میں بہ سرعت توازن قائم نہیں ہوتا۔ دوسرے یہ کہ ذات کا طریقہ، عمل کی نازک تقسیم در تقسیم کا مخالف ہے جو موجودہ زمانے کی بڑے پیمانے کی پیدائش کی امتیازی خصوصیت ہے۔ علاوہ ازیں ذات پات کی وجہ سے عقل و ذہانت، دستی محنت اور اصل کو یکجا کرنا دشوار ہے، جو عام طور پر ایک دوسرے سے الگ رہتے ہیں اور ہر ایک جداگانہ ذاتوں سے تعلق رکھتا ہے۔[1] اس پر طرہ یہ کہ صرف، مقامی اور فرقہ واری ہو جاتا ہے، اس لیے کہ ہر ذات دوسری ذات سے اپنے طرز بود و باش میں غذا، لباس، آلات و ظروف وغیرہ کے گوناگوں اختلافات کی وجہ سے ممیز اور ممتاز ہوتی ہے۔ پس بہت سی مختلف قسموں کی اشیا تیار کرنی پڑتی ہیں؛ لیکن ہر شے چھوٹے پیمانے پر تیار ہوتی ہے۔[2] نتیجہ یہ کہ

---

[1] ہندوستان کی قدیم سرمایۂ مشترک کی بنک کاری کی ناکامی کا سبب منجملہ دوسرے اسباب کے یہ واقعہ قرار دیا گیا ہے کہ ہندوستان کے اس زمانے کے حالات کے تحت کامیابی کے لیے جو چیزیں مؤید ہو سکتی تھیں ان میں سے ایک عام طور پر مفقود تھی اور وہ یہ کہ بنک امکانی طور پر ایسے اشخاص پر مشتمل ہونا چاہئے جو ایک ہی ذات سے تعلق رکھتے ہوں تاکہ اس کا کاروبار پرسکون و پرامن طریقے پر چل سکے۔

[2] یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ یہ استدلال اس وقت بڑی حد تک کمزور ہو جاتا ہے جبکہ بعض ارکان کی تعداد

باب ۴

گو ملک بڑا اور وسیع ہے، پھر بھی پیدائش دولت کا پیمانہ چھوٹا ہے جس کی وجہ سے
106 بڑے پیمانے کی پیدائش کے کفایات کا حاصل کرنا دشوار ہے۔ ایک اور چھوٹی سی
بات یہ ہے کہ معاشرے کے نیچ طبقوں کے معاشی حالات کی اصلاح و ترقی ہمیشہ
معیار زندگی کی ترقی کی صورت میں ظاہر نہیں ہوتی؛ اس لیے کہ اس کا موقع ہی
نہیں ہوتا کہ نیچ طبقے اونچے طبقوں میں داخل کر لیے جائیں اور اس طرح تقلید کے
اثر سے موخر الذکر کا اعلیٰ معیار زندگی اختیار کر لیں۔

۱۲۔ ذات کا طریقہ اور محنت کا وقار۔ ذات کا طریقہ اونچی ذاتوں میں بعض ایسے پیشوں اور محنت کی شکلوں سے نفرت کرنے کا میلان پیدا کرتا ہے جو نیچ طبقے معمولاً سرانجام دیتے ہیں۔ اس طرح یہ طریقہ ان کو اپنی معاشی حیثیت و حالت کی اصلاح و ترقی سے باز رکھتا ہے اور اس خرابی کی جڑیں مضبوط کر دیتا ہے جو بعض نام نہاد شریف پیشوں میں افراد کی کثرت سے پیدا ہوتی ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ یورپ کے لوگوں کو محنت کے وقار کے متعلق کوئی غلط فہمی نہیں ہے، یعنی میلان یہ نہیں ہے کہ کام کو بہت بڑا درجہ دیا جائے بلکہ یہ کہ اس کو کم کیا جائے اور زیادہ مساوی طریق پر تقسیم کیا جائے۔ لیکن اسی کے ساتھ ہر شخص اپنی مادی خوش حالی کو ترقی دینے کی غرض سے اپنے حسب دلخواہ پیشہ اختیار کرنے کی کامل آزادی رکھتا ہے؛ بحیثیت مجموعی کسی قسم کی دیانتدارانہ محنت کو بذاتہ ذلیل و حقیر نہیں خیال کیا جاتا اور آبائی پیشے کے ماسوا کوئی دوسرا پیشہ اختیار کرنے کی وجہ سے کوئی شخص ذات سے باہر نہیں ہو جاتا اور نہ اس کا حقہ پانی بند کیا جاتا ہے۔ یہ چیز محنت و اصل کی نقل پذیری کو ترقی دیتی ہے اور معاشی کارکردگی و قوت میں اضافہ کرتی ہے۔ ذات پات میں ایک اور نقص ان میلانات کی موجودگی سے رونما ہوتا ہے جو زرعی و صنعتی پیدائش میں اصلاح و ترقی کے بعض طریقوں کو استعمال کرنے کے خلاف پائے جاتے ہیں؛ چنانچہ ہڈی، مچھلی اور فضلہ کو زرعی زمین کے لیے کھاد کے طور پر استعمال کرنے کے بارے میں

بقیہ حاشیہ صفحۂ گزشتہ۔ لاکھوں تک پہنچ جاتی ہے، جیسا کہ بعض ذاتوں میں پایا جاتا ہے۔

اکثر ذاتوں کو اعتراض ہے۔

۱۳۔ ذات کا طریقہ اصول مساوات کے خلاف ہے

ذات کا طریقہ، مساوات کے فائدہ رساں اصول کی نفی کرتا ہے اور اونچی اور نیچی دونوں ذاتوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ وہ اول الذکر میں برتری کا غلط اور گمراہ کن احساس پیدا کرتا ہے اور موخر الذکر میں ایسی دماغی کیفیت پیدا کر دیتا ہے جو خود داری کے نشو و نما کے لیے مہلک ہے۔ اس کی انتہائی مثال نیچ یا اچھوت طبقے پیش کرتے ہیں جو ناشنیدہ محکومیت سے سرنگوں ہیں اور متعدد معاشری و معاشی پابندیوں اور مجبوریوں میں مبتلا ہیں۔ اس طریق کا بدنصیب شکار "معمولی تجارتی کاروبار میں ہمیشہ گھاٹے میں رہتا ہے" اس وجہ سے کہ وہ کسی ایسی دکان میں داخل ہونے یا ایسی سڑکوں سے گزرنے کے قابل نہیں ہوتا جہاں دوکاندار رہتے ہیں۔ معاشرے سے اخراج یا حقہ پانی بند کرنے کا طریقہ اس قدر مبتذل اور قدیم ترین زمانے سے رائج چلا آرہا ہے کہ اس کی وجہ سے جو انفرادی آزادی اور اپنی آپ مدد کرنے کی صلاحیت میں فطرتاً بہت بڑی مزاحمت پیدا ہوتی ہے[1]

۱۴۔ ذات پر مغربی تہذیب کا اثر۔

107 مغربی خیال کا اثر اس قدر پھیل گیا ہے اور تہذیب و تمدن کے جدید آلات (یعنی ریلوں) کا جال اس قدر وسیع پیمانے پر بچھ گیا ہے کہ وہ ذات پات کے قید و بند کو کسی حد تک توڑ رہا ہے۔ بیرونی دنیا سے گاؤں کے الحاق اور تجارت و جدید صنعت کی ترقی کے باعث اشخاص کی بڑی تعداد اپنے قدیم روایتی پیشوں کو ترک کرنے اور نئی نئی گرنیوں، معدنوں اور نئے کارخانوں میں کام حاصل کرنے میں فائدہ اور سہولت محسوس کر رہی ہے۔ اونچی ذات کے ارکان معاشی حالات کے دباؤ کی وجہ سے ایسے پیشے اختیار کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں جو اب تک بالکل نیچ طبقوں کے لیے مخصوص تھے۔ مثلاً اکثر برہمن خیاطی، تجارت اور دوکانداری وغیرہ

---

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ (Moral and Moternal Report) (اخلاقی و مادی ترقی کی کیفیت) شایع شدہ ۱۹۲۳ء

باب ۳

پیشوں میں کام کر رہے ہیں۔ اس لحاظ سے پیشہ اب ذات کی یقینی علامت نہیں رہا۔ ریلوں کے ذریعے سے سیاحت کرنے کی ضرورت نے غذا، لباس اور میل جول کی بعض بندشوں کو کمزور کر دیا ہے، اور اس عمل کو مغربی تعلیم نے اپنے مساوات قائم کرنے والے میلانات کے ذریعے سے مزید تقویت پہنچائی ہے[1]

مغربی تعلیم و تہذیب، جامعاتی و کلیاتی زندگی جہاں نیچ ذات کا آدمی اونچی ذات والے کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا اور چلتا پھرتا ہے، بڑے شہروں کی ترقی

[1] ۔ دوسری ذاتوں کے ساتھ کھانے پینے اور ملنے کے متعلق قواعد کا انحصار رسمی نجاست کے اس مابعد الطبیعی نظریے پر ہے جس میں متعدد مستثنیات کو تسلیم کیا گیا ہے؛ چنانچہ منو کے زمانے سے یہ بات تسلیم کی گئی ہے کہ ایک عابد و زاہد مسافر کے لیے جب فاقے کا خطرہ ہو تو اس کو اپنی ذات کے قید و بند کو ترک کر دینا چاہیے اور بہترین طریقے سے جو ممکن ہو بھوک رفع کرنی چاہیے۔ موجودہ زمانے میں اور خاص کر ریلوں کی ایجاد کے بعد سے اس سہولت بخش اصول کو برہمن اجتہاد پیشین نے کد و کاوش کے بعد ترقی دی اور مرتب و مدون کیا ہے۔ مثلاً ایک نامۂ دراز سے یہ خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ "مٹھائیوں کو جو ایک عام اور پکا دار اصطلاح ہے اور جس میں وہ سب متفرق غذائیں شامل ہیں جو ریلوے کے پلیٹ فارم پر بکتی ہیں تقریباً کسی شخص سے بھی خریدا جا سکتا ہے۔ اسٹیشن پر گاڑی ٹھیرنے کے قلیل وقفے میں تیسرے درجے کے ڈبے کی کھڑکی سے مٹھائی کے حوالچہ والوں کی ذات کے بارے میں مفصل تحقیق نہیں کی جا سکتی" چنانچہ ایک جدید کہاوت اس صورت حال کا خلاصہ اس عملی سوال میں پیش کرتی ہے کہ "اس نے جو کھانا تمھیں زیادہ تم نے کھا لیا پھر اس کی ذات دریافت کرنے سے کیا حاصل؟" اسی اصول کے لحاظ سے دانشمند آدمی بہت جلد اس بات کو فراموش کر دیتا ہے کہ برف بھی پانی ہی سے بنایا گیا ہے اور یہ کہ "سوڈا واٹر" چالاکی سے بنائی ہوئی بوتل میں داخل ہونے سے بیشتر معمولی پانی تھا اور گرگاؤں سے لاری طور پر براہ راست نہیں لایا گیا؛ بعض سنت، جو ہر اور رنچوڑ جو بھی اغراض کے لیے استعمال کئے جاتے ہیں گائے کے گوشت کا ایک معین تناسب رکھتے ہیں اور یہ کہ بعض درآمدہ بسکٹ اپنی تیاری کے زمانے میں لازمی طور پر ہر قسم کے بے ذات لوگوں کے ہاتھوں میں سے گزرے ہوں گے۔ علاوہ ازیں وہ اس قدر غیر دانشمند بھی نہیں ہے کہ یہ سوال کرے کہ کتنے قدم کے فاصلے پر اس کا ہمسایہ نجاست پیدا کر سکتا ہے جبکہ وہ بہر صورت مساوی بارہ گھنٹے ریل کے ڈبے میں اس کے دوش بدوش بیٹھتا ہے؛ دیکھو

حکمراں قوم کا اثر، اور تشکیک کے جذبے کی ترقی، یہ سب چیزیں ذاتوں کے قیود کو نیست کر رہی ہیں۔ ایک جانب وہ اونچی ذاتوں میں اپنے خاص حقوق پر اصرار کرنے کے میلان کو کم کر رہی ہیں تو دوسری جانب نیچ طبقوں میں یہ میلان پیدا کر رہی ہیں کہ وہ اونچی ذاتوں کی اعلیٰ حیثیت کو بلا چون وچرا تسلیم نہ کریں۔ علاوہ ازیں اس وقت صرف ایک قانون ہے جس کا اطلاق بلا امتیاز و تفریق ادنیٰ و اعلیٰ پر یکساں طور پر کیا جاتا ہے، اور حکومت اب اعلیٰ ذاتوں کے دعووں کی 103
حوصلہ افزائی نہیں کرتی اور نہ سرکاری ملازمت میں اعلیٰ عہدوں پر ان کی ماموری کی موئید ہے[1]۔ اس کے برخلاف اب تقررات میں نیچ ذات والوں کو ہی ترجیح دی جاتی ہے، اور ایک طرح پر ذات کے معکوس طریق کو رواج دیا جا رہا ہے۔ نیچ ذات والوں میں خود اداکی بڑھتی جا رہی ہے اور وہ متحدہ قومی عمل کے ذریعے سے اپنی قدیم پابندیوں اور معذوریوں کو رفع کرنے کی ضرورت سے واقف ہوتے جا رہے ہیں۔ چنانچہ یہ میلان نیچ حلقوں میں سے سب سے ادنیٰ طبقے یعنی مہاروں میں بھی ظاہر ہوا ہے جو اپنے حقوق منوانے کے لیے منظم مساعی عمل میں لا رہے ہیں۔ علاوہ ازیں ہندو مسلم کشیدگی، قدامت پسند ہندوؤں کو بھی معاشری اصلاح و مساوات کے خیالات کے اثر کے بہت زیادہ تابع بنا رہی ہے۔ چنانچہ یہ محسوس کیا جا رہا ہے کہ قوم کی حیثیت سے ہندوؤں کے وجود ہی کا دارومدار اس بات پر ہے کہ وہ اپنی اندرونی تنظیم کریں، جس کے معنی دوسرے امور کے منجملہ یہ ہیں کہ ذات پات کو نیست کر دیا جائے یا یہ کہ اس میں کم از کم اس طرح تغیر و تبدل کر دیا جائے کہ موجودہ شکل باقی نہ رہے۔ متعدد ہندو قائدوں نے ذات پات کے خلاف جہاد شروع کر دیا ہے، چنانچہ گاندھی جی نے ایک تحریک شروع کی ہے

بقیہ حاشیہ صفحۂ گزشتہ۔ رسلے کی تصنیف ص ۲۷۹ تا ص ۲۸۰۔

[1] ذات پات کے بارے میں برطانوی حکومت کے تغیر پذیر طرز عمل کی بابت اور عام برطانوی حکمرانی کے اثر کی نسبت دیکھو جی، بس گھوریے کی تصنیف محولۂ بالا ص ۱۸۵ تا ص ۱۹۲۔

باب ۴

جس کا رخ چھوت چھات کی لعنت کو دور کرنے کی جانب ہے۔[1]

۱۵۔ ذات پات کی اندرونی قوت

لیکن اس سب کے باوجود یہ خیال کرنا غلط ہے کہ ذات پات مردہ ہو چکی ہے۔ بدقسمتی سے اس کی گرفت اب بھی پوری طرح سخت ہے اور اس کے اثر میں کمی نہیں ہوئی ہے۔ ہندوستانی دماغ پر اس کا تسلط اس درجہ قوی ہے کہ وہ مسلمان جیسی قوموں پر بھی اثر انداز ہوئی ہے جن کے مذہب نے اپنے پیرؤں میں کامل مساوات پر بہت خاص طور پر زور دیا ہے۔ حالیہ واقعات نے ذات پات کے بعض نقائص کی جڑیں بظاہر بہت مضبوط کر دی ہیں؛ خاص کر جدید اصلاحات نے مختلف قوموں کو سیاسی اقتدار حاصل کرنے کی جد و جہد کا موقع بہم پہنچا کر ان کے درمیان ناخوشگواری اور حسد و عناد کو بڑھا دیا ہے۔ نیچ طبقوں میں عام بیداری پیدا ہونے کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے؛ اگرچہ یہ اکثر صورتوں میں ایک خوشگوار ترقی ہے؛ پھر بھی عملاً بالعموم یہ دیکھا جاتا ہے کہ کسی شخص کی اپنی ذات سے گہری الفت کے معنی یہ ہیں کہ اونچی ذاتوں سے سخت متعصبانہ تنفر کیا جائے اور اس طرح اونچی ذاتوں کے خلاف قدیم کینہ و بغض کی پرورش کرنے میں بہت کچھ قوت ضایع ہو رہی ہے۔ اصلاحات نے جو جدید حقوق لوگوں کو عطا کئے ہیں انھیں بسا اوقات وسیع قومی اغراض کو نظر انداز کر کے تنگ نظری کے ساتھ فرقہ وارانہ اغراض کی تکمیل میں عام طور پر غلط طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے؛ اور مختلف ذاتوں سے جو ترقی یافتہ تنظیم اور تقویت یافتہ احساس خود ادراکی و بیداری رکھتی ہیں؛ مستقل سیاسی بنکوں کے تیار نظام کے

109

[1] ڈاکٹر امبیڈکر کے اس فیصلے نے جس کا اعلان حال ہی میں کیا گیا کہ وہ اپنے ساتھیوں سمیت ہندو دھرم سے ہٹ جائیں گے اور دوسرا کوئی ایسا مذہب اختیار کر لیں گے جو دھرم پلٹ ہریجنوں سے مساوات کے برتاؤ کا وعدہ کرے ہندوؤں کو تیز و تند غور و فکر میں ڈال دیا ہے؛ اور کٹر ہندو مت کی ذات پات کی مورچہ بندیوں پر نہایت غیر متوقعہ سمتوں سے شد و مد کے ساتھ حملے کئے جا رہے ہیں۔

باب

طور پر کام لیا جاتا ہے۔ گو مختلف ذاتیں اپنے سے اونچی ذاتوں کے خلاف آزادانہ طور پر حکایات و شکایات کا دفتر کھولتی ہیں، لیکن وہ اپنے سے نیچی ذاتوں کے ساتھ کامل مساوات کے شرائط پر سلوک کرنے کے لیے عام طور پر تیار نہیں ہیں۔ اکثر سطح سازوں کی طرح وہ اپنے سے اوپر کی ذاتوں کو اپنی سطح کے برابر لانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن یہ برداشت نہیں کر سکتے کہ ان سے نیچے کی ذاتیں ان سے بڑھ کر ان کی سطح کے برابر آجائیں۔ یہ صحیح ہے کہ برہمنیت ہر جگہ مدافعانہ کارروائی کرتی ہے، لیکن برہمنیت کا جذبہ اب بھی قائم و برقرار ہے اور ادنیٰ ذاتوں میں نفوذ کر گیا ہے۔

۱۶۔ ذات پات کی خرابیوں کا علاج۔

جب کوئی شخص ذات پات کی خرابیوں پر غور کرتا ہے تو وہ دل ہی دل میں کڑھتا ہے کہ کاش کوئی طاقت ور اور نیک نہاد آمر مطلق پیدا ہوتا جو موجودہ معاشری عمارت کو مسمار و منہدم کر دیتا اور اس کو زیادہ معقول طریقے پر از سر نو تعمیر کرتا۔ لیکن کسی آمر مطلق کے پیدا ہونے کی توقع نہیں ہے اور یہ امر مشتبہ ہے کہ آیا کسی آمر مطلق کو کبھی اتنا زبردست اختیار و اقتدار حاصل ہوگا یا نہیں جس کی مدد سے وہ ذات کے طریقے کو نیست کرنے کے عظیم کام کو انجام دے سکیگا۔ ہندوستان کے ذات کے طریقے کو مٹانے کے لیے ایک بہت بڑے پیمانے پر معاشری انقلاب کی ضرورت ہے جو انقلاب فرانس سے بدرجہا زیادہ وسیع اور اس سے بدرجہا زیادہ متغیر کرنے والی قوت رکھتا ہو۔ لیکن اس قسم کا انقلاب مشکل ممکن ہے۔ کوئی ایک ذات نہیں ہے جو تنہا اس کی قیادت کے لیے کافی قوت رکھتی ہو اور کوئی ایک دشمن نہیں ہے جس کا مقابلہ کیا جائے۔ ہر ذات اپنے سے اونچی ذات کی مخالفت کرے گی۔ اس کی مثال ایسی جنگ کی ہوگی جو ایک غیر موجود فوج ایسے دشمن کے خلاف لڑے جو کسی مقام پر موجود نہ ہو، اس لیے کہ یہ دشمن ہر جگہ موجود ہے۔ اس طرح ہمیں اس یاس اور غیر دلچسپ نتیجے پر آنا پڑتا ہے کہ تعلیم کی ترقی اور بصیرت و عام روشن خیالی کے پھیلنے کا انتظار کرنا چاہیئے، تاکہ وہ ذات کے طریقے کو بے ضرر بنانے کے لیے اس کا خمیازہ

باب ۴

درہم برہم کردے۔ ہم مزید یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ خاص کر طبقۂ اناث میں روشن خیالی کا پھیلنا ضروری ہے؛ اس لیے کہ عورتوں کی جہالت اور رہٹ ان کو قدیم رواج اور بندشوں کا سختی سے پابند رکھتی ہے۔ اسی طرح یہ نہایت اہم و ضروری ہے کہ دیہات میں روشن خیالی پھیلے، اس لیے کہ ہندوستان جیسے ملک میں جس کی آبادی کا بیشتر اور غالب حصہ دیہاتی ہے، اصلاح کی انتہائی سخت مخالفت سے دوچار ہونا پڑے گا۔[1]

۱۷۔ اشتراک خاندانی کا طریقہ

ایک اور امتیازی خصوصیت جس کو ہندو سماج کی معمولی حالت تصور کیا جاسکتا ہے، "مشترک اور ان بٹے خاندان" کا طریقہ ہے۔ مغربی ممالک میں خاندان، عام طور پر ایک بیوی، ایک شوہر اور ان کے نابالغ بچوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ لیکن ہندوستان میں کسی وقت مقررہ میں غالباً تین تین نسلیں متعدد لاحقین اور رشتہ داروں کے ساتھ بجا رہتی سہتی ہیں اور ایک ہی خاندان شمار ہوتی ہیں۔ غیر منقسم ہندو خاندان نہ صرف املاک کے لحاظ سے بلکہ غذا اور عبادت کے لحاظ سے بھی عام طور پر مشترک ہوتا ہے۔ خاندان کا رواج، بیاہ، تبنیت و کفالت کی حد تک ہندو قانون اور خاص کر قوانین وراثت و توارث کا سنگ بنیاد ہے۔

110

۱۸۔ اشتراک خاندانی کی ابتدا

اشتراک خاندانی کی ابتدا عمرانیات دان عام طور پر اس ترقی سے منسوب کرتے ہیں جو تمدن نے معاشی نشوونما کی ایک منزل گلہ بانی سے زرعی اور صنعتی منزلوں میں جانے میں کی۔ جس وقت شکار کرنے اور جڑیں کھودنے کی منزل کی جگہ ترقی یافتہ زراعت نے لے لی اس وقت انسان کی محنت، زمین جوتنے، مکان بنانے اور مال متروکہ کی نگہداشت کرنے میں خاص طور پر اہم ہوگئی۔ اس وقت معاشی عمل میں مرد کی حیثیت سب سے

---

[1] ہندوستان کی ذات بندی کی تنسیخ کے مختلف طریقوں کی دلچسپ بحث کے لیے ناظرین کو ڈاکٹر جی گھوریہ کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں ذات اور نسل" صفحہ ۱۸۲ تا صفحہ ۱۸۸ کا حوالہ دیا جاتا ہے۔

باب ۴

بڑے عامل کی تھی، چنانچہ اسی لیے ہم ابوّتی خاندان پاتے ہیں[1]۔ معاشی اسباب کو قرابت کے قوی احساس سے اور ایک ایسے مذہب سے مزید تقویت پہنچتی ہے جو آباو اجداد کی پرستش پر زور دیتا ہے؛ اور اس طرح یہ آئین و رواج ایک مرکب معاشری و معاشی نظام بن جاتا ہے اور ان بڑے بڑے خاندانوں کی جماعتوں کی روحانی و معاشی خوش حالی اس کا مقصد قرار پاتا ہے جن سے معاشرے نے ترکیب پائی۔ ہندوستان کے مشترک خاندان کا ابوّتی نظام جو آریوں کے قبضے کے بعد ملک کے طول و عرض میں عام طور پر رائج ہو گیا تھا، قدیم یونانیوں اور رومیوں کے نظام سے جس کو 'پدری اقتدار' (Patria Potestas) کہتے تھے، قریبی مشابہت رکھتا ہے۔ چنانچہ اسی کے بالمقابل ہندوستان میں خاندان کے بزرگ ترین رکن کو بہت بڑا اقتدار عطا کیا گیا ہے جس کی مدد سے وہ خاندان کے کل معاملات کا انتظام کرتا ہے۔ اس کو ایک طرح کا امین یا معتمد علیہ خیال کیا جا سکتا ہے جس کے ہاتھ میں خاندان کی املاک کا نظم و نسق ہوتا ہے اور جو ارکان کی عام مادی و روحانی بہبود کے لیے خاندان کے معاملات کا انتظام کرتا ہے اور اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے اسے ہر طریق عمل اختیار کرنے کا اقتدار حاصل ہے۔ خاندان کی عورتیں اپنی ہی جنس میں سے اپنا ایک علٰحدہ صدر رکھتی ہیں جس کو گھر بار کے اندرونی انتظام اور امور خانہ داری میں مردوں کے بالمقابل اقتدار حاصل ہوتا ہے، اور وہ عام طور پر خاندان کے بیرونی معاملات کی تنظیم میں بھی قابل لحاظ اثر ڈالتی ہیں، اگرچہ یہ خاندان کے سب سے بزرگ مرد کے خاص فرائض میں داخل ہے۔ ہر رکن کی آمدنی ایک مشترک ذخیرے یا پنچایتی مال میں جمع ہوتی ہے اور اس میں سے سب کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے صدر خاندان کے حسب ہدایت رقم خرچ کی جاتی ہے۔ ہر شخص اپنی صلاحیت و قابلیت کے مطابق کماتا ہے اور اپنی ضرورت کے مطابق پاتا ہے۔ اس طرح مشترک خاندان کے نظام کو اشتراکی قومیت کے تصور

[1] دیکھو سیلگ من کی تصنیف محولۂ بالا باب ششم۔

باب ۳

کی سب سے قریبی شکل کہا جا سکتا ہے۔

قرابت، مذہب اور معاشری روایات سے قطع نظر کرتے ہوئے زندگی و محنت کے معاشی حالات نے مشترک خاندان کو اس کا موقع بہم پہنچایا کہ وہ اپنے اتحاد اور ایکے کو طویل صدیوں تک قائم رکھے۔ آمد و رفت اور سفر کے مشکلات نے سب ارکان خاندان کو اس بات پر مجبور کیا کہ مل جل کر رہیں اور زراعت، صنعت یا تجارت کے موروثی خاندانی پیشے کو مشترکہ طور پر انجام دیں[1]۔ اس صورت حال نے انفرادی رکن کو ماہر جانے اور اپنے لیے جداگانہ اور آزاد شغلۂ زندگی پیدا کرنے سے فطری طور پر باز رکھا۔ علاوہ ازیں تفرقی قابلیت سے کام لینے کا میدان بھی وسیع نہ تھا جو موجودہ پیچیدہ معاشی نظام کی خاص خصوصیت ہے۔

111

۱۹۔ مشترک خاندان کے طریقے کی خوبیاں

اشتراک خاندانی کی موافقت میں اکثر امور پیش کیے جا سکتے ہیں۔ اولاً یہ کہ یہ طریقہ لوگوں کو خود غرضی کے بغیر محنت مشقت کرنا سکھاتا ہے اور کسی کو خالی نہیں رکھتا۔ ہر شخص کو کم از کم قوت لایموت کی ضمانت دی جاتی ہے جو معاشی ترقی کی اولین شرط ہے۔ یتیم و یسیر بچوں کی مناسب طریقے پر نگہداشت کی جاتی ہے اور دنیا کے مصائب برداشت کرنے کے قابل ہونے سے پیشتر انھیں دنیا میں بے سہارا نہیں چھوڑ دیا جاتا۔ اسی طریقے سے مشترک خاندان بدنصیب بیواؤں کے لیے بھی ایک محفوظ و موثر ملجا و ماویٰ ہے، خاص کر ایسی صورت میں جبکہ عقد ثانی کے ذریعے سے ان کے لیے موجودہ بے بسی کی حالت سے باہر نکلنا عام طور پر ناممکن ہے۔ علاوہ ازیں مشترک خاندان بوڑھوں اور مفلسوں کے لیے کبرسنی کے وظائف اور مالی امداد کی شکل میں سرکاری انتظام کی ضرورت باقی نہیں رکھتا، معذوروں کے لیے ان کی عدم استطاعت کے باوجود خاندان میں کفالت کی گنجائش نکالی جاتی ہے، اور ان کی طاقت و قابلیت کے مطابق ان کو موزوں کام تفویض کیا جاتا ہے۔ عام طور پر

[1] دیکھو ٹھٹناگر کی تصنیف مولز بالا۔

باب ۴

ہم کہہ سکتے ہیں کہ مشترک خاندان سے ایک حد تک سادہ تقسیم عمل کے فوائد حاصل ہوتے ہیں؛ چنانچہ ہر رکن کو وہی کام دیا جاتا ہے جس کے لیے وہ موزوں ہو۔ دیہات میں کسانوں اور دست کاروں کی عورتیں اور بچے بالغ مردوں کو ان کے کاموں میں مدد دیتے ہیں۔ یہ امر سال کے گرما گرمی کے موسموں میں ایک حد تک اہمیت رکھتا ہے جبکہ اجرت پر محنت دستیاب ہی نہیں ہوتی۔

صرف کا جہاں تک تعلق ہے وہاں تک خانہ داری کا ساز و سامان اور انتظام مشترک خاندان کی صورت میں الگ الگ کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی؛ اس لحاظ سے بھی بہت کچھ کفایت ہوتی ہے؛ قلیل آمدنی سے بہت سے مفید کام لیے جا سکتے ہیں اور مقابلۃً بڑے خاندانوں کا قیام و انتظام زیادہ محنت کے بغیر عمل میں آتا ہے۔ جس وقت تک مشترک خاندان قائم رہے اس کے اثاثے کا بہت زیادہ کفایت شعارانہ استعمال ممکن ہے اور تقسیم و انتشار زمین کی خرابیاں رونما نہیں ہوتیں۔

ان سب معاشی فوائد کے علاوہ مشترک خاندان بحیثیت مجموعی ضبط، تادیب، ایثار، اطاعت و ادب کے محاسن بھی پیدا کرتا ہے۔

112 **۲۰۔ مشترک خاندان کے طریقے کے نقائص۔** تاہم مشترک خاندان کے طریقے کے بعض پوشیدہ نقائص موجودہ زمانے کے متبدلہ حالات کی وجہ سے نمایاں طور پر ظاہر ہوتے ہیں۔ چنانچہ اس طریق کے سب سے بڑے نقائص میں سے ایک یہ ہے کہ محنت اور اس کے صلے کے مابین مطابقت نہیں ہوتی؛ چنانچہ ہم ضمناً کہہ سکتے ہیں کہ اشتراکیت کی اکثر شکلوں کے خلاف اس کو ایک موثر استدلال کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ انسانی فطرت جیسی کچھ ہے اس کے لحاظ سے سخت مشقت کے حق میں بہترین محرک یہ ہے کہ اس بات کا یقین حاصل ہو کہ محنت کرنے والے کو اس کی محنت کا پھل پورا پورا ملے گا۔ لیکن یہ محرک مشترک خاندان میں عام طور پر مفقود ہوتا ہے؛ اس لیے کہ بسا اوقات یہ ہوتا ہے کہ خواہ خاندان کا کوئی رکن کام کرے یا بے کاری میں وقت ضایع کرے اس کو اس بات کا اطمینان و یقین ہوتا ہے کہ بہر صورت اس کی

کفالت کی جائے گی اور یہی یقین خاندان میں ہلوں کی تعداد بڑھا دیتا ہے جس کی وجہ سے خود داری اور ذمہ داری کا احساس نہیں پیدا ہوتا۔

چونکہ مشترک خاندان کا اساسی خیال یہ ہے کہ فرد، جماعت کے اغراض و مقاصد کا تابع رہے جس کی بنا پر خاندان کے صدر کو اس کے ہر رکن کے عمل کی باریکی کے ساتھ تنظیم کرنی پڑتی ہے، لہذا انفرادیت کی ترقی کے لیے فضا ناموافق ہوتی ہے اور لوگوں میں کسی قسم کی اختراعی قوت اور بے باکی نہیں پیدا ہونے پاتی؛ اس لیے کہ ان کا فرض صرف اس قدر ہوتا ہے کہ احکام سنیں اور ان کی اطاعت کریں۔ تنہا صدر خاندان ہی اس سے مستثنیٰ ہوتا ہے، لیکن اس کو بھی خاندان کی ذمہ داری کا احساس بے باکی کے ساتھ خطرات برداشت کرنے سے عام طور پر روکتا ہے جو آج کل معاشی ترقی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ علاوہ ازیں انفرادی ارکان کی آمدنیاں کل خاندان کے مصارف کے لیے بہ مشکل تمام کافی ہوتی ہیں، اسی وجہ سے اصل کی فراہمی اور اس لحاظ سے نڈر طریقے پر کاروبار کو بڑے پیمانے پر چلانے کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ گھر بار کی محبت کا پیدا ہونا اپنا مستحسن پہلو رکھتا ہے لیکن وہ آدمی کو گھر گھسنا بناتا ہے اور باہر نہ نکلنے کی عادات کی ہمت افزائی کرتا ہے جس کی وجہ سے محنت غیر نقل پذیر ہو جاتی ہے۔

۲۱۔ اس طریق کو توڑنے والے جدید اثرات

چونکہ موجودہ زمانے کے حالات بحیثیت مجموعی مشترک خاندان کے طریق کے قیام و دوام کے ناموافق ہیں، اس لیے اس کے نقائص زیادہ نمایاں ہوتے جا رہے ہیں اور یہ طریق ان قوتوں سے عام طور سے مغلوب ہوتا جا رہا ہے جس کا اثر موجودہ زمانے میں اس پر پڑ رہا ہے۔ اولاً یہ کہ ذرائع آمد و رفت و وسائل نقل و حمل نے انفرادی اختراعی قوت کے لیے نئے میدان کھول دیئے ہیں جس کی بنا پر خاندان کے زیادہ بے باک ارکان کو خاندان کا آغوش ترک کرنے اور اپنے لیے آزاد مستقل زندگی پیدا کرنے کی ترغیب ہو رہی ہے۔ دوسرے یہ کہ قدیم خاندانی پیشوں کے زوال یا نقصان نے اکثر صورتوں میں خاندان کے لیے اکٹھا رہنا غیر ممکن بنا دیا

باب

ہے اور علیحدگی اختیار کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ مغربی انفرادیت کا قوی اثر مشترک خاندان کے ایکے پر حملہ آور ہونے میں ناکام نہیں رہا ہے۔ علاوہ ازیں برطانوی قانون اور ضابطے کا نمایاں طور پر انفرادی میلان بھی مشترک خاندان کی شکست کی رفتار کو تیز کر رہا ہے۔ کشاکش حیات کی شدت پذیری، جذبۂ انفرادیت کی ترقی کے ساتھ ملکر مشترک خاندان کو موجودہ زمانے کے کم و بیش خلاف اور متناقص بنا رہی ہے۔ قدیم زمانے کے مشترک 118
خاندان کے ساتھ جو خانگی مسرت اور قناعت عام طور پر منسوب کی جاتی تھی وہ اس صورت میں نہیں پائی جاتی۔ "دو اور لو" کے جذبے کی جگہ غیر مصالحانہ خود استحقاقی نے لے لی ہے، جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج کل اکثر خاندانوں میں جو مشترک بنیاد پر زندگی بسر کر رہے ہیں بے اطمینانی اور چھوٹے چھوٹے جھگڑے فسادوں کا دور دورہ ہے۔

گو بحیثیت مجموعی ہم اس بات کا خیر مقدم کرتے ہیں کہ مشترک خاندان کے طریقے کو بتدریج معدوم کر دینا چاہئے، پھر بھی اس کا یہ مفہوم نہ قرار دینا چاہئے کہ ہم ایسی مذموم انفرادیت کے موافق ہیں جو سراسر نفس پرستی پر مبنی ہو اور کمزور اور محتاج رشتہ داروں کی دست گیری کے لیے اپنے ضمیر کی آواز نہ سن سکے۔ مسئلہ صرف افراط و تفریط سے بچنے کا ہے، یعنی ایک طرف تو انفرادیت کو کاملاً دبانے سے پرہیز کیا جائے اور دوسری طرف باہمی امداد و ہمدردی کے جذبے کو کچلنے سے اجتناب کیا جائے۔ ایثار نفس کی ضرورت ہمیشہ باقی رہے گی لیکن یہ ایثار جبری ہونے کے بجائے ارادی و اختیاری ہونا چاہئے۔

۲۲۔ قوانین وراثت و توریث

مشترک خاندان کی بحث کے بعد ہم فطری تغیر کے عمل کے ذریعے سے قوانین وراثت و توریث کے [illegible] زیادہ تر مشترک خاندان کے آئین و رواج کے تابع تھا۔ جیسا کہ سیلگ من نے کہا ہے "انفرادی ملک کا آئین و رواج موجودہ زمانے کی معاشی زندگی کی تہ میں مضمر ہے" اور ایک طویل ارتقا کی پیداوار ہے جس میں تین اساسی حالتیں تمیز کی جا سکتی ہیں۔ پہلی حالت جماعتی یا فرقہ وار ملکیت کی ہے۔ دوسری حالت ناقابل انتقال اور مشترک خاندانی ملکیت کی ہے۔ تیسری

باب ۴

حالت خانگی انفرادی ملکیت کی ہے۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہندوستان میں ابھی تک دوسری حالت کا دور دورہ ہے اور تیسری حالت کی جانب تغیر شروع ہو چکا ہے۔ ہندو قانونی قیاس ابھی تک غیر منقسم خاندانی ملکیت کی موافقت میں ہے بجز اس کے کہ باقاعدہ تسہیم و تفریق ہو۔[1]

۲۳۔ متکشرا اور دیا بھاگ قانون۔

114 ابتداً اگر خاندانی جائداد کی تملیک کا کوئی تصور تھا تو وہ ایسی ہی نوعیت رکھتا تھا جسے ہم آج کل مشترک ملکیت کہتے ہیں۔ ملکیت پر خاندان کا قبضہ و دخل اجتماعی ہوتا تھا اور ارکان کو انفرادی طور پر اس پر اس معنی میں کوئی حق نہ ہوتا تھا جس معنی میں کہ ساجھے یا شراکت کی جائداد کے مالک شرکا ہوتے ہیں۔ ملکیت اور

[1] انگلستان میں ملکیت عام طور پر انفرادی، آزاد اور غیر محدود ہوتی ہے۔ یوں تو اشتراک کا بھی امکان ہے لیکن قیاسات قانونی اس کے خلاف ہوں گے۔ ملکیت پر بندش ہو سکتی ہے لیکن صرف خاص حالات اور خاص شرائط کے تحت۔ اس کے برخلاف ہندوستان میں مشترک ملکیت ہی عام قاعدہ ہے، اور ہر منفرد صورت میں وہ موجود قیاس کی جائے گی تاوقتیکہ اس کے خلاف کوئی امر ثابت نہ ہو۔ اگر کوئی فرد کسی جائداد کا تنہا مالک ہو تو، یہ جائداد بعد کی نسل میں مشترک حق ملکیت میں مبدل ہو جائے گی۔ قطعی غیر محدود ملکیت جس کی بنا پر مالک اپنی جائداد سے اپنی مرضی کے موافق کام لینے کا اختیار کلی رکھتا ہے مستثنیات میں سے ہے۔ باپ پر بیٹا، بھائی پر اس کے دوسرے بھائی اور عورت پر اس کے وارث روک قائم کرتے ہیں۔ اگر جائداد مخصل یا مکتسب کے ہاتھوں میں آزاد اور بے روک شکل میں بھی ہو تب بھی اس کے ورثا کے ہاتھوں میں پہنچ کر اس پر از سر نو روک قائم ہو جائیگی۔ مغرب میں انفرادی ملکیت عام اصول ہے اور مشرق میں عام قاعدہ اجتماعی یا مشترک ملکیت ہے۔ گو ان دونوں نظاموں کے فرق کو براہ راست تضاد کی شکل میں ظاہر کیا جا سکتا ہے پھر بھی یہ بالکل یقینی ہے کہ دونوں مشترک ماخذ اور بنا رکھتے تھے۔ ہندوستان میں ماضی اور حال میں تسلسل پایا جاتا ہے انگلستان میں دونوں کو ایک وسیع خلیج جدا کرتی ہے۔ اور دونوں کو ملانے کے لیے سابق میں جو پل باندھا گیا تھا اس کے صرف چند تختے اس کی یادگار کے طور پر باقی رہ گئے ہیں" دیکھو جے، ڈی، مین کی کتاب موسوم بہ "رسالۂ ہندو قانون و رواج" صفحہ ۳۰۵۔

باب ۴

انتظام میں تفریق و تمیز کرنے کا سوال اس وقت تک نہیں اٹھا جس وقت تک انتقال جائداد کی اجازت نہ تھی۔ لیکن جس وقت انتقال کا مسئلہ رفتار زمانہ کے ساتھ رونما ہوا تو، ہندو قانون کی دو اہم شرحوں یعنی متکشرا اور دیا بھاگ نے ایک دوسرے سے متضاد دو نظریے پیش کئے[1]۔ متکشرا طریقے کے مطابق باپ کے ساتھ اس کے بیٹے اپنے باپ کے حین حیات خاندانی جائداد کے مشترک مالک ہوتے ہیں لیکن دیا بھاگ طریقے کے تحت بیٹے صرف باپ کے مرنے پر جائداد کے مالک متصور ہوتے ہیں۔ بہرصورت باپ ہی آزاد منتظم ہوتا ہے؛ فرق صرف ملکیت کے بارے میں ہوتا ہے۔ دیا بھاگ طریقے کے تحت باپ اپنے حین حیات تنہا مالک ہوتا ہے۔ متکشرا قانون کے تحت والد اور اس کی اولاد نرینہ اجتماعی طور پر مالک ہوتی ہے، یعنی افراد کے طور پر نہیں بلکہ انجمن کے طور پر۔ اس فرق کی بدولت جائداد کی توریث و تسہیم کے مختلف اصول رونما ہو گئے ہیں۔ اگر کسی مشترک ہندو خاندان کا کوئی رکن اپنا حصہ الگ کرنا چاہتا ہو تو وہ اس کا مطالبہ کر سکتا ہے، اس لیے کہ ہندو خاندان کے ارکان کے لیے مشترکہ طور پر زندگی بسر کرنے کے بارے میں کوئی جبر نہیں ہے۔ لیکن دیا بھاگ طریق کے تحت صرف بھائیوں اور بھائیوں کی اولاد کے درمیان تسہیم ممکن ہے اور باپ اور اس کے بیٹوں کے مابین ممکن نہیں، اس لیے کہ موخر الذکر مالک نہیں ہیں۔ متکشرا طریق کے تحت باپ بیٹوں کے درمیان بھی تسہیم ممکن ہے، اس لیے کہ وہ سب مشترکہ طور پر مالک ہیں، اور تسہیم و تفریق کی صورت میں لڑکوں کو یہ اصرار کرنے کا حق ہے کہ

[1] ہندوستان میں وراثت کے دو طریقے ہیں، متکشرا اور دیا بھاگ۔ موخر الذکر بنگال میں اور اول الذکر ہندوستان کے دوسرے علاقوں میں رائج ہے۔ ان دونوں طریقوں کے درمیان جو فرق ہے اس کا باعث یہ واقعہ ہے کہ متکشرا طریقے کے تحت میراث کے حق کو تعین و منظم کرنے والا اصول "قرابت" یا رشتہ بذریعۂ خون ہے۔ اس کے برخلاف دیا بھاگ طریق کے تحت اس اصول کی جگہ "مذہبی قابلیت" کا اصول لیتا ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ وارث میں لوگوں کو فائدہ پہنچانے کی صلاحیت ہو۔ دیکھو ڈی، لیف، ملا کی کتاب موسوم بہ "اصول ہندو شاستر"، صفحہ ۱۶۔

باب ۴

ان کے حقوق کا احترام کیا جائے[1]۔

۲۴۔ ان دونوں طریقوں کے تحت وراثت

115 اب ہم قانون وراثت پر پہنچتے ہیں۔ "وراثت" کے معنی مالک کی وفات پر اور اس کے نتیجے کے طور پر اس کی ملکیت کے انتقال کے ہیں[2]۔ اصول متکشرا کی رو سے مشترک خاندان میں وراثت کا کوئی سوال نہیں ہوتا، اس لیے کہ کسی رکن کی موت سے ملکیت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی اور جائداد غیر منقسم حالت میں باقی رہتی ہے بجز اس کے کہ تسہیم و تفریق پر اصرار کیا جائے۔ بقول مین "اصول متکشرا کے تحت، جس وقت تک خاندان مشترکہ طور پر زندگی بسر کرنے کا خواہاں ہو اس وقت تک ارکان خاندان کو جائداد سردست توریث کے ذریعے سے نہیں بلکہ باقی ماندہ جائداد کے طور پر پہنچتی ہے۔ چنانچہ دیا بھاگ طریق میں بھی، اگر موت واقع ہو اور اس کے نتیجے کے طور پر کوئی تقسیم و تسہیم نہ ہو تو، خاندان کے معاملات میں کوئی قابل لحاظ تبدیلی نہیں ہوتی۔ صرف ایسی صورت میں جبکہ تسہیم و تقسیم واقع ہو، جانشینی اور توریث کا سراغ لگانے کا سوال رونما ہوتا ہے۔ دیا بھاگ خاندان میں، جب کبھی کسی رکن کی وفات واقع ہوتی ہے، وراثت کا سوال پیدا ہوتا ہے اور متوفی کا حصہ اس کے وارث کو ملتا ہے۔

لیکن یہ نہ خیال کر لینا چاہیے کہ ہندوستان میں کل کی کل املاک مشترک املاک ہیں۔ علیحدہ و انفرادی جائداد حاصل کی جا سکتی ہے، اگرچہ اس کا تعین کرنا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا کہ کن حالات میں وہ الگ ہے لیکن منفرد ملکیت کی صورت میں خالص حق وراثت رونما ہوتا ہے جس کے لیے قانونی اہتمام ضروری ہے۔

۲۵۔ قوانین وراثت و توریث کے معاشی اثرات

ان دونوں طریقوں کے تحت تقسیم و توریث کا نتیجہ یہ ہے کہ جائداد کی تقسیم بہت پھیلی ہوئی ہوتی ہے،

---

[1] دیسی ریاستوں اور بعض زمینداریوں میں تسہیم و تقسیم کی اجازت نہیں ہے اور گدی یا جائداد نسلاً بعد نسل سب سے بڑے بیٹے کو ملتی ہے۔ صرف ان ہی مستثنیٰ صورتوں میں "قانون اولاد اکبر" رائج ہے۔

[2] تسہیم تقسیم بلاشبہ موت پر منحصر نہیں ہے، اگرچہ عام طور پر باپ یا منتظم کی وفات پر عمل میں آتی ہے۔

باب

سب لڑکوں کو مساوی حصہ ملتا ہے اور بیواؤں اور لڑکیوں کو بھی مشترک خاندان میں ایک حد تک حصہ ملتا ہے۔ عام اصول یہ ہے کہ مردوں کی نسل کے کسی مشترک جد اعلیٰ کے مرد اخلاف دوسروں کے مقابلے میں وراثت میں زیادہ حق رکھتے ہیں۔ اسلامی قوانین وراثت و توریث نظری اعتبار سے نہیں تو عملاً ہندو قانون سے بہت قریبی مشابہت رکھتے ہیں۔ مسلمانوں میں اگرچہ اشتراک فرض نہیں کیا گیا ہے، پھر بھی مشترک خاندان کا طریقہ کمیاب نہیں ہے، اور اسلامی شرع کے تحت جائداد کا مالک خواہ جائداد اس کی آبائی ہو یا خود اس کی اکتسابی، صرف اپنے حین حیات اس پر پورا اختیار رکھتا ہے۔ ہندو قانون کے تحت جائداد جتنے اقسام کے ورثار کو ملتی ہے اس سے زیادہ اقسام کے ورثار میں وہ شرع اسلام کے تحت تقسیم ہوتی ہے۔ چنانچہ اسلامی قانون کے تحت تقسیم جائداد کے قواعد و ضوابط کا انحصار صرف قرابت (رشتہ بذریعہ خون) ہی پر نہیں ہے بلکہ بعض منصفانہ ملحوظات پر بھی ہے جن کے ذریعے سے قرابت کی بنا پر مقرر کردہ قواعد میں ترمیم و تبدیلی ہوتی ہے۔ ہندو قانون کی طرح اس میں بھی فرزند اکبر کا کوئی حق تسلیم نہیں کیا گیا ہے اور مرد وارثوں کو عورت وارثوں پر عام طور پر ترجیح دی جاتی ہے۔

ہندوستانی قوانین وراثت و توریث کی حمایت میں یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ فرزند اکبر کے حق کی عدم موجودگی اصول مساوات و منصفانہ تقسیم کے برابر مطابق ہے۔ ان قوانین کا میلان یہ ہے کہ دولت و تمول کے عظیم فرق و اختلاف کو پیدا ہونے سے روکا جائے اور متوسط طبقے کی تعداد میں معقول اضافہ کیا جائے۔ تقسیم زمین پر ان قوانین کے عمل کا جہاں تک تعلق ہے وہاں تک، تاوقتیکہ ان پر حد سے زیادہ عملدرآمد نہ کیا جائے وہ ایک ایسے ثبات پذیر دیہاتی معاشرے کا یقین دلاتے ہیں جو آزاد اور خود دار خود کاشت زمینداروں پر مشتمل ہو، چنانچہ مغرب میں بھی ایسے کسانوں کو ایک مفید زرعی نظام کی پشت و پناہ خیال کیا جاتا ہے جس سے ملک کی خوش حالی کو گہرا لگاؤ ہے۔ یہ واقعہ کہ ہر شخص کو کاروبار آغاز کرنے کے لیے کچھ نہ کچھ مل جاتا ہے،

باب ۴

صنعتی نقطۂ نظر سے ایک بہت بڑی سہولت بہم پہنچاتا ہے۔ ترکے کا چھوٹا ہونا، جو حقداروں میں جائداد کو مساویانہ طریق پر تقسیم کرنے کا عام نتیجہ ہے، بجائے خود اس بات کا محرک ہے کہ راحت و آرام کے عادتی معیار کو برقرار رکھنے کے خیال سے اس ترکے میں مزید اضافے کی کوشش کی جائے۔[1]

لیکن چند اہم امور کا لحاظ کرتے ہوئے ہندوستان کے مروجہ قوانین وراثت ناقص پائے جاتے ہیں۔ سب سے اول یہ کہ ان قوانین کا اثر یہ ہوتا ہے کہ وہ اصل کے ذرائع کی بڑی مقدار میں فراہمی کو روک کر بڑے پیمانے کے کاروبار کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں۔ جب ہر فرد واحد کو قلیل مقدار میں حصہ ملے، جیسا کہ جائداد مساوی تقسیم ہونے کی صورت میں عام طور پر کم حصہ ملتا ہے تو پس اندازی دشوار ہوتی ہے۔ لیکن اس خرابی کو اس طرح رفع کیا جا سکتا ہے کہ صنعت کی تنظیم کو مشترک سرمایہ کے اصول پر اور محدود ذمہ داری کی بنیاد پر ترقی دی جائے جس کی بنا پر بس انداز کی ہوئی چھوٹی رقموں کو بھی بڑے پیمانے کے کاروبار میں لگانے کا موقع ملتا ہے۔

ہندوستان میں ان قوانین کے بے روک عملدرآمد کی ایک اور شدید خرابی یہ ہے کہ تقسیم و انتشار اراضی نے انتہائی صورت اختیار کر لی ہے جس کے نتیجے کے طور پر اکثر کھیت غیر منفعت بخش ہو گئے ہیں اور مقدمہ بازی کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے جو ہندوستانی کسانوں کے افلاس کو بہت ہی نامبارک طریقے سے ترقی دے رہی ہے۔

۲۶۔ کیا ہندوستانی روحانیت ہندوستان کی معاشی پسماندگی کی ذمہ دار ہے؟

اب ہم اس بحث مباحثے پر رائے زنی کرنا چاہتے ہیں کہ آیا ہندوستانی معاشرے کی غیر ترقی پذیر نوعیت اور اس کی عام معاشی پسماندگی کو ہندوستانی روحانیت سے منسوب کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟[2] یہ بات عام طور پر بیان کی جاتی ہے کہ ہندوستان میں "مذہب یہ حکم دیتا ہے کہ تمام مادی فوائد سے

---

[1] دیکھو پی بنرجی کی کتاب موسوم بہ "تحقیق معاشیات ہند" صفحہ ۴۵۔

[2] ہم نے اس عبارت میں جہاں کہیں "ہندوستانی روحانیت" یا "ہندوستانی مذہب" کے الفاظ استعمال

باب ۴

منہ موڑ لیا جائے، اور ہندو کو اس کے مذہب کی یہ تاکید ہے کہ ہر شے کو مذہب کا مظہر تصور کیا جائے۔" علاوہ ازیں ہندوستانی تہذیب و تمدن کی خصوصیت "لامحدود" کا مستقل احساس ہے، اس کے برخلاف معاشی ترقی زندگی کے 117
"محدود" اور "مادّی" پہلو سے انہماک کی طالب ہے۔ سب سے اول ہمیں اس بات پر غور کرنا ہے کہ آیا ہندوستانی مذہب و فلسفہ نے اخروی روشن کا حکم ایسے مفہوم میں دیا ہے جس مفہوم میں کہ دوسرے مذاہب اور فلسفے حکم نہیں دیتے۔ دوسرے یہ کہ ہمیں یہ غور کرنا ہے کہ ہندوستان میں معاشی ترقی کی راہ میں ترک دنیا کے نصب العین کا تسلّط کس حد تک مزاحم ہے، اس لیے کہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ہندوستانی روحانیت اسی نصب العین کو عوام کے سامنے پیش کرتی ہے۔

۲۷۔ تاریخ سے رجوع۔

اس سلسلے میں ہم اس استدلال کے خلاف کہ ہندوستانی روحانیت نے زندگی کے مادّی پہلو سے عام تغافل اور قنوطی روش کو فروغ دیا ہے، ابتداءً تاریخی شہادت کی طرف رجوع کر سکتے ہیں۔ اگر ہندوستانی دماغ بالکل آخرت کے خیالات سے مملو ہوتا، جیسا کہ اس سے یہ بات وقتاً فوقتاً منسوب کی گئی ہے تو، اہل ہند تاریخ میں عظیم الشان سلطنت سازوں، فاتحوں اور نڈر نوآبادکاروں کی حیثیت سے مشہور نہ ہوتے[1]۔ ان تمام سمتوں میں ان کے نمایاں کارناموں پر کوئی اعتراض نہیں کیا گیا ہے۔ ہندوستانیوں کے مقاصد و اغراض کسی طرح مذہب و

بہ سلسلۂ حاشیہ صفحہ ۱۷۶۔ کہتے ہیں، وہاں ان سے ہمارا مطلب "ہندو روحانیت" یا "ہندو مذہب" ہے۔ اسلام کا حوالہ اس مفہوم سے خارج کر دیا گیا ہے، اس لیے کہ اول تو ہندومت ہی ہندوستان کی اکثریت کا مذہب ہے اور دوسرے یہ اسلام کے متعلق یہ بات عام طور پر تسلیم کی جاتی ہے کہ وہ ہندو مذہب کے مقابلے میں طلب حق کا زیادہ اور ترک دنیا کا کم حامی ہے۔ اور ہندومت کے مقابلے میں مدافعت و حمایت کا کمتر محتاج ہے۔

[1] دیکھو کالے کی تصنیف جلد اول باب ۳۔

باب ۲ فلسفہ تک محدود نہیں رہے ہیں اگرچہ انھوں نے ان شعبوں کو اپنے لیے مخصوص کر لیا تھا۔ یہ نظریہ کہ ہندوستانی دماغ ہمیشہ مذہبی و مابعد الطبیعی خیال آرائیوں میں منہمک رہا ہے اور دوسرے غرائض پر اس نے کوئی توجہ نہیں کی ایجابی علوم میں اس کے مسلمہ کارناموں سے متناقض رکھتا ہے۔ یہ بات قریب قریب یقینی ہے کہ ہندوستان کے قدیم باشندوں ہی نے ریاضی و میکانی معلومات کی بنا ڈالی۔ انھوں نے زمین کی پیمائش کی، افلاک کے نقشے کھینچے، آفتاب اور سیاروں کی رفتار و گردش کا حال حلقۂ بروج کے ذریعے سے معلوم کیا، مادّہ کی ترکیب کا تجربہ کیا، اور پرندوں، چرندوں، نباتات اور تخموں کی نوعیت کی تحقیق کی۔ الجبرا کی ایجاد اور ہیئت و اقلیدس پر الجبرا کے اطلاق کا سہرا ہندوؤں ہی کے سر بندھتا ہے۔ اعدادی علامتوں کا بھی یہی حال ہے جو یورپ میں ہر جگہ رائج ہیں[1] علاوہ ازیں قدیم ہندوستانی دستی صنعتوں کی پیداوار نے جو عالمگیر شہرت حاصل کی وہ اس واقعے کی بیّن شہادت ہے کہ ہندوستانی روحانیت نے گزشتہ زمانہ میں معاشی جد و جہد کو مفلوج نہیں کیا۔

یہ صحیح ہے کہ ہندوستانیوں نے بڑے میکانی آلات ایجاد نہیں کئے، چنانچہ رادھا کرشن نے اس کا ذمہ دار "مہربان آکاش" کو قرار دیا ہے جس نے انھیں بڑے بڑے دریائی سلسلے اور غذا کی وافر رسد مہیا کی۔ گو یہ نظریہ اس قدر سیدھا سادہ ہے کہ اس کو مکمل تشریح و توجیہ کے طور پر تسلیم نہیں کیا جا سکتا، پھر بھی ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ اس کے بدل کے طور پر جو مفروضے پیش کئے جاتے ہیں کہ ہندوستانی عقل و ذہانت میں جبلّی نقص موجود ہے یا ہندوستانی دماغ دنیوی معاملات کے مقابلے میں روحانی معاملات میں زیادہ منہمک ہے ان کو مسترد کرنے کے کافی وجوہ ہیں۔ علاوہ ازیں یہ بھی یاد رکھنا 118
ضروری ہے کہ میکانی ایجادوں کا سلسلہ تو بہت ہی حال کے زمانے سے شروع ہوا ہے۔ ہندوستان کم از کم اٹھارھویں صدی تک مادی تہذیب و تمدن کے فنون و صنائع کی حد تک مغرب کی سربرآوردہ

[1] یوں تو مؤلف صاحبان اپنے بیان کے مختار و ذمہ دار ہیں تاہم یہ وضاحت بے محل نہ ہوگی کہ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے "الجبرا" یا "الجبر والمقابلہ" عربوں کی ایجاد مانا جاتا ہے اور یورپ نے یہ علم عربوں ہی سے حاصل کیا۔ علیٰ ہذا علامات اعداد بھی جو یورپ میں رائج ہیں "عربی" کہلاتے اور مانے جاتے ہیں۔ (مترجم)

باب ۴

قوموں سے مقابلے کا دعویٰ کر سکتا تھا۔ یہ واقعہ کہ اس صدی کے بعد سے جمود طاری ہو گیا ہے اس کو ہندوستانی روحانیت سے معقولیت کے ساتھ منسوب نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے برخلاف، جیسا کہ متعارف بیان ہوا، دوسرے ایسے اکثر اثرات کام کرتے رہے ہیں جو اس واقعہ کی مناسب و اطمینان بخش توجیہ کرتے ہیں۔

۲۰۸۔ معاشی جد و جہد پر مذہبی عقیدے کے اثر کو مبالغے سے بیان کیا جاتا ہے۔

موجودہ زمانے کے حالات پر نظر ڈالتے ہوئے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ہندوؤں میں مارواڑی، بنین، اور بھاٹیا اور مسلمانوں میں خوجے، بوہرے اور یمن جیسے لوگوں اور اقوام ہی کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے، کہ وہ مذہب کے بارے میں راسخ الاعتقاد ہوتے ہیں اور اس کے اثر کو سب سے زیادہ قبول کرتے ہیں، لیکن اس کے باوجود ان ہی لوگوں نے ملک کی جدید صنعتی زندگی میں نمایاں حصہ لیا ہے اور مغربی صنعتی زندگی اختیار کرنے کی نمایاں صلاحیت ظاہر کی ہے[1]۔ اس لحاظ سے ظاہر ہے کہ ہندو دھرم یا مذہب اسلام کی پیروی، مادی اغراض کی کامیاب تکمیل سے تناقض یا اختلاف نہیں رکھتی۔ اگر یہ بھی بیان کیا جائے کہ ہندوستان میں مذہب کا میلان دنیاوی و مادی جد و جہد کی جملہ شکلوں کے خلاف ہے، جیسا کہ موجودہ زمانے میں عام طور پر سمجھا جاتا ہے، تب بھی متوسط درجے کے پیرو کی حد تک مذہب کا اثر اس صورت میں کارگر طریقے پر زائل ہو سکتا ہے جبکہ حالات مادی ترقی کے موافق ہوں اور جبکہ ان حالات سے پوری طرح استفادہ کرنے کی جبلی صلاحیت موجود ہو۔ بنین اور بھاٹیا جیسی مذکورہ بالا متعدد قوموں کو برطانوی حکمرانی سے بیشتر ہی سے اپنی کاروباری جد و جہد اور بے باکانہ تجارت کے دیرینہ روایات سے یقیناً مدد ملی۔ کوئی مذہب خواہ بلحاظ نوعیت دنیا سے کتنا ہی بے تعلق

---

[1] دیکھو کالے کی انڈین جلد اول صفحہ ۔

باب ۷

کیوں نہ ہو، انسان کی معاشی حالت کی اصلاح کے فطری محرک پر مستقل غلبہ حاصل کرنے کے قابل نہیں ہوتا۔ معاشی محرک کم از کم اتنا ہی قوی ہوتا ہے جتنا کہ مذہبی محرک، بلکہ اپنے عمل میں زیادہ مسلسل اور دیرپا ہوتا ہے اور یہ بات مغرب و مشرق دونوں پر یکساں صادق آتی ہے۔ البتہ صرف اس صورت میں جبکہ عام معاشی توقعات مایوس کن ہوتے ہیں، مثلاً جس وقت نظم و نسق اس قدر ظلم و تعدی پر مبنی ہوتا ہے کہ ہر تخلیقی جد و جہد کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے تو متوسط آدمی مذہب میں سکون تلاش کرتا ہے جو توکل اور تسلیم و رضا کی تلقین کرتا ہے اور ان چیزوں کو ایسی تسکین بخش دوا کی طرح استعمال کرتا ہے جو اس شخص کو ان خرابیوں کے احساس سے بیخبر بنا دیتی ہے جن میں وہ گھرا ہوا ہوتا ہے اور جن کا برداشت کرنا اس کے لیے اس واسطے ضروری ہے کہ وہ ان کو دفع کرنے سے قاصر ہے۔ جس وقت اس کی دنیاوی حالت کو قطعی جد و جہد کے ذریعے سے درست کرنے کے مواقع اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں تو، فلسفۂ بے عملی سے الفت ۱۱۹
اور ایسے مذہب سے محبت جو لوگوں کو با مقصد مادی جد و جہد سے پھیر دے خالص رسمی چیز بن جاتی ہے۔ مذہب اور زندگی میں ربط باقی نہیں رہتا، اور لوگ مذہبی اقوال و احکام کی پابندی صرف زبانی کرکے اپنی زندگی بالکل جداگانہ معیاروں کے مطابق منظم کرتے ہیں، یا اس کے بدل کے طور پر کسی مذہب کی پیروی، چند مقررہ مذہبی رسوم کی انجام دہی اور بعض رواجوں اور طریقوں کی سختی سے پابندی تک محدود رہ جاتی ہے جو پُرجوش تلاش معاش میں کسی طرح لازمی طور پر مزاحم نہیں ہوتی۔ یہ متناقض صورت حال اس وجہ سے رونما ہوتی ہے کہ روایتی طور پر مسلمہ اعتقاد بدلے ہوئے حالات کے مطابق نہیں ہوتا، لیکن اس صورت حال کے پہلو بہ پہلو خود مذہب بتدریج تازہ عقلی ترکیب پانے لگتا ہے اور اپنے اندر نئے تصورات پیدا کر لیتا ہے جو اعتقاد اور عمل کی درمیانی خلیج کو پاٹنے میں مدد دیتے ہیں۔ غرض اس کی ہئیت ایک نئے سانچے میں ڈھلتی ہے،

باب

یہاں تک کہ یہ خیال ترک کر دیا جاتا ہے کہ دنیاوی جد و جہد جبلّی طور پر بے نتیجہ یا گناہ کا کام ہے۔ یہ میلان رونما ہوتا ہے کہ ریاضت اور دنیا سے کنارہ کشی کی بجائے دنیا میں رہ کر پرجوش محنت و مشقت کرنے کے متعلق وعظ و تلقین کی جائے اور اس امر سے انکار کیا جائے کہ دنیاوی اور روحانی جد و جہد کے مابین کوئی نمایاں خط فاروق قائم کرنا ضروری ہے۔ مادّی اغراض کے لیے سعی کرنے کے متعلق یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ وہ لازمی طور پر روحانی انجام کے خوابوں کے خلاف نہیں ہے اور کسی فرد کی زندگی میں دونوں محرکات کو باہم اس طرح وابستہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ ایک ہی مقصد کو پورا کرنے کے لیے کارآمد بن جائیں۔ جدید مسیحی دنیا انجیل کے اس خیال کے لفظی معنی نہیں لیتی کہ امیر آدمی، جہاں تک اس کے روحانی انجام کا تعلق ہے، خطرے میں ہوتا ہے[1]۔ چنانچہ موجودہ زمانے کے مسیحی علمائے دین اس کو مان لینے کے لیے فوراً تیار ہو جائیں گے کہ کیڈبری جیسے کاروباری آدمی کے لیے کسی دوسرے شخص کی طرح بہشت میں داخل ہونے کا اچھا خاصا موقع ہے۔ اس لیے کہ مادّی دولت بذات خود کوئی بری چیز نہیں ہے۔ اگر دولت دیانت داری کے ساتھ ملے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ جو شخص اس کو کما رہا ہے اس نے کوئی قابل قدر خدمت انجام دی ہے جس کا "معقول صلہ دینا" قوم مناسب اور سود مند خیال کرتی ہے۔ زر کا کمانا اور صرف کرنا دونوں کے متعلق یہ ممکن ہے کہ ان کا مقصد اور نتیجہ اخوانی اور بے غرضانہ ہو۔

۲۹۔ جبریت، ماضی کے تنزل سیاسی حالات کی میراث ہے

ہم یہ خیال کرنے کی جانب پوری قوت کے ساتھ مائل ہیں کہ "جبریت"

[1] "جن لوگوں کے پاس دولت ہے ان کے لیے خدا کی بادشاہت میں داخل ہونا کس قدر دشوار ہے! ایک اونٹ کا سوئی کے ناکے میں سے گزرنا اس سے آسان تر ہے جتنا کہ امیر آدمی کا خدائی بادشاہت میں داخل ہونا" دیکھو انجیل (مرقس) باب ۱۰ ص ۲۳

باب ۴

یا دنیا سے بے تعلقی اور رہبانیت جو زندگی کے بارے میں ہندوستانی نقطۂ نظر کی خصوصیت اور لوگوں کی مادی ترقی کی راہ میں سنگین رکاوٹ خیال کی جاتی ہے، بڑی حد تک اس سیاسی افراتفری سے منسوب کی جا سکتی ہے جو ملک کے اندر برطانویوں کی آمد سے فوراً ہی پیشتر پائی جاتی تھی اور جس نے معاشی محرک کے معمولی عمل کو ناممکن بنا دیا تھا۔ جب حکومتیں لوگوں کی حفاظت کرنے کی بجائے ڈاکہ زنی کرنے لگیں، اور واقعہ بھی یہی ہے کہ برطانوی راج کے قائم ہونے سے پیشتر کے دور بدنظمی و بدامنی میں جو حکومتیں موجود تھیں ان میں سے اکثر پر یہ بیان پوری طرح صادق آتا تھا؛ اور جب لوگوں کی حالت یہ ہو کہ وہ سالہا سال کی محنت و مشقت کا ثمرہ کسی ناگہانی حملہ آور کی دست برد یا کسی ظالم حاکم کی چیرہ دستی کے باعث آن کی آن میں کھو بیٹھیں تو دولت کی پیدائش اور فراہمی کی تحریک و ترغیب کا بہت ہی کمزور حالت میں ہونا یقینی اور لابدی تھا۔ یہ فطری امر ہے کہ ان حالات کے تحت لوگوں کا مطمح نظر امید اور بلند حوصلگی نہ رہا، ان کے دماغوں پر جبریت کا تسلط ہو گیا اور وہ تقدیر کے قائل بن گئے۔

120

۳۰۔ مذہب کو متبدلہ حالات کے مطابق بنانے کے لیے مذہب کی از سر نو تعبیر کا عمل۔

امن قائم ہوتے ہی اور مغربی خیالات اور مغربی سائنس کے اثر کے تحت، مذہب کی از سر نو تعبیر ان ہی اسلوب پر شروع ہو چکی ہے جن سے مغرب آشنا ہے، اور محبوں صبر و تحمل سے زیادہ بامقصد عمل کی تلقین کی جا رہی ہے[1] دوسرے الفاظ میں، کسی مقررہ وقت میں مذہب کے بارے میں

[1] ہندوستان میں مذہب کی از سر نو تعبیر کا جو عمل جاری ہے اس کی مثالوں کے طور پر

کسی قوم کا جو مطمح نظر ہوتا ہے وہ زیادہ تر عام طور پر ان کی معاشی حالت کا سبب نہیں بلکہ نتیجہ ہوتا ہے۔ جوں جوں معاشی حالت زیادہ موافق ہوتی جاتی ہے وہ زیادہ امید افزا حالت یا روش پیدا کرتی ہے اور یہ یقینی ہو جاتا ہے کہ جبری اصول پس پشت ڈال دیے جائیں۔ یہ تصور کرنا غلطی ہے کہ ہندو مذہب معاشی ترقی کی راہ میں مستقل مزاحمت پیدا کرتا ہے؛ اس لیے کہ یہ مذہب نہ تو یونانی لکیر کا فقیر ہے اور نہ دائمی طور پر معین شکل رکھتا ہے؛ بلکہ وہ اپنا رنگ روپ بدلتا رہتا ہے، تاکہ خیالات کی ترقی اور مادی حالات کی اصلاح و ترقی کے مواقع کا ساتھ دے سکے۔[1] ہندوستانی تمدن اور شائستگی صدہا 121
سال سے متعدد اور طاقت ور حملوں کے باوجود باقی چلی آرہی ہے جس کا راز اس کی لچک اور قدامت پسندی ہے، اور یہ خیال کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ وہ موجودہ حالات کا ساتھ دینے کی صلاحیت ہی نہیں

بقیۂ حاشیۂ صفحۂ گزشتہ۔ رادھا کرشنن کی کتاب موسومہ بہ "ہندوستانی فلسفہ" جلد اول سے ذیل کی منتخب عبارتیں نقل کی جاتی ہیں:-

عزلت گزینی یا ترک دنیا کے ذریعے سے نجات حاصل کرنے کی کوششوں میں یہ خیال بھی شامل ہے کہ ایک شخص کی آتما تمام دنیا کی آتماؤں سے بحیثیت نظری زیادہ قریبی ہے۔ یہ کوشش کسی جنس پسندگی کے جذبے کو بیان کرتی ہے۔ اور یا نشید کا یہ منشا ہے کہ ہمدردی پیدا کرے لیکن بے غرضی (دیکھو آگے طریقے ۱۰ دیکھو صفحہ ۲۱۵) "جھوٹی ریاضت انسان یا خود غرضی کو ایک خواب اور دنیا کو ایک دھوکہ خیال کرتی ہے" اوپانشید کے مشرب کے خلاف ہے۔ "تمام دنیا کی خدمت کی تمنا" سے پسند ہے۔ تسلیم و رضا کا فلسفہ "خلاقانہ ستم کا ریاضت آموز رضا بالقضا" کارما اور دنیا سے بیزاری کا میلان۔ صوفی کائنات کے حقائق کو توہین ہے بلکہ اپنی ذات کے خلاف ہے۔ اور دنیا تو ہی فرض رکھتی ہے۔ اوپانشید کا بنیادی عقیدہ ہے اور اس کے نتیجے کے طور پر دنیا یہ بھی (صفحہ ۲۱۵)۔

[1] "کیا۔ لحاظ عقیدہ اور کیا۔ لحاظ عمل ہندو دست کوئی ایسا مذہب نہیں ہے جو یکسانی

باب ۴

رکھتی؛ سچ پوچھو تو پرانی عبارتوں میں نئے معنی داخل کرنے اور پرانی بوتلوں میں نئی شراب بھرنے کا عمل ہندو مذہب میں جتنا آسان ہے اتنا غالباً کسی دوسرے مذہب میں نہیں۔ مخالف نقادوں نے کہا ہے کہ ہندو مذہب غیر منظم اور بے قاعدہ ہے اور اس میں یہ صلاحیت نہیں پائی جاتی کہ اس کو کسی قطعی اصول کے مجموعے کی شکل میں معین کیا جائے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ "ناقابل تنقید اور ہوا کی طرح ناقابل گرفت ہے"۔ لیکن یہی چیز دراصل کو ایک حد تک طاقت بخشتی ہے اور نئے نئے حالات کے اقتضا کے مطابق صورت اختیار کرنے کی حیرت انگیز صلاحیت پیدا کرتی ہے۔ چنانچہ اس الزام کے باوجود کہ یہ مذہب دنیاوی معاملات سے سرد مہری اور بے اعتنائی برتنے کی ترغیب و تحریص دلاتا ہے، وہ یہ ثابت کرنے میں کوئی دقت نہیں پاتا کہ اگر اس کو مناسب طریقے پر سمجھا جائے تو یہ الزام عائد نہیں ہو سکتا۔ وہ اپنے معتقدوں سے یہ التجا نہیں کرتا کہ دنیاوی اغراض سے دست کش ہو جائیں بلکہ صرف یہ کہ خود غرضانہ سعی ترک کر دیں۔ وہ یہ نہیں کہتا کہ دنیا سے کنارہ کشی اختیار کرو، بلکہ صرف یہ کہ دنیا میں سیدھے راستے چلو۔ تلک کی یادگار تصنیف موسوم بہ "گیتا رہاسیا" کا اصل مضمون یہ ہے کہ "بھگوت گیتا" ایک ایسی کتاب ہے جو ہندوؤں کی انجیل ہونے کا دعویٰ کر سکتی ہے، اس میں ترک دنیا (تیاگ) پر باعمل زندگی کو نمایاں طور پر ترجیح دی گئی ہے، اور وہ دنیا سے وابستگی کے بغیر عمل کرنے کی تلقین کر کے زندگی کے روحانی اور مادّی پہلوؤں میں ربط و مطابقت پیدا کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ بسا اوقات یہ خیال شدّ و مد

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ: کے ساتھ بے حرکت اور غیر متبدل ہو۔ ہندو دھرم ایک حرکت ہے نہ کہ سکون؛ ایک عمل ہے نہ کہ نتیجہ؛ ایک ترقی پذیر روایت ہے نہ کہ معین الہام"۔ (دیکھو ایس، رادھا کرشنن کی کتاب موسوم بہ "زندگی کے بارے میں ہندو نقطۂ نظر" صفحہ ۱۲۹)۔

کے ساتھ پیش کیا گیا ہے کہ ہندوستانی قنوطیت کا اصلی سبب ہندو مذہب کا ایک خصوصی اصول یعنی "کرما" ہے اس لیے کہ اس کی رو سے نجات (تپسیا) اور ترک دنیا (سنیاس) ہی جنموں اور نئے جنموں کے بیکار تار چکر سے بچنے کا اکیلا ذریعہ ہے۔ لیکن اس اصول کی مختلف طریقے پر بھی تعبیر کی جا سکتی ہے؛ چنانچہ یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ وہ عمل کی راہ میں مزاحم ہونے کی بجائے اس کے حق میں نہایت طاقت ور محرک ہے، اس لیے کہ اس کی رو سے انسان ہی اپنی قسمت بناتا ہے نہ کہ قضا و قدر۔

یہ بیان بھی دلچسپی سے خالی نہیں کہ اسلام کے بعض خصوصی احکام پر بھی اسی طریقے سے نظر ثانی کی جا رہی ہے اور ان کو حالات کے مطابق بنایا جا رہا ہے۔ چنانچہ عام عقیدے کے مطابق مسلمان کے لیے سود (ربا) کا لین دین جائز نہیں ہے۔ اسی وجہ سے یہ بحث بہت سنجیدگی کے ساتھ کی جاتی ہے کہ آیا کسی سچے مسلمان کا ایک ایسی انجمن کا رکن بننا جائز ہے کہ نہیں جو سود کا لین دین کرتی ہے۔ یہ بات بھی بخوبی معلوم ہے کہ مسلمانوں کی امانتی رقموں کے سود کا لاکھوں روپیہ ڈاک خانے کے سیونگ بنکوں میں لاوارثی پڑا رہتا ہے۔ اس امتناعی حکم کی بنا پر موجودہ حالات کے تحت بظاہر جو دشواری پیدا ہو گئی ہے اس کے مدنظر یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ قرآن شریف کی متعلقہ آیتوں کی اس طرح تشریح کی جائے کہ ان کی رو سے صرف ربا ممنوع قرار پائے نہ کہ ہر قسم کا سود۔[1]

۳۱۔ ہندوستانی قنوطیت کے دوسرے اسباب مذہب کے سوا

122 اس طرح ہندوستانی ذہنیت کی خصوصیت کے متعلق اکثر مبصروں کا یہ خیال ہے کہ اس میں قنوطیت اور رنج و غم بے چون و چرا برداشت کرنے کا انداز پایا جاتا ہے، اس کی کافی توجیہ و تشریح کے لیے ہندوستانی مذہب و

---

[1] دیکھو ام ال ڈارلنگ کی کتاب موسوم بہ (Rusticus Loquitur) صفحہ ۳۶۷ تا صفحہ ۳۹۸

باب ۷

فلسفہ کے اثر کے علاوہ دوسرے اسباب کی تحقیق کرنا ضروری ہے۔ اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ ہندوستان پر صدیوں کے غیر ملکی تسلط و قبضہ اور نظم و نسق کی خرابیوں کا اثر یہ ہوا کہ ہر طرف افسردہ دلی اور اداسی چھا گئی۔ ہمارے بیان کردہ اسباب کی فہرست میں انسان کی تباہ کاریوں کے ساتھ فطرت کی ستم کاریوں کا اضافہ بھی ضروری ہے۔ ہندوستان کی آب و ہوا اور موسم کا اثر خاص کر ان علاقوں میں جو انتہائی گرم یا مرطوب ہیں، یہ پڑتا ہے کہ انسان کے جسمانی قویٰ کمزور ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے یہ امکان قوی ہو جاتا ہے کہ جسم انسانی ان امراض کو قبول کر لے جو منطقۂ حارّہ میں پھیلے ہوئے ہیں، مثلاً ملیریا، طاعون، اور خناقیہ۔ ان امراض میں سے بعض مثلاً خناقیہ مہلک نہ بھی ہوں تو جسمانی طاقت و توانائی عام طور پر گھٹا دیتے اور مردہ دلی پیدا کرتے ہیں۔ ایسی حالت میں زندگی میں زندہ دلی اور رجائیت کے مطمح نظر پر قائم رہنا غیر ممکن ہو جاتا ہے[1] اس طرح قنوطیت کی ایک عضویاتی بنیاد ہے جس کو نظر انداز نہ کرنا چاہئے۔ اس کے علاوہ قحط سالیوں جیسی آفتوں کے اثر کا بھی لحاظ کرنا ضروری ہے جن کا کھٹکا ہندوستان جیسے زرعی ملک کو ہر آن لگا رہتا ہے؛ اس لیے کہ اس کا انحصار غیر معین بارش پر ہے اور گزشتہ زمانے میں قحطوں کو روکنے کے لیے ویسے کارگر انتظامات نہیں کئے جا سکتے تھے جیسے کہ اس زمانے میں موجود ہیں؛ مثلاً قحط کا بیمہ اور امداد قحط۔ اس بلا کے متواتر نزول اور اس کے مقابلے میں کامل بے بسی و بے چارگی نے لوگوں میں لازمی طور پر یاس اور قنوطیت پیدا کر دی ہوگی اور تقدیر کا قائل بننے اور تسلیم و رضا سے کام لینے کی ہمت افزائی کی ہوگی۔ مرض اور قحط کے یہ توام حزینے جو ہندوستانی اسٹیج پر ایک زمانہ دراز سے بار بار ادا ہو رہے تھے، لوگوں کی افسردہ دلی اور اداسی کی بہت بڑی حد توجیہ کرتے ہیں۔ ایک توجیہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ معاشرے کے سر پر ذات پات کا

[1] دیکھو رونالڈ شے کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان پر ایک طائرانہ نظر" باب ۲۲۔

بھوت سوار ہونے کی وجہ سے اس پر اور خاص کر پست ذاتوں پر ایسی بہت سی پابندیاں عائد تھیں جنھوں نے انسانوں کے ایک انبوہ عظیم کے لیے معاشرتی و معاشی صلاح و ترقی کا راستہ بند کر دیا تھا اور اس کو غلامی کے جنجال میں پھنسا دیا تھا جس سے رہائی کی کوئی امید نہ تھی۔

مغربی یورپ میں بھی عوام میں رجائیت اور شوق حصول کا رونما ہونا قریبی زمانے کا واقعہ ہے۔ جدید سائنسی دور سے پیشتر یہ خیال کیا جاتا تھا کہ قحط و خشک سالی جیسی آسمانی بلائیں اور طاعون، ہیضہ جیسے متعدی امراض کی اشاعت خدائی قہر و غضب کی علامت تھیں جن کے خلاف ہاتھ پیر مارنا یا جد و جہد کرنا کمزوری اور فانی انسان کے لیے بے سود تھا۔ گویا یورپ میں بھی کسی زمانے میں عوام کے خیالات پر تمام تر مشرقی جبریت کا رنگ چڑھا ہوا تھا۔ اگر لے لبسی اور بے چارگی کی یہ حالت یورپ میں بڑی حد تک غائب ہو گئی ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ سائنس کی مدد سے اور اس کے گوناگوں مظاہر کی بدولت جو علم طب کی نشوونما اور وسائل آمدورفت کی توسیع و ترقی وغیرہ کی صورت میں رونما ہوئے ہیں انسان یہ محسوس 123
کرنے لگا ہے کہ قدرت پر اس کا قابو بڑھ رہا ہے اور جو کامیابیاں اور فتحمندیاں اس کو حاصل ہو رہی ہیں ان کے مدنظر یہ خیال کرتا ہے کہ ہر خرابی اور کمی جو اس میں پائی جاتی ہے دائمی کوششوں کے ذریعے سے قابل علاج اور قابل تکمیل ہے۔ ہندوستان میں بھی زندگی کے نقطۂ نظر کے بارے میں اسی کے مثل تبدیلی کا آغاز ہو چکا ہے اور اس کا امکان بلکہ یقین ہے کہ جوں جوں نئی روشنی پھیلتی اور تعلیم عام ہوتی جائے گی، عملی سائنس ترقی کرتی جائے گی اور قومی معاشی نشوونما کی پالیسی استقلال کے ساتھ اختیار کی جائے گی، ویسے ویسے ہندوستانی قنوطیت کے موجودہ اسباب غائب ہوتے جائیں گے اور یہ خیال

قائم کرنے کی کوئی بنیاد نہ رہے گی کہ قنوطیت ہی معاشی ترقی کے راستے کی بڑی رکاوٹوں میں سے ایک ہے۔

باب ۵

ہندوستان کی معاشی حالت میں تغیر

۱۔ انگلستان کا صنعتی انقلاب

اس باب میں ہم معاشی ترکیب و تنظیم کے ان اساسی تغیرات پر تبصرہ کریں گے جنھوں نے اس ملک کی زندگی اور محنت کو گزشتہ ایک سو سال میں بدل دیا ہے۔ جو قوتیں برسرکار رہیں وہ ایک حد تک وہی تھیں جن کی مختصر تعریف "صنعتی انقلاب" کی اصطلاح میں کی گئی۔ اِن قوتوں کی نوعیت کو سمجھنے کے لیے انگلستان کے صنعتی انقلاب کا حال اجمالی طور پر بیان کر دینا مفید ہوگا۔

گو انگلستان کے صنعتی انقلاب نے ایک اعتبار سے تباہ کن نتائج پیدا کیے، لیکن دوسرے اعتبار سے وہ خود ایسی قوتوں کا نتیجہ تھا جو کامل نشو و نما پانے سے قریب قریب دو سال پیشتر سے کارفرما تھیں اور جنھوں نے اٹھارھویں صدی کے کم و بیش وسط میں کافی قوت حاصل کر لی تھی۔ چنانچہ ان ہی کے نتیجے کے طور پر وہ جاذب نظر تغیرات وقوع پذیر ہوئے جن سے "صنعتی انقلاب" کا نام خاص طور پر منسوب کیا جاتا ہے۔ اس کے متعدد اسباب تھے کہ صنعتی انقلاب

باب ۵ نے پہلی دفعہ رونما ہو کر انگلستان کو ایسا مرکز کیوں قرار دیا۔ امریکہ کی دریافت اور ہندوستان کے بحری راستے کے انکشاف کے باعث سولھویں اور سترھویں صدی میں جو تجارتی انقلاب رونما ہوا وہ صنعتی انقلاب کا لازمی پیش خیمہ تھا اس لیے کہ تجارتی انقلاب نے تجارت بین الاقوام کی نوعیت اور پیمانے کی کایا پلٹ دی اور عالمگیر بازار کھول دیئے جو صنعتی انقلاب کی میکانکی ایجادوں کی پیداوار بہت بڑی مقدار میں جذب کر لیتے تھے۔ مغربی یورپ کے ملکوں کے "تجارتی" اصول کی امتیازی خصوصیت تجارتی اجارہ کا نظریہ تھا جس کے باعث سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں معاشی قومیت کی جنگوں کا سلسلہ جاری رہا۔ اور گو انگلستان ان جنگوں سے کامیاب اور سرخرو نکلا اور اس کی بحری اور تجارتی طاقت پہلے سے بہت زیادہ ہو گئی، لیکن انگلستان کے رقیبوں اور حریفوں کے ذرائع وصنائع نہایت کمزور ہو گئے اس کی وجہ سے انگلستان کی مسابقت کی قوت بہت بڑھ گئی۔ علاوہ ازیں جس زمانے میں انگلستان میں صنعتی انقلاب رونما ہوا اسی زمانے میں ہندوستان میں برطانوی حکومت و اقتدار مستحکم طور پر قایم ہوا، اور ہندوستان کے بڑے بڑے بازاروں کا کھل جانا انکاشائر کی نئی سوتی صنعت کے حق میں زبردست محرک ثابت ہوا۔ دوسرے اکثر عالمین بھی انگلستان کی جدید تحریک کی موافقت میں تھے۔ مثلاً (۱) انگلستان کی جزیرے کی حیثیت جو اس کو اس کے حدود کے اندر جنگ کی تباہ کاریوں سے محفوظ رکھتی تھی؛ (۲) ملک کے اندر تجارت آزاد کا رواج (۳) عمومی قانون کا تسلط جس نے جاگیریت اور فرقہ وارانہ بے اطمینانی کی خرابیوں کو بڑی حد تک رفع کر دیا؛ (۴) حکومت کا پارلیمانی شکل میں قایم ہونا جس پر زمیندار اشراف مسلط ہیں اور قوی صنعتی و تجارتی میلان رکھتے ہیں؛ 125
(۵) سرکاری قواعد وضوابط کے بارے میں مفید بدگمانی جو اسٹورٹ کی آمریت کی یاد سے پیدا ہوئی؛ (۶) مذہبی رواداری کا اصول جس کی رو سے غیر ملکی ماہر دستکاروں کے توطن داخلی کا خیر مقدم کیا گیا؛ اور (۷) بنک کاری اور اعتبار کی باموقع ترقی۔ اٹھارھویں صدی کے انگلستان میں مرکزی و مقامی مذہب و سیاسیات میں جو جمود پیدا ہو گیا تھا اس نے صنعت پر توجہ مرتکز کرنے میں

باب ۵

مزید مدد دی، او. میکانی ایجادوں کے حق میں محرک کا کام کیا؛ طبیعی علوم کے انکشافات اور ریاضی کے احیا سے خیالات میں جو جوش اور ولولہ پیدا ہو چکا تھا وہ بھی ایجادوں کے حق میں مہمیز ثابت ہوا۔[1]

۲۔ انگلستان کے صنعتی انقلاب کی چار بڑی خصوصیتیں۔

انگلستان کے صنعتی انقلاب کی چار بڑی خصوصیات تھیں؛ (۱) زراعت میں انقلاب (۲) نقل و حمل میں انقلاب (۳) صنعت میں انقلاب (۴) معاشی خیال اور پالیسی میں انقلاب؛ اور ان میں سے ہر ایک دوسرے پر اثر انداز ہوا اور سبھوں نے باہم عمل اور ردعمل کیا۔ سب سے اول زراعت میں تغیر رونما ہوا جو نتیجہ تھا انگلستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کے زیادہ مقدار میں اشیائے خوردنی طلب کرنے کا؛ چنانچہ دور وسطیٰ سے مشترکہ کھیتوں کی کاشت کے جو تباہ کن دقیانوسی طریقے رائج چلے آرہے تھے ان کی جگہ حقیقت اراضی کے ایک جدید نظام نے لی اور زرعی کارکردگی بہت بڑھ گئی۔ زرعی سائنس کی ترقی اور سائنٹیفک کاشت کی عملی ضرورت و اہمیت نے دوسری "احاطہ بندی کی تحریک" کا موقع بہم پہنچایا جس کی وجہ سے ملکی کاشتکاری نائب ہوگئی اور بے زمین مزدوروں کی جماعت اور سرمایہ دار آسامی کاشتکاروں کا گروہ جو ان مزدوروں سے کام لیتا تھا، نمودار ہوا۔ اس طرح موجودہ تین قسمیں رونما ہوئیں، یعنی بڑا زمیندار سرمایہ دار کاشتکار اور بے زمین زرعی مزدور۔ انقلاب نے نقل و حمل اور صنعت کے شعبے میں اپنے آپ کو یوں ظاہر کیا کہ ایک تو ذرائع آمدورفت میں اصلاح و ترقی ہوئی ایسی سڑکیں بن گئیں جن پر محصول وصول کرنے کی چوکیاں قائم کی گئیں اور قابل عبور نہریں تعمیر ہوئیں۔ دوسرے، کوئلے، لوہے اور پارچہ بافی کی صنعتوں میں مختلف قسم کی ایجادیں عمل میں آئیں، خاصکر کاتنے کی کل، جلاہے کا قوت سے چلنے والا راچھ، اور دخانی انجن۔ تیسرے فیکٹری کا طریقہ رائج ہوگیا جس کی بدولت کارخانوں میں بڑے پیمانوں پر کام ہونے لگا اور انسانی محنت کی جگہ کلوں نے

[1] دیکھو جے۔ نیل اینڈ بی ہیمنڈ کی کتاب سوم بہ "جدید صنعت کی ترقی" صفحہ ۶۴ تا صفحہ ۹۶

لے لی۔ ۱۸۲۵ء کے لگ بھگ وسائل نقل و حمل و ذرائع آمد و رفت میں ایک انقلاب شروع ہوا جس کی بنا پر آخر میں چل کر ریلیں، دخانی جہاز اور ٹیلیگراف وجود میں آئے۔ صنعتی انقلاب، صنعت پارچہ بافی، کان کنی اور لوہے کے کارخانوں سے شروع ہو کر بتدریج دوسرے صنائع میں بھی رونما ہوا؛ اور اس کی ترقی میں مشترک سرمایہ اور کمپنیوں کے نظام نے، جن کی ذمہ داری محدود تھی، اور اعتبار و بنک کاری کی توسیع نے مزید سہولتیں بہم پہنچائیں۔

ان تغیرات کے زیر اثر، معاشی خیال نے آدم اسمتھ کے زمانے سے ایک نیا رخ اختیار کرنا شروع کیا "جو قوم کی معاشی زندگی کی مفصل سرکاری نگرانی و تنظیم" کے قدیم نظام کے خلاف "فطرتی آزادی اور انفرادی کاروبار" کے اصول پر مبنی تھا۔ چنانچہ اس قدیم نظام کے خلاف آدم اسمتھ کی کتاب موسوم بہ "دولت اقوام" بڑی حد تک ایک مدلل اور طاقتور احتجاج تھی۔ نئے معاشی مسلک (اسکول) نے اپنا عام اصول کار "مداخلت نہ کرو" قرار دیا اور اجرت اور کار آموزی وغیرہ کے متعلق قدیم تنظیمی ضوابط کو پوری طرح منسوخ کرانے کا بھی وہی ذمہ دار تھا، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اصلدارانہ کاروبار اور آزاد مسابقت کی راہ سے سب موانع دور ہو گئے اور صنعتی انقلاب کی رفتار بہت تیز ہو گئی۔ ضمناً ہم یہ بیان کر سکتے ہیں کہ گو انتہائی "غیر مداخلت" کے اصول نے صنعتی انقلاب کی ترقی کی رفتار تیز کر دی لیکن عبوری دور کی ان خرابیوں میں اضافہ کر دیا جو کسی انقلاب انگیز تبدیلی سے وابستہ ہوتی ہیں اور ان متعدد تکالیف و شکایات کے ازالہ کو ملتوی کر دیا جو زیادہ تر صنعتی انقلاب سے رونما ہوئے تھے۔

۴۔ صنعتی انقلاب کے نتائج

صنعتی انقلاب کے نتائج بہت نمایاں تھے۔ پیداوار دولت میں بہت بڑا اضافہ ہوا؛ تجارت داخلہ و خارجہ میں بہت خاصی توسیع ہوئی؛ انگلستان کی آبادی جنوبی حصے سے شمالی حصے میں بہت بڑی تعداد میں منتقل ہوئی اور اس کے ساتھ ہی مجموعی تعداد میں بہت سریع اضافہ ہوا۔ اس کے علاوہ ملک کی معاشرتی اور معاشی تنظیم میں اساسی تغیرات ہوئے؛ چنانچہ معاشی و سیاسی اقتدار اصلدار جماعتوں کے ہاتھوں میں منتقل ہو گیا

باب ۵

جس کی وجہ سے مزدور پیشہ طبقوں کے اغراض کو زراعت اور صنعت دونوں شعبوں میں نقصان پہنچا۔ گھریلو صنعت کی جگہ بڑے پیمانے پر کام کرنے والی فیکٹری نے لے لی جہاں ہزاروں مزدور کام کرنے لگے جن کا تعلق اصلداروں سے زر نقد (بطور اجرت) کے رشتے کے سوا کچھ نہ رہا، اور وہ انسانی تعلقات جو مزدور اور اس کے آقا میں قدیم زمانے میں پائے جاتے تھے ناپید ہو گئے۔ اصل اور آلات پیداش سرمایہ داروں کی چھوٹی سی جماعت کے ہاتھوں میں منتقل ہو گئے جس کی وجہ سے اصلدار اور مزدور میں تفریق پیدا ہو گئی اور معاشرہ دو متضاد و باہمد گر برسرپیکار لڑدہوں میں منقسم ہو گیا۔ مزدور کی زندگی کو غیر محفوظ اور پر خطر بنانے والی بے روزگاری کی ہر وقت کی دھمکیاں، معاشرے کے شیرازے کو درہم و برہم کرنے والی اور بار بار وقوع میں آنے والی ہڑتالیں اور دربندیاں اور معاشی توازن میں متواتر بحرانوں کی رخنہ اندازیاں، یہ سب چیزیں جدید صنعتی نظم و ترتیب کی خصوصیات بن گئیں اور معاشرے کو نئے اور پیچیدہ معاشرتی سیاسی اور معاشی مسایل سے دوچار ہونا پڑا۔

۴۔ مورین کی تقسیم قدیم اور جدید وضع کے ملک[1]

اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ انگلستان کے ان تغیرات کے بالمقابل ہندوستان میں کیا تغیرات رونما ہوئے۔ لیکن ہم ہندوستان کی معاشی حالت کے تغیر کی بحث اس تقسیم سے شروع کریں گے جو مورین نے دنیا کے ملکوں کے مابین قائم کی ہے۔ مورین 127
ملکوں کو دو وسیع حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ (۱) وہ ملک جو قدیم معاشی نظم سے تعلق رکھتے ہیں اور ابھی تک صنعتی انقلاب کے دور سے نہیں گزرے ہیں۔ اور (۲) وہ ملک جو نئی معاشی وضع سے تعلق رکھتے ہیں اور صنعتی انقلاب کے دور سے گزر چکے ہیں پہلی قسم کے ملکوں کی مثال کے طور پر مصر، مشرقی یورپ کے ممالک اور ہندوستان کو پیش کیا جا سکتا ہے، جہاں صنعتوں کا قدیم نظام اب بھی نئے تغیرات سے غیر متاثر ہے۔ دوسری قسم کی مثال کے طور پر انگلستان، فرانس، جرمنی اور ریاستہائے متحدہ کو پیش کیا جا سکتا ہے، جہاں قدیم نظام کی جگہ پیدائش و تقسیم کے نئے طریقوں نے

[1] دیکھو مورین کی کتاب "سوم بہ ہندوستان میں معاشی حالت میں تغیر" صفحہ ۱ تا صفحہ ۳۔

باب۵ پوری طرح لے لی ہے۔ لیکن یہ ایک بھدّی قسم کی تقسیم ہے، اس لیے کہ دونوں قسموں کے مابین کوئی نمایاں خط فارق نہیں ہے۔ پہلی قسم کے اکثر ممالک دوسری قسم کے تحت جانے کا میلان ظاہر کر رہے ہیں اور ان میں سے بعض میں تغیر رونما ہو چکا ہے۔ ہمارے پیش نظر مقصد کے لیے، ہندوستان اور انگلستان کو ایسے دو ملکوں کی حیثیت سے لیا جا سکتا ہے جو متضاد معاشی قسموں کی نمایندگی کرتے ہیں۔ ہندوستان اب بھی بڑی حد تک قدیم معاشی نظام سے تعلق رکھتا ہے، اگرچہ اس کی علامتیں پائی جاتی ہیں کہ اس کا میلان دوسری قسم میں مبدّل ہونے کی جانب ہے۔ انگلستان کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس کا صنعتی انقلاب ختم ہو چکا ہے، جس کی وجہ سے وہاں کی زندگی محنت کے حالات غالباً دوسرے کسی مقام سے زیادہ مکمل طور پر متاثر ہوئے۔ قدیم صنعتی نظام بعض طبعی حالات کا نتیجہ تھا جو دنیا کے قریب قریب ہر ملک میں کسی نہ کسی وقت میں پائے جاتے تھے اور جہاں کہیں وہ موجود رہے ان کا پیدا کیا ہوا معاشی نظام کم و بیش یکساں تھا۔

۵۔ قدیم نظام کی خصوصیات پہلی قسم یا قدیم معاشی نظام سے تعلق رکھنے والے ملکوں کی خصوصیات حسب ذیل ہیں:۔ (۱) مسابقت اور معاہدے پر رواج و حیثیت کا غلبہ۔ (۲) آبادی کی چھوٹے چھوٹے گروہوں میں تقسیم و تفریق جیسی کہ دیہات میں پائی جاتی ہے اور ناقص ذرائع نقل و حمل و وسائل آمد و رفت کی وجہ سے ان کا معاشی حیثیت سے خود مکتفی یا خود کفیل ہونا۔ (۳) زراعت کا غلبہ دوسرے پیشوں پر اور اس کے نتیجے کے طور پر مختلف پیشوں میں آبادی کی تقسیم غیر مساوی ہونا اور شہری آبادی سے دیہی آبادی کا تناسب بہت بڑھا ہوا ہونا (۴) بازار کے تنگ و محدود ہونے کی وجہ سے تقسیم عمل کا سادہ اور نامکمل حالت میں ہونا۔ (۵) دستکار کا گھریلو صنعت اور دستکاری کو چھوٹے پیمانے پر اور بذاتِ خود آزادانہ طور پر چلانا، اور اس کے نتیجے کے طور پر صنعت میں اصل کا بہت چھوٹی مقدار میں لگایا جانا اور درمیانی منتظم یا آجر کا موجود نہ ہونا۔ (۶) معاشی انتظام میں زر کی عدم موجودگی اور مبادلۂ اشیاء (جنسی مبادلت) یا چیزوں کا براہ راست ایک دوسرے سے مبادلہ کرنے کے طریقے کا رائج ہونا۔ (۷) اعتبار کا غیر منظم ہونا اور ربا کا رواج۔

باب 128

۶۔ جدید نظام کی خصوصیات۔

دوسری قسم یعنی جدید معاشی نظام سے تعلق رکھنے والے ملکوں کی خصوصیات حسب ذیل اور مذکورۂ بالا خصوصیات کی ضد ہیں:۔ (۱) معاہدے اور مسابقت کی آزادی۔ (۲) صنعتی دنیا کے مختلف حصوں کا ایک دوسرے پر قریبی انحصار، وسائل حمل و نقل و ذرائع آمد و رفت کی ترقی و توسیع کی بدولت۔ (۳) مختلف پیشوں میں آبادی کی مقابلۃً مساویانہ تقسیم اور زراعت کی مقابلۃً غیر اہم حیثیت، اور اس کے نتیجے کے طور پر دیہی آبادی کے مقابلے میں شہری آبادی کی کثرت (۴) تقسیم عمل زیادہ پیچیدہ اور مکمل ہوتی ہے جس میں بازاروں کی روز افزوں توسیع و ترقی اور کلوں کا روز بروز زیادہ استعمال سہولتیں بہم پہنچاتا ہے۔ (۵) صنعت کی تنظیم بڑے پیمانے پر، جس کا اقتضا یہ ہے کہ سرمایہ بڑی مقدار میں لگایا جائے اور چند ماہر آجر اس کی نگرانی کریں؛ بڑی فیکٹریوں اور صنعتی مرکزوں میں مزدوروں کا اجتماع و ارتکاز اور مزدوروں اور اصلداروں میں شخصی تعلقات کی عدم موجودگی۔ (۶) مبادلۂ اشیا (جنسی مبادلت) کے طریق کی بجائے زر کا نظام۔ (۷) اعتبار اور بنک کاری کی ترقی اور ربا کی عدم موجودگی۔

آج کل ہندوستان کی حالت معاشی حیثیت سے بدل رہی ہے، اور کم و بیش کے فرق سے ایسی خصوصیات ظاہر ہو رہی ہیں جو دونوں قسم کے ممالک سے تعلق رکھتی ہیں۔ چنانچہ کہا جا سکتا ہے کہ ہندوستان ترقی تو کر رہا ہے لیکن اس کی رفتار ہر جگہ یکساں نہیں ہے بلکہ صدیوں کے فرق کو ظاہر کرتی ہے، اس لیے کہ بعض علاقے معاشی حیثیت سے دور قدیم کی نہیں تو دور وسطیٰ کی حالت پیش کرتے ہیں اور باقی قطعی طور پر دور جدید میں قدم رکھ چکے ہیں اور ان کے معاشی حالات میں دیسی ہی مکمل ترقی ظاہر ہوئی ہے جیسی کہ مغربی یورپ کے اکثر ترقی یافتہ ملکوں میں پائی جاتی ہے۔ پھر بھی ترقی کا میلان مذکورہ بالا دوسری قسم کے روز افزوں غلبے کی جانب ہے۔

۷۔ قدیم معاشی تنظیم گاؤں۔

ہندوستان میں جو تغیر واقع ہوا ہے اس کی نوعیت کو سمجھنے کے لیے اس قدیم معاشی نظام کو کسی قدر تفصیل کے ساتھ بیان کرنا ضروری ہے جو نئی قوتوں کے اس پر یورش کرنے سے پیشتر موجود تھا۔

ہندوستان کے قدیم معاشی نظام کی پہلی اہم خصوصیت یہ ہے کہ ملک دیہات میں منقسم ہے، جہاں آبادی کا بیشتر حصہ سکونت پذیر تھا اور آج تک برابر ہے۔ دنیا سے

باب ۵

الگ تھلگ اور اپنی تمام ضرورتوں کا خود کفیل گاؤں قدیم ہندوستانی معیشت کی اکائی تھا؛ چنانچہ "ہمیں گاؤں ہی کی جانب متوجہ ہو کر ان حالات کی تحقیق کرنی چاہیئے جن کے تحت قدیم وضع اور میلان کے لوگ رہتے سہتے اور کام کرتے ہیں"۔

129

۸۔ گاؤں کی ابتدا کیسے ہوئی اور وہ اب تک کیوں قایم ہے۔

"گاؤں" جس خاص قسم کی بستی کا نام ہے اس کے وجود کی تشریح و توجیہ کے سلسلے میں مختلف مفروضات پیش کیے گئے ہیں۔ ممکن ہے کہ کوئی فرقہ یا قبیلہ جو پہلے خانہ بدوش تھا زراعت کے لیے جنگل کو خس و خاشاک سے صاف کرنے کے مشکل کام کی بنا پر اس بات پر مجبور ہوا ہو کہ موثر تعاون کے اغراض کے لیے کسی ایک مقام پر مستقل سکونت اختیار کرلے۔ ممکن ہے کہ پانی کی رسد، دوسرا اثر انداز ہونے والا عامل ہو۔ پانی کسی مقررہ رقبے میں ہر جگہ آسانی و آزادی کے ساتھ دستیاب نہ ہونے کی صورت میں وہ علاقے جہاں اس کی کثرت تھی فطری طور پر آبادی کے ارتکاز کے لیے منتخب کرلیے گئے ہوں گے۔ ایک اور عامل جس نے اس ارتکاز کو تقویت پہنچائی ہوگی لازماً مخالف قبیلوں اور جنگلی جانوروں سے حفاظت کی ضرورت ہوگی۔ ہندوستان کی دیہی آبادی اپنی نظیر دنیا کے دوسرے علاقوں میں بھی رکھتی ہے۔ مثلاً انگلستان کے دور وسطیٰ کا "جاگیری قریہ" جرمنی کا "مارک" اور روسی "میر" یہ سب بظاہر مشابہت رکھتے ہیں۔ لیکن ہندوستان میں دیہی تنظیم کی ثبات پذیری اور متعدد سیاسی انقلابات کے مقابلے میں اس کا اصلی حالت میں قایم رہنا، عام طور پر ہندوستانی خصوصیات میں شمار کیا گیا ہے، خاصکر بیرونی مبصروں کا یہی خیال ہے اور ٹھیٹ دیہاتی سادگی اور خوشحالی کو جو قدیم ہندوستانی دیہی برادریوں کا طرۂ امتیاز تھی پُرشوکت الفاظ میں بیان کیا گیا ہے[۱]۔

---

[۱] ۔ دیکھو مورلینڈ کی تصنیف مذکور بالا صفحہ ۳۲ ۔

[۲] ۔ قاری کو سر چارلس مٹکاف کی ۱۸۳۰ء کی یادداشت کی مندرجہ ذیل عبارت جس کا عام طور پر حوالہ دیا جاتا ہے یاد ہوگی کہ:۔ "دیہی برادریاں چھوٹے چھوٹے جمہوریے ہیں جن میں ضرورت کی قریب قریب کل چیزیں موجود ہیں وہ بیرونی تعلقات سے بالکل الگ تھلگ ہیں خواہ کوئی اور چیز برقرار رہے یا نہ رہے لیکن یہ بظاہر برابر

باب ۵

لیکن اس خیال کو کہ گاؤں بیرونی جنگوں اور انقلابات کا اثر لیے بغیر زندگی بسر کرنے کے قابل تھا بہت کچھ تحفظات و شرائط کے ساتھ تسلیم کرنا چاہیے۔ چنانچہ یہ خیال کرنا ناممکن ہے کہ اٹھارھویں صدی میں جس وقت کل ملک میں جنگ و جدال اور ڈکیتی کا دور دورہ تھا، دیہات بالکل محفوظ رہے ہوں گے اور انھیں پرسکون زندگی بسر کرنے کا موقع ملا ہوگا۔ عام طور پر یہ ہوتا تھا کہ حملوں کی مدافعت کے لیے انھیں مجبوراً اپنی ہی قوت پر بھروسہ کرنا پڑتا تھا۔ ہم یہ خیال کر سکتے ہیں کہ ان حملوں کو مسترد کرنے میں وہ گاہ گاہ کامیاب ہوتے تھے لیکن عام طور پر دشمن اس قدر قوی ہوتا تھا کہ کامیاب مقابلہ دشوار بلکہ غیر ممکن ہوتا تھا۔ تاخت و تاراج اور لوٹ مار یقیناً ان کی زندگی و معیشت میں وقتاً فوقتاً ہر طرح خلل انداز ہوئی ہوگی اور اس سے بچ کر سابقہ حالت پر عود کر آنے کا عمل بہت سست رفتار اور تکلیف دہ رہا ہوگا۔ یہ خیال کرنا مشکل ہے کہ دیہات اردگرد کی جنگوں اور انقلابات کے اثر سے محفوظ رہ کر اپنی معمولی پر امن و سکون زندگی بسر کر سکتے تھے۔ سلطنت مغلیہ کے زوال کے ساتھ ہی جس سیاسی بدنظمی و طوائف الملوکی کا ملک میں دور دورہ ہوا وہ اپنا زہریلا اثر دیہات تک وسیع کرنے اور ان کی معاشی زندگی پر کاری اور مکرر ضرب لگانے سے قاصر نہیں رہ سکتی تھی۔ اس واقعہ کو کہ دیہی تنظیم صدیوں تک 130
تقریباً غیر متبدلہ حالت میں برقرار رہی اس امر کی جانب منسوب نہ کرنا چاہیے کہ ہندوستانی دیہات میں باقی رہنے کا جبلی وصف موجود ہے بلکہ بعض متنقل عاملوں مثلاً وسائل آمدورفت کی عدم موجودگی اور اس کے نتیجے کے طور پر نظم و نسق حکومت میں موثر مرکزی نظام کے فقدان کی جانب منسوب کرنا چاہیے۔

۹ ٹھیٹ ہندوستانی گاؤں

ٹھیٹ ہندوستانی گاؤں میں مزروعہ رقبے کچھ افتادہ زمین کے ساتھ یا بغیر ہوتے ہیں۔ اس مجموعی زمین میں عام طور پر ایک مرکزی

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ قائم ہیں۔ ان دیہی برادریوں میں سے ہر ایک اپنے طور پر ایک جداگانہ چھوٹی مملکت ہوتی ہے ان کا یہ اتحاد ان کی خوشحالی میں بہت بڑا حصہ رکھتا ہے اور ان کی آزادی اور بے تعلقی کو برقرار رکھنے کا بڑی حد تک ذمہ دار ہے۔"

لہ دیکھو لہ۔ ایس۔ ہل نے کر کی کتاب موسوم بہ "منوری ہند کی دیہی برادریوں کی سرگزشت"۔ صفحہ ۵۰ تا صفحہ ۱۰۶۔

باب ۵

خط ہوتا ہے جہاں سکونتی مکان قریب قریب واقع ہوتے ہیں اور اس مرکزی خطے کے ارد گرد متعدد دائروں میں یکے بعد دیگرے پھیلی ہوئی گاؤں کی زمینیں ہوتی ہیں بعض صورتوں میں کھیتوں میں چھوٹے چھوٹے منتشر مکانات اور باڑے پائے جاتے ہیں، گو کسان جان و مال کی بہتر حفاظت کی خاطر اور دوسرے اسباب کی بنا پر معمولی طور پر دیہی سکونتی رقبے کے اندر اپنے مکان میں رہتا سہتا ہے۔ گاؤں عام طور پر درختوں کے جھنڈ کی ملکیت کا فخر رکھتا ہے، اور اسی کے ساتھ وہاں کسی نہ کسی قسم کا سرکاری دفتر بھی ہوتا ہے جہاں دیہی عہدہ دار اپنے بہی کھاتے رکھتے اور اپنا کاروبار انجام دیتے ہیں[1]۔

۱۰۔ دیہی نظم

(۱) کسان

دیہی نظم کی جانب عود کرتے ہوئے، سر دست ہندوستان کے دیہات کی دو بڑی قسموں یعنی ایک رعیت داری یا انفرادی گاؤں اور دوسرے مشترکہ گاؤں کے باہمی فرق کو نظر انداز کرنا اور دونوں کی مشترکہ خصوصیات ظاہر کرنے کے لیے صرف ایک عام بیان کی کوشش کرنا مناسب ہوگا۔ ہر گاؤں کلیتہً خود کفیل معاشی اکائی ہوتا ہے جس کے حدود کے اندر زرعی و صنعتی جد و جہد کے لیے کل مطلوبہ محنت، اصل اور مہارت موجود ہوتی ہے۔ گاؤں کے باشندوں کو تین گروہوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے (۱) کسان (۲) دیہی عہدہ دار اور (۳) دیہی دستکار اور ادنیٰ خدمتگزار۔ کسانوں کو بھی دو جماعتوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے: (۱) خود کاشت زمیندار (۲) آسامی کاشتکار۔ یہ دونوں دیہی برادری کے اہم ترین طبقے کے اجزائے ترکیبی ہیں۔ حقیقی کسان، خواہ وہ ملکی کسان ہوں یا آسامی، زیادہ تر چھوٹے چھوٹے کھلے کھیتوں پر کاشت کرتے ہیں (جو زرعی انقلاب سے پیشتر کے انگریزی دیہات کی بے باڑ کی عمومی زمینوں کی یاد تازہ کرتے ہیں)۔ ان پر اتنی ہی محنت صرف کی جاتی ہے جتنی کہ وہ اور اس کا کنبہ مہیا کر سکتا ہے اور کہیں کہیں اجرت پر مزدور رکھے جاتے ہیں۔ جو تھوڑا بہت روپیہ اصل کے لیے درکار ہوتا ہے اس کو کسان ہی بطور خود رقم پس انداز کر کے یا زمیندار سے مستعار لے کر یا عام طور پر گاؤں کے مہاجن سے قرض لے کر مہیا کر لیتے ہیں۔

---

[1] دیکھو آر بیڈن پاول کی کتاب موسومہ "برطانوی ہند میں مالگزاری اور حیثیت اراضی" صفحہ ۶۲

باب ۵

وہی کاشت کے خطرات برداشت کرتے ہیں، خود ہی اپنے چھوٹے کھیتوں کے منتظم و مہتمم ہیں اور خود ہی ماہر مشیر بھی۔ جو کچھ پیداوار بچتی ہے اس کو وہ قریب ترین بازار میں لے جاتے ہیں اور اس کے مبادلے میں نمک اور دوسری چھوٹی موٹی اشیاء ضرورت و تعیش خرید لاتے ہیں جو گاؤں میں دستیاب نہیں ہوتیں۔[1] 131

۱۱۔ دیہی نظم: (۲) دیہی عہدہ دار

ہر گاؤں اپنے عہدہ دار رکھتا ہے اور واقعہ یہ ہے کہ ہندوستانی گاؤں نظم و نسق کی جس طرح پہلے اکائی تھا اسی طرح آج تک ہے۔ دیہی عہدہ داروں میں ہمیں سب سے اول گاؤں کے سرگروہ یا پٹیل کا ذکر کرنا چاہئے جو گویا رعیت واری گاؤں کا صدر المہام ہوتا ہے۔ اس کا عہدہ موروثی ہوتا ہے اور گاؤں کے امن و نظم اور مالگزاری کی وصول یابی کی ذمہ داری اسی کے سر ہوتی ہے۔ اس کو معمولی فوجداری اختیارات بھی عام طور پر حاصل ہوتے ہیں۔ اس کے قبضے میں ایک خطۂ زمین ہوتا ہے جسے "وطنی" زمین کہتے ہیں اور جو اس کی خدمات کے صلے کے طور پر اس کو ملتا ہے۔ گاؤں کا دوسرا عہدہ دار جو محاسب یا محرر کا کام کرتا ہے پٹواری یا کلکارنی کہلاتا ہے۔ یہی گاؤں کے سب حسابات اور یادداشتیں رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک چوکیدار بھی ہوتا ہے جو کوتوالی میں جرائم و واردات کی اطلاع کرتا ہے، خاطیوں اور مجرموں کو گرفتار کرتا ہے اور پولیس کی مدد کرتا ہے۔ اور سب سے آخر میں دیہی قاصد یا نامہ بر ہوتا ہے۔ ان عمائدہ کو جنھیں بعض اوقات الوتہ دار (Alutes) کہتے ہیں، بلوتہ داروں (Balutes) یا دیہی خدمتگاروں یعنی دست کاروں اور ادنیٰ خدمتگاروں سے ممیز کیا جا سکتا ہے۔ موخر الذکر دیہی باشندوں کی تیسری جماعت ہے۔ قدیم زمانے میں اکثر دیہات میں پنچایتیں یا دیہی بزرگوں کی انجمنیں ہوتی تھیں جو ارزان اور موثر قسم کی ثالثی کی عدالتیں ہوتی تھیں اور عام حالات میں دیہی آبادی میں ایکا اور اتحاد قائم رکھتی تھیں۔

۱۲۔ دیہی نظم (۳) دیہی دستکار

قدیم زمانے میں قریب قریب ہر گاؤں میں نجار، آہن گر، کمھار، جراح، موچی، دھوبی، زرگر، ٹاٹ پونجئے، دوکاندار اور تیلی وغیرہ

[1] دیکھو ٹی مورسن کی تصنیف محولہ بالا باب ۲۔ نیز منوجی کی تصنیف محولہ بالا باب ۲۔

باب ۵

جیسے دست کاروں کی مکمل تعداد ہوتی تھی۔ ہر گاؤں میں ایک مقدس آدمی بھی ہوتا تھا خواہ وہ نجومی ہو یا پروہت، گرو ہو یا فقیر۔ بڑے دیہات میں جلاہے کی موجودگی بھی ممکن تھی، اور تقریباً ہر گاؤں میں مہاجن بھی رہتا تھا جو عام طور پر ساہوکار اور ٹھوک غلہ فروش کے کاموں کو ملا کر انجام دیتا تھا۔ دستکار گاؤں کے خدمتگار ہوتے ہیں جن کا پیشہ موروثی ہوتا ہے اور جن کو اجرت بلحاظ کار شناسی دیجاتی ہے۔ ان کو گاؤں میں رہنے کے لیے صرف مکان دیا جاتا ہے، لیکن سب گاؤں والوں کی ضرورتوں کی تکمیل ان کو کرنی پڑتی ہے جس کے لیے اہل دہ انھیں یا تو خام اشیاء مہیا کر دیتے ہیں یا ان اشیاء کی قیمت۔ ان کی محنت کے صلے کے طور پر ان کو سالانہ باقاعدہ زمین دیجاتی ہے یا فصل کی کٹائی کے وقت بہ شکل جنس کچھ معاوضہ دیدیا جاتا ہے[1]۔ لیکن ایسے دستکار جن کی خدمات کی صرف گاہ گاہ ضرورت ہوتی ہے، مثلاً جلاہے تو ان کو اجرت بلحاظ کار دیجاتی ہے اور صرف آلۂ شکرسانی یا بیل گاڑی جیسی اشیا کی تیاری کے لیے نجار جیسے دستکار کو زائد معاوضہ ادا کیا جاتا ہے۔ چنانچہ سنہ ۱۹۰۱ء کی کیفیت مردم شماری کے الفاظ کے مطابق "ہندوستان کی دیہی زندگی کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ ہر گاؤں دستکاروں اور ادنیٰ خدمتگاروں کے مکمل عملے سے آراستہ ہوتا ہے، حتیٰ کہ کل کے بنے ہوئے کپڑے، مٹی کے تیل، چھتریوں وغیرہ جیسی مغربی اشیا کے حال میں رواج پانے سے پیشتر تک گاؤں اپنی جملہ ضروریات کا خود کفیل اور دوسروں سے بے نیاز ہوتا تھا، صرف نمک اور چند دوسری اشیائے تعیش مستثنیٰ تھیں جو گاؤں کے میلے میں خریدی جاتی تھیں یا کاروانوں کے ذریعے درآمد کی جاتی تھیں[2]۔

132

۱۳۔ گاؤں کا الگ تھلگ اور خود کفیل ہونا۔

گاؤں والے، سڑکوں اور ریلوں کے بننے سے پیشتر بیرونی دنیا سے بمشکل کوئی تعلق رکھتے تھے بجز اس کے کہ غلے یا کپڑے کا تاجر گاہے ماہے

[1] دیکھو بیڈن پاول کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۶۱۔
[2] دیکھو گاڈگل کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۱۰۔

باب ۵

آیا کرتا تھا اور ایک گاؤں کی زائد از ضرورت اشیا اپنے ساتھ لیجا کر دوسرے گاؤں کی احتیاج کو پورا کرتا تھا یا کبھی کبھی اپنی دستکاری کی پیداوار کو فروخت کرنے کے لیے کسی تجارتی مرکز کو جایا کرتا تھا۔ گاؤں کو اس بنا پر مجبوراً خود کفیل ہونا پڑتا تھا۔ بیرونی دنیا سے اس کا تعلق منقطع ہوتا تھا۔ بقول مورخین "جہاں پانی کے ذریعے سے نقل و حمل غیر ممکن ہوتی ہے اور گاڑیوں کے ذریعے سے بہت کم رفت ہوتی ہے وہاں مبادلات ان ہی اشیا تک محدود رہتے ہیں جن کی نقل و حمل انسانوں یا لدو جانوروں سے ممکن ہوتی ہے۔" ابتدائی انیسویں صدی میں ہندوستان میں دریائے گنگا اور سندھ جیسے چند ہی دریا تھے جن پر کشتیاں چلتی تھیں اور سڑکوں کی نقل و حمل ناقص اور ویسی ہی خراب تھی جیسی کہ تھرپنگ کے بیان کے مطابق اٹھارھویں صدی میں انگلستان کی تھی۔ سب سے سڑکیں بہت کم موجود تھیں۔ بجز ان چند سڑکوں کے جو مغلوں نے بنائی تھیں، جہاں کہیں وہ موجود تھیں ان کی حالت عام طور پر بے حد غیر اطمینان بخش ہوتی تھی اور ان پر ڈاکوؤں اور لٹیروں کا راج رہتا تھا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی نے سڑکوں کی اصلاح و ترقی کے لیے کچھ بھی نہ کیا۔ اس کو نظم و نسق سے زیادہ سروکار نفع پیٹنے سے تھا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تجارت داخلہ غیر ترقی یافتہ حالت میں رہی۔ اس طرح تجہیز دنیا سے بالکل الگ تھلگ اور بے تعلق رہنے کی وجہ سے گاؤں اس بات پر مجبور ہو گیا کہ اپنی جملہ ضروریات کو پورا کرنے کے لیے خود اپنے طور پر مستقل انتظامات کرے۔ چنانچہ اس سلسلے میں مکانوں اور باقاعدہ معاوضے کا پیش کش دے کر اس نے دستکاروں کے مطلوبہ عملے کو اپنی جانب کھینچا۔ معمولی اوقات میں تو وسائل آمدورفت کی عدم موجودگی کے باعث گاؤں کو تکلیف اس لیے نہ ہوتی تھی کہ اس کی تنظیم میں اس کمی اور مجبوری کو ملحوظ رکھا گیا تھا اور اس کو اس طرح ترتیب دیا گیا تھا کہ اس کمی کا اثر زائل ہو جائے۔ لیکن قحط کے زمانے میں نقل و حمل کی سہولتوں کی عدم موجودگی کے باعث غلہ جہاں بکثرت ہوتا تھا وہاں سے قحط زدہ مقامات کو منتقل کرنے میں زحمت پیدا ہوتی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ خوراک کی متاع گراں قیمت ہو جاتی تھی اور زیادہ نازک صورت اختیار کر لیتی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ قحطوں کے زمانے میں عبرت انگیز اختلافات کی جو متصلہ و ملحقہ دیہات میں پائے جاتے تھے۔ یہاں ایک دوسرے سے

باب ۵

بہت ہی قریب ہونے کے باوجود ذرائع نقل و حمل کی عدم موجودگی کی وجہ سے آپس میں بہت دور کا تعلق رکھتے تھے۔ لیکن دیہات میں غلے کے ٹنائر کی موجودگی قلت و تنگی محسوس نہ ہونے دینے کی ضامن تھی، بہ شرطیکہ قلت مختصر مدت تک محسوس ہو۔ چونکہ دیہی دستکاروں کی تیار کی ہوئی اشیا کا بازار تنگ اور محدود ہوتا تھا اس لیے تقسیم عمل نہایت غیر مکمل ہوتی تھی۔ تخصیص کے فوائد سے بڑی حد تک دست بردار ہونا پڑتا تھا اور بہت سا وقت اور مہارت ضایع جاتی تھی۔ نتیجہ یہ کہ دیہی صنعت بہت ہی پسماندہ حالت میں تھی۔ ہندوستانی دستکاری کی اعلیٰ درجے کی پیداوار پر تعریف و توصیف کی عام طور پر جو بوچھار کی جاتی ہے اس کا اطلاق دراصل ان صنعتوں پر نہیں ہوتا جو دیہات میں رائج تھیں بلکہ قدیم زمانے کی شہری صنعتوں پر ہوتا ہے۔

۱۳۸

۱۴۔ زر وغیرہ کی عدم موجودگی۔

دیہی زندگی کی ایک اور خصوصیت جس پر زور دینے کی ضرورت ہے یہ تھی کہ کچھ سال اوھر تک زر، مبادلات طے کرنے کے لیے یا خدمات کا معاوضہ ادا کرنے کے لیے بہت شاذ استعمال کیا جاتا تھا۔ واقعہ یہ ہے کہ زر کی ضرورت ایسی خود کفیل قوم کو شاذ ہی محسوس ہوتی ہے جس کو بیرونی دنیا سے صرف چند ہی مبادلات عمل میں لانے پڑتے ہیں[1]۔ چونکہ زراعت ہی اہم ترین دیہی صنعت تھی، اس لیے غلہ معیار قدر تھا اور اہل دیہ اسی کو آپس کے مبادلات میں استعمال کرتے تھے۔ غلے کی مانگ عام تھی اور اس کا وزن اور جسامت اس لیے حارج و مزاحم نہ ہوتی تھی کہ مبادلات زیادہ تر گاؤں کے حدود کے

---

[1] دیکھو گانگل کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۱۳۔

[2] لیکن قلت زر کی وجہ سے اس حد تک لازمی طور پر دشواری محسوس کی گئی ہوگی جس حد تک کہ حکومت کی جانب سے زمین کی مالگزاری نقد میں ادا کرنے پر اصرار کیا گیا ہوگا۔ اس صورت میں کسان کو اپنی پیداوار کا ایک جزو فروخت کرنا پڑتا ہوگا، اور اس معاملے میں اس کی حیثیت موجودہ حالت کے مقابلے میں حتی الامکان زیادہ کمزور رہی ہوگی۔ چونکہ نقل و حمل مشکل و پرخطر تھی اس لیے اغلب ہے کہ تاجر اپنی قیمت خرید اور قیمت فروخت کے درمیان زیادہ فرق کے طالب رہتے ہوں اور اثاثۂ عام کی تجارت برآمد میں چونکہ اس وقت تک ترقی نہ ہوئی تھی اس لیے بہ حیثیت مجموعی کسان اپنی اشیا کی بہترین ممکنہ قیمت حاصل کرنے کے بارے میں موجودہ زمانے سے بھی زیادہ کمزور و ناموافق حیثیت رکھتا ہو۔

باب ۵

اندر انجام پاتے تھے۔ غلے کی طرح جس شئے کی طلب شدید اور عام تھی وہ صرف زمین تھی، اور چونکہ اس کی ملکیت گاؤں میں اعلیٰ حیثیت اور رتبے کی علامت تصور کی جاتی تھی اس لیے اس کے ذریعے سے خدمات کا صلہ ادا کیا جاتا تھا خاصکر پٹیل کی طرح کے زیادہ اہم خدمتگاروں کو اسی کی شکل میں معاوضہ دیا جاتا تھا[1]۔ یہ معاوضہ جس شرح سے ادا کیا جاتا تھا اس کا تقرر دیہات کے رسم و رواج کے ایک مفصل و چیدہ لیکن بخوبی مفہومہ نظام سے ہوتا تھا۔ اس شرح کا تقرر نیز گاؤں کے دوسرے معاشی تعلقات کا انحصار مسابقت کی بجائے رسم و رواج پر تھا[2]۔

محنت کی عدم نقل پذیری اور گاؤں والوں کی قدامت پسندی موجودہ زمانے سے زیادہ قدیم زمانے کی امتیازی خصوصیت تھی، گو قدیم زمانے میں اتحاد اور ایثار کا احساس زیادہ قوی تھا اور اسی احساس کی کمزوری موجودہ زمانے کی صورت حال کی سب سے زیادہ اضطراب پیدا کرنے والی خصوصیات میں سے ایک ہے۔

دیہی نظام کے مذکورہ بالا بیان کو ان حالات کا آئینہ خیال نہ کرنا چاہیے جو آجکل درصل پائے جاتے ہیں۔ ملک کے قدیم معاشی انتظام کے اکثر شعبوں کی طرح 134
گاؤں میں بھی قابل لحاظ بلکہ بعض اعتبارات سے اساسی تبدیلی واقع ہوئی ہے، اور یہ سب کچھ ان نئے عاملین کے اثرات کے تحت ہوا ہے جو گزشتہ ایک سو سال میں رونما ہوئے۔ پھر بھی قدیم نظام کی جگہ جدید نظام نے ابھی تک پوری طرح نہیں لی ہے، اور ان تمام تغیرات و تنظیم کے باوجود جو واقع ہوئے ہیں، قدیم نظام کے خدوخال کو اس کی خالص شکل میں دیکھنا اب بھی ممکن ہے۔ گاؤں میں جو تغیر و تبدل واقع ہو رہا ہے اس پر اس باب میں متعاقب زیادہ مفصل بحث کی جائے گی۔

۱۵۔ رواج اور حیثیت

ہم رانا ڈے کا قول بیان کر چکے ہیں کہ ہندوستان میں بجز چند مستثنیٰ و محدود صورتوں کے نہ تو آزاد و غیر محدود مسابقت کی گنجائش ہے اور نہ سیلقہ۔ رواج اور سرکاری قوانین مسابقت سے

---

[1] دیکھو مورلینڈ کی محولہ بالا کتاب صفحہ ۴۵

[2] دیکھو متعاقب صفحات فصل (۱۵ تا ۱۸)

باب ۵ زیادہ طاقتور اور دخیل ہیں اور حیثیت کا اثر معاہدے سے کہیں بڑھا ہوا ہے۔[1] "ہندوستانی تہذیب و تمدن کی سکونی نوعیت، لوگوں کی قدامت پسندانہ جبلت اور خاصکر فطری معیشت یا جنسی مبادلت کے طریق نے رواج اور حیثیت کی پرورش کی اور ان کو مستحکم بنایا۔ ڈاکٹر کننگ ہیم جنسی مبادلت کو رواج سے اور زر کو مسابقت سے منسوب کرتے ہیں "جس وقت تک جنسی مبادلت کا طریق قایم ہے اس وقت تک لگان، اجرت اور محصولوں کی ادائی رواج کی بنا پر ہونے کا قرینہ ہوتا ہے۔ لیکن جب زر استعمال ہونے لگتا ہے تو ان مطالبات کی ادائیوں میں جلد جلد تغیرات واقع ہوتے ہیں اور وہ مسابقت کے ذریعے سے طے پاتے ہیں۔"

ہندوستان کے ذات پات اور اشتراک خاندانی کے طریقے کی تحقیق سے ہم کو اس بات کا سرسری اندازہ ہوا کہ فرد واحد کی زندگی کا راستہ اور اس کے معاشری و خانگی تعلقات کی کل رفتار معین کرنے میں یہ رسم و رواج کیا قوت رکھتے ہیں۔ جس وقت تک رسم و رواج پر جدید عناصر قابل لحاظ طریقے سے اثر انداز نہیں ہوئے اس وقت تک فرد واحد آزاد عامل نہ تھا اور اس کو اپنے پیشے، معیار زندگی اور سکونت وغیرہ کا انتخاب کرنے میں آزادئ معاہدہ حاصل نہ تھی۔ کسی خاص ذات اور خاندان میں کسی فرد کی ولادت اس بات کا تعین کر دیتی تھی کہ معاشرے میں اس کی حیثیت کیا ہوگی، خواہ یہ چیز اس کے لیے مضر ثابت ہو یا مفید؛ اور اس سے وہ بچ نہیں سکتا تھا۔ اس کو اسی حیثیت کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنے پر مجبور ہونا پڑتا تھا۔ جو اس کے لیے ولادت کا اتفاقی امر متعین کر دیتا تھا۔

تاریخی حیثیت سے، رواج نے ہر قسم کے معاشی تعلقات کا تعین کرنے میں اہم حصہ لیا ہے؛ صنعتی انقلاب سے پیشتر جاگیری نظام اور حرفتی پنچایتوں کے نظاموں کے تحت تمام یورپ میں اس کا دور دورہ تھا۔ البتہ کچھ سال ادھر سے مسابقت، رواج کی قائم مقام بنی ہے۔ اسی طریقے سے ہندوستان کے قدیم معاشی نظام کے تحت مسابقت کی بجائے رواج ہی کی بنا پر لگان، اجرت اور

[1] دیکھو صفحہ (۸ تا ۱۰)

185 قیمتوں کا تقرر ہوتا تھا۔ رواج کو محض رسم خیال کیا جا سکتا ہے جو عادت کی پختگی پر مبنی ہو، اور رواج کا اساسی تصور ہر قسم کی تبدیلی کی مقاومت ہے اور محض اس بنا پر کہ وہ تبدیلی ہے۔ لیکن نام نہاد رواج کے نظام کے تحت بھی، متبدلہ رواج کے بھیس میں مسابقت کی خاموش قوت صاف طور پر نظر آتی ہے۔ رواج بہت زمانے تک مسابقت کے خلاف نہیں رہ سکتا؛ اس لیے کہ بقول مورین "مسابقت اس کشاکش حیات کا صرف دوسرا نام ہے جو تمام جاندار مخلوق میں جاری ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ مسابقت اور رواج کے باہمی تضاد کو عام طور پر مبالغے کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔ یہ بات عام طور پر معلوم ہے کہ رسم سے بہت سے مشابہ نتائج نہیں پیدا ہوتے۔ جب ان میں اختلاف رونما ہوتا ہے تو وہ بھی عام طور پر اس طرح تبدیل کر دی جاتی ہے کہ وہ معاملے کی عملی ضرورتوں کے مطابق بن جائے"[1]۔ رواج اور مسابقت کا باہمی تضاد و تخالف، تغیر پذیر حالات کے مطابق بننے کی سہولت اور درجے پر مبنی ہے۔ اس کا مفہوم دراصل یہ ہے کہ رواج کے تحت، تغیر دشوار ہے اور تغیر و تبدل کی اس سے زیادہ مقاومت و مزاحمت ہوتی ہے جتنی کہ مسابقت کے تحت۔ اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ رواج کے تحت کوئی تبدیلی ہی واقع نہیں ہوتی۔ بلکہ جہاں محنت و اصل کی نقل پذیری مکمل ہوتی ہے وہاں مسابقت رائج ہوگی، اور جہاں یہ نقل پذیری موجود نہ ہوگی وہاں رواج غالب ہوگا۔ رواج کے اثر کے سلسلے میں ل نے بتلایا ہے کہ وہ طاقتور کے مقابلے میں کمزور کی حفاظت و حمایت کرتا ہے اور قوانین و حکومت کی عدم موجودگی میں کمزوروں کا واحد محافظ ہے۔ دوسری جانب رواج کے معنی بہت عام طور پر یہ ہیں کہ طاقتور کی موافقت میں کمزور کو عادتاً دبایا جائے جیسا کہ حرفتی پنچایتوں اور ذات پات میں یا جاگیری نظام کے تحت ہوتا ہے۔ رواج فرد واحد کی آزادی کی تحدید کرتا ہے اور اس کو نامناسب و غیر ضروری طریقے پر قوم کا حد سے زیادہ تابع بنا دیتا ہے۔

۱۶۔ رواج اور لگان | اب ہم یہ بیان کریں گے کہ قدیم زمانے میں مختلف

---

[1] دیکھو ٹی مورین کی تصنیف محولہ بالا صفحہ ۵۴۔

باب ۵ معاشی تعلقات پر رواج کا کیا اثر پڑا۔

لگان جو کسان، زمینداروں کو ادا کرتا تھا، زیادہ تر رواجی ہوتا تھا اور اس میں ایک نسل سے دوسری نسل میں جا کر کوئی تغیر و فرق پیدا نہ ہوتا تھا یعنی ایسے خاص حالات بھی تھے جو مسابقت کے تحت بھی لگان کو غیر تغیر پذیر بنا تے تھے۔ مثلاً قدیم زمانے میں ہندوستان میں زمین کی رسد زیادہ اور طلب کم تھی اور اسامی ڈھونڈے نہ ملتا تھا۔ یہ حالت موجودہ زمانے کے برعکس تھی کہ آجکل زمین کی رسد کم اور طلب زیادہ ہے اور زمین کاشت کے لیے بہ مشکل دستیاب ہوتی ہے۔ بہرحال اس صورت حال کی توجیہ کم از کم ایک حد تک اس واقعے میں مضمر ہے کہ اسامی کو سیاسی حالات کی بدنظمی و بے امنی کے باعث اس بات کا ہمیشہ یقین نہ ہوتا تھا کہ زمین پر کاشت کرنے کے بعد وہ اپنی جائز پیداوار سے متمتع ہونے کے قابل ہوگا۔[1] 136
علاوہ ازیں دائمی جنگ و جدل کے حالات کے تحت اسامیوں کا زمیندار کے تابع فرمان رہنا بہت مفید و کارآمد تھا۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ بے امنی کے حالات کے پھیلے رہنے ہی کی وجہ سے اسامی اپنے زمیندار سے معاملہ طے کرنے میں سختی نہ برت سکتے تھے، اس لیے کہ وہی ان کا فطری محافظ تھا اور اس کی قوت و خوشحالی پر ان کا تحفظ موقوف تھا۔ ان حالات نے زمیندار اور اس کے اسامی کے درمیان منصفانہ اور باہم نفع بخش تعلقات قایم کیے۔ لیکن جس وقت امن قایم ہو گیا زمیندار رواجی لگان وصول کرنے میں کوتاہی نہیں کرتا تھا، اور یہ تبدیلی پھر بھی حقیقی تھی، اس لیے کہ اس میں مقررہ لگان وصول کرنے کے بجائے زائد محصول عائد کرنے کا ہنرمندانہ طریق کار پوشیدہ ہوتا تھا۔

۱۷۔ رواج اور اجرت۔ رہی اجرت تو زمین کی کاشت کے لیے اجرتی مزدوروں سے جس خفیف حد تک بھی کام لیا جاتا تھا اس حد تک بعض مسلمہ رواجوں کی بنا پر معاوضۂ محنت کی تنظیم کی جاتی تھی چنانچہ عام طریقہ یہ تھا کہ مزدور کو اس کے آجر کے مکان میں قیام و طعام مہیا کیا جاتا تھا یا

---

[1] دیکھو مارٹن لیک کی کتاب موسوم بہ "ہندو ساہوکاری زراعت کی اساس" صفحہ ۱۳۰۔

باب ۵

جنس کی شکل میں مقررہ معاوضہ ادا کیا جاتا تھا۔ مزدور کو ایک طویل مدت تک بلکہ عام طور پر سال کے حساب سے مقرر کر لیا جاتا تھا۔ چنانچہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ دیہی دستکاروں کو دیہی جماعت کی خدمات انجام دینے کا معاوضہ از روئے رواج مقررہ سالیانہ کے طور پر جنس کی شکل میں ادا کیا جاتا تھا جو ہر کسان سے غلہ کوٹتے وقت ہی وصول کر لیا جاتا تھا۔ اس طرح اس طریق پر متعلقہ فریقین کے نقطۂ نظر سے بحیثیت مجموعی بخوبی گذر آمد ہوتا رہا۔ لیکن معاوضوں کی مقدار اس لحاظ سے تغیر پذیر ہوتی تھی کہ ہر سال کی فصل کی نوعیت کے اعتبار سے تحصیلات کی مقدار مختلف ہوتی تھی، اور چونکہ معاوضہ جنس کی شکل میں ادا کیا جاتا تھا اس لیے ویسی پیچیدگی پیدا نہ ہوتی تھی جیسی کہ موجودہ زمانے میں زر کی قوت خرید کے تغیرات کے باعث اجرت صحیحہ و اجرت متعارفہ کے درمیانی فرق و عدم مساوات کی بنا پر رونما ہوتی ہے۔

۱۸۔ رواج اور قیمت۔ خریدی ہوئی اشیاء کے معاوضے میں زر دینے کا طریقہ عام نہ تھا بلکہ استثنائی شکل رکھتا تھا۔ لیکن اس طریقے سے جس حد تک بھی خرید و فروخت عمل میں آتی تھی معمولی زمانے میں اس کو منظم کرنے کے لیے "رواج" تنہا قوت عامل تھا، اور ایک ایسے ماحول میں جہاں گاؤں کے قریب قریب سب معاملات رواج کے اثر کے تحت انجام پاتے تھے اس کے سوا کچھ اور ممکن بھی نہ تھا۔ لیکن غیر معمولی سالوں میں "رواج" مسابقت سے مغلوب ہو جاتا تھا، حتیٰ کہ قلت و خشک سالی کے زمانے میں قیمتیں بڑھ کر بہت اونچی سطح تک پہنچ جاتی تھیں اور افراط کے زمانے میں نہایت تیزی کے ساتھ نیچے آ جاتی تھیں۔ ان مقامی تغیرات میں اعتدال پیدا کرنے والے بیرونی اثرات اس لیے مفقود تھے کہ ذرائع نقل و حمل ناقص ہونے کی وجہ سے بیرونی بازاروں تک گاؤں کی رسائی نہ تھی۔ یہ ظاہر ہے کہ وسیع، منظم اور حساس بازاروں کی عدم موجودگی کی وجہ سے کل ملک کے لیے مسابقتی قیمتوں کی یکساں سطح جیسی کسی چیز کا وجود غیر ممکن تھا۔ چنانچہ ہم اوپر کسی موقع پر بیان کر چکے ہیں کہ ملحقہ دیہات میں بھی قیمتوں میں عام طور پر حیرت انگیز فرق و اختلافات ہوا 137
کرتے تھے۔

باب ۹

۱۹۔ قدیم معاشی نظام کے تحت شہر[1]

یہ اغلب ہے کہ گزشتہ صدی کے آغاز میں ہندوستان کی آبادی کا قریب قریب ۱۰ فیصد حصہ شہروں اور قصبات میں بستا تھا اور یہ تناسب اسی زمانے کے بعض یورپی ممالک مثلاً فرانس یا روس کے مقابلے میں زیادہ تھا یہ بھی ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ ہندوستان کی صنعتی آبادی اس وقت بڑی حد تک دیہات میں بھی پھیلی ہوئی تھی۔ چنانچہ یہ خیال کیا گیا ہے کہ تقریباً ۴۰ فیصد آبادی دیہی و شہری صنایع پر انحصار کرتی تھی اور ۶۰ فیصد کا دارومدار زراعت پر تھا۔

اکثر قدیم ہندوستانی شہروں کی ابتدا اور خوشحالی کو مندرجۂ ذیل تین اسباب سے منسوب کیا جا سکتا ہے۔ (۱) وہ جاترائی مقام تھے یا کسی نہ کسی طرح کے مقدس مقام تھے، مثلاً الہ آباد، بنارس، گیا، ناسک، پوری، یا (۲) وہ کسی درباری حکومت کا مرکز تھے یا کسی صوبے کا پائے تخت تھے، مثلاً دہلی، لکھنؤ، لاہور، پونہ، تنجور، ارکاٹ، یا (۳) وہ تجارتی منڈیاں تھے اور تجارتی راستوں پر مناسب محل وقوع کی وجہ سے ان کو یہ حیثیت حاصل ہو گئی تھی مثلاً مرزاپور، بنگلور، ہبلی وغیرہ۔

تجارتی شہروں کے مقابلے میں مقدس مقام اور حکومت کے مرکز زیادہ اہم تھے۔ مقدس شہروں مثلاً بنارس میں پیتل، تانبے اور بھرت کی صنعتیں عروج پر تھیں۔ اس لیے کہ مقدس برتن، باسن اور ظروف یہاں بنائے جاتے تھے جن کی مانگ جاترائیوں اور زائرین میں مستقل اور کثیر تھی۔ درباری شہر بھی کسی طرح نظر انداز کرنے کے قابل نہ تھے۔ ان کی تعداد بھی کثیر تھی۔ وہ صرف شاہی درباروں کے سلسلے میں وجود میں نہیں آئے بلکہ چھوٹے چھوٹے رئیسوں اور نوابوں کی حکومت کا مرکز ہونے کی وجہ سے بھی بن گئے۔ ان کی سرسبزی و خوشحالی کا انحصار بدیہی طور پر دربار یا دارالسلطنت کی قدردانی و سرپرستی پر تھا، اور جب شاہی دربار یا دارالسلطنت منتقل ہوا یا تباہ ہوا ان کو بھی زوال آیا جیسا کہ دکن کے قدیم حکومتی مرکزوں مثلاً دیوگیری، پیتھن، بیجاپور اور وجیانگر کے

[1] شہروں کے متعلق ہمارا بیان زیادہ تر گاڈگل کی تصنیف محولۂ بالا پر مبنی ہے۔

باب ۵ بارے میں ہوا جو اس وقت بے رونق کھنڈر ہیں۔ اس قسم کے شہروں میں سامانِ تعیش تیار کرنے والی صنعتیں غالب تھیں، مثلاً اعلیٰ درجے کی پارچہ بافی، زردوزی، طلائی و نقروی صنعت، ہاتھی دانت کے کام کی صنعتیں اور دوسری متعدد قسموں کی فن کاری اور دستکاری۔ یہ صنعتیں اس زمانے میں بامِ عروج پر پہنچ گئی تھیں اور جملہ شیدائیانِ فن سے خراجِ تحسین و توصیف وصول کرتی تھیں۔ تجارتی شہروں کی اہمیت کا باعث یہ تھا کہ وہ تجارتی شاہراہوں پر واقع تھے اور سہولت کی بدولت انھوں نے چوراہے کے گاؤں سے ترقی کر کے شہروں کی حیثیت حاصل کر لی چونکہ اس زمانے میں ہندوستان کی داخلی و خارجی تجارت کا پیمانہ بڑا نہ تھا، اس لیے اس قسم کے شہروں کی اہمیت محدود رہی۔ تاہم ان کی حیثیت ان شہروں کی حیثیت کے مقابلے میں جو درباروں کی خوشحالی و قدر دانی پر منحصر تھے زیادہ ثبات پذیر تھی۔

اس زمانے میں بھی شہری زندگی کی اہم خصوصیات، دیہی برادریوں کی زندگی
188 کی خصوصیات سے فطری طور پر مختلف تھیں۔ اس لیے کہ ان کی آبادی نسبتاً زیادہ تھی جس کا گزارہ ہمسایہ و ملحقہ دیہات کے غلے کی درآمد پر تھا۔ شہروں کے پیشوں اور حرفوں میں زیادہ تنوع تھا، ان کی صنعت کی تنظیم بدرجہا بہتر تھی اور ان کے بازار وسیع تھے۔ علاوہ ازیں شہروں میں مبادلات میں زر کا لین دین بہت زیادہ ہوتا تھا، حرفت میں زیادہ آزادی سے کام لیا جاتا تھا اور اعتبار کی تنظیم بہت اچھی تھی۔ اشیا کو جمع کرنے اور اس کے بعد فروخت کرنے کی غرض سے ان کو تقسیم کرنے کا طریقہ بہت قدیم زمانے ہی میں خاصا ترقی پا چکا تھا۔ تجارتی اغراض کے لیے معقول انتظام کی موجودگی اس بات سے ظاہر ہوتی ہے کہ یہاں ملکی اعتباری دستاویزات استعمال کیے جاتے تھے اور ایک ساہوکار یا تاجر دوسرے کے نام ہنڈی تحریر کرتا تھا۔ چنانچہ ہم جانتے ہیں کہ اس طریقے پر ہندوستان کے طول و عرض میں ایک حساب سے دوسرے حساب میں زر بآسانی منتقل کیا جاتا تھا۔ بڑی تجارتی کوٹھیاں صرف زر کا کاروبار ہی نہیں کرتی تھیں بلکہ سامان اور اشیا کی بھی تجارت کرتی تھیں مثلاً مرزاپور اور بنارس میں ایسے سوداگر موجود تھے جو سامان فراہم و جمع کر کے بہت وسیع رقبے میں تقسیم کرتے تھے۔

باب ۵

۲۰۔ ہندوستانی صنعتیں ماضی میں۔

بعض اوقات یہ کہا جاتا ہے کہ ہندوستان کبھی صنعتی ملک رہا ہی نہیں اور اس کی قسمت ہی میں یہ لکھا ہوا ہے کہ وہ وہ زرعی ملک بنا رہے۔ لیکن اگر اس بیان کا مفہوم یہ ہے کہ ہندوستان میں زراعت ہمیشہ سے اہم صنعت رہی ہے تو اس پر بحث کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ اور اگر اس کا یہ مطلب لیا جاتا ہے کہ ہندوستان اصطلاح کے جدید مفہوم میں صنعتی ملک نہیں رہا ہے تو اس سے بھی اتفاق کیا جا سکتا ہے، گو یہ بیان کر دینا ضروری ہے کہ انگلستان اور موجودہ زمانے کے دوسرے ممالک بھی جو صنعتی حیثیت سے ترقی یافتہ تھے، اپنی تاریخ کے زیادہ دور نہیں بلکہ متصل زمانے میں وہی حیثیت رکھتے تھے جو ہندوستان موجودہ زمانے میں رکھتا ہے۔ لیکن اگر اس بیان کا مفہوم یہ قرار دیا جاتا ہے کہ ہندوستان سراسر زرعی ملک تھا اور یہاں اس کے سوا کوئی دوسری صنعت قابل لحاظ نہیں تھی تو ہندوستان کی گزشتہ تاریخ کی شہادت پر اس بیان کو غلط ثابت کیا جا سکتا ہے۔[1] ۱۹۱۸ء کے صنعتی کمیشن کا قول ہے کہ "ایسے زمانے میں جبکہ مغربی یورپ یعنی جدید صنعتی نظام کا مقام ولادت، غیر مہذب قوموں سے آباد تھا، ہندوستان اپنے حکمرانوں کے تمول اور اپنے دستکاروں کی اعلیٰ درجے کی فنی مہارت کی بنا پر مشہور تھا۔ بلکہ اس کے بہت بعد کے زمانے میں بھی جبکہ مغرب کے مہمات پسند تاجر پہلی دفعہ ہندوستان میں وارد ہوئے۔ یہ ملک صنعتی ترقی کے اعتبار سے یورپ کی زیادہ ترقی یافتہ قوموں کے مقابلے میں کسی طرح پیچھے نہ تھا۔"[2] پروفیسر ویبر ارقام فرماتے ہیں کہ "نازک قسم کے بافتہ پارچوں کی تیاری، رنگ آمیزی، فلزکاری، قیمتی پتھروں کے کام اور ہر قسم کی فنی صنعتوں میں ہندوستانیوں کی مشاقی و مہارت کو عالمگیر شہرت حاصل رہی ہے۔"[3] مصر میں دو ہزار سال قبل ولادت مسیح کی

---

[1] دیکھو رمیش ہندوست کے تصنیف ہندوستان کی معاشی تاریخ کے بارے میں۔

[2] دیکھو صنعتی کمیشن کی رپورٹ صفحہ ۱۔

[3] دیکھو صنعتی کمیشن کی رپورٹ میں موصوف کا اختلافی نوٹ۔ صفحہ ۲۹۵۔

باب ۵
139

مومیائی اور مسالے سے ڈھکی ہوئی لاشیں بہترین قسم کی ہندوستانی ململ میں لپٹی ہوئی ملی ہیں۔ روما میں ہندوستانی مصنوعات بڑے پیمانے پر صرف ہوتی تھیں اور یونانی ڈھاکہ کی ململ کو گنجیٹکا[1] کے نام سے موسوم کرتے تھے۔ آہنی صنعت بھی ترقی کے بہت ہی بلند معیار پر پہنچ گئی تھی، جیسا کہ دہلی کے نواح کے مشہور ڈھلے ہوئے آہنی ستون سے ظاہر ہوتا ہے۔ اس طرح صنعت سے "نہ صرف جملہ مقامی ضرورتیں پوری ہوتی تھیں بلکہ اس کی بدولت ہندوستان اس قابل بھی ہوگیا تھا کہ اپنی مکمل مصنوعات غیر ممالک کو برآمد کرے"[2]۔ علیٰ ہذا ہندوستان اپنی ریشمی مصنوعات، اونی شالوں، صندل کی لکڑی کے صندوقچوں اور چھری چاقو کے لیے مشہور آفاق تھا۔ متعدد غیر ملکی سیاحوں نے اس کے سرسبز اور ترقی یافتہ صنائع اور حرفتوں کو خراج تحسین ادا کیا ہے۔ بیرونی حملہ اور ملک گیری کی موجوں نے جو یکے بعد دیگرے گیارھویں صدی سے اٹھنی شروع ہوئیں، ہندوستانی صنعتوں کی ترقی میں ایک زمانے تک بہت بڑی مزاحمت پیدا کردی۔ لیکن پرسکون حالات کے عود کر آنے کی وجہ سے خاصکر اکبر اعظم کے دور حکومت میں بظاہر ان صنعتوں میں حیات تازہ کے آثار نمودار ہوئے اور وہ اپنی سابقہ حالت پر پوری طرح آگئیں۔ اس زمانے میں ہندوستان سے سوتی و ریشمی اشیا کثیر تعداد میں ایران، شام اور عرب کو برآمد کی جاتی تھیں۔ چنانچہ اسی تجارت اور خوشحالی کی بنا پر یورپ کے تاجروں کے لیے ہندوستان مرکز کشش بنا۔ اس زمانے میں ان میں ہندوستان میں اپنا قدم جمانے کے لیے جو رقابت پیدا ہوئی وہ ملک کی اشیائے خام کی بنا پر نہ تھی بلکہ اس کے مختلف النوع اور بیش قیمت مصنوعات اور دستکاری کے نمونوں کی بنا پر۔ چنانچہ ہندوستان کے کتان، چھینٹ، کیلی کو، جواہرات، زردوزی کے کام اور اونی و ریشمی مصنوعات ہی نے ایسٹ انڈیا کمپنی کی منفعت بخش تجارت کی بنیاد ڈالی[3]۔

---

[1] (Gangetika)

[2] دیکھو اناڈے کی کتاب موسوم بہ "مضامین معاشیات ہند" صفحہ ۱۷۱۔

[3] دیکھو مالویہ کا اختلافی نوٹ صنعتی کمیشن کی رپورٹ میں صفحہ ۲۹۶ تا صفحہ ۲۹۷

باب ۵

گزشتہ صدی کے آغاز میں ہندوستان کی شہری صنعت زیادہ تر ایسی دستکاریوں پر مشتمل تھی جو عمدہ قسم کے بنے ہوئے پارچے اور دوسرا سامان تعیش طبقۂ امرا کے لیے تیار کرتی تھیں۔ اس کی تنظیم دیہی صنعت کے مقابلے میں بدرجہا بہتر تھی، اور یہی بیرونی مسابقت کی زد میں سب سے اول آئی۔ دستی پارچہ بافی یقیناً اہم ترین صنعت تھی، اور اس میں بھی سوتی مصنوعات بلاشبہ اول نمبر پر تھیں اور ہندوستان میں ہر جگہ پائی جاتی تھیں۔ بقول آر۔ سی۔ دت "پارچہ بافی قومی صنعت تھی اور لاکھوں عورتیں سوت کاتنے کا پیشہ کرتی تھیں"۔ سوتی مصنوعات کے زیادہ اہم مرکز ڈھاکہ، لکھنؤ، احمد آباد، ناگپور اور مدورا تھے۔ کشمیری شال مشہور ترین اونی پیداوار تھی، لیکن یہ صنعت کشمیر تک محدود نہ تھی بلکہ پنجاب کے متعدد شہروں میں بھی رائج تھی۔ علاوہ ازیں دھات کی صنعتیں موجود تھیں جو پیتل، تانبے اور بھرت کے ظروف تیار کرتی تھیں، چنانچہ ان مصنوعات کے مرکز بنارس، ناسک، پونا، احمد آباد، وزاگاپٹم اور نجور تھے۔ پنجاب اور سندھ میں ہتھیار اور ڈھالیں بنائی جاتی تھیں۔ راجپوتانہ کے شہروں کو مینا کاری کے زیور تیار کرنے اور پتھر تراشنے 140
کے فنی کاموں میں خاص مہارت حاصل تھی۔ ان کے علاوہ دوسری دستی صنعتیں بھی موجود تھیں، مثلاً جیسے سونے اور چاندی کے تار بنانا، سنگ مرمر اور صندل کی لکڑی کا کام کرنا، آرائشی انگوٹھیاں بنانا، شیشہ سازی، دباغت اور چرمی کام، کاغذ سازی اور عطر سازی۔ ایک سو سال پیشتر صنعت جہاز سازی اتنی کافی سرسبز حالت میں تھی کہ اس کی بنا پر انگلستان کے جہاز سازی کے کارخانوں میں رشک و حسد پیدا ہوا، لیکن ہندوستان کو ان کے مقابلے میں کامیاب کرنے والی سہولت یہ تھی کہ یہاں عمدہ قسم کی لکڑی بڑی مقدار میں موجود تھی جو آہن پوش دخانی جہازوں کے پیشتر کے زمانے میں بہت اہمیت رکھتی تھی۔

شہری دستکاریاں مختلف ذاتوں کے لحاظ سے مختلف حرفتی جتھوں میں منظم تھیں اور ان کی حیثیت موروثی پیشوں کی تھی۔ یہ جتھے باہمی امدادی انجمنوں کی طرح کام کرتے تھے اور رکنیت کے شرائط اور کام کی خوبی کی نگرانی کرتے تھے جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے تقسیم عمل بہت بڑی حد تک اور تخصیر صنایع خفیف حد تک موجود تھی،

---

۱ دیکھو گاڈگل کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۳۶ تا صفحہ ۳۸۔

باب ۵

گوہر اہم شہر اپنا مختلف دستکاریوں کا پورا لوازمہ یا دستہ رکھتا تھا۔ اس طرح شہری صنعت دیہی غیر زرعی صنعت کے مقابلے میں بدرجہا بہتر طریق پر منظم تھی۔ ہر جگہ کی دستکاریوں کے مثل یہاں بھی تنہا کام کرنے والے دستکار کے پاس اصل کی زیادہ مقدار نہ ہوتی تھی۔ وہ عام طور پر فرمایش کے لحاظ سے کام کرتا تھا اور اس کے گاہک اس کو اشیائے خام مہیا کر دیتے تھے۔ چونکہ دستکار صنعت کے خانگی نظام کے تحت زندگی بسر کرتا تھا اس لیے وہ کسی محنت اور کوشش کے بغیر اپنے پیشے کا راز اپنے باپ سے سیکھ لیا کرتا تھا اور موروثی خاندانی پیشوں کے نظام کی بدولت اس کو یہ فائدہ حاصل تھا کہ اس کی حیثیت محفوظ اور یقینی تھی۔ اس میں کوئی کلام نہیں ہو سکتا کہ دستکار موجودہ حالت کے مقابلے میں اس وقت اس لیے بہت زیادہ خوشحالی اور سرسبزی کے ساتھ زندگی بسر کرتا تھا کہ اس کے تیار کیے ہوئے سامان کی مانگ یقینی تھی۔ لیکن اس کی معاشی حالت کا حد سے زیادہ خوشگوار خاکہ کھینچنا آسان نہیں ہے، واقعہ یہ ہے کہ پارچہ باف عام طور پر وہ کل منافعہ حاصل کرنے کے قابل نہ ہوتا تھا جو اس کے تیار کردہ سامان کی سرگرم طلب سے وصول ہوتا تھا۔ اس منافعے کا بیشتر حصہ وہ بیچ والا آجر وبالیتا تھا جو پارچہ باف کو زر متعار دیتا تھا اور عام طور پر اس قابل ہوتا تھا اور بعض اوقات یہ نیت رکھتا تھا کہ پارچہ باف سے جتنا زیادہ کھینچ سکے کھینچے۔

۲۱۔ ہندوستانی صنعتوں کے زوال کے اسباب

دستکاریوں کا زوال گو بعض صورتوں میں بہت جلد یعنی اٹھارھویں صدی کے آخر میں شروع ہوا لیکن تقریباً انیسویں صدی کے وسط میں بہت نمایاں ہو گیا۔ اس کے اسباب حسب ذیل قرار دیے جا سکتے ہیں۔

(۱) شاہی درباروں کا اجڑنا۔

شاہی درباروں اور امرا کی سرپرستی و قدردانی کے مفقود ہونے کے معنی یہ تھے کہ دستی صنعتوں کی پیداوار کی سب سے بڑی مانگ موقوف ہو جائے اور اس کی وجہ سے ان میں زوال پیدا ہو۔ چنانچہ بنگال کی سوتی اور ریشمی مصنوعات زیادہ تر عظیم الشان سلطنت مغلیہ کے وجود پر منحصر تھیں جس کے مرکز دہلی، آگرہ اور لاہور تھے۔ اور اس سلطنت کی شکست کے ساتھ جو اورنگ زیب کی وفات کے بعد شروع ہوئی، بنگالی مصنوعات کی خوشحالی فطری طور پر زائل ہونے لگی۔ جوں جوں 141

[1] ڈیمز سر لینڈ صاحب کی کتاب "اکبر سے اورنگ زیب تک"

باب ۴

برطانوی اقتدار بڑھتا اور پھیلتا گیا، شاہی درباروں اور امرا کی سرپرستی تیزی کے ساتھ اٹھتی گئی اور جو صنعتیں ان کے سہارے زندہ تھیں ان کو فوراً زوال آیا۔ چنانچہ لکھنؤ اور مثھورا کی صنعتیں اسی طرح تباہ ہوئیں۔

(ب) مخالف غیر ملکی اثرات کا عمل[1]

برطانوی حکمرانی کے آغاز نے ان حرفتی جتھوں اور دوسری جماعتوں کے اقتدار کو بالواسطہ کمزور کر دیا جو تجارت کا انتظام اور استعمال ہونے والی اشیائے خام کی خوبی کی نگرانی کرتی تھیں۔ آبادی کو بے ہتھیار کرنے اور امن قایم کرنے کے عمل کا ان صنعتوں پر بہت مضر اثر پڑا جو اسلحہ اور آلات حرب تیار کرتی تھیں۔ جن لوگوں کی قدردانی کی بدولت دستکاریاں ترقیاں کر رہی تھیں ان کے جانشین اب یورپین افسر، غیر ملکی سیاح اور ہندوستانیوں کی نئی تعلیم یافتہ پیشہ ور جماعت تھی۔ گو ہندوستان میں رہنے والے یوروپین، یورپ سے درآمد مال کو فطری طور پر ترجیح دیتے تھے، پھر بھی ان دستکاریوں کی خفیف سی یورپی طلب نے ان کی تباہی کو روکنے میں مدد دی لیکن یوروپی مذاق کے مطابق نئی نئی شکلوں اور نمونوں کے رواج اور ان اشیا کی روز افزوں مانگ نے ہندوستانی دستکاریوں کی خوبی اور کاریگری پر مضر اثر ڈالا۔ تعلیم یافتہ پیشہ ور جماعت بحیثیت مجموعی، حکمران قوم کے معیاروں کے زیر اثر دیسی حرفتوں کی پیداوار استعمال کرنے سے گریز کرتی رہی اور سودیشی اشیا پر بروز آمدہ اشیا کے صرف کو ترجیح دیتی تھی۔ اس طرح شاہی درباروں کی قدیم قدردانی اور سرپرستی کے مفقود ہو جانے کی وجہ سے جو کمی پیدا ہو گئی تھی وہ جدید نظام اشیا کے تحت صرف جزوی حد تک پوری ہوئی۔

(ج) ایسٹ انڈیا کمپنی اور برطانوی پارلیمنٹ کی پالیسی

ایسٹ انڈیا کمپنی کے تجارتی میلانات ابتداءً اس کو ہندوستانی صنعتوں کی ہمت افزائی کی جانب لے گئے چنانچہ اس کی تجارت برآمد کا انحصار زیادہ تر ان ہی صنعتوں پر ہونے کی وجہ سے وہ اپنی فرمائشوں کے ساتھ پیشگی قیمت ادا کر کے قرضہ دے کر اور دوسرے طریقوں سے ان کی مالی معاونت کرتی رہی۔ لیکن انگلستان کے حقوق قائم

---

[1] دیکھو ڈی آر گاڈگل کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۴۳ تا صفحہ ۴۵۔

باب ۵

نے اس پالسی کی سختی کے ساتھ مخالفت کی اور اس غرض سے پارلیمنٹ میں اپنے اثر سے کام لیا تاکہ کمپنی مذکور ہندوستان سے ان ہی اشیاء خام کی برآمد پر توجہ مرتکز کرے جو انگریزی مصنوعات کے لیے درکار تھیں[1]۔ انگلستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی انگلستان اور ہندوستان کی تجارت کی مخالفت کی وجہ سترھویں صدی کے آخر میں یہ بھی ہوئی کہ اس تجارت کی بنا پر سونا انگلستان سے نکل کر ہندوستان جا رہا تھا۔

142 اٹھارھویں صدی کے نصف اوّل میں، انگلستان نے ہندوستان کے مال پر محصول درآمد عاید کیا جس کا دوہرا مقصد تھا یعنی (۱) اپنے اونی و ریشمی مصنوعات کی تامین اور (۲) برّاعظمی جنگوں کے مصارف کو پورا کرنے کے لیے آمدنی کی توفیر۔ سنہ ۱۷۰۰ء تا سنہ ۱۷۲۴ء میں رنگین ہندوستانی چھینٹ کی درآمد انگلستان میں قانوناً ممنوع قرار دی گئی۔ البتہ سادہ ململ اور چھینٹ نیز ہر قسم کے ریشمی پارچوں اور سوتی اشیاء کو جن کی مکرر برآمد برّاعظم میں کرنا مقصود تھا، مستثنیٰ رکھا گیا۔ بقول ایک مصنف "اٹھارھویں صدی میں ہندوستان نہ صرف بہت بڑا زرعی بلکہ بہت بڑا صنعتی ملک بھی تھا اور ہندوستان کے پارچہ بافی کے دستی راچھ اور چرخے ایشیا اور یورپ کے بازاروں کی مانگ کو تمام و کمال پورا کرتے تھے۔ یہ بدقسمتی سے صحیح ہے کہ ایسٹ انڈیا کمپنی اور برطانوی پارلیمنٹ نے ایک سو سال پیشتر کے خودغرضانہ تجارتی اصول پر عمل پیرا ہو کر برطانوی حکمرانی کے ابتدائی سالوں میں انگلستان کی نوخیز صنعتوں کی ہمت افزائی کی خاطر ہندوستانی مصنوعات کی حوصلہ شکنی کی۔ پارلیمنٹ کی مقررہ پالسی جس پر اٹھارھویں صدی کے آخری عشرے اور انیسویں صدی کے ابتدائی عشروں میں عمل کیا گیا یہ تھی کہ ہندوستان کو برطانیہ عظمیٰ کی صنعتوں کا محتاج و دست نگر بنایا جائے اور اہل ہند کو مجبور کیا جائے کہ برطانیہ عظمیٰ کے دستی کارخانوں اور کپڑا بننے کی کلوں کے لیے خام مال مہیا کرنے کی غرض سے صرف اشیائے خام تیار کریں۔ اس پالسی پر مضبوط و مصمم ارادے سے عمل کیا گیا اور اس کو ایسی کامیابی حاصل ہوئی جو ہندوستانی صنعتوں کی کامل ہلاکت و تباہی کا باعث ہوئی۔ احکام جاری کیے گئے کہ ہندوستانی دستکاروں کو کمپنی مذکور کے کارخانوں میں کام کرنے پر مجبور کیا جائے؛

---

[1] دیکھو صنعتی کمیشن کی رپورٹ صفحہ ۵۷۔

باب ۷ تجارتی نگرانکاروں اور ایجنٹوں کو ہندوستانی جلاہوں کی بر اور یوں اور دیہاتوں کے بارے میں وسیع اختیارات استعمال کرنے کا قانوناً مجاز گردانا گیا؛ محصول درآمد کے ذریعے سے ہندوستانی ریشمی و سوتی مصنوعات کی درآمد انگلستان میں ممنوع قرار دی گئی؛ اور انگریزی مصنوعات کو ہندوستان میں بلا محصول بے روک ٹوک یا برائے نام محصول لگا کر درآمد کیا گیا۔[1] انگلستان میں ہندوستانی سامان پر ۳۰ تا ۸۰ فی صد محصول درآمد عاید کیا گیا تھا اور بعض صورتوں میں ہندوستان سے درآمد کرنے کی کلیتہً ممانعت تھی۔ ظاہر ہے کہ ایسی حالت ہندوستان سے انگلستان کو اشیا کی برآمد کو کسی حد تک نقصان پہنچائے بغیر نہیں رہ سکتی تھی۔[2] اس سے زیادہ تشویشناک بات یہ تھی کہ ہندوستان اور دنیا کے بازاروں میں انگریزی اشیا مسابقت کر رہی تھیں۔[3] اگر اس قسم کے بھاری محصول اور امتناعی احکام موجود نہ ہوتے تو مینچسٹر کی گرنیاں ابتدا ہی میں بند ہو جاتیں اور خواہ بھاپ کی قوت ہی کیوں نہ استعمال کی جاتی ان کا کام موقوف رہتا۔ لیکن ہندوستانی صنعتوں کا بھینٹ چڑھا کر ان گرنیوں میں جان ڈالی گئی۔ برطانوی صناع نے ایسے رقیب و حریف کو زک دینے کے لیے جس سے وہ مساوی شرائط پر مسابقت کر ہی نہیں سکتا تھا، سیاسی نا انصافی کو اپنا آلۂ کار بنایا۔[4] انگلستان

---

[1] دیکھو آر سی دت کی کتاب موسوم بہ "معاشیات ہند ابتدائی برطانوی حکمرانی کے تحت" صفحہ ۱ تا صفحہ ۸۔

[2] لیکن ہندوستانی سوتی صنعت کے زوال کی توجیہ کے سلسلے میں ان تامینی تدابیر کے اثر پر زور دینے میں جو انگلستان میں ہندوستانی اشیا کی درآمد روکنے کے لیے اختیار کی گئی تھیں عام طور پر مبالغے سے کام لیا جاتا ہے۔ انگلستان کا بازار ہندوستان کے سوتی پارچوں کی برآمد کی حد تک اس وسیع بازار کا بہت ہی چھوٹا سا جزو تھا "جو چین و جاپان سے لیکر اسپائس آئیلنڈز، برما، انگلو عرب، مغربی افریقہ اور تمام یورپ پر پھیلا ہوا تھا" (مورلینڈ)۔

[3] دیکھو سر جی ہیلٹن کی کتاب موسوم بہ "تجارتی تعلقات مابین ہندوستان و انگلستان" صفحہ ۱۶۳۔

[4] یہ خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ اگر انگریزی مصنوعات کی تامین ہندوستانی اشیا کے مقابلے میں نہ بھی کی جاتی تو بھی انگلستان کی مصنوعات کو ں کی سہولت کے باعث ترقی کرتیں۔ لیکن میچ بیچ وکسن کا قول جو اوپر بیان ہو چکا ہے یہ ہے کہ اگر انگلستان کو ہندوستان کے اغراض کی حفاظت کی اتنی ہی فکر ہوتی جتنی اپنے اغراض کی بابت تھی تو وہ ہرگز ہندوستان پر تجارت آزاد کی پالیسی کی پابندی عائد کر کے اس کے برخلاف خود تجارت ماحون کی پالیسی پر عمل نہ کرتا۔

باب 143

اس وقت سوتی مصنوعات تیار کر رہا تھا جن کے لیے ہندوستان ایک اچھا بازار تھا۔ چنانچہ اس بازار کا استعمال کرنے کی غرض سے اس نے اپنے سیاسی اقتدار سے کام لینے میں تامل نہیں کیا۔" اس کا قرینہ نہ تھا کہ برطانوی حکومت ایک ایسی دور افتادہ قوم کے ساتھ ہو اس کے زیر اقتدار آگئی تھی اس سے کم خود غرضانہ برتاؤ کرے گی جتنا کہ اس نے امریکہ کی برطانوی نوآبادیات کے ساتھ کیا تھا۔[1] انگلستان میں ہندوستانی مصنوعات کی فروخت کو روکنے کے لیے جو محصول درآمد عاید کیے گئے تھے وہ صرف انیسویں صدی کے وسط میں جاکر اٹھائے گئے لیکن یہ وہ زمانہ تھا جبکہ برطانوی مصنوعات کی بے روک مسابقت ہندوستان اور بیرونی بازاروں میں ہندوستان کی ملکی صنعتوں کو پوری طرح نیست و نابود کر چکی تھی۔

(۴) کل کی بنی ہوئی مصنوعات کی مسابقت۔

اس زمانے میں ہندوستانی پارچوں اور دوسرے مصنوعات کی کساد بازاری کا اہم ترین سبب انگلستان کا صنعتی انقلاب تھا۔ ہندوستان کی گھریلو اور چھوٹے پیمانے کی دستی صنعتیں کسی طرح غیر ملکی مسابقت کی تاب نہ لا سکتی تھیں جو اعلیٰ درجے کی صنعتی تنظیم، دیو ہیکل کلوں، بڑے پیمانے کی پیدائش، پیچیدہ قسم کے تقسیم عمل اور ترقی یافتہ ذرائع نقل و حمل و وسائل آمد و رفت کی وجہ سے اور بھی زیادہ حاوی ہو گئی تھی۔ بقول دت "یورپ میں قوت سے چلنے والے راچھ کی ایجاد نے ہندوستانی صنعتوں کے زوال کو پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا۔" ہندوستان کی صنعت جہاز سازی بھی اس سے نہ بچی، اور ہندوستانی جہازوں کی جگہ برطانوی تجارتی جہازوں نے لے لی۔ یہ ایک حد تک اس پالیسی کا نتیجہ تھا جو ایسٹ انڈیا کمپنی کے کورٹ آف ڈائرکٹرس (مجلس منتظمہ) نے ہندوستانی جہاز رانی و جہاز سازی کے خلاف انگلستان میں رجحان پیدا ہونے کے جواب میں اختیار کی تھی۔ علیٰ ہذا دوسری ہندوستانی صنعتوں مثلاً لوہا پگھلانے کا کام، شیشے کی صنعت اور کاغذ سازی پر بھی یہی بات صادق آتی ہے۔ ہندوستان میں لارڈ ڈلہوزی کے زمانے سے سڑکوں اور خاصکر ریلوں کی تعمیر کی بدولت ذرائع نقل و حمل کے

---

[1] دیکھو جے، بی، ہیمنڈ کی تصنیف مؤلفہ بالا صفحہ ۱۸۵۔

باب ۵ انقلاب نے ملک کے اکثر اندرونی اور دور افتادہ علاقوں کو بھی درآمد اشیا کے لیے کھولدیا اور اس طرح مسابقت کی قوت میں مزید شدت پیدا کردی[1]۔ سڑکیں، نہیں، ریلی گراف، ریلیں، نہر سوئز کی تعمیر، جہازوں کے کرایہ کی تخفیف، خاصکر ۱۸۳۰ء کے بعد، جس کی بدولت انگریزی مصنوعات کی برآمد کے مصارف کم ہوگئے؛ غرض ان سب چیزوں نے ہندوستانی دستکار کی دشواریوں کو اور بھی بڑھا دیا اور اس کو بہت جلد تباہ کردیا[2]۔ ریلوں کی تعمیر اس قدر سرعت سے ہوئی کہ ہندوستانی دستکار کو نئے حالات کے مطابق اپنے آپ کو بنانے اور اپنے لیے کوئی منفعت بخش ذریعۂ معاش اور پیشہ تلاش
144 کرنے کا موقع بھی نہ مل سکا چونکہ حالات نے اچانک پلٹا کھایا تھا اور دستکاروں کو اپنے ہی ذرائع پر انحصار کرنا پڑا، اس لیے دستکار ہزاروں کی تعداد میں اپنے روایتی پیشے ترک کرکے زراعت میں جا گھسے اور اس طرح انھوں نے زمین پر آبادی کے دباؤ کو بڑھا دیا۔ اگر ریلوں کی تعمیر کی رفتار نسبتہً سست ہوتی اور تغیر زیادہ تدریجی طریقے پر واقع ہوتا تو ممکن تھا کہ ہندوستانی صنعتوں کی جانب سے زیادہ قوت مقاومت ظاہر ہوتی، پیشہ زراعت اختیار کرنے کی جانب لوگ اتنی کثیر تعداد میں مائل نہ ہوتے اس کے بدل کے طور پر دوسرے پیشوں کی تلاش کی جاتی اور ان سے استفادہ کیا جاتا اور عبوری دور میں جو مشکلات اور دشواریاں پیش آتیں ان میں بڑی حد تک کمی ہوجاتی۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ انقلاب اس قدر اچانک طور پر رونما ہوا تھا کہ اس قسم کی ازسرنو تنظیم کا موقع ہی نہ ملا[3]۔

(ب) حکومت ہند کی عدم مداخلت کی پالیسی۔

حکومت نے صرف یہی نہیں کیا کہ دشواریوں میں پھنسی ہوئی دیسی صنعتوں کی دست گیری سے باز رہی بلکہ بعض اوقات اس نے اپنے اصول سے ہٹ کر ہندوستانی بازار سے نفع حاصل کرنے میں انگریزی مصنوعات کی براہ راست مدد کی۔ ریلیں انگریز صنعتکاروں کی

---

[1] دیکھو کتاب ہذا جلد دوم "نقل و حمل" کا باب۔

[2] دیکھو اے چیٹرجی کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں صنعتی ارتقا" صفحہ ۲۰۔

[3] دیکھو اے لوڈے کی کتاب موسوم بہ "ہندوستانی خط" صفحہ ۱۰۷

باب ۵

تیار کی ہوئی پیداوار کو ملک میں ہر جگہ پہنچاتی تھیں، جس کی وجہ سے دیسی اشیا کی جگہ بدیسی اشیا نے لے لی، اور اشیائے خام کی برآمد کی ہمت افزائی کرتی تھیں۔ ملک کی تجارت داخلہ کی قربانی دے کر تجارت خارجہ کو توسیع و ترقی دی گئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ملک کے ذرائع کی یکطرفہ ترقی ہوئی۔ جیسا کہ رانا ڈے کا قول ہے "ہندوستان جیسے بڑے ملک نے انگلستان کے زیر نگیں آکر اس (انیسویں) صدی میں قدیم نوآبادیات کی خالی جگہ پر کردی۔ اس محکوم ملک کو ایک مزرعہ یا کھیتی خیال کیا جانے لگا ہے کہ وہ خام پیداوار تیار کرتی رہے جس کو برطانوی ایجنٹ برطانوی جہازوں میں لاد کر وطن روانہ کریں تاکہ برطانوی مہارت اور اصل کی مدد سے مصنوعات تیار کی جائیں اور برطانوی تاجران مصنوعات کو ہندوستان اور دوسرے مقامات کی برطانوی کمپنیوں کے ذریعے سے اس محکوم ملک میں مکرر برآمد کریں۔ بھاپ کی قوت کے استعمال اور کلوں کو چلانے کی مہارت کی ترقی اور ذرائع نقل، حمل و آمد و رفت کی توسیع نے محض اس زمانے کے رجحان کو مزید تقویت پہنچائی اور اس تغیر کا ایک نتیجہ یہ ہوا کہ اس عظیم الشان محکوم ملک میں زرعی پیشوں کی جانب میلان بتدریج بڑھتا گیا اور ملکی صنعتوں کا سریع زوال واضح اور نمایاں ہوتا گیا۔[1] ممکن ہے کہ ہندوستانی خریدار کو ان غیر ملکی اشیا سے کچھ فائدہ ہوا ہو۔ لیکن یہ استدلال کیا جا سکتا ہے کہ دیسی دستی صنعتوں سے محنت کے ہٹ جانے اور اس کے نتیجے کے طور پر زراعت میں مرتکز ہو جانے کی وجہ سے قحط کے امدادی کاموں کے مصارف بہت بڑھ گئے اور اسی وجہ سے خریدار پر محصول ادا کرنے والے کی حیثیت سے بار پڑا۔

۲۲۔ ہندوستان اور انگلستان کے صنعتی انقلاب میں تضاد۔

یہ سچ ہے کہ انگلستان میں بھی صنعتی انقلاب نے قدیم حالات کو بدل کر جو جدید نظام اشیا قایم کیا اس کی وجہ سے بہت کچھ بے ترتیبی اور خلل رونما ہوا اور دستکاروں کو بہت کچھ مصائب اور دشواریوں کا سامنا رہا۔ یہ بھی صحیح ہے کہ حکومت انگلستان نے بے کار و بے روزگار پارچہ بافوں اور دوسرے دستکاروں کی 145

[1] دیکھو رانا ڈے کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۱۰۰ تا صفحہ ۱۰۱۔

باب ۵ حالت زار سے مساوی تغافل برتا اور حکومت کے ایجابی عمل کا مقصد یہ تھا کہ جدید اصلاح دہندگان کے لیے راستہ صاف کیا جائے اور دستکاروں کی تکلیف و مصیبت رفع نہ کی جائے۔ لیکن انگلستان میں کام سے ہٹائے ہوئے مزدور سخت مصیبت کے مختصر دور کے بعد فوراً ہی جدید کارخانوں اور بڑی فیکٹریوں میں جذب ہو گئے۔ زراعت پیشہ آبادی بڑھنے کی بجائے شہری صنعتوں میں آبادی کی تعداد بہت زیادہ بڑھ گئی، چنانچہ جدید صنعتوں میں محنت کی طلب اس قدر کثیر و شدید تھی کہ اس کو پورا کرنے کے لیے دیہی بستیاں اجڑ گئیں اور صنعتی انقلاب کے نتیجے کے طور پر انگلستان نے بے نظیر خوشحالی اور اقتدار کے دور میں قدم رکھا۔ ہندوستانی انقلاب نے ان سب اعتبارات سے بالکل مختلف نتائج پیدا کیے۔ ہندوستان کا صنعتی انقلاب ایسی قوتوں کا نتیجہ تھا جو ملک سے باہر پیدا ہوئی تھیں، اور کلوں کی بنی ہوئی اشیا جن کا مقابلہ دستکاروں کو کرنا پڑا، ایک زمانۂ دراز تک ہندوستان میں تیار ہی نہیں کی جاتی تھیں بلکہ یورپ کے کارخانوں میں بنتی تھیں[1]۔ ملک میں بڑے پیمانے پر کام آنے والی جدید صنعتوں کی عدم موجودگی کے باعث بے کار دستکاروں کو مجبوراً زراعت کا پیشہ اختیار کرنا پڑا اور ملک پہلے سے بہت زیادہ دیہی اور زرعی ہو گیا۔ دستکار نے کسان کا جدید پیشہ اختیار کر کے اپنی معاشی حالت کو قطعی طور پر پہلے سے زیادہ سقیم اور گرا ہوا پایا۔ اس کے برخلاف انگلستان میں اس کے ہم پیشہ بھائی نے نئی فیکٹریوں میں پر منفعت کام پا کر اپنی مالی حیثیت کو عام طور پر مستحکم کر لیا تھا۔ رہا یہ امر کہ معاشی انقلاب کا اثر ملک پر بحیثیت مجموعی کیا پڑا تو یہ سوال ابھی تک قابل بحث ہے کہ آیا زراعت، آبپاشی اور نقل و حمل کے ذرائع کی ترقی و توسیع کے باوجود گزشتہ سو سال[2] میں قومی مقسوم میں قابل لحاظ اضافہ ہوا یا نہیں[3]۔

ملک کا دیہی صنعت کی جانب روز افزوں میلان جس کا اوپر ذکر کیا جا چکا ہے،

---

[1] ہندوستان کے معاشی انقلاب نے تمام تر نقل و حمل ہی کو متاثر کیا اور اس کا اہم ترین نتیجہ یہ ہوا کہ تجارت داخلہ و خارجہ میں توسیع و ترقی ہوئی۔ لیکن اس کے ساتھ زراعت یا صنعت میں پیدائش کے طریقوں میں کوئی قابل لحاظ تبدیلی رونما نہیں ہوئی۔

[2] دیکھو جلد دوم میں "قومی مقسوم" کے متعلق باب۔

باب ۵

مردشماری کے ان اعداد و شمار سے نمایاں طور پر ظاہر ہوتا ہے جو زراعت پر گزارہ کرنیوالے لوگوں کی فیصد تعداد سے متعلق ہیں۔ ۱۸۸۱ء میں اس سال کے قحط کمیشن نے یہ پایا کہ زرعی پیشے پر گزارہ کرنے والوں کی تعداد ان اشخاص سے بدرجہا زیادہ تھی جو زمین کی مکمل کاشت کے لیے مطلوب تھے، اور یہ میلان اس کے بعد سے برابر قوی ہوتا چلا آرہا ہے۔ زمین پر آبادی کا دباؤ سب صوبوں میں بڑھ گیا ہے، صرف پنجاب ہی غالباً ایسا صوبہ ہے جہاں صورت حال میں بہت زیادہ تغیر نہیں ہوا ہے۔ 146

ہندوستان بحیثیت مجموعی نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۸۹۱ء کی مردم شماری کے لحاظ سے زرعی آبادی کا فیصد مجموعی آبادی کے مقابلے میں ۶۱ تھا۔ یہ فیصد بڑھ کر ۱۹۰۱ء میں ۶۲، ۶۵ء میں ۶۸، ۶۹ء اور ۱۹۲۱ء میں ۷۰، ۹ ہوگیا۔ اگر ہم ۱۸۹۱ء کی مردم شماری کو اس بنیاد پر نظر انداز بھی کردیں کہ اس تاریخ کے بعد سے ترتیب اعداد کے طریق میں بہت کچھ تغیرات ہوئے ہیں، تب بھی بعد کی مردم شماریوں کی بنا پر اس بارے میں کوئی شبہ باقی نہیں رہتا کہ آبادی صنعت سے زراعت میں منتقل ہوئی ہے۔ ۱۹۲۱ء میں زرعی آبادی (مزدوروں) کے فیصد میں جو ظاہری تخفیف رونما ہوئی ہے اور یہ تناسب گھٹ کر ۶۲، ۶۵ فیصد تک آگیا ہے اس پر پہلے تنقید کی جاچکی ہے[1]۔ یہ صحیح ہے کہ مردم شماری کے اعداد و شمار کو اس لیے قطعی طور پر معتبر نہیں قرار دیا جاسکتا کہ ان میں بڑے پیشوں اور ذیلی پیشوں کے مابین کوئی نمایاں حد فارق قائم نہیں کیا گیا ہے اور بہت سی گھریلو صنعتیں زراعت کے ذیلی پیشوں کی حیثیت سے جاری ہیں[2]۔ لیکن چونکہ عدم صحت کا یہ عنصر جملہ مردم شماریوں میں مساوی طور پر موجود ہے، اس لیے مقابلے کے اغراض کے لیے مختلف مردم شماریوں کے اعداد سے بلاخوف و خطر کام لیا جاسکتا ہے۔

لیکن جدید طرز کے بڑے پیمانے کی صنعت کا آغاز ہوچکا ہے، اور حکومت چونکہ صنعت کو سرعت کے ساتھ ترقی دینے کی پالیسی کا اعلان کرچکی ہے، اس لیے

---

[1] دیکھو باب ۳ فصل (۵)۔

[2] دیکھو ڈی۔ آر گاڈگل کی تصنیف محولہ بالا ص ۳۲۱۔

باب ۴ آئندہ اس سمت میں ترقی بہت اطمینان بخش ہونی چاہئیے اور اس سے زراعت کی جانب بکثرت میلان اور نقل میں بھی کمی ہو جائے گی جس کی بنا پر رانا ڈے کو بہت کچھ بدگمانی اور خطرہ محسوس ہوا تھا۔ ملک میں جدید طرز کی صنعتوں کی عظیم الشان ترقی بذات خود، دست کاروں کی دشواریوں کو بڑھا کر ان کی حالت اور بھی زیادہ سقیم کر دے گی۔ چنانچہ آئندہ چل کر ہمیں جن سوالوں کو جانچنا ہوگا۔ ان میں سے ایک یہ ہوگا کہ آیا گھریلو صنعتوں کا نیست و نابود ہو جانا لابدی ہے یا وہ جدید صنعتوں کی توسیع و ترقی کے دوش بدوش برقرار اور خوشحال رہ سکیں گی۔

۲۳۔ گاؤں عبوری دور میں۔ دیہی برادری کی تنظیم اور معاشی زندگی کا حال اوپر بیان ہو چکا ہے، ان میں ان جدید قوتوں کے نتیجے کے طور پر تغیر و تبدل ہو رہا ہے جو نظم و نسق کی مرکزیت، مغربی تہذیب و تمدن کے زیر اثر انفرادیت کی ترقی اور ذرائع نقل و حمل و آمد و رفت کے انقلاب کی بدولت وجود میں آئی ہیں۔

(۱) نظم و نسق کی مرکزیت۔ "قدیم زمانے میں ہندوستانی دیہات کو مقامی آزادی بڑی حد تک حاصل تھی، اس لیے کہ حکمراں خاندان اور ان کے مقامی نمائندوں کو انفرادی کسانوں سے براہ راست کوئی سروکار نہ تھا بلکہ وہ گاؤں کو بحیثیت مجموعی یا کسی بڑے زمیندار کو سرکاری مالگزاری ادا کرنے اور مقامی نظم و امن قایم کرنے کے لیے ذمہ دار قرار دیتے تھے۔ لیکن دیوانی اور فوجداری کی مقامی عدالتوں کے قایم ہو جانے کی وجہ سے نیز مال اور پولیس کی موجودہ تنظیم کی بدولت انفرادی رعیت داری نظام کی بنا پر جو شمالی ہند میں بھی پھیل رہا ہے، اب یہ مقامی آزادی باقی نہیں رہی ہے[1]۔ نظم و نسق کی مرکزیت کا یہ برطانوی اصول بمبئی میں ایلفنسٹن اور مدراس میں منرو کی سفارشوں کے خلاف اختیار کیا گیا، یہ دونوں اصحاب دیہی برادریوں کو صحت و قوت کی حالت میں محفوظ رکھنے کے لیے متردد تھے، لیکن ان کی رائے کے خلاف اصول اختیار کرنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ دیہی آزادی کے

147

[1] اعلام مرکزیت کے کمیشن کی رپورٹ ۱۹۰۹ء۔

باب ۵

ترغیبات منفقود ہو گئے اور تازہ و جدید انتظام مثلاً ضلع واری و تعلقہ واری مجلسوں کے تقرر گاؤں کی محدود لیکن زیادہ موثر حکومت خود اختیاری کے کسی حد تک مذموم بدل ثابت ہوئے۔

نظم و نسق کی موثر مرکزیت دو شرائط پر مبنی ہے۔ (۱) طاقتور مستحکم حکومت کا قیام اور (۲) نقل و حمل اور آمد و رفت کی سہولت۔ یہ دونوں شرائط برطانوی دور سے پیشتر کے زمانے میں مفقود تھے۔ اکثر حکمران خاندان اپنی بقا و حفاظت کے زیادہ اہم مسئلے میں منہمک تھے، لہذا انھوں نے کمترین مقاومت کا اصول اختیار کیا اور دیہی حکومت میں امکانی حد تک کم مداخلت کی۔ بہرصورت یہ ضروری تھا کہ طاقتور سے طاقتور حکومت بھی روزمرہ کے دیہی معاملات میں مداخلت کرنے کے کام کو محض اس وجہ سے ناقابل عمل پاتی کہ آمد و رفت میں قدرتی دشواریاں تھیں اور دیہات مرکزی حکومت کے عہدہ داروں کی رسائی سے باہر تھے۔ ان حالات میں اعدام مرکزیت کے اصول کو مجبوراً اختیار کرنا پڑا اور اس کے فطری نتیجے کے طور پر دیہات کی آزادی کا باقی رہنا لابدی تھا۔ موجودہ متبدل صورت حال میں دیہی آزادی کی بحالی صرف اس وقت رونما ہوگی جبکہ مرکزی حکومت اپنے اقتدار سے ارادی طور پر دست بردار ہو جائے گی۔ لیکن گاؤں کو اس کی سابقہ حیثیت پر از سر نو قایم کر دینے کے معنی ہرگز یہ نہیں ہو سکتے کہ کل اعتبارات سے قدیم میلان عود کر آئے گا۔ گاؤں کبھی معاشی حیثیت سے اپنی جملہ ضرورتوں کا خود کفیل اور زمانۂ قدیم کی طرح تمام دنیا سے بالکل الگ تھلگ نہیں رہ سکتا اور نہ ہماری یہ خواہش ہونی چاہیے کہ اُسے اس حالت میں دیکھیں۔

(۲) انفرادیت کی ترقی۔

ایک اور سبب جس کا دیہی برادری کی شکست میں حصہ ہے انفرادیت کی ترقی رہا ہے۔ موجودہ زمانے میں، ہر سمت میں انفرادی قانونی حقوق رونما ہو گئے ہیں اور انھوں نے اجتماعی زندگی کا خون کر کے فرد کی حیثیت نہایت مستحکم کر دی ہے۔ چنانچہ ہندوستان میں بھی یہ میلان ظاہر ہوا ہے، اور موجودہ زمانے کی ان سب سے زیادہ طاقتور قوتوں میں سے ایک قوت ہے جو ہندوستانی معاشرے کی قدیم عمارت کو مسمار کر رہی ہیں۔ جو

باب انفرادیت کی بجائے اجتماعیت پر مبنی ہے۔ اس طرح گاؤں میں اجتماعیت کا احساس
بہت ضعیف ہوگیا ہے، گو ابھی تک پوری طرح نابود نہیں ہوا ہے۔ چنانچہ گاؤں میں
اتنی طاقت اور جان موجود ہے کہ اس کو اب بھی نظم و نسق کی اولین اکائی شمار
148 کیا جا سکتا ہے اور قدیم عمائدہ مثلاً پٹیل اور محاسب، گاؤں اور مرکزی حکومت کو
ملانے والی ناگزیر کڑی ہیں۔ علاوہ ازیں دیہی حکومت خود اختیاری اور اجتماعی زندگی
کی تجدید کا مستقبل، امداد باہمی کی تحریک کے اثر کی بدولت روشن ہوگیا ہے، اور دیہی
پنچایتوں کی قدر و اہمیت کو حکومت کے تسلیم کر لینے کی وجہ سے اس کی توقع اور بھی
زیادہ ہوگئی ہے۔ مانٹیگو چمسفورڈ رپورٹ نے اس تحریک کے حق میں مطلوبہ محرک کا کام
کیا جو ۱۹۰۹ء کے اعدام مرکزیت کے کمیشن کی خیر خواہی حاصل کر چکی تھی۔ نئی شراب
پرانی بوتلوں میں ان کو توڑے بغیر بھرنا آسان نہیں ہے، اور دیہی حکومت کی
خود مختاری کی تجدید کا کام، مالیہ اور عملے کے متعلق دشواریوں سے بھرا ہوا ہے اور
جو روایات مردہ ہو چکے ہوں ان کو ایک سو سال کے بدبختانہ وقفے کے بعد زندہ
کرنا مشکلات سے خالی نہیں ہے۔ لیکن ان تمام مشکلات اور دشواریوں کے باوجود
دیہی حکومت کی خود مختاری کا نصب العین لائق حصول ہے، اور اس کی راہ میں
جو مزاحمتیں ہیں وہ رفتار زمانہ کے ساتھ دیہی ہندوستان کی معاشی ترقی، تعلیم کی
توسیع اور عوام کی روشن خیالی کی بدولت رفع ہو جائیں گی۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ
خود مختار دیہی حکومت کے تصور کو دیہات سدھار کی ایک جامع تجویز کے طور
پر عملی جامہ پہنایا جائے۔

(۳) نقل و حمل میں انقلاب۔ آخری بات یہ کہ انیسویں صدی کے وسط سے ریلوں اور سڑکوں کا جال بچھ جانے کی وجہ سے نقل و حمل میں جو انقلاب رونما ہوا ہے اس کی وجہ سے گاؤں کا علٰحدہ وجود باقی نہیں رہا ہے اور اس کے نتیجے کے طور پر اہم تغیرات واقع ہوئے ہیں۔

۲۴۔ گاؤں کی خصوصیات عبوری دور میں۔ (۱) سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ گاؤں خود کفیل نہیں رہا ہے چنانچہ اس وقت گاؤں میں کپڑا، مٹی کا تیل، الومونیم کے برتن، شکر، چائے، دیا سلائی کے بکس، چھتریاں، قینچی، چوڑیاں، آئینہ،

باب ۵

مسالے اور دوائیں، سلائی کی مشینیں وغیرہ باہر ہی سے درآمد کی جاتی ہیں۔ گاؤں کو بیرونی دنیا کا اس طرح روز افزوں دست نگر اور محتاج بنانے میں معیار زندگی کے ان تغیرات نے بھی بڑی حد تک مدد کی ہے جو مغربی اثرات کے تحت رونما ہوئے ہیں۔ گاؤں بیرونی دنیا کے لیے اشیاء بھی تیار کرنے لگا ہے اور اشیا کے مبادلے کی حد تک بیرونی دنیا پر اس کے روز افزوں انحصار کی بدولت ایسے معاشی انقلاب کا آغاز ہو چکا ہے جو بلحاظ نوعیت نہایت دور رس ہے۔

(۲) گاؤں کی علیحدگی کے باقی نہ رہنے کی وجہ سے قحط کی مصیبت کی نوعیت میں بھی تبدیلی واقع ہوئی ہے۔ مقامی فصلوں کی کمی کو پورا کرنے کے لیے ان علاقوں سے اشیائے خوردنی درآمد کرنے کا امکان پیدا ہو گیا ہے جہاں پیداوار بہ افراط ہوتی ہے اور اس کے نتیجے کے طور پر اشیائے خوردنی اور زر کے قحط کی جگہ محض زر کے کال نے لے لی ہے، چنانچہ اشیا کے قحط کی بنا پر عوام کی بہت بڑی تعداد بھوک اور فاقوں کی شدید تکلیف میں مبتلا نہیں ہوتی بلکہ قلت اشیا کی وجہ سے محض گرانی رونما ہوتی ہے، عارضی طور پر بے روزگاری پیدا ہو جاتی ہے اور زرعی کاروبار رک جاتا ہے۔ بلی ہذا فصلوں
149 کے غیر معمولی طور پر کم ہونے کی وجہ سے پیداوار کی افراط اور ارزانی کا جو خوف تھا اس میں بھی داخلی و بین الاقوامی بازاروں کی توسیع کی بدولت کمی ہو گئی ہے۔ اس کے ساتھ ہی قدیم گاؤں کے غلے کے ذخائر بھی اس لیے عملاً مفقود ہو گئے ہیں کہ گاؤں اب غلے کے ذخائر بہت بڑی مقدار میں ملک کے کسی حصے سے بھی بآسانی حاصل کر سکتا ہے۔

(۳) ایک اور نمایاں تبدیلی معیشتِ زر کے رواج کی صورت میں ظاہر ہوئی ہے۔ قدیم زمانے کے برعکس آج کل بیرونی دنیا سے مبادلات بلد بلد اور روز افزوں ہونے اور زرعی پیداوار کی قیمتوں میں اضافے ہونے کی وجہ سے نیز اس سبب سے کہ گاؤں کے باہر جا کر کام کرنے والے بھی اپنے وطن کو ترسیل زر کرتے ہیں، دیہات میں زر کی درآمد ہونے لگی ہے۔ غرض زر کی اس روز افزوں رسد نے اس کا موقع بہم پہنچایا کہ زر ہی معمولی آلۂ مبادلہ کے طور پر اختیار کر لیا جائے، چنانچہ آجکل مطالبات جنس کی شکل میں بہت کم ادا کیے جاتے ہیں۔ واقعہ

باب ۴ یہ ہے، جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں، کہ جنسی مبادلت کے بدل کے طور پر زر کا رائج ہونا اس بات کی بین علامت ہے کہ قدیم معیشتہ جدید معیشتہ سے بدل رہی ہے، اور تہذیب و تمدن نے ترقی کی نئی منزل میں قدم بڑھایا ہے۔ آجکل مالگزاری اور دوسرے محصول، لگان، قرضے کا سود، اور اجرت، یہ سب زیادہ تر زر نقد کی شکل میں ادا کیے جاتے ہیں۔ دیہی دستکاروں کو ان کی خدمات کے صلے میں از روئے رواج غلّہ ادا کیا جاتا تھا، اس طریقے کے بجائے کوئی دوسرا بالکل مختلف طریقہ ابھی تک رائج نہیں ہوا ہے، لیکن قدیم زمانے کے مقابلے میں آجکل اس کی اہمیت بہت گھٹ گئی ہے۔ دیہات میں درآمد کی ہوئی اشیا کی قیمت ادا کرنے کے لیے بھی نقد کی ضرورت ہوتی ہے۔

(۴) شہروں میں کما کر دیہی آمدنی کی کمی کو پورا کرنے کی معاشی ضرورت محسوس کی جانے لگی ہے اور ریلیں بن گئی ہیں جن کا نتیجہ یہ ہے کہ دیہی آبادی ساکن اور غیر نقل پذیر نہیں رہی ہے۔ قدیم زمانے کی طرح آجکل پیشے معین و مقررہ نہیں ہیں اور ذات اور حیثیت کا اثر ایک حد تک کمزور ہو گیا ہے۔ ممکن ہے کہ فیکٹریوں، معدنوں اور بڑے بڑے کارہائے عامہ میں کام کرنے والے مزدوروں کی تعداد کا تناسب مجموعی آبادی کے مقابلے میں کسی وقت در اصل کم اور نظر انداز کرنے کے قابل ہو، لیکن دائمی تغیر پذیری کی وجہ سے جدید عناصر سے متاثر ہونیوالوں کی تعداد بدرجہا زیادہ ہے۔ گاؤں کی "علیحدگی" کا باقی نہ رہنا ان دیہات کی صورت میں خاص طور پر نمایاں ہے جو بڑے اور مرکزی شہروں سے کافی متصل واقع ہیں۔

۲۵۔ دیہی پیشوں میں تغیر

(۱) زراعت میں تغیر۔

اب دیہی پیشوں کے تغیر کو اجمالاً بیان کرنا مناسب ہوگا چنانچہ زراعت سے آغاز کیا جا سکتا ہے جو گاؤں کی سب سے بڑی اور اہم صنعت ہے اور اس کے بعد دیہی دستکاریوں میں جو تغیر ہوا ہے اس کی جانب توجہ کی جا سکتی ہے۔

زرعی کاروبار کی تنظیم میں کوئی اساسی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ چنانچہ عام طریقہ اب بھی یہی ہے کہ چھوٹے چھوٹے کسان اپنے ذاتی اصل اور محنت سے

باب ۵

چھوٹے پیمانے ہی پر کاروبار کرتے ہیں۔ اگر کوئی بات قابل لحاظ ہے تو یہ ہے کہ زراعت کی جانب ملک کے روز افزوں میلان اور زمین کی تقسیم در تقسیم کی زیادتی نے چھوٹے کسانوں کی تعداد میں بہت خاصا اضافہ کر دیا ہے۔ علی الرغم قدیم ترین زمانے کا کاشتکاری کا طریقہ اور فن اب بھی بڑی حد تک غیر متاثر ہے اور زراعت و امداد باہمی کے محکموں کو طریق کاشت اور آلات کشاورزی کی اصلاح و ترقی میں ابھی تک بہت ہی محدود کامیابی ہوئی ہے۔

150

ہندوستانی زراعت کا عبوری دور چار اہم پہلو رکھتا ہے، یعنی (۱) زراعت کا نفع بخش کاروبار بن جانا، (۲) کسان کی بے دخلی اور زمین کا غیر کسان ساہوکار یا قرض دہندہ کو منتقل ہو جانا (۳) کھیتوں کی روز افزوں تقسیم اور ان کا انتشار، (۴) دیہی مزدوروں کی قلت۔[1]

(۱) زراعت کے نفع بخش کاروبار بن جانے کا باعث زیادہ تر یہ امر رہا ہے کہ نقل و حمل اور ذرائع آمدورفت میں اصلاح، توسیع و ترقی ہوئی۔ چنانچہ ۱۸۶۹ء میں نہر سویز کے افتتاح نے زرعی پیداوار کے لیے وسیع اور عالمگیر بازار قایم کرنے میں خاص طور پر مدد دی۔

دنیا کے بازاروں کا کھل جانا اور اس کے نتیجے کے طور پر ہندوستانی زراعت کا ایک نفع بخش کاروبار بن جانا، یہ ایسے عامل تھے جو امریکا کی خانہ جنگی کے باعث گزشتہ صدی کے چھٹے عشرے میں بہت شد و مد کے ساتھ نمایاں ہوئے۔ چونکہ اس جنگ کی وجہ سے انگلستان میں امریکا سے روئی کی رسد کی درآمد کا سلسلہ رک گیا تھا، لہٰذا لنکاشائر کو مجبوراً مصر اور ہندوستان کی سمت رخ پھیرنا پڑا۔ لنکاشائر کی عظیم طلب نے روئی کے کاروبار میں ایسی گرم بازاری پیدا کر دی کہ اس کی بدولت روئی کاشت کرنے والوں اور برآمد کرنے والوں کی جیبیں بھی کچھ مدت کے لیے کثیر نفع سے بھرتی رہیں۔ علاوہ ازیں پنجاب، صوبۂ متحدہ اور دوسرے علاقوں میں بڑے بڑے کارہائے آبپاشی کے اجرا نے وسیع خطہ ہائے زمین کو

[1] اس معاملے کی زیادہ مفصل بحث کے لیے دیکھو گاڈگل کی تصنیف محولۂ بالا باب ۱۱۔

۱۵۲ نقل و حمل کی سہولت بہم پہنچا دی ہے اور کفایتی کاشتکاری کو تجارتی کاشتکاری سے مبدّل کر دینے کے حق میں محرک کا کام کیا ہے۔ نقل و حمل اور آبپاشی کے علاوہ لیکن ان ہی سے متعلق، ایک اور عامل زراعت کو نفع بخش کاروبار بنانے کا ذمہ دار ہے یہ ہے کہ غلّہ کی تجارت منتقل زر افزوں ہو گیا اور محصول، لگان، سود اور اجرت بصورت نقد ادا ہونے لگی۔ مطالبات کی ادائی بصورت نقد کرنے کی ضرورت نے کاشتکار کو مجبور کیا کہ وہ اپنی پیداوار کا ایک جزو بلکہ اکثر صورتوں میں بہت بڑا جزو جنس کی شکل میں ہو، اسی بعد فروخت کر دے اور اسے عام طور پر خود اپنی ہی فصل کی پیداوار کا کچھ حصہ واپس خریدنی پڑتی ہے اور ایسی قیمتوں پر جو اس کی قیمت فروخت سے زیادہ ہوتی ہیں۔

زرعی پیداوار کی اس جدید ہیئت کی بدولت مختلف علاقے خاص خاص محصولوں کی تیاری کے لیے مخصوص ہو گئے ہیں۔ چنانچہ بنگال نے سن کی کاشت کے لیے، بمبئی اور برار نے روئی کے لیے، مدراس متوسط نے روغن دار تخم کے لیے، پنجاب نے گیہوں کے لیے اپنے کو تقریباً مخصوص کر لیا ہے۔ اس جدید صورت کی بدولت صنعتی پیداوار اور غیر صنعتی اشیا مثلاً روئی اور روغن دار تخم وغیرہ کی کاشت کا رقبہ بہت وسیع ہو گیا ہے۔ علاوہ ازیں بیچنے والوں، تھوک فروشوں اور برآمد کرنے والوں کی خاص خاص جماعتیں پیدا ہو گئی ہیں جو بندرگاہوں اور اندرون ملک تقسیم کرنے والے مرکزوں میں روئی، سن، گیہوں وغیرہ جیسی پیداوار کو جلد جلد پہنچاتی ہیں۔ چنانچہ "زراعت" کے متعلق باب میں ہم یہ بیان کریں گے کہ زراعت کے نفع بخش کاروبار بن جانے کی وجہ سے پیدا کنندہ اور ملک کو بحیثیت مجموعی دراصل کس حد تک فائدہ پہنچا ہے اور زرعی پیداوار کی فروخت کے انتظام میں کسقدر اصلاح و ترقی کی ضرورت ہے۔

(۲) قدیم کسانوں کی زمین کا ساہوکار کے قبضے اور ملکیت میں چلا جانا وہی قرضداری کے نتائج میں سے ایک ہے، جس کے حق میں انفرادی حقوق اراضی، انتقال اراضی کی آزادی، زمین کی قیمت کے اضافے، اعتبار کی سہولت اور انتہائی طور پر پیچیدہ دیوانی قانون اور ضابطے نے محرک کا کام کیا ہے۔ ہم کسی دوسرے

باب ۴

مقام پر کسانوں کی قرضداری کے ثانوی اسباب بیان کریں گے اور اس کے ساتھ ان مختلف تدابیر کا بھی ذکر کریں گے جو حکومت نے کسان کے قبضے سے زمین کے نکل جانے کو روکنے کے لیے غیر زرعی طبقوں کی مدافعت میں اختیار کی ہیں۔

(۳) روز افزوں تقسیم و انتشار زمین کا باعث یہ ہے کہ توریث و توارث کے قوانین کے ذریعے سے زمین پر آبادی کا روز افزوں دباؤ پڑتا رہا ہے، اور یہ زراعت کی اصلاح و ترقی کے حق میں سخت مضر ہے[1]۔

(۴) زرعی مزدوروں کی قلت، جس کے متعلق اکثر دیہات میں شکایت عام ہوگئی ہے، خاصکر فصل کی کٹائی کے موقعے پر زیادہ محسوس ہوتی ہے جبکہ کاشتکار کسان اور اس کے کنبے والوں کی زائد محنت دستیاب نہیں ہوتی، اور اس کا بات زیر کاشت رقبے کی زیادتی، شہری صنعت کی ترقی اور متمول زمیندار طبقے کے اس میلان کو تقویت دیا جاتا ہے کہ وہ قیمتوں کے اضافے سے خاص طور پر متمتع ہونے کی وجہ سے اپنے کھیتوں پر خود کام کرنے کی بجائے مزدوروں سے اجرت پر کام لیتے ہیں[2]۔

۲۵-(۲) دیہی حرفتوں میں تغیر

اس کے بعد ہم دیہی دستکار کی حیثیت میں جو تبدیلی ہوئی ہے اس کی جانچ کی جانب متوجہ ہو سکتے ہیں۔ بحیثیت مجموعی کوئی انقلاب انگیز تغیر واقع نہیں ہوا ہے۔ نجار، آہن گر، موچی، جراح، کمہار وغیرہ اب بھی دیہی خدمتگاروں کی حیثیت سے موجود ہیں، ان کی خدمات کو تسلیم کیا جاتا اور صلہ ادا کیا جاتا ہے، چنانچہ وہ رواجی واجبات پاتے ہیں۔ لیکن رواجی فرائض اب اتنی اہمیت نہیں رکھتے جتنی کہ قدیم زمانے میں رکھتے تھے اور موجودہ زمانے کا دیہی دستکار دوسرے مقام پر بہتر ذریعۂ معاش کی تلاش میں منتقل ہونے کے لیے زیادہ مستعد معلوم ہوتا ہے۔ ذرائع رسد و آسان نقل و حمل نے بیرونی اشیا کی درآمد میں سہولت پیدا کر دی ہے اور اس کی وجہ سے گاؤں کے یہ اپنی جملہ احتیاجوں کو مقامی طور سے پورا کرنے کی خصوصیت کم ہوتی جا رہی ہے۔ اس

---

[1] دیکھو باب۔

[2] دیکھو جی کینگ کی کتاب دوم "مغربی ہندوستان میں زراعت کی ترقی" صفحہ ۱۴۴ تا ۱۴۶
(See G. Keatinge, Progress of Agriculture in Western India; P. P. 144-6)

باب ۵ لحاظ سے گاؤں میں تمام دستکاروں کی مسلسل موجودگی کی اب ضرورت ہی نہیں رہی ہے۔ دستکاری کی محنت کا جملہ سالیانہ کی شکل میں ادا کرنے کی بجائے کام کے لحاظ سے ادا کرنے کا طریقہ زیادہ عام ہو رہا ہے اگرچہ اس اعتبار سے اور دوسرے اعتبارات سے پوری طرح تغیر نہیں ہوا ہے۔ یہی عامل اس بات کا بھی ایک حد تک ذمہ دار ہے کہ پارچہ باف اور زرگر جیسے بعض دستکار بڑے دیہات اور شہروں کا رخ کر رہے ہیں۔ یہی دستکار کو یورپی اور ہندوستانی کارخانوں کی بڑے پیمانے کی پیدائش کی مسابقت سے بھی نقصان پہنچایا اور اس غیر مساوی مسابقت کے نتیجے کے طور پر بعض دیہی صنعتیں تباہ ہو چکی ہیں۔ 152

لیکن انقلاب نے مختلف دیہی دستکاروں کو مختلف طریقوں سے متاثر کیا ہے۔ ہاتھ سے سوت کاتنے والے انگلستان کے صنعتی انقلاب کی طرح، یہاں بھی سب سے زیادہ بری طرح متاثر ہوئے ہیں اور ہر جھونپڑے کا قدیم کتائی کا چرخہ بڑی حد تک بے کار ہو گیا ہے۔ دیہی رنگریزوں کو بھی انیلین رنگوں کی درآمد سے اور کلوں کے بنے ہوئے رنگین سوت کے استعمال سے نقصان پہنچا ہے۔ پارچہ باف کو محض اس لیے نقصان نہیں پہنچا کہ کلوں کی بنی ہوئی مصنوعات کی مسابقت کی زد ان پر پڑی اور ہندوستانی بازاریں ان کی بھرمار ہو گئیں، بلکہ ایک حد تک اس وجہ سے بھی کہ غیر ملکی ایشیائی بازار مثلاً جاوا اور ایران، جو پہلے ہندوستان سے اشیا کی درآمد کرتے تھے اب انگلستان سے سامان طلب کرنے لگے۔ لیکن دستی پارچہ بافی ہندوستان میں کسی طرح کلیتہً مفقود نہیں ہوئی ہے۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ اب بھی ۲۰ لاکھ سے ۳۰ لاکھ تک دستی راچھ ہندوستان میں کام کر رہے ہیں، دستی راچھ پر کپڑا بننے والوں کی تعداد تقریباً ۶۰ لاکھ ہے اور یہ کہ ان کی سالانہ خام آمدنی کی مجموعی مقدار لازمی طور پر قریب قریب ۵۰ کروڑ روپیہ ہو گی[1]۔ آہنی ہلوں، موسلوں اور دوسرے ترقی یافتہ آلات کشاورزی کے روز افزوں استعمال کی وجہ سے آہنگر اور نجار کی حیثیت پر اسی طرح مضر اثر پڑا ہے جس طرح پیچ کاری کے ظروف اور تانبے

[1] دیکھو صنعتی کمیشن کی رپورٹ پیراگراف ۲۵۶ اور سی اتھیسن کی کتاب موسوم بہ "صنعت ہند" ضمیمہ (۴)۔

باب ۵

اور پیتل کے برتنوں کے روز افزوں استعمال کی وجہ سے کھار کا وجود بڑی حد تک غیر ضروری سا ہو گیا ہے۔ دیہی دباغ کو خام چرم اور کھالوں کی عالمی قیمتوں میں اضافہ ہو جانے کی وجہ سے اپنی حیثیت و حالت کا سنبھالنا دشوار ہو گیا ہے، اس لیے کہ ہندوستانی کھالیں ہر سال بہت کثیر تعداد میں برآمد کی جاتی ہیں اور دباغت کیے ہوئے تیار چمڑے کی درآمد روز افزوں ہے۔ گاؤں میں مٹی کے تیل کے بکثرت استعمال، روغندار تخموں کی برآمد اور شہروں میں تخموں سے تیل نکالنے کی صنعت کے فروغ پانے کی وجہ سے گاؤں کے تیلی پر بھی کاری ضرب لگی۔ جہاں دیہی صنعت کو زوال آیا یا اس میں کساد بازاری رونما ہوئی وہاں بے کار دستکار یا تو خود گاؤں ہی میں دن میں کام کرنے والے مزدوروں کی صف میں داخل ہو جاتا ہے یا بہتر ذریعہ معاش کی تلاش میں شہروں کو منتقل ہو جاتا ہے۔ دستکاروں نے اپنا موروثی پیشہ عام طور پر صرف اسی صورت میں ترک کیا جبکہ وہ ایسا کرنے پر مجبور ہوئے، گو بعض صورتوں میں یہ بھی ہوا ہے کہ انھوں نے آنے والی تباہی کو دیکھ کر اپنی حیثیت بالکل مایوس کن ہو جانے کا انتظار کیے بغیر پہلے ہی سے اپنا پیشہ ترک کر دیا۔

رہے وہ دستکار جو اب بھی اپنی حرفتوں میں کام کیے جا رہے ہیں تو ان کی حالت میں بہت کم تغیر ہوا ہے، بجز اس کے کہ بعضوں نے اپنے پیشے کو پیدائش کے متبدلہ حالات کے مطابق ایک حد تک بنا لیا ہے۔ مثلاً جلاہا آجکل زیادہ تر کلوں کا بنا ہوا سوت استعمال کرتا ہے اور بعض صورتوں میں ڈھرکی (Fly shuttle) سے بھی کام لیتا ہے جیسے مدراس میں۔ آہنگر بنا بنایا لوہا اور ٹین کی چادریں درآمد کرتا ہے، 153
نجار جدید آلات سے اور درزی سلائی کی مشین سے کام لینے لگا ہے۔

اس طرح ظاہر ہے کہ گاؤں کے سب دستکار مساوی طور پر متاثر نہیں ہوئے ہیں۔ جو لوگ بڑے دیہات میں مرتکز یا شہروں میں منتقل ہونے کے قابل ہوئے انھوں نے اپنی حالت درست کر لی، مثلاً نجار اور آہنگر، جن کی مانگ انجینیری کے کارخانوں، عمارت اور فرنیچر سازی کی صنعتوں میں روز افزوں ہے۔ لیکن وہ لوگ جو دیہات چھوڑ نہیں سکتے تھے اور وہاں رہنے کے سوا کوئی دوسرا چارہ کار اختیار نہ کر سکتے تھے، انھیں تکلیف و پریشانی اٹھانی پڑی اور معمولی زرعی مزدوری کی جانب رجوع ہونا پڑا۔

باب ۵ دیہی دستکاریوں[1] کی حالت تغیر کے مذکورہ بالا بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ دیہی صنعت بحیثیت مجموعی زوال پذیر ہے۔ دستکاروں کی بہت بڑی تعداد تباہی میں آکر معمولی اجرت یاب مزدور بن گئی۔ معدودے چند خوش قسمت دستکاروں نے شہروں میں منتقل ہوکر اپنی معاشی حالت درست کرلی۔ بعضے کسان بن گئے اور جن لوگوں کو اپنے موروثی پیشوں میں جمے رہنا پڑا ان کی حالت عام طور پر بہت ہی نازک ہے چنانچہ یہی لوگ قحط و مصیبت کے زمانے میں کارہائے امداد عامہ پر سب سے پہلے ہجوم کرآتے ہیں۔

۲۶۔ حیثیت اور رواج سے معاہدے اور مسابقت کی جانب تبدیلی۔

ہم "معاشرتی و مذہبی رسم و رواج" کے باب میں اوپر ذکر کرچکے ہیں کہ ہندوستان میں ذات پات کی تنظیم اور اشتراک خاندانی کے نظام کے تحت حیثیت ابھی تک کیا درجہ رکھتی ہے، اور اس میں یہ بیان کیا جاچکا ہے کہ ہندوستانی سماج یا معاشرہ عبوری دور میں سے گزر رہا ہے اور اس کی شکل و صورت بتدریج نئے سانچے میں ڈھل رہی ہے۔ چنانچہ پہلے رواج کی بنا پر اجرت، لگان اور قیمتوں کا تعین ہوتا تھا اب مسابقت اس کی جگہ بتدریج لے رہی ہے، اور یہ بات خاصکر شہری علاقوں میں صادق آتی ہے۔ مغربی تہذیب کی اشاعت، معیشتہ زر کا رواج اور اس کی توسیع، اور ذرائع نقل و حمل کی ترقی وغیرہ، رواج کے زور کو توڑ رہے ہیں اور ہر جگہ مسابقت کا دور دورہ ہو رہا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ سب سے زیادہ ترقی یافتہ قوموں میں بھی مسابقت کی قوت کو رواج کی قوت کسی حد تک ضعیف کردیتی ہے۔ لیکن رواج کا اثر مغربی یورپ میں نظر انداز کرنے کے قابل ہے گو پوری طرح مفقود نہیں ہے۔ ہندوستان میں رواج کا اثر زیادہ قوی ہے، گو یہ بیان کردینا اہمیت سے خالی نہیں کہ واقعات کی رو یہ بتلاتی ہے کہ رواج کی جگہ مسابقت لے رہی ہے اور عام طور پر مغربی حالات سے بتدریج مشابہت پیدا ہو رہی ہے۔

---

[1] دیہی دستکاریوں میں جو تغیر واقع ہوا ہے اس کے مزید مفصل بیان کے لیے دیکھو گاڈگل کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۱۸۱ تا صفحہ ۱۸۸

باب ۵

۱۔ مسابقت اور لگان۔

اضافۂ آبادی، دیہی زندگی بسر کرنے کا میلان، دوسرے ذرائع معاش کی عدم موجودگی، سن، روئی، گیہوں، روغن دار تخموں وغیرہ جیسی تجارتی فصلوں کی قیمتوں کی زیادتی، زمین کے حق میں رواجی جوش، خروش، امن و امان کا قائم ہونا، اور نقد لگان ادا کرنے کا رواج، ان سب چیزوں نے لگان کے تقرر میں مسابقت کے حصّے کو وسیع کر دیا ہے۔ بعض صورتوں میں زمینداروں کے اس رجحان کو کہ وہ کسانوں کی کل پیداوار بطور لگان سختی کے ساتھ وصول کیا کرتے تھے، قوانین لگان منظور کر کے بنگال، مدراس، صوبۂ متحدہ اور صوبہ متوسط وغیرہ میں روکنا پڑا، تاکہ کسان، ان حقوق سے فائدہ اٹھائے جو اس کو از روئے رواج ملے تھے اور زمینداروں کی دستبرد سے محفوظ رہے اور اس طرح لگان میں من مانا اضافہ اور کسان کے اخراج کا سدباب ہو جائے۔ رہے شہروں کے مکانوں کے کرائے تو وہ آجکل عام طور پر مسابقت کے ذریعے سے طے پاتے ہیں، اگرچہ گاہ گاہ بمبئی جیسے بڑے شہروں میں ان پر وضع آئین، قوانین کے ذریعے سے نگرانی رکھی جاتی ہے۔ 154

(ب) مسابقت اور اجرت

موجودہ زمانے میں ہندوستان میں، خاصکر شہروں کی حد تک، اُجرت کے متعلق یہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ اس کا تقرر رواج سے زیادہ مسابقت کی بنا پر ہوتا ہے، گو اس محدود دائرے میں بھی مسابقت کا اثر اس قدر طاقتور نہیں ہے جس قدر کہ مغربی ممالک میں۔ اُجرت رسد و طلب کے تغیرات کا ساتھ اس قدر تیزی سے نہیں دیتی جس قدر جلد مغرب میں دیتی ہے، اور اس طرح گو اجرتوں کی سطح ملک کے مختلف حصّوں میں مختلف ہے، مقابلۃً ثبات پذیر ہے۔ آجکل دیہات میں بھی مسابقت، اجرتوں کی شرح پر مختلف قوتوں کے نتیجے کے طور پر اثر انداز ہوتی ہے، مثلاً شہروں میں مزدوروں کی روز افزوں طلب، ذرائع نقل و حمل کی ترقی کی بدولت محنت کی زیادہ نقل پذیری، اور اُجرت کو بصورت نقد ادا کرنے کے طریقے کا رواج۔ دیہی دستکار کو رواجی اُجرت دینے کے طریقے کی اہمیت، جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے، گھٹتی جا رہی ہے، اور یہ بات دیہی آہنگر اور نجار جیسے دستکاروں کی حد تک جن کو شہروں میں بآسانی کام مل جاتا ہے خاص طور پر صادق آتی ہے۔ کھیتوں پر کام کرنے والے مزدوروں کی اُجرت کا تعین بھی بڑی

باب ۵ حد تک مسابقت کے ذریعے سے ہوتا ہے، خاصکر ان مقامات میں جہاں زرعی مزدوروں کی قلت ہے۔ شہروں میں اُجرت کا تقرر مزدوروں کی روز افزوں مانگ کی وجہ سے قریب قریب پورے طور پر خالص مسابقت کی بنا پر ہوتا ہے۔

(ج) مسابقت اور قیمت

دیہی علاقوں میں قیمتوں کا تقرر طلب و رسد کے توازن کی بنا پر زیادہ سے زیادہ مسابقت کے تابع ہو رہا ہے۔ ذرائع نقل و حمل کی اصلاح و ترقی کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ ملک کے ایک علاقے میں قیمتوں میں تغیرات ہوں تو وہ دوسرے علاقوں کی قیمتوں کو بہت جلد متاثر کرتے ہیں؛ اور دنیا کے بازاروں سے ملک کا اتصال بڑھ جانے کی وجہ سے قیمتوں کے تقرر میں مسابقت کا حصہ قابلِ لحاظ حد تک بڑھ گیا ہے۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ شہروں کے مقابلے میں دیہات میں قیمتوں کی اثر پذیری کی رفتار کا زیادہ سست رہنا لازمی ہے اس لیے کہ دیہی آبادی زیادہ قدامت پسند اور جاہل ہے۔

۲۷۔ صنعتوں میں تغیر و تبدل۔

ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ ملکی صنعتوں میں کیا تغیر ہوا ہے؛ اِن کے زوال کے کیا اسباب ہیں، اور دیہی پیشے اختیار کرنے کی جانب روز افزوں کیا میلان رہا ہے۔

بقول رانا ڈے ہندوستان گزشتہ صدی کے ساتویں عشرے کے وسط میں صنعتی حیثیت سے انتہائی پستی کی حالت میں تھا[1]۔ لیکن اس زمانے کے بعد سے بڑے پیمانے کی صنعت نے بہت تدریجی مگر قریب قریب کسی خلل کے بغیر ترقی کی۔ جو 155
لوگ ہندوستان میں صنعتی انقلاب سے امیدیں وابستہ کرتے ہیں انھیں تصویر کا روشن پہلو گاؤں میں نہیں بلکہ ان صنعتی مرکزوں میں تلاش کرنا چاہیے جنھوں نے موجودہ زمانے میں جنم لیا ہے اور جن میں صنعت کی تنظیم بالکل جدید ترین اصول پر ہوئی ہے۔ چنانچہ بمبئی، کانپور، کراچی اور دریائے ہوگلی کے کناروں پر جا کر

---

[1] "۱۸۵۰ء تا ۱۸۷۵ء کے لگ بھگ زمانے میں حالات نہایت ابتر اور ناگفتہ بہ تھے۔ لیکن اس کے بعد ملک نے کروٹ بدلی اور حیات تازہ کے آثار نمودار ہوئے۔ اسی حالت میں ہندوستان نے پہلا قدم اٹھایا جس نے اس کو عبوری دور میں خالص زرعی ملک کے بجائے ایک حد تک صنعتی و تجارتی ملک بھی بنا دیا۔

باب ۵

دیکھنا چاہیے جہاں ماہروں کی نگرانی میں مزدور اکٹھے اور کارگزار ہیں۔ ان ہی شہروں میں گرنیوں کی تعمیر اور تیتی کلوں کی تنصیب میں سرمایہ بہت کشادہ دلی کے ساتھ لگایا گیا ہے۔ یہیں بڑے پیمانے کی پیدائش کے کفایات حاصل ہوئے ہیں اور یہیں ہندوستانی قائدان صنعت پیدا ہوئے ہیں[1]" جدید طرز کی صنعت نے سب سے اوّل باغوں اور نخلستانوں میں اپنا قدم جمایا، چنانچہ جدید اصول پر چائے، کافی نیل اور ربن کے کھیتوں اور باغوں میں کام شروع ہوا جو اہل یورپ کے ہاتھ میں تھے اور آج تک ہیں۔ اس جدید نشو و نما کو ۱۸۳۳ء کے قانون منشور (چارٹر ایکٹ) نے بہت تقویت پہنچائی، اس لیے کہ اس کی رو سے وہ سب بندشیں اٹھا لی گئیں جو اہل یورپ پر ہندوستان میں بسنے اور کاروبار کرنے کے بارے میں عائد تھیں۔ علاوہ ازیں اس نشو و نما میں جزائر غرب الہند کی غلامی کی منسوخی بھی اس لیے ممد و معاون ثابت ہوئی کہ اس کی وجہ سے جزائر غرب الہند کا مزرعہ دار زراں محنت کی سہولت سے محروم ہو گیا[2]۔ برطانیہ کے کاروباری اشخاص نے اس بات کی اہمیت محسوس کرنے میں تساہل نہیں کیا کہ جدید اصول پر مصنوعات تیار کرنے کے لیے انواع و اقسام کی خام اشیا کثیر مقدار میں حاصل ہو سکتی ہیں اور ان مصنوعات کا مقامی بازار نہایت وسیع تھا۔ اس طرح انھوں نے لارڈ ڈلہوزی کی پیش بینی کو حق بجانب ثابت کیا جنھوں نے اس ترقی کا اندازہ پہلے ہی کر لیا تھا۔ چنانچہ برطانوی اصل اور حوصلہ مندی کی درآمد ہندوستان میں گزشتہ صدی کے وسط کے بعد سے خاص طور پر نمایاں ہو گئی۔

یوروپین کاروباری اشخاص کی مثال نے ہندوستانی تاجروں کے طبقے کو بالخصوص بمبئی میں اسی کے بالمقابل سرگرم جدوجہد کے لیے ابھارا۔ چنانچہ بمبئی میں نہایت جوش و خروش کے ساتھ اس کی تقلید کی گئی اور بمبئی ہی کو یہ عزت حاصل ہوئی کہ وہ ہندوستان کے دوسرے علاقوں کی اس بارے میں رہنمائی کرے

---

[1] دیکھو مورلینڈ کی تصنیف حوالۂ بالا صفحہ ۱۷۰ تا صفحہ ۱۷۱۔

[2] دیکھو نادلس کی تصنیف موسوم بہ "سلطنت اور اہل بحر کی معاشی ترقی" صفحہ ۲۰۱۔

باب ۵ اور اپنے لیئے "ہندوستان کے صنعتی دار السلطنت" کی حیثیت حاصل کرے۔ گو بڑے پیمانے کی صنعتوں کی ترقی کی رفتار سست رہی ہے، لیکن ان کی ترقی کے سلسلے کا ملک میں قائم ہو جانا، دیہی پیشے اختیار کرنے کی اس تحریک کے ایک حد تک ازالے کی علامت تصور کیا جا سکتا ہے جس کے بارے میں رانا ڈے نے بڑی قدر افروز دلائل کا اظہار کیا ہے۔

گزشتہ صدی کے تقریباً وسط میں ہندوستان میں فیکٹریوں کی صنعت رائج ہوئی اور ملک میں صنعتی انقلاب کا قطعی طور پر آغاز ہوا۔ اس کے بعد ہندوستان کی موجودہ زمانے کی اہم ترین صنعتوں میں سے دو صنعتیں علی الترتیب بمبئی اور کلکتے میں قائم ہوئیں۔ چنانچہ بمبئی کی سوتی کپڑے کی صنعت کو شروع ہی سے ہندوستانی اصل و تنظیم حوصلہ مندی نے استوار بنیادوں پر قائم کیا اور اس کے برخلاف سن کی صنعت میں یوروپین اصل و حوصلہ مندی کو غلبہ حاصل رہا۔ صنعتی انقلاب کا اثر معدنی صنعتوں میں بھی ظاہر ہوا، اور اس کے بعد کئی دوسری صنعتوں مثلاً روئی اونٹنے، صاف کرنے اور دبانے کی صنعت، کوئلہ، منگنیز، سونے، ابرق، فولاد اور آہن کی صنعتوں، چاولوں کا بھوسہ صاف کرنے، آٹا پیسنے اور تیل کی گرنیوں وغیرہ میں بھی پھیل گیا۔ ترقی کی رفتار ابتداءً سست رہی اور وہ بھی ملک میں صرف چند مقامات تک محدود رہی، اور گزشتہ صدی کے آخر سے فیکٹری کی صنعت نے سارے ملک میں ترقی کرنی شروع کی۔ موجودہ صدی کے ابتدائی عشرے میں خاصکر اس سرگرمی اور جوش و خروش کے اثر کے تحت جو "سودیشی" کی تحریک کی بدولت پیدا ہو گیا تھا، اکثر معدنی اور بعض متفرق صنعتوں نے نمایاں حیثیت اختیار کر لی۔ اسی بعد کے زمانے میں ہندوستان میں چھوٹی کلوں اور چھوٹے انجنوں کا رواج بھی شروع ہوا اور ہر جگہ میکانکی آلات کو استعمال کرنے کا میلان عام طور پر بڑھ گیا۔[1] جنگ عظیم نے ہندوستانی مصنوعات کے حق میں عارضی محرک کا کام کیا اور یہ بات بالخصوص سوت اور سن کی گرنیوں، انجنی، فولادی اور چرمی صنعتوں پر خاص طور پر صادق آتی ہے۔ بڑے پیمانے کی صنعت کی حالیہ

156

[1] مزید تاریخی تفصیلات کے لیے دیکھو گاڈگل کی تصنیف محولہ بالا باب ۱ باب ۱ و باب ۲۔

ترقی پر جس کو "امتیازی تامین" کی پالسی سے منسوب کیا جا سکتا ہے، ہم ہندوستان کے محصول درآمد کے اصول کی بحث کے سلسلے میں مفصل توجہ کریں گے۔

باب ۵

ہندوستانی صنعتوں کی اس عبوری حالت کی دو مذموم خصوصیات کا ذکر کر دینا ضروری ہے۔ ایک تو یہ کہ تغیر کی رفتار بہت سست اور ناہموار رہی، اور دوسرے یہ کہ جو کچھ تغیر واقع ہوا ہے اس کا محرک غیر ملکی اصل ہے، چنانچہ اس کے نتیجے کے طور پر ملکی صنعتوں میں غیر ملکی اصل کی حیثیت بہت غالب ہو گئی ہے اور وہ ہندوستان کی نوزائیدہ دولت کے بڑے حصے کو جذب کر لیتا ہے۔ گو غیر ملکی اصل اور حوصلہ مندی نے صنعتی ترقی کے حق میں محرک کا کام کیا، لیکن اس کے نتیجے طور پر اکثر صورتوں میں ایسے ملکی ذرائع کے ایک حد تک قبل از وقت استعمال کا موقع بہم پہنچایا جو فطری افزائش و بحالی کے عمل کے تابع نہیں ہیں اور مستقل حقوق قائمہ پیدا کر دیے جو سیاسی و معاشی معاملات میں قومی نقطۂ نظر سے بین التضاد و مخالفت رکھتے ہیں۔ ہماری صنعت کی سست رفتار ترقی اور ناہموار نوعیت کی توجیہ کرنے والے اسباب کے منجملہ سب سے نمایاں اور اہم سبب حسب ذیل ہیں۔

(۱) ہندوستانی اصل کی قلت اور اس کا شہر میلاپن یا احجاب ہندوستانی اصل جدید وضع کی مصنوعات کی تیاری کے بجائے قرضہ دینے میں اور زمین یا تجارت میں مصروف رکھا جاتا ہے یا (۲) بنک کاری کی ناکافی سہولتیں؛ (۳) قدرتی ذرائع مثلاً کوئلے کی غیر مساوی تقسیم، قدرتی ذرائع کے متعلق عام ناواقفیت اور ان کی مقابلۃً غیر ترقی یافتہ حالت؛ (۴) فنی تعلیم کا فقدان، (۵) ہمارے ماہر اور غیر ماہر مزدوروں کی مقابلۃً ادنیٰ کارکردگی؛ (۶) ماہر مزدوروں اور قائدان صنعت کی قلت؛ (۷) فولاد اور لوہے کی سی اساسی صنعتوں کی غیر ترقی یافتہ حالت؛ اور

157 (۸) حکومت کا تغافل و تساہل اور ترقی کی رفتار کو بڑھانے کے بارے میں کوئی خاص جد و جہد کرنے سے قاصر رہنا حال ہی میں "تامین" کا جو اصول اختیار کیا گیا ہے وہ بے پروائی کے اس طرز عمل سے انحراف کی ایک خوشگوار علامت ہے جو ہندوستان کی صنعتی ترقی کے بارے میں زمانۂ دراز سے برطانوی پالسی کی امتیازی خصوصیت رہا ہے۔

باب ۵

۲۸ صنعتی ترقی کی جانچ کے دو معیار۔

ملک کی صنعتی ترقی کی وسعت دریافت کرنے اور ہندوستان میں معاشی تغیر کا حال معلوم کرنے کے لیے آزمایش کے دو معیار تجویز کیے گئے ہیں، یعنی (۱) تجارت خارجہ کے اعداد و شمار اور (۲) شہروں کی ترقی۔ (۱) سب سے اوّل تجارت خارجہ کے اعداد و شمار سے بحث کرنی چاہیے جو درآمد و برآمد میں مصنوعات کے تناسب سے خاص طور پر متعلق ہیں۔ بقول موریسن "ملک کی دولت اور آبادی کے اضافے کے باعث درآمد و برآمد دونوں میں بڑی حد تک اضافہ ہوا ہے، لیکن اشیائے خام کی برآمد کے مقابلے میں مصنوعات کی برآمدیں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے، جس سے صنعتوں کی ترقی ظاہر ہوتی ہے۔ تجارت درآمد میں ہماری توقع کے مطابق اس کے برعکس سمت میں میلان ہے، مصنوعات کی درآمد کے مقابلے میں اشیائے خام کی درآمدیں بدرجہا زیادہ اضافہ ہوا ہے اور اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ یہاں مصنوعات تیار کرنے کی غرض سے ملک اشیائے خام کی بڑی مقدار درآمد کر رہا ہے۔ خود بقول رانا ڈے ۱۸۷۹ء تا ۱۸۹۲ء میں مکمل یا جزوی حیثیت سے مکمل مصنوعات کی برآمد کی قیمت بڑھ کر ۴۲ء۱۶ کروڑ روپے ہوگئی جس سے ۱۱۱ فیصد اضافہ ظاہر ہوتا ہے۔ خام پیداوار کی برآمد کی قیمت ۶ء۵۹ کروڑ روپے سے بڑھ کر ۶ء۸۵ کروڑ روپے ہوگئی، لیکن یہ اضافہ مقابلتہً اتنا بڑا نہ تھا، اس لیے کہ اس کا فیصد صرف ۴۳ نکلتا ہے۔ اس کے برخلاف مصنوعات کی درآمد ۹ء۲۵ کروڑ سے بڑھ کر ۲ء۳۶ کروڑ ہوگئی یا ۳۹ فیصد اضافہ ہوا، لیکن خام پیداوار کی درآمد تقریباً دونی ہوگئی یعنی ۷۵ء۱۳ کروڑ سے بڑھ کر ۳۸ء۲۶ کروڑ ہوگئی یا ۹۱ فیصد اضافہ ہوا۔ چنانچہ ان اعداد کی بنا پر رانا ڈے اس نتیجے پر پہنچا کہ "گھریلو صنعتوں کی تباہی اور صنعتی پیشے ترک کر کے بتدریج زراعت اختیار کرنے" کے خلاف جو تحریک شروع ہوئی اس کا آغاز امید افزا تھا۔[1] اسی اصول پر ۱۸۹۲ء تا ۱۹۰۰ء کے زمانے کی بابت اس تجزیے کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے پروفیسر کالے یہ ثابت کرنے کے قابل ہوئے ہیں کہ "اس زمانے میں

---

[1] دیکھو کالے کی تصنیف صفحہ ۱۱۱۔

باب ۵

مصنوعات کی درآمد ۹۳ فیصد اور خام اشیا کی درآمد ۱۲۷ فیصد بڑھ گئی؛ اس کے برخلاف مصنوعات کی برآمد میں ۱۳۹ فیصد اور پیداوار خام کی برآمد میں صرف ۵۷ فیصد اضافہ ہوا۔ مجموعی درآمد کے مقابلے میں مصنوعات کی درآمد کا تناسب ۱۸۷۹ء میں ۶۵ فیصد اور ۱۸۹۲ء میں ۵۷ فیصد تھا، لیکن ۱۹۰۷ء میں یہ ۵۳ فیصد تک گر گیا۔ علیٰ ہذا 158
مصنوعات کی برآمد کا تناسب مجموعی برآمد کے مقابلے میں ۱۸۷۹ء میں صرف ۸ فیصد اور ۱۸۹۲ء میں ۱۶ فیصد تھا، لیکن ۱۹۰۷ء میں ۲۲ فیصد تک بڑھ گیا۔[1] اور یہاں یہ بتلا دینا مناسب ہوگا کہ جنگ عظیم نے جو محرک بہم پہنچایا اس کے تحت یہ تناسب ۱۹۱۹ء میں بڑھ کر ۳۶ فیصد ہو گیا۔

لیکن جے، ایم کینس جیسے نقادوں نے ان اعداد و شمار کی صحت پر اعتراض کیا ہے۔ وہ یہ استدلال کرتے ہیں کہ "سرکاری گوشواروں میں مصنوعات کی درآمد کے اعداد گمراہ کن ہیں اور اُن کا وہ مفہوم نہیں ہے جو وہ بظاہر پیدا کرتے ہیں؛" اس لیے کہ اس عنوان کی ذیل میں دوسری مدوں کے منجملہ کلوں، فلزات اور فلزی مصنوعات کی کل درآمد داخل نہیں کی گئی ہے۔ علیٰ ہذا اشیائے خام کی درآمد کے اضافے کے حسابات بھی مغالطہ پیدا کرتے ہیں۔ برآمد کی حد تک نیم مکمل مصنوعات مثلاً سوت اور دباغت کیا ہوا چرم، مصنوعات کی برآمد کے مجموعی اعداد کو بڑھا دیتا ہے جس کی وجہ سے صنعتوں کی ترقی اور اس کی رفتار کے متعلق غلط اور مبالغہ آمیز اندازہ قائم ہوتا ہے۔ ہندوستان کی تجارت خارجہ کی اساسی خصوصیات پر تبصرہ کرتے وقت اس موضوع پر مکرر بحث کی جائے گی۔ یہاں یہ کہہ دینا کافی ہے کہ تجارتی اعداد و شمار سے یہ بات پوری طرح عیاں ہے کہ میلان، صنعتی ترقی کی طرف یقینی طور پر پایا جاتا ہے اور مرور وقت کے ساتھ بڑھ رہا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ بعض لوگ ڈاکٹر گلبرٹ سلیٹر کی طرح ترقی کی موجودہ رفتار سے خائف ہیں اور یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ اتنی زیادہ سریع اور تیز ہے کہ معاشی و معاشری ثبات پذیری کو دھکی دے رہی ہے اور موجودہ زمانے کی صنعتی ترقی کی خرابیوں کو روکنے کی جو تدابیر

---

[1] دیکھو لے کی تصنیف موسومہ "ہندوستان کے معاشی حالات" صفحہ ۳۱۔

اختیار کی جارہی ہیں ان پر سبقت لے جارہی ہے۔ لیکن یہ خیال عام طور پر تسلیم نہیں کیا جاتا بلکہ اس کے برخلاف عام اور غالب خیال یہ ہے کہ صنعتی ترقی کی رفتار کو تیز تر کیا جائے؛ اس لیے کہ موجودہ زمانے میں بھی ہندوستان کی درآمد کا ۳/۴ حصہ مصنوعات پر مشتمل ہے اور دوسری طرف مجموعی برآمدیں اشیائے خام بہ شمول اشیائے خوردنی کا قریب قریب یہی تناسب ہے۔[1]

(۲) اس کے بعد اب ہم آزمایش کے دوسرے مجموعہ معیار یعنی شہروں کی ترقی سے بحث کریں گے۔[2] یہ کہا جا سکتا ہے کہ شہروں کی قلیل تعداد، اور مجموعی آبادی سے شہری آبادی کا حقیر تناسب، اس بات کی علامت ہے کہ ملک صنعتی حیثیت سے پسماندہ حالت میں ہے۔ اس سے پیشتر ایک گوشوارہ دیا جا چکا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندوستان کی شہری آبادی کا تناسب بتدریج ترقی پذیر ہے۔[3] طویل مدت کے لحاظ سے دیکھا جائے تو مجموعی آبادی سے شہری آبادی کا تناسب کم و بیش غیر متغیر رہا ہے۔ شہری آبادی میں ملک کی مجموعی آبادی کے مقابلے میں کچھ ہی زیادہ سرعت کے ساتھ اضافہ ہوا ہے۔ اس کے برخلاف انگلستان میں جدید صنعتوں کی ترقی کی بدولت شہری آبادی میں بہ سرعت اضافہ ہوا، چنانچہ وہاں ۸۰ فیصد باشندے شہروں میں رہتے ہیں۔ پس شہروں کی آبادی کی ترقی کے آزمایشی معیار کے لحاظ سے ہندوستان کو ابھی بہت بڑی کمی کو پورا کرنا باقی ہے۔

۲۹۔ شہروں کی ترقی پر اثر ڈالنے والی جدید قوتیں۔

اب ہم ان مختلف قوتوں کو بیان کریں گے جو جدید ہندوستان میں شہروں کی ترقی پر اثر ڈال رہی ہیں۔

---

[1] ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں مجموعی درآمد سے درآمد مصنوعات کا تناسب ۶۷ فیصد تھا جس کے مقابلے میں زمانۂ قبل از جنگ کا تناسب ۶۷ء تھا۔ اس کے برخلاف ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء ہی میں ہندوستان کی مجموعی برآمد سے ہندوستان سے برآمد کردہ مصنوعات کا تناسب ۴۶ و ۲۵ تھا جس کے مقابلے میں زمانۂ قبل از جنگ کا تناسب ۲۳ تھا۔ دیکھو "تبصرہ برتجارت ہند" (ریویو آف دی ٹریڈ آف انڈیا ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء) جدول (۴) و (۵)۔

[2] دیکھو گاڈگل کی تصنیف محولۂ بالا باب ۱۰

[3] دیکھو صفحہ مطبوعہ اوراق کے صفحہ کا حوالہ دیا جائے۔

باب ۵

(۱) ریلوں اور جہاز رانی نے نئے صنعتی مرکز پیدا کر دیئے ہیں اور بعض قدیم مرکزوں کی اہمیت کو بڑھا دیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان میں برطانوی حکمرانی کے اوّلین نتائج میں سے ایک یہ تھا کہ بڑے بڑے تجارتی مرکز وجود میں آ گئے۔ یا ہم کہہ سکتے ہیں کہ برطانویوں نے ہندوستان میں شہر سازوں کا کام انجام دیا۔ چنانچہ بمبئی، کراچی، مدراس، رنگون، کلکتہ، دہلی، لاہور، بھلی اور بنگلور جدید تجارتی شہروں کی مثال کے طور پر پیش کئے جا سکتے ہیں۔

(۲) مغرب میں جدید صنعتوں کی ترقی کا نتیجہ یہ ہوا کہ بڑے بڑے شہروں میں آبادی بہت بڑی تعداد میں مجتمع ہو گئی، چنانچہ یہ واقعہ ہندوستان میں بھی اپنی نظیر سے خالی نہیں۔ ملک کی بڑی صنعتوں نے دیہات و مواضع کو قصبات میں اور قصبات کو شہروں میں مبدل کرنے میں بہت اہم حصہ لیا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ بھلی، احمد آباد، شولاپور اور بمبئی، جہاں سوتی گرنیاں اور کارخانے قائم ہیں اور کانپور جہاں اون کی گرنیاں اور چمڑے کی فیکٹریاں قایم ہیں، جدید صنعتی دور کی پیداوار ہیں اور ان کی وسعت و اہمیت کا باعث یہ ہے کہ وہاں ایسی صنعتیں قائم ہوئیں جن سے روزمرہ کی ضرورتیں پوری ہوتی ہیں۔ ۱۹۱۱ء کے بعد جب ٹاٹا کے آہنی و فولادی کارخانے میں توسیع ہونے لگی تو پھر جمشید پور بھی بہت تیزی سے ترقی کرنے لگا یہاں تک کہ وہ ہندوستان کا ایک غیر معمولی صنعتی کارنامہ سمجھا جانے لگا۔ لیکن ہندوستان میں شہروں کی ترقی پر صنعتی ترقی کا اس قدر طاقتور اثر نہیں پڑا جس قدر کہ مغربی ممالک میں پڑا تھا۔ چنانچہ یہ اس واقعے سے ثابت ہے کہ موجودہ ۳۴ ہندوستانی بندرگاہوں کے منجملہ جن کی آبادی ایک لاکھ یا اس سے متجاوز ہے کم از کم ۲۲ شہر ایسے ہیں جن کی اہمیت کا باعث کم از کم ایک حد تک صنعتی یا تجارتی کاروبار کے سوا دوسرے اثرات ہیں۔ اور اس کا مزید ثبوت اس واقعے سے بھی جو ۱۹۱۱ء کی مردم شماری سے ظاہر ہوتا ہے، بہم پہنچتا ہے کہ ان شہروں کے صرف ۳۰ فیصد باشندے صنعتی پیشہ کرتے تھے۔

(۳) دیہی آبادی میں کمی اور شہری آبادی میں اضافہ جن اسباب کی بنا پر ہوتا ہے ان میں سے ایک قحط ہے۔ ممکن ہے کہ اس اضافے کا ایک جزو شہری پیشوں میں

باب ۵ مستقلاً جذب ہو جائے، گو عام طور پر اس اضافے کا بیشتر حصّہ اس لیے یقیناً کم ہو جاتا ہے کہ اکثر لوگ بارش کے شروع ہوتے ہی اپنے اپنے دیہات کو واپس چلے جاتے ہیں۔

(۴) دیہات میں بے زمین مزدوروں کی جماعت کا نمودار ہونا کئی اسباب کا نتیجہ ہے، مثلاً قحطوں کا واقع ہونا، قدیم ملکی کاشتکاروں کا بے دخل کیا جانا اور
160 دستکاروں کا اجرت پانے والوں کی حیثیت میں تبدیل ہو جانا۔ اس جماعت کا وجود شہری آبادی کے اضافے میں ایک حد تک مدد دیتا ہے، اس لیے کہ بے زمین مزدور کو اگر شہروں میں کام مل جائے تو وہاں عام طور پر بخوشی جانے کے لیے تیار ہو جاتا ہے۔

(۵) شہری زندگی کی گوناگوں دلچسپیاں، متمول زمینداروں اور دوسرے باحیثیت اشخاص کو شہروں میں جا بسنے کی ترغیب دیتی ہیں۔ اس کی وجہ سے ضمناً "پُرباش زمینداری" کی بھی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

(۶) نظم و نسق کی مرکزیت نے دیہات کے مقابلے میں تعلقے کے قصبے کی اور تعلقے کے قصبے کے مقابلے میں ضلع کے مستقر کی اہمیت بڑھا دی ہے؛ علیٰ ہذا یہی بات ڈویژن کے صدر مقام، صوبائی پایۂ تخت، مرکزی حکومت کے دارالسلطنت اور ریاست کے مرکزی شہر کے بارے میں بھی صادق آتی ہے۔

(۷) ثانوی اور اعلیٰ تعلیم کی سہولتیں عملاً بڑے شہروں تک محدود ہیں اور والدین اپنے بچوں کی تعلیم کی غرض سے عام طور پر ان ہی شہروں کو سکونت کے لیے منتخب کرتے ہیں۔

۳۰۔ شہروں کے زوال کے اسباب

یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ شہروں کی اس روز افزوں ترقی کے دوش بدوش قدیم شہروں میں آبادی کی کمی کا میلان بڑھ رہا ہے۔

(۱) محل وقوع کی اہمیت کے تغیرات اور تجارتی شاہراہوں کی تبدیلی اکثر صورتوں میں ایسے شہروں کے زوال کا باعث ثابت ہوئی ہے جن کی سابقہ خوشحالی و سرسبزی کا منبع یہ تھا کہ وہ دریائی یا بری تجارتی راستے پر واقع تھے لیکن اب ریلوں کی توسیع کی وجہ سے ان راستوں کی اہمیت باقی نہیں رہی؛ مثلاً مرزا پور ساحل گنگا پر، پٹنا، ساگر وغیرہ۔ ریلوے انجینیر ہمیشہ ایسا خاکہ مرتب نہیں کر سکتا کہ ریل کی

باب ۶

پیری قدیم شہری مرکزوں کے قریب سے ہو کر گزرے۔ چنانچہ شاہراہ سے دور اور الگ تھلگ ہو جانے کی وجہ سے بعض شہروں کی اہمیت فطری طور پر گھٹ گئی ہے۔

(۲) قدیم شاہی درباروں کے اجڑ جانے اور یوروپین مسابقت کے رونما ہونے کی وجہ سے شہر کی دستی صنعتوں کو زوال آیا جس کی بنا پر قدیم ہندوستانی شہروں مثلاً ڈھاکہ، مرشد آباد، مانڈلے، ٹنجور وغیرہ کی آبادی میں کمی ہو گئی۔ حتیٰ کہ گیا اور بنارس جیسے مقدس شہروں کی آبادی اور اہمیت بھی گھٹ رہی ہے۔ اس لیے کہ ان شہروں کی قدیم صنعتوں کی پیداوار کی طلب زائرین اور جاتریوں میں کم ہو رہی ہے۔

(۳) طاعون اور ہیضہ جیسی وبائیں جو میعادی طور پر نازل ہوتی رہتی ہیں شہروں کو مرگھٹ بنا جاتی ہیں اور آبادی کو ملک کے کھلے ہوئے حصّوں میں منتقل کر دیتی ہیں۔ اس قسم کی نقل و حرکت بہ لحاظ نوعیت صرف عارضی ہوتی ہے، چنانچہ شہروں میں صحت و تندرستی کے معمولی حالات و شرائط عود کر آنے سے آبادی پھر شہروں کو واپس آجاتی ہے۔

شہروں کے عروج و زوال کے دو متضاد میلانات کا لحاظ کرنے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ اب تک ایک میلان دوسرے کو زائل کرتا رہا یا دونوں میں ایک عدتک توازن قائم رہا، گو حالیہ سالوں میں شہری آبادی کی ترقی کا میلان خفیف حد تک غالب اور نمایاں ہوتا جا رہا ہے۔ یہ حالت انگلستان میں صنعتی انقلاب کے زمانے کے واقعات سے نمایاں طور پر تضاد رکھتی ہے۔ وہاں جنوبی ملک کے 161
شہر قلیل سی مدت میں اجڑ گئے، لیکن ان کا زوال شمال کے بدرجہا زیادہ آباد مرکزی شہروں کے سریع عروج کے مقابلے میں کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔

۳۱۔ مقامی معیشتہ سے بین الاقوامی معیشتہ میں اچانک تغیر

پروفیسر واڈیا اور پروفیسر جوشی اس ارتقا کو، جسے ہم "معاشی تغیر" کے عنوان کے تحت بیان کر چکے ہیں "مقامی معیشتہ سے بین الاقوامی معیشتہ میں اچانک تغیر" کے نام سے موسوم کرتے ہیں[1]۔ اس کے ذریعے سے بظاہر صرف یہ مفہوم ادا کرنا مقصود ہے کہ گاؤں بیرونی دنیا سے اچانک طور پر ملحق ہو گیا؛ یہ کہ داخلی تجارت کے مقابلے میں

---

[1] ۔ دیکھو واڈیا اور جوشی کی تصنیف حوالۂ بالا صفحہ ۱۵۸ تا صفحہ ۱۶۰

باب۵ بین الاقوامی تجارت نے بہت تیزی کے ساتھ ترقی کر لی؛ یہ کہ چونکہ یہ تجارت بالکل غیر منظم تھی، اس لیے اس کی بنا پر ملک کی معاشی زندگی کی یکطرفہ اور بہ حیثیت مجموعی ضرر رساں ترقی ہوئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ زراعت کے بہت موافق اور صنعت کے مخالف رجحان پیدا ہو گیا؛ یہ کہ یہ ترقی و تغیر افریقہ و ایشیا کے براعظموں کے غیر ترقی یافتہ علاقوں کے اس عام استحصال کا جزو تھا جو یورپ کی بڑی حکومتوں کے ہاتھوں عمل میں آ رہا تھا؛ اور یہ کہ ملک کی حکومت نے اس کو جائز قرار دیتے ہوئے حقیقی قومی اغراض کو ملحوظ خاطر نہ رکھا۔ اگر ان تمام امور کی کوئی مختصر تعریف ضروری یا مفید خیال کی جائے تو، غالباً یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ "خود کفالت کی حالت سے بین الاقوامی مبادلے کی جانب اچانک تغیر واقع ہوا"۔ اس لیے کہ "بین الاقوامی معیشت" کی اصطلاح کے معنی یہ ہیں کہ ایک "عالمی ارادہ یا مقصد" موجود ہے جو "قومی ارادوں یا مقاصد سے مافوق اور ان پر حاوی ہے"۔ لیکن موجودہ زمانے میں ایسا کوئی "عالمی ارادہ" یا مقصد موجود نہیں ہے، اور "بین الاقوامی تعلقات نسل انسانی کے نصب العین کے مطابق نہیں بلکہ متعلقہ قوموں کے ارادوں اور مقاصد کے لحاظ سے منظم ہوتے ہیں"[1]۔ "قوم اب بھی معاشی اکائی ہے اور ہم بین الاقوامی معیشت کا لفظ اس وقت تک استعمال نہیں کر سکتے جب تک کہ "قومی نقطۂ نظر عالمی یا بین الاقوامی ملحوظات سے مبدل نہ ہو جائے"[2]۔ بین الاقوامی معیشت میں کسی خاص قوم کو جو قربانی کرنی پڑے گی اس کو خود متعلقہ قوم اپنی رضا و رغبت سے قبول کرے گی اور اس پر کوئی دوسری قوم مکر یا قوت سے عائد نہ کرے گی۔ علاوہ ازیں ایسی قربانی انجام کار بہ لحاظ اس امر کے ہمیشہ حق بجانب ثابت ہوگی کہ قربانی کرنے سے نہ صرف عام طور پر مملکت عالم کو انجام کار فائدہ پہنچے گا بلکہ خود عارضی طور سے قربانی کرنے والی انفرادی مملکت کو بھی۔

پھر بھی جہاں ہیں "بین الاقوامی معیشت" کی اصطلاح پر اعتراض ہے وہاں، عام طور پر اس خیال سے اتفاق ہے کہ ہندوستان کی معاشی حالت کے تغیر کے

---

[1] دیکھو جے گرنزل کی کتاب "معاشی تاریخیت" صفحہ ۳ تا صفحہ ۴۔

[2] دیکھو سیگ من کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۸۱ تا صفحہ ۸۲۔

باب ۵
162

دوش بدوش متعدد قابل افسوس خصوصیات بھی رونما ہوئیں۔ گو اس ارتقا کے نتیجے کے طور پر رونما ہونے والی تبدیلی سب کی سب خراب نہیں ہے، بلکہ ایک حد تک اچھی بھی ہے، تاہم وہ اپنے ساتھ بعض یقینی خرابیاں بھی لائی؛ مثلاً ہندوستانی تجارت خارجہ کی انتہائی یکطرفہ نوعیت، ملکی صنعتوں کا بہ سرعت زوال، اس کی معاشی زندگی میں غیر ملکی اصل کا ناواجب دخل، اور زمین پر آبادی کا حد سے زیادہ دباؤ وغیرہ۔ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ نازک حالت میں ملک کی معاشی سدھار کے لیے حقیقی قومی معیشتہ کو ترقی دینا نہایت ضروری اور اہم ہے۔ اس سلسلے میں یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ قومی معیشتہ اپنا نصب العین لازمی طور پر "خود کفالت" نہیں قرار دیتی اور نہ تجارت ماموں یا تجارت آزاد کی کسی مخصوص پالیسی سے خود کو وابستہ کرتی ہے؛ بلکہ وہ اپنے طریق کار کا خود ہی انتخاب کر لیتی ہے، خواہ طریق کار کچھ ہی ہو، اور اس کا واحد نصب العین یہ ہوتا ہے کہ قومی مفاد اور خوشحالی کو ترقی اور فروغ دیا جائے۔

۴۲۔ کیا ہندوستان کا صنعتی حیثیت سے ترقی کرنا مناسب ہے

ہندوستان میں صنعتوں کی ترقی و توسیع کی تحریک اچھی خاصی شروع ہو چکی ہے۔ اگرچہ رائے عامہ کا میلان اس کی رفتار کو تیز کرنے کی تائید میں ہے، پھر بھی بعض لوگ ایسے ہیں کہ جو بس چلے تو اس کو اسی ابتدائی حالت میں اس لیے کچل دینا چاہتے ہیں کہ وہ ملک کے لیے نہایت نامبارک امکانات سے پر ہے۔ صنعتوں کی توسیع و ترقی کی مخالفت ایک حد تک ان لوگوں کی طرف سے کی جاتی ہے جو یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ انسانی زندگی اور کام کو ناگزیر طور پر ادنیٰ و ذلیل خشک اور بے مزہ بنا دیتی ہے۔ وہ صنعت کے سادہ اور دقیانوسی نظام کے دلدادہ ہیں جس کے تحت مشینوں کے دور کے مقابلے میں زیادہ ہوا اور روشنی ملے گی، چلنے پھرنے کی زیادہ گنجایش ہوگی اور زیادہ آزادی کے ساتھ کام کیا جا سکے گا۔ لیکن انتہائی طور سے سادہ معاشی زندگی کا یہ خیال ایک شاعرانہ خواب ہے جو حقیقت اور معقولیت سے بالکل معرا ہے، چنانچہ ہمیں تحقیق طور پر معلوم ہے کہ یہ خیال کسی زمانے اور کسی مقام میں کبھی پورا ہوا ہی نہیں۔ اس کے برخلاف ہم یہ جانتے ہیں کہ دستی محنت بہت سست رفتار، بوجھل اور وحشی بنانے والی ہوتی ہے اور یہ کہ جب سے انسانی و حیوانی محنت کی جگہ کلوں نے لی ہے، انسان کی معاشی حیثیت میں گوناگوں

اصلاح و ترقی ہو گئی ہے اور انسان نے قدرت پر اپنے قابو کو بڑھا کر زمین کو زیادہ آرام دہ اور خوشگوار مسکن بنا لیا ہے، چنانچہ انسانی و حیوانی محنت کی جگہ کلوں کو استعمال کرنے کا حقیقی مقصد یہی ہے۔

بعض لوگ اگرچہ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ انسانوں اور حیوانوں کی محنت کے ساتھ ساتھ کلوں کو بھی استعمال کرنا ایک حد تک ضروری ہے، پھر بھی وہ ایک ایسی حد قائم کرنا چاہتے ہیں جس سے تجاوز کر کے قدرت پر انسان کے قابو کو بڑھانے کو وہ جائز نہیں قرار دیتے۔ مثلاً وہ پن چکی یا ہوائی چکی یا سادہ چوبی ہل یا کتائی کے چرخے تک اپنی ترقی کو محدود رکھنا چاہتے ہیں۔ لیکن ان کے پاس اس سوال کا کوئی اطمینان بخش جواب نہیں ہے کہ قدرت پر اپنا قابو بڑھانے کے لیے انسان نے جو شروعات کی ہیں ان کا سلسلہ آگے بڑھا کر اپنے تسلط کو اور زیادہ مکمل کیوں نہ کیا جائے۔

اس بات کا یقیناً قرینہ ہے کہ جدید طرز کے بڑے پیمانے کے کاروبار اور کلوں کے رواج کے نتیجے کے طور پر بعض بہت ہی شدید خرابیاں رونما ہوں، مثلاً آبادی کی حد سے زیادہ کثرت، کمزور کا طاقتور کے ہاتھوں تباہ ہونا، ناگفتہ بہ حالات اور صحت کے لیے مضر اور گندہ ماحول میں مزدوروں کی بہت بڑی تعداد کا بے سروسامانی، تنگدستی، تکلیف و مصیبت کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔ تاہم یہ صحیح نہیں ہے کہ ان خرابیوں کو رفع کرنے کا واحد علاج ہی یہ ہے کہ بڑے پیمانے کی صنعت کے جدید طریقوں کو ترک کیا جائے یا ان سے اجتناب کیا جائے۔ جیسا کہ مغرب کے تجربے سے ظاہر ہے، ان خرابیوں کو مناسب سرکاری پالیسی کے ذریعے سے اور آئین و قوانین وضع کر کے رفع کرنا بڑی حد تک ممکن ہے۔ اور یہ بہت ہی معنی خیز بات ہے کہ گو مغرب میں موجودہ معاشی نظام کے خلاف سخت بے اطمینانی پھیلی ہوئی ہے پھر بھی کسی بااثر شخص نے کلوں کو رواج سے کلیتہً خارج کر دینے کی تحریک یا تجویز ہی پیش نہیں کی۔ جو بے اطمینانی پھیلی ہوئی ہے وہ زیادہ تر بڑے پیمانے کی پیدائش کے طریق کے خلاف نہیں بلکہ پیدا کی ہوئی دولت کی تقسیم کے طریقے کے خلاف ہے۔ 168

یہ صحیح ہے کہ ہمیں زندگی کے مادی پہلو پر ناواجب زور دینے سے احتراز

باب ۵

کرنا چاہیئے لیکن ہندوستان جیسے مفلس ملک کے لیے یہ واضح طور سے ضروری ہے کہ فی کس دولت کی مقدار میں اضافہ کیا جائے اور اس کے کروڑوں باشندوں کو محض زیست کے افکار اور پریشانیوں سے نجات دلائی جائے تاکہ ان کے لیے کسی قسم کا بہتر طرز بود و باش ممکن و میسّر ہو سکے۔[1] اور یہ پیدائش کے جدید ترین طریقوں کو استعمال کیے بغیر ممکن نہیں۔ علاوہ ازیں یہ ذہن نشین رکھنا چاہیئے کہ ہندوستان اب بقیہ دنیا سے الگ تھلگ نہیں رہ سکتا، خواہ وہ اس کا خواہاں ہی کیوں نہ ہو، اور وہ صرف اس صورت میں غیر ملکی مسابقت کی زد سے بچ کر نکل سکتا ہے جبکہ جدید صنعتی ترقی کے آلات خود بنائے۔ لیف، یس، مارون نے کلوں کی تائید میں نہایت پُرزور استدلال حسب ذیل کیا ہے:۔ "مشین، قدرت پر انسان کی طبیعی قوت اور دسترس بڑھا دیتی ہے، اس کو اس قابل بناتی ہے کہ زیادہ دماغی محنت کر سکے، اپنی انگلیوں سے زیادہ دیر تک اور زیادہ نزاکت و صفائی سے کام لے سکے اور اس کے رگ پٹھوں میں زیادہ قوت پیدا کرتی ہے جو شخص اس کا اصولاً مخالف ہے وہ نوع انسانی کی ترقی کا دشمن ہے؛ وہ کوئی حد فاصل قایم کر کے یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہاں تک انسان کا اپنی قوت کو بڑھانا حق بجانب ہے لیکن اس سے تجاوز کرنا درست نہیں کیا یہ حد قوت محرکہ سے چلنے والے ہل پر قائم کرنی چاہیئے یا اس قدیم ترین اور سادہ ترین لکڑی پر جو زمین کھرچنے کے لیے استعمال کی جاتی تھی؛ فولادی میکانی فصل تراش تک اس کو محدود رکھنا چاہیئے یا حجری دور کی پتھر کی کلہاڑی تک؛ ان میں کمال اور قوت کے مدارج کے سوائے اور کوئی فرق نہیں ہے۔ اصل اعتراض تو کسی دوسری ہی چیز پر ہے جو اس سے مختلف ہے یعنی صنعتی شہر پر، فیکٹری کے نظام پر اور اس چیز پر جس کو اجرت کی غلامی" کہا جاتا ہے۔ لیکن یہ سب معاشری انتظامات ہیں جن میں حسب دلخواہ و مرضی ترمیم و اصلاح کی جا سکتی ہے" تاہم وہ قدرت پر انسانی دسترس کے اضافے سے کسی طرح لازماً وابستہ نہیں ہیں۔"

[1] ہندوستان کی مادی ترقی کے بارے میں زیادہ مناسب طریق کار اختیار کرنے کی عمدہ بحث کے لیے دیکھو ام، ال ڈارلنگ کی کتاب موسومہ "دیہاتی کی کہانی خود اس کی زبانی" صفحہ ۲۷۴۔

باب ۵
164

جو لوگ ہندوستان کو صنعتی ملک دیکھنے کے مخالف ہیں بعض اوقات وہ ایک نرالے انداز میں استدلال کرتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ ہندوستان میں صنعتوں کو فروغ دینا صرف اس حالت میں ممکن ہے جبکہ ہندوستان کی عظیم ترین صنعت یعنی زراعت کا خون کیا جائے۔ اس استدلال پر اُس باب میں بحث کی جائے گی جس میں ہندوستان کی صنعتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ سردست ہم یہ کہنے پر قناعت کریں گے کہ صنعتی ترقی، ہمارے ملک کی زرعی ترقی کے ہرگز منافی نہیں ہے بلکہ اس پر مفید و نفع رساں اثر ڈالتی ہے۔ آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ خیال کہ ہندوستان کو بسرعت صنعتی ملک بنانا ضروری اور مناسب ہے روز افزوں قوت حاصل کرتا جا رہا ہے اور اس میلان کے مخالفوں کو معلوم ہوگا کہ وہ ایک بے سود اور لاحاصل سعی کر رہے ہیں۔ انھیں صنعتی ترقی کے امنڈنے والے سیلاب کو روکنے کی کوشش میں اس سے زیادہ کامیابی کا موقع نہیں ہے جتنا کہ مسز پارٹنگٹن جیسی نیک منش خاتون کو بحر اطلانطک سے بے انداز زور آزمائی کرنے میں اور اس کو اپنی کوچی سے ڈھکیلنے کی دلیرانہ کوشش میں تھا۔

باب ۶

165

زراعت

پیداوار اور برآمد

۱۔ زراعت کی حیثیت معاشیات ہند میں۔

ہندوستان کی معاشی زندگی کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ دوسرے سب پیشوں کے مقابلے میں زراعت کا پلّہ بہت بھاری ہے۔ چنانچہ انسانوں کا ایک انبوہ کثیر جو ملک کی تین چوتھائی آبادی کے برابر ہے، کھیتی باڑی میں اپنی زندگی اور محنت وقف کیے ہوئے ہے۔ یہاں کی زرعی پیداوار میں وہ سب خوردنی اجناس شامل ہیں جو ملک میں صرف کیے جاتے ہیں؛ اور روئی، سن، روغن دار تخم وغیرہ جیسی اشیائے خام کثیر مقدار میں پیدا ہوتی ہیں جو بڑی صنعتوں میں کام میں آتی ہیں۔ تاہم ہندوستانی زراعت کی موجودہ حالت کی تحقیق، حکومت ہند کے مشیر زراعت ڈاکٹر کلاؤسٹن کے حزن انگیز الفاظ کی پوری پوری تصدیق کرتی ہے۔ ڈاکٹر موصوف

باب ۴ فرماتے ہیں کہ "ہندوستان میں جس طرح نیچ طبقے موجود ہیں، اسی طرح نیچ صنعتیں بھی پائی جاتی ہیں، چنانچہ بدقسمتی سے زراعت ان ہی صنعتوں میں سے ایک ہے۔"[1] خواہ کسی معیار سے جانچئے، کھیت کی وسعت و ترکیب، آلات کشاورزی اور کھاد، دوری فصلوں کا طریق، تخموں کی خوبی، آبپاشی کی سہولتیں اور دوسری قسم کی ارضی اصلاح و ترقی، کاشتکاری کے حیوانات، انتظام فروخت پیداوار، ڈیلی دیہی پیشے وغیرہ، ہر اعتبار سے ہماری زراعت انتہائی پسماندہ حالت میں ہے۔ یہ بات اِس واقعے سے ثابت ہوتی ہے کہ فی ایکر پیداوار انتہائی کم مقدار میں حاصل ہوتی ہے۔ چنانچہ دوسرے ملکوں کی پیداوار کے مقابلے میں اس کی مقدار زیادہ سے زیادہ ایک تہائی یا ایک چوتھائی ہوتی ہے،[2] اور خشک سالی و قحط کے زمانے میں یہ بھی گھٹ کر نہ ہونے کے برابر رہ جاتی ہے۔[3]

۲۔ زراعت کو ترقی دینے کی ضرورت۔

متعدد اعتباروں سے زرعی اصلاح و ترقی کی شدید ضرورت ہے۔ اس لیے کہ وہ عوام کی معاشی حالت درست کردے گی، اِن کے معیار زندگی کو بڑھا دے گی، اور ملک کی آبادی کے لیے غذا کی رسد یقینی طور پر بہم پہنچائے گی۔ زراعت کی اصلاح و ترقی کا جو اثر صنعت پر پڑے گا وہ بھی کچھ کم اہم نہیں ہے۔ دیہی آبادی کی قوت خرید میں اضافہ ہوجانے کی وجہ سے ایک وسیع گھریلو بازار وجود میں آئے گا جس میں ملکی مصنوعات کی کھپت ہوگی۔ زرعی اصلاح و ترقی کے معنی لازمی طور پر یہ بھی ہوں گے کہ اس کے مختلف عملوں میں کلوں کا استعمال بڑھ جائے گا، اور یہ توقع بھی کی جاسکتی ہے کہ کشاورزی کے آلات اور کلیں تیار کرنے والے مختلف بڑے کارخانے قائم ہوجائیں گے۔[4] 166

لیکن یہاں دو امور کی توضیح مناسب معلوم ہوتی ہے۔ اوّلاً جیسا کہ بیان کیا جاچکا ہے، یہ کہ زراعت کی اصلاح و ترقی کے استدلال کے معنی یہ نہیں ہیں کہ

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ روئداد شہادت، جلد اوّل، حکومت ہند کے عہدہ داروں کی شہادت۔
[2] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، روئداد شہادت جلد اوّل، عہدہ داران حکومت ہند کی شہادت۔
[3] دیکھو صنعتی کمیشن کی رپورٹ صفحہ ۱۴۔

باب ۶

قسام ازل نے ہندوستان کی قسمت میں سراسر زرعی ملک ہونا لکھ دیا ہے۔ ہمارے خیال میں اس کی حیثیت ایسی ہے کہ اس میں سرسبز زراعت کے ساتھ ساتھ خوشحال صنعتیں بھی رہ سکتی ہیں۔ دوئی یہ کہ ہمیں اس واقعے کو بخوبی ذہن نشین کر لینا چاہئے کہ ہم اپنے زرعی مسائل کو اپنے صنعتی مسائل سے الگ رکھ کر حل نہیں کر سکتے۔ چنانچہ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ انگلستان میں صنعتی انقلاب کے زمانے میں زراعت و صنعت دونوں میں ساتھ ساتھ تبدیلیاں واقع ہوئیں اور ایک کی ترقی سے دوسرے کی ترقی کو مدد ملی۔ بحالت موجودہ ہندوستان کی دیہی و زرعی آبادی کی کثرت ایسی خرابیاں ہیں جو محض زرعی ترقی کے کسی نظام کے ذریعے سے رفع نہیں کی جا سکتیں۔ زمین پر آبادی کا جو دباؤ پڑ رہا ہے اس کو کم کرنے اور شہروں اور صنعتوں سے اصل کو بتدریج ہٹا کر زمین میں مصروف ہونے کا موقع بہم پہنچانے کے لیے زراعت کے ساتھ ساتھ صنعت کو بھی ترقی دینی چاہئے۔

ہندوستان کی موجودہ بیداری کو زراعت میں اس عالمگیر دلچسپی کا ایک رُخ تصور کیا جا سکتا ہے جو جنگ عظیم کے بعد سے رونما ہوئی ہے۔ غالباً زمانۂ قبل از جنگ میں زراعت کی انتہائی اہمیت کو فراموش کر دینے کا میلان نمایاں تھا۔ لیکن جنگ کے تجربے نے خام پیداوار اور اشیائے خوردنی کی حد تک بیرونی رسد پر بھروسہ کرنے کے خطرات ظاہر کر کے اس تغافل کا خاتمہ کر دیا ہے۔ چنانچہ اب سب سے بڑی قومی صنعت ہونے کے اعتبار سے زراعت نے اپنی حیثیت پھر قایم کر لی ہے اور اس کی تنظیم جدید و ترقی کے بارے میں قریب قریب ہر ملک میں بحثیں کی جا رہی ہیں اور مضامین تحریر کیے جا رہے ہیں یہاں تک کہ انگلستان بھی جو مصنوعات تیار کرنے والی حرفتوں کا زمانۂ قدیم سے مرکز رہا ہے اس سے مستثنیٰ نہیں ہے۔

۳۔ برطانوی ہند میں مختلف فصلوں کی کاشت کے رقبوں کے اعداد و شمار۔[1]

جدول (۱)

رقبے کی نوعیت	ایکڑ (بحساب ملین) ۱۹۰۱ء تا ۱۹۰۲ء	دیہی کاغذات کے مطابق خالص رقبے کا فیصد	ایکڑ (بحساب ملین) ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء	دیہی کاغذات کے مطابق خالص رقبے کا فیصد
خالص رقبہ فی مساحت کے لحاظ سے	۵۵۲٫۹۲	۰	۶۷۰٫۳۳	۰

[1] ۔ زرعی اعداد و شمار برائے برطانوی ہند از ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء (عارضی) صفحہ ۲ تا صفحہ ۳

باب ۶

سلسلہ جدول نمبر (۱)

رقبہ کی نوعیت	ایکڑ (بحساب ملین) سنہ ۱۹۰۱ء تا سنہ ۱۹۰۲ء	دیہی کاغذات کے مطابق خالص رقبے کا فیصد	ایکڑ (بحساب ملین) سنہ ۱۹۳۰ء تا سنہ ۱۹۳۱ء	دیہی کاغذات کے مطابق خالص رقبے کا فیصد
دیہی کاغذات کے لحاظ سے خالص رقبہ	۵۵۳٫۷	۰	۶۶۶٫۸۶	۰
رقبہ زیر جنگلات	۶۶٫۳۶	۱۲٫۰	۸۹٫۰۷	۱۳٫۴
ناقابل زراعت	۱۳۷٫۹۶	۲۴٫۹	۱۴۴٫۶۵	۲۱٫۶
167 قابل زراعت افتادہ زمین	۱۰۷٫۵۲	۱۹٫۴	۱۵۳٫۵۹	۲۲٫۹
بنجر زمین	۴۲٫۱۵	۷٫۶	۴۷٫۴۵	۷٫۱
خالص رقبہ زیر کاشت	۱۹۹٫۷۱	۳۶٫۱	۲۳۲٫۱۰	۳۵٫۰
مجموعی زیر کاشت رقبہ (اس میں وہ رقبہ بھی شامل ہے جس پر ایک سے زائد مرتبہ کاشت ہوئی ہے)	۲۲۰٫۳۵	۰	۲۶۷٫۰۲	۰
رقبہ زیر آبپاشی	۳۲٫۵۸	۰	۵۰٫۵۱	۰

جدول (۱) الف

مختلف اجناس جن کی کاشت کی جاتی ہے۔	ایکڑ (بحساب ملین) سنہ ۱۹۰۱ء تا سنہ ۱۹۰۲ء	مجموعی زیر کاشت رقبے کا فیصد	ایکڑ (بحساب ملین) سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء	مجموعی زیر کاشت رقبے کا فیصد
رقبہ جس پر اشیائے خوردنی کی کاشت ہوتی ہے۔	۷۰٫۰۷	۳۱٫۸	۸۰٫۲۹	۳۰٫۰
چاول				

باب ۶

سلسلہ جدول (۱) الف

مختلف اجناس جن کی کاشت کی جاتی ہے	ایکڑ (بحساب ملین) سنہ ۱۹۰۱ء تا سنہ ۱۹۰۲ء	مجموعی زیر کاشت رقبے کا فیصد	ایکڑ (بحساب ملین) سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء	مجموعی زیر کاشت رقبے کا فیصد
گیہوں	۱۸٫۶۱	۸٫۴	۲۷٫۶۰	۱۰٫۴
جو	۶٫۲۲	۲٫۴	۶٫۷۲	۲٫۵
جوار	۲۱٫۸۲	۹٫۸	۲۱٫۴۰	۸٫۰
باجرا	۱۳٫۲۰	۵٫۹	۱۳٫۱۴	۵٫۰
راگی	۳٫۷۵	۱٫۷	۳٫۷۳	۱٫۴
مکائی	۶٫۳۰	۲٫۸	۶٫۰۵	۲٫۳
چنا	۹٫۷۸	۴٫۴	۱۶٫۵۴	۶٫۲
دوسرا غلہ اور دالیں	۲۷٫۳۵	۱۲٫۴	۳۰٫۶۱	۱۱٫۵
میزان اجناس خوردنی	۱۷۷٫۰۰	۸۰٫۰	۲۰۶٫۰۸	۷۷٫۳
رقبہ دوسرے اشیائے خوردنی کے تحت (جس میں ترکاریاں، میوے، مسالے، متفرق غذا کی فصلیں وغیرہ شامل ہیں:-	۸٫۰۳	۳٫۷	۸٫۰۸	۳٫۰
شکر	۲٫۶۰	۱٫۳	۳٫۳۶	۱٫۳
مجموعی اشیائے خوردنی	۱۸۷٫۶۳	۸۵٫۰	۳۱۷٫۵۲	۸۱٫۶

باب ۲

سلسلہ جدول (۱) الف

مختلف اجناس جن کی کاشت کی جاتی ہے	ایکڑ (بحساب ملین) سنہ ۱۹۰۱ تا سنہ ۱۹۰۲	مجموعی زیر کاشت رقبے کا فیصد	ایکڑ (بحساب ملین) سنہ ۱۹۳۳ تا سنہ ۱۹۳۴	مجموعی زیر کاشت رقبے کا فیصد
رقبہ زیر کاشت روغن دار تخم:-				
السی	۲ ر ۲۷	۱ ر ۰	۲ ر ۰۷	۰ ر ۸
تل	۳ ر ۷۵	۱ ر ۷	۴ ر ۲۱	۱ ر ۶
سرسوں اور رائی	۲ ر ۸۸	۱ ر ۳	۳ ر ۳۲	۱ ر ۲
مونگ پھلی	۰	۰	۵ ر ۹۵	۲ ر ۲
ناریل	۰	۰	ر ۶۴	۰ ر ۲
ارنڈی	۰	۰	ر ۴۷	۰ ر ۲
دوسرے روغن دار تخم	۳ ر ۰۷	۱ ر ۴	۱ ر ۱۳	۰ ر ۴
میزان روغن دار تخم	۱۱ ر ۹۷	۵ ر ۴	۱۷ ر ۷۹	۶ ر ۶
168 ریشہ دار پودوں کی کاشت کا رقبہ:-				
روئی	۱۰ ر ۳۰	۴ ر ۷	۱۴ ر ۵۰	۵ ر ۴
سن	۲ ر ۲۸	۱ ر ۰	۲ ر ۵۰	ر ۹ ۰
دوسرے ریشے	ر ۵۶ ۰	ر ۰۲ ۰	ر ۰۶۳	۰ ر ۲
مجموعی ریشہ دار پودے	۱۳ ر ۱۴	۵ ر ۹	۱۷ ر ۶۳	۶ ر ۵

باب ۶
168

سلسلہ جدول (۱) الف

مختلف اجناس جن کی کاشت کی جاتی ہے	ایکڑ (بحساب ملین) سنہ ۱۹۰۱ تا سنہ ۱۹۰۲	مجموعی زیر کاشت رقبے کا فیصد	ایکڑ (بحساب ملین) سنہ ۱۹۳۳ تا سنہ ۱۹۳۴	مجموعی زیر کاشت رقبے کا فیصد
ان فصلوں کا رقبہ جو بطور غذا استعمال نہیں ہوتیں:-				
نیل	۰٫۹۷	۰٫۴	۰٫۰۴	۰٫۰۲
افیون	۰٫۶۱	۰٫۳	۰٫۰۲	۰٫۰۱
کافی	۰٫۱۲	۰٫۰۵	۰٫۱۰	۰٫۰۴
چائے۔	۰٫۴۹	۰٫۳	۰٫۷۸	۰٫۳۰
تمباکو	۰٫۹۵	۰٫۴۵	۱٫۰۸	۰٫۴۰
چارے کی فصلیں	۲٫۹۴	۱٫۴	۱۰٫۲۱	۳٫۸۴
متفرق فصلیں	۱٫۷۱	۰٫۸	۱٫۸۵	۰٫۶۹
میزان ناقابل خوردنی اشیا	۳۲٫۷۲	۱۵٫۰	۴۹٫۵۰	۱۸٫۴۰
مجموعی زیر کاشت رقبہ	۲۲۰٫۳۵	۰	۲۶۷٫۰۲	۱۰۰٫۰۰
(بہ شمول اس رقبے کے جس پر ایک سے زیادہ مرتبہ کاشت ہوئی)	۲۰٫۶۴	۰	۳۴٫۹۲	۰

باب ۶

۴ - اہم فصلوں (دیسی ریاستوں کو شامل کرکے) کی پیداوار اور رقبۂ زیر کاشت کا اندازہ[1]

جدول (۲)

فصلیں		پیداوار (ملین) ۱۹۰۱ء تا ۱۹۰۲ء	پیداوار (ملین) ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء	رقبہ (ملین ایکڑ) ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء
چاول	ٹن	۲۱ ر ۱۹	۷۹ ر ۳۰	۷۰ ر ۸۲
گیہوں	″	۰۹ ر ۶	۳۶ ر ۹	۰۶ ر ۳۶
جوار	″	۰	۱۸ ر ۶	۱۶ ر ۳۲
باجرا	″	۰	۱۳ ر ۲	۴۴ ر ۱۳
چنا	″	۰	۳۷ ر ۳	۲۳ ر ۱۷
گڑ	″	۰۲ ر ۲	۹۰ ر ۵	۳۱ ر ۳
چائے	پاؤنڈ	۳۰ ر ۱۹۱	۲۶ ر ۳۸۳	۸۱ ر ۰
روئی	(۴۵۰ پاؤنڈ کے گانٹھ)	۵۶ ر ۳	۰۰ ر ۵	۹۲ ر ۲۳
سن	(″ ″ ″)	۴۳ ر ۷	۹۹ ر ۷	۵۱ ر ۲
السی	ٹن	۳۵ ر ۰	۳۸ ر ۰	۲۶ ر ۳
سرسوں اور رائی	″	۹۵ ر ۰	۹۶ ر ۰	۰۷ ر ۶
تل	″	۳۵ ر ۰	۵۴ ر ۰	۲۱ ر ۶
تخم ارنڈی	″	۰	۱۴ ر ۰	۵۴ ر ۱

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "ہندوستان کی اہم فصلوں کی پیداوار اور زیر کاشت رقبے کا اندازہ از ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء" صفحہ ۸ اور صفحہ ۲۶ تا صفحہ ۴۲۔

باب ۶

سلسلہ جدول نمبر (۴)

فصلیں		پیداوار (ملین) ۱۹۰۱ء تا ۱۹۰۲ء	پیداوار (ملین) ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء	رقبہ (ملین ایکڑ) ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء
مونگ پھلی	ٹن	۰٫۰۶	۳٫۳۱	۸٫۰۶
نیل (انڈرڈیٹ)	"	۰٫۱۱	۰٫۰۱	۰٫۰۴
کافی	پاؤنڈ	۱۵٫۵۷	[1]	[1]
ربر	"		۱۴٫۲۵	۰٫۱۸

۵۔ کاشت عمیق اور کاشت وسیع کی گنجائش۔

جدول (۱) سے ظاہر ہوگا کہ مجموعی رقبے کے ۰٫۳۵ حصے پر (بہ شمول جنگلات) کاشت نہیں ہوتی، یہ کہ صرف ۰٫۳۵ فیصد زیر کاشت ہے، اور یہ کہ موجودہ بنجر زمین اور قابل زراعت افتادہ زمین کو ملایا جائے تو مجموعی رقبے 169
کے منجملہ ۰٫۳۰ فیصد حصہ ہندوستان میں توسیع زراعت کے لیے دستیاب ہوسکتا ہے۔ برطانوی ہند کے مختلف صوبوں میں توسیع زراعت کے لیے جو رقبہ دستیاب ہوسکتا ہے اس کا حال ہندرجۂ ذیل جدول (۳) سے معلوم ہوگا، جس میں ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء کے مزروعہ و غیر مزروعہ رقبے کو ہر صوبے میں الگ الگ ملین ایکڑ کے حساب سے بتایا گیا ہے۔[2]

[1] : اعداد و شمار دستیاب نہیں ہوئے ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء کے لیے کافی کی بابتہ اعداد و شمار ۴۹٫۳۳ ملین ٹن (پیداوار) اور ۱۷٫۷۰۰ ایکڑ (رقبہ) تھے۔

[2] ۔ دیکھو "زرعی اعداد و شمار" از ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء (عارضی) صفحہ ۴۔

باب ۴

جدول (۳)

صوبہ	جو کاشتکار کے قبضہ میں ہے	مزروعہ: خالص رقبہ زیر کاشت	مزروعہ: بنجر زمین بحالت موجودہ	غیر مزروعہ: قابل زراعت افتادہ زمین	غیر مزروعہ: ناقابل زراعت رقبہ	جنگلات
مدراس	۹۱٫۰۰	۳۳٫۸۷	۱۰٫۳۸	۱۳٫۱۸	۱۹٫۸۸	۱۳٫۶۹
بمبئی	۷۸٫۸۸	۳۳٫۲۵	۱۰٫۲۷	۶٫۵۸	۱۹٫۸۲	۹٫۲۷
بنگال	۴۸٫۵۵	۲۴٫۰۰	۴٫۷۶	۶٫۲۶	۸٫۹۲	۴٫۶۱
یوپی	۶۷٫۹۷	۳۶٫۰۱	۲٫۵۰	۱۰٫۲۸	۹٫۹۰	۹٫۲۸
پنجاب	۶۰٫۱۷	۲۸٫۶۸	۲٫۴۶	۱۴٫۲۰	۱۲٫۸۶	۱٫۹۷
برما	۱۵۵٫۸۵	۱۸٫۲۴	۳٫۶۵	۵۹٫۷۶	۵۲٫۰۴	۲۲٫۱۶
بہار و اوڑیسہ	۵۳٫۱۳	۲۴٫۱۸	۶٫۹۳	۶٫۹۵	۸٫۰۱	۷٫۰۶
سی پی و برار	۶۴٫۰۹	۲۴٫۹۹	۳٫۷۷	۱۴٫۱۱	۴٫۹۵	۱۶٫۲۷
آسام	۳۵٫۴۸	۵٫۸۸	۱٫۸۷	۱۹٫۲۱	۴٫۵۷	۳٫۹۵
شمال مغربی سرحدی صوبہ	۸٫۵۸	۲٫۲۹	۰٫۵۳	۲٫۷۱	۲٫۷۰	۰٫۳۵
اجمیر میروارہ	۱٫۷۷	۰٫۳۵	۰٫۱۲	۰٫۲۸	۰٫۸۸	۰٫۱۰
کورگ	۱٫۰۳	۰٫۱۴	۰٫۱۷	۰٫۰۱	۰٫۳۳	۰٫۳۶
دہلی	۰٫۳۷	۰٫۲۲	۰٫۰۱	۰٫۰۶	۰٫۰۸	۰
میزان	۶۶۶٫۸۶	۲۳۲٫۱۰	۴۷٫۴۵	۱۵۳٫۵۹	۱۴۴٫۶۵	۸۹٫۰۷

ظاہر ہے کہ مزید کاشت کی گنجائش، خاصکر برما، آسام، سندھ، پنجاب اور صوبۂ متوسط میں بہت ہے۔ لیکن اس مسئلے کی گہری جانچ لازمی طور پر اس نتیجے پر

باب ۶

پہنچاتی ہے کہ کاشت وسیع کے مواقع ہندوستان میں بحیثیت مجموعی بہت محدود ہیں۔ بنگال، صوبۂ متحدہ، مدراس اور بمبئی جیسے قدیم صوبوں میں کاشت فطری طور پر کم ترین مقاومت کے اصول پر ہوتی رہی ہے، اور بہترین قسم کی زمینیں زیر کاشت آچکی ہیں اور بڑی حد تک صرف ادنیٰ زرخیزی کی زمینیں کاشت کے لیے باقی رہ گئی ہیں۔ لیکن اکثر صورتوں میں ان پر کاشت صرف اُس وقت ممکن ہوسکتی ہے جبکہ آبپاشی کی کافی سہولتیں بہم پہنچائی جائیں۔ علیٰ ہذا پنجاب، صوبۂ متوسط، آسام، برما اور سندھ جیسے جدید صوبوں میں بھی اسی کے مشابہ صورت حال بتدریج ترقی پارہی ہے۔ چنانچہ یہاں گو اعلیٰ زرخیزی کی زمینیں ابھی تک پوری طرح زیر کاشت نہیں آئی ہیں، پھر بھی مختلف قسم کی دقتوں کا سامنا رہتا ہے۔ پنجاب اور سندھ میں کاشت کی توسیع کا دارومدار زیادہ تر آبپاشی پر ہے جس کا انتظام یہاں دوسرے علاقوں مثلاً بمبئی دکن اور صوبۂ متوسط کے مقابلے میں بہت آسان ہے لیکن مالی اور طبیعی مشکلات کی وجہ سے وہ بہرحال ہر جگہ محدود ہی ہے۔ آسام میں مضرصحت آب وہوا سے قطع نظر کرتے ہوئے سب سے بڑی مزاحمتیں یہ ہیں (۱) محنت کے ناموافق حالات اور (۲) اس کے نتیجے کے طور پر محنت کی مطلوبہ رسد کو حاصل کرنے کی دشواری۔ برما بریموں کے لیے" کا نعرہ برما میں قوی صوبہ واری احساس کو ظاہر کرتا ہے جو زراعت کی تیز رفتار توسیع کے لیے ایک سنگ راہ ہے اس لیے کہ موجودہ حالات میں صرف محنت کی بیرونی رسد ہی کی مدد سے زراعت ترقی کرسکتی ہے۔ پس ان صوبوں میں بھی جہاں قابل زراعت افتادہ زمین کا وسیع رقبہ موجود ہے زراعت کی کسی نمایاں توسیع کی توقع نہیں کی جاسکتی چنانچہ اس نتیجے کی تصدیق مندرجۂ ذیل اعداد سے ہوتی ہے جس میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ قریب کے زمانے میں برطانوی ہند کے زیر کاشت خالص رقبے میں بہت دھیمی اور تدریجی رفتار کے ساتھ توسیع وترقی رونما ہوئی ہے۔

زیر کاشت رقبہ

سال	خالص رقبہ زیر کاشت (بلین ایکڑ)
۱۸۹۲ء تا ۱۸۹۴ء	۱۹۵ ، ۹۱

سال	غالص رقبہ زیرِ کاشت (ملین ایکڑ)
۱۹۰۱ء تا ۱۹۰۳ء	۱۹۹٫۷۱
۱۹۱۰ء تا ۱۹۱۲ء	۲۲۳٫۰۶
۱۹۲۱ء تا ۱۹۲۲ء	۲۲۳٫۱۸
۱۹۲۷ء تا ۱۹۲۸ء	۲۲۳٫۸۶
۱۹۲۸ء تا ۱۹۲۹ء	۲۲۸٫۱۷
۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء	۲۲۹٫۰۹
۱۹۳۱ء تا ۱۹۳۲ء	۲۲۸٫۸۴
۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء	۲۳۲٫۱۰

ہندوستان کے زرعی مسئلے کا زیادہ امید افزا حل کاشت عمیق کے طریق میں مضمر ہے۔ کاشت عمیق کے امکانات کی تمثیل کے طور پر ہم جاپان کی مثال پیش کر سکتے ہیں جہاں پانچ کروڑ ۶۰ لاکھ آبادی کی کفالت ایک کروڑ ستر لاکھ ایکڑ مزروعہ رقبے کے ذریعے سے ہوتی ہے۔ گویا ہندوستان کے $\frac{5}{6}$ ایکڑ فی کس کے مقابلے میں وہاں کا اوسط تقریباً $\frac{1}{3}$ ایکڑ فی کس ہے۔[1]

171 ہندوستان میں ابھی تک جدید سائنسی اصول پر کاشت عمیق کا آغاز کرنے کی بمشکل کوئی سنجیدہ کوشش کی گئی ہے، حالانکہ کاشت وسیع کے طریقے زرعی آبادی کی کثرت اور چھوٹے کھیتوں کی موجودگی کی وجہ سے انتہائی طور پر ناموزوں ہیں۔

۶۔ فصلوں کی اضافی اہمیت۔

ہندوستان کی زرعی پیداواروں میں فصلوں کی کاشت بہت زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ لوگ زیادہ تر نباتات پر گزر کرتے ہیں اور اشیائے برآمد میں تخم اور ریشوں کو بہت

[1] دیکھو۔ اے۔ ایم۔ وِس ویس دریا کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان کی تنظیم جدید" صفحہ ۱۷۴۔

باب ۶

اہمیت حاصل ہے۔ ہندوستانی کسان فصلیں اُگاتا ہے، اس کے مویشی اس کو صرف کاشت ہی میں مدد نہیں دیتے بلکہ اس کے کنبے والوں کی غذا کی ضرورتیں بھی پوری کرتے ہیں۔ گوشت، اون اور دودھ دہی گھن پنیر وغیرہ ملک سے برآمد نہیں کیے جاتے۔[1] مختلف فصلوں کی کاشت کا رقبہ یہ بتلاتا ہے کہ ہندوستان میں زرعی پیداوار انواع و اقسام کی ہوتی ہے اور مختلف فصلیں اضافی حیثیت سے اہمیت رکھتی ہیں۔ چنانچہ مختلف پیداواروں کی کاشت ہندوستان کو اس قابل بناتی ہے کہ اپنے جملہ اشیائے خوردنی اور انواع و اقسام کی اشیائے خام کی کثیر رسد کی صورت میں اپنی جملہ ضرورتوں کا خود کفیل رہے۔ اشیائے خوردنی کی بہت زیادہ مقداریں کاشت کی جاتی ہے چنانچہ مجموعی زیر کاشت رقبے کے مجملہ ۷ر۱۸ فیصد حصے پر ان ہی کی کاشت کی جاتی ہے، اور ناقابل خوردنی اشیا کی کاشت کے رقبے کا فیصد ۳ر۱۸ ہے، گو عالمی قیمتوں کا لحاظ کرتے ہوئے ناقابل خوردنی اشیا مثلاً روئی، سن، روغن دار تخم وغیرہ کی کاشت کا رقبہ اشیائے خوردنی کی کاشت کے رقبے کے مقابلے میں بہت تیزی کے ساتھ بڑھتا رہا ہے۔ اشیائے خوردنی کی فصلوں میں چاول کا نمبر سب سے اوّل ہے؛ اس کے بعد کے درجے میں گیہوں، جوار، باجرا، اور چنے کی کاشت ہوتی ہے۔ ناقابل خوردنی فصلوں میں ریشے (روئی سن وغیرہ) سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں اور مجموعی زیر کاشت رقبے کے مجملہ ۵ر۶ فیصد پر ان کی کاشت ہوتی ہے۔ روئی ان ریشوں میں سب سے زیادہ اہم پیداوار ہے۔ اس کے بعد روغن دار تخموں کا نمبر ہے، چنانچہ مجموعی زیر کاشت رقبے کے مجملہ ۶ر۶ فیصد حصے پر ان کی کاشت ہوتی ہے۔

۷۔ ہندوستان کی اہم فصلوں کی جانچ[2]

(۱) اشیائے خوردنی کی فصلیں۔

(۱) چاول۔ ہندوستان کی سب سے بڑی پیداوار چاول ہے جو اکثر باشندوں کی غذا کی ضرورت کو پورا کرتا ہے۔ چاول کی کاشت مجموعی زیر کاشت رقبے کے ۲۰ فیصد حصے پر ہوتی ہے، چنانچہ اس کا مجموعی رقبہ ۷۰،۲۱۰،۰۰۰ ایکڑ ہے

[1] دیکھو اے ہاورڈ کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں فصلوں کی تیاری" صفحہ ۶۱

[2] اس جانچ کے لیے ہم نے حسب ذیل تحریروں سے مدد لی:۔

(۱) ہندوستان کے زرعی کاروبار پر تبصرہ۔

باب ۶ جس سے ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ۹ء۳۰ ملین ٹن پیداوار حاصل ہوئی۔ دنیا کی چاول کی مجموعی پیداوار میں ہندوستان کا حصّہ تقریباً ۴۰ فیصد ہے اور وہی دنیا کا سب سے بڑا چاول کی برآمد کرنے والا ملک ہے، اگرچہ اس کی اوسط برآمد کی مقدار اس کی مجموعی پیداوار کے ۷ یا ۸ فیصد سے شاذ ہی متجاوز ہوتی ہے۔ چاول کی کاشت ہندوستان کے بڑے حصے میں ہوتی ہے اور خاصکر ان حصوں میں جو مرطوب اور نم ہیں۔ چنانچہ مندرجۂ ذیل اعداد سے مختلف صوبوں میں چاول کی کاشت کا حال معلوم ہوگا:۔ بنگال ۷۶ء۲۱ ملین ایکڑ، بہار و اوڑیسہ ۲۳ء۱۳ برما ۸۵ء۱۲، مدراس ۰۷ء۱۱ صوبۂ متحدہ ۹۵ء۵، صوبۂ متوسط ۶۴ء۶، آسام ۲۷ء۴ اور بمبئی ۹۱ء۲۔ 172
چاول مشرقی صوبوں اور برما میں اصل غذا کے طور پر بکثرت استعمال کیا جاتا ہے۔ گو برما میں مجموعی زیر کاشت رقبے کے منجملہ چاول صرف ۱۵ فیصد حصے پر بویا جاتا ہے پھر بھی برما کو چاول کی برآمد کی تجارت میں کم و بیش اجارہ حاصل ہے اور ہندوستان کے دوسرے علاقوں کے مقامی صرف کے لیے رسد میں قلت ہو تو اس کو بھی پورا کر دیتا ہے۔ اس لیے کہ برما میں چاول کے زیر کاشت رقبے کا تناسب آبادی کے مقابلے میں اس قدر بڑا ہے کہ اس کی قابل برآمد زائد پیداوار بنگال، بہار یا مدراس کی قابل برآمد زائد پیداوار کے مقابلے میں بدرجہا زیادہ ہے۔ گو موخرالذکر صوبوں میں برما کے مقابلے میں چاول کی زیادہ مقدار کاشت ہوتی ہے لیکن ان کو اندرونی طلب نسبتاً بہت کثیر مقداروں میں پوری کرنی پڑتی ہے۔ برما کی چاول کی تجارت، برما کی مجموعی برآمد کے ۸۸ فیصد یا اس کی مجموعی پیداوار کے تقریباً ۵۰ فیصد کی نمایندگی کرتی ہے۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں بنگال اور مدراس نے

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ (۲) ہندوستان کی اہم فصلوں کی پیداوار اور ان کے رقبے کا اندازہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء
(۳) ہندوستان کی فصلوں کا نقشہ ۱۹۲۵ء۔
(۴) کاٹن کی کتاب موسوم بہ "تجارتی معلومات کا خلاصہ"۔ دوسرا ایڈیشن ۱۹۲۴ء۔
(۵) ہاوڈ کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں فصلوں کی تیاری"
(۶) زرعی کمیشن کی رپورٹ۔

باب ۹

علی الترتیب ۶ اور ۵ فیصد برآمد کیا۔ برما کی برآمد نسبتاً بڑھ رہی ہے لیکن اس کے برخلاف ہندوستان کی برآمد کا تناسب گھٹ رہا ہے۔ ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء میں ہندوستان نے ۲۶،۳۲،۰۰۰ ٹن چاول برآمد کیا جس کی قیمت ۳۱٫۵ کروڑ روپے تھی۔ لیکن ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں برآمد کی ہوئی پیداوار کی مقدار ۲۷،۲۹،۰۰۰ ٹن تک اور اس کی قیمت ۲۵٫۹۷ کروڑ روپے تک گر گئی۔ چاول کی قیمت کی کمی جو زیادہ تر تجارتی کساد بازاری کا نتیجہ تھی، چاول کی تجارت کے لیے مہلک ثابت ہوئی۔ ہندوستان (بہ شمول برما) کی برآمد مجموعی پیداوار کا ۵ فیصد رہی۔ بعد کے سالوں میں برآمد کی مقدار اور قیمت میں مزید کمی رونما ہوئی۔ چنانچہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں برآمد کی مقدار ۱۷،۴۴،۰۰۰ ٹن اور قیمت ۵٫۷ کروڑ روپیہ اور ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں مقدار ۱۶،۰۶،۰۰۰ ٹن اور قیمت ۳٫۷ کروڑ روپے تھی۔ غیر ملکی بازاروں میں ہندوستانی چاول کی مانگ کی کمی ایک حد تک اس بنا پر زائل ہو جاتی ہے کہ ہندوستانی چاول کو سلطنت متحدہ میں ترجیح حاصل ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ہندوستان سے انگلستان کو جو چاول برآمد ہوا اس میں ۱،۱۱،۰۰۰ ٹن سے ۱،۳۸،۰۰۰ ٹن تک اضافہ ہوا۔ کچھ سال ادھر سے سیام، فرانسیسی انڈوچین اور جاپان سے ہندوستان میں چاول کی درآمد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں درآمد کی مقدار سال ماسبق کے ۵،۴۸،۸۰۵ ٹن کے مقابلے میں ۵،۱۱،۳۹۴ ٹن رہی۔ یہ درآمدہ چاول جو زیادہ تر مدراس گیا کنکی کی شکل میں تھا اور گرفتی کے کاروبار کی ذیلی پیداوار تھا۔ اس نے مقامی قیمتوں کو بڑی حد تک گھٹا دیا۔ اسی لیے تامینی تدبیر کے طور پر کنکی (ٹوٹے ہوئے چاول) پر ۱۲ر آنہ فی من کا محصول درآمد اپریل ۱۹۳۵ء سے ۳۱ر مارچ ۱۹۳۶ء تک عاید کیا گیا۔

چاول سرمائی فصل ہے جو زیادہ تر دسمبر اور جنوری میں کٹتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف علاقوں میں مختلف مقامی حالات اور معلومات کی بنا پر مختلف قسم کا دھان پیدا ہوتا ہے۔ غالباً مسئلے کی پیچیدگی اور وسعت ہی کے باعث محکمۂ زراعت نے اب تک 173
اس فصل کے بارے میں بہت کم ترقی کی ہے[1]۔ لیکن کچھ سال ادھر سے زرعی

[1] دیکھو میکنا کی کتاب موسوم بہ "ہندوستانی زراعت"۔

باب ۶ تحقیق کی شاہی کونسل کی سرپرستی میں تحقیقاتی کام کے نتائج زیادہ بہتر رہے ہیں۔

(۲) گیہوں رقبے کے لحاظ سے چاول کی کاشت کے بعد گیہوں کا نمبر ہے جو مجموعی زیر کاشت رقبے کے منجملہ ۱۰ فیصد پر بویا جاتا ہے۔ ہندوستان میں گیہوں فصل ربیع ہے جو اکتوبر تا دسمبر بوئی جاتی ہے اور مارچ تا مئی میں کٹتی ہے۔ پنجاب، صوبۂ متحدہ اور شمال مغربی سرحدی صوبے کے باشندوں کی غذا گیہوں ہے۔ دوسرے مقامات پر وہ زیادہ تر برآمد کی غرض سے کاشت کیا جاتا ہے۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں گیہوں کی کاشت کا رقبہ ہندوستان میں ۳۶٫۰۶ ملین ایکڑ تھا۔ ہندوستان کے گیہوں پیدا کرنے والے اہم صوبے پنجاب (۹٫۷۷ ملین ایکڑ) صوبۂ متحدہ (۸٫۴۵ ملین ایکڑ)، صوبۂ متوسط و برار (۳٫۴۴ ملین ایکڑ)، ریاستہائے وسط ہند (۲٫۰۸ ملین ایکڑ)، بہار و اوڑیسہ (۱٫۲۲ ملین ایکڑ) اور بمبئی (۳٫۲۳ ملین ایکڑ) ہیں۔ پنجاب اور صوبۂ متحدہ کا رقبہ مجموعی رقبے کا ۱/۴ اور ان کی پیداوار کا ۳/۴ ہے۔ بقول کاٹن "ہندوستان دنیا کی مجموعی پیداوار کا تقریباً ۱/۱۰ گیہوں پیدا کرتا ہے۔ چنانچہ زمانۂ قبل از جنگ میں دنیا کے گیہوں برآمد کرنے والے پانچ اہم ملک بہ لحاظ مقدار برآمد علی الترتیب ریاستہائے متحدہ امریکا، روس، کنیڈا، جمہوریہ ارجنٹائن اور ہندوستان تھے۔ پیداوار کی حد تک ہندوستان تیسرے نمبر پر ہے۔" بڑی جنگ کے زمانے میں ہندوستان کے گیہوں کی کاشت کے رقبے میں قابل لحاظ توسیع ہوئی، چنانچہ رقبہ ۴۷ء۴۸ ملین ایکڑ سے ۴۸ء۳۵ ملین ایکڑ تک بڑھ گیا، جس کا باعث یہ واقعہ تھا کہ حکومت نے کثیر مقدار میں خریداری کی تھی۔ گیہوں کی تجارت برآمد ۱۸۷۰ء میں نہر سوئز کے کھل جانے کے بعد سے ترقی کر رہی تھی۔ لیکن گیہوں کی برآمد کی مقدار میں ہندوستان اور بیرونی ممالک کے موسموں کی نوعیت کے لحاظ سے تغیرات ہوتے ہیں۔ قحط کے زمانے میں مقامی قیمت عام طور پر اتنی اعلیٰ ہو جاتی ہے کہ برآمد کی مقدار بہت گر جاتی ہے۔ بڑی جنگ سے پیشتر کے پانچ سالوں میں اوسط برآمد ۳۰۸۰۰۰ ٹن ہوئی جس کی قیمت ۹۶ء۳ کروڑ یا گیہوں کی مجموعی پیداوار کا ۴ فیصد تھی۔ اس کے بعد سے خاصکر زمانۂ بعد از جنگ میں گیہوں کی برآمد میں بہت کمی ہو گئی ہے۔ کچھ زمانے سے ہندوستان کی یہ حالت ہو گئی ہے کہ وہ دنیا کے

باب ۶

بازار میں گیہوں کی بہت ہی تھوڑی مقدار بھیج رہا ہے۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں برآمد کی مقدار قریب قریب ۱۱۰۰۰ ٹن اور اس کی قیمت ۵ء۰ لاکھ روپے تھی جس کے مقابلے میں ۱۹۳۱ء تا ۱۹۳۲ء میں مقدار ۲۰۰ء۲۰ ٹن اور قیمت ۱۵ لاکھ روپے تھی، اور زمانۂ بعد از جنگ کے پہلے پنجسالہ دور میں مقدار کا اوسط ۲۳۷۰۰۰ ٹن اور قیمت کا اوسط ۳ء۷ کروڑ روپے تھا۔ بڑی جنگ کے بعد سے مالی امداد اور درآمد کی روک کی پناہ میں برآمد کرنے والے اور درآمد کرنے والے ملکوں میں زراعت کی غیر معاشی 174
توسیع نے گیہوں کے بین الاقوامی مسئلے کو ایک ہیجستان بنا دیا ہے۔ کچھ سال ادھر سے شدید مسابقت اور ادنی قیمتوں کی موجودگی میں ہندوستان اس بات پر مجبور ہوا ہے کہ نہ صرف بین الاقوامی بازار سے الگ رہے بلکہ اپنے گیہوں بونے والوں کے اغراض کے تحت دوسرے ممالک کے ارزاں گیہوں اور گیہوں کے آٹے کی درآمد پر محصول عائد کرے۔ قانون محصول درآمد گندم کی رو سے مارچ ۱۹۳۱ء سے محصول درآمد کی مقدار دو روپے فی ہنڈرڈ ویٹ تھی، اس محصول کو اپریل ۱۹۳۵ء میں ایک روپیہ آٹھ آنے تک کم کر دیا گیا، اس لیے کہ ہندوستانی گیہوں اور ہندوستان میں درآمد آسٹریلیائی گیہوں کی قیمتوں کا درمیانی فرق گھٹ گیا تھا۔ یہ محصول ۳۱ مارچ ۱۹۳۷ء تک نافذ رہنے والا تھا۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں گیہوں کی درآمد کی مقدار ۱۸۳۰۰ ٹن تھی، اس کے مقابلے میں ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں مقدار صرف ۴۰۰ء ٹن اور قیمت ۵ لاکھ روپے رہی۔[1] ملک میں باہر سے جو گیہوں آرہا تھا اس پر محصول درآمد کی روک قایم ہونے کی وجہ سے ہندوستانی گیہوں کی قیمتیں صورت حال پر اثر ڈالنے والے بیرونی عاملین سے زیادہ اندرونی طلب سے متاثر ہوتی رہی ہیں۔

نقل و حمل اور آبپاشی کی اصلاح و ترقی نے گیہوں کی کاشت کے حق میں بہت بڑے محرک کا کام کیا ہے۔ یہ بات پنجاب کی جدید نہری نوآبادیات کے بارے میں خاص طور پر صادق آتی ہے۔ ایک زمانے میں ہندوستانی گیہوں ناقص مشہور تھا، لیکن اس کی وجہ یہ نہ تھی کہ اس کو بے احتیاطی کے ساتھ کوٹا یا رکھا جاتا تھا بلکہ

---

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسومہ "ہندوستانی تجارت پر تبصرہ" (۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء) صفحہ ۱۰۰ تا صفحہ ۱۰۲۔ (Review of the Trade of India)

زیادہ تر یہ تھی کہ انگریزی تجارت کے طریقے کے مطابق گیہوں میں جان بوجھ کر آمیزش کی جاتی تھی ۱۹۰۷ء کے بعد سے اس اعتبار سے بہت کچھ اصلاح و ترقی رونما ہوئی ہے۔ محکمۂ زراعت کی قرار دادہ قسم پوسا نمبر ۱۲ نے غلے کی خوبی کی اصلاح کر دی ہے۔ لیکن اس خوبی کو مزید ترقی دینا اور برقرار رکھنا چاہیے تاکہ ہندوستانی گیہوں عالمی بازاروں میں وہی قیمتیں حاصل کرنے کے قابل ہو جو کینیڈا اور امریکا کے گیہوں کو حاصل ہوتی ہیں۔ 174

(۳) جو۔ یہ زیادہ تر صوبۂ متحدہ اور بہار میں پیدا ہوتا ہے۔ چنانچہ ان صوبوں میں اس کے زیر کاشت رقبہ علی الترتیب ۲۷ر۴ ملین ایکڑ اور ۳۱ر۱ ایکڑ ہے۔ جو کی برآمد اس لیے بہت قلیل مقدار میں ہوتی ہے کہ اندرون ملک اس کی طلب بہت زیادہ ہے۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں برآمد کی مقدار ۱۴ر۰ ٹن تھی جس کی قیمت ۳ر۹ لاکھ روپے ہوئی۔ انسان اور جانور دونوں کے لیے جو بطور غذا استعمال ہوتا ہے۔

(۴) کنگنی۔ ہندوستانی کنگنی کی دو قسمیں ہیں، جوار اور باجرہ۔ اور یہ مدراس، بمبئی (دکن) اور سلطنت حیدرآباد کے ملحقہ علاقوں کے باشندوں کی خوراکی فصلوں کی اہم قسم ہیں۔ زری مویشی کے لیے بھی وہ قابل قدر چارہ بہم پہنچاتے ہیں۔ ان کو گیہوں کی طرح خاص احتیاط کے ساتھ کاشت کرنے کی ضرورت نہیں اور کھاد تو شاذ ہی دینا پڑتا ہے۔ ان کے زیر کاشت بہت بڑا رقبہ ہے۔ جوار کل ہندوستان میں ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں ۱۰ر۳۴ ملین ایکڑ پر کاشت کی جاتی تھی اور باجرا ۷۰ر۱۸ ملین ایکڑ پر۔ جوار پیدا کرنے والے اہم علاقے یہ ہیں:۔ حیدرآباد دکن ۳۶ر۹ ملین ایکڑ؛ بمبئی ۲۱ر۸ ملین؛ مدراس ۵۳ر۴ ملین ایکڑ، صوبۂ متوسط و برار ۳۱ر۴ ملین ایکڑ؛ اور صوبۂ متحدہ ۳۸ر۲۔ علیٰ ہذا باجرے کی کاشت بھی بہت وسیع رقبے پر ہوتی ہے۔ مثلاً بمبئی ۱۱ر۵ ملین ایکڑ؛ مدراس ۸۲ر۲ ملین ایکڑ؛ پنجاب ۴۰ر۳ ملین ایکڑ؛ اور صوبۂ متحدہ ۱۸ر۲ ملین ایکڑ۔ باجرا فصل خریف میں پیدا ہوتا ہے، اس کے برعکس جوار خریف اور ربیع دونوں فصلوں میں کاشت ہوتی ہے۔ لیکن ان دونوں اجناس میں سے کسی کی بھی برآمد قابل لحاظ مقدار میں نہیں ہوتی۔ ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء میں جوار اور باجرا ۱۵۰۰ ٹن قیمتی ۱۳ر۲ لاکھ روپے ہندوستان سے برآمد ہوا جس کے مقابلے میں ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں برآمد کی مقدار ۴۰۰ ٹن تھی اور قیمت صرف ۱۴ر۴ لاکھ روپے وصول ہوئی۔ 175

باب ۶

(۵) دالیں۔ ان کی کاشت ہندوستان کے طول و عرض میں بہت وسیع رقبے پر ہوتی ہے اور باشندوں کی غذا میں ان کا بہت نمایاں حصّہ ہے۔ دالیں زیادہ تر صوبۂ متحدۂ پنجاب، بمبئی، صوبۂ متوسط، بنگال وغیرہ میں کاشت کی جاتی ہیں۔ چنانچہ ہندوستان کی سب دالوں میں بلاشبہ سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں کم از کم ۳۴٫۳ ملین ایکڑ رقبہ اس کے زیر کاشت تھا، اور صوبۂ متحدہ اس لحاظ سے اہم ترین علاقہ ہے کہ وہاں اس کا رقبہ ۵٫۳۰ ملین ایکڑ ہے۔ ملک کے اندر دالوں کی مانگ کثیر ہونے کی وجہ سے ان کی برآمد ایک حد تک محدود ہے۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں دالوں کی برآمد کی مقدار ۱۱۲٫۰۰۰ ٹن تھی اور ان کی قیمت ایک کروڑ ۵ لاکھ روپے وصول ہوئی۔

(۶) دوسری خوراکی فصلیں۔ ان میں پھل، ترکاریاں، مسالے اور متفرق خوراکی پیداواریں شامل ہیں۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ان کی کاشت کا مجموعی رقبہ برطانوی ہند میں ۸٫۰ ملین ایکڑ تھا۔ میووں ترکاریوں، ساگ پات اور جڑ یا لوپودوں کی کاشت ۴٫۸۵ ملین ایکڑ پر کی جاتی تھی۔ ہندوستان میں انواع و اقسام کے میوے پیدا ہوتے ہیں مثلاً آم، سیب، سنگترہ، آلوچہ، شفتالو، خوبانی اور ناسپاتی۔ رسد کی قلت کے سبب سے میوے بہت گراں ہیں چنانچہ یہ گرانی اور باشندوں کا عام افلاس میووں کے کاروبار کی قابل لحاظ ترقی میں مانع رہا۔ ہندوستان میں مختلف و متعدد اقسام کی ترکاریاں پیدا ہوتی ہیں، مثلاً آلو، پیاز، بیگن، کرم کلا، پھول گوبی، شلغم، ٹماٹے وغیرہ۔ اگر آبپاشی کی مناسب سہولتیں خاصکر بڑے شہروں سے متصل علاقوں میں بہم پہنچائی جائیں تو میووں اور ترکاریوں کی کاشت کے رقبے میں قابل لحاظ توسیع عمل میں آسکتی ہے۔ بحیثیت مجموعی زراعت کے محکمے میووں اور ترکاریوں کی وافر رسد کے دورِ جدید کے توقعات کو پورا کرنے کے اب تک قابل نہیں ہوئے ہیں۔ لیکن پشاور کی وادی میں بہت نمایاں کامیابی حاصل ہوئی ہے، اور اب جبکہ چار دوسرے صوبوں کے زرعی محکموں میں ماہران باغبانی موجود ہیں ہم یہ توقع کرسکتے ہیں کہ میووں کی کاشت کی جانب زیادہ باقاعدہ توجہ مبذول کی جائے گی۔ تجارتی باغبانی کی پیداوار کے لیے بڑے مرکزی شہر بہت وسیع بازار مہیا کرتے ہیں۔ لیکن موجودہ زمانے میں نقل و حمل کی مشکلات ان شہروں کی طلب سے فائدہ اٹھانا غیر ممکن

باب ۶ بنا دیتی ہیں۔ نقل و حمل کی سہولتوں کی ترقی، احتیاط کے ساتھ پھلوں کا توڑنا سلیقے کے ساتھ جوڑ کر بھیجنا، میووں کو ٹھنڈا رکھنے کا انتظام جیسی اصلاحیں ضروری معلوم ہوتی ہیں۔[1]

176 سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء میں بگھار کی اشیا اور مسالوں کی کاشت ۴۷۰۱ ایکڑ پر ہوئی۔ مسالے زیادہ تر انتہائی جنوبی ہند میں پیدا ہوتے ہیں گو بعض انواع کی کاشت ہر جگہ ہوتی ہے۔ سیاہ مرچ ملیبار، ٹراونکور، جنوبی کنڑا، کورگ اور کسی حد تک بنگال وغیرہ میں ہوتی ہے؛ مرچیں، زیادہ تر مدراس، مشرقی و شمالی بنگال اور برما و بمبئی کے بعض علاقوں میں؛ ادرک، ساحل ملیبار، اور بمبئی کے علاقوں یعنی تھانہ اور سورت میں، اور بنگال و صوبۂ متحدہ کے بعض اضلاع میں، الائچی جنوبی و مغربی ہندوستان کے مرطوب جنگلوں میں، مدراس، ٹراونکور، میسور، کورگ اور بمبئی خاصکر کنڑا میں، سپاری جنوبی ہند اور برما میں؛ دارچینی جنوبی ہند میں مغربی گھاٹ میں؛ لونگ، زیادہ تر مدراس پریزیڈنسی میں مغربی گھاٹ کی پہاڑیوں کے دامن میں پیدا ہوتے ہیں۔ یہی ہندوستان کے اہم مسالے ہیں۔ ان میں کسی حد تک تجارت برآمد بھی ہوتی ہے چنانچہ سنہ ۱۹۳۲ء تا سنہ ۱۹۳۳ء میں ان کی مقدار ۲۸۶۰۰ ہنڈرڈویٹ اور قیمت ۳۴ و ۷۷ لاکھ روپے تھی۔

(۷) شکر۔ ہندوستان نیشکر کی کاشت کا غالباً سب سے قدیم ملک ہے اور نیشکر کی کاشت کا رقبہ یہاں سب سے بڑا ہے۔ لیکن فی ایکڑ اوسط پیداوار اس قدر کم ہے اور زیادہ تر نباتات پر گزر کرنے والی آبادی کی مانگ اس قدر کثیر ہے کہ ملک کا انحصار کچھ سال ادھر تک بڑی حد تک ارزاں بیرونی شکر پر تھا۔ چنانچہ سنہ ۱۹۲۹ء تا سنہ ۱۹۳۰ء میں ہندوستان نے ہر قسم کی شکر ۱۲۰۰۰۰ ٹن درآمد کی جس کی قیمت ۷۷ و ۵ کروڑ روپے تھی۔ ہندوستانی شکر کمیٹی کے قول کے مطابق ہندوستان کی حقیقی شکر کی پیداوار فی ایکڑ، کیوبا کی پیداوار کا ایک ثلث، جاوا کا ۱/۶ اور ہوائی کا ۱/۷ ہے۔ آسٹریا اور جرمنی کی چقندر کی شکر کو ان ممالک کی حکومتیں مالی امداد دیتی تھیں جس کی وجہ سے یہ شکر بہ کفایت ہندوستان کو برآمد کی جاتی تھی لیکن

---

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسومہ "تنقید بر زرعی کاروبار ہندوستان سنہ ۱۹۲۷ء تا سنہ ۱۹۲۸ء" صفحہ ۴!
ایضاً برائے سنہ ۱۹۲۸ء تا سنہ ۱۹۲۹ء صفحہ ۶۵ تا صفحہ ۶۷ اور زرعی کمیشن کی رپورٹ پیراگراف ۵۱۵ تا ۵۱۹۔

باب ۶

ہندوستان میں ۱۹۰۳ء سے اس پر محصول درآمد عائد کیا جانے لگا، چنانچہ اس محصول کی بدولت اس شکر کی جگہ بتدریج جاوا اور موریشس کی نیشکر کی شکر نے لے لی۔ اس غیر ملکی مسابقت نے ہندوستانی نیشکر پر کاری ضرب لگائی، اور بڑی جنگ سے پیشتر کے سالوں میں زیر کاشت رقبے میں کچھ کمی ہوگئی۔ لیکن یہ کمی زمانۂ جنگ کی گرانی کے محرک کے تحت ۱۹۱۸ء تا ۱۹۱۹ء میں کسی حد تک رفع ہوگئی۔ نیشکر کی کاشت کا رقبہ مسلسل کئی سالوں سے ایک حالت پر قائم ہے، اور گزشتہ بیس سال میں اوسط (۲۸۴۰۰۰۰ ایکڑ) ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں نیشکر کی کاشت کا مجموعی رقبہ ۲۰۸ ملین ایکڑ تھا۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں نیشکر پیدا کرنے والے چھ صوبے متحدہ (۱۰۱ ملین ایکڑ)، پنجاب (۴۷ر۰ ایکڑ)، بہار و اوڑیسہ (۴۲ر۰ ملین ایکڑ)، مدراس (۱۲ر۰ ملین ایکڑ)، بمبئی (۰۱ر۰ ملین ایکڑ) 177
اور آسام (۳۵ر۰ ملین ایکڑ) تھے۔ اس طرح شمالی ہند کو اس کی کاشت میں نمایاں دلچسپی ہے۔ گو جنوبی ہند کا رقبہ چھوٹا ہے پھر بھی یہاں جو نیشکر اگتی ہے وہ شمالی ہند کے مقابلے میں بہت موٹی اور شیریں ہوتی ہے۔ ہندوستان میں عام طور پر سفید شکر تیار نہیں کی جاتی۔ رس کو راب نکالے بغیر اس قدر جوش دیا جاتا ہے کہ وہ جم جاتا ہے، اور اس پیداوار کو جسے گڑ کہتے ہیں اسی حالت میں استعمال کیا جاتا ہے۔ آجکل نیشکر کو قدیم طریقے کے بجائے زیادہ تر جدید اصول پر مشینوں کے ذریعے سے دبایا جاتا ہے۔ سفید شکر کئی فیکٹریوں میں خاصکر صوبۂ متحدہ اور بہار اور اوڑیسہ میں تیار کی جاتی ہے۔ بمبئی میں بھی حال حال میں اسی قسم کا کاروبار شروع ہوگیا ہے۔ ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء سے پیشتر نیشکر کے ۳۱ کارخانے تھے۔ شکر کا مقام ہے کہ ۱۹۳۱ء تا ۱۹۳۲ء میں تامین کی منظوری کے بعد ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں ۲۶ نئے کارخانوں کا اضافہ ہوا۔ اس کے بعد کے سال میں ۶۵ کارخانے کھولے گئے جس کی وجہ سے نیشکر کے کارخانوں کی مجموعی تعداد ۱۲۲ ہوگئی۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء کی بابت اندازہ کیا گیا ہے کہ ان کارخانوں کے منجملہ ۱۱۲ کارخانوں میں کام ہوتا رہا۔ ان کارخانوں کے علاوہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ۱۱ گڑ سازی کے کارخانے بھی تھے۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ترقی کی رفتار قدرے سست ہوگئی، چنانچہ ۱۹ نیشکر کے کارخانے اور ۲ گڑ سازی کے کارخانے تعمیر ہوئے۔ ۱۹۳۸ء تا ۱۹۳۹ء میں نیشکر اور گڑ سے

۸۸۰،۹۹ ٹن شکر تیار کی گئی۔ یہ مقدار بڑھ کر ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں ۱۵۱،۰۶۵ ٹن ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں ۳۷۰،۲۸۳ ٹن اور ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ۶۲۰،۰۰۰ ٹن (عارضی اندازہ) ہوگئی۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں تیار شدہ شکر کی مقدار قند سازی[1] کے کارخانوں کی پیداوار کو ملا کر ۶۷۰،۰۰۰ ٹن تھی۔ زرعی تحقیق کی شاہی کونسل کے ماہر شکر سازی نے اندازہ لگایا ہے کہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء پر ختم ہونے والے تین سالوں میں شکر کے اوسط کی مقدار گڑ کو الگ کر کے ۹۲۱،۰۰۰ ٹن تھی۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ۲۲۳،۰۰۰ ٹن شکر درآمد ہوئی جس کی قیمت ۲ کروڑ ۱۱ لاکھ روپے ادا کی گئی۔ ان اعداد سے ظاہر ہوتا ہے کہ پچھلے سالوں کے مقابلے میں درآمد میں بہت بڑی حد تک کمی ہوگئی ہے۔

لیکن ہندوستان میں صاف شکر بنانے کا کاروبار حال حال تک ترقی یافتہ حالت میں نہیں تھا جس کا باعث کئی مشکلات تھیں مثلاً: (۱) غیر ملکی شکر کی مسابقت، (۲) شکر کی فی ایکڑ کم پیداوار، رس نکالنے کے جدید ترین طریقوں کی غیر موجودگی، راب کا کم مقدار میں نکلنا، فیکٹری کے متصل کافی بڑی مقدار میں نیشکر حاصل کرنے کی دقت، اور کاروبار چلانے کے لیے کثیر سرمایہ کی ضرورت۔ باوجود اس امر کے کہ ہندوستان میں تامینی محصول وقتاً فوقتاً بڑھا کر عائد کیا جاتا رہا، زمانۂ بعد از جنگ میں شکر کی قیمت کم رہی اور اس نے بھی صنعت کی مشکلات کو بڑھا دیا۔ قیمت کی کمی کا باعث زیادہ تر یہ تھا کہ موثر طلب میں کوئی اضافہ نہیں ہوا اور اس کے مقابلے میں جنگ عظیم کے حالات کی وجہ سے پیداوار بہت کثیر مقدار میں تیار ہوئی۔ چنانچہ 178
ان ہی حالات نے کیوبا اور جزائر غرب الہند کے دوسرے علاقوں میں نیشکر کی عمیق کاشت کے حق میں محرک کا کام کیا تھا۔ علاوہ ازیں شکر کی قیمت میں اور بھی زیادہ کمی اس وجہ سے ہوگئی کہ دوسرے کئی ملکوں میں تامینی محصول عائد کیا گیا تھا۔ ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں ہندوستان میں شکر کی قیمت غیر نفع بخش سطح تک گھٹ گئی جس کا باعث یہ تھا کہ ہندوستانی بازار میں جاوا کی شکر کی بھرمار ہو رہی تھی اور جاوا سے چین کی بجائے ہندوستان کو شکر بھیجے جانے کی وجہ یہ تھی کہ چین اور جاوا کے

[1] قند سازی کے کارخانوں میں سفید شکر تیار کرنے کے لیے دیسی طریقہ اختیار کیا جاتا ہے جس کو "بیل" کا طریقہ کہتے ہیں۔

باب ۶

معمولی باہمی تجارتی تعلقات میں چاندی کی قیمتوں کی کساد بازاری کی وجہ سے خلل پڑ گیا تھا۔ اس طرح ہندوستانی کاشتکار پر بہت مضر اثر پڑا۔ بڑی جنگ کے بعد سے یورپ کی چقندر کی شکر کی صنعت کو بھی کثیر مالی امداد اور تامینی محصول کی بھاری شرح کے محرک کے تحت پورے جوش و خروش کے ساتھ زندہ کیا جا رہا ہے اور یورپ دنیا کے بازاروں میں اپنی پیداوار کی بھرمار کر رہا ہے۔

حکومت نے اس مسئلے کو اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے، اور سنہ ۱۹۰۱ء تا سنہ ۱۹۰۲ء سے نیشکر کی خوبی اور رسد کی اصلاح و ترقی کے خیال سے مسئلے کی باقاعدہ تحقیق کی جا رہی ہے۔ چنانچہ حال میں مدراس کے ضلع کوئمبتور میں جدید اصول پر ترقی یافتہ نیشکر کا ایک مزرعہ قائم کیا گیا ہے۔ سنہ ۱۹۱۹ء میں حکومت ہند نے ایک "شکر کمیٹی" قائم کی تاکہ ہندوستان میں شکر سازی کی صنعت کی تنظیم و ترقی کے امکان کی تحقیق کی جائے۔ سنہ ۱۹۲۱ء میں کمیٹی نے اپنی رپورٹ شایع کی جس میں یہ سفارش کی گئی ہے کہ جاوا کے نمونے پر شکر سازی کی صنعت کی تنظیم مناسب ترمیم کے ساتھ کی جائے اور اس غرض کے لیے ایک "شکر بورڈ" قایم کیا جائے۔ رپورٹ میں یہ بھی مشورہ دیا گیا ہے کہ ایک مرکزی ادارہ بنام شاہی ادارۂ تحقیق (Imperial Research Institute) قائم کیا جائے جس کی تین شاخیں ہوں یعنی (۱) زرعی (۲) کیمیائی (۳) انجینیری؛ اور جو مختلف صوبوں کے تحقیقاتی مرکزوں کے کام کی نگرانی کرے۔ شکر بورڈ، ادارۂ تحقیق کی نگرانی کرے اور شکر سازی کی صنعت کے بارے میں جملہ معاملات میں حکومت کو مشورہ دے۔ علاوہ ازیں یہ تجویز بھی پیش کی گئی ہے کہ شکر سازی کی تعلیم کے لیے ایک مدرسہ قائم کیا جائے جو ادارۂ تحقیق کا جزو لاینفک ہو اور طلبہ کو کھیتوں اور کارخانوں میں تربیت دے اور کام سکھائے۔ سنہ ۱۹۳۰ء میں حکومت ہند نے نو مامور زرعی تحقیق کی شاہی کونسل کی سفارشوں کی بنا پر[1] شکر سازی کی صنعت کو تامین دینے کے مسئلے کو ٹیرف بورڈ کے پاس غور و خوض کے لیے بھیجا اور ایسا کرنے کا دہرا مقصد تھا۔ (۱) ایک تو یہ کہ ہندوستان کو غیر محدود غیر ملکی مسابقت سے محفوظ رکھا جائے اور دوسرے یہ کہ

[1] دیکھو باب ۱۱۔

باب ۶ ملکی صنعت شکر سازی کو فروغ دیا جائے۔ کونسل نے اپنی "شکر کمیٹی" کے مشورے کے مطابق عمل کیا جو محض ہندوستان کی شکر سازی کی صنعت کی امداد کی غرض سے تدابیر اور مشورے پیش کرنے کے لیے قائم کی گئی تھی۔ ٹیرف بورڈ نے اپنی رپورٹ شایع شدہ مارچ ۱۹۳۱ء میں سفارش کی کہ اس صنعت کو تامین دی جائے اور اس بات پر اپنا اطمینان ظاہر کیا کہ اس بارے میں ہندوستانی مالی کمیشن کے مقرر کیے ہوئے شرایط شکر سازی کی صنعت کی حد تک پورے کیے گئے تھے۔ ٹیرف بورڈ نے یہ خیال بھی ظاہر کیا کہ قومی مفاد کے مدِ نظر نیشکر کی کاشت کے رقبے کو کم نہ ہونے دینا چاہیے اور سفید شکر بنانے کی صنعت کی توسیع کی ہمت افزائی کر کے نیشکر کی کاشت کی ترقی کا ایک اور راستہ نکالنا چاہیے۔ بورڈ نے یہ خوف ظاہر کیا کہ اگر اس صنعت کی ترقی کی تدابیر اختیار نہیں کی گئیں تو گڑ کی تباہ کن کساد بازاری شروع ہو جائے گی جس سے زرعی طبقہ بہت بُری طرح متاثر ہوگا۔[1] بورڈ نے انتظامی وجوہ 179
سے مالی امداد کو ناپسند کرتے ہوئے یہ تجویز پیش کی کہ سات روپے چار آنے فی ہنڈرڈ ویٹ کا تامینی محصول ابتدائی سات سال کے لیے اور چھے روپے چار آنے فی ہنڈرڈ ویٹ کا محصول اس کے بعد کے آٹھ سال کے لیے عائد کیا جائے اور اس طرح اس صنعت کو پندرہ سال تک تامین دینے کا یقین دلایا۔ محصول میں ایک روپیہ چار آنے فی ہنڈرڈ ویٹ کا یہ فوری اضافہ ۱۹۳۱ء تا ۱۹۳۲ء کے موازنے میں زائد آمدنی وصول کرنے کی عارضی تدبیر کے طور پر شریک کر لیا گیا، اور ٹیرف بورڈ کی سفارش تک اس کا استقلال عمل میں نہیں آیا۔[2] اپریل ۱۹۳۲ء میں یہ محصول مستقل طور پر نافذ ہوا جبکہ مرکزی مجلس قانون ساز نے قانون تامین صنعت شکر سازی بابتہ ۱۹۳۲ء[3] منظور کیا۔ سات روپے چار آنے کا تامینی محصول ابتداءً سات سال یعنی ۳۱ مارچ ۱۹۳۸ء تک نافذ رہے گا، لیکن اس قانون کے جاری رہنے کے زمانے میں

---

[1] دیکھو ٹیرف بورڈ کی رپورٹ شکر سازی کی صنعت کے بارے میں باب ۱۲ فاصکر فقرہ ۲۷، ۴۵ تا ۴۶۔

[2] دیکھو باب متعلقہ بحث "مالیات و تحصیل (ٹیکس)" جلد دوم۔

[3] (Suger Industry Protection Act)

باب ۶

اگر ضرورت ہو تو اس میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ اس نے صنعت کے حق میں بہت بڑے محرک کا کام کیا ہے اور اس کی بدولت صنعت میں تیزی سے ترقی و توسیع ہوئی ہے۔ چنانچہ اس کی علامتیں پائی جاتی ہیں کہ ہندوستان چند سال کے اندر اس قابل ہو جائے گا کہ اپنی شکر کی ضرورت کو تمام و کمال پورا کرے۔ لیکن مرکزی حکومت کی آمدنی میں دوسرے عاملین کے منجملہ شکر کی کم مقدار درآمد ہونے کی وجہ سے جو کمی ہو گئی تھی اس کو پورا کرنے کے لیے بدقسمتی سے اپریل ۱۹۳۴ء میں ہندوستان کے کارخانوں کی بنی ہوئی شکر پر محصول چنگی عائد کرنا پڑا[1]۔ اسی کے ساتھ مرکزی مجلس قانون ساز میں "قانون نیشکر" منظور ہوا جس کی بنا پر صوبائی حکومتیں اس قابل ہوئیں کہ کارخانے کی جانب سے کسان کو ادا کی جانے والی اقل قیمت مقرر کرنے کی تجاویز کو عملی جامہ پہنائیں۔ حکومت ہند نے بھی یہ وعدہ کیا کہ ایک آنہ فی ہنڈرڈ ویٹ کی معاول رقم یعنی ۷ لاکھ روپے الگ رکھے جائیں گے اور اس فنڈ کو سفید شکر بنانے والے صوبوں میں تقسیم کیا جائے گا تاکہ نیشکر اگانے والوں میں امداد باہمی کی انجمنیں بنائی اور چلائی جائیں جن سے اس طبقے کو واجبی قیمتیں وصول کرنے میں اور اسی مقصد کے تحت دوسرے کاموں میں مدد ملے[2]۔

ٹیرف بورڈ نے تامین سے متعلق اپنی تجویز کی کامیابی کے لیے یہ ضروری خیال کیا کہ اس صنعت کے زرعی اور سائنسی پہلو بہت نمایاں رکھے جائیں۔ چنانچہ اس نے یہ سفارش کی کہ زرعی تحقیق کی شاہی کونسل کو نیشکر کی کاشت کی تحقیق کی غرض سے دس لاکھ روپے سالانہ کی منظوری دی جائے۔ حکومت کی جانب سے قرضہ دیئے جانے کی حد تک بورڈ کو کوئی اعتراض نہیں ہے بشرطیکہ ایسی شکل میں امداد دینا کسی خاص صورت میں مناسب معلوم ہو، اور اس تحفظ کے تابع ہو کہ اس قسم کی کوئی 180

[1] قانون (محصول چنگی) شکر بابتہ ۱۹۳۴ء یکم اپریل ۱۹۳۴ء سے حسب ذیل شرح سے نافذ کیا گیا:۔
(۱) قند سازی کے کارخانوں کی شکر پر ۱۰ آنے ہنڈرڈ ویٹ اور (۲) پالمائی شکر کے علاوہ دوسری شکر پر ایک روپیہ ۵ آنے فی ہنڈرڈ ویٹ۔ نیز دیکھو جلد دوم باب "مالیات" جس سے محصول چنگی کی مزید تفصیلات اور اس پر کی ہوئی تنقیدات کا حال معلوم ہوگا۔

[2] دیکھو رکن مالیہ کی موازنہ (۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء) کی تقریر۔

باب ۶ امداد یا مالی اعانت یا کوئی دوسری سہولت شکر سازی کے کسی ایسے کارخانے کو بہم نہ پہنچائی جائے گی جس کی مجلس نظما میں ہندوستانی اغراض کی مناسب نمایندگی نہ ہو اور جو ہندوستان کے مشغل حل کرنے والوں کو نئی کمپنیوں کے سرمایے کے حصے خریدنے کے مواقع بہم نہ پہنچائے[1]۔ یہ ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ خام گڑ ہندوستان میں بکثرت اور بڑے پیمانے پر تیار اور صرف کیا جاتا ہے چنانچہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں اس کی مقدار ۵،۸۵،۰۰۰ ملین ٹن تھی اسی وجہ سے اس بات کی ضرورت ہے کہ دیسی گڑ کی صنعت کے ساتھ ساتھ ارزاں سفید شکر کی تیاری کی جانب بھی توجہ مبذول کی جائے محکمۂ جات زراعت اور خاصکر کوئمبٹور کا نیشکر کا شاہی مزرعہ عمدہ قسم کی نیشکر کی کاشت کا تجربہ کرکے اس کی پیداوار کو بڑھانے کی جانب اپنے مساعی کو مرتکز کر رہا ہے۔ نیشکر کی ترقی یافتہ قسموں کی کاشت کا رقبہ تمام صوبوں میں ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں (۸۸۷و۴۵۸را) ایکڑ تھا جس کے مقابلے میں ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں بڑھ کر (۱۱۶را۲۹را۲) ایکڑ ہو گیا اس کو دراصل عمدہ قسموں کی کاشت ہی کا نتیجہ کہنا چاہیے کہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں نیشکر کی کاشت کا رقبہ ۴۷و۳ ملین ایکڑ ہو گیا جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ۷ فیصد اضافہ ہوا، اور پیداوار میں جو ۵،۰۸۰ ملین ٹن بتلائی جاتی ہے ۵۴ فیصد اضافہ ہوا[2]۔ اس قسم کے کام کے متعلق یہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ وہ مسئلے کے دونوں پہلوؤں کے لیے مشترک ہے۔ یہ کہنے کی بہ مشکل ضرورت ہے کہ خام شکر کی برآمد بہت کم مقدار میں ہوتی ہے چنانچہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں دو ہزار ٹن بہ قیمت ۴۳ و ۲ لاکھ روپے برآمد ہوئی اور سیلون، اسٹریٹس سیٹل منٹ اور فی جی کو وہاں کی ہندوستانی آبادی کے لیے روانہ کی گئی۔

(ب) غیر غذائی اشیا۔

(۱) قہوہ۔ ہندوستان میں کافی کے کاروبار کا آغاز کب ہوا اس کا کچھ حال معلوم نہیں۔ لیکن عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ہندوستان سے اس کا تعارف سولھویں صدی میں ایک شخص بابا بدن نے مکہ کے حج سے واپس ہو کر کرایا۔ پھر بھی کافی کی باقاعدہ

---

[1] دیکھو ٹیرف بورڈ کی رپورٹ (صنعت شکر سازی) شایع شدہ ۱۹۳۱ء پیراگراف (۱۰۵)۔

[2] دیکھو انڈین ایبک شایع شدہ ۱۹۳۵ء صفحہ ۲۸۸۔

باب ۶

کاشت کا آغاز صرف ۱۸۳۰ء سے ہوا چنانچہ میسور کورگ اور نیلگیری پہاڑی کے ایک بڑے رقبے پر کافی کی کاشت ہونے لگی۔ ۱۸۶۲ء میں اس کا کاروبار معراج ترقی پر پہنچ گیا۔ اس تاریخ کے بعد سے ٹڈیوں کی تباہ کاری کے باعث زوال شروع ہوا۔ بعد میں چل کر یورپ کے بازاروں میں برازیل کی ارزاں کافی کی درآمد کی وجہ سے بھی ہندوستانی کافی کی کاشت پر مضر اثر پڑا، اور پیداوار کی مقداریت کم ہوگئی۔ کافی کی کاشت کے بعض رقبوں میں کافی کی جگہ چائے نے لے لی ہے۔ ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں کل ہندوستان میں کافی کے زیر کاشت رقبہ ۱۷۶۰۰ ایکڑ تھا جس میں بڑے علاقے حسب ذیل تھے۔

ریاست میسور ۹۵۳۰۰ ایکڑ مدراس ۴۰۱۰۰ ایکڑ، کورگ ۳۸۶۰۰ ایکڑ، ٹراونکور ۸۰۰ ایکڑ اور کسی حد تک برما اور بمبئی۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ۱۴۱۰۰۰ ہنڈرڈویٹ کافی جس کی 181
قیمت ۳۷ لاکھ روپے تھی برطانوی ہند سے برآمد کی گئی جس کے مقابلے میں ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں ایک کروڑ ۹۲ لاکھ روپے قیمت کی ۲۹۳۰۰۰ ہنڈرڈویٹ کافی برآمد کی گئی۔ ہندوستانی کافی کے اہم بازار حسب معمول سلطنت متحدہ اور فرانس ہی رہے۔ مرکزی مجلس قانون ساز نے ہندوستانی کافی کے کاروبار کو اس کی موجودہ مشکلات میں سہارا دینے کی غرض سے ستمبر ۱۹۳۵ء میں "قانون ابواب کافی" منظور کیا۔ ان ابواب سے ۸ آنے فی ہنڈرڈویٹ کے حساب سے حاصل ہونے والے فنڈ کا انتظام "ہندوستانی کافی کی ابواب کمیٹی" کے سپرد کیا گیا، اور اس فنڈ کو نہ صرف پروپگنڈا کے لیے بلکہ فروخت کے انتظام کی اصلاح و ترقی، زرعی و فنی تحقیق اور کاروباری ترقی کے دوسرے اغراض کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

(۲) چائے۔ ہندوستان، غالباً چین کے واحد استثناء کے ساتھ، دنیا کا سب سے بڑا چائے پیدا کرنے والا ملک ہے۔ اٹھارھویں صدی کے آخری نصف حصے میں چین کی چائے ایسٹ انڈیا کمپنی کی تجارت برآمد کا اہم اور نفع بخش شعبہ تھی۔ اس صدی کے آخر میں یہ تجویز پیش کی گئی کہ ہندوستان میں اس رسد کے متبادل ذریعے کو ترقی دی جائے۔ لیکن لارڈ ولیم بنٹنک کی خواہش پر صرف ۱۸۳۴ء میں اس معاملے پر سنجیدگی کے ساتھ غور کرنے کا موقع ملا۔ چنانچہ آسام میں سرکاری مزرعے قائم کیے گئے جہاں چینی تخم بویا جاتا تھا، اس لیے کہ آسام میں دیسی پودے کی موجودگی کا اس وقت تک علم نہ ہوا تھا۔ ۱۸۵۲ء میں یہ قطعی طور پر معلوم ہوگیا کہ لندن کے بازار میں ہندوستانی چائے

چینی چائے کا مقابلہ کر سکتی تھی۔ جب اس کاروبار کی ترقی کی رفتار تیز ہو گئی تو حکومت نے اس سے اپنا تعلق ۱۸۶۵ء میں منقطع کر لیا اور اس کے بعد سے اس کی تنظیم، مالی نگرانی یورپ کے سرمایہ داروں کے ہاتھوں میں چلی گئی۔ چائے کے اندرونی صرف اور بیرونی برآمد کی روز افزوں ترقی کی بدولت اس کا کاروبار زمانہ دراز سے ترقی یافتہ حالت میں ہے۔ ۱۹۳۳ء میں ۸۱۶،۰۰۰ ایکڑ زمین چائے کے زیر کاشت تھی جس کے منجملہ آسام کا حصہ ۴۳۰،۳۰۰ ایکڑ، بنگال کا ۱۹۹،۸۰۰ ایکڑ، مدراس کا ۷۵،۰۰۰ ایکڑ، پنجاب (کانگڑا) کا ۱۹،۶۰۰ ایکڑ، صوبہ متحدہ کا ۶،۲۰۰ ایکڑ اور ٹراونکور کا ۷۶،۳۰۰ ایکڑ تھا؛ اور مجموعی پیداوار ۳۸۲،۲۶۰،۰۰۰ پاؤنڈ تھی۔ "ہر باغ، خواہ وہ کتنی ہی حیثیت رکھتا ہو، اپنے کارخانے رکھتا ہے جہاں بازار کے لیے چائے تیار کی جاتی ہے اس لیے کہ یہ بہت ضروری ہے کہ پتا توڑ لینے کے فوراً ہی بعد مختلف تدریجی عمل انجام دیے جائیں۔ جو فیکٹریاں منظم اور اعلیٰ پیمانے پر کام کر رہی ہیں وہاں اعلیٰ درجے کی مخصوص کلیں موجود ہیں اور ماہر چائے سازوں کی نگرانی میں کام ہو رہا ہے۔ چائے کی تجارت برآمد خاصکر سلطنت متحدہ سے بڑے پیمانے پر ہوتی ہے، چنانچہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ہندوستانی برآمد کا ۸۵ فیصد حصہ صرف سلطنت متحدہ گیا۔ ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء میں ۳۷۶،۶۳ پاؤنڈ چائے ۲۶ کروڑ روپے قیمت کی برآمد کی گئی۔ لیکن ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں برآمد کی مقدار ۳۲۴،۸۵ پاؤنڈ تک گھٹ گئی جس کی قیمت صرف ۲۰،۱۳ کروڑ روپے وصول ہوئی۔ اس کمی کا باعث یہ تھا کہ صارفوں کی قوت خرید گھٹ گئی تھی اور تجارت خارجہ پر بندشیں عائد کی گئی تھیں۔ لیکن مئی ۱۹۳۳ء میں چائے کی برآمد کی تنظیم کے بارے میں بین الاقوامی تجویز اختیار کر لیے جانے کی وجہ سے بحیثیت مجموعی چائے کے کاروبار میں ویسی کساد بازاری رونما نہیں ہوئی جیسی کہ اکثر دوسری صنعتوں میں ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں برآمد میں ہندوستان کا حصہ رسدی ۳۳۰ ملین پاؤنڈ تھا۔ اس طرح چائے ایک اہم ضرورت کی شے ہے جو برآمد کی جاتی ہے شکر ہے کہ ہندوستانی چائے کی انجمن[1] کی

182

[1] Indian Tea Association.

باب ۶

مساعی کی بدولت ہندوستان میں بھی چائے کا صرف تیزی کے ساتھ بڑھ رہا ہے۔ ۱۹۰۳ء سے ہندوستان سے برآمد کی ہوئی ہندوستانی چائے پر ایک چھوٹا سا محصول عائد کیا جا رہا ہے اور اس محصول کی مجموعی رقم چائے کا کاروبار کرنے والوں کی درخواست پر ہندوستانی چائے کی انجمن کو دیدی جا رہی ہے۔ اپریل ۱۹۳۵ء میں محصول کی شرح ۸ آنے فی صد پاؤنڈ سے بڑھا کر ۱۲ آنے فیصد پاؤنڈ کر دی گئی۔ انجمن مذکور اس رقم کا ایک جزو خیر ملکی بازاروں خاصکر ریاستہائے متحدہ امریکا میں ہندوستانی چائے کی فروخت کو فروغ دینے کے کام میں لاتی ہے۔

(۳) روغن دار تخم۔ ہندوستان میں انواع و اقسام کے روغن دار تخم پیدا ہوتے ہیں، مثلاً السی، تل، سرسوں، رائی، مونگ پھلی، نارین، ارنڈی، بنولہ، موٹھ رام تل، دھنیا، زیرہ، اجوائن اور کاردی۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں برطانوی ہند میں ان سب کی کاشت کا مجموعی رقبہ ۷۹، ۷، املین ایکڑ تھا۔ یہ سال ان کی کثیر مقدار برآمد ہوتی ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ہندوستان سے برآمد کی ہوئی مہ اقسام کی اشیا میں روغن دار تخموں کا نمبر پانچواں تھا۔ زمانۂ قبل از جنگ کی برآمد کے اوسط (یعنی مقدار ۴۵۰۰۰۰ ٹن اور قیمت ۲۴، ۳۷ کروڑ روپے) کے مقابلے میں مختلف قسموں کے روغن دار تخموں کی برآمد میں نمایاں کمی ظاہر ہوئی ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں مقدار ۲۳۷۰۰۰ ٹن اور قیمت ۱۱، ۱۱ کروڑ روپے تھی، ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں مقدار ۱۲۴۰۰۰ ٹن اور قیمت ۶۶، ۱۳ کروڑ روپے تھی اور ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں مقدار ۸۷۵۰۰ ٹن اور قیمت ۵۴، ۵ کروڑ روپے رہی۔ یوروپین ممالک خاصکر جرمنی، فرانس اور اٹلی میں درآمد پر جو بندشیں یا نگرانی قائم کی گئی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہندوستانی روغن دار تخموں کی طلب بہت گھٹ گئی۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں جو اصلاح و ترقی ہوئی اس کا باعث یہ تھا کہ ہندوستانی السی کثیر مقدار میں برآمد ہوئی جس کی وجہ یہ تھی کہ ارجنٹائن میں اس کی پیداوار کی مقدار کم تھی اور میثاق وٹاوا کی بنا پر ہندوستان کو سلطنت متحدہ کے بازار میں ۱۰ فیصد محصول کی ترجیح حاصل ہو گئی تھی۔

لہ ۔ ibid ۱

باب ۶ لیکن ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ارجن ٹائن میں فصلوں کی پیداوار بہت اچھی رہی اور سلطنت متحدہ سے بھی مانگ چھوٹے پیمانے پر ہوئی۔ سلطنت متحدہ کو ہندوستانی السی کی برآمد ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں ۴۰۰ر۱ ٹن ہوئی تھی، یہ مقدار ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ۶۰۰ر۷ ٹن تک بڑھ گئی، لیکن ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں اس میں ۳۰۰ر۳ ٹن تک کمی ہوگئی۔ روغن دار تخموں کی مجموعی پیداوار کے مقابلے میں برآمد کی ہوئی مقدار کا تناسب مختلف تخموں کے لحاظ سے بہت مختلف ہے۔ مثلاً السی زیادہ تر برآمد کے لیے بوئی جاتی ہے۔ لیکن رائی اور سرسوں اور تل کی برآمد کا اوسط زمانۂ قبل از جنگ میں ۲۲ فیصد اور ۲۵ فیصد تھا، ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں یہ اوسط گھٹ کر علی الترتیب ۴ فیصد اور ۱ فیصد ہوگیا۔ مونگ پھلی کی برآمد کا پنجسالہ اوسط زمانۂ قبل از جنگ میں مجموعی پیداوار کے مقابلے میں ۳۵ فیصد تھا، جنگ کے زمانے میں یہ گھٹ کر ۱۲ فیصد ہوگیا اور ۱۹۲۶ء تا ۱۹۳۰ء میں یہ دوبارہ بڑھ کر ۲۷ فیصد ہوگیا۔ چنانچہ زمانۂ قبل از جنگ کی برآمد کی مقدار ۱۰۰ر۲۱۲ ٹن اور قیمت ۵۲ و ۳ کروڑ روپے تھی جس میں نمایاں طور پر قطعی اضافہ ہوا اور مقدار ۴۰۰ر۱۷ ٹن اور قیمت ۳۹ و ۱۶ کروڑ رہی۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں برآمد کی مقدار گھٹ کر ۲۰۰ر۱۱۵ ٹن ہوگئی جس کی قیمت ۹۳ و ۵ کروڑ روپے وصول ہوئی، گویا یہ مقدار اس سال کی مجموعی پیداوار کا ۲۷ فیصد تھی۔ اس طرح روغن دار تخموں میں آجکل سب سے اول نمبر مونگ پھلی کا ہے۔ 188

یہ محسوس کیا جاتا ہے کہ ہندوستان اپنے روغن دار تخموں کے ذرائع سے ابھی تک بہترین طریقے پر فائدہ حاصل نہیں کرتا، اگرچہ تخموں کو کچل کر تیل نکالنے کی مقامی صنعت کو ترقی دینے کی کوششیں کی گئی ہیں[1]۔ مغرب میں آجکل نباتی تیل سے مختلف کام لیے جاتے ہیں۔ مثلاً امریکا میں بنولہ کو کوٹ کر تیل نکالا جاتا ہے، تیل کو کھانے کے اغراض کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، اور کھلی کو کھادیا جانوروں کی غذا کے کام میں لایا جاتا ہے۔ اس کے برخلاف ہندوستان میں بنولہ کی بہت بڑی مقدار برآمد کی جاتی ہے۔ روغن دار تخموں کی تجارت برآمد زیادہ تر برا عظم کے

[1] دیکھو باب متعلقہ "ہندوستانی صنائع"۔

باب ۶

ملکوں سے ہوتی ہے، اور بڑی جنگ کی پیدا کردہ قوتوں سے اس پر بڑی حد تک اثر پڑا ہے۔ یورپ کی مانگ کی کمی سے قطع نظر کرتے ہوئے بڑی جنگ نے روغن دار تخموں کی تجارت کے حالات میں تغیر پیدا کر دیا ہے۔ چنانچہ اس نے صاف کرنے کے عملوں کی ترقی کے حق میں محرک کا کام کر کے ایک تیل کے بجائے دوسرا تیل استعمال ہونے کے مواقع بہت زیادہ بڑھا دیے ہیں۔ مثلاً قابل خور و نوش تیلوں میں کھجور اور سرسوں کے تیل کا اسی طرح اضافہ ہوا۔ بڑی جنگ نے روغن دار تخموں کے دوسرے کئی ذرایع کو بھی ترقی دی جس کی وجہ سے زمانۂ قبل از جنگ میں ہندوستان کی موافق صورت حال پر مضر اثر پڑا۔ موجودہ زمانے میں ہندوستانی السی کو ارجنٹائن کی السی کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے جس کا رقبہ گزشتہ بیس سال سے جنگ سے غیر متاثر رہ کر بتدریج بڑھ رہا ہے۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے، ہندوستانی السی کو ۱۹۳۴ء سے سلطنت متحدہ میں دس فیصد ترجیح حاصل ہے۔ ہندوستانی برآمد کرنے والوں کو تل میں چین سے اور مونگ پھلی میں مغربی افریقہ سے مسابقت کرنی پڑتی ہے۔ دوسری نباتی پیداوار بھی جو چین، جنوبی امریکا، اور مغربی افریقہ میں ہوتی ہے، تیل تیار کرنے کے لیے حاصل کی جاتی ہے۔ آخر میں یہ کہ سرسوں اور رائی کی جگہ مونگ پھلی نے لے لی ہے[1]۔

ہندوستان میں جو اہم روغن دار تخم پیدا ہوتے ہیں ان کا مختصر حال بیان کر دینا مناسب ہوگا۔

(۱) السی۔ السی کی کاشت اس کے تخم حاصل کرنے کے لیے کی جاتی ہے نہ کہ ریشے کے لیے۔ تخم کی بہت بڑی مقدار، تخم کا تیل، اور کھلی برآمد کی جاتی ہے۔ ۱۹۲۳ء تا ۱۹۳۴ء میں السی کی کاشت کا مجموعی رقبہ ۲۶ء۳ ملین ایکڑ تھا[2]۔ جس کے مختلف صوبہ متوسط میں ۹۳ء، بمبئی میں ۱۲ء، بہار و اوڑیسہ میں ۶۳ء، صوبۂ متحدہ میں ۸۱ء، اور بنگال میں ۱۲ء ملین ایکڑ تھا۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ۳۷۹،۰۰۰ ٹن السی برآمد ہوئی

---

[1] دیکھو ان سائیکلوپیڈیا برٹانیکا یئر بوک ایڈیشن "تیل اور چربی" کا بیان اور گاڈگل کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۲۴۱ تا صفحہ ۲۴۲۔

[2] اس میں صوبۂ متحدہ کی مخلوط پیداوار کا ۵۹ء ملین ایکڑ رقبہ بھی شامل ہے۔

باب ۶ (چنانچہ زمانۂ قبل از جنگ کی مقدار بھی اتنی ہی تھی) جس کی قیمت ۵٫۴ کروڑ روپے وصول
184 ہوئی۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ۲۳۸۰۰۰ ٹن السی ۳٫۰ کروڑ روپے قیمت پر برآمد کی گئی۔

(ب) تل جسے جنجلی بھی کہتے ہیں، قریب قریب سب صوبوں اور خاصکر حسب ذیل علاقوں میں کاشت ہوتی ہے۔ برما (۷٫۵ ملین ایکڑ)، مدراس (۴٫۸ ملین ایکڑ)، صوبۂ متوسط (۵۵٫۰ ملین ایکڑ)، بمبئی (۲۰٫۰ ملین ایکڑ) ریاستہائے بمبئی (۴٫۶ ملین ایکڑ)، حیدرآباد دکن (۵۸٫۰ ملین ایکڑ)، صوبۂ متحدہ (۳۰٫۱ ملین ایکڑ)، پنجاب (۹٫۰ ملین ایکڑ) اور بنگال (۱۱٫۰ ملین ایکڑ)۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں مجموعی رقبہ ۲۲٫۶ ملین ایکڑ تھا۔[1] دنیا کی رسد کا ۵ فیصد سلطنت برطانیہ مہیا کرتی ہے اور ہندوستان کا حصّہ اس میں بقدر نصف ہے۔ حالیہ سالوں میں برآمد بہت گر گئی ہے۔ چنانچہ زمانۂ قبل از جنگ کی اوسط برآمد ۱۱۹۰۰۰ ٹن اور قیمت ۴٫۸ کروڑ کے مقابلے میں ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں اس کی مقدار صرف ۴۲۰۰ ٹن اور مالیت ۱۷½ لاکھ روپے تھی۔

(ج) سرسوں اور رائی۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں سرسوں اور رائی ملا کر ۶٫۰ ملین ایکڑ رقبہ زیر کاشت تھا جس میں صوبۂ متحدہ کی مخلوط کاشت کے ۲٫۵۹ ملین ایکڑ بھی شامل ہیں؛ اور اہم صوبے حسب ذیل ہیں:۔ صوبۂ متحدہ بشمول مخلوط کاشت ۲٫۸۱، بہار و اڑیسہ ۶۰٫۰، بنگال ۶۹٫۰، پنجاب ۱۳٫۱، بمبئی ۱۹٫۰، آسام ۳۳٫۰ ملین ایکڑ۔ زمانۂ قبل از جنگ میں مجموعی پیداوار کا تقریباً ۲ فیصد حصّہ برآمد کیا جاتا تھا۔ لیکن اب یہ تناسب ۱ فیصد سے بھی کم ہو گیا ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ۸ فیصد اور ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ۴ فیصد تھا۔ موخر الذکر سال میں برآمد کی مقدار صرف ۳۶۹۰۰۰ ٹن اور قیمت ۴۲½ لاکھ رہی۔

(د) مونگ پھلی۔ یہ سب سے اہم روغن دار تخموں میں سے ایک ہے، اور حالیہ سالوں میں اس کی کاشت کے رقبے میں نمایاں توسیع ہو گئی ہے۔ ۱۹۱۸ء تا ۱۹۱۹ء میں مجموعی زیر کاشت رقبہ ۴٫۰ ملین ایکڑ تھا، اس کے مقابلے میں ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں

[1] اس میں صوبۂ متحدہ کی مخلوط پیداوار کا ۹٫۰ ملین ایکڑ رقبہ بھی شامل ہے۔

باب ۶

وہ بڑھ کر ۶۰، ۸ ملین ایکڑ ہو گیا، اور اس کی تقسیم مختلف صوبوں میں حسب ذیل تھی :۔ مدراس ۷۸، ۳ ملین، بمبئی ۱۲، ۱ ملین، برما ۶۱، ۰ ملین اور حیدرآباد ۳۸، ۱ ملین۔ بعض صوبوں میں اس فصل کی معاشی اہمیت بہت بڑھ رہی ہے اور وہ کپاس کی مدِ مقابل بن گئی ہے۔ گزشتہ صدی کے آخر میں دیسی اقسام میں نمایاں خرابی پیدا ہو جانے کی وجہ سے برآمد اور رقبے میں بہت کمی ہو گئی۔ لیکن سنہ ۱۹۰۱ء کے بعد سے سفید مگل اور مزمبیق سے مرض کی مدافعت کرنے والے غیر ملکی انواع کی درآمد اور کامیاب کاشت کی بدولت بحالی رونما ہو گئی ہے اور اس کے رقبے میں بتدریج توسیع ہو رہی ہے۔ لیکن موجودہ تجارتی کساد بازاری کے باعث کسی قدر کمی رونما ہوئی ہے۔ مجموعی پیداوار کا قریب قریب ۳/۴ حصہ ملک کے اندرونی صرف کے لیے رکھ لیا جاتا ہے اور بقیہ کو برآمد کیا جاتا ہے۔ برآمد کے اعداد اوپر پیش کیے جا چکے ہیں۔ اب تک فرانس ہی ہندوستانی مونگ پھلی کا سب سے بڑا بازار تھا، لیکن اس کو جتنی مقدار برآمد کی جاتی ہے اس میں بہت نمایاں کمی ہو گئی ہے، چنانچہ سنہ ۱۹۲۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء میں ۱۸۸، ۰۰ ٹن اور اس کے مقابلے میں سنہ ۱۹۳۴ء تا سنہ ۱۹۳۵ء میں ۹۹، ۰۰۰ ٹن برآمد ہوئی۔ اس کا باعث حصہ رسدی کے طریقے پر علدرآمد ہے جس کی رو سے فرانسیسی بازار میں ۵۰ فیصد حصہ فرانسیسی نوآبادیات کی پیداوار کے لیے محفوظ رکھا گیا ہے۔ محکمۂ زراعت، مونگ پھلی کی پیداوار کو کم زرخیز زمینوں میں بڑھانے 185
میں بھی کامیاب ہوا ہے، چنانچہ یہ پایا گیا ہے کہ ان زمینوں پر وہ اچھی طرح اگتی ہے۔

(۴) ریشے۔ یہ بھی زرعی پیداوار کی ایک اہم قسم ہیں۔ چنانچہ سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء میں برطانوی ہند کے کل زیر کاشت رقبے کے مقابلہ ان کی کاشت ۵، ۲ فیصد زمین پر ہوئی؛ اس کے مقابلے میں سنہ ۱۹۰۲ء تا سنہ ۱۹۰۳ء میں یہ تناسب صرف ۱، ۲ فیصد تھا۔

(۲) کپاس۔ کپاس ہندوستان کی سب سے اہم ریشے کی پیداوار ہے۔ ان کے اعداد و شمار سے حیرت انگیز ترقی ظاہر ہوتی ہے۔ محض برطانوی ہند میں سنہ ۱۹۲۵ء تا سنہ ۱۹۲۶ء میں زیر کاشت رقبہ ۱۸، ۱۸ ملین ایکڑ اور سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء میں ۲۰، ۱۴ ملین ایکڑ تھا۔ اور اگر بڑی بڑی دیسی ریاستوں کو بھی شامل کر لیا جائے تو رقبہ ۴۰، ۲۸ اور ۸۳، ۲۳ ملین ایکڑ علی الترتیب تھا۔ ان ہی دونوں سالوں میں پیداوار کی مقدار ۲۱، ۶ اور ۰۰، ۵ ملین گانٹھ علی الترتیب تھی جس میں سے ہر گانٹھ کا وزن ۴۰۰ پاؤنڈ تھا۔ کپاس کی تجارت

باب ۶ برآمد بہت کثیر مقدار میں ہوتی ہے، چنانچہ ۶۰ فیصد سے زائد پیداوار باہر بھیجی جاتی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ ہندوستان کی اشیائے برآمد میں کپاس کا نمبر اوّل ہے، اور تجارتی کساد بازاری سے پیشتر کے زمانے میں برآمد کی قیمت میں بہت نمایاں اضافہ ہوا۔ چنانچہ ۱۹۱۵ء تا ۱۹۱۶ء میں ۴۴۰۰۰۰ ٹن کپاس قیمتی ۲۴٫۹۷ کروڑ روپے برآمد کی گئی۔ ۱۹۲۵ء تا ۱۹۲۶ء میں ۹۵ کروڑ روپے کی کپاس وزنی ۷۰۴۰۰۰ ٹن باہر بھیجی گئی اور یہی سب سے بڑی مقدار تھی جو برآمد ہوئی۔ اس کے بعد سے کئی اسباب کی بنا پر روئی کی برآمد کیا بلحاظ خوبی اور کیا بلحاظ قیمت کم ہوگئی ہے۔ یہ اسباب حسب ذیل تھے، مثلاً: تجارتی کساد بازاری، جاپان کا مالی بحران، ہندوستانی گرنیوں میں روئی کا زیادہ صرف، بعض کرگھوں کے لیے امریکی روئی کے مقابلے میں ہندوستانی روئی کی گرانی۔ زمانۂ بعد از جنگ میں ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء کا ایک سال ایسا تھا جس میں کمترین مقدار یعنی ۳۶۸۰۰۰ ٹن روئی برآمد ہوئی جس کی قیمت ۲۰٫۳۷ کروڑ روپے وصول ہوئی۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء سے کسی حد تک بحالی رونما ہوئی ہے۔ ۱۹۳۴ء میں جاپان نے ہندوستان کے اس فیصلے کے خلاف کہ وہ ۱۹۱۴ء کے تجارتی معاہدے کو منسوخ کرنا چاہتا تھا انتقامی کارروائی کے طور پر ہندوستانی روئی کا قریب قریب چھے ماہ تک مقاطعہ کیا، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بمبئی میں روئی کا بازار ایک زمانے تک تزلزل کی حالت میں رہا۔ جب نیا ہندوستانی جاپانی تجارتی معاہدہ طے پایا تو جنوری ۱۹۳۴ء میں جاپان نے مقاطعہ موقوف کیا۔ اس جدید معاہدے کے تحت ہندوستان میں درآمد جاپانی سوتی اشیا اور جاپان کی خریدی ہوئی ہندوستانی روئی کی مقداروں میں ربط و تعلق قائم کیا گیا۔ چنانچہ اگر جاپان، ہندوستان کو ۳۲۵ ملین گز جاپانی سوتی اشیا برآمد کرے تو جاپان کے لیے یہ ضروری ہوگا کہ اس کے معاوضے میں ہندوستان سے خام روئی کے ایک ملین گانٹھ خریدے۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ہندوستانی روئی کی برآمد کی مقدار ۸۹۰۰۰۰ ٹن تھی اور قیمت ۲۶٫۵۹ کروڑ روپے وصول ہوئی، اس کے مقابلے میں ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں برآمد کی مقدار ۶۱۵۰۰۰ ٹن تھی اور قیمت ۳۴٫۵ کروڑ روپے وصول ہوئی۔

بعض علاقوں میں اشیائے خوردنی کی کاشت گھٹا کر روئی کے زیر کاشت رقبے کو ترقی دی گئی۔ چنانچہ ۱۸۹۵ء تا ۱۹۰۰ء کے چھے سالوں کا اوسط ۱۳٫۸۶ ملین ایکڑ تھا۔

باب ۶
186

اس کے برخلاف ۱۹۲۵ء تا ۱۹۲۶ء میں کپاس کے زیر کاشت کل رقبہ صرف ۴۰ء۲۸ ملین ایکڑ تھا۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں روئی کی کاشت کے رقبے کا اندازہ ۲۳ء۹۲۵ء۰۰۰ ایکڑ کیا گیا تھا۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ہندوستان کے کپاس پیدا کرنے والے اہم صوبے بمبئی (۳ء۶ ملین ایکڑ) صوبہ متوسط وبرار (۸ء۴ ملین ایکڑ) حیدرآباد (۷ء۳ ملین) پنجاب (۵ء۳ ملین) ریاستہائے وسطی ہند (۱ء۱ ملین) اور مدراس (۲ء۲ ملین) تھے۔ جہاں تک روئی کے زیر کاشت رقبے اور مجموعی پیداوار کا تعلق ہے وہاں تک ہندوستان کا نمبر تمام دنیا میں دوسرا ہے یا ریاستہائے متحدۂ امریکا کو الگ کرکے سب سے اوّل ہے۔ امریکا اور مصر کی کپاس کے مقابلے میں ہندوستانی کپاس میں ریشہ زیادہ تر بہت کم اور چھوٹا ہوتا ہے اور روئی موٹی اور گاڑھی ہوتی ہے۔ اسی لیے وہ حال حال تک ویسے مہین تاروں کے کپڑوں کی تیاری کے لیے موزوں نہیں تھی جیسے کہ لنکاشائر کی گرنیوں میں تیار ہوتے ہیں۔ کچھ سال ادھر سے ہندوستانی روئی کے سب سے بڑے گاہک جاپان اور براعظم یورپ اور سلطنت متحدہ ہیں۔ چنانچہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ہندوستانی روئی کی مجموعی برآمد کا ۱ء۶۱ فیصد حصہ جاپان نے لیا، قریب قریب ۲۲ فیصد حصہ براعظم یورپ کو گیا، اور ۹ء۹ فیصد سلطنت متحدہ نے خریدا لیکن ہندوستان میں روئی کی پیداوار فی ایکڑ بہت کم ہے، یعنی جہاں ریاستہائے متحدۂ امریکا میں ۱۸۰ پاؤنڈ اور مصر میں ۳۰۰ء۰۰ پاؤنڈ ریشہ نکلتا ہے وہاں ہندوستان میں ۱۰۰ء۰۰ اور ۱۰۰ء۰۰ پاؤنڈ کے مابین ریشہ نکلتا ہے۔ محکمۂ زراعت، جو ابتداءً اور اصل لنکاشائر کی تجویز پر قائم ہوا تھا، چند سالوں سے روئی کی خوبی کی اصلاح و ترقی اور دیسی انواع کی پیداوار فی ایکڑ کو بڑھانے کی جانب اپنے مساعی مرتکز کر رہا ہے۔ محکمۂ مذکور نے غیر ملکی انواع کو ملا کر لانبے ریشے کی روئی کو یہاں رائج کرنے اور مخلوط قسم کی پیداوار حاصل کرنے کی بھی کوشش کی لیکن ہندوستان کے اکثر علاقوں میں بدیسی انواع کی کاشت کے لیے حالات موافق نہیں ہیں، اور اسی لیے دیسی انواع کی اصلاح و ترقی کی جانب زیادہ توجہ صرف کرنے کی ضرورت ہے۔ مصر اور شمالی امریکا کی کپاس کی سندھ میں کاشت کی گئی ہے اور موخرالذکر کی کامیابی کی بہت کچھ توقع ہے۔ یہ بھی امید کی جاتی ہے کہ

باب ۲ سکر بند کی آبرسانی کی تجویز کے مکمل ہونے پر اس قسم کی کپاس کے زیر کاشت رقبے میں اضافہ موجائے گا۔ ایک اور قابل ذکر کارنامہ یہ ہے کہ ۱۹۰۴ء کے بعد سے مدراس میں کیمبوڈیائی کپاس کی کاشت ہورہی ہے۔ بمبئی پنجاب اور صوبہ متحدہ میں بھی امریکی کپاس بوئی جارہی ہے۔ کچھ سال ادھر سے متوسط درجے کے ریشوں کی کپاس کی پیدائش میں بہت کچھ اصلاح و ترقی ہوئی ہے اور مزید اصلاح و ترقی کے مواقع بہت شاندار ہیں۔ لیکن ایک خطرہ یہ ہے کہ ممکن ہے کہ کسان اس کپاس کی قیمت کم وصول ہونے کی وجہ سے چھوٹے ریشے کی ہندوستانی کپاس کی کاشت کی جانب عود کرجائیں جس کی طلب مستقل ہے گو کہ اس میں کسی بڑی توسیع کا امکان نہیں ہے۔ حال حال میں لنکاشائر میں جو تجربے کیے گئے ہیں ان سے یہ ثابت ہوا ہے کہ ہندوستانی کپاس کی بعض بہترین قسمیں مثلاً بہترین "پنجابی امریکی قسم" "مدراسی کیمبوڈیائی" قسم اور "سورتی قسم" کو مہین اور اعلیٰ درجے کا سوتی تار کاتنے کے کام میں لایا جاسکتا ہے۔ یہ امر غالباً اہمیت سے خالی نہیں کہ ۱۹۳۲ء میں "لنکاشائر کی ہندوستانی کپاس کمیٹی" قائم ہونے کے بعد سے اور اس کمیٹی کی کوششوں کی بدولت آجکل لنکاشائر کی گرنیوں میں ہندوستانی روئی کی کھپت پہلے سے زیادہ ہورہی ہے۔ لنکاشائر دنیا کے مختلف ملکوں سے جتنی روئی لیتا ہے اس کی مجموعی مقدار میں ہندوستان کا حصہ ۴ فی صد سے کچھ زیادہ سے ۱۹ فی صد تک بڑھ گیا ہے۔ 187
بمبئی لنکاشائری معاہدۂ پارچہ بافی" بابتہ ۱۹۳۴ء میں بھی جو عام طور پر "موڈی لیزہیان" کے نام سے موسوم ہے، اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ سلطنت متحدہ میں ہندوستانی خام روئی کے استعمال کو عام اور وسیع کیا جائے اور فروغ دیا جائے[1]۔

بڑی جنگ نے اس مسئلے کو بہت نمایاں کردیا ہے کہ سلطنت برطانیہ کو اپنی روئی کی رسد کی حد تک کس طرح خود کفیل بنایا جائے اور دوسرے اسباب کے منجملہ بڑی جنگ ہی نے حکومت ہند کے لیے ستمبر ۱۹۱۷ء میں ہندوستانی کپاس کمیٹی مقرر کرنے کا موقع بہم پہنچایا، تاکہ وہ ہندوستان میں لانبے ریشے کی کپاس کی

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسومہ "تجارت ہند بابتہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء و ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء"۔

باب ۲

رسد کو بڑھانے کے امکانات کو جانچے، روئی اوٹنے اور صاف کرنے کے موجودہ طریقوں کی اصلاح و ترقی کے لیے مشورے دے اور کپاس میں آمیزش کرنے اور اس کو نم کرنے کے طریقے کو روکنے کے بارے میں سفارشیں پیش کرے۔ کمیٹی مذکور کی رپورٹ اپریل ۱۹۱۹ء میں شائع ہوئی اور دو شعبوں میں منقسم تھی۔ ایک زرعی دوسرا تجارتی۔ زرعی شعبے میں روئی کی پیداوار اور خوبی کی اصلاح و ترقی کے طریقوں پر بحث کی گئی تھی اور نباتی کام اور کاشتکاری کے طریقوں کی اصلاح و ترقی کے بارے میں خاص طور پر زور دیا گیا تھا۔ رپورٹ میں یہ سفارش بھی کی گئی کہ محکمۂ زراعت کی تنظیم اور توسیع کی جائے اور لانبے ریشے کی روئی کے زیر کاشت رقبے کو خاصکر سندھ، پنجاب، شمال مغربی صوبۂ سرحدی، صوبۂ متحدہ اور کسی حد تک جزیرہ نما میں آبپاشی کے ذریعے وسیع کیا جائے۔ کمیٹی نے اس خیال سے کہ کسان کو خاصکر خالص اور اعلیٰ درجے کی روئی کی معقول قیمت وصول ہو، متعدد مفید سفارشیں پیش کیں۔ مثلاً یہ کہ برار کے نمونے پر کھلے بازار قائم کیے جائیں، تاکہ خریدار کو بخوبی معلوم ہو جائے کہ وہ کس قسم اور نوعیت کا مال خرید رہا ہے، امداد باہمی کے اصول پر فروخت کی انجمنیں قایم کی جائیں، روئی اوٹنے اور دبانے کے کارخانوں کے لیے سرکاری اجازت نامے جاری کیے جائیں، روئی میں آمیزش کرنے اور اس کو نم کرنے کے مذموم طریقوں کو روکنے کے لیے نقل و حمل پر بندشیں عائد کی جائیں۔ علاوہ ازیں کمیٹی نے روئی کے متعلق پیش اندازوں اور دوسری اعدادی معلومات کی اصلاح و ترقی کے بارے میں مشورے پیش کیے۔ یہ بھی سفارش کی گئی کہ بمبئی میں ایک انجمن بنام "مرکزی انجمن برائے تجارت ہند" Central India cotton Trade Association قائم کر کے روئی کی تجارت کی اصلاح و توسیع کی جائے۔ آخر میں یہ رائے پیش کی گئی کہ محکمۂ زراعت اور کپاس کی تجارت کے مابین زیادہ قریبی تعلق پیدا کرنے کے لیے ایک مستقل "مرکزی کپاس کمیٹی" قایم کی جائے۔ یہ خیال بھی ظاہر کیا گیا کہ ایک کمیٹی جو بارہ سرکاری اور غیر سرکاری ارکان پر مشتمل ہو، مشاورتی مجلس کے طور پر قائم کی جائے جس سے حکومت کسی مجوزہ آئین سازی اور اجرائے اجازت نامہ جات کے عمل کے بارے میں مشورہ کرے۔ کمیٹی مذکور کا یہ کام ہو کہ وہ روئی کے نئے انواع کی قیمتوں کا

باب ۶ مستند طریقے پر تخمینہ کرے اور مختلف قسم کی کتائی کی جانچ کرے۔ کچھ
188 تاخیر کے بعد کمیٹی کی تجاویز کو عملی جامہ پہنایا گیا، چنانچہ ۱۹۲۲ء
میں ایسٹ انڈیا کاٹن ٹریڈ ایسوسی ایشن قائم ہوئی۔ "مرکزی کپاس کمیٹی" نے اپنا پہلا اجلاس
۱۹۲۱ء میں بمقام بمبئی منعقد کیا۔ روئی کی آمیزش کو روکنے کے لیے کمیٹی مذکور نے
۱۹۲۳ء میں ایک قانون بنام کاٹن ٹرانسپورٹ ایکٹ (قانون نقل و حمل پنبہ) نافذ کرایا۔
یہ قانون پہلے بمبئی میں نافذ ہوا جہاں اس کو بہت افزا کامیابی ہوئی، اس کے بعد اس کو
مدراس میں بھی جاری کیا گیا۔ ۱۹۲۵ء میں ایک قانون بنام کاٹن جننگ اینڈ پریسنگ
فیکٹریز ایکٹ (روئی اوٹنے اور دبانے کے کارخانوں کا قانون) جو نقل و حمل کے قانون کا
ضمیمہ تھا، نافذ ہوا۔ ہندوستان کی "مرکزی کپاس کمیٹی" نے بمبئی میں ایک فنی تجربہ خانہ قائم
کیا ہے جہاں سوت کات کر روئی کی خوبی کی آزمائش کی جاتی ہے۔ ریاستہائے وسطی ہند
سے تعاون کر کے کمیٹی کپاس کے بارے میں تجربات کا کام آغاز کر چکی ہے اور اس کے لیے
ایک تحقیقاتی مرکز بنام انسٹی ٹیوٹ آف پلانٹ انڈسٹری بمقام اندور قائم ہو گیا ہے۔
علاوہ ازیں مختلف صوبوں میں بھی یہی کمیٹی خاص خاص تحقیقاتی تجاویز کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔
اس کمیٹی کو اپنے جملہ کاروبار انجام دینے کے لیے دو آنے فی گانٹھ کے اس چھوٹے سے محصول
سے مالی مدد ملتی ہے جو برطانوی ہند کی گرنیوں میں استعمال ہونے والی روئی پر عائد کیا
جاتا ہے۔ بمبئی میں ۱۹۲۷ء میں ایک قانون بنام کاٹن مارکس ایکٹ (روئی کے بازار کا
قانون) منظور ہوا، اور اس قانون کے شرائط حکومت بمبئی کی جانب سے شایع کیے
جا چکے ہیں۔ بمبئی پریزیڈنسی کے ایک یا دو کپاس کے مرکزوں میں اس قانون کو نافذ
کر دیا گیا ہے۔ اسی کے مشابہ قوانین صوبۂ متوسط اور مدراس میں "صوبۂ متوسط کی روئی کے
بازار کا قانون" اور "مدراس کی تجارتی فصلوں کے بازار کا قانون" کے نام سے منظور ہوئے ہیں۔
ہم یہاں جو تنقید ضروری سمجھتے ہیں وہ صرف یہ ہے کہ خود ملک کے اندر کپاس کی ترقی یافتہ
انواع کے استعمال کیے جانے کے بارے میں تدابیر پیدا کرنا ضروری ہے تاکہ ملک کا
انحصار بیرونی پارچوں پر کم ہو جائے۔ ہندوستان اپنی خام روئی کی وافر رسد کے باوجود اپنے
کپڑوں کی مجموعی طلب کے قریب قریب ایک تہائی تک غیر ملکوں کا محتاج دوشنگہ ہے۔
کسان کی معاشی حالت کی اصلاح و ترقی کے لیے کمیٹی جو بھی تدابیر اختیار کرے اس کا

باب ۶

یقیناً خیر مقدم کرنا چاہیے۔ کمیٹی لانبے ریشے کی روئی کے بارے میں لنکاشائر کی طلب کو پورا کرنے کی تدابیر اختیار کرے تو اس میں کمیٹی کی کوئی غلطی نہیں ہے بلکہ اس کو تو چاہیے کہ اسی کو اپنا واحد اور سب سے بڑا مقصد قرار دے۔

(ب) سن کپاس کے بعد اہم ترین ہندوستانی ریشہ سن ہے۔ ہندوستان کو سن کی پیداوار میں تمام دنیا میں واحد اجارہ دار کی حیثیت حاصل ہے۔ اس کی کاشت بنگال میں گنگا و برہم پتر کے ڈلٹا، صوبۂ آسام اور کوچ بہار کی ملحقہ دیسی ریاست اور اوڑیسہ تک محدود ہے۔ یہاں کی زمین زرخیز دریائی مٹی ہے جو دریاؤں کے سیلاب کے ساتھ آکر تہ بہ تہ جم گئی ہے اور سن جیسی فصل کی کاشت کے لیے جو زمین سے بہت قوت کھینچکر اس کو کمزور کر دیتی ہے موزوں ہے اور کھاد کے مصارف برداشت نہیں کرنے پڑتے۔

189 ۱۹۳۰ء میں سن کے زیر کاشت مجموعی رقبہ ۱۳۳۴۹۲۰۰ ایکڑ تھا، جس کے مقابلے میں ۱۹۲۴ء میں کاشت کے رقبے کا اندازہ ۱۲۰۴۹۷۰۰ ایکڑ کیا گیا تھا۔ اگرچہ قیمتوں کے گر جانے اور سن کی مصنوعات کی کساد بازاری کے باعث موجودہ زمانے کا رقبہ کچھ سال پیشتر کے رقبے سے بہت کم ہے، لیکن صورت حال کی اصلاح و ترقی کی تحریک بہت زوروں پر ہے۔ چنانچہ حکومت بنگال نے ۲۰ ستمبر ۱۹۳۲ء کو اس تجویز کا اعلان کیا کہ ۱۹۳۳ء کی فصل کی ارادی طور پر روک تھام کی جائے گی، تاکہ خام سن کی قیمت کو بحال کرنے میں مدد ملے۔ ۱۹۳۲ء میں سن کی کاشت کا مجموعی رقبہ ۱۲۰۸۶۰۰ ایکڑ تھا، جس میں بنگال کا بہت بڑا حصہ تھا، باقی صوبے بہار و اوڑیسہ (۶۵۰۰ ایکڑ)، اور آسام (۱۴۵۳۰۰ ایکڑ) تھے۔ ۱۹۲۷ء تا ۱۹۲۸ء میں مجموعی زیر کاشت رقبے کے زائد از ۳۳ فی صد حصے پر زیادہ پیداوار دینے والے اور مرض کی مقاومت کرنے والے دو اہم قسم کے ریشوں کی کاشت ہوتی تھی۔ صوبۂ متحدہ کے ایک علاقہ گنجر نامی میں سن کی نئی نئی کاشت کامیاب ثابت ہوئی ہے۔ گزشتہ پچاس سال میں سن کی کاشت کے رقبے اور ریشے کی پیداوار میں بہت بڑی حد تک اضافہ ہو گیا ہے۔ سن کی برآمد اہمیت کے لحاظ سے کپاس سے صرف دوسرے درجے پر ہے۔ ۱۹۲۸ء تا ۱۹۲۹ء میں ۸۹۸۰۰۰ ٹن خام سن جس کی قیمت ۳۲۳۵ کروڑ روپے تھی اور سن کی مصنوعات جس کی قیمت ۵۶۰۹ کروڑ روپے تھی، برآمد ہوئیں۔ اس کے بالمقابل ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء کے اعداد خام سن کے بارے میں ۸۰۷۰۰۰ ٹن تھے جس کی قیمت

باب ۷ ۱۷، ۲۷ کروڑ روپے وصول ہوئی اور مصنوعات کے اعداد ۹۳، ۱۵ کروڑ روپے تھے۔ اس کمی کا باعث یہ تھا کہ ہندوستان اور دوسرے خریدار ملکوں میں سن کی صنعت میں انتہائی کساد بازاری رونما ہوئی تھی۔ بعد کے سالوں میں کساد بازاری اور بھی بڑھ گئی تھی۔ چنانچہ ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں برآمد کیے ہوئے سن کی مقدار صرف ... ر۵۶۳ ٹن تھی جس کی قیمت ۳، ۹ کروڑ روپے وصول ہوئی۔ اس کے بعد سے برآمد کیے ہوئے خام سن کی مقدار میں کچھ زیادتی ہوئی۔ چنانچہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ... ر۴۸۷ ٹن اور ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ... ر۵۲۷ ٹن ہوگئی برآمد میں ... ۴ ٹن سے زاید مقدار کا اضافہ ہونے کے باوجود باہر بھیجے ہوئے خام سن کی قیمت ۸۷ ر۱۰ کروڑ روپے وصول ہوئی جو پچھلے سال کے مقابلے میں زائد از ۶ لاکھ روپے کم تھی۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں خام سن اور سن کی مصنوعات کی برآمد کی مجموعی مقدار ... ر۴۳۷ ٹن تھی جس سے ۳۲ ½ کروڑ روپے وصول ہوئے۔ آجکل غیر ملکی بازاروں میں خام سن یا سن کی اشیا کے آزادانہ داخلے پر جو بندشیں عائد کی جارہی ہیں ان کی بنا پر ممکن ہے کہ ہندوستان کی تجارت برآمد متاثر ہو۔

جرمنی اور سلطنت متحدہ، ہندوستان کے خام سن کے سب سے بڑے خریدار ہیں، اور درآمد کرنے والے دوسرے ملک اسپین، فرانس، جاپان، چین، ریاستہائے متحدہ امریکا، اٹلی اور بلجیم ہیں۔ یوں تو خام سن کی برآمد ۱۷۹۵ء ہی میں شروع ہوچکی تھی، لیکن مقدار ابتداءً بہت قلیل رہی۔ ۱۸۳۲ء تک قوت سے چلنے والے ڈنڈی کے کرگھوں کی طرف سے طلب میں خاصا اضافہ ہوگیا۔ لیکن بنگال کی دستی کرگھوں کی صنعت میں ۱۸۵۰ء تک آہنی کانی طاقت تھی کہ خام سن کی برآمد کے مقابلے میں مصنوعات کی برآمد کی زیادتی یقینی تھی — جنگ کریمیا کے زمانے میں سلطنت متحدہ کو روسی سن کی برآمد کا سلسلہ رک گیا اور نہایت اہم تجارتی ریشہ ہونے کی حیثیت سے اُس کو حاصل کرنے کی کوشش کی گئی، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہندوستانی خام سن کی برآمد میں اضافہ ہوگیا۔ چنانچہ ۱۹۰۸ء تا ۱۹۰۹ء میں مجموعی طور پر ... ر۹۰۰ ٹن سن برآمد ہوا، جس کے دو بڑے خریدار سلطنت متحدہ اور جرمنی تھے۔ بڑی جنگ کے زمانے میں برآمد میں بہت بڑی کمی ہوگئی، گو جنگ ختم ہوجانے کے بعد سے یہ کمی ایک حد تک رفع ہوگئی ہے۔ سن کی مصنوعات کی ترقی کا حال کسی دوسری جگہ بیان ہوگا، یہاں صرف یہ کہہ دینا مناسب ہوگا کہ اس صنعت کی ترقی عمل کے بغیر جاری رہی جس کا

باب ۶

سلسلہ موجودہ زمانے کی تجارتی کساد بازاری تک قائم رہا۔ زمانۂ قبل از جنگ میں ہندوستانی سن کی مصنوعات کی برآمد میں خام سن کی برآمد سے زیادہ تیزی کے ساتھ ترقی ہوئی، اور اس میلان کے حق میں جنگ عظیم نے مزید محرک کا کام کیا۔ ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء میں سن کی مصنوعات کی برآمد زمانۂ قبل از جنگ کے مقابلے میں تھیلوں کی حد تک ۴۱ فی صد اور بنے ہوئے ٹاٹ کی حد تک ۵۸ فی صد زیادہ رہی۔ ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء اور اس کے بعد کے سالوں کی کساد بازاری کا حال کسی دوسری جگہ بیان کیا گیا ہے[1]۔

(۵) نیل۔ نیل کی سرگزشت بہت ہی رنگ برنگی ہے جو تقریباً عیسوی سنہ کے آغاز سے شروع ہوتی ہے۔ "ابتدا ہی صنعت مغربی ہندوستان میں پرتگالیوں کے ہاتھوں میں تھی، لیکن ۱۷۷۸ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی نے بنگال میں اس میں نئی جان ڈالی اور اس کے بعد بیس سال تک اس کی براہ راست ہمت افزائی کرتی رہی۔ چنانچہ جب ۱۸۳۳ء میں یہ صنعت ترہٹ اور صوبۂ متحدہ میں منتقل ہوئی تو ہندوستان نے دنیا کے نیل پیدا کرنے والے ملکوں کی پہلی صف میں اپنی جگہ دوبارہ قائم کر لی جہاں سے اس کو جزائر غرب الہند نے عارضی طور پر ہٹا دیا تھا۔ ہندوستان مسابقت کی زد سے اس وقت تک بالکل محفوظ رہا جس وقت تک کہ جرمنی کے تجربہ خانوں نے ۱۸۹۷ء میں آخر کار یہ دریافت نہیں کر لیا کہ نیل تجارتی اصول پر تیار کیا جا سکتا ہے[2]۔ جو مصیبت مجیٹھ اور لاکھ کی صنعتوں پر آ چکی تھی اس سے بہار کے کارخانے خطرے میں پڑ گئے[3]۔" ہندوستانی نیل کی برآمد بری طرح متاثر ہوئی۔ ۱۹۰۷ء تا ۱۹۰۸ء برآمد کئے ہوئے نیل کی قیمت، رنگائی اور دباغت کی اشیا کی برآمد کی قیمت کے نصف سے زائد کی نمایندگی کرتی تھی، لیکن ۱۹۱۳ء تا ۱۹۱۴ء میں یہ تناسب گھٹ کر ۱/۵ ہو گیا تھا۔ ۱۸۹۶ء تا ۱۸۹۷ء میں نیل کے زیر کاشت رقبہ ۱۶۸۸۹۰۱ ایکڑ تھا، لیکن ۱۹۱۳ء تا ۱۹۱۴ء میں یہ ۱۷۲۶۰۰ ایکڑ تک گھٹ گیا اور برآمد ۱۶۹٫۵۲۳ ہنڈرڈویٹ سے ۱۰٫۹۳۹ ہنڈرڈویٹ تک گر گئی۔ بڑی جنگ نے قدرتی نیل کی صنعت کے حق میں عارضی محرک کا کام کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ زیر کاشت

---

[1] دیکھو جلد دوم باب (۲) "ہندوستانی صنعتیں: قدیم و جدید"۔

[2] اگرچہ سچ پوچھو تو نیل کی ترکیب کا تجزیہ تیس سال قبل کیا جا چکا تھا۔

[3] دیکھو کاٹن کی تصنیف بحوالۂ بالا صفحہ ۲۶۴۔

رقبے میں کچھ زیادتی ہوئی چنانچہ ۱۹۱۶ء تا ۱۹۱۷ء میں رقبہ بڑھ کر ۷۷،۰۰۰ ایکڑ ہو گیا اور ۱۹۱۵ء تا ۱۹۱۶ء میں برآمد بڑھ کر ۱۴۹۳۲ ہنڈرڈ ویٹ ہو گئی، پھر بھی بڑی جنگ کے موقوف ہونے کے بعد سے مکرر کمی رونما ہوئی ہے اور برآمد جس کی اہمیت گھٹ گئی ہے ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں صرف ۵۰۰ ہنڈرڈ ویٹ تھی اور اس کی قیمت ۱،۲ لاکھ روپے وصول ہوئی۔ اس صنعت کے آیندہ توقعات کے بارے میں مختلف رائیں قایم کیجاتی ہیں اور صنعت کا مستقبل روشن نہیں معلوم ہوتا بلکہ غیر یقینی ہے۔ اس کو تباہی سے بچانے 191
کی صورت صرف یہ ہو سکتی ہے کہ اس کی کاشت اور مصنوعات کی تیاری کے مصارف کم کیے جائیں۔ ۱۹۱۵ء میں دہلی کانفرنس میں اس صنعت کی امداد کا مسئلہ زیر تحقیقاتی اور تجارتی تین نقطہ ہائے نظر سے زیر غور و بحث رہا۔ ۱۹۱۸ء میں نیل کی برآمد پر ایک محصول عائد کیا گیا اور طے پایا کہ حکومت ہند اس کے ماحصل کو نیل کی کاشت اور مصنوعات کی تیاری کے سلسلے میں تحقیقاتی کام پر صرف کرے۔ چنانچہ پوسا کے تحقیقاتی مرکز (Pusa Research Institute) میں حکومت ہند کے مقرر کردہ ماہر کیمیا نیل کے بارے میں تحقیق کر رہے ہیں۔

اندازہ کیا گیا ہے کہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں نیل کے زیر کاشت مجموعی رقبہ صرف ۹۰۰،۱۴ ایکڑ تھا جس میں مدراس، صوبہ متحدہ، بہار، اوڑیسہ، بمبئی اور بنگال کا بڑا حصہ تھا۔ تجارت خارجہ کے نقطۂ نظر سے بہار سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے چنانچہ یہیں اہل یورپ کی نگرانی میں رنگ باقاعدہ طور پر نکالا اور تیار کیا جاتا ہے اور اس کی قیمت مقرر کی جاتی ہے۔ بہار کے کارخانوں میں جو نیل تیار ہوتا ہے اس کی برآمد ٹکٹکے سے زیادہ تر یونان، سلطنت متحدہ، فرانس، تیونس، اور مصر کو ہوتی ہے۔

(۶) افیون ۱۹۰۷ء میں حکومت ہند کا چین سے اور آخر کار ۱۹۳۵ء میں دوسرے تمام ملکوں سے جو معاہدہ طے پایا اس کے تحت حکومت ہند نے چین کو افیون کی برآمد موقوف کرنے کی پالیسی اختیار کی جس کے نتیجے کے طور پر اور اندرونی صرف پر سرکاری نگرانی قائم ہو جانے کی وجہ سے افیون کے زیر کاشت رقبے میں بتدریج کمی ہو گئی ہے۔ برطانوی ہند میں ۱۹۰۵ء تا ۱۹۰۶ء میں رقبہ ۸۷۹،۴۶۱ ایکڑ تھا جو ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ۵۶۲،۴۲ ایکڑ تک گر گیا۔ پوست کی کاشت سرکاری اجازت ناموں کے

باب ۶

طریقے کے تحت ہوتی ہے اور آجکل یہ زیادہ تر صوبۂ متحدہ تک محدود ہے؛ جہاں ۱۵۹۵۲ ایکڑ رقبہ زیر کاشت ہے۔ افیون کی برآمد کا پنجسالہ اوسط زمانۂ قبل از جنگ میں ۵۱۰۰ ہنڈرڈ ویٹ تھا، اس کے مقابلے میں ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ۲۲۳ میٹی یا ۲۴۳۵ ہنڈرڈ ویٹ اور ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ۶۴۴ میٹی یا ۸۲۵ ہنڈرڈ ویٹ افیون برآمد کی گئی۔[1]

(۷) تمباکو۔ تمباکو کے پودے کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ سترھویں صدی کے اوائل میں پرتگالیوں نے ہندوستان کو اس سے روشناس کرایا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کے زمانے ہی سے حکومت کی یہ کوشش رہی کہ بڑھیا تمباکو کا پتا چلایا جائے اور اس کو سکھانے اور تیار کرنے کے دیسی طریقوں کو اصلاح و ترقی دی جائے۔ تمباکو کی صنعت کے تین اہم مرکز ہیں، یعنی (۱) مشرقی و شمالی بنگال (۲) جنوبی ہند اور (۳) جنوبی برما۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء کے اندازے کے مطابق تمباکو کے زیر کاشت مجموعی رقبہ ۱۸۳۰۰۰ ایکڑ تھا جس میں سب سے بڑا حصہ مدراس، بنگال، بہار، اڑیسہ، بمبئی، برما، صوبۂ متحدہ اور پنجاب کا تھا۔ ہندوستان میں جتنا تمباکو پیدا ہوتا ہے اُس کا بیشتر حصہ ملک ہی میں صرف ہوتا ہے۔ لیکن غیر مصنوعہ تمباکو زیادہ تر مدراس اور رنگون سے برآمد کیا جاتا ہے جس سے معقول قیمت وصول ہوتی ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ۲۶ ملین پاؤنڈ وزنی 192
تمباکو باہر گیا جس سے ۸۷ لاکھ روپیہ وصول ہوا۔ جہاں تک تمباکو کی مصنوعات کا تعلق ہے وہاں تک درآمد کی قیمت ہمیشہ برآمد کی قیمت سے بڑھی رہی ہے اور یہ فرق حال میں اس وجہ سے اور بھی زیادہ ہوگیا ہے کہ یہاں سگریٹوں کے استعمال میں اضافہ ہوگیا ہے۔ ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء میں ہندوستان میں ۳ر۵ ملین پاؤنڈ وزن کے سگریٹ جن کی قیمت ۲ کروڑ ۱۳ لاکھ روپے اور ۸ر۴ ملین پاؤنڈ تمباکو جس کی قیمت ۷۵ لاکھ روپے تھی درآمد ہوا۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں سگریٹ کی درآمد ۶۱۴۰۰۰ پاؤنڈ تک گر گئی جس کی قیمت ۲۲۱۲ لاکھ روپے تھی اور درآمدہ تمباکو تین ملین پاؤنڈ تک گر گیا اور اس کی قیمت ۳۹ر۶ لاکھ روپے ادا کی گئی۔ اس کثیر طلب نے ہندوستان میں سگریٹ بنانے کی ہمت افزائی کی اور کئی کارخانے قایم ہوگئے ہیں۔ ہندوستان کے پتے کے تمباکو سے سگریٹ نہایت عمدہ بنتا ہے لیکن سگار عام طور پر اچھا

[1] نیز دیکھو جلد دوم "مالیہ اور محصول" کا باب۔

باب ۶ نہیں بنتا۔ اس کی کو پورا کرنے کے لیے سوماٹرا اور جاوا سے کثیر مقدار میں تمباکو درآمد کیا جاتا ہے۔ پوسا کے زرعی تحقیقاتی مرکز کے شعبۂ نباتیات نے اپنی توجہ ہندوستانی تمباکو کی خوبی کی اصلاح و ترقی کی جانب مبذول کی ہے، خاصکر نئی نئی بدیسی قسموں کی کاشت کرنے میں اور اس قسم کے رنگ اور خوشبو کے تمباکو کی پیدائش میں جس کو عام طور پر ورجینیا تمباکو کہتے ہیں۔ تمباکو کی درآمد پر جو بھاری محصول عاید کیے گئے ہیں ان کے متعلق بھی یہ توقع ہے کہ وہ ہندوستانی تمباکو کی کاشت اور اس کے صرف کے حق میں محرک کا کام کریں گے۔[1]

(۸) چارے کی فصلیں ۱۹۰۱ء تا ۱۹۰۲ء میں برطانوی ہند میں ان پودوں کے زیر کاشت رقبہ ۳۹ء۳ ملین ایکڑ تھا جو ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ۴۲ء۱ ملین ایکڑ تک بڑھ گیا جس کے منجملہ تین اہم صوبوں کا حصہ حسب ذیل تھا۔ پنجاب ۷۶ء۴ ملین ایکڑ، بمبئی ۶۵ء۲ ملین ایکڑ اور صوبہ متحدہ ۳۱ء۱ ملین ایکڑ۔ اس اضافے کے باوجود ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ چارے کے لیے جو رقبہ وقف ہے وہ ہندوستان جیسے زرعی ملک کے مویشیوں کی بڑی تعداد کی پرورش اور ترقی اور ان کی کارکردگی کو برقرار رکھنے کے لیے بہت کم ہے۔ محکمۂ زراعت نے کچھ سال ادھر سے چارہ پیدا اور اکٹھا کرنے کے مسئلے کی جانب بہت توجہ مبذول کی ہے، چنانچہ اس سلسلے میں مشہور مصری تپتیا گھاس کی کامیاب کاشت، زمین کی کایا کلپ کے بارے میں سندھ، بہار، صوبۂ متوسط اور شمال مغربی سرحدی صوبے میں اختیار کی ہوئی تدابیر اور پوسا میں برسیم کی کاشت، ان سب چیزوں کو محکمۂ زراعت کا قابل تعریف کارنامہ خیال کیا جا سکتا ہے۔[2]

(۹) ربڑ۔ ربڑ جس کے فوائد آج کل بے شمار ہیں، زیادہ تر جنوبی ہند مثلاً مدراس، کورگ، اور ریاستہائے میسور، ٹراونکور اور کوچین اور برما میں پیدا ہوتا ہے۔ ۱۹۳۳ء میں ربڑ کی کاشت کا مجموعی رقبہ ۱۷۷ء۱ ایکڑ اور پیداوار ۱۴ ملین پاؤنڈ خام ربڑ تھی۔ جتنا ربڑ پیدا ہوتا ہے اس کا بیشتر حصہ باہر جاتا ہے، چنانچہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں

---

[1] دیکھو جلد دوم "آمد اور محصول" کا باب جس میں "قانون مالیہ بابت ۱۹۳۴ء" کی رو سے تمباکو پر نظر ثانی کے بعد عائد کیے ہوئے محصول کی تفصیلات دی گئی ہیں۔ اس قانون نے ہندوستان میں اُگے ہوئے تمباکو کے سگریٹ بنانے کے لیے کچھ زیادہ سہولت بہم پہنچائی۔

[2] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "تبصرہ بر زرعی کاروبار ہند" برائے ۱۹۳۵ء تا ۱۹۳۶ء صفحہ ۶ تا صفحہ ۷۰۔
(Review of the Agricuttural opretiens in India)

جدول (۱)

مقدار (در ہزار)

	زمانۂ قبل از جنگ کا اوسط	زمانۂ جنگ کا اوسط	زمانۂ بعد از جنگ کا اوسط	سنہ ۱۹۲۹ تا سنہ ۱۹۳۰	سنہ ۱۹۳۴ تا سنہ ۱۹۳۵
(۱) غلہ دال اور آٹا	ٹن	ٹن	ٹن	ٹن	ٹن
دھان	۴۲	۳۲	۳۵	۲۸	۱۴
چاول	۲۳۹۸	۱۶۸۵	۱۴۶۳	۲۲۹۸	۱۵۹۳
گیہوں	۱۳۰۸	۸۰۷	۲۳۷	۱۳	۱۱
گیہوں کا آٹا	۵۵	۵۷	۵۶	۵۱	۱۲
دال	۱۵۹	۱۲۹	۱۴۱	۹۷	۱۱۲
جَو	۲۲۷	۱۹۸	۴۰	۶	۱۴
جوار باجرا	۴۱	۴۱	۱۱	۱۵	۴
دوسرے اجناس	۱۸۱	۱۹۲	۲۷	۲	۶
میزان اشیائے خوردنی	۴۴۱۱	۳۱۴۱	۲۰۰۹	۲۵۱۰	۱۷۶۵
(۲) چائے - (پاؤنڈ)	۲۶۶٫۴۹۷	۳۲۲٫۶۹۱	۱۳۲٫۱۶۹	۳۷۶۶۲۴	۳۲۴۸۳۵

سلسلہ جدول (۱)

قیمت (بحساب ہزار روپیہ)

	زمانۂ قبل از جنگ کا اوسط	زمانۂ جنگ کا اوسط	زمانۂ بعد از جنگ کا اوسط	سنہ ۲۹ء تا سنہ ۳۰ء	سنہ ۳۴ء تا سنہ ۳۵ء
(۱) غلہ دال اور آٹا					
دھان	۲۷٫۱۵	۲۰۰۹	۳۱۳۶	۲۲۲۰	۶۶۳
چاول	۲۵۶۶٫۵۵	۱۸۸۸٫۲۵	۲۴۳۳۶۶	۱۰۳۰۲۸	۳۱۲۸۴۲
گیہوں	۱۳۹۶٫۸۶	۱۰۳۳۴۱	۴۶۶۶۱	۲۱۲۴	۱۰۶۱
گیہوں کا آٹا	۸۶٫۹۹	۱۱۳۲۰	۱۵۰۳۶	۱۰۷٫۸	۱۴۶۷
دال	۱۲۹٫۸۱	۱۸۸۵۳	۲۰۲۷۸	۱۶۳۷۸	۱۰۵۰۶
جَو	۱٫۹۳٫۱۶	۲۲۱۷۳	۴۶۵۶	۶۷۳	۹۳۰
جوار اور باجرا	۳۷٫۶۰	۴۴۱۵	۱۷۳۹	۲۵۱۳	۴۱۴
دوسرے اجناس	۱۴۲٫۹۶	۲۳۲۴۵	۳۴۰۳	۴۴۹	۳۷۱
میزان اشیائے خوردنی	۴۵۸۱٫۱۱	۳۷۴۱۸۰	۳۲۸۲۶۵	۳۴۷۹۴۲	۱۱۸۴۴۰
(۲) چائے۔ (پاؤنڈ)	۱۳۰۶۷۸	۱۷۵۴۵۷	۲۰۹۲۴۲	x	۲۰۱۳۱۹

صاحبزادہ منظور علی
نذر محمد: پیادار اور برادر

جدول (۲)

مقدار (بحساب ہزار ٹن)

(۳) ریشے :-	زمانہ قبل از جنگ کا اوسط	زمانہ جنگ کا اوسط	زمانہ بعد از جنگ کا اوسط	سنہ ۱۹۲۹ سنہ ۱۹۳۰	سنہ ۱۹۳۳ سنہ ۱۹۳۵
	ٹن	ٹن	ٹن	ٹن	ٹن
خام کپاس	۴۳۰	۳۹۱	۵۲۱	۷۲۰	۶۱۵
خام سن	۷۶۴	۴۶۴	۶۵۴	۸۰۷	۷۵۲
میزان ریشہ	۱۱۹۴	۸۵۵	۱۰۷۵	۱۵۲۷	۱۳۶۷
(۴) اردو خندار مخم :-					
جوہری	۱۰	۸	۹	۴	۹
غیر جوہری :-					
السی	۳۷۹	۲۷۰	۲۵۱	۲۲۸	۲۳۸
مونگ پھلی	۲۱۳	۱۹۱	۱۹۵	۷۱۴	۵۱۱
سرسوں	۲۷۳	۹۱	۲۰۶	۴۲	۳۰
تل	۱۱۹	۳۳	۱۸	۱	۴
ارنڈی	۱۱۴	۸۹	۴۸	۱۰۶	۹۹
ناریل	۳۱	۱۶	۷	—	—
بنولہ	۲۴۰	۶۹	۱۵۵	۵۸	۱
رائی	۴	۳	۲	۳	۳
جوڑھ	۲۹	۳	۸	—	—
خشخاش .. .	۳۳	۵	۶	-	—
دوسری قسمیں	۹	۲	۸	-	۳
میزان اردو خندار مخم	۱۴۵۳	۷۰۸	۹۲۳	۱۲۵۰	۱۰۳۷

(ماخوذ از تبصرہ بر تجارت ہند برائے سنہ ۱۹۲۹ سنہ ۱۹۳۰ و سنہ ۱۹۳۳ سنہ ۱۹۳۵)

(Review of the Trade of India)

سلسلہ جدول (۲)

قیمت (بحساب ہزار روپیہ)

	زمانہ قبل از جنگ کا اوسط	زمانہ جنگ کا اوسط	زمانہ بعد از جنگ کا اوسط	سنہ ۱۹۲۹ء تا سنہ ۱۹۳۰ء	سنہ ۱۹۳۴ء تا سنہ ۱۹۳۵ء
(۳) ریشے :-					
خام کپاس	۳۳۲۷۸۳	۳۳۶۳۱۹	۶۴۷۳۸۹	۶۵۰۷۷۰	۳۴۴۹۸۳
خام سن	۲۲۲۰۲۴	۱۲۸۰۲۸	۱۹۵۲۷۷	۲۰۱۷۳۸	۱۰۸۷۱۱
میزان ریشہ	۵۵۴۸۰۷	۴۶۴۳۴۷	۸۴۲۶۶۶	۹۲۲۵۰۸	۴۵۳۶۹۴
(۴) روغندار تخم :-					
جوہری	۲۰۵۰۷	۲۴۱۶	۳۵۸۸	۱۵۸۶	۱۹۲۵
غیر جوہری	۷۹۸۹۰	۴۹۴۹۴	۷۵۷۷۲	۵۷۲۳۷	۲۹۹۷۶
السی	۳۵۲۵۷	۱۹۱۱۷	۵۶۱۹۷	۱۶۳۸۸۶	۵۹۲۸۴
مونگ پھلی	۴۱۴۶۹	۱۴۳۰۱	۵۰۷۳۷	۹۲۰۸	۴۲۳۹
سرسوں	۲۴۸۱۵	۶۷۳۵	۱۰۲۷۳	۲۷۱۸	۷۵۳
تل	۱۶۶۴۳	۱۵۷۵۵	۱۱۴۵۴	۲۱۴۹۶	۸۱۰۸
ارینڈی	۱۱۰۴۳	۶۰۷۳	۲۸۸۴	۶۸	۲۰
ناریل	۱۷۹۹۸	۵۰۲۵	۱۸۸۰۵	۵۴۸۷	۳۹
بنولہ	۱۰۰۸	۹۱۶	۹۷۵	۷۶۲	۴۹۰
رائی	۲۴۵۳	۳۰۴	۱۲۷۹	۶۳	—
موڑھ	۶۹۴۱	۹۵۸	۲۰۹۷	۷۱	۱۸
خشخاش	۲۳۲۳	۶۴۸	۱۳۰۳	۲۱۱۲	۵۱۸
دوسری قسمیں					
میزان روغندار تخم	۲۴۳۶۹۷	۱۲۱۷۴۲	۲۳۵۳۶۴	۲۶۴۶۰۶	۱۰۵۴۱۰

باب ۶ 105

۲۶۳۲ ملین پاؤنڈ ربڑ جس کی قیمت ۶۵۴۳ روپے تھی برآمد کیا گیا۔ ۱۹۱۰ء سے پیشتر اشیائے برآمد کی مقدار بہت کم تھی، اس لیے کہ صنعت نوخیز اور ابتدائی حالت میں تھی۔ موجودہ زمانے میں بھی دنیا کی مجموعی پیداوار میں ہندوستان کا حصہ صرف تقریباً ۳ فی صد ہے۔ جون ۱۹۳۴ء سے ربڑ کی پیدائش اور برآمد کی نگرانی کے لیے ایک بین الاقوامی تجویز پر عمل ہو رہا ہے۔ اس تجویز کے عملی جامہ پہننے سے پیشتر ربڑ کا بازار بہت مندا تھا، لیکن اب یہ حالت باقی نہیں رہی ہے۔ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں درآمدہ ربڑی مصنوعات مثلاً ٹائر، ٹیوب وغیرہ کی قیمت ۲ کروڑ ۶ لاکھ روپے تھی۔

۸۔ زرعی پیداوار کی برآمد۔ ہندوستان کی اہم زرعی پیداوار کے مذکورۂ بالا تبصرے میں ان کے برآمد کے پہلو پر بھی کچھ روشنی ڈالی گئی تھی۔ لیکن اب زرعی پیداوار کی برآمد کے کل مسئلے پر جداگانہ بحث کرنا ضروری ہے۔ اس مسئلے کی ابتدائی بحث کے طور پر اجناس خوردنی اور اشیائے خام کی برآمد کے متعلق کچھ اعداد و شمار پیش کیے جا سکتے ہیں صفحہ ۲۹۳ تا ۲۹۶ پر مندرجہ جدولوں میں سے ایک میں اشیائے خوردنی کی برآمد کی قیمت اور مقدار اور دوسری میں اہم زرعی پیداوار کی برآمد کی قیمت اور مقدار بتلائی گئی ہے۔

مندرجۂ ذیل جدول نمبر (۳) میں یہ بتلایا گیا ہے کہ مجموعی پیداوار سے بعض اہم فصلوں کی برآمد کا فی صد تناسب کیا ہے[1]

جدول (۳)

	زمانۂ قبل از جنگ کا اوسط	زمانۂ جنگ کا اوسط	زمانۂ بعد از جنگ کا اوسط	۱۹۲۵ء تا ۱۹۲۶ء	۱۹۲۷ء تا ۱۹۲۸ء	۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء	۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء
چاول	۹	۵	۵	۸	۸	۷	۵

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "تبصرہ بر تجارت ہند" برائے ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء صفحہ ۲۴۴۔

باب ۶

سلسلہ جدول (۳)

	زمانۂ قبل از جنگ کا اوسط	زمانۂ جنگ کا اوسط	زمانۂ بعد از جنگ کا اوسط	سنہ ۱۹۲۵ سنہ ۱۹۲۶	سنہ ۱۹۲۶ سنہ ۱۹۲۷	سنہ ۱۹۳۰ سنہ ۱۹۳۱	سنہ ۱۹۳۴ سنہ ۱۹۳۵
گیہوں ...	۱۴	۹	۳	۳	۴	۲	۰٫۱
چائے	۹۶	۸۹	۹۵	۹۰	۹۱ سنہ ۱۹۲۶-۱۹۲۷	۹۶	۸۱
خام کپاس ...	۵۶	۵۱	۶۱	۶۹	۴۶	۷۵	۷۲
خام سن	۵۱	۲۱	۴۸	۴۶	۴۹	۳۱	۴۹
السی	۷۳	۶۳	۵۹	۷۷	۶۳	۶۸	۵۷
سرسوں اور رائی	۲۳	۸	۱۹	۱۳	۸	۴	۴
تل	۲۵	۸	۶	۱۰	۲	۰٫۲	۱
مونگ پھلی	۳۵	۱۲	۱۹	۲۴	۲۴	۱۹	۲۷
نیل[1]	۴۰	۴۴	۲۷	۷	۱۷	۷	—

[1] سنہ ۱۹۳۴ء تا سنہ ۱۹۳۵ء کے اعداد دستیاب نہیں ہوئے۔

باب ۶

مندرجۂ ذیل جدول (۴) میں جملہ اشیائے برآمد کی مجموعی قیمت سے مختلف اجناس کا فی صد تناسب دیا گیا ہے اور ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء کی تجارت برآمد میں اہم اشیائے خوردنی اور دوسری قسموں کی پیداوار کی اضافی اہمیت بھی بتائی گئی ہے۔[1]

جدول (۴)

196

اشیا	فیصد	اشیا	فیصد
خام کپاس	۲۳ر۱۵	کھلی	۱ر۳۰
غلہ دال اور آٹا	۷ر۸۳	مسالے	۰ر۵۱
خام سن	۷ر۱۹	قہوہ	۰ر۴۸
تخم	۲ر۹۷	تمباکو	۰ر۵۴
چائے	۱۳ر۳۲	میوے اور ترکاریاں	۰ر۷۱

۹۔ اشیائے خوردنی کی برآمد پر بندشیں

جیسا کہ اوپر جدول (۱) میں بیان ہو چکا ہے چاول جملہ برآمد کردہ اجناس میں سب سے زیادہ اہم ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں جملہ برآمد کردہ اجناس اور آٹے کے مقابلے میں اس کی برآمد کا تناسب ۹۳ر۳ فیصد اور ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں ۹۱ فیصد تھا۔ گیہوں کا نمبر برآمد کردہ اہم اجناس میں

[1] ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں برطانوی ہند سے جملہ برآمد کی مجموعی قیمت ۴۴۱۲۱۵۱۲ روپے وصول ہوئی۔ دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "تبصرہ بر تجارت ہند برائے ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء" صفحہ ۱۲۔

باب ۶ حال حال تک دوسرا تھا، چنانچہ تجارت برآمد میں اس کی بحث آچکی ہے اور یہ بیان کیا جاچکا ہے کہ حالیہ سالوں میں برآمد کی مقدار بہت گھٹ گئی ہے۔ اس لحاظ سے جب ہم اشیائے خوردنی کی برآمد کے مسئلے پر بحث کریں تو فی الحال اشارہ زیادہ تر چاول ہی کی طرف ہوگا۔ کیا اجناس خوردنی اور خام اشیا کی برآمد قابل مبارکباد ہے یا لایق خوف و ہراس؟ بعض لوگ یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ یہ برآمد روز افزوں خوش حالی کی علامت ہے۔ وہ یہ ظاہر کرتی ہے کہ ملک منفعت بخش عالمی قیمتوں سے نفع حاصل کر رہا ہے اور اپنی آبادی کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے بعد جو زاید پیداوار بچ رہتی ہے اس کو برآمد کرتا ہے اور اس برآمد سے جو قیمت وصول ہوتی ہے اس سے ارزاں مصنوعات خریدتا ہے جو ملک میں نفع کے ساتھ تیار نہیں کی جاسکتیں۔ اس نقطۂ نظر کے مطابق برآمد کی ہوئی مقدار[1] اس اصلی زائد پیداوار کی نمایندگی کرتی ہے جو عمدہ فصل کے زمانے میں ہندوستان میں اس کی اپنی ضرورتیں پوری کر لینے کے بعد بچ رہتی ہے اور دوسروں کو دی جاسکتی ہے اور ایسے ذخیرۂ محفوظ کا کام دے سکتی ہے جو قحط یا خشک سالی کے زمانے میں مقامی ضرورتیں پوری کر سکتی ہے۔[2]

دوسرا نقطۂ نظر یہ ہے کہ اجناس خوردنی اور اشیائے خام کی برآمد اس مفہوم میں اصلی زاید پیداوار نہیں ہے کہ وہ مقامی ضرورتوں کو بخوبی پورا کرنے کے بعد فاضل مقدار کے طور پر بچی رہتی ہے اور اس لحاظ سے ملک کے حقیقی اغراض کے حق میں مناسب یہ ہوگا کہ بھاری محصول عائد کر کے اس برآمد پر بندش قائم کی جائے یا اس کی ممانعت کر دی جائے۔ چنانچہ یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ ایسی صورت میں جب کہ آبادی کا بڑا حصہ فاقوں بسر کر رہا ہو، ملک کے اجناس خوردنی کی برآمد کو روا رکھنا اور قیمتی اشیائے خام بیرونی ممالک چلے جانے پر مسرور ہونا ایک جرم ہے؛ اس لیے کہ ملکی مصنوعات کو ترقی دینے کے لیے ان اجناس و اشیا کی ملک کو سخت ضرورت ہے۔

---

[1] والیں، جو، جوار، باجرا، اور مکائی دوسرے اجناس ہیں جن کی برآمد کی جاتی ہے لیکن ان کی مجموعی برآمد کی مقدار مقابلۃً کم ہے۔

[2] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "سلطنت کے معاشی ذرایع" مرتبہ ٹی ورسوک، صفحہ ۱۴۵

(Ecenomic Resources of the Empire)

باب ۶ 197

اِن مباحث کے سلسلے میں ہمیں ایک سادہ حقیقت پر زور دینا چاہیے جس کو عام طور پر فراموش کر دیا جاتا ہے اور وہ یہ کہ بیرونی ممالک کو اشیا کے برآمد ہونے کے مجرد واقعے سے یہ نتیجہ اخذ نہیں کیا جا سکتا کہ برآمد کرنے والے ملک کے باشندوں کی احتیاجیں برآمد کی ہوئی اشیا کی حد تک بخوبی پوری ہو چکی ہیں۔ اس سلسلے میں "اصل زاید پیداوار" کی جو اصطلاح عام طور پر استعمال کی جاتی ہے وہ غلط ہے اس لیے کہ وہ اس بات کی جانب اشارہ کرتی ہے کہ "نقلی زائد پیداوار" جیسی کوئی چیز بھی ہے۔ سچ پوچھو تو جملہ زاید پیداوار جو برآمد کی جاتی ہے وہی متصورہ بالا ضابطہ نوعیت رکھتی ہے؛ یعنی وہ اس واقعے کی بنا پر برآمد کی جاتی ہے کہ برآمد کرنے والے ملک میں مروجہ قیمتوں پر اس کی طلب نہیں ہوتی۔ طلب کا مطلب، جیسا کہ معاشیات کے ہر مبتدی کو معلوم ہے، صرف کسی شے کو اپنے قبضے میں لانے کی خواہش نہیں بلکہ ایسی خواہش ہے جس کی بنیاد ضروری قوت خرید پر قائم ہو۔ اگر ریاستہائے متحدہ امریکہ گیہوں برآمد کرتے ہیں تو اس کے معنی یہ نہیں ہیں کہ ہر انفرادی امریکن کو وہ سب خوراک میسر آتی ہے جس کو وہ صرف کر سکتا ہے۔ علیٰ ہذا ہندوستان میں اجناس خوردنی کی برآمد کا یہ مفہوم نہیں ہے کہ جو پیداوار برآمد کی جاتی ہے اس کی ملک میں کسی شخص کو احتیاج ہی نہیں ہے۔ ہندوستان اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے درمیان فرق صرف یہ ہے کہ موخرالذکر ملک کے مقابلے میں اول الذکر ملک میں ایسی آبادی کا تناسب بدرجہا زیادہ ہے جس کی طلب غذا کے بارے میں پوری نہیں ہوتی۔ گویا یہ فرق مدارج کا ہے نہ کہ نوعی۔ چنانچہ جب مالی کمیشن لال بجھکڑ بن کر ہندوستان سے گیہوں اور چاول کی برآمد کے بارے میں یہ رائے ظاہر کرتا ہے کہ "موجودہ قیمتوں پر ہندوستان کی موثر طلب پوری ہو جاتی ہے اور زاید پیداوار برآمد کے لیے بچ رہتی ہے"[1] تو وہ ایک ایسی بات کہہ رہا ہے جو ایک حد تک پوری طرح ٹھیک بھی ہے اور بالکل بے کار و بے سود بھی۔ "موجودہ قیمتوں" پر خواہ وہ اعلیٰ ہوں یا ادنیٰ "موثر طلب" ہمیشہ پوری ہوتی ہے۔ لیکن ممکن ہے کہ غذائی "موثر طلب" کے پورا ہونے کے باوجود ملک کے لاکھوں باشندوں کو پیٹ بھر کر کھانا میسر نہ ہو؛ چنانچہ ہندوستان کی عام طور پر یہی حالت معلوم ہوتی ہے۔

[1] دیکھو مالی کمیشن کی رپورٹ صفحہ ۱۵۵ (Fiscal Commission Report)

باب ۴

اِس صورت حال کی اصلاح کے دو طریقے ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ دونوں ایک دوسرے سے الگ اور غیر متعلق نہیں ہیں۔ ایک طریقہ تو یہ ہے کہ اجناس کی قیمتوں میں اتنی کمی کر دی جائے کہ عوام کی ادنیٰ قوت خرید ان پر دسترس حاصل کر سکے، اور دوسرا یہ کہ اِن کی قوت خرید میں اتنا اضافہ کر دیا جائے کہ مروجہ قیمتوں پر ان کی طلب موثر طور پر پوری ہو جائے۔

اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو کم کرنے کے طریقوں میں سے ایک طریقہ یہ بتایا جاتا ہے کہ ان کی برآمد ممنوع قرار دی جائے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا برآمد کی ممانعت سے یا بھاری محصول برآمد عاید کرنے سے قیمتیں مطلوبہ سطح تک گر جائیں گی؟ اور اگر ایسا ہوا تو آیا ایسے مصنوعی طریق پر قیمتوں کو کم کرنے سے ملک کی معاشی زندگی پر کوئی نقصان رساں ردِ عمل ہوگا یا نہیں؟

198 جو لوگ اِس طریقے پر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو کم کرنے کی کسی ارادی کوشش کے مخالف ہیں وہ یہ استدلال کرتے ہیں کہ اس کوشش کا نتیجہ یہ ہوگا کہ لوگ اجناس کی بجائے ناقابلِ خورد و نوش پیداوار مثلاً کپاس، سن، روغنداد تخم وغیرہ کی کاشت شروع کر دیں گے اور اس وقت تک کرتے رہیں گے جبتک کہ ان پر بھی بندشیں عائد نہ کی جائیں۔ اور اس طرح ملک کی اشیائے خوردنی کی رسد کو ارزاں بنانے کی کوشش کا نتیجہ محض یہ ہوگا کہ اجناس کی پیداوار گھٹ جائے گی اور آبادی کو کافی غذا مہیا کرنے کے نقطۂ نظر سے صورت حال پہلے سے بھی زیادہ ابتر ہو جائے گی۔

ہمیں اس پر بحث کرنے کی ضرورت نہیں کہ برآمد کی ممانعت یا بھاری محصول برآمد عاید کرنے کا نتیجہ دوسرے حالات مساوی رہنے کی صورت میں، لازمی طور پر یہ ہوگا کہ اشیائے خوردنی کی مجموعی پیدائش کسی حد تک گھٹ جائے گی۔ اگر رسد بہت تغیر پذیر ہے تو ممکن ہے کہ اس کمی کا یہ اثر ہو کہ ملک میں پہلے سے بھی کم مقدار دستیاب ہو۔ تاہم دوسری جانب یہ تسلیم کر لینے کے باوجود کہ رسد میں کسی حد تک کمی ہو جائے گی یہ خیال کرنا قطعی غیر متناقض ہوگا کہ ملکی بازار کے لیے دستیاب شدنی غذا کی زیادہ مقدار بچ رہے گی۔ فرض کیجیے کہ چاول کی مجموعی سالانہ پیداوار ۳۰ ملین ٹن کے منجملہ تین ملین ٹن ہر سال برآمد ہوتی ہے جس کے نتیجے کے طور پر ۲۷ ملین ٹن گھریلو صرف کے لیے بچ رہتی ہے اب

باب ۶

اگر قیمتیں گر جائیں اور چاول کی رسد انتہائی طور پر تغیر پذیر ہو تو ممکن ہے کہ مجموعی پیداوار ۳۷ ملین ٹن سے بھی کم ہو جائے؛ لیکن یہ کسی حال یقینی نہیں ہے کہ مقدار میں اتنی کمی ہو جائے گی، بلکہ ۳۸ ملین ٹن قرین قیاس ہے اور ایسی حالت میں چاول کی رسد گھریلو بازار کے لیے پہلے کے مقابلے میں ایک ملین ٹن زیادہ دستیاب ہوگی۔ غرض ہم یہ اصول قطعی قرار نہیں دے سکتے کہ ممانعت کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ ملک میں پہلے کے مقابلے میں کم مقدار رہے گی۔ ہو سکتا ہے کہ اکثر کسانوں کے لیے یہ بات قابل عمل نہ ہو کہ اپنی زمینوں کو اجناس کی کاشت کی بجائے غیر خوردنی اشیا کے کام میں لائیں۔ لہٰذا منافع کی کمی کے باوجود یہ ممکن ہے کہ کسان پہلے کی مانند کم و بیش وہی مقررہ مقدار پیدا کرتا رہے۔ چنانچہ ہر اس شخص کو جو ہندوستانی کسان کی حقیقی حالت سے ذرا سی بھی واقف ہو یہ معلوم ہوگا کہ کسان کا اپنی پرانی وضع اور اپنے تنگ راستے کو ترک کرنا کس قدر دشوار اور تبدیل حالات کے مطابق اپنی رفتار میں فوری تبدیلی کر دینا کس قدر دقت طلب ہے۔ پس یہ بعید از امکان نہیں ہے کہ بندش کی پالیسی کے نتیجے کے طور پر ملک میں غذائی اشیا کی رسد بڑھ جائے۔

پیداوار کی بے روک ٹوک برآمد کے حق میں ایک اور دلیل جس کا مالی کمیشن نے ذکر کیا ہے[1]، یہ ہے کہ غیر ملکی بازاروں میں یہاں کی پیداوار کی مانگ ہندوستان کو "فاضل پیداوار" تیار کرنے پر آمادہ کرتی ہے جس کا یہاں رہنا خاصکر مقامی فصلوں کی خرابی کے زمانے میں جو آئے دن رونما ہوتی رہتی ہے نہایت اہم و ضروری ہے۔ یہ زاید پیداوار اس لیے تیار کی جاتی ہے کہ غیر ممالک میں اسی کی برآمد اس کے لیے ایک نفع بخش نکاس مہیا کرتی ہے اور اگر یہ نکاس بند ہو جائے تو زاید پیداوار کی تیاری رک جائے گی۔ لیکن قحط کی کافی امداد کے مسئلے کا انحصار کسی بڑی حد تک اس زاید پیداوار کے میسر آنے پر نہیں ہے جو معمولی سالوں میں برآمد کی جاتی ہے۔ اگر اس زاید پیداوار کو جو معمولاً برآمد کی جاتی ہے برآمد کرنے کے بجائے ملک کی

---

[1] دیکھو مالی کمیشن کی رپورٹ صفحہ ۱۱۵؛ اور رمیش دت کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں اضافۂ تحت کی تحقیق" صفحہ ۹۰۔

باب خاص اور فوری ضرورتیں پوری کرنے کے لیے روک لیا جائے تو قحط کے امدادی کام پر کچھ مدد تو مل سکتی ہے لیکن صورت حال میں کوئی بڑا فرق پیدا نہ ہوگا، اس لیے کہ قابلِ برآمد پیداوار کی زاید مقدار ملک کی مجموعی غذا کی ضرورتوں کے مقابلے میں بہت ہی حقیر ہے۔ علاوہ ازیں ہندوستان میں ایسا بہت ہی شاذ ہوتا ہے کہ تمام ملک میں ہر جگہ ایک ہی زمانے میں خشک سالی یا قلت باراں رونما ہو۔ اور قلت و خشک سالی کے زمانے میں صرف یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ رسد ایک ایسے مقام سے جہاں مقابلۃً افراط ہو قحط زدہ مقام کو بعجلت منتقل کی جائے، چنانچہ حکومت کا یہ فخریہ دعویٰ نہایت حق بجانب ہے کہ اس کا بنایا ہوا "قحط کی امداد اور بیمہ" کا طریق کچھ عرصے سے نہایت عمدہ اور قابلِ تعریف کام کر رہا ہے۔ لہٰذا اس بات پر زور نہیں دیا جا سکتا کہ زاید مقدار کی برآمد کو روک کر قحط کے امدادی کام میں لگانے سے قحط کی مصیبت کو دور کرنے کے لئے جو زائد امداد دی جا سکتی ہے اس کی کسی بھی مفہوم میں شدید ضرورت ہے۔

اس لحاظ سے گو ہمیں ان معمولی دلائل سے اتفاق نہیں ہے جو اجناس خوردنی کی بے روک ٹوک برآمد کے حق میں پیش کیے جاتے ہیں، پھر بھی ہم اس امر میں مطمئن نہیں ہیں کہ بندش کی پالیسی مناسب ہوگی۔ ہم اوپر اس امر کی طرف اشارہ کر چکے ہیں کہ برآمد کی مقدار مجموعی پیداوار کے قلیل جزو کی نمایندگی کرتی ہے۔ اس طرح اگر اسے ملک میں پوری طرح روک بھی لیا جائے تو بھی، اس کا جو اثر اجناس خوردنی کی قیمتوں پر عام طور پر پڑے گا وہ بہت ہی ادنیٰ ہوگا، اور اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ کہ یہ ادنیٰ نفع کسانوں کے نقصان سے حاصل ہوگا۔ چنانچہ اندازہ کیا گیا ہے کہ بندش کی پالسی کے تحت محض گیہوں کی حد تک ان کا نقصان سولہ کروڑ روپے ہوگا۔[1] ایک اور چھوٹی سی بات جس کی طرف کمیشن نے اشارہ کیا ہے یہ ہے کہ زیر بحث پالسی زرعی اصلاح و ترقی پر مضر اثر ڈالے گی۔ اعلیٰ قیمتیں، کسی دوسری جماعت سے زیادہ خوشحال کسانوں کو فایدہ پہنچاتی ہیں۔ اور چونکہ یہی طبقہ ضروری اصل اور معلومات رکھتا ہے، اس لیے اسی سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ اصلاح و ترقی عمل میں لائے گا۔ ادنیٰ قیمتیں، اس طبقے کی خوشحالی میں کمی کر دیں گی

---

[1] دیکھو رائل کمیشن کی رپورٹ، صفحہ ۱۱۴؛ نیز دیکھو کتاب ہذا صفحہ ۴۱۸۔

باب ۷ اور اس طرح اس میں اس مشین کو ناکام کو انجام دینے کی صلاحیت کو گھٹا دیں گی۔ گو اس استدلال کے بارے میں مبالغہ کرنا آسان ہے لیکن یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ وہ بجائے خود معقول ہے۔ اجناس خوردنی کو ارزاں بنانے کا واحد اطمینان بخش طریقہ یہ ہے کہ زراعت کی کارکردگی بڑھائی جائے اور اجناس خوردنی کی پیداوار کو فروغ اور ترقی دی جائے۔ اگرچہ یہ بھی کہہ دینا ضروری ہے کہ سرد مت قیمتوں میں کمی کرنا اس قدر مشکل نہیں ہے جس قدر کہ اضافہ کرنا۔ رہا عوام کی قوت خرید کو بڑھانا جس کی بنا پر وہ کافی غذا حاصل کرنے کے ذرائع پر قابو پا سکیں تو یہ ہمیشہ سے سرکاری پالیسی کا نہایت ہی قابل قدر نصب العین رہے گا۔

200 گو ہم اس بات کے حامی نہیں ہیں کہ معمولی زمانے میں اجناس خوردنی کی برآمد پر بندشیں عاید کی جائیں پھر بھی یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ایسے غیر معمولی حالات کا پیدا ہونا ممکن ہے جن کی بنا پر بعض مخصوص برآمد کا عائد کرنا ضروری ہو جائے چنانچہ ممکن ہے کہ کسی مقام پر بہت ہی شدید قلت رونما ہو یا کسی دوسرے مقام پر قلت کی وجہ سے ہندوستانی پیداوار کی طلب بہت قوی ہو جائے جیسا کہ جنگ عظیم کے زمانے میں ہوا، اور اس کے باعث یہ خطرہ رونما ہو کہ قیمتیں اتنی بلندی پر چڑھ جائیں جہاں ان کا رہنا نامناسب و غیر محفوظ ہے۔ سرکاری مداخلت کی صورت میں انتظامی اور دوسری قسم کی دشواریاں پیش آسکتی ہیں، جیسا کہ جنگ عظیم کے زمانے میں ہوا کہ قیمتوں کو قابو میں رکھنے کی تدابیر کے باعث متعدد دشواریاں پیش آئیں، لیکن ان کے باوجود حکومت کے لیے مداخلتی کارروائی کرنا نہ صرف صورت حال کی اصلاح کی خاطر ضروری ہو سکتا ہے بلکہ اس وجہ سے بھی کہ رائے عامہ مقامی تدابیر اختیار کرنے کا مطالبہ کرے۔ یہ صحیح ہے کہ مقامی قلت کے باعث ہندوستان میں قیمتوں کا اضافہ بیرونی عالمی بازاروں میں اشیا کی برآمد کو خود بخود کم کر دے گا، لیکن قبل اس کے کہ برآمد میں مطلوبہ حد تک کمی واقع ہو یہ بھی ممکن ہے کہ کثیر مقدار برآمد ہو چکی ہو۔ لہٰذا اگر مقصد یہ ہو کہ اس مقدار کو ملک سے باہر جانے نہ دیا جائے اور اضافۂ قیمت کو روکا جائے تو حکومت کو اس بات کا انتظار کرنے کی بجائے کہ واقعات خود بخود اصلاح پا جائیں گے اسی وقت فی الفور کارروائی کرنی چاہیے

باب ۲ جبکہ اُسے خطرہ محسوس ہو۔[1]

اشیائے خام کی برآمد پر بندشیں

اشیائے خام کی برآمد کے بارے میں ان سب امور کا اعادہ غیر ضروری ہے جو حقیقی زائد مقدار کی اصطلاح کی تشریح کے سلسلے میں پیش کئے گئے تھے۔

صنعت میں اشیائے خام کے طور پر کام آنے والی زرعی پیداوار کی آزاد اور بے روک برآمد کے خلاف بہت سے دلائل پیش کیے گئے ہیں۔ اولاً یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ چونکہ کپاس، سن اور روغنداز تخم جیسی غیر غذائی تجارتی پیداوار کی برآمد سے اعلیٰ قیمت وصول ہوتی ہے، اس لیے غذائی پیداوار کے بجائے غیر غذائی پیداوار بوئی جا رہی ہے، اس کی کاشت کے لیے بہترین زمینوں کو کام میں لایا جا رہا ہے اور اجناس کی کاشت ادنیٰ زمینوں پر کی جا رہی ہے[2]۔ پھر بھی اجناس کی کاشت چھوڑ کر تجارتی فصلوں کی کاشت کرنے کے باوجود تجارتی پیداوار کے زیر کاشت مجموعی رقبہ، اجناس کے زیر کاشت مجموعی رقبے کے مقابلے میں بہت ہی چھوٹا ہے[3]۔ 201

یہ بلاشبہ صحیح ہے کہ غیر غذائی فصلوں کی کاشت کا رقبہ بتدریج اور یقینی طور پر بڑھ رہا ہے اور اس کی وجہ سے اجناس کا زیر کاشت رقبہ کم ہو رہا ہے، لیکن مجموعی پیداوار کی مدتک ان دونوں میں جو فرق و عدم مساوات ہے وہ سردست اجناس کی پیداوار کے بہت زیادہ موافق ہے، اور تجارتی پیداوار کے بڑھنے کے باعث اشیائے خوردنی کی رسد میں کمی اس قدر بعید از امکان ہے کہ فکرو پریشانی

---

[1] "قلت و قحط کے زمانے میں برآمد کو ممنوع قرار دینے کی پالیسی جس پر ۱۹۱۸ء اور ۱۹۲۰ء میں عمل کیا گیا فائدہ رساں ہوتی ہے۔ لیکن موجودہ زمانے میں اندرون ملک کی قیمتوں میں اضافہ ہونے کی صورت میں بھی برآمد پر کافی روک قائم نہیں کی جاتی اس لیے کہ مالی حیثیت سے پیدا کنندے (کسان) سوداگروں سے اور سوداگر برآمد کرنے والوں سے وابستہ ہوتے ہیں"۔ دیکھو آنس ٹے کی تصنیف محولہ بالا صفحہ ۱۷۔

[2] دیکھو کے، ال، دت کی تصنیف محولہ بالا صفحہ ۶۲ تا صفحہ ۶۶۔

[3] دیکھو جدول ہذا صفحہ ۲۵۱۔

باب ۶

کی کوئی فوری وجہ نہیں ہے۔ ہماری دانست میں ابھی اس کا وقت نہیں آیا ہے کہ قوم کے غذائی ذرائع کو محفوظ کرنے کی غرض سے کوئی خاص تدابیر اختیار کی جائیں اور تجارتی فصلوں کی پیدائش اور برآمد کی روک تھام کی جائے۔ ہمیں اس واقعے کو نظر انداز نہ کرنا چاہیئے کہ تجارتی اشیا کی پیدایش سے ان کسانوں کو معقول منافعہ وصول ہوتا ہے جو اس میں کام کرتے ہیں، چنانچہ ایسی صورت میں جبکہ کسان کو اچھا خاصہ منافعہ وصول ہو رہا ہو اس کی آزادی میں مداخلت کرنے کی سرِدست ہمارے لیے کوئی معقول وجہ نہیں ہے۔

اشیائے خام کی آزاد برآمد کے بارے میں ایک اور اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ ایسی پالیسی کی وجہ سے صنعت میں بطور اشیائے خام کام آنے والی اہم پیداوار مثلاً کپاس، سن، اور روغندار تخم کی قیمت ہندوستانی صناعوں کے لیے اتنی بڑھ جاتی ہے کہ وہ غیر ملکی حریفوں کے مقابلے میں اپنی حیثیت قائم رکھنے کے قابل نہیں رہتے۔ اگر ان کی برآمد پر بندشیں عاید کی جائیں تو ہندوستانی صناع ارزاں اشیائے خام سے فایدہ اُٹھا سکتا ہے اور یہ سہولت غیر ملکی صناع کو حاصل نہ ہوگی۔ گو ہم تسلیم کرتے ہیں کہ نوخیز دیسی صنعتوں کی تامین کرنا ضروری ہے تاہم اشیائے خام کی قیمتوں کو مصنوعی طریقے پر کم کرکے اس مقصد کو موثر طور سے حاصل کرنا ہمیں لشتبہ معلوم ہوتا ہے؛ اس لیے کہ مصنوعات کی مجموعی قیمت کے مقابلے میں اشیائے خام کی مجموعی قیمت کا تناسب بہت ہی کم ہے۔ ضروری تامین کا اس سے زیادہ موثر طریقہ یہ ہوگا کہ مالی امداد دی جائے اور تامینی محصول درآمد عاید کیا جائے۔

تیسرا استدلال یہ ہے کہ کپاس، سن وغیرہ کی فصلوں کی مسلسل کاشت کرنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ زمین پر بار پڑے گا اور اس کی قوت بتدریج سلب ہو جائے گی۔ اس سلسلے میں یہ بیان کیا جاتا ہے کہ روغندار تخموں اور کھلی کی کثیر مقدار میں برآمد خاص طور پر قابل اعتراض ہے۔ زمین کی زرخیزی میں اس لیے انحطاط پیدا ہو جاتا ہے کہ جو چیز اس سے خارج ہو جاتی ہے وہ اس کو واپس نہیں ملتی۔ زمین کی کمزوری کو روکنے کی غرض سے یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ روغندار تخموں پر تامینی محصول برآمد اور کھلی، ہڈی اور مچھلی کے کھاد کی برآمد پر بھاری محصول عاید کیا جائے۔ ضمناً

باب ۲ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ روغندار تخموں کے محصول کی تائید اس بنیاد پر بھی کی جاتی ہے کہ اس کی بدولت مقامی روغن برآری کی صنعت کو بھی ترقی ہوگی۔ زمین کی کمزوری کا معاملہ تو یہ امر بحث طلب ہے کہ آیا دراصل ایسا ہو رہا ہے یا نہیں[1]۔ لیکن اگر یہ بھی فرض کر لیا جائے کہ زمین کی قوت میں روز افزوں کمی واقع نہیں ہو رہی ہے تو بھی اس میں کلام نہیں ہو سکتا کہ موجودہ حالات میں جتنا کھاد اس کو دیا جا رہا ہے اس سے زیادہ مقدار میں دینے سے زمین کو بہت فایدہ پہنچے گا۔ غرض اس نقطۂ نظر سے یہ سفارش کی جا سکتی ہے کہ روغندار تخموں اور کھلی پر معتدل قسم کا محصول برآمد عاید کیا جائے، اور اس محصول کے ماتحت ایک جزو کو ضروری پروپگنڈا کے کام کے لیے الگ رکھا جائے تاکہ اس قسم کے کھاد کا روز افزوں استعمال یقینی ہو جائے۔ اس سے یہ توقع ہو سکتی ہے کہ کھاد کی قیمت میں اس حد تک کمی ہو جائے گی کہ اس پر غیر متطیع کسان کو بآسانی دسترس حاصل ہو اور اسی کے ساتھ روغندار تخم بونے والے کو بھی کوئی شدید معاشی ضرر نہ پہنچے۔ زرعی کمیشن، مالی کمیشن کی اس رائے کی حمایت کرتا ہے کہ روغندار تخموں یا کھلی پر محصول برآمد عاید کرنا یا ان اشیا کی برآمد کو سراسر ممنوع قرار دینا حق بجانب نہیں ہو سکتا[2]۔ چنانچہ زرعی کمیشن نے یہ استدلال کیا ہے کہ محصول برآمد کا بار تخم بونے والے کسانوں پر پڑے گا، اس لیے کہ ہندوستان ہی روغندار تخم پیدا کرنے والا دنیا کا سب سے بڑا ملک نہیں ہے، اور یہ محصول کسان کو روغندار تخموں اور کھلی کے خریدار کی حیثیت سے جتنا نفع پہنچائے گا اس سے زیادہ اس کو بونے والے کی حیثیت سے نقصان پہنچائے گا۔ چونکہ روغندار تخموں کی کاشت ہندوستان میں بہت بڑے رقبے پر ہوتی ہے اور ان تخموں میں نائٹروجن بھی ملی ہوئی ہوتی ہے، اس لیے کمیشن کی رائے ہے کہ

202

[1] ۔ دیکھو فصل ۱۲ اسی باب میں۔

[2] ۔ لیکن زرعی بورڈ نے ۱۹۱۹ء میں اور محصول کی تحقیقاتی کمیشن کی اکثریت نے محصول برآمد کی حمایت کی تھی۔

باب ۶

نائٹروجن کی کافی بڑی رسد سہولت کے ساتھ حاصل کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ روغن برآری کی صنعت کو ترقی دی جائے۔ گو ہندوستان میں تیل کی مانگ ناکافی ہونے کی وجہ سے اور غیر ملکی بازاروں میں اہل یورپ کی سخت مسابقت کے باعث یہ کام مشکل ہے، پھر بھی ہندوستان میں اس صنعت کے امکانات کی احتیاط کے ساتھ تحقیق سود مند ہوگی۔[1]

۱۱۔ پیداوار کی کمی اور اس کے اسباب۔

گو ہندوستان میں زراعت ہی واحد قومی صنعت ہے، تاہم اس کو انتہائی غیر اطمینان بخش طریقے پر چلایا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ مختلف فصلوں کی پیداوار فی ایکڑ ان ملکوں کے مقابلے میں بہت کم ہے جہاں زراعت بدرجہا بہتر طریق پر منظم ہے۔ چنانچہ اس واقعے کی تشریح کے طور پر مندرجۂ ذیل جدول (۱) میں یہ بتلایا گیا ہے کہ ۱۹۱۸ء تا ۱۹۱۹ء، ۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء، اور ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ہندوستان کی اہم فصلوں کی اوسط پیداوار فی ایکڑ کیا تھی اور جدول (۲) میں یہ بتلایا گیا ہے ۱۹۲۲ء میں ہندوستان اور دوسرے ممالک کی پیداوار فی ایکڑ کیا تھی۔[2]

203

جدول (۱)

پیداوار	۱۹۱۸ء تا ۱۹۱۹ء (پاؤنڈ)	۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء (پاؤنڈ)	۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء (پاؤنڈ)	پیداوار	۱۹۱۸ء تا ۱۹۱۹ء (پاؤنڈ)	۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۶ء (پاؤنڈ)	۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۶ء پاؤنڈ
سانٹھ کیا ہوا چاول	۷۰۱	۷۹۸	۸۳۴	السی	۲۶۵	۲۰۸	۲۶۱

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ (۸۷)۔

[2] دیکھو ایک کتاب موسومہ "ہندوستان میں اہم فصلوں کی پیداوار اور رقبے کا اندازہ برائے ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء" صفحہ ۹ تا صفحہ ۱۱ اور ریاستہائے متحدۂ امریکہ کے محکمۂ زراعت کا "زرعی سالنامہ" برائے ۱۹۲۳ء۔

باب ۶

سلسلہ جدول (۱)

پیداوار	۱۹۱۸ء تا ۱۹۱۹ء (پاؤنڈ)	۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء (پاؤنڈ)	۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء (پاؤنڈ)	پیداوار	۱۹۱۸ء تا ۱۹۱۹ء (پاؤنڈ)	۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء	۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء
گیہوں...	۷۰۷	۶۹۴	۵۸۱	سرسوں اور رائی	۳۰۱	۴۱۶	۳۵۳
نیشکر....	۱۸۹۷	۲۵۴۴	۳۴۵۰	تیل	۱۶۴	۱۹۲	۱۹۳
چائے....	۵۶۱	۵۲۸	۴۷۰	مونگ پھلی	۹۹۷	۸۶۷	۹۲۲
کپاس (اوٹی ہوئی)	۷۶	۸۷	۸۴	تخم ارنڈ	×	۲۰۷	۲۰۹
سن....	۱۱۹۵ (۱۹۱۸ء)	۱۱۶۴ (۱۹۲۴ء)	۱۲۹۲ (۱۹۳۴ء)	ریڑھ	۱۱۵ (۱۹۱۹ء)	۱۲۱ (۱۹۲۴ء)	۱۴۱ (۱۹۳۰ء)
کافی ...	۱۸۳ ۱۹۱۹ء تا ۱۹۲۰ء	۱۳۹	۱۸۴ ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء				

باب ۶

جدول (۲)

ملک	گیہوں شامل ۶۰ پاؤنڈ	غلہ شامل ۵۶ پاؤنڈ	جو شامل ۴۸ پاؤنڈ	چاول (پاؤنڈ)	کپاس (پاؤنڈ)	تمباکو (پاؤنڈ)
کینیڈا .. .	۱۷٫۸	۴۳٫۴	۳۰٫۶	.	.	.
ریاستہائے متحدۂ امریکہ	۱۳٫۹	۳۸٫۳	۳۴٫۹	۱۰۹۰	۱۴۱٫۰	۷۳۵٫۶
انگلستان	۳۱٫۲	.	۳۱٫۰	.	.	.
ڈنمارک	۳۹٫۰	.	۴۵٫۶	.	.	.
فرانس	۱۸٫۶	۱۶٫۰	۲۳٫۹	.	.	۱۴۲۶٫۱
اٹلی	۱۴٫۱	۲۰٫۲	۱۴٫۳	۲۱۵۱	.	۹۱۷٫۹
جرمنی	۲۰٫۵	.	۲۵٫۷	.	.	۲۶۳۹٫۲ (۱۹۲۱ء)
مصر	۲۴٫۱	۳۶٫۳	۳۰٫۱	۱۴۵۶ (۱۹۲۱ء)	۲۹۹٫۰ ۳۵۲٫۰ (۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء)	×

باب ۶

سلسلہ جدول (۲)

ملک	گیہوں بشمل ۶ پاؤنڈ	غلہ بشمل ۵۶ پاؤنڈ	جو بشمل ۴۸ پاؤنڈ	چاول (پاؤنڈ)	کپاس پاؤنڈ	تمباکو (پاؤنڈ)
ہندوستان	۱۳٫۰	۵٫۶	۱۹٫۸	۹۱۱	۹۸٫۰	x
جاپان	۲۲٫۵	۲۷٫۷ (سنہ ۱۹۲۱)	۳۱٫۷	۲۴۷۷	x	x
آسٹریلیا	۱۱٫۲	۲۵٫۰	۲۱٫۳ (سنہ ۱۹۲۱)	x	x	x

ہندوستانی کھیتوں کی ادنیٰ پیداآوری کا ذکر کرتے ہوئے سر ام، دس ڈیسوریا لکھتے ہیں کہ:۔ زمانۂ قبل از جنگ کی معمولی بنیاد پر برطانوی ہند کی اوسط پیداوار، بہ شمول ان فصلوں کے جن کے زیر کاشت خطوں کی آبپاشی کی جاتی ہے، پچیس روپے فی ایکڑ سے زیادہ قیمت کی نہیں ہوسکتی؛ لیکن جاپان میں ایک ایکڑ کی پیداوار کی قیمت ڈیڑھ سو روپے سے کم نہیں ہوسکتی۔[1]

204 ہندوستان میں ادنیٰ پیداآوری کے اسباب میں سے ایک سبب بارش کی غیر معین نوعیت ہے۔ بارش کی قلت اور نامعین ہموار

[1] دیکھو سر ام دس ڈیسوریا کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۱۷۔

باب ۶

تقسیم کے قطع نظر دوسرے اسباب بھی ہیں مثلاً سیلاب، ژالہ باری، کہر اور دوسرے موسمی تغیرات و اختلافات جو پیداوار پر مضر اثر ڈالتے ہیں تحت باراں کی اصلاح ایک حد تک آبپاشی سے ہو جاتی ہے، لیکن دوسری مصیبتوں کو انسانی تدبیر سے پوری طرح رفع نہیں کیا جا سکتا۔ جنگلی جانور، ہو ہے، ٹڈے اور دوسرے کیڑے بھی بہت نقصان پہنچاتے ہیں، اور مختلف محکمۂ جات زراعت نے ان سے بچاؤ کی تدابیر نکالنے اور ان کو عوام میں مقبول بنانے کی جانب کامیابی کے ساتھ توجہ کی ہے۔

پیداوار کی کمی کی ایک اور وجہ غیر موثر کاشت اور آلات کے بارے میں کاشتکار کی بے سروسامانی ہے۔ اس سلسلے میں جو مسائل رونما ہوتے ہیں ان پر نیز زمین کی انتہائی تقسیم و تقسیم اور انتشار اراضی پر جس سے کھیتی باڑی میں فضول خرچی بڑھتی ہے متعاقب بحث کی جائے گی۔

۱۲۔ کیا ہندوستان میں زمین بتدریج کمزور ہو رہی ہے؟

وثوق کے ساتھ یہ بات کہی گئی ہے کہ چند سالوں سے ہندوستان میں غذائی اجناس کی اوسط پیداوار فی ایکڑ کم ہو گئی ہے اور ہوتی جا رہی ہے۔ لیکن اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ حقیقت میں ایسا ہی ہے تو بھی اس کو زمین کی کمزوری کا بین و قطعی ثبوت نہیں قرار دیا جا سکتا۔ ممکن ہے کہ اس کی وجہ یہ ہو کہ غذائی اجناس کی کاشت ادنیٰ زمینوں پر کی جاتی ہو، اور کپاس، سن اور روغنہ ارتخموں وغیرہ جیسی تجارتی پیداوار کی کاشت کے لیے بہتر قسم کی زمینیں محفوظ رکھی جاتی ہوں۔ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ نہ صرف غذائی اجناس بلکہ دوسری اشیا کی اوسط پیداوار فی ایکڑ زمین کی تدریجی کمزوری کے باعث گھٹ گئی ہے اور ممکن ہے کہ اس خیال کا باعث کسی حد تک یہ واقعہ ہو کہ زرعی پیداوار کی طلب کے اضافے کے ساتھ ساتھ، کاشت میں توسیع عمل میں آئی یہاں تک کہ ادنیٰ ترین زرخیزی والی اور غیر نفع بخش زمینیں بھی اس کے زیر کاشت آ گئیں۔ اس کا نتیجہ نظری طور پر یہی ہو گا کہ اوسط پیداوار فی ایکڑ کم ہو جائے گی۔ اس بارے میں کاشتکار کا اندازہ اس وجہ سے

باب ۶ غلط ہو سکتا ہے کہ وہ اس کی بنیاد ایسے زمانے کی یاد پر قائم کرتا ہے جبکہ صرف بہتر قسم کی زمینیں زیر کاشت تھیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آبادی کی زیادتی کے باعث کسی عادی طور پر غیر متروعہ و افتادہ رقبوں میں کمی ہو گئی ہو اور اس کے نتیجے کے طور پر نہ صرف بے منزائی زمین میں بلکہ کھاد کی موجود رسد کی مقدار پائے ہوئے متروعہ رقبہ میں اضافہ ہو گیا ہو اور اس کا نتیجہ یہ ہوا ہو کہ زمین کمزور اور خراب ہو گئی ہو۔[1]

ان امور سے قطع نظر کرتے ہوئے ماہروں کی رائے بظاہر اس نظریے کے خلاف ہے کہ دور حاضر میں ہندوستان کی زمین ہر سال زیادہ سے زیادہ کمزور ہوتی جا رہی ہے۔ ڈاکٹر گلاوسٹن جو اس وقت حکومت ہند کے زرعی مشیر تھے، اپنی تحریری یادداشت میں جو انھوں نے زرعی کمیشن کے سامنے پیش کی کہتے ہیں کہ "ہندوستان کے اکثر خطہ ہائے زمین لازمی طور پر صدہا سال پیشتر ہی انتہائی کمزوری اور ادنیٰ زرخیزی کی حالت پر پہنچ چکے ہوں گے اور اگر ان پر
205 آیندہ اور صدہا سال تک کھاد کے بغیر فصلیں بوئی جائیں تو ان کی کمزوری میں مزید اضافہ نہ ہوگا۔ کسی اوسط درجے کی فصل میں تقریباً بیس پونڈ نائیٹروجن فی ایکڑ صرف ہوتی ہے۔ لیکن اس نقصان کی تلافی سال بہ سال ہو جاتی ہے، اس لیے کہ زمین مطلوبہ نائیٹروجن ہوا سے اور ان گلی سڑی جڑوں سے حاصل کر لیتی ہے جو فصل کی کٹائی کے بعد زمین کے اندر رہ جاتی ہیں۔ نتیجہ یہ کہ اکثر خطے نائیٹروجن کی حد تک کمزور نہیں ہیں۔ روتھم اسٹیڈ میں جو دنیا کا سب سے بڑا زرعی تحقیقاتی مرکز ہے یہ بات قطعی طور پر ثابت ہو گئی ہے کہ وہاں کی زمین میں انتہائی ضعف اس وقت تک پیدا نہیں ہوا جب تک کہ اس پر مسلسل چالیس سال تک گیہوں کی کاشت نہیں کی گئی؛ لیکن اس مدت کے بعد بھی اور اس امر کے باوجود کہ کھیت کو کسی قسم کا کھاد نہیں دیا گیا سالانہ پیداوار تقریباً ایک حالت پر ساکن رہی۔ اس لحاظ سے ہم تسلیم کر سکتے ہیں کہ ہندوستان میں ایک محدود رقبہ ایسا ہے جس کی زمینوں میں

---

[1] زرعی کمیشن کی رپورٹ، پیراگراف (۷۷)۔

باب ۶

فاسفیٹ کی قلت ہے، لیکن اس کے سوا جو قدیم مزروعہ زمین ہے وہ بہت ہوئی کہ انتہائی ضعف کی حالت کو پہنچ چکی؛ یہ کہ اب پیداوار کی زیادتی کا دارومدار بارش، معیار کاشت اور کھاد کی نوعیت پر ہے؛ اور یہ کہ صرف نئی زمین یا زمینوں میں جن میں فاسفیٹ کی کمی ہے کاشت کی وجہ سے ضعف پیدا ہو رہا ہے۔[1] ڈاکٹر فلیکر نے یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ جہاں تک عام ہندوستانی زمینوں کا تعلق ہے وہاں تک تخموں، کپاس اور دوسری پیداوار کی برآمد کے باعث زمین کے اجزائے ترکیبی خارج ہو جانے کے بعد اس کو واپس نہیں ملتے، جس کا نتیجہ یہ ہے کہ زمین مسلسل کمزور ہوتی جا رہی ہے۔ لیکن ڈاکٹر موصوف نے بھی اس خیال کو مشروط طریقے پر ظاہر کیا، چنانچہ وہ اس واقعے کی جانب توجہ منعطف کرتے ہیں کہ ہندوستان میں ہر سال جو فصلیں بوئی جاتی ہیں ان کا بیشتر حصہ اور درخت اور خودرو پودے بھی غذا کے محتاج ہیں اور اپنے لیے نائٹروجن ہوا سے لیتے ہیں۔[2] کے، ال، دت جملہ ممکنہ شہادت کو جانچنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ "اس بات کو ثابت کرنے کے لیے کوئی اعدادی شہادت نہیں ہے کہ ہندوستان کے کسی حصے میں زرعی زمین کی زرخیزی میں کوئی تغیر واقع ہوا ہے، خواہ ہم زیر تحقیقات زمانہ ۱۸۹۰ء تا ۱۹۱۲ء لیں یا اس سے بھی زیادہ کوئی طویل زمانہ۔"[3]

خوش قسمتی سے اس انتہائی فنی معاملے پر کوئی قطعی رائے قایم کرنا ہمارے لیے ضروری نہیں ہے۔ ہمارے نقطۂ نظر سے اہم ترین واقعہ یہ ہے کہ ہندوستان کی زمین کی پیداآوری در اصل ادنیٰ ہے۔ یہ بات عام طور پر تسلیم کی جاتی ہے کہ ہندوستان میں زمین کی پیداآوری کی اصلاح و ترقی نہایت اہم ہے، نیز یہ بھی کہ پیداوار کی اصلاح و ترقی کا واحد طریقہ یہ ہے کہ زمین کی اچھی طرح خبرگیری کی جائے اور کافی مقدار میں کھاد دیا جائے۔ محض اس بات کا یقین دلا دینے سے طمانیت و تسکین نہیں ہو سکتی کہ

---

[1] دیکھو روداد شہادت متعلقہ زرعی کمیشن رپورٹ جلد اول جزو اوّل، صفحہ ۳۲۔

[2] دیکھو دت کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۱۰۔

[3] دیکھو دت کی تصنیف صفحہ ۶۸۔

باب ۶ ایک سکونی حالت قایم ہوگئی ہے اور زمین میں ضعف اس لیے نہیں پیدا ہو سکتا کہ وہ کمزوری کی حالت پر بہت پہلے ہی پہنچ چکی ہے۔ اس کے معنی بہرصورت یہ ہیں کہ حالات اس قدر خراب ہو چکے ہیں کہ ان کے اب بد سے بدتر ہونے کا امکان نہیں پایا جاتا۔ اس کے برخلاف تلافی اور صورت حال کی اصلاح کرنے کی غرض سے جدوجہد کرنے کی قوی وجہ ہمارے لیے ہمیشہ کی طرح موجود ہے۔ اس سلسلے میں زرعی کمیشن اس بات پر زور دیتا ہے کہ کھیتوں اور زمین کے حالات کے بارے میں تحقیقاتی کام انجام دینا ضروری ہے اور یہ سفارش کرتا ہے کہ محکمۂ جات زراعت میں محققوں اور ماہروں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور خاصکر جراثیمی طبعی اور نباتی تحقیقات کی غرض سے فن داں افسروں کا تقرر کیا جائے۔[1]

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ پیراگراف (۸۸)۔

باب

207

زراعت

زمین اور اُس کے مسائل

اس باب میں ہم زمین کے متعلق اہم مسائل پر حسب ذیل عنوانات کے تحت بحث کریں گے:-

(۱) تقسیم و انتشار اراضی؛ (۲) مستقل اصلاح و ترقی؛ اور (۳) آبپاشی[1]

تقسیم و انتشار اراضی

۱۔ متوازن کھیت کا تخیل۔

ہندوستان کی زرعی پسماندگی اور کسان کے افلاس کے جو متعدد اسباب ذمہ دار ہیں ان کے منجملہ ایک سبب زمین کی غیر محدود تقسیم

[1] حقیقت الاراضی کے اہم موضوع پر کسی متعاقب باب میں علٰحدہ بحث کی گئی ہے۔

باب ۱۰ اور اس کا انتشار ہے۔ صنعت و حرفت کی طرح زراعت میں بھی پیدائش کا ایک مقررہ پیمانہ ہوتا ہے جس سے پیدا کنندے کے نقطۂ نظر سے بہترین نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ اگر ایک مقررہ حد کے بعد پیدائش کے پیمانے میں مزید تخفیف کی جائے تو اس کی وجہ سے مصارف اور پیداوار کا تناسب بتدریج زیادہ سے زیادہ ناموافق ہوتا جائے گا، یہاں تک کہ منافعہ بالکل غائب ہو جائے گا۔ بے شبہ ایسا مقام بھی ہوتا ہے جس سے تجاوز کر کے کھیت کی وسعت میں اضافہ کرنا منفعت بخش نہیں ہوتا؛ لیکن اس کل بحث کے دوران میں جسے ہم عنقریب شروع کریں گے اس امکان کو یہ سمجھ کر نظر انداز کر دیا جائے گا کہ ہندوستان کی حد تک یہ کوئی عملی اہمیت نہیں رکھتا۔

۲۔ کاشت کی اکائی اور ملکیت کی اکائی

جس وقت ہم مناسب وسعت کے کھیت کا ذکر کرتے ہیں تو ہمارے ذہن میں لازمی طور پر زمین کا وہ رقبہ نہیں ہوتا جو زیر ملکیت ہو بلکہ دراصل کاشت کی اکائی ہوتی ہے؛ اگرچہ ہندوستان کے رعیت واری علاقوں میں ان دونوں میں بیطابقت ہوتی ہے۔ مل کا قول ہے کہ "محض اس بنیاد پر کہ ملکی جائداد چھوٹے اجزا میں تقسیم ہے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ کھیتوں کی بھی یہی حالت ہوگی۔ جس طرح یہ ممکن ہے کہ بڑی جائدادوں کے ساتھ چھوٹے کھیت موجود ہوں اسی طرح یہ بھی ممکن ہے کہ چھوٹی جائدادوں کے ساتھ بڑے کھیت موجود ہوں؛ اور قبضے یا دخیلکاری کی ذیلی تقسیم، ملکی کسانوں کی تعداد کی زیادتی جب کثرت کا بھی ناگزیر نتیجہ نہیں ہے۔" لیکن یہ صرف اُس وقت ممکن ہے جبکہ ارث تقسیم نہ کی جائے۔ یا جیسا کہ نکلسن بیان کرتا ہے[1] "بڑی جائدادوں کا مطلب لازمی طور پر یہ نہیں ہے کہ کاشت وسیع پیمانے پر ہو اور نہ وسیع نظام ملکیت کے معنی لازمی طور پر یہ ہیں کہ کاشت چھوٹے پیمانے پر ہو۔ ممکن ہے کہ بڑی جائداد چھوٹے چھوٹے اجزا اور کھیتوں میں لگان یا پٹے پر دی جائے، اور کوئی بڑا کاشتکار پٹے کی زمین مختلف مالکوں سے حاصل کرے۔"

اگر کسان کا ذاتی کھیت اتنا چھوٹا ہو کہ اُس پر کفایت کے ساتھ کاشت نہ کی جا سکتی ہو تو اس کمی کو دوسرے اشخاص سے زاید زمین پٹے پر لے کر

[1] دیکھو نکلسن کی تصنیف محولۂ بالا جلد اوّل صفحہ ۱۴۹۔

باب 208

پورا کیا جا سکتا ہے[1]۔ چنانچہ ہندوستان میں ایک حد تک ایسا ہی ہوتا ہے اور اسی لیے کھیتوں کی وسعت اور اُس کے معاشی نتائج کے متعلق اعداد و شمار کی تشریح کرنے میں ہمیں اس کی رعایت ملحوظ رکھنی چاہئے۔ ہمیں ایسی حالتوں کا بھی لحاظ کرنا چاہیئے جن میں کاشت مشترک طور پر ہوتی ہے۔ ہمیں بلا تحقیق براہ راست یہ فرض کر لینے کا کوئی حق نہیں ہے کہ ہر خطۂ زمین جو جدا جدا افراد کی ملک ہے اُس پر کاشت بھی جدا جدا افراد کرتے ہیں۔ گو ممکن ہے کہ اس قسم کا مفروضہ عام طور پر صحیح ہو لیکن ہمیشہ ایسا ہی نہیں ہوتا۔

ایک اور واقعہ جس سے تقسیم اراضی قریب قریب ہر صورت میں ہندوستان میں منسوب کی جاتی ہے زمین کا منتشر خطوں میں پھیلا ہوا ہونا ہے۔ یہی نہیں کہ کھیت حد سے زیادہ چھوٹا ہوتا ہے بلکہ متعدد حصوں میں منتشر ہوتا ہے اور ایک حصہ دوسرے سے تکلیف دہ فاصلے پر واقع ہوتا ہے۔

زرعی کمیشن نے تقسیم اراضی اور کھیتوں کے انتشار کے مسئلے پر مندرجۂ ذیل چار عنوانوں کے تحت بحث کی ہے:- (۱) حقوق داروں کے کھیتوں کی ذیلی تقسیم؛ (۲) کسانوں کے کھیتوں کی ذیلی تقسیم؛ (۳) حقوق داروں کے کھیتوں کا انتشار؛ اور (۴) کسانوں کے کھیتوں کا انتشار۔ "حقوق داروں" کی اصطلاح اُن اشخاص کی تعریف کے لیے استعمال کی گئی ہے جو کسی نہ کسی قسم کا موروثی حق زمین کے بارے میں رکھتے ہیں خواہ مالکوں کی حیثیت سے یا دخیلکار کسانوں یا پٹہ داروں کی حیثیت سے؛ اور "کسانوں" کی اصطلاح میں وہ سب اشخاص داخل ہیں جو مذکورۂ بالا حیثیتوں میں سے کسی ایک حیثیت سے زمین پر کاشت کریں یعنی مالکوں یا پٹہ داروں کی حیثیت سے یا دخیلکار کسانوں یا اسامی غیر دخیلکار یا مستاجر کی حیثیت سے؛ لیکن ایسا کسان جس کو اجرت دی جاوے اس تعریف میں داخل نہیں[2]۔

اس موضوع کی بحث میں ہمیں اس چیز کے مان لینے میں سہولت معلوم ہوئی

---

[1] ۔ ظاہر ہے کہ کسان کو پٹے پر زمین لینے سے جو معاشی فائدہ ہوگا وہ ذاتی زمین کے مقابلے میں کم ہوگا اس لیے کہ لگان کی مقدار مقررہ مالگزاری سے زیادہ ہوگی۔

[2] ۔ دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، پیراگراف (۱۱۸)۔

باب

جو عام طور پر صحیح ہے یعنی یہ کہ حقوق داروں کے کھیت جس طرح ذیلی اور منتشر اجزا میں تقسیم ہیں اسی طرح کاشت کے خطّے بھی ذیلی اور منتشر اجزا میں منقسم ہیں۔ چنانچہ ایک کی اصلاح جن تدابیر سے ہو سکتی ہے وہی دوسرے کی بھی بڑی حد تک اصلاح کر سکتے ہیں۔

۳۔ تقسیم اراضی اور انتشار کی خرابیاں

بہت ہی چھوٹے رقبے کے کھیت پر کاشت کرنے سے مختلف طریقوں سے نقصان پہنچتا ہے۔ معمولی کسان کے پاس جو تھوڑا سا سازوسامان رہتا ہے یعنی ایک جوڑ بیل اور ہل اس سے بھی اُس کی انتہائی قوت تک کام نہیں لیا جا سکتا۔ خطّے بعض اوقات اس قدر تنگ اور مختصر ہوتے ہیں کہ ہل چلاتے وقت بیلوں کو پلٹانا بھی بمشکل ممکن ہوتا ہے۔ بیلوں کی پرورش اور کسانوں کی ضروریات زندگی کے مصارف وہی مقررہ ہوتے ہیں۔ ان میں اس بنا پر کمی نہیں ہو جاتی کہ اس کا کھیت رقبے میں اس کھیت سے چھوٹا ہے جس پر کاشت کرنے کے لیے اس کا مکمل سازوسامان مکتفی ہو سکتا ہے۔ دوسری طرف پیداوار کم مقداروں میں وصول ہونا یقینی ہے۔ عام طور پر دیکھا جائے تو ایک مقررہ حد کے بعد کھیت کی وسعت کی ہر تخفیف کے ساتھ پیداوار کی قیمت کے مقابلے میں جملہ مستقل مصارف کا تناسب بڑھتا جاتا ہے۔ رہے عارضی اور تغیر پذیر مصارف تو ان میں سے کبھی بعض میں خطّے کی وسعت اور رقبے کے تغیر کے ٹھیک تناسب سے تغیر نہیں ہوتا۔ مثلاً کھیت کے اطراف جھاڑی لگانے یا احاطہ بندی کرنے کے فی ایکڑ مصارف احاطہ کردہ رقبے کی تخفیف کے ساتھ بڑھتے جاتے ہیں۔ اگر کوئی خطّہ بہت زیادہ چھوٹا ہو تو ممکن ہے کہ بھولے بھٹکے جانوروں سے حفاظت کرنے کی خاطر سے باڑ لگانے کے مصارف برداشت کرنا سودمند نہ ہو۔ اور مناسب باڑ لگا کر کھیتوں کو محفوظ کرنے کی عدم قابلیت جملہ کسانوں پر کاشت کا یکساں طریقہ عائد کر دے گی۔ فصلوں کو آس پاس کے اُفتادہ خطّوں کے بھولے بھٹکے مویشیوں سے نقصان پہنچنے کے امکان کی وجہ سے کوئی نیا کاشت کا طریقہ یا دوری فصلوں کا طریق ممکن نہیں۔ اگر باڑ لگانے میں زحمت ہو تو چوکی داروں کو لازم رکھنے میں عام طور پر اور بھی زیادہ زحمت ہوگی۔ ایسی صورت حال حوصلہ مند اور اولوالعزم کاشتکار کے لیے انتہائی طور پر بہت شکن ہوتی ہے۔ چھوٹے کھیتوں کی بڑی تعداد

209

باب ۵

میں موجودگی کی وجہ سے ایک نقصان یہ بھی ہوتا ہے کہ بہت بڑا رقبہ بیکار ہو جاتا ہے۔ مثلاً بہت زیادہ جھاڑی اور باڑ لگانی پڑتی اور راستے بنانے پڑتے ہیں، اور اس طریقے سے بحیثیت مجموعی بہت بڑا رقبہ ضایع ہو جاتا ہے۔ انفرادی کھیتوں کی تعداد جتنی کم ہوگی اتنا ہی زیادہ رقبہ کاشت کے لیے دستیاب ہو سکے گا، اور کارآمد زمین کی بحیثیت ہوگی۔ علاوہ ازیں ممکن ہے کہ کسی کھیت میں زیرِ زمین پانی بکثرت موجود ہو، لیکن اس سے اس لیے فائدہ نہیں اُٹھایا جا سکتا کہ کنواں کھودنے کے معنی یہ ہوں گے کہ کھیت کے انتہائی طور سے چھوٹے رقبے کے مقابلے میں مصارف کا تناسب حد سے بہت بڑھ جائے گا۔ اگر چار یا پانچ ایکڑ زمین ہو تو کنواں کھودنا مفید و مناسب ہو سکتا ہے۔ لیکن اگر رقبہ صرف ایک ایکڑ یا اس سے بھی کم ہو تو اس میں کنویں کی کندیدگی مناسب نہ ہوگی۔ چھوٹے کاشتکار کے لیے محنت بچانے والے آلات مثلاً ٹریکٹر کاہنے کی مشین، غلہ کا بھوسہ نکالنے اور صاف کرنے کی کل وغیرہ کا استعمال کرنا اُس وقت تک ناممکن ہے جب تک کہ امداد باہمی کی کوئی نہ کوئی شکل یا مشترک سرمایہ یا جدّوجہد کی کوئی انجمن نہ ہو۔ لیکن یہ چیزیں آسانی کے ساتھ فراہم نہیں کی جا سکتیں۔ کسی نامناسب طور سے چھوٹے کھیت سے جو خرابیاں پیدا ہوتی ہیں وہ سب اُس کھیت میں یکجا ہو جاتی ہیں جو چھوٹا ہونے کے علاوہ منتشر بھی ہوتا ہے۔ کھیتوں کے انتشار کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر مان کہتے ہیں کہ[1] "اس میں چھوٹے کھیتوں کی ساری خرابیاں اس لحاظ سے موجود ہوتی ہیں کہ اُن میں کلوں اور محنت بچانے والے آلات کو استعمال نہیں کیا جا سکتا؛ اور دوسری جانب بڑے کھیتوں کی ساری خرابیاں اس لحاظ سے موجود ہوتی ہیں کہ ان میں واقعی عمیق کاشت دستی محنت کے ذریعے سے نہیں کی جا سکتی جیسا کہ چھوٹے کھیت والا سہولت کے ساتھ کر سکتا ہے۔" اراضی کی تقسیم در تقسیم اور کھیتوں کے انتشار کے باعث باڑ لگانے کی دشواریاں، آس پاس کے کھیتوں کے بھولے بھٹکے جانوروں اور مویشیوں کے حملے اور مداخلت بیجا سے تحفظ کی دقتیں، اور چوروں کی دستبرد کی مدافعت کی مشکلات عام طور پر محسوس ہوتی ہیں۔

---

[1] دیکھو ان کی کتاب موسوم بہ "دکنی گاؤں کی محنت اور زمین" جلد اوّل صفحہ ۴۸۔

باب

لیکن بعض اور بھی خرابیاں انتشار اراضی کے باعث خاص طور پر رونما ہوتی ہیں۔ اور وہ یہ ہیں کہ ایک یکجائی کھیت کے مقابلے میں اُسی کے مساوی رقبے کے منتشر کھیتوں پر محنت و اصل زیادہ صَرف ہوتا ہے یعنی مصارف کاشت زیادہ ہوتے ہیں اور پیداوار بھی کمتر وصول ہوتی ہے۔ چنانچہ اندازہ کیا گیا ہے کہ ہر ۵۰۰ میٹر فاصلے کے لیے دستی محنت اور ہل چلائی کے مصارف میں ۳، ۵ فی صد کھاد کی نقل و حمل کے لیے ۲۰ تا ۳۵ فی صد اور فصلوں کی پیداوار کی نقل و حمل کے لیے ۵ تا ۳۲ فی صد کا اضافہ ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ کھیتوں کا انتشار ان سب صورتوں میں مصارف بڑھا دیتا ہے۔ علاوہ ازیں وہ کاشت میں بھی مزاحمت پیدا کرتا ہے اور دیہی سکونتی خطے سے کھیتوں تک اور پھر ایک کھیت سے دوسرے تک جانے میں بہت سا وقت لگتا ہے اور بہت سی محنت اور بہت سی مویشیوں کی قوت ضائع جاتی ہے۔ کھیتوں کے منتشر ہونے کی وجہ سے کسان کے لیے بظاہر یہ ناممکن ہو جاتا ہے کہ موثر کاشت کی غرض سے اپنے کھیت ہی پر مقیم رہے۔ بالعموم یہ بھی ہوتا ہے کہ کسان وقت بچانے کے لیے دوسرے اشخاص کے کھیتوں میں سے گزر کر قریب ترین راستہ تلاش کر لیتا ہے۔ اس کی وجہ سے نیز سرحدوں اور حقوق راہ روی کے بارے میں اہل دیہ میں لڑائی جھگڑے پیدا ہوتے ہیں اور مقدمہ بازیاں ذریعہ آمدنی بن جاتی ہیں۔ اگر کسان کے سب کھیت ایک ہی جگہ ہوں تو وہ اپنے مویشیوں کو روزمرّہ گاؤں سے کھیت کو لاتے لے جانے کے بجائے کھیت ہی پر رکھ سکتا ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ اُس کو کھاد کی بہت بڑی بچت ہو جائے گی۔ لیکن اراضی منتشر ہونے کی وجہ سے کھاد کو بھی گاؤں کے گھورے سے کھیت تک لے جانا پڑتا ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بہت سا کھاد ضایع جاتا ہے۔ اگر کھیت بہت ہی چھوٹے اور منتشر ہوں تو پانی کافی مقدار میں موجود ہونے کے باوجود آب پاشی عام طور پر ناممکن ہو جاتی ہے۔ کسی انفرادی کسان کے سب چھوٹے چھوٹے منتشر کھیتوں میں پانی بہ آسانی نہیں پہنچایا جا سکتا۔ علاوہ ازیں اگر نالیوں کے ذریعے سے پانی پہنچایا بھی جا سکتا ہے تو دوسرے لوگوں کے کھیتوں میں سے یہ نالیاں لے جانی پڑیں گی۔ یہ بخوبی معلوم ہے کہ نالیوں کے ذریعے سے پانی پہنچانے اور تقسیم کرنے کی دشواریاں بہت کچھ فساد اور لڑائی جھگڑے کا موجب بنتی ہیں۔

211

بعض اوقات تقسیم اراضی و انتشار کا متحدہ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ زمین پر کاشت کلیتہً موقوف ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹر مان ان خرابیوں کو اجمالی طور پر یوں بیان کرتے ہیں کہ "یہ طریقہ حوصلہ مندی کو فنا کر دیتا ہے محنت کی کثیر مقدار کو ضائع کر دیتا ہے حد بندیوں کے باعث بہت بڑی زمین کا نقصان کر دیتا ہے کھیتوں پر کاشت عمیق کو غیر ممکن بنا دیتا ہے جیسی کہ دوسری صورت میں ممکن ہوتی اور دخیلکار کاشتکاروں یا عمدہ زرعی جانداد کے خریداروں کی حیثیت سے زردار غیر اشخاص کے داخلے کے امکان کو روکتا ہے"[1]

۴۔ تقسیم اراضی و انتشار کے حق میں دلائل۔

یہ خیال نہ کر لینا چاہئے کہ انتشار اراضی کی سب صورتیں نامناسب ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ کسی کھیت کا ایک ہی جگہ نہ ہونا معاشی لحاظ سے پوری طرح حق بجانب بھی ہو سکتا ہے کھیت کا مختلف و منتشر خطوں کی شکل میں ہونا اس لحاظ سے ضروری ہو سکتا ہے کہ وہ کسی حد تک موسمی تغیرات سے بچاؤ کا ضامن ہوتا ہے۔

"ہندوستان کے اکثر علاقوں میں یہ صورت حال پائی جاتی ہے کہ مختلف قسم کی زمینوں کے منتشر کھیتوں میں دو یا دو سے زائد قسم کی فصلیں اس خیال سے بوئی جاتی ہیں کہ اگر ایک فصل بارش کی کمی یا بے قاعدہ تقسیم سے تباہ ہو جائے تو دوسرے کھیتوں سے منفعت بخش پیداوار حاصل ہو۔ واقعہ یہ ہے کہ دوری فصلوں کا دقیق طریقہ جو ہندوستانی طریق کاشت کو مغربی طریق کاشت سے ممتاز کرتا ہے زیادہ تر اس وجہ سے ممکن ہوا ہے کہ کھیت منتشر ہیں"[2] علاوہ ازیں متنوع فصلوں کی بدولت کسان کو ہر سال اس سے زیادہ زمانے تک کام سے لگے رہنے کا موقع ملتا ہے جتنا کہ ایک یکجائی اور ایک ہی قسم کی فصل کے کھیت پر ممکن ہے۔ ایسے منتشر کھیتوں کی متعدد مثالیں پیش کرنا آسان ہے جن پر معاشی فائدے اور سہولت کے لحاظ سے کام کیا جاتا ہے۔

---

[1] دیکھو موصوف کی کتاب محولہ بالا، صفحہ ۱۵۴۔

[2] دیکھو معاشی رسالہ موسوم بہ "انڈین جورنل آف اکنامکس" بابت اپریل ۱۹۲۷ء، رادھا کمال مکرجی کا مضمون "کھیتوں کی تقسیم پر"

باب ۷ مثلاً کھن کان کے علاقے میں چاول کی زمین کی کاشت اس کو ضروری بنا دیتی ہے کہ خشکی (ورکس) کی زمین کی کچھ مقدار بھی قبضے میں رکھی جائے اور اس لیے دونوں قسم کی زمینوں کی ایک ساتھ موجودگی ضروری ہے۔ علیٰ ہذا گھاٹوں کے بالائی حصے میں خاص کر ساحل دریا پر کسان کے لیے یہ قطعی ضروری ہے کہ اس کے پاس کم از کم ایک چھوٹا سا خطہ "ملئی" یا دریائی مٹی کا بھی ہو۔ یہ خطہ اس کے مویشیوں کے لیے چارہ مہیا کرتا ہے اور دوسرے طریقوں سے مفید ثابت ہوتا ہے۔ پس کھیتوں کے انضمام کی کسی تجویز کو کامیاب بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ان واقعات کا لحاظ رکھا جائے۔[1]

اسی طریقے سے اراضی کو ایک خاص حد تک تقسیم کرنے کی حمایت اس لحاظ سے کی جا سکتی ہے کہ وہ زمین کی ملک کی وسیع تقسیم کا اور ایسے ملکی کاشتکاروں کی ایک بڑی جماعت کی تخلیق کا موقع بہم پہنچاتی ہے جو اپنی زمین سے مستقل طور پر وابستہ ہوں۔ چنانچہ یہ بات متفقہ طور پر تسلیم کر لی گئی ہے کہ ایسی تقسیم معاشی و معاشرتی استواری و ثبات پذیری کے لیے مفید ہے۔ اس امر کو ہندوستان کے موجودہ کھیتوں کی توسیع کی تجاویز مرتب کرنے کے سلسلے میں ذہن نشین رکھنا چاہیے۔ انگلستان کے نمونے پر بڑی جائدادیں اور اصلداراتہ طریق کاشت ہندوستانی حالات کے لیے مناسب نہیں ہے۔ چھوٹے پیمانے کی کاشت کا رواج اور ملکی کاشتکاروں کی ایک قوی جماعت کا قائم کرنا اصلی مقصود اور نصب العین ہونا چاہیے۔

لیکن ہم جس وقت تقسیم اراضی اور کھیتوں کے انتشار کو مذموم قرار دیتے ہیں تو ہمارے ذہن میں ایسی مثالیں ہوتی ہیں جن میں اس قسم کے حق بجانب قرار پانے والے حالات اور مستحسن پہلو مفقود ہوتے ہیں اور خرابیاں ناقابل برداشت حد کو پہنچ چکی ہیں۔

۵۔ ہندوستان میں خرابیوں کی وسعت

212 (۱) حقوق داروں کے کھیتوں کی تقسیم در تقسیم۔

اب ہم یہ بیان کرنے کی کوشش کریں گے کہ یہ خرابی جو تقریباً ہندوستان کے طول و عرض میں پائی جاتی ہے کتنی پھیلی ہوئی ہے۔[2] بہار و اڑیسہ کے گنجان آباد علاقے میں اسامی کے کھیت کا اوسط نصف ایکڑ سے بھی کم ہے اگرچہ فی کسان اوسط ۳ ایکڑ نکلتا ہے۔

---

[1] ملاحظہ ہو ڈاکٹر وی جاوھو کی تقریر، بمبئی لیجسلیٹو کونسل منعقدہ ۱۰ دسمبر ۱۹۲۶ء۔

[2] تقسیم اراضی کی خرابی کے سلسلے میں بعض اوقات فی کس آبادی کے حساب سے رقبہ (ایکڑوں) کے اعداد و شمار

باب

بنگال میں زیر کاشت رقبے کا اوسط بہ مشکل ۱٫۳ ایکڑ فی کسان ہے۔ وہی حقوق جو کسان اپنی زمین پر رکھتا ہے اور جو اس کے لیے خاص طور پر قانون لگان جمع کر کے حاصل کیے گئے ہیں کسان کو مجبور کرتے ہیں کہ اپنے چھوٹے اور گھٹیا کھیت سے گھوڑ پھوڑ کی طرح چمٹا رہے اور اُس کو بجز آخری چارہ کار کے صنعتی مرکزوں میں کام کی تلاش میں جانے سے روکتے ہیں۔ آسام میں ایک اوسط درجے کا کھیت تین ایکڑ سے زیادہ کا نہیں ہوتا' اس کے برخلاف صوبۂ متحدہ میں وہ صرف ۲٫۵ ایکڑ کا ہوتا ہے۔ پنجاب کے ۲۳۹۷ مواضع کی خاص تحقیق سے یہ معلوم ہوا کہ ملکی کھیتوں میں سے ۱۷٫۹ فی صد کا اوسط رقبہ ایک ایکڑ سے بھی کم تھا؛ ۲۵٫۵ فی صد حصے کا رقبہ اوسطاً ۱ اور ۳ ایکڑ کے مابین تھا؛ ۱۴٫۹ فی صد حصہ ۳ اور ۵ ایکڑ کے مابین تھا؛ اور ۱۸ فی صد حصہ ۵ اور ۱۰ ایکڑ کے درمیان تھا۔ ایک ایکڑ سے کم رقبے کے کھیتوں کی خاص تحقیق کی گئی تو یہ بات معلوم ہوئی کہ ان میں سے بہت بڑی تعداد زرعی کھیتوں کی تھی۔ مدراس اور بمبئی میں کھیت کا اوسط رقبہ چھوٹا ہوتا ہے۔ چنانچہ اکثر کھیتوں کا رقبہ ۲ یا ۳ ایکڑ سے بھی کم ہے جس کی وجہ سے موثر کاشت غیر ممکن ہوتی ہے۔ ایک ایکڑ سے کم رقبے کے کھیتوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ سر چوٹی لال مہتا نے بمبئی کے چھوٹے کھیتوں کے مسودۂ قانون پر بمبئی میں بتاریخ ۳ اکتوبر ۱۹۲۷ء تقریر کرتے ہوئے یہ تبلایا کہ مقبوضہ رقبوں کے مقابلے میں ان کھیتوں میں کس قدر تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے اور یہ میلان ۵ ایکڑ اور اس سے کم رقبے کے کھیتوں میں خاص طور پر نمایاں ہے۔ بقول ڈاکٹر ٹان ۱۹۱۷ء میں ضلع پونا کے ایک موضع موسوم بہ پمپلا سودا گر میں ایک کھیت کی اوسط وسعت بظاہر

بقیۂ حاشیہ صفحۂ گزشتہ۔ پیش کیے جاتے ہیں۔ اگر ہم برطانوی ہند کے مجموعی زیر کاشت رقبے کو مجموعی آبادی پر تقسیم کریں تو ۱٫۳ ایکڑ فی کس سے کچھ زاید خارج قسمت حاصل ہوتا ہے۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زمین پر آبادی کا دباؤ کتنا شدید ہے لیکن اس سے تقسیم اراضی و انتشار کے مسئلے کا کوئی براہ راست تعلق نہیں ہے۔ اس سے یہ تو معلوم ہوتا ہے کہ زمین پر حد سے زیادہ اشخاص کا انحصار ہے لیکن کھیتوں کی تقسیم در تقسیم کا حال براہ راست نہیں معلوم ہوتا۔

باب ۔ ۴ ایکڑ تھی، ۱۸۱۰ء میں ۱۱ ایکڑ تک گر گئی اور ۱۹۰۲ء کے بعد سے بہت زمانے تک غیر متبدلہ حالت میں ۱۴ ایکڑ رہی؛ لیکن ۱۹۱۵ء تک وہ ۱۰ ایکڑ تک گر گئی۔ ڈاکٹر ہان کہتے ہیں کہ "یہ ظاہر ہے کہ گزشتہ ساٹھ یا ستر سالوں میں کھیتوں کی نوعیت بالکل بدل گئی ہے۔ برطانوی دور سے پیشتر اور ابتدائی برطانوی دور میں کھیت عام طور پر ایسی خاصی وسعت رکھتے تھے، یعنی اکثر و بیشتر کا رقبہ ۹ یا ۱۰ ایکڑ سے بھی زیادہ ہوتا تھا اور دو ایکڑ سے کم کے انفرادی کھیت بہ مشکل وجود تھے۔ لیکن اب کھیتوں کی تعداد دُگنی سے بھی زیادہ ہو گئی ہے اور ان میں سے ۱۰ فی صد کا رقبہ ۱ ایکڑ سے کم ہے اس کے برخلاف کم از کم ۶۰ فی صد کا رقبہ ۵ ایکڑ سے بھی کم ہے"[1]

۵۔ ہندوستان میں خرابیوں کی وسعت

(۱) کاشت کی ذیلی تقسیم۔

کاشت کی ذیلی تقسیم اور بھی زیادہ نمایاں ہے؛ چنانچہ خالص کاشتکاروں کی تعداد حقوق داروں سے بدرجہا زیادہ ہے۔ آبادی کی بہت بڑی تعداد دوسرے ذرائع معاش کی عدم موجودگی میں آخری چارۂ کار کے طور پر ما یحتاج زندگی کے لیے کھیتی باڑی اختیار کرتی ہے۔ پنجاب میں ۲۲٫۵ فی صد کسان ایک ایکڑ یا اس سے کم رقبے پر کاشت کرتے ہیں؛ ۱۵٫۴ فی صد ۲٫۲۵ ایکڑ پر؛ ۹٫۷ فی صد ۲٫۵ تا ۵ ایکڑ رقبے پر؛ اور ۲۰٫۵ فی صد ۵ تا ۱۰ ایکڑ رقبے پر کاشت کرتے ہیں۔ ۱۹۲۱ء کی مردم شماری کی رپورٹ میں فی کسان مزروعہ رقبہ (بحساب ایکڑ) حسب ذیل بتلایا گیا ہے:۔

صوبہ	مزروعہ رقبہ	صوبہ	مزروعہ رقبہ
بمبئی	۱۲٫۲	مدراس	۴٫۹
پنجاب	۹٫۲	بنگال	۳٫۱
صوبۂ متوسط و برار	۸٫۵	بہار و اوڑیسہ	۳٫۱
برما	۵٫۶	آسام	۳٫۰
	۰	صوبۂ متحدہ	۲٫۵

[1] دیکھو ڈاکٹر ہان کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۴۶۔

باب

۵۔ ہندوستان میں خرابیوں کی وسعت

(۳) حقوق داروں کے کھیتوں کا انتشار۔

قوانین وراثت کے مطابق جائداد کی تقسیم عمل میں آتی ہے، اور کھیتوں کا انتشار عام طور پر اسی تقسیم کا لازمی نتیجہ ہے۔ اس طرح بہت کم کھیت ایک ہی جگہ پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ خاص بمبئی پریسیڈنسی میں قریب قریب ہر کھیت ۳ تا ۴ خطوں میں تقسیم ہے۔ ڈاکٹر مان نے پمپلا سوداگر کے موضع میں یہ پایا کہ ۱۰۶ مالکوں پر ۲۹، خطے تقسیم تھے جن کے منجملہ ۳۰۴ خطوں کا رقبہ ایک ایکڑ سے کم تھا، ۲۱۱ خطوں کا رقبہ ۱/۴ ایکڑ سے بھی کم تھا۔ رتناگیری میں انفرادی خطوں کا رقبہ بعض صورتوں میں (۰٫۰۶۲) ایکڑ یا ۳۰ مربع گز ہے۔ پنجاب میں بعض اوقات ایسے پائے جاتے ہیں جو طول میں تو ایک میل سے زاید ہیں لیکن عرض میں چند گز ہیں۔ ایسی صورتوں کا بھی حال معلوم ہوا ہے جن میں انتشار ایسی حد کو پہنچ گیا ہے کہ کاشت سراسر ناممکن ہو گئی ہے۔

۵۔ ہندوستان میں خرابیوں کی وسعت

(۴) کاشت کا انتشار

کاشت کا انتشار کھیتوں کے انتشار سے بھی زیادہ شدید اور وسیع خرابی ہے جو موخر الذکر سے بھی زیادہ انتہائی صورت اختیار کر چکی ہے۔ ڈاکٹر مان نے پمپلا سوداگر میں کسانوں کے کھیتوں میں سے ۶۲ فی صد کے متعلق یہ پایا کہ ان کا رقبہ ایک ایکڑ سے کم تھا اور جاٹے گاؤں میں ایسے کھیتوں کا فیصد ۳۱ تھا۔ بقول رام لال بھلا پنجاب کے ایک گاؤں موسوم بہ "بیرام پور" میں یہ پایا گیا کہ ۳۴٫۵ فی صد کسانوں میں سے ہر ایک کے پاس ۲۵ منتشر کھیت تھے۔ یہی صورت حال ملک کے باقی حصے میں بھی عام طور پر پائی جاتی ہے[1]

۶۔ تقسیم اراضی و انتشار کے اسباب

اراضی کی تقسیم در تقسیم اور کھیتوں کے انتشار کی خرابی کے متعدد اسباب بیان کیے جاتے ہیں۔ چنانچہ ان میں سے ایک جذبۂ انفرادیت کی ترقی ہے جو اشتراک خاندانی کے طریقے کی شکست کی ذمہ دار ہے۔ موجودہ زمانے میں مشترک کاشت ویسی عام

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ ۱۱۹ تا ۱۲۲۔

باب نہیں ہے جیسی کہ پہلے ہوا کرتی تھی۔ سرحدی نشان اور حد بندیوں کے ذریعے سے تفریق اور منفرد و جداگانہ کاشت پر اصرار اب سابق زمانے کے مقابلے میں بہت بڑھ گیا ہے۔ اس جذبۂ انفرادیت کو اس بات کی وجہ سے اور زیادہ تقویت پہنچی کہ ہندوستان میں عدل گستری کرنے والے انگریز ججوں نے انفرادی ملکیت اور انفرادی حقوق پر بہت زور دیا۔ علاوہ ازیں بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ ہندو و اسلامی قوانین وراثت و توارث اور ان سے وابستہ رسم و رواج، تقسیم اراضی و انتشار کے اصلی اور اساسی سبب ہیں۔ چنانچہ یہ معلوم کرنا آسان ہے کہ خاندانی کھیت کی وسعت آبائی ملک کی تقسیم در تقسیم سے کتنی چھوٹی ہوتی جاتی ہے۔ لیکن تقسیم
214 اراضی کے ساتھ ساتھ معمولاً انتشار بھی عمل میں آتا ہے؛ اس لیے کہ ہر حصہ دار ایک یکجائی کھیت پر مطمئن و قانع ہونے کے بجائے ہر خطے سے تھوڑا تھوڑا جزو لینے پر اصرار کرتا ہے[1] اس طرح کی تقسیم کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ سب کو پوری طرح مساوی حصے ملے۔ یہی خیال دورِ وسطیٰ کے یورپ کی کھلی کھیتی کے طریقے میں مضمر ہے، جس کے تحت مختلف بھلے برے خطے عمدہ اور خراب موقع محل کے اس لیے ملے ہوئے اور منتشر ہوتے تھے کہ ان کو منصفانہ طریق پر تقسیم کرنا مقصود ہوتا تھا۔ لیکن ہندوستان میں یہ بظاہر منصفانہ تقسیم کا طریقہ انتہا کو پہنچا دیا گیا ہے اور اس کا محرک یہ نہیں ہوتا کہ فوائد اور سہولتوں کو مساوی طور پر تقسیم کیا جائے بلکہ عام طور پر رشک و حسد اور بدگمانی کے مذموم محرکات اس کی تہ میں مضمر ہوتے ہیں[2]

---

[1] اس رسم و عادت کا نتیجہ یہ ہے کہ ہر خطہ اُتنے ہی زیادہ ذیلی خطوں میں تقسیم ہو جاتا ہے جتنے کہ وارث ہیں اور اس طرح منتشر کھیتوں کی تعداد بڑھ جاتی ہے اور ذیلی حصہ داروں کی تعداد کے مساوی ہوتی ہے۔

[2] اس کی کیا وجہ ہے کہ آبادی میں کسی مادی اضافے کے بغیر نسلاً بعد نسلٍ زمین کا انتشار بڑھتا جا رہا ہے؟ وجہ زیادہ تر یہی ہے کہ تقریباً ہر زراعتی خاندان میں بھائی بھائی میں خوف کا بغض و حسد موجود ہے۔ کوئی بھی اس کے لیے تیار نہیں ہے کہ دوسروں سے فائدہ اٹھانے کے لیے کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے دے۔ کسی درخت کی شاخ پر شہد ہو تو اس کی تقسیم

باب ۱

اس نظریے کے خلاف کہ قوانین توارث و وراثت اس خرابی کے اساسی طور پر ذمہ دار ہیں، یہ استدلال کیا گیا ہے کہ یہ قوانین تو صدہا سال سے موجود ہیں لیکن ان کو جس خرابی کا موجب خیال کیا جاتا ہے وہ ایک حد تک تازہ اور جدید ہے[1] تاہم یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ ان قوانین کی عدم موجودگی میں زیر بحث خرابیاں موجودہ پیمانے پر رونما نہ ہوتیں۔ قوانین جائداد کے حصہ داروں میں سے کسی کو اس کی اجازت دیتے ہیں کہ اگر ان میں سے کوئی چاہے تو اپنے حصے کو الگ کر لے۔ ممکن ہے کہ تفریق و علیحدگی کی خواہش دوسرے اسباب کی بنا پر پیدا ہو لیکن اس خواہش کو پورا کرنے کا راستہ قانون نے نکالا دیا ہے۔ ہم جذبۂ انفرادیت کی ترقی کا ذکر کر چکے ہیں کہ یہ زمانۂ سابق کے مقابلے میں اب زیادہ شدّ و مد کے ساتھ جائداد کی تقسیم پر اصرار کرنے کے میلان کے اسباب محرکہ میں سے ایک ہے۔ لیکن یہ میلان دراصل قوانین توارث و وراثت کے ذریعے سے عملی جامہ پہنتا ہے۔ لہٰذا یہ کہنے کی بجائے یہ کہ قوانین تقسیم اراضی و انتشار کے اسباب ہیں، یہ کہنا غالباً زیادہ صحیح ہوگا کہ وہ ایک آلۂ کار یا ذریعہ ہیں جن کی وساطت سے تقسیم در تقسیم مسلسل عمل میں لائی جاتی ہے۔ ان ذرائع سے کام لینا جبری تو نہیں ہے لیکن ان سے جس وقت کام لینے کو جی چاہے ان پر ہر شخص کو بہ آسانی دسترس حاصل ہو جاتی ہے۔ یہ سچ ہے کہ قدیم زمانے میں ان سے اس قدر جلد جلد اور زیادہ کام نہیں لیا جاتا تھا جتنا کہ موجودہ زمانے میں لیا جاتا ہے۔ لیکن یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ ان قوانین کا علم در آمد "قدیم زمانے میں کھیتوں کی تقسیم در تقسیم کا موقع ہی نہیں دیتا تھا"[2] بلکہ ہمیں یہ کہنا چاہیے کہ ان کے علم در آمد کو شاذ ہی روا رکھا جاتا تھا 215

بقیۂ حاشیہ صفحۂ گزشتہ۔ کے لیے لڑنے میں بھی وہ دریغ نہیں کرتے۔ یہ بھی مشہور ہے کہ وہ درخت کی شاخوں اور پھل کے لیے نہیں بلکہ اس کے سایے کی تقسیم کے بارے میں بھی لڑائی جھگڑا کرتے ہیں"۔ دیکھو لیف۔ جی پنج انڈرسن کی تقریر بمبئی کی لیجسلیٹو کونسل (مجلس قانون ساز) چھوٹے کھیتوں کے مسودۂ قانون کے بارے میں بتاریخ ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۷ء۔

[1] دیکھو داڈیا و چوکسی کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۲۴۴۔

[2] دیکھو داڈیا اور جوشی کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۲۴۴

باب ۱ اور مشترک خاندان کا طریقہ عام تھا؛ لیکن جب کبھی اُس کو وارکھا گیا اُس نے ناگزیر طریقے پر تقسیم در تقسیم کا موقع بہم پہنچایا۔

برطانوی حکومت کے قائم ہونے کے بعد آبادی کے اضافے کو بھی اکثر اسباب کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ اضافۂ آبادی کے معنی ورثائی تعداد کے اضافے کے ہوں گے۔ لیکن فی نفسہٖ اس کی وجہ سے تقسیم در تقسیم روزانہ نہ ہوگی تاوقتیکہ دوسرے اسباب ورثاء کو اس بات پر مجبور نہ کریں کہ وہ قطعی تفریق کا مطالبہ کریں اور مشترک خاندان کے روایات کو اس حالت میں باقی نہ رکھیں جس میں کہ وہ ہم پائے جاتے تھے۔ جس وقت تک غیر منقسمہ زمین بکثرت موجود تھی مثلاً پنجاب کی نہری نوآبادیات میں اس وقت تک یہ ممکن تھا کہ نوآبادی کے مقبوضہ[1] کی تقسیم در تقسیم کئے بغیر زمین فراہم کی جائے۔ لیکن جب تقریباً سب زمین قبضے میں آگئی جو بہ آسانی زیر کاشت لائی جا سکتی تھی تو صورت حال مختلف ہوگئی اور تقسیم اراضی سے بچنے کا واحد طریقہ مشترک کاشت تھا جس کا رواج رفتہ رفتہ کم ہوتا گیا۔[2]

کل کی بنی ہوئی مصنوعات کی بہ کثرت کے باعث دستکاریوں کا زوال بھی اہم اسباب میں سے ایک خیال کیا جاتا ہے۔ لیکن اس موضوع سے متعلق اپنے خیالات کو واضح کرنے کے لیے ہم اس بیسویں سبب کے حقیقی عمل کی تفہیم کی کوشش کریں گے۔

جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے، جو دستکار گاؤں سے وابستہ ہوتے تھے وہ عام طور پر گاؤں کی کچھ زمین پر قابض ہوتے تھے۔ ان میں سے وہ لوگ جن کی حیثیت کل کی بنی ہوئی

---

[1] یہاں "مقبوضہ" سے ہمارا مطلب اس زمین کی ذیلی تقسیم ہے جس پر قبضہ ہو چکا ہے اور اُس اوسط رقبے سے ہے جو ہر حقدار کے قبضے میں ہے۔ ممکن ہے کہ کسی گاؤں میں نئے نئے چھوٹے مالکوں مثلاً ساہوکاروں اور قرضہ دہندوں کی مداخلت بیجا جائداد کی اوسط وسعت کو آبائی جائداد کی حیثیت پر اثر ڈالے بغیر کم کر دے۔ دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ پیراگراف (۱۱۹)۔

[2] بقول انڈرسن مشترک خاندان کی تحلیل و شکست ۱۸۵۶ء کے بعد سے قانون محصول آمدنی کے علاوہ آمد کی بدولت خاص طور پر نمایاں ہو گئی۔ دیکھو بمبئی کی مجلس قانون ساز کے مباحث چھوٹے کھیتوں کے مسودۂ قانون کے بارے میں۔

باب

مصنوعات کی مسابقت کے باعث بتدریج خراب ہوئی وہ آخری چارۂ کار کے طور پر زمین کی طرف رجوع ہوئے اور انھوں نے کھیتی باڑی کو اپنا ذریعۂ معاش بنا لیا۔ چونکہ یہ خاندانی کھیت واحد ذریعۂ معاش بن گیا، اس لیے اس کی اہمیت ان لوگوں کی نظروں میں بہت بڑھ گئی جو اس پر حقوق رکھتے تھے۔ مشترک کاشت کی پیداوار کو وراثتیں ہر ایک کی ضرورت کے لحاظ سے تقسیم کرنے کا طریق غالباً ان لوگوں کو قبیح معلوم ہونا شروع ہوا جن کی حصہ رسیاں مختصر تھیں اور جو اس لحاظ سے مجموعی پیداوار کا قلیل حصہ صرف کرتے تھے۔ اس طریقے سے رشک و حسد کا جو احساس پیدا ہوا اس نے مشترک کاشت کی تجویز کے خلاف عمل کیا، اور اس کے نتیجے کے طور پر ذیلی تقسیم رونما ہوئی۔ لیکن ظاہر ہے کہ اس طریقے پر جو زمین متاثر ہوئی ہوگی اس کی مقدار یقیناً
216 چھوٹی رہی ہوگی۔

رہے شہروں میں کام کرنے والے دستکار تو عام طور پر وہ کسی زمین کے مالک ہی نہیں ہوتے تھے۔ جب وہ کل کی بنی ہوئی مصنوعات کی مسابقت کے باعث بیروزگار ہو گئے اور پیشے سے ہاتھ دھو بیٹھے تو بے زمین مزدور بن گئے۔ اس کو زمین پر آبادی کے دباؤ کے بڑھ جانے کا سبب خیال کیا جا سکتا ہے لیکن تقسیم زمین پر اس کا کوئی براہ راست اثر نہیں پڑ سکتا تھا۔ ممکن ہے کہ بعض شہری دستکار دیہات کو منتقل ہو گئے ہوں اور وہاں انھوں نے ایک ایسا چھوٹا خطہ خرید لیا یا کسی دوسرے طریقے سے حاصل کر لیا ہو جو یا تو شروع ہی سے غیر معاشی تھا یا قانون توارث کے عملدرآمد کے باعث رفتہ رفتہ غیر معاشی بن گیا۔ لیکن یہ غیر اغلب ہے کہ جو دستکار اپنے ابتدائی پیشے کے غیر منفعت بخش ثابت ہونے کی وجہ سے زمین کی جانب رخ کرنے پر مجبور ہو گئے تھے ان کے پاس اتنی کافی پس انداز کردہ رقم یا کافی اعتبار تھا جس کی بنا پر وہ زمین خریدنے کے قابل تھے۔ بہرحال تاوقتیکہ اس طرح حاصل کی ہوئی زمین کی نوعیت ابتداءً کسی بڑے خطے کے جزو کی نہ ہو ذیلی تقسیم کی حد تک صورت حال پہلے کی طرح غیر متبدل ہی ہوگی۔ اس کے برخلاف اگر نئی زمین زیر قبضہ آئی تو اس کی وجہ سے سابقہ کھیتوں کی تعداد میں اضافہ ہو گیا ہوگا، اور کھیتوں کی ذیلی تقسیم جس حالت میں موجود تھی اس میں مزید تقسیم نہ ہوئی ہوگی۔ اس لحاظ سے بحیثیت مجموعی

باب ۴ یہ بیان کرنے کی جرأت کر سکتے ہیں کہ گو دستی صنعتوں کے زوال کا نتیجہ بڑی حد تک یہ ہوا کہ بے زمین مزدوروں کی تعداد میں اضافہ ہو گیا؛ لیکن اس کا اثر تقسیم اراضی اور کھیتوں کے انتشار پر بہت زیادہ نہ پڑا۔ تاہم جس حد تک کہ دستکار پیشہ ترک کر کے اسامی بن گئے اس حد تک قابل زراعت زمین کے بارے میں ان کی طلب کا نتیجہ لازمی طور پر یہ ہوا ہوگا کہ کاشت کی حد تک اور زیادہ تقسیم اور انتشار عمل میں آیا ہوگا۔

لیکن دو چیزوں کے درمیان علاقہ سببی قائم کیا جا سکتا ہے؛ یعنی ایک تو اضافۂ آبادی کے تناسب سے صنعت کی توسیع و ترقی کا فقدان، اور دوسرے کھیتوں کی تقسیم در تقسیم اور اراضی کا انتشار اگر موجودہ زمانے میں آبادی کے اضافے کے ساتھ ساتھ صنعتوں میں بھی معقول و معتدبہ ترقی ہوتی تو زمین کی زائد آبادی اُن میں جذب ہو جاتی۔ اگر کسی خاندان میں اتنا اضافہ ہو جاتا کہ اُس کے کھیت پر اُس کا گزارہ مشکل ہو جاتا تو خاندان کے بعض ارکان صنعتی مرکزوں کو منتقل ہو سکتے اور باقی ارکان کو خاندانی کھیت پر کاشت کرنے اور اپنی محنت کا پھل پانے چھوڑ جاتے۔ اس صورت میں گاؤں ترک کرنے والوں کا حق خاندانی کھیت پر باقی رہتا۔ لیکن اگر صنعتوں میں کام کرنے سے اُن کو معقول ذریعۂ معاش میسر آتا تو وہ خاندانی کھیت کی آمدنی میں اپنے حق سے دستبرداری کے لیے تیار ہو جاتے اور باقی ارکان کو اُس سے مستفید ہونے کا موقع دیتے۔ بدقسمتی سے ایسی ترقی ظہور پذیر نہیں ہوئی؛ آبادی بڑھتی گئی اور زاید آبادی صنعتوں میں منتقل ہونے کی بجائے سیلاب کی طرح زمین ہی کی طرف رجوع ہوئی اور مشترک خاندان کی بندشوں کی گرفت مضبوط نہ ہونے کی وجہ سے نیز علیحدگی کے میلانات کی ترقی کے باعث قانون وراثت 217
سے مدد لینے کا طریقہ روز بروز زیادہ عام ہوتا گیا۔ اس طرح کافی حیرت انگیز طریقے پر جوں جوں معاشی مجبوریوں کا دباؤ بڑھتا گیا لوگ ایسا طریق کار اختیار کرتے گئے جس کا نتیجہ پریشانی کو کم کرنے کی بجائے بڑھانے کی شکل میں ظاہر ہوا۔ اس وقت زمین ہی واحد ذریعۂ معاش تھی۔ اس لیے یہ خیال کیا جا سکتا تھا کہ اس سے نہایت منفعت بخش طریقے پر کام لینے کی اور بھی زیادہ وجہ تھی۔ لیکن زمین سے انتہائی غور اور احتیاط سے کام لینے کی بجائے نہایت بے احتیاطی کے ساتھ اور خود کشی کے انداز میں اُس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے گئے۔

باب

غرض مختصر طور پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اراضی کی تقسیم در تقسیم اور کھیتوں کے انتشار کے اصلی اسباب اضافۂ آبادی اور اس کے مقابل میں صنعت میں توسیع نہ ہونا، اشتراکِ خاندانی کی شکست اور ہندو کے انفرادیت کی ترقی کو خیال کرنا چاہیے جن کو قوانین توریث و توارث نے مزید تقویت پہنچائی۔

جس وقت کوئی خرابی ناقابل برداشت حد کو پہنچ جاتی ہے تو اس کی کچھ نہ کچھ اصلاحی صورت بھی از خود رونما ہو سکتی ہے مثلاً یہ ممکن ہے کہ انتہائی چھوٹا کھیت یا تو فروخت ہو جائے یا مالک کی طرف سے پٹے پر دے دیا جائے۔ لیکن اس قسم کی مثالیں کافی عام نہیں ہیں اور اصل سوال کو کسی قابل لحاظ حد تک متاثر نہیں کرتیں۔ اس لحاظ سے ہمیں یہ تسلیم کرنا چاہیے کہ خرابی شدید صورت میں موجود ہے اور اس کے ممکنہ علاج یا اصلاح کی بحث شروع کرنی چاہیئے۔

۷۔ غیر ممالک میں بھی یہ مسئلہ موجود ہے۔

یہ مسئلہ کسی حال ہندوستان سے مخصوص نہیں ہے۔ دوسرے ملکوں کو بھی اس سے دوچار ہونا پڑا اور انھوں نے اس کو مختلف طریقوں سے حل کرنے کی کوشش کی۔ فرانس، سوئٹزرلینڈ، بلجیم، جرمنی، ڈنمارک اور جاپان جیسے ملکوں کے تجربے نے یہ بات ثابت کر دی ہے کہ ہلکی کاشتکاروں کے باہمی ارادی معاہدات، بھائی اور معقول رقبے کے کھیتوں کے قائم کرنے کے ضامن نہیں ہوتے اور یہ کہ اسی لیے وضع قوانین کے ذریعے سے اصلاح کرنی ضروری ہے۔ چنانچہ اکثر متعلقہ ملکوں میں اس قسم کے قوانین وضع اور اختیار کیے گئے ہیں اور ان کی تہ میں حسب ذیل اصول مضمر ہیں۔ (۱) موجودہ کھیت کے قابضوں کی جبری بے دخلی: (۲) زمینداروں کے ایک حصے کے مشورے سے یا بعض صورتوں میں اس کے بغیر کھیتوں کی از سر نو تنظیم و ترتیب؛ (۳) جدید قائم شدہ کھیتوں کو آیندہ کے لیے ناقابل تقسیم قرار دینا؛ (۴) کھیتوں کو قرضوں کے سلسلے میں قرقی یا ضبطی سے مستثنیٰ کرنا؛ اور (۵) دوسرے کھیتوں کے ساتھ جدید قائم شدہ کھیت کے الحاق کو روکنا۔[1]

---

[1] دیکھو کیٹنگ کی کتاب موسوم بہ "بمبئی دکن میں دیہی معیشت" صفحہ ۵۲ تا ۵۳۔

باب ۸ ۔ معاشی کھیت کا مفہوم ۔

حال میں ہندوستان میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ اس مسئلے کو اختیاری طریقے پر اور جبری قانون کے ذریعے سے حل کیا جائے خواہ کوئی بھی طریقہ اختیار کیا گیا ہو، ایک سوال جس سے ہمیشہ دوچار ہونا پڑتا ہے یہ ہے کہ "معاشی کھیت" کا کیا مفہوم ہے؟ اس کے جواب میں متعدد تعریفیں پیش کی گئی ہیں۔ کیٹینگ کے خیال میں "معاشی کھیت" سے مراد "ایک ایسا کھیت ہے جو کسی شخص کو اتنی پیداوار حاصل کرنے کے قابل بنائے جو اس کی اور اس کے خاندان کی پرورش مناسب آرام کے ساتھ کرنے اور ضروری مصارف زندگی ادا کرنے کے لیے کافی ہو" چنانچہ وہ آگے چل کر لکھتے ہیں کہ "دکن میں مثالی معاشی کھیت ۴۰ یا ۵۰ ایکڑ کی مناسب اور یکجائی زمین پر مشتمل ہوگا جس میں آبپاشی کے لیے کم از کم ایک عمدہ کنواں اور ایک مکان موجود ہو۔ حالات کے لحاظ سے مختلف علاقوں میں مناسب رقبہ مختلف ہوگا۔ چنانچہ ضلع سورت میں اگر کسی باغبان کے پاس تین ایکڑ زمین ہو تو اس کی اور اس کے خاندان کی زندگی آرام سے بسر ہو سکتی ہے۔ اس کے برخلاف دکن کے خشک علاقے میں جہاں زمین کی زرخیزی ادنیٰ ہے تیس ایکڑ بھی بمشکل کفایت کر سکتے ہیں۔ مثالی معاشی کھیت اور بدیہی طور سے غیر معاشی کھیت کے درمیان متعدد مدارج ہیں۔ لیکن کسی ایک خطے کے بارے میں معیار مقرر کرنا مشکل نہ ہوگا"[1] ڈاکٹر مان معاشی کھیت کی تعریف یوں کرتے ہیں "ایک ایسا کھیت جو ایک اوسط درجے کے خاندان کے لیے ایک اقل ترین معیار زندگی پر جو اطمینان بخش خیال کیا جائے روزگار مہیا کرے"[2] اسٹیٹسٹیکل جیونس صوبۂ متحدہ کے حالات کے لحاظ سے ایک معیاری کھیت کے لیے تقریباً تیس ایکڑ کا رقبہ مناسب خیال کرتے ہیں۔ وہ کاشتکار کے لیے "اقل ترین معیار زندگی" تو کیا "مناسب معیار زندگی" بھی کافی نہیں سمجھتے بلکہ "اعلیٰ معیار زندگی" چاہتے ہیں۔

218

اس سوال پر مزید غور و بحث کرنے سے پیشتر یہ کہہ دینا مناسب ہوگا کہ معاشی کھیت

---

[1] دیکھو کیٹنگ کی محولۂ بالا تصنیف صفحہ ۵۲ تا صفحہ ۵۳۔

[2] دیکھو مان کی تصنیف محولۂ بالا جلد دوم صفحہ ۴۳۔

باب

کی تعریف مختلف اعتبارات سے مختلف ہوگی۔ مثلاً یہ کہ آیا ہمارے پیشِ نظر مجموعی عام پیداوار ہے یا خالص پیداوار، آیا وافر اصل مہیّا ہو سکتا ہے یا اُس کی مقدار محدود ہے وغیرہ۔ علاوہ ازیں تعریف کا انحصار زرعی پیدائش کے طریقوں کی نوعیت پر بھی ہوگا یعنی اس بات پر ہوگا کہ کاشت عمیق ہو رہی ہے یا کاشت وسیع، زمین کی زرخیزی کی کیا کیفیت و حالت ہے، آبپاشی کی سہولتیں موجود ہیں یا نہیں اور کتنی پیداوار حاصل ہوتی ہے۔

اتنی تفہیم کے بعد ہم "معاشی کھیت" کی اصطلاح کی پوری طرح تشریح و توضیح کی کوشش کریں گے۔ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ایک اوسط درجے کے خاندان کے لیے زمین کا ایسا رقبہ مثالی کھیت ہو سکتا ہے جس میں یہ خاندان اپنی مقدور کے مطابق اپنے اصل اور محنت کو نہایت نفع بخش طریقے پر لگا سکے۔ ہمہ قسم کے عاملین کو جانچنا اور ملحوظ رکھنا پڑے گا، چنانچہ دستیاب شدنی اصل و محنت یا اُس کے ایک جزو کو زراعت کے سوا دوسرے کاموں میں لگانے کے امکان کو بھی خارج نہیں کیا جا سکتا۔ اس لیے کہ زراعت اور دوسرے پیشوں میں اصل و محنت کی تقسیم "مساوی اختتامی حاصل" کے اصول کی بنیاد پر متعین ہوتی ہے۔ یہاں مقصود یہ ہے کہ اصل و محنت کی ہر اکائی سے جو زراعت میں لگائی جائے امکانی حد تک بیش ترین خالص پیداوار حاصل ہو۔

لیکن عام طور پر جو مفروضات قائم کیے جاتے ہیں ان میں سے بعض ہندوستان کے اصلی حالات کے تحت صادق نہیں آتے؛ خاصکر یہ مفروضہ کہ محنت زراعت اور 219
دوسرے پیشوں کے درمیان گاؤں کے اندر یا باہر کامل طور پر نقل پذیر ہوتی ہے، اس وجہ سے صحیح نہیں ہے کہ دیہی صنعتیں مفقود ہیں اور شہروں میں مصنوعات تیار کرنے والی صنعتوں نے ناکافی ترقی کی ہے۔ جہاں تک ہندوستانی حالات کا تعلق ہے، ہمیں یہ فرض کرنا پڑتا ہے کہ ایک اوسط درجے کے کسان کے خاندان کو جتنی محنت پر دسترس حاصل ہو سکتی ہے وہ زراعت کے سوا دوسرے پیشوں میں عملاً ناقابلِ انتقال ہوتی ہے اور یہ کہ وہ غیر مشروط طریقے پر صرف زراعت ہی کے لیے دستیاب ہو سکتی ہے۔

اگر ہم اعداد و شمار کے ذریعے سے مثال کو واضح کریں تو معاشی کھیت کا تصور آسانی

باب ۱ سمجھ میں آسکتا ہے۔

ہم یہ فرض کیے لیتے ہیں کہ اوسط درجے کا خاندان پانچ ارکان پر مشتمل ہے اور محنت کی اکائی وہ محنت ہے جو یہ خاندان مہیا کر سکتا ہے[1]۔ علیٰ ہذا یہ بھی مان لیجئے کہ اصل کی اقل ترین اکائی کی تعریف میں بیلوں کی ایک جوڑا اور ہل داخل ہے۔ یہ مفروضات ہندوستان کے مروجہ حالات کے عین مطابق ہیں۔ اب ہم یہ فرض کرتے ہیں کہ اس خاندان کے قبضے میں پانچ ایکڑ زمین کا ایک خطہ ہے جس پر اصل و محنت کی موجود مقدار لگا کر کاشت کی جائے تو ۱۵۰ روپے کی مجموعی خام آمدنی وصول ہو سکتی ہے۔ اس آمدنی میں سے ۴۰ روپے بیلوں کی پرورش کے مصارف اور دوسرے مصارف بقدر ۲۰ روپے نہا کر لیجئے۔ اس کے بعد خاندان کو خالص آمدنی ۱۵۰ - ۶۰ = ۹۰ روپے وصول ہوگی[2]۔ یہ مان لیجئے کہ ایک ہل بیلوں کی ایک جوڑا اور کاشتکار کے خاندان کی محنت سے ۲۰ ایکڑ زمین پر اطمینان بخش طریق پر ہل جوتا جا سکتا ہے۔ لہٰذا اگر اس خاندان کے قبضے میں ۵ ایکڑ کی بجائے ۲۰ ایکڑ زمین ہو تو نتیجہ حسب ذیل برآمد ہوگا۔ مجموعی خام آمدنی ۶۰۰ روپے۔ بیلوں کی جوڑ کے مصارف پرورش حسب سابق ۴۰ روپے، متفرق مصارف تقریباً ۸۰ روپے یعنی پہلے کے مقابلے میں چہارگونہ (گو اس بات کا امکان ہے کہ دوسرے مصارف میں رقبے کے اضافے کے ٹھیک تناسب سے کم اضافہ ہو)۔ ان سب مصارف کو منہا کرنے کے بعد خالص آمدنی ۶۰۰ - ۱۲۰ = ۴۸۰ روپے بچ رہتی ہے۔

فرض کیجئے کہ ایسے چار خاندان ا، ب، ج اور د ہیں جن میں سے ہر ایک کے پاس ۵ ایکڑ زمین ہے اور ہر خاندان الگ الگ کاشت کر رہا ہے۔ ان میں سے ہر ایک ۶۰ روپے صرف کرے گا، یعنی ۴۰ روپے بیلوں پر اور ۲۰ روپے متفرق مصارف، لہٰذا ہر ایک کو ۱۵۰ روپے مجموعی خام آمدنی اور ۹۰ روپے خالص آمدنی وصول ہوگی۔

---

[1] "ہندوستان میں معاشی زندگی کی اکائی خاندان ہے نہ کہ فرد" دیکھو جیک کی تصنیف موسوم بہ "ایک بنگالی ضلع کی معاشی زندگی" صفحہ ۸۔

[2] یہ اعداد و شمار خالصتہً بطور مثال پیش کیے گئے ہیں چنانچہ ان اعداد کو دوسرے اعداد سے بدل دینے سے استدلال پر کسی قسم کا اثر نہ پڑے گا۔

باب ۷

اگر یہ مان لیا جائے کہ یہ سب ملکر ۲۰ ایکڑ کے اس کُل رقبے پر مشترکہ طور پر کاشت کرنے کا تہیہ کریں تو اس صورت میں وہ تین جوڑ بیلوں کو نکال کر بھی کام چلا سکتے ہیں، اور اس طرح اس مد میں ان کو ۱۲۰ روپے کی مجموعی بچت ہو جائے گی۔ اگر محنت کی مقدار وہی مقررہ فرض کی جائے، یعنی صرف ایک خاندان کی محنت، جیسی کہ پہلے لگائی گئی تھی تو اُن کو اب ۶۰۰ روپے کی مجموعی آمدنی وصول ہو گی جس میں سے ۴۰ روپے بیلوں کے مصارف اور ۸۰ روپے متفرق مصارف منہا کرنے کے بعد خالص آمدنی ۴۸۰ روپے وصول ہو گی۔ گویا ہر خاندان الگ الگ اپنی ۵ ایکڑ زمین پر کاشت کرتا تو ہر ایک کو ۹۶ روپے خالص آمدنی وصول ہوتی، لیکن اس صورت میں ۱۲۰ روپے وصول ہو گی۔ اس طرح ہر خاندان کی آمدنی بڑھ جائے گی، گو کہ بحیثیت مجموعی جو محنت لگائی گئی وہ اب پہلے کے مقابلے میں صرف ایک چوتھائی ہے، اس لیے کہ ہمارے مفروضے کے مطابق ایک خاندان جتنی محنت مہیا کر سکتا ہے اس سے پوری طرح کام لینے کے لیے ۲۰ ایکڑ زمین کی ضرورت ہے۔

220

لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ زائد محنت جو بچ رہی اُس کو کیا کیا جائے، اس کو بدل کے طور پر کسی دوسرے پیشے میں نہیں لگایا جا سکتا اس لیے کہ ہمارے مفروضے کے مطابق کوئی دوسرا پیشہ موجود ہی نہیں ہے۔ گویا انتخاب صرف زمینی کام اور بیکاری کے درمیان رہ جاتا ہے۔ ان حالات میں کچھ زائد محنت کو زمین پر بخوبی لگایا جا سکتا ہے، بشرطیکہ اس کے نتیجے کے طور پر پیداوار میں بھی کچھ اضافہ ہو، گو ممکن ہے کہ یہ اضافہ محنت کی زائد اکائیوں کے تناسب نہ ہو۔ فرض کیجئے کہ محنت کی زاید اکائیوں کے لگانے سے مجموعی خام آمدنی میں ۲۰۰ روپے کا اضافہ ہوتا ہے۔ گویا صورت حال یہ ہو گی:۔ مجموعی خام آمدنی ۸۰۰ جملہ مصارف ۱۲۰ روپے لہٰذا خالص آمدنی ۶۸۰ روپے ہو گی۔

ہم اب ان صورتوں کو بہ لحاظ ترتیب خوبی پیش کریں گے:۔

م سے مطلب محنت کی ایک اکائی (یعنی ایک اوسط خاندان)

آ سے مطلب اصل کی ایک اکائی (یعنی ایک ہل اور بیلوں کی ایک جوڑ)

پہلی صورت ۔ ام + آ۱ + ۲۰ ایکڑ؛ خالص آمدنی ۴۸۰ روپے؛ آمدنی

باب

فی کس خاندان = ۹۶ روپے۔

دوسری صورت۔ ۴م + ۱ا + ۲۰ ایکڑ؛ خالص آمدنی ۶۸۰ روپے؛ آمدنی فی کس = ۱۷۰ = ۴۲ روپے۔

تیسری صورت۔ ۴م + ۴ا + ۲۰ ایکڑ؛ خالص آمدنی ۳۶۰؛ آمدنی فی کس = ۳۶۰ = ۱۸ روپے۔

گویا بہترین نتیجہ اس وقت برآمد ہوتا ہے جبکہ ۲۰ ایکڑ کے رقبے پر محنت و اصل کی ایک ایک اکائی لگائی جائے۔ بس یہی "معاشی کھیت" ہے۔ اس مثالی کھیت میں زمین، محنت و اصل جس تناسب سے لگائے گئے ہیں اس کے علاوہ کسی دوسرے تناسب سے لگانے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ کھیت غیر معاشی یا غیر منفعت بخش ہوں گے اور پیدا کنندوں کی آمدنی فی کس گھٹ جائے گی۔ گویا غیر معاشی کھیت کے عاملین پیدائش کے تناسب کو بدل کر مثالی کھیت کی نسبتوں کے جتنا جتنا قریب لیا جائے گا اتنا ہی زیادہ غیر معاشی کھیت معاشی کھیت بنتا جائے گا۔ پیدا کنندوں کے نقطۂ نظر سے پہلی صورت سے بہترین نتائج حاصل ہوتے ہیں، بشرطیکہ تین خاندانوں کی زائد محنت کو زراعت کے سوا کسی دوسرے منفعت بخش پیشے میں لگایا جا سکتا ہو۔ لیکن اگر حالات اس قسم کے ہوں کہ کل خاندانوں کو بلا شرکت غیرے ۲۰ ایکڑ زمین ہی پر انحصار کرنا پڑے تو، دوسری صورت کا انتظام بہترین ہوگا۔ اس لیے کہ پہلی صورت میں چاروں خاندانوں تو بحیثیت مجموعی خالص آمدنی ۴۸۰ روپے اور اس کے برعکس دوسری صورت میں ۶۸۰ روپے وصول ہوتی ہے۔ پھر بھی اس سے اس واقعے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی کہ 321
پہلی صورت ہی میں محنت زمین و اصل کا تناسب بہترین اور مثالی ہے۔ اس طرح اگر چاروں خاندان کام کریں تو بہترین ترکیب ۴م + ۴ا + ۸۰ ایکڑ ہوتی۔ لیکن چونکہ صرف ۲۰ ایکڑ زمین دستیاب ہو سکتی ہے اس لیے اس کے بعد کی بہترین ترکیب اختیار کرنی پڑے گی جیسا کہ صورت دوم میں کیا گیا۔ غرض اس سے ضمنی طور پر یہ واقعہ ثابت ہوتا ہے کہ مشترکہ کاشت زمین پر انتہائی دباؤ کی خرابی کو ایک حد تک رفع کر دیتی ہے۔

یہ معلوم ہوگا کہ معاشی کھیت کی تعریف کے مسئلے پر غور کرنے کا یہ طریقہ اس طریقے

باب

کے مقابلے میں کم قابل اعتراض ہے جو مذکورۂ بالا مروجہ تعریفوں میں سے بعضوں کی تہ میں مضمر ہے۔ "معقول آرام" "اقل ترین معیار" اور "اعلیٰ معیار" یہ سب مبہم اور گنجلک اسلوب بیان ہے۔ اگر اس کے برعکس ہم یہ کہیں کہ جو مقصد حاصل کرنا ہے وہ یہ ہے کہ زمین، محنت و اصل کی باہمی نسبت اس طرح قائم کی جائے کہ اس سے پیدا کنندوں کو عظیم ترین ممکنہ فائدہ حاصل ہو تو دقت رفع ہو جاتی ہے۔ ممکن ہے کہ عظیم ترین معاشی فائدہ کسان کو بہت ہی اعلیٰ معیار زندگی برقرار رکھنے کے قابل بنائے یا اقل ترین معیار کے لیے بھی جو چیز ضروری خیال کی جائے اس کو پورا نہ کر سکے۔ مثلاً یہ استدلال کیا جا سکتا ہے کہ مذکورۂ بالا پہلی صورت کی آمدنی ۹۶ روپے فی کس عمدہ معیار راحت کے لیے کافی نہیں ہے۔ لیکن اس کے باوجود یہی اعلیٰ ترین مقدار ہے جو حاصل ہو سکتی ہے۔ ممکن ہے کہ زمین، محنت اور اصل کی بہترین ممکنہ ترکیب قائم کرنے کے باوجود نتیجہ پوری طرح اطمینان بخش نہ ہو۔ اس کے لیے دوسرے اصلاحی تدابیر اختیار کرنا ضروری ہے، مثلاً طریق پیداوار کو زیادہ موثر بنانا، فروخت کے لیے زیادہ سہولتیں پیدا کرنا وغیرہ۔ "معاشی کمیتوں" کے قائم کرنے کا مقصد یہ ہے کہ رعیت کی حیثیت و حالت کو صرف اس حد تک جس حد تک کہ ایک مخصوص طریقے سے اس کی اصلاح کی جا سکتی ہے درست کیا جائے اور وہ طریقہ یہ ہے کہ مناسب وسعت کے کھیت پر اس کو قبضہ دلایا جائے۔ باقی یہ امید رکھنا بیکار ہے کہ اس کی اصلاح کے لیے کوئی نئی زمین اور نیا آسمان پیدا کیا جا سکتا ہے۔ مذکورۂ بالا طریقہ رعیت کی مشکلات کا کامل حل نہیں ہے؛ بلکہ یہ صرف اُن طریقوں میں سے ایک ہے جن کے ذریعے سے صورت حال کی اصلاح ضروری ہے[1]

[1] لیکن بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ کھیتوں کے انتہائی طور پر چھوٹے ہونے کی خرابی خیالی اور فرضی ہے، اور یہ کہ کھیت اس مفہوم میں غیر معاشی نہیں ہیں کہ وہ بہت زیادہ چھوٹے ہیں بلکہ اس لحاظ سے غیر معاشی ہیں کہ وہ کسان کے لیے اس قدر بڑے ہیں کہ وہ اُن کی کافی دیکھ بھال نہیں کر سکتا۔ اُس کو اصل کی اس قدر کم مقدار پر دسترس حاصل ہوتی ہے اور اُس کا عام ساز و سامان اس قدر سادہ ہوتا ہے کہ کھیت کے

باب 222

۹۔ اصلاحی تدابیر

اب ہمیں ان اصلاحی تدابیر پر غور کرنا چاہیے جو ہندوستان میں تقسیم اراضی و انتشار کی خرابی کو رفع کرنے کے لیے اب تک اختیار یا تجویز کی گئیں۔ محکمۂ امداد باہمی کی سرپرستی میں پنجاب میں امداد باہمی کی انجمنیں قائم کر کے منتشر کھیتوں کو ایک شیرازے میں منظم کرنے کے دلچسپ تجربے کا آغاز ۱۹۲۰ء تا ۱۹۲۱ء میں کیا گیا۔ چنانچہ ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء کے ختم تک تقریباً تیس ملین کے کل مزروعہ رقبے میں سے قریب قریب ۲۶۲،۴۶۳ ایکڑ زمین کو ازسرنو تقسیم کیا گیا ہے۔ مصارف کا اوسط ۲ روپے ۵ آنے فی ایکڑ رہا[1]۔ اس تحریک کا خلاصہ یہ ہے کہ اس میں امداد باہمی کے اصول کی سختی سے اتباع کی جاتی ہے۔ اور چھوٹے چھوٹے حقدار کو جو سوءِ ظن اور ناواجب خوف و ہراس ہوتا ہے اس کا مقابلہ کرنے کے لیے ترغیب و تحریص اور مستقل مزاجی کے ساتھ پروپگنڈا ہی واحد آلۂ کار ہیں۔ کھیتوں کے انضمام و اتصال کا نتیجہ جس حد تک کہ اس کو عمل میں لایا گیا پوری طرح مفید برآمد ہوا ہے۔ زمین زیادہ پیداآور ہو گئی ہے جو رقبے سابق میں انتہائی انتشار کی وجہ سے غیر مزروعہ تھے ان پر کاشت شروع ہو چکی ہے مقدمہ بازیوں اور لڑائی جھگڑوں میں کمی اور اصلاح و ترقی کی خواہش قوی اور نمایاں ہو گئی ہے۔ چنانچہ صوبۂ پنجاب بعض اعتباروں سے اس قسم کی امداد باہمی کی جدّ و جہد کے لیے خاص طور پر موزوں ہے جس کے نتیجے کے طور پر انضمام و اتصال اختیاری اور غیر جبری طریق پر عمل میں آرہا ہے۔ اوّل تو یہ کہ زمین اور آبادی دونوں کے لحاظ سے پنجاب کے دیہات میں زیادہ یکسانی پائی جاتی ہے۔ دوسرے یہ کہ چونکہ نہری نوآبادیات میں زمین کو زیر کاشت آئے ہوئے تھوڑا ہی عرصہ گزرا ہے اس لیے

بقیۂ حاشیۂ صفحۂ گزشتہ۔ رقبے میں زیادتی اس کی مشکلات کو بڑھا دیتی ہے۔ اگر واقعی ایسا ہی ہے تو اس کا بدیہی علاج یہ ہوگا کہ متوسط درجے کے کھیت کے رقبے میں مزید کمی کی جائے۔ لیکن ابھی تک اس کی سفارش کرنے کا خیال کسی کے ذہن میں نہیں آیا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ موجودہ بے سروسامانی اور اس کے نتیجے کے طور پر افلاس خود ایک حد تک کھیت کے بہت چھوٹا ہونے کا نتیجہ ہے۔ اس میں توسیع کرنا گویا اس کی پیداوار کی قیمت کو بڑھانا ہے۔ اگرچہ اس اشد ضروری اصلاح کے پہلو بہ پہلو یہ بھی ضروری ہے کہ معمولی کسان کے پاس اصل کی کمی کی مجبوری کو رفع کرنے کے لیے ہر ممکنہ تدبیر اختیار کی جائے۔

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستان ۱۹۲۰ء تا ۱۹۳۱ء" میں صفحہ ۶۰۱ اور انڈین ایر بک بابتہ ۱۹۳۲ء صفحہ ۳۹۔

باب ۷

ان میں کھیتوں کی تنظیم زیادہ آسان ہے۔ تیسرے یہ کہ مقابلۃً سادہ حقیقت اراضی بھی انضمام میں سہولت اہم پہنچاتی ہے[1] لیکن بہترین حالات کے تحت بھی اس تحریک کی رفتار کا بہت سست ہونا یقینی ہے۔ علاوہ ازیں اس بات کی بھی کوئی ضمانت نہیں ہے کہ مستقبل میں انضمام کو برباد نہیں کیا جائے گا۔ پنجاب کا تجربہ صرف انتشار اراضی کے مسئلے کے بارے میں عمل میں لایا گیا اور اس کا مقصد تقسیم اراضی کو روکنا نہیں ہے۔ خود پنجاب کے عہدہ داروں مثلاً سیچ کیلورٹ، ایم۔ ایل ڈارلنگ، اور سی۔ یف اسٹرک لینڈ نے شاہی زرعی کمیشن کے روبرو اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ کھیتوں کے بکثرت انتشار کے مضر اثرات و نتائج سے کسانوں کو بچانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ آئین و قوانین وضع کر کے اُن پر کسانوں کو عمل کرنے پر مجبور کیا جائے۔ اختیاری عمل کے قانون کی آزمائش ہندوستان میں ہو چکی اور وہ ناکام ثابت ہوا۔ چنانچہ بڑودہ میں اس قسم کا قانون وضع کیا گیا، لیکن، جیسا کہ سر مانو بھائی مہتا نے اپنے صدارتی خطبے میں، جو بمبئی کی صوبہ داری امداد باہمی کی کانفرنس میں ۱۹۲۶ء میں پڑھا گیا تھا، تسلیم کیا ہے، قانون محض مجموعۂ ضوابط میں درج ہے اور تقویم پارینہ سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔ اختیاری عمل کی تجویز مغرب کے ترقی یافتہ ملکوں میں بھی ناکام رہی اور اسی لیے وہ جبری قانون نافذ کرنے پر مجبور ہوئے۔

223

پنجاب کی نہری نوآبادیات میں غیر کے ہاتھ جائداد منتقل کرنے پر بندشیں عائد کر کے اور بعض عطیات کی حد تک ترکے کو ایک ہی وارث تک محدود رکھ کر تقسیم اراضی کو روکا گیا ہے۔ لیکن اس کی مدد سے کاشت کی تقسیم در تقسیم کو روکنے میں کامیابی نہیں ہوئی ہے۔

مسلمانوں کے لیے مصری رواج کی سفارش کی گئی ہے جس کی رو سے زمین گو عام طور پر ورثا میں تقسیم کر دی جاتی ہے لیکن جملہ ورثا کی جانب سے کسی ایک شخص کی

---

[1] لیکن زرعی کمیشن قطعی طور پر یہ رائے ظاہر کرتا ہے کہ پنجاب میں جو کام انجام پا رہا ہے اُس کے متعلق یہ خیال نہ کرنا چاہیئے کہ وہ دوسرے صوبوں کے لیے نامونوں ہے اور بہت ہی احتیاط اور استقلال کے ساتھ معاشی مشکلات کی تحقیق کر کے رائے قائم کرنی چاہیئے۔

باب نگرانی میں کاشت کی غرض سے دیدی جاتی ہے یا امینوں کے سپرد کر دی جاتی ہے کہ وہ انتظام کریں۔ رہے ہندو تو ان کے لیے کسی تقسیم و تسہیم کے بغیر موروثی کھیت کی مشترکہ کاشت کے طریق کی حمایت کی گئی ہے۔

حکومت کا محض غیر معاشی کھیتوں کو تسلیم کرنے سے انکار کر دینا کافی نہیں ہے، جیسا کہ بمبئی کے تجربے سے ثابت ہوا۔ "مشترکہ رپورٹ"، جس پر بمبئی کا رعیت واری نظام مبنی ہے اس کے مرتب کرنے والوں کو یہ خوف ہوا کہ مبادا اراضی کی تقسیم در تقسیم کی خرابی رونما ہو۔ لہٰذا ضابطہ مالگزاری میں دفعہ (۹۸) کو شریک کرنے کے وہی ذمہ دار تھے، جس کی رو سے کوئی سروے نمبر (پیمائش کردہ خطہ) ایک مقررہ اقل ترین رقبے سے جو زمین کی مختلف قسموں کے لحاظ سے وقتاً فوقتاً مخصص کیا جائے چھوٹا نہیں ہو سکتا۔ لیکن یہ شرط، اقل ترین مقررہ حد سے اوپر زمین کی تقسیم اور علٰحدہ خطّوں کے طور پر اُس کی تملیک کو روکنے میں غیر موثر ثابت ہوئی۔ عدالتوں نے ایسی تقسیم کو جائز تسلیم کیا اور اس لحاظ سے دفعہ (۹۸) کو منسوخ کرنا پڑا۔ چنانچہ آجکل کتابچۂ حقوق چھوٹی سے چھوٹی تقسیم کے وجود کو بھی تسلیم کرتی ہے۔

نومبر ۱۹۱۶ء میں مسٹر کیٹنگ نے، جو اُس وقت بمبئی کے محکمۂ زراعت کے ناظم تھے، ایک مسودۂ قانون اس غرض سے مرتب و پیش کیا کہ زمینداروں کو اس قابل بنایا جائے کہ اگر وہ چاہیں تو مستقل معاشی کھیت قائم کریں اور اُن کو آیندہ کسی بنا پر بھی ذیلی حصّوں میں تقسیم نہ کیا جا سکے، نیز انتظامی حکومت کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ غیر مقبوضہ سرکاری زمین کے بارے میں بھی نتائج حاصل کرے۔ لیکن چونکہ اس مسودے پر محکمہ جات عدالت و مالگزاری کے متعدد عہدہ داروں نے جن کے یہاں یہ مسودہ بغرض اظہار رائے بھیجا گیا تھا اُس پر مخالفانہ نکتہ چینیاں کیں اس لیے اس کارروائی کو یہیں ختم کر دینا پڑا۔ سب سے اہم اعتراض یہ تھے کہ ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کے معاشری نظام کے خلاف چھوٹے چھوٹے ناقابل تقسیم کھیت کثیر تعداد میں قائم ہو جائیں گے اور یہ کہ ایک بے زمین ادنیٰ طبقہ وجود میں آئے گا جو ایک ایسے ملک میں جہاں صنعتیں اس قدر کم ترقی یافتہ ہوں کہ اُن میں زائد زرعی آبادی کی کھپت نہیں ہو سکتی خاص طور پر خطرناک ثابت ہوگا۔[1]

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، پیراگراف ۱۲۳۔

باب ۲۲۴

صوبۂ متوسط میں کھیتوں کے انضمام کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایک خاص عہدہ دار کا تقرر عمل میں آیا ہے۔ صوبہ وار مجلس قانون ساز نے بھی ایک قانون "کھیتوں کے انضمام" کے نام سے ۱۹۲۸ء میں منظور کیا جس کا نفاذ ابتداءً صرف علاقہ چھتیس گڈھ میں ہونے والا تھا۔ اُس کی رو سے مستقل حقداروں میں سے کم از کم نصف کو جن کے پاس گاؤں کے مقبوضہ رقبے میں سے کم از کم ۲/۳ حصہ تھا، انضمام کی تجویز میں شریک ہونے کا اختیار دیا گیا اور اس تجویز کے منظور ہو جانے کے بعد اُس کی پابندی گاؤں کے جملہ حق داروں اور اُن کے ورثا پر لازم ہو جائے گی۔ بنک کاری کی تحقیق کی مرکزی کمیٹی نے اپنی یادداشت میں لکھا ہے کہ تین سال سے کچھ زائد مدت میں جس میں یہ قانون نافذ رہا ۵۰۲ گاؤں اس قانون سے مستفید ہونے کے لیے آمادہ ہو گئے تھے، ۴۷ گاؤں کا تصفیہ کیا گیا، اور نسبتۃً قلیل سرکاری مصارف سے جملہ ۱۵۶۰۰ ایکڑ زمین کا انضمام عمل میں آیا جو پہلے ہزاروں چھوٹے چھوٹے کھیتوں میں تقسیم تھی[1]۔

۱۰۔ بمبئی کے چھوٹے کھیتوں کا مسودۂ قانون بابتہ ۱۹۲۷ء۔

اکتوبر ۱۹۳۷ء میں چھوٹے کھیتوں کا مسودۂ قانون آنریبل سر چونی لال مہتا نے بمبئی کی مجلس قانون ساز میں پیش کیا۔ اس مسودے کے ابتدائی جزو میں یہ تجویز کی گئی تھی کہ مقامی حالات کے لحاظ سے ایک معیاری اکائی کے مقرر کرنے کا انتظام کیا جائے اور اس اکائی میں وہ اقل ترین رقبہ ہو جس پر علٰحدہ خطّے کے طور پر منفعت کے ساتھ کاشت کی جا سکے۔ اور اس حد سے نیچے کے جملہ کھیت اجزا قرار دیے جانے والے تھے۔ مسودۂ مذکور کا مقصد یہ تھا کہ قدیم ٹکڑوں کی مزید ذیلی تقسیم کو اور نئے ٹکڑے قائم کیے جانے کو روکا جائے اور کھیتوں کے اتصال کو ترقی دی جائے۔ موجودہ منتشر خطّوں پر گو مالک کاشت کر سکتے تھے لیکن اُن کو کسی دوسرے کے ہاتھ اس طریقے پر منتقل نہیں کیا جا سکتا تھا جس سے ان میں مزید انتشار پیدا ہو۔ منتشر کھیتوں کا انتقال اُس وقت تک جائز نہ تھا

---

[1] دیکھو مرکزی بنک کاری کی کمیٹی کی رپورٹ شایع شدۂ ۱۹۳۱ء پیراگراف (۱۷۱)۔

باب

جب تک کہ اس کی بنا پر منتشر کھیت یکجا نہ ہو جائیں۔ معیاری اکائی کے مقرر کیے جانے کے بعد جو نئے کھیت وجود میں آئیں ان کی حد تک جملہ انتقالات کا حق شفعہ ہمسایہ مالکوں یا پٹے داروں کے لیے مرجح تھا۔ گو کسی کو نئے منتشر خطے کا قابض بننے سے روکا نہیں گیا تھا، پھر بھی اس پر اُس وقت تک کاشت نہیں کی جا سکتی تھی جب تک کہ ملحقہ خطے یا خطّوں میں وہ شریک نہ کر لیا جائے تاکہ اس طرح جو مجموعی رقبہ زیر کاشت آئے وہ یا تو معیاری اکائی کے مساوی ہو جائے یا اس سے بڑھ جائے۔

مسودے کے دوسرے جزو کا مقصد یہ تھا کہ زیادہ منفعت بخش کاشت کی غرض سے موجودہ منتشر خطّوں کا انضمام کیا جائے۔ چنانچہ اس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ کلکٹر کی تحریک پر کسی گاؤں یا رقبے کے لیے تجویز مرتب کی جا سکتی تھی، بشرطیکہ کم از کم ۲/۳ خطّوں کے قابض اور متاثرہ زمین کے کم از کم نصف حصّے کے مالک اس تجویز کے مرتب کرنے پر راضی ہوں۔ اس تجویز کا نفاذ ایک خاص عہدہ دار انضمام کے ذریعے سے عمل میں آنے والا تھا جو متعلقہ گاؤں کے تین نمایندوں کی مدد سے یہ کام انجام دینے والا تھا۔

۱۱۔ مسودۂ مذکور کے بارے میں بحث مباحثہ۔

اس مسودے میں کسی حد تک جبر کا عنصر موجود تھا۔ لیکن بقول اسٹینلی جیونس[1] یہ ایک حیرت انگیز اور نہایت ہی اہم عمرانی واقعہ ہے کہ وہ قوانین اور رسم و رواج جو تملیک و استعمال زمین کی تنظیم کرتے ہیں معاشرے کی کسی دوسری امتیازی خصوصیت کے مقابلے میں قائم و باقی رہنے کا زیادہ قوی میلان رکھتے ہیں، اور اس لحاظ سے ان میں بجز قانون کی ناقابل مقاومت قوت کے کسی دوسرے خارجی عمل کے ذریعے سے تغیّر و تبدّل کرنا دشوار ہے۔[1]

225

دوسرا اعتراض یہ تھا کہ مسودۂ مذکور قانون وراثت اور ان اصول میں مداخلت کرتا تھا جن پر ہندوستان کی خاندانی زندگی کا دارومدار ہے۔ اس کا یہ جواب دیا جا سکتا تھا کہ قانون وراثت میں اس وجہ سے مداخلت ہوتی تھی کہ مسودے

---

[1] چنانچہ مجلس مقننہ بمبئی کے مباحث میں اکتوبر ۱۹۲۷ء میں سر چونی لال مہتا نے اس قول کا حوالہ دیا۔

باب

کی رو سے مفادات کی علٰحدگی کو روا رکھا گیا تھا گو ایک مقررہ حد کے بعد جائداد غیر منقولہ کی کاشت کے لیے دراصل طبیعی طور پر ذیلی تقسیم جائز نہ تھی۔ چنانچہ کہا جا سکتا ہے کہ "مسودۂ مذکور نے اس قانون میں تغیر" کرنے کی بجائے جس پر تفریق و تقسیم مبنی تھی طریق تقسیم و علٰحدگی میں تبدیلی کرنے کی کوشش کی؛ بہرحال قانون تو انسان کا بنایا ہوا ہوتا ہے لہٰذا اگر یہ معلوم ہو کہ وہ مائل بفساد و شر ہے تو اُس کو رفع کرنے کی واحد معقول تدبیر صرف یہ ہے کہ اس کو بدل دیا جائے۔

لیکن اس مسودے کے بارے میں اکثر جو اعتراض سنائی دیتا تھا وہ یہ تھا کہ اس کی وجہ سے بہت سے کسان بے دخل ہو جائیں گے اور بے زمین مزدوروں کی تعداد بہت بڑھ جائے گی۔ یہ اعتراض اس مفروضے پر مبنی تھا کہ معیاری کھیت کا رقبہ اتنا مقرر کیا جائے گا جو کسان کے موجودہ متوسط درجے کے کھیت سے بہت بڑا ہوگا۔ لیکن مسودۂ مذکور کا مقصد یہ تھا کہ "معاشی کھیتوں" کی بجائے "منفعت بخش کھیت" وجود میں لائے جائیں۔ چنانچہ معیاری اکائی کی تعریف یہ کی گئی تھی کہ ایسا اقل ترین رقبہ جو معاشی کھیت نہ ہو تو کم از کم نفع بخش کاشت کے لیے ضروری ہو۔ ہماری بیان کردہ تعریف کے مطابق معاشی کھیت جتنا ہونا چاہیے اُس سے بہت چھوٹا کھیت بھی نفع بخش ہو سکتا ہے۔ یہ ممکن معلوم ہوتا تھا کہ جہاں معاشی کھیت کا رقبہ ۲۰ ایکڑ ہوگا وہاں معیاری اکائی کا رقبہ کم و بیش ۳ یا ۴ ایکڑ مقرر کیا جاتا۔ اگر ایسا ہوتا تو اس مخصوص قانون کے نفاذ کے نتیجے کے طور پر دراصل بہت کم لوگوں کو زمین الگ کرنی پڑتی۔

اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ معیاری اکائی کے لیے بہت ہی معمولی رقبہ تجویز کیا گیا تھا تو بھی اس کا قرینہ تھا کہ ان لوگوں میں سے اکثر جنھیں نئے قانون کے تحت پٹہ یا فروخت کے ذریعے سے زمین کو الگ کرنا پڑتا وہی لوگ ہوتے جن کے کھیت اس قدر چھوٹے تھے کہ صرف ان ہی پر گزارہ کرنا ممکن نہ تھا اور جو اس لحاظ سے ہمہ وقتی کسان نہ تھے۔ جو کچھ بھی چھوٹے کھیت اُن کے قبضے میں تھے وہ اس لحاظ سے نقصان رساں تھے کہ وہ ایسے پیشے میں مناسب توجہ مرتکز کرنے کی راہ میں مزاحم تھے جو ان کسانوں کا سب سے بڑا ذریعۂ معاش تھا۔ ان حالات میں قابض کا

باب 226

اس میں زیادہ فائدہ ہوتا کہ وہ اپنی زمین کو ذیلی پٹّے پر دے دیتا، گویا وہ محض اس خطّے کا مالک رہ کر بھی فائدہ اٹھاتا اور خود کاشت کر کے نقصان اُٹھانے اور وقت ضائع کرنے سے محفوظ رہتا۔[1]

مسودۂ مذکور کے نقادوں نے اس امکان کو بھی نظر انداز کر دیا کہ یہ مسودہ بے احتیاطی کے ساتھ تقسیم در تقسیم کرنے کے حق میں حوصلہ شکن ثابت ہوتا، اور اس طرح ملکیت کو ساقط کرنے کا سوال اکثر صورتوں میں رونما ہی نہیں ہوتا۔ اگر تقسیم و تفریق کا نتیجہ یہ ہوتا کہ خاندانی کھیت مقررہ اقل ترین رقبے سے چھوٹے خطّوں میں تقسیم ہو جاتا تو، اس پر چند مجوزہ قانونی پابندیاں عائد کر دینے کے بعد لوگ تقسیم کی کوشش سے باز رہتے۔ کھیتوں کو تقسیم کرنے کے بعد بھی مشترکہ طور پر کاشت کرنے کا طریقہ زیادہ عام ہو جاتا جس میں پیداوار کی تقسیم ہوتی اور زمین کی تقسیم عمل میں نہ آتی۔ یہ مسودہ ایک ذیلی منتخب کمیٹی کے حوالے کیا گیا جس نے مئی ۱۹۲۸ء میں رپورٹ پیش کی اور اس مسودے کو زیادہ مناسب اور قابل قبول بنانے کے لیے چند جزوی ترمیمیں بھی پیش کیں۔ لیکن کونسل کے اندر اور باہر سخت مخالفت کی وجہ سے مسودے کو غیر معیّن مدّت کے لیے ملتوی کر دینا پڑا۔ مخالفت اس غلط فہمی کی بنا پر کی جا رہی تھی کہ مسودہ منظور ہو جانے کے بعد ملکیت کو بڑے پیمانے پر ساقط کرنا پڑے گا۔ اس غلط خیال کو رفع کرنے کے لیے مسٹر بی، ڈی، جادھو نے سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ سے اختلاف کرتے ہوئے یہ رائے ظاہر کی کہ خود مسودۂ قانون میں معیاری اکائی کی تعریف کر دینا مناسب تھا۔ چنانچہ انھوں نے یہ تجویز کی کہ باغات کی زمین کے لیے ۱۰ گنٹے (۱/۴ ایکڑ) تری کی زمین (چاول کی کاشت) کے لیے ۵ گنٹے، مالی (دریا کے کنارے کی) زمین کے لیے ۵ گنٹے اور خشکی کی زراعت کے لیے ۴۰ گنٹے مقرر کیے جائیں۔[2] گو یہ اکائیاں مقامی حالات کے لحاظ سے غالباً ہر جگہ موزوں نہ ہوتیں، پھر بھی اُن کی

---

[1] دیکھو ییٹ۔ جی۔ یچ انڈرسن کا رسالہ جو بمبئی کے چھوٹے کھیتوں کے مسودۂ قانون کے بارے میں لکھا گیا تھا۔

[2] دیکھو منتخب کمیٹی کی رپورٹ دربارۂ مسودۂ قانون نمبر (۱۶) بابتہ ۱۹۲۷ء، صفحہ ۶۔

باب ۷

یہ رائے مناسب و معقول تھی کہ عوام کے سوءِ ظن کو رفع کرنے کے لیے کچھ اطمینان دلانا قطعی طور پر ضروری تھا۔ اگر مسوّدے کے حامی اس کی حقیقی نوعیت کو عوام پر واضح کرتے اور ان کی تفہیم کرنے کے لیے کوئی باقاعدہ اور منظم جدوجہد کرتے تو اس مسودے کو غالباً زیادہ تائید حاصل ہوتی۔ لیکن چونکہ ایسا نہیں کیا گیا اس لیے جس حالت میں وہ پیش کیا گیا تھا اُسی حالت میں اُس کو کسی معقول شنوائی و سماعت کے بغیر واپس لے لینا پڑا۔

آخر میں زرعی کمیشن کے اس انتباہ کا ذکر نامناسب نہ ہوگا کہ تقسیم اراضی و انتشار کے مسئلے کو حل کرنے میں بہت احتیاط درکار ہے اور متاثرہ اشخاص کی رائے اور اُن کے میلانات کا انتہائی ممکنہ لحاظ بھی ضروری ہے۔ ممکن ہے کہ جبر کا عنصر ایک حد تک ناگزیر ہو لیکن یہ خیال نہ کر لینا چاہیئے کہ جبر عوام کے خیالات و خواہشات پر نہایت احتیاط کے ساتھ توجہ دینے کی ضرورت سے بے نیاز کر دیتا ہے۔ جبر کو انضمام کی مجوّزہ تجویز کی ممکنہ طور پر سب سے آخری منزل کے لیے محفوظ رکھنا چاہیئے اور اس کا استعمال آبادی کی اکثریت کے لیے سہولتیں پیدا کرنے کے لیے کیا جا سکتا ہے جن کی راہ میں ممکن ہے کہ ایک ضدی اقلیت بصورت دیگر رکاوٹ پیدا کرے۔ حکومت کو پروپیگنڈا کا کام اپنے ذمے لینا چاہیئے اور مشکلات اور دشواریوں کو جدوجہد سے باز رہنے کا عذر نہ بننے دینا چاہیئے۔ جہاں کہیں انضمام اختیاری قانون کے تحت رائج کیا جائے وہاں حکومت کو تدریجی طریقے پر عمل کرنا چاہیئے۔ خاص خاص رقبوں کو 227
منتخب کر کے اختیاری قانون کے تحت اعلان یا اشتہار دینا چاہیئے اور کسی جبری طریقے کو رائج کرنے سے پیشتر حقداروں کی رائیں دریافت کر لینی چاہئیں[1]

ہم اوپر یہ بات قطعی طور پر تسلیم کر چکے ہیں کہ ہر آئینی تدبیر خواہ وہ کتنی ہی معتدل کیوں نہ ہو اگر اراضی کی تقسیم و تقسیم اور کھیتوں کے انتشار کی موجودہ انتہائی مشکل کی اصلاح کے لیے اختیار کی جائے گی تو اس کی وجہ سے کچھ نہ کچھ استعفاء ملکیت یا بے دخلی لازمی طور پر نما ہوگی۔ اور گو ہم یہ خیال ظاہر کر چکے ہیں کہ جو لوگ اس طرح

[1] ۔ زرعی کمیشن کی رپورٹ، پیراگراف (۱۲۷)

باب

اپنی زمین کو الگ کرنے پر مجبور ہوں گے ان کی حالت نہ صرف مذکورۂ بالا وجوہ کی بنا پر بلکہ اس وجہ سے بھی پہلے سے بہتر ہو جائے گی کہ کھیتوں کا رقبہ بڑھ جانے کے معنے زیادہ سرسبز زراعت اور مزدوروں کے لیے زیادہ کام نکلنے کے ہوں گے۔ تاہم خاص تدابیر اختیار کرنا مناسب ہوگا تاکہ بے دخل کیے ہوئے قابض جلد کسی منفعت بخش و آرام دہ کام میں جذب ہو جائیں۔ لہٰذا اسی غرض سے زراعت کی اصلاح و ترقی کو وسعت دینی چاہیئے؛ جہاں کہیں ممکن ہو آبادکاری کی تجاویز کو روبعمل لانا چاہیئے: دیہی صنعتوں کو جو زراعت سے حتی الامکان قریبی تعلق رکھتی ہوں ترقی دینی چاہیئے؛ اور صنعتی ترقی کی رفتار کو تیز کرنا چاہیئے۔

مستقل اصلاح و ترقی

۱۲۔ مستقل اصلاح و ترقی کا فقدان اور اُس کے نتائج۔

مغربی و ہندوستانی کاشتکاری میں جو نمایاں فرق و اختلافات ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ ہندوستان میں زمین کی مستقل اصلاح و ترقی تقریباً بالکل مفقود ہے۔ بمبئی دکن کے حالات کا ذکر کرتے ہوئے جو ہندوستان کے دوسرے علاقوں کے بارے میں بھی کم و بیش صادق آتے ہیں کیٹنگ کہتا ہے کہ مغربی حصے میں پہاڑیوں کے ڈھالوں پر چھوٹے مالکوں نے احتیاط اور محنت کے ساتھ زینہ نما کھیت بنا لیے ہیں کہیں کہیں کسی خوش نصیب خطے میں آبپاشی کے کنویں موجود ہیں[1] اور کھیتوں پر کسانوں کے کچھ گھر دکھائی دیتے ہیں۔ لیکن میدانوں کے بیشتر حصے کو انسان نے ابھی تک ہاتھ نہیں لگایا ہے؛ چنانچہ ارد گرد باڑ یا پشتے تو درکنار آبپاشی کا تک انتظام نہیں ہے اور نہ ان میں انسان یا جانور کے لیے پناہ لینے کی کوئی جگہ ہے۔

[1] ۔ دیکھو کیٹنگ کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۱۰۔

باب

مناسب باڑوں کے نہ ہونے سے فصلیں جنگلی خنزیر، بھٹکے ہوئے مویشیوں اور کھیت پچرانے والوں کے رحم و کرم پر رہتی ہیں۔ اس کی وجہ سے سرحدوں کے جھگڑے الگ ہوتے ہیں اور مویشیوں کو اکٹھا کرنے اور فصلوں کی نگرانی میں بھی بہت محنت صرف ہوتی ہے۔ ہوا کو روکنے والی دیوار یا باڑ نہ ہونے کی وجہ سے تیز و تند ہوا کے جھونکے کپاس جیسی فصلوں کو بہت کچھ نقصان پہنچاتے ہیں۔ گو انفرادی طور پر اور امداد باہمی کے اصول پر مناسب باڑ لگانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں لیکن اس سلسلے میں ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ کھیتوں میں پشتے تو نام کو نہیں ہوتے۔ نتیجہ یہ ہے کہ کانٹ چھانٹ 228
اور جھیل چھال کی وجہ سے بہت سی مٹی ضائع ہو جاتی ہے اور کاشتکار کو نقصان ہوتا ہے حالانکہ وہ اس سے بچ سکتا ہے۔ علاوہ ازیں زمین میں مناسب ڈھال نہیں رکھا جاتا اور نہ اُس کو اس طریقے پر مسطح کیا جاتا ہے کہ پانی یکسانی کے ساتھ جذب ہو سکے۔ زائد پانی کو نالیوں کے ذریعے سے خارج کرنے کا بھی کوئی معقول انتظام نہیں، نتیجہ یہ کہ پانی گڈھوں میں جمع ہو جاتا ہے، اور اگر بدرَو بنائے بھی جاتے ہیں تو دوسرے اشخاص کی زمینوں پر پانی بہنے لگتا ہے اور اُن کو نقصان پہنچتا ہے۔ چنانچہ "دریائے جمنا کے بائیں کنارے ہزاروں ایکڑ قیمتی زمین نالوں کا جال بچھ جانے کی وجہ سے تباہ ہو گئی، اور جن دیہات کے اطراف کسی زمانے میں زرخیز کھیت تھے وہ اب بیکار نالیوں کے جال میں گھرے پڑے ہیں"[1] بالائی سطح کے پانی کے بہنے کا مناسب انتظام کرنے سے یہ سب خرابیاں رفع ہو جائیں گی، فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا اور سوتوں کی سطح بلند ہو جانے کی وجہ سے کنویں سال بھر کارآمد رہیں گے[2]۔

عام طور پر دیکھا جائے تو مطلوبہ پیمانے پر کھیتوں کے پشتوں اور مضبوط باڑ کا انتظام انفرادی کسان کے بس سے باہر ہے اور اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے اس بات کی

---

[1] ۔ دیکھو ڈاکٹر کلاؤسٹن کی یادداشت، زرعی کمیشن کی رپورٹ کی رہنما دستاویزات میں جلد اوّل، صفحہ ۱۲۔

[2] ۔ دیکھو ہاورڈ کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۱۴۔

باب

ضرورت ہے کہ زمین کی اصلاح و ترقی کی مشترکہ تجاویز اختیار کی جائیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ حکومت قرضہ بطور تقاوی آزادی کے ساتھ منظور کرے اور خاص ماہر عہدہ داروں کے تقرر کے ذریعے سے فنی نگرانی اور مشورہ مہیا کر کے اس کام میں مزید مدد بہم پہنچائے۔ بعض صوبہ داری حکومتوں نے جدّت دکھا کر پیشتوں کے بارے میں خاص عہدہ داروں کا تقرر کیا ہے۔ کھیتوں پر رکھوالی یا باڑہ کا نہ ہونا بھی بہت بڑی خرابی ہے جس کی وجہ سے نہ صرف نگرانی مشکل ہو جاتی ہے بلکہ انسان اور مویشیوں کا وقت اور اُن کی محنت بھی غیر ضروری طور پر ضائع جاتی ہے۔ مویشیوں کو بحفاظت نہیں رکھا جا سکتا اور آدمیوں کے ساتھ جانوروں کو بھی گاؤں کے گھر میں رکھنے کا طریقہ نہایت غیر اطمینان بخش ہے۔ گاؤں سے کھیت تک کھاد ڈھو کر لے جانے کا عمل لازمی طور پر وقت طلب اور نقصان رساں ہوگا۔ لیکن کھیت پر مناسب مکان تعمیر کرنے کی راہ میں متعدد دشواریاں ہیں جن کے رفع کرنے میں وقت لگے گا۔ ایک وقت تو یہ ہے کہ کھیت کے مکان کی بود و باش کسان کو اس امن و امان و تحفظ سے محروم کر دے گی جس سے وہ دوسرے کسانوں کے ساتھ گاؤں کے حدود میں رہ کر مدت سے متمتع ہو رہا ہے۔ باہمی تحفظ کی ضرورت سرکار برطانیہ کے نظم و امن قائم کرنے سے پیشتر بہت زیادہ تھی، لیکن اب بھی وہ ایک اہم اور قابل لحاظ امر ہے۔ دوسرے یہ کہ گاؤں کے آبائی مکان سے وابستگی کھیت کے نئے مکان میں منتقل ہونے کی راہ میں حائل ہوتی ہے۔ تیسرے یہ کہ
229 نقل مقام کے مصارف ایک اہم عامل ہیں۔ چوتھے یہ کہ اوسط درجے کا مزرعہ عام طور پر اس قدر منتشر ہوتا ہے کہ کسان ایک کھیت کا مالک نہیں ہوتا بلکہ متعدد چھوٹے چھوٹے کھیت اُس کے قبضے میں ہوتے ہیں۔ اور سب سے آخر میں پانچویں یہ کہ کسان جہاں گاؤں کے حدود کے اندر رہ کر پینے کا پانی حاصل کرنے کے لیے گاؤں کے عام مشترکہ کنووں سے استفادہ کر سکتا ہے وہاں اگر وہ اپنے مزرعے میں کھیت کے مکان میں منتقل ہو تو اُسے اپنا ایک ذاتی کنواں کھودنا پڑے گا۔ لیکن اس عظیم فائدے کے مدنظر جو ہر کسان کو انفرادی طور پر اپنے کھیتوں پر مقیم ہونے سے حاصل ہوگا ان سب دقتوں اور دشواریوں کو راستے سے دور کرنا چاہیئے۔

باب ۴

آبپاشی

۱۳۔ آبپاشی کی ضرورت و اہمیت[1]

اس کے کئی وجوہ ہیں کہ کیوں ہم اپنی زراعت کے بارے میں کُلیتہً بارش ہی پر انحصار نہیں کر سکتے اور کیوں کسان کے لیے آبپاشی کی مناسب سہولتیں بہم پہنچانا ضروری ہے۔ سندھ، راجپوتانہ اور جنوب مغربی پنجاب جیسے اکثر علاقے ہیں جہاں بارش اس قدر کم ہوتی ہے کہ نہ ہونے کے برابر۔ گویا مصنوعی آبپاشی کے بغیر زراعت غیر ممکن ہے۔ دوسرے یہ کہ بعض مقامات پر بارش اس قدر کم تو نہیں ہوتی لیکن بے وقت ہوتی ہے اور اس کی تقسیم خراب ہے۔ مثلاً دکن کے بالائی حصّوں میں خشک سالی اور وقت پر بارش نہ ہونے کی شکایت بہت دیرینہ ہے۔ تیسرے یہ کہ چاول اور گنّے جیسی بعض فصلوں کو باقاعدہ اور کافی پانی دینا ضروری ہے جو بجز خاص خاص مقاموں کے ہر جگہ بارش کے ذریعے سے نہیں ملتا۔ چوتھے یہ کہ اضافۂ آبادی کے دباؤ کے تحت زمین کی کاشت عمیق نے دوسری یا سرمائی فصلوں کو ضروری بنا دیا ہے؛ لہٰذا سرمائی بارش نہ ہونے کی صورت میں مصنوعی آبپاشی ضروری ہے۔ اور آخر میں یہ کہ یہ امر بھی قابلِ لحاظ ہے کہ قریب قریب ۸۰ فیصد آبادی کا دارومدار زراعت پر ہے اور آبپاشی کی سی ضروری داہم چیز کی کافی مقدار میں موجودگی یا عدم موجودگی سے اس کی خوشحالی کا متاثر ہونا لابدی ہے۔ اسی وجہ سے قدیم ترین ایام سے ہندوستان میں آبپاشی کا رواج چلا آرہا ہے، خاصکر کنوؤں اور نالابوں کی شکل میں؛ اور برطانوی دور نے آبپاشی کے نظام میں جو اضافہ کیا ہے وہ بڑے بڑے کارہائے آبپاشی پر مشتمل ہے جو بڑے بڑے دریاؤں کے زائد پانی سے

---

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "سہ سالہ تبصرہ پر آبپاشی از ۱۹۲۷ء تا ۱۹۳۲ء" Triennial Review of Irrigation نیز ہیمس کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں آبپاشی" صفحہ ۱ تا ۴۔

باب

استفادہ کرنے کی غرض سے تعمیر کیے گئے ہیں۔

آبپاشی کے فوائد بے شمار ہیں چنانچہ اہم ترین یہ ہیں:۔ فصلوں کی پیداوار میں اضافہ، خشک اور پُرخطر علاقوں میں مستقل کھیتی باڑی کا کامیاب انتظام، قحط و قلت سے تحفظ، پنجاب جیسے زرعی صوبوں میں ریلوں سے بکثرت منافعہ اور سرکاری محاصل میں براہِ راست اضافہ۔

۱۴۔ کارہائے آبپاشی کی تبویب۔ 280

(۱) عام تبویب۔

ہندوستان میں کارہائے آبپاشی کی تین اہم قسمیں ہیں (۱) کنوئیں (۲) تالاب اور (۳) نہریں۔ نہریں بھی تین قسم کی ہیں (۱) سیلابی نہریں۔ (۲) مدامی نہریں اور (۳) کارہائے ذخیرۂ آب[1]

(۱) کنوئیں۔ ہندوستانی آبپاشی کے نظام میں کنواں ایک اہم عامل ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ چنانچہ جن رقبوں پر آبپاشی کی جاتی ہے اُن میں سے ۲۵ فیصد کنووں سے مستفید ہوتے ہیں[2] ملک کے مختلف حصّوں میں بشمول دیسی ریاستوں کے جملہ ۲۵ لاکھ کنوئیں ہیں جن سے ایک کروڑ ۲۵ لاکھ ایکڑ زمین سیراب ہوتی ہے اور اُن کی لاگت کا اندازہ ایک ارب روپیہ کیا جاتا ہے۔ اس قسم کی آبپاشی بہت بڑا افادہ رکھتی ہے اور نہری آبپاشی کے مقابلے میں زیادہ موثر ہے[3] کنووں کی کھدائی زیادہ تر نجی طور پر کی جاتی ہے اگرچہ حکومت بھی

---

[1] ۔ آبپاشی کے جن دوسرے طریقوں سے ہندوستان میں کام لیا جاتا ہے اُن کے منجملہ ایک یہ ہے کہ دریاؤں کا پانی کنووں کی طرح نکال کر آبپاشی کی جاتی ہے اور دوسرا یہ کہ سیلابی پانی کو روک کر عارضی بند تعمیر کیے جاتے ہیں۔ دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستان ۱۹۳۱ء تا ۱۹۳۲ء" میں صفحہ ۲۲۹۔

[2] ۔ دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ ضمیمۂ دوم، جس میں ۱۹۰۰ء تا ۱۹۲۶ء میں کنووں کی آبپاشی کے رقبے کے بارے میں اعداد و شمار دیئے گئے ہیں۔

[3] ۔ جب کاشتکار کو ہر قطرۂ آب جو وہ استعمال کرتا ہے مختلف گہرائیوں سے اوپر کو لانا پڑتا ہے تو اُس کے استعمال میں بھی وہ زیادہ احتیاط سے کام لیتا ہے۔ نہری پانی کے مقابلے میں چاہی پانی کم از کم سہ گونہ زیادہ محنت عائد کرتا ہے۔ علاوہ ازیں زمین سے پانی نکالنے کے مصارف زیادہ

باب ۷ ان کی تیاری کی ہمت افزائی کرتی ہے۔ مثلاً اس غرض کے لیے تقاوی دیئے جاتے ہیں اور اصلاح و ترقی یافتہ زمین پر زائد محصول معاف کیا جاتا ہے۔ کنوؤں کا افادہ زمین کو برما کر پانی نکالنے کے طریقے اور خاص وضع کے معمولی قوت سے چلنے والے پمپوں کی بدولت بہت بڑھ گیا ہے۔ محکمۂ زراعت کا شعبۂ انجنیری اس قسم کی اصلاح و ترقی کی جانب خاص طور پر توجہ کرتا اور اُس میں حصہ لیتا ہے۔ ہندوستان کے تمام صوبوں میں کنوؤں کی آبپاشی کی توسیع کی بہت بڑی گنجائش ہے۔ اگر کنوؤں کی کھدائی اور پانی نکالنے کے لیے امداد باہمی کی چھوٹی انجمنیں قائم کی جائیں تو وہ چھوٹے چھوٹے انفرادی کھیتوں کے حق میں نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوں گی۔ گو زرعی کمیشن صوبۂ متحدہ کی اس تجویز کا موید نہیں ہے کہ "نل کنوئیں"[1] بنانے کے لیے مالی امداد دی جائے، لیکن یہ سفارش کرتا ہے کہ حکومت ان کی تعمیر میں حسب ذیل طریقوں سے مدد دے؛ یعنی فنی مشورہ دیا جائے، تقاوی قرضے دیے جائیں، اور زمیندار کو تھوڑی سی فیس ادا کرنے پر کھدائی اور برمانے کا ساز و سامان اور ماہر مزدور فراہم کیے جائیں[2]۔

(۲) تالاب۔ تالاب بہت ہی قدیم زمانے سے ہندوستانی زرعی معیشت کی امتیازی خصوصیت ہیں۔ لیکن پنجاب اور سندھ میں وہ تقریباً مفقود ہیں۔ مدراس میں یہ سب سے زیادہ ترقی یافتہ حالت میں موجود ہیں، چنانچہ یہاں ... ۳۵ معمولی کار ہائے 231

بقیۂ حاشیہ صفحۂ گذشتہ۔ ہوتے ہیں اس لیے وہ عام طور پر اعلیٰ درجے کی فصلوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ کنوئیں کی آبپاشی کی ہوئی زمینوں کی پیداوار نہروں کی آبیاری کی زمینوں کے مقابلے میں کم از کم ۱/۳ زیادہ ہوتی ہے۔ گو ایک نہری نظام کے تحت زیر کاشت لائے ہوئے بڑے بڑے رقبے ان دونوں نظاموں کے باہمی فرق کو کم کر دیتے ہیں۔ پھر بھی یہ ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ نہروں کی توسیع کنوؤں کے ذریعے سے آبپاشی کے امکانات میں اضافہ کر دیتی ہے۔ اس لیے کہ نہروں کا پانی زمین میں جذب ہو ہو کر زمین کے ذخیرۂ آب میں اضافہ اور اُس کی سطح کو بلند کر دیتا ہے۔

[1] (Tube Wells)

[2] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ؛ فقرہ (۲۷۴) و (۲۸۰)۔

باب ۴ آبپاشی ہیں جو ۲۵ تا ۳۰ لاکھ ایکڑ زمین کو سیراب کرتے ہیں۔ تاہم متعدد قدیم دیہاتی تالاب مٹی اور ریگ سے پُر اور بے مرمت پڑے ہوئے ہیں۔ اس قدیم آبپاشی کی سلسلہ سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرنے کے طریقے کو عام کرنے کے لیے حکومت اور عوام دونوں کو نہایت سرگرم کوشش کرنی چاہیئے خاصکر ان علاقوں میں جہاں نہری آبپاشی غیر ممکن یا ناموزوں ہے۔

(۳) **نہریں**۔ موجودہ زمانے میں ہندوستان میں آبپاشی کی سب سے اہم شکل نہریں ہیں اور حکومت خاص طور پر اُن ہی کی ہمت افزائی کرتی ہے۔ نہروں کی عام طور پر دو قسمیں ہیں (۱) وہ نہریں جو سال تمام دریاؤں سے قدرتی طور پر پانی حاصل کرتی ہیں اور (۲) وہ نہریں جو مصنوعی ذخیرہ آب سے جاری رہتی ہیں۔ قسم اوّل کی نہریں زیادہ تر ان علاقوں میں کاٹی گئی ہیں جن میں سے ہمالیائی دریا گزرتے اور سال بھر بہتے رہتے ہیں، حتیٰ کہ خشک گرمی کے موسم میں بھی پہاڑی برف لازوال ذخیرے کا کام دیتا ہے۔ مدراس میں بھی ایک حد تک یہی حالت پائی جاتی ہے جہاں سرمائی بارش بمبئی کے مقابلے میں زیادہ مقدار میں ہوتی ہے۔ دوسری قسم کی نہریں احاطۂ مدراس، دکن، صوبۂ متوسط اور بندھیل کھنڈ میں پائی جاتی ہیں۔ اگرچہ جزیرہ نمائے ہند کے دریا موسم بارش میں دھڑلے سے بہتے ہیں تاہم سال کے خشک مہینوں میں ان کا پانی بہت کم ہو جاتا ہے اور اس لحاظ سے مصنوعی ذخیرۂ آب ضروری ہے۔

پہلی قسم کی نہر کو دو قسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے (۱) سیلابی نہر (۲) مدامی نہر۔ (۱) سیلابی نہروں میں دریا پر کوئی بند تعمیر کیے بغیر دریا سے براہ راست پانی لیا جاتا ہے۔ لیکن ان میں اُس وقت تک پانی نہیں آتا جب تک کہ دریا میں سیلاب نہ آئے اور ایک خاص سطح تک نہ پہنچے، چنانچہ نہر کے پانی میں دریا کی قدرتی سیلابی سطح کے لحاظ سے کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔ سندھ اور پنجاب کی زمینوں کی آبپاشی اسی قسم کی نہروں سے ہوتی ہے جو علی الترتیب دریائے سندھ اور ستلج سے پانی حاصل کرتی ہیں۔ سندھ کی اکثر نہریں سیلابی ہیں۔ چونکہ ان کا انحصار قدرتی سیلابی سطح پر ہوتا ہے، اس لیے جس وقت اس سطح میں کمی ہو جاتی ہے ان میں بھی پانی کی مقدار کم ہو جاتی ہے اور مسلسل اور طویل طغیانی کی بدولت وہ زیادہ وسیع خطوں کو سیراب

باب

کرتی ہیں۔ اس طرح آبپاشی کا زمانہ جون سے ستمبر تک محدود ہوتا ہے اور سال کے باقی حصّے میں کنووں کو استعمال کیے بغیر کاشت ناممکن ہو جاتی ہے۔ سندھ کے بند سکر کا افتتاح جنوری ۱۹۳۲ء میں ہوا اور وہ اپنی نوعیت کا دُنیا کا سب سے بڑا بند ہے۔ دریائے سندھ کے پانی کو ایک بند تعمیر کر کے روکا گیا ہے اور اس ذریعے سے مذکورۂ بالا نقص کو رفع کرنے کی کوشش کی گئی ہے؛ چنانچہ اس بالائی حصّے سے نکالی ہوئی نہروں میں پانی کو اتنی اعلیٰ سطح تک برقرار رکھنا ممکن ہوگا کہ پانی بافراط دستیاب ہو سکے اور آبپاشی کا کام سال بھر تک جاری رہ سکے۔ اسی قسم کی تدابیر پنجاب میں اختیار کی جا رہی ہیں اور ان کاموں کو انجام دینے میں جو تاخیر ہو رہی ہے اس کی وجہ محض یہ ہے کہ مصارف بہت زیادہ ہیں۔

232 (۲) مدامی نہریں، جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے، ایک ایسے دریا کے پانی کو کسی قسم کے سدّ یا بند کے ذریعے سے روک کر تعمیر کی جاتی ہیں جو سال بھر بہتا رہتا ہے اور جہاں آبپاشی کی ضرورت ہو وہاں اُس کا پانی نہر کے ذریعے سے پہنچایا جاتا ہے۔ اس طرح یہ نہریں دریا کے پانی کی قدرتی سطح کے تابع نہیں ہوتیں۔ اس قسم کے تحت صوبۂ متحدہ اور پنجاب کی جملہ مدامی نہروں کا نظام آتا ہے۔ سندھ اور پنجاب کی بعض سیلابی نہروں کو مدامی نہروں سے تبدیل کیا جا رہا ہے۔

کارہائے ذخیرۂ آب کی نہریں کسی وادی میں بند تعمیر کر کے بنائی جاتی ہیں۔ جس میں موسم بارش میں برسے ہوئے پانی کو ذخیرہ کیا جاتا ہے اور اطراف واکناف کی زمینوں کی آبپاشی کے لئے تقسیم کیا جاتا ہے۔ ہندوستان میں مون سون (بلوچستان) کے زمانے میں بارش کے پانی کو جمع کرنے کے طریقے پر بہت قدیم زمانے سے عمل ہوتا آ رہا ہے۔ چنانچہ اس قسم کے کام دکن، صوبۂ متوسّط اور بندیل کھنڈ میں پائے جاتے ہیں۔

۱۴۔ کارہائے آبپاشی کی تبویب

(۲) سرکاری کارہائے آبپاشی کی تقسیم۔

جس ذریعے سے سرکاری کارہائے آبپاشی کا فنڈ مہیا کیا جاتا ہے اُس کو ظاہر کرنے کے لیے ۱۹۲۱ء تک ان کاموں کی تقسیم حسب ذیل طریقے پر کی جاتی تھی:۔ (۱) کارہائے پیدآور (۲) کارہائے حفاظتی اور (۳) کارہائے خورد۔

(۱) کارہائے پیدآور۔ یہ توقع کی گئی تھی کہ ان کے

باب

مکمل ہو جانے کے دس سال کے اندر ان سے اتنی مالگزاری وصول ہو گی کہ جتنا سرمایہ ان میں لگا تھا اس کے سالانہ سود کی رقم کو ادا کرنے کے لیے کافی ہو گی۔ اس قسم کے کام زیادہ تر شمالی ہند اور مدراس میں پائے جاتے ہیں۔ ۱۹۲۷ء تا ۱۹۳۰ء کے تین سالوں میں ان کارہائے پیداآور سے اوسطاً ۳۰۳،۲۰۲ ایکڑ زمین کی آبپاشی کی گئی اور سرمایے کی مجموعی لاگت ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء کے ختم تک ۹۲ کروڑ روپے تھی۔ سرکاری کارہائے آبپاشی سے آبپاشی کیے ہوئے رقبے میں سب سے زیادہ اضافہ پیداآور کاموں کی قسم کے تحت ہوا، چنانچہ ۱۸۷۰ء تا ۱۸۷۹ء میں ۲ کروڑ ۷ لاکھ ۵۶ ہزار ۲ سو ۹ ایکڑ اور ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء میں ۲ کروڑ ۳۵ لاکھ ۵ ہزار ۶ سو ۷۵ ایکڑ زمین کی آبپاشی ہوئی۔ ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں رقبہ گھٹ کر ۳۰۳،۴۶،۴۲۲ ایکڑ ہو گیا۔

(۲) کارہائے حفاظتی۔ یہ اس توقع سے نہیں بنائے گئے تھے کہ ان سے براہِ راست کوئی نفع حاصل ہو گا، بلکہ مقصد غالباً یہ تھا کہ قحط کے زمانے میں دکن جیسے پُرخطر علاقوں میں خشک سالی سے بچاؤ ہو۔ قحط کے زمانے میں آبادی کی امداد کے لیے میعادی طور سے جن مصارف کی ضرورت لاحق ہوتی ہے اُن میں یہ کام کمی کر دیتے ہیں۔ ان کاموں کے مصارف سرکاری محاصل جاریہ سے اور عام طور پر اس سالانہ گنجائش سے پورے کیے جاتے ہیں جو امداد قحط اور بیمہ کی مد محفوظ میں رہتی ہے۔ گو یہ کام براہِ راست نفع بخش نہیں ہوتے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ عام طور پر ان سے نقصان ہوتا ہے، پھر بھی حفاظتی کارہائے آبپاشی انجام کار اس لحاظ سے مفید ثابت ہوتے ہیں کہ وہ بے آب و گیاہ خطوں کی معاشی استواری کے ضامن ہوتے ہیں۔ ۱۹۲۷ء تا ۱۹۳۰ء کے تین سالوں میں کارہائے غیر پیداآور سے اوسطاً ۹۳،۹۰۱ ایکڑ رقبے کی آبپاشی ہوئی، اور اُن پر جتنا اصل صرف ہوا اس کی لاگت ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء کے ختم تک ۴۴ کروڑ روپے تھی۔ ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں زیرِ آبپاشی رقبہ ۲۰ لاکھ ۴۳ ہزار ایکڑ تک بڑھ گیا۔ 283

(۳) کارہائے آبپاشی خورد۔ ان کا شمار متفرق کاموں کی قسم میں تھا جس میں خاصکر تالاب جیسے کام جن کو برطانوی حکومت نے اپنے اقتدار میں لینے کے بعد درست کیا اور برطانوی دور کے صرف چند کارہائے خورد شامل تھے۔

باب

ان کارہائے خورد میں سرمائے اور مالگزاری کی مد رکھنے یا نہ رکھنے کے اعتبار سے مزید امتیاز کیا جاتا تھا۔ اور ان کے کل مصارف رواں مالگزاری سے پورے کیے جاتے تھے۔ قرضے لینے کی اجازت صرف پیداور کارہائے آبپاشی کے لیے دی جاتی تھی۔

۱۹۲۱ء کے بعد سے یہ قدیم تقسیم بدل دی گئی ہے، چنانچہ اب افادہ عام کے کسی کام کے مصارف بھی قرضے کے فنڈ سے پورے کیے جا سکتے ہیں۔ کارہائے پیداور و خورد کی قسموں کو منسوخ کر دیا گیا ہے اور جملہ کارہائے آبپاشی کو خواہ وہ کلاں ہو یا خورد، جن کے مصارف کے لیے سرمایے کی مد رکھی جاتی ہے، از سر نو دو قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے؛ یعنی (۱) پیداور اور (۲) غیر پیداور، اور اس کا کوئی لحاظ نہیں کیا جاتا کہ ان کی تعمیر کے لیے کس فنڈ سے رقم حاصل کی جاتی ہے۔ تیسری قسم میں وہ رقبے داخل ہیں جن کی آبپاشی کارہائے غیر سرمایئی سے کی جاتی ہے۔

۱۵۔ کل کاموں کا پھیلاؤ، ان کی قیمت اور آمدنی۔

برطانوی ہند کا مجموعی رقبہ جس پر جملہ ذرائع سے آبپاشی کی گئی ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ۵ کروڑ ۵۰ لاکھ ایکڑ تھا جس کے مقابلے میں ۱۹۲۷ء تا ۱۹۲۸ء میں رقبہ صرف ۴ کروڑ ۶۰ لاکھ ایکڑ تھا۔ دو فصلی کھیتوں کی آبپاشی کے رقبے کو منہا کرنے کے بعد خالص زیر آبپاشی رقبہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں ۵ کروڑ ۱۰ لاکھ ایکڑ اور اس کے مقابلے میں ۱۹۲۷ء تا ۱۹۲۸ء میں ۴ کروڑ ۳۲ لاکھ ۴۰ ہزار ۷ سو ۲۶ ایکڑ تھا۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں جتنا رقبہ زیر آبپاشی تھا اس کے منجملہ ۲۷ ملین ایکڑ پر نہروں کے ذریعے سے، ۷ ملین ایکڑ پر تالابوں کے ذریعے سے، ۱۱ ملین ایکڑ پر کنوؤں کے ذریعے سے اور ۶ ملین ایکڑ پر دوسرے ذرائع سے آبپاشی ہوئی۔ زیر آبپاشی مجموعی خام رقبے کے منجملہ ۱۹ ملین ایکڑ پر چاول، ۱۱ ملین پر گیہوں، ۷ ملین پر جوار، مکئی، باجرا، ۶ ملین پر دالیں اور دو ملین ایکڑ پر نیشکر کاشت ہوئی۔ کپاس کی کاشت ۳ ملین ایکڑ پر اور دوسرے غیر خوردنی اجناس کی کاشت ۵ ملین ایکڑ زمین پر ہوئی[1]۔ گزشتہ چالیس سال میں کارہائے سرکاری کے زیر آبپاشی رقبے میں تدریج ترقی ہوئی ہے۔

---

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "زراعتی اعداد و شمار برائے ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء" (عارضی) صفحہ ۱۔

باب

چنانچہ ۱۸۷۰ء تا ۱۸۷۹ء میں رقبۂ زیر آبپاشی جس پر سال میں ایک دفعہ آبپاشی کی جاتی تھی ۵۰، ۱ ملین ایکڑ تھا، انیسویں صدی کے آغاز میں یہ بڑھ کر ۲۵، ۱۹ ایکڑ ہو گیا اور ۱۹۱۹ء تا ۱۹۲۰ء میں ۱، ۲۸ ملین ایکڑ تک بڑھ گیا۔ گویا اس سے قبل کبھی اتنا بڑا رقبہ کبھی زیر آبپاشی نہ آیا تھا۔ لیکن ۱۹۲۲ء تا ۱۹۲۳ء میں اس میں اور بھی اضافہ ہو گیا چنانچہ برطانوی ہند میں کارہائے سرکاری کے زیر آبپاشی کل رقبہ ۳۳، ۲۸ ملین ایکڑ تھا۔ ۱۹۲۶ء تا ۱۹۲۷ء میں رقبہ اس کے قریب قریب یعنی ۲، ۲۸ ملین ایکڑ رہا۔ ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء میں ہر قسم کے کارہائے سرکاری کے زیر آبپاشی رقبہ برطانوی ہند میں ۶۴، ۳۱ ملین ایکڑ یعنی ہندوستان کے مجموعی زیر کاشت رقبے کا ۷، ۱۲ فیصد تھا۔

284 ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں سرکاری کارہائے آبپاشی سے کاشت کیا ہوا رقبہ ۳/۴ ۲۹ ملین ایکڑ سے بھی زائد تھا جو مجموعی زیر کاشت رقبے کا ۵، ۱۲ فیصد ہوتا ہے۔ جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے، اضافہ زیادہ تر کارہائے پیداوار کے تحت ہوا چنانچہ ۱۸۷۰ء تا ۱۸۷۹ء میں ۵، ۴ ملین ایکڑ، ۱۹۰۰ء تا ۱۹۰۱ء میں ۵۰، ۱ ملین ایکڑ، ۱۹۲۶ء تا ۱۹۲۷ء میں ۱۵، ۱۹ ملین ایکڑ، ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء میں ۵۰، ۲۳ ملین ایکڑ اور ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں ۴۵، ۲۲ ملین ایکڑ کی آبپاشی کی گئی۔ ۱۹۰۰ء تا ۱۹۰۱ء میں کارآمد بڑی نہروں اُن کی شاخوں اور تقسیم کنندہ نالوں کا مجموعی طول ۴۲، ۳۹ میل تھا، لیکن ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں یہ طول بڑھ کر تقریباً ۰۰۰، ۷۵ میل ہو گیا۔ اندازہ کیا گیا کہ اس سال کارہائے سرکاری سے آبپاشی کردہ فصلوں کی قیمت ۷۸ کروڑ روپے تھی۔ پنجاب سے سالانہ جو گیہوں برآمد کیا جاتا ہے اس کی قیمت ایک ملین اسٹرلنگ سے بڑھ کر ۶ ملین اسٹرلنگ ہو گئی ہے۔ ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء کے ختم تک کارہائے آبپاشی و کشتی رانی پر بشمول ان کاموں کے جو زیر تعمیر ہیں، ایک ارب ۴۶ کروڑ روپیہ سرمایہ صرف ہوا، اس کے برخلاف ۱۹۰۰ء تا ۱۹۰۱ء میں اصل لاگت کی مقدار ۲، ۴۲ کروڑ روپے تھی۔ مجموعی خام آمدنی ۵، ۱۲ کروڑ ہوئی اور مصارف کار ۷، ۴ کروڑ روپے تھے، گویا صرف شدہ اصل پر ۵، ۵ فیصد کی خالص

۱؎۔ دیکھو ہیرس کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۹ تا صفحہ ۹؛ اور ایک کتاب موسوم بہ "انڈین ایر بک برائے ۱۹۳۵ء" صفحہ ۳۱۸ تا صفحہ ۳۲۰ اور کتاب موسوم بہ "ہندوستان ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں" صفحہ ۹۹۔

باب ۷

آمدنی وصول ہوئی۔ یہ ایک اطمینان بخش نتیجہ ہے اس لیے کہ مجموعی اصل میں سے ۴ کروڑ روپے کارہائے غیر پیداآور پر صرف کیے گئے جس کے اکثر و بیشتر حصّے سے ۱ فیصد سے بھی کم آمدنی وصول ہوئی۔ انفرادی کارہائے آبپاشی کی آمدنی کی مقدار میں بڑا فرق پایا جاتا ہے۔ چنانچہ دکن کے بعض کارہائے آبپاشی سے مشکل آسان ۲ فیصد آمدنی وصول ہوتی ہے اور اس کے برخلاف پنجاب کے کارہائے آبپاشی سے صرف کردہ اصل پر معقول منافع ہوتا ہے مثلاً ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء میں اس کا اوسط ۱۳٫۲۱ فیصد رہا: مدراس میں ۷٫۰ فیصد اور صوبۂ متحدہ میں ۹٫۵ فیصد منافعہ وصول ہوا۔

ان اعداد پر نظر ڈالتے وقت یہ ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ صرف کردہ اصل میں وہ عظیم مصارف بھی شامل ہیں جو درجۂ اوّل کی چار نجاویز یعنی سارداسا اودھ کی نہریں، وادی تنلج کی تجویز، بندلاکھنڈ کی تجویز اور کاویری (میٹور) کی تجویز کے بارے میں ہوئے ہیں۔ یہ نجاویز یا تو حال ہی میں مکمل ہوئی ہیں یا اب بھی زیر تکمیل ہیں اور ان سے بہت ہی کم آمدنی وصول ہوتی ہے یا بالکل نہیں ہوتی[1]۔ آبیانہ مختلف صوبوں میں مختلف طریقوں سے لیا جاتا ہے۔ مثلاً سندھ میں معمولی مالگزاری میں آبیانہ بھی شامل ہوتا ہے چنانچہ مقررہ مالگزاری کے ۹/۱۰ حصّے کا باعث نہروں کو خیال کیا جاتا ہے۔ دوسرے صوبوں مثلاً مدراس اور بمبئی کے بعض حصّوں میں مالگزاری کی شرحیں اس لحاظ سے مقرر کی جاتی ہیں کہ زمین کی آبپاشی کی جاری ہے یا نہیں اور آبپاشی کی زمین کی مالگزاری میں آبیانہ بھی شامل ہوتا ہے۔ لیکن ان طریقوں کو استثنائی خیال کیا جا سکتا ہے۔ ہندوستان کے بڑے حصّے میں پانی کا محصول الگ وصول کیا جاتا ہے۔ آبپاشی کے حقیقی رقبے کی پیمائش کی جاتی ہے اور اگائی ہوئی فصلوں کے لحاظ سے بحساب فی ایکڑ محصول وصول کیا جاتا ہے۔ محصول کی شرحیں نہ صرف فصلوں کی اگائی کے لحاظ سے بلکہ ہر صوبے میں اور عام طور پر ایک ہی صوبے کی مختلف نہروں پر مختلف ہوتی ہیں۔ چنانچہ پنجاب میں محصول کی شرحیں مشکر 235

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستان ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء" میں صفحہ ۹۹ اور "انڈین ایریگیشن" برائے ۱۹۳۵ء صفحہ ۳۱۸۔

باب

کے لیے فی ایکڑ ۷ روپے آٹھ آنے سے لے کر ۱۲ روپے تک، چاول کے لیے ۴ روپے سے ۷ روپے آٹھ آنے تک، گیہوں کے لیے ۳ روپے ۴ آنے سے ۵ روپے ۴ آنے تک، کپاس کے لیے ۳ روپے سے ۴ روپے ۴ آنے تک، اور جوار اور دالوں کے لیے ۲ روپے سے ۳ روپے ۴ آنے تک ہیں[1]

مختلف صوبوں کی دیہی معیشت میں آبپاشی کا جو اہم حصہ ہے وہ مختلف صوبوں میں مختلف ہے، جیسا کہ مندرجۂ ذیل جدول سے معلوم ہوگا[2]

صوبہ	رقبۂ زیر کاشت کے مقابلے میں رقبۂ زیر آبپاشی کا فیصد	صوبہ	رقبۂ زیر کاشت کے مقابلے میں رقبۂ زیر آبپاشی کا فیصد
آسام	۷٫۵	صوبۂ متوسط و برار	۴٫۲
بنگال	۶٫۲	مدراس	۲۹٫۷
بہار و اوڑیسہ	۱۷٫۴	شمال مغربی سرحدی صوبہ	۳۴٫۴
بمبئی خاص	۳٫۹	پنجاب	۴۴٫۱
بمبئی سندھ	۷۳٫۷	صوبۂ متحدہ	۲۲٫۰
برما	۸٫۴	دوسرے چھوٹے علاقے	۱۹٫۳

برطانوی ہند کا مجموعی اوسط ۱۹٫۴ ہے۔

---

[1] دیکھو "انڈین ایر بک" برائے سنہ ۱۹۳۵ صفحہ ۳۱۸۔

[2] یہ اعداد ۱۹۲۱ء تا ۱۹۲۲ء سے لیکر سنہ ۱۹۲۵ء تا سنہ ۱۹۲۶ء کے پانچ سالوں کا اوسط ہیں (دیکھو ایک کتاب موسوم "ہندوستان سنہ ۱۹۲۸ء تا سنہ ۱۹۲۹ء میں" صفحہ ۱۱۰) سنہ ۱۹۳۱ء تا سنہ ۱۹۳۲ء میں برطانوی ہند میں مختلف ذرائع سے جتنے رقبے پر کاشت ہوئی اس کے منجملہ پنجاب کا رقبہ سب سے بڑا یعنی ۲۷٫۱۴ ملین ایکڑ ہے۔ صوبۂ متحدہ کا نمبر اس کے بعد ہے۔ اس کا رقبہ ۲۰٫۰ ملین ایکڑ ہے۔ اس کے بعد علی الترتیب مدراس (۲۰٫۹ ملین ایکڑ) بہار و اوڑیسہ (۱۸٫۱ ملین ایکڑ) اور بمبئی بشمول سندھ (۲۳٫۴ ملین ایکڑ) ہیں۔ دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "برطانوی ہند کے اعداد و شمار کا خلاصہ" برائے سنہ ۱۹۳۱ء تا سنہ ۱۹۳۲ء۔

باب ۶

اس سے یہ واضح ہوگا کہ اس معاملے میں سب سے زیادہ ترقی یافتہ صوبے، سندھ، پنجاب اور شمال مغربی سرحدی صوبہ، مدراس، صوبۂ متحدہ اور بہار اور اڑیسہ ہیں۔ بمبئی خاص اور صوبۂ متوسط میں آبپاشی کی سہولتیں بہم پہنچانے کی ضرورت ہے اور دونوں بہت کم ترقی یافتہ ہیں۔ آئندہ ان کی ترقی کی رفتار کو تیز کرنا چاہیے، تاکہ اُن علاقوں میں جہاں بارش بہت کم ہوتی ہے یا وقت پر نہیں ہوتی فصلیں یقین کے ساتھ حاصل ہوسکیں۔ بنگال، برما اور آسام بھی اسی ذیل میں آتے ہیں لیکن بارش کی کثرت کی وجہ سے یہاں آبپاشی کی ضرورت بدرجہا کم ہے۔

۱۶۔ آبپاشی کی سرکاری پالیسی۔

برطانوی حکومت کو اُس کے پیشروؤں سے موجودہ کارہائے آبپاشی میں سے بعض بطور ترکہ ملے؛ مثلاً شمالی ہند کی چند سیلابی نہریں، کارہائے ذخیرۂ آب اور خاصکر احاطۂ مدراس کے تالاب۔ لیکن ابتدائی برطانوی دور میں ان کاموں سے غفلت برتی گئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان میں سے بعض تباہ ہوگئے۔ لیکن گزشتہ صدی کے وسط تک حکومت کی پالیسی میں تغیر ہوگیا، چنانچہ اس نے قدیم کاموں کی مرمت اور از سرِ نو درستی شروع کی۔ لیکن ترقی میں اس لیے رکاوٹ پیدا ہوئی کہ خانگی ضمانتی
236 کمپنیوں کو یہ کام سپرد کرنے کا تجربہ ناکام رہا۔ اس کے نتیجے کے طور پر حکومت نے ایک نئی پالیسی اختیار کی جس سے اُس کے تحت اُس نے آبپاشی کے کارہائے پیدآور کی تعمیر اور اُن کا قیام و انتظام اپنے ذمے لے لیا، اور اس غرض کے لیے ضروری قرضے حاصل کیے۔ اس پالیسی کی رو سے صوبۂ متحدہ اور پنجاب میں بعض کارہائے کلاں تعمیر ہوئے۔ پنجاب کی نہری نوآبادیات کا مختصر حال اس باب کے آخر میں بیان کر دیا گیا ہے۔

لیکن آبپاشی کی ترقی کی رفتار بحیثیت مجموعی بہت سست رہی۔ اس اثنا میں حکومت کی پالیسی میں ایک اور اہم تبدیلی واقع ہوئی۔ سرکار نے اس کو واضح طور پر اپنا فرض تسلیم کیا کہ قحط زدہ علاقوں میں کارہائے آبپاشی بغرض تحفظ تعمیر کیے جائیں، چنانچہ دکن اور دوسرے علاقوں میں اس کے مطابق تدابیر اختیار کی گئیں[1]۔ لیکن

[1] ۱۸۷۷ء تا ۱۸۷۸ء کے قحط کے بعد یہ قرار پایا کہ ہر سال ڈیڑھ کروڑ روپیہ امداد قحط اور بیمہ فنڈ

باب مصارف کی زیادتی اور کسانوں کی جانب سے پانی کی بے قاعدہ مانگ کی وجہ سے نیز بارش کی کمی اور بے وقت آمد کی بنا پر یہ کام منفعت بخش ثابت نہ ہوئے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ حکومت نے پنجاب کے دریاؤں کے متعلق زیادہ منفعت بخش کاموں کی جانب توجہ مرتکز کرنی شروع کی۔ گزشتہ صدی کے آخر میں ملک میں جو قحط نمودار ہوئے اور جنھوں نے خاصکر دکن کو بہت بُری طرح متاثر کیا اُن کی بنا پر لارڈ کرزن کی حکومت نے ۱۹۰۱ء میں آبپاشی کا ایک کمیشن مقرر کیا۔ اس جماعت نے یہ تسلیم کیا کہ ۱۸۸۰ء کے کمیشن قحط کی سفارش کے مطابق قحط سے تحفظ کے لیے کارہائے آبپاشی کے ساتھ ساتھ ریلوں کی تعمیر نے قحط سے بچاؤ کے سلسلے میں نہایت عمدہ کام انجام دیا تھا، لیکن یہ خیال ظاہر کیا کہ اب خوردنی اجناس کو ترقی دینا ضروری تھا۔ آبپاشی کے کمیشن نے یہ خیال بھی ظاہر کیا کہ نفع بخش کاموں کا میدان پنجاب، سندھ اور مدراس کے بعض علاقوں تک ہی محدود تھا حالانکہ وہ قحط سے بڑی حد تک محفوظ تھے۔ چنانچہ اس نے یہ سفارش کی کہ ان کاموں میں بعجلت ممکنہ اضافہ کرنا چاہیے اس لیے کہ وہ ایک جانب سرکار کے لیے نفع بخش ثابت ہوں گے تو دوسری جانب مُلک کی خوردنی پیداوار کی مجموعی رسد میں اضافہ ہوگا۔ کمیشن نے قحط زدہ رقبوں کی حفاظت کے لیے یہ سفارش کی کہ کارہائے حفاظتی تعمیر کیے جائیں جو
237 اگرچہ براہِ راست نفع بخش نہ ہوں گے لیکن امداد قحط کے سلسلے میں کثیر مصارف کو روکیں گے جن کا روکنا بصورت دیگر ناممکن ہوگا۔ بمبئی دکن کے لیے خاص طور پر یہ سفارش کی گئی کہ گھاٹوں میں تالاب اور ذخیرہ ہائے آب تعمیر کیے جائیں اور ان سے نہریں نکالی جائیں۔ کمیشن نے کرشنا اور تنگ بھدرا اسکیموں کی بھی سفارش کی۔ چنانچہ یہ توقع کی گئی تھی کہ ان تجاویز پر ۴۴ کروڑ روپیہ صرف ہوگا

بقیہ حاشیہ صفحۂ گزشتہ۔ کے لیے الگ رکھے جائیں۔ اس مد کا ایک جزو کارہائے حفاظتی میں صرف کیا گیا۔ ۱۹۱۰ء میں وزیر ہند نے اس غرض کے لیے امداد قحط کے فنڈ سے ۷۵ لاکھ روپے کے علاوہ ۲۵ لاکھ روپیہ سالانہ امداد کی منظوری دی۔ لیکن اس کل ایک کروڑ روپے کی منظوری کو پوری طرح کام میں نہیں لگایا گیا تھا کہ جنگ کی وجہ سے تخفیف مصارف لازم ہوگئی۔

باب

اور زیر آبپاشی رقبے میں ۱/۲ ۶ ملین ایکڑ کا اضافہ ہوگا۔ اس کے بعد کی حکومت کی پالیسی ان ہی سفارشوں پر مبنی تھی اور آبپاشی کو نظر انداز کر کے ریلوں پر توجہ مرتکز کرنے کی سابقہ پالیسی سے جس پر آرتھر کاٹن جیسے اشخاص نے نکتہ چینی کی تھی بین تضاد رکھتی تھی۔ غرض بہت سے نئے کاموں کو انجام دیا گیا۔ پیداوار و حفاظتی کارہائے آبپاشی کے مصارف دُگنے سے زیادہ ہو گئے ہیں اور ان کے ذریعے سے جتنے رقبے پر آبپاشی ہو رہی ہے اس میں زائد از ۷۰ فیصد اضافہ ہو گیا ہے۔

آجکل آبپاشی ایک صوبہ واری مسئلہ ہے چنانچہ صوبہ واری حکومتوں کے مالی اختیارات میں اضافہ کر دیا گیا ہے اور قوتِ اختراع و جدت سے کام لینے کا انھیں زیادہ موقع حاصل ہے۔ وزیر ہند اور حکومت ہند کی منظوری کی صرف ان کاموں کی صورت میں ضرورت پڑتی ہے جن کی لاگت کا اندازہ پچاس لاکھ روپے سے متجاوز ہو۔ علاوہ ازیں قرضہ حاصل کر کے کام جاری کرنے کا طریقہ صرف کارہائے پیداوار تک محدود نہیں ہے۔ صوبہ واری بیمۂ قحط کی منظورہ گنجائش سے بھی رقم حاصل کی جا سکتی ہے بشرطیکہ امداد قحط کے لیے اس کی حقیقت میں ضرورت نہ ہو۔

زرعی کمیشن نے حکومت بمبئی کی اس تدبیر کو نہایت پسند کیا کہ حکومت نے ۱۹۲۵ء میں ایک خاص عہدہ دار اس غرض سے مقرر کیا کہ وہ قحط سے محفوظ رہنے کے قدرتی ذرائع کی تحقیقات کرے اور کمیشن مذکور دوسرے صوبوں کو بھی اس مثال کی تقلید کرنے کا مشورہ دیتا ہے۔ امداد باہمی کے اصول پر آبپاشی کی انجمنیں قائم کرنی چاہئیں اور اس قسم کے کاموں کو انجام دینے اور برقرار رکھنے کے لیے حکومت کو ان کی مدد کرنی چاہیے۔ کارہائے آبپاشی خورد کی تیاری و ترمیم و توسیع اور بقا و حفاظت کی جانب ان کے استحقاق کے لحاظ سے اب تک توجہ نہیں کی گئی ہے۔[1]

۱۹۲۲ء کے بعد سے کارہائے آبپاشی کے بارے میں بہت نمایاں جد و جہد کی گئی ہے چنانچہ ۱۹ بڑے اور اہم کام یا تو مکمل ہو چکے ہیں یا زیر تیاری ہیں اور ان کے مصارف ۵۰ کروڑ روپے سے زائد ہوئے ہیں۔ ان کی بدولت جو علاقہ زیر کاشت

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، پیراگراف (۲۷۹)

باب ۷ آئے گا یا زیادہ بہتر طریقے سے پانی حاصل کرے گا اس کا رقبہ ۲۲ء۱۱ ملین ایکڑ ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ ۱۹۰۲ء تا ۱۹۰۳ء کے مقابلے میں مجموعی رقبہ سے گونہ بڑھ گیا۔ غیر معمولی اہمیت کے نئے کارہائے کلان حسب ذیل ہیں: (۱) وادی ستلج کی تجویز" جو ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء کے ختم پر مکمل ہوئی۔ اُس کی مرمّمہ لاگت کا اندازہ ۲۲ء۸۶ کروڑ روپے ہے اور اس سے ۵ ملین ایکڑ سے زائد زمین پر آبپاشی ہوگی۔ (۲) "بند سکر" جس کی لاگت کا اندازہ تقریباً ۲۰ء۴ کروڑ روپے کیا گیا ہے اور جن سے ۵ ملین ایکڑ سے زائد زمین کی آبپاشی ہوگی لے (۳) "کاویری کے مخزن آب" اور "میٹر پراجکٹ 238
(جس کا افتتاح اگست ۱۹۳۴ء میں ہوا) کے مصارف کا اندازہ ۳۷ء۷ کروڑ روپے تک کیا گیا ہے۔ اس سے تین ملین ایکڑ زائد زمین پر آبپاشی ہوگی اور ملک کی غذا کی رسد میں ۱۵۰٫۰۰۰ ٹن چاول کا اضافہ ہوگا۔ بمبئی میں دو کارہائے کلان حال ہی میں تکمیل کو پہنچے ہیں۔ ایک تو ہندوستان میں سب سے اونچا یعنی ۲۷۰ فٹ بلند "بھنڈر دارا بند" ۱۹۲۵ء میں؛ اور دوسرے ۱۹۲۶ء بمقام بھاٹ گر "لائیڈ بند" جو دنیا کی سب سے بڑی سنگ بستہ تعمیر ہے۔ صوبۂ متحدہ میں "ساروا اودھ نہروں" کے سلسلے میں بہت اطمینان بخش ترقی ہوئی ہے۔ دریائے ساروا کی آبپاشی کی تجویز ۱۹۲۸ء کے موسم خزاں میں باقاعدہ طور پر مکمل ہوگئی اور اس سے ایک ملین سے زاید رقبے کی آبپاشی ہوگی۔

لے۔ یہ توقع کی گئی ہے کہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء کے ختم تک مرمّمہ تخمینے کے مطابق بند سکر کی تجویز پر ۲۰ء۴ کروڑ روپے اور بشمول مطالبات سود ۲۵ء۲۵ کروڑ روپے صرف ہوں گے۔ سر ایم وسویس دریا اور نواب علی نواز جنگ بہادر (چیف انجنیر و معتمد تعمیرات حکومت حیدرآباد) بند سکر اور سندھ کی نہروں کے بارے میں اپنی رپورٹ میں یہ رائے ظاہر کرتے ہیں کہ اس وقت سندھ کے جملہ کارہائے آبپاشی کی بدولت زرعی پیداوار ۱۰ کروڑ روپے کی مالیت کی حاصل ہو رہی ہے لیکن بند سکر کی پوری تکمیل کے بعد ۳۰ یا ۳۵ کروڑ روپے کی پیداوار حاصل ہوگی۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے بند سکر کا افتتاح جنوری ۱۹۳۲ء میں عمل میں آیا، ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں مجموعی زیر آبپاشی رقبہ ۲۷٫۰۰۰ ایکڑ تھا۔ گیہوں اور کپاس کے زیر کاشت رقبہ علی الترتیب دس لاکھ ایکڑ اور ۵ لاکھ سرسٹھ ہزار ایکڑ تھا۔ دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "ہندوستان ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء" صفحہ ۹۹۔

باب ۱۰ صوبۂ متوسّط میں بھی ایک بیش خرچ اور وسیع نظام العمل چودہ سال سے زائد مدّت کے لیے مرتّب کیا گیا ہے۔ تقریباً ہر صوبے میں کئی تجاویز زیر تحقیقات ہیں۔ اس وقت جن زیادہ امید افزا تجاویز پر غور کیا جا رہا ہے اُن کو اور موجودہ تجاویز کی قدرتی توسیع کو ملحوظ رکھنے کے بعد اغلب ہے کہ انجام کار بحیثیت مجموعی ۵۰ ملین ایکڑ زائد رقبے کی آبپاشی ہو۔

زرعی کمیشن نے حسب ذیل سفارشیں بھی کی ہیں۔ (۱) محکمۂ آبپاشی اور محکمۂ زراعت میں زیادہ قریبی تعلق قائم کیا جائے۔ (۲) ریلوں کی مقامی مشاورتی کمیٹیوں کے مثل آبپاشی کی بھی مشاورتی کمیٹیاں قائم کی جائیں تاکہ وہ آبپاشی کے بارے میں شکایات کا تصفیہ کریں۔ (۳) دہلی میں ایک مرکزی محکمۂ اطلاعات عامّہ قائم کیا جائے۔ (۱) جس میں آبپاشی کی مطبوعات کا ایک کتب خانہ ہو (ب) جو صوبہ داری عہدہ داروں میں اطلاعیں تقسیم کرے تاکہ دوسرے صوبوں کے حالات کے متعلق انھیں جو لاعلمی ہے اُس کا ازالہ ہو (۴) قوّت برقاب کی ترقی سے رونما ہونے والے مسائل کا بھی حل کیا جائے۔ کمیشن مذکور یہ بھی مشورہ دیتا ہے کہ آبپاشی کے مسائل کی تحقیقات پر بہت زیادہ توجّہ کرنی چاہیئے اور بڑے بڑے غیر منفصلہ تجاویز آبپاشی کی صورت حال پر سیعادی طور پر تبصرہ کرنا چاہیئے[1]

23 **۱۷۔ آبپاشی بمقابلۂ ریل۔** آبپاشی بمقابلۂ ریل کا بحث مباحثہ ایک زمانے میں خاصکر گزشتہ صدی کے اختتامی سالوں میں بہت سرگرمی کے ساتھ جاری تھا۔ چنانچہ آر۔ سی۔ دت نے اس میں بہت ہی نمایاں حصّہ لیا اور یہ بتلایا کہ ۱۹۰۲ء تک حکومت نے آبپاشی پر تو صرف ۳۸ کروڑ روپے بہائے تھے اور اس کے مقابلے میں ریلوں پر ۳۰۰ کروڑ روپے بچھا دیے۔ یہ فرق و عدم مساوات اس لیے خاص طور پر قابل اعتراض معلوم ہوئی کہ ایک طرف

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستان ۱۹۲۵ء تا ۱۹۲۶ء میں" صفحہ ۱۷۰؛ "ہندوستان ۱۹۲۶ء تا ۱۹۳۰ء میں" صفحہ ۱۲۰ تا صفحہ ۱۳۰؛ "ہندوستان ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں" صفحہ ۲۳۰ تا ۲۳۴؛ اور زرعی کمیشن کی رپورٹ پیراگراف (۲۶۹ تا ۲۷۶)۔

باب موجودہ صدی کے ابتدائی سالوں تک آمدنی کے لحاظ سے ریلوں سے نقصان ہو رہا تھا اور دوسری طرف گزشتہ صدی کے آخر میں قحط کا بہت شدّت سے دور دورہ تھا۔ دت نے یہ استدلال کیا کہ برطانوی اصلداروں، مخمنوں اور صنّاعوں کے اثر کے تحت حکومت پر دباؤ ڈالا گیا تھا کہ ضمانتی طریق پر بعجلت ریلیں تعمیر کی جائیں، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ضرورت سے زیادہ ریلیں بن گئیں۔ فوجی اغراض کا لحاظ اور قحط زدہ علاقوں تک امداد پہنچانے کی ذمّہ واری کا روز افزوں احساس حکومت کی پالسی پر اثر انداز ہوا۔ یہ بیان کیا جا چکا ہے کہ حفاظتی کارہائے آبپاشی منفعت بخش نہ تھے اور اس لحاظ سے اُن کی ترقّی کی رفتار بہت سست تھی۔ علاوہ ازیں سرکاری پالسی کے نقادوں نے یہ خیال ظاہر کیا کہ ریلوں کی تعمیر میں نامناسب عجلت نے مکّی صنعتوں کے زوال کی رفتار کو بڑھا دیا جس کی وجہ سے زراعت میں آبادی کا دباؤ بڑھ گیا اور اس طرح حفاظتی ریلوں کا مقصد یعنی قحط کی شدت میں کمی کرنا ایک حد تک فوت ہو گیا۔

کئی اسباب کی بنا پر مذکورۂ بالا مباحث میں اب وہ سرگرمی باقی نہیں رہی ہے۔ اب جبکہ ریلیں عام طور پر منفعت بخش ثابت ہو رہی ہیں اور محصول ادا کرنے والے کی جیب پر ان کا کوئی بار نہیں پڑ رہا ہے، ان کی توسیع کے بارے میں نقاد کی مخالفت بڑی حد تک کمزور پڑ گئی ہے گو بالکل معدوم نہیں ہوئی ہے۔ علاوہ ازیں ۱۹۰۱ء کے آبپاشی کے کمیشن کی سفارشات کے نتیجے کے طور پر حکومت آبپاشی کے معاملے میں بتدریج بہت فراخ دلی سے کام لے رہی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ حکومت نے بعض ایسے نئے کاموں کی تکمیل بھی اپنے ذمّے لی ہے جس پر کمیشن نے غور و خوض نہیں کیا تھا۔

خود مباحث کے عیب و صواب کا جہاں تک تعلق ہے وہاں تک ہم کہہ سکتے ہیں کہ گو ممکن ہے کہ ریلوں اور آبپاشی کے درمیان صحیح تناسب قائم کرنے کا معاملہ نزاعی ہو لیکن ایک دوسرے کا مخالف و متضاد نہیں ہے بلکہ موید و معاون ہے۔ ظاہر ہے کہ اگر غذا کی زائد رسد آبپاشی کے ذریعے حاصل ہو سکتی ہے تو ملک میں اس کی مناسب تقسیم زیادہ تر ریلوں ہی کے ذریعے سے عمل میں آ سکتی ہے۔ پھر بھی یہ صحیح ہے کہ

باب ۷ گزشتہ صدی کے آخر میں حکومت کی آبپاشی کی پالیسی ویسی ترقی پذیر نہ تھی جیسی کہ آجکل ہے اور اگر حفاظتی کارہائے آبپاشی کو انجام دینے کا فیصلہ کرنے میں فوری فائدے اور نقصان کے ملحوظات کو زیادہ اہمیت نہ دی جائے تو آجکل بھی آبپاشی کی توسیع کی کافی گنجائش موجود ہے۔ یہ بات بمبئی کے بارے میں خاص طور پر صادق آتی ہے اس لیے کہ یہاں سندھ کو خارج کر کے مجموعی زیر کاشت رقبے کے ۴ فیصد سے بھی کم کی آبپاشی جملہ ذرائع سے ہوتی ہے جس میں سرکاری آبپاشی کا حصّہ بقدر نصف ہے؛ گو یہ اندازہ کیا گیا ہے کہ نئے پراجکٹ جو زیر تجویز یا زیر غور ہیں اس رقبے میں مستقبل قریب میں توسیع کر دیں گے۔ احاطۂ بمبئی میں بارش عام طور پر بے وقت اور کبھی کم کبھی زیادہ ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں کارہائے آبپاشی کی کافی سہولتیں مہیا کرنے کی اہمیت پر زیادہ زور دینا مبالغہ نہیں قرار پا سکتا۔ ۱۹۲۶ء کی احاطۂ بمبئی کی زرعی نمائش میں شعبۂ آبپاشی اور شعبۂ ارضی ترقی کا انتظام اس بات کا ثبوت خیال کیا جا سکتا ہے کہ حکومت کو اس ضرورت کا واضح طور پر احساس ہے۔ جہاں تک گل ملک کا تعلق ہے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہم دو مشکلات میں گھرے ہوئے ہیں۔ ان علاقوں میں جہاں آبپاشی نہایت منفعت بخش ہے مثلاً شمالی ہند میں وہاں قحط اور غیر ثبات پذیر زراعت کا امکان و قرینہ زیادہ نہیں ہے؛ اس کے برخلاف جزیرہ نمائے ہند میں خاصکر خاص احاطۂ بمبئی میں جہاں بارش بہت ہی غیر معین ہے آبپاشی براہ راست منفعت بخش نہیں ہے۔ لیکن یہ ذہن نشین رکھنا چاہیئے کہ یہاں نفع و نقصان کے خالص تجارتی ملحوظات بے موقع ہیں اور مسئلے پر ایک وسیع نقطۂ نگاہ سے نظر ڈالنی چاہیئے۔

۱۔ آب زدگی اور نمکی فوران[1]۔ آب زدگی (پانی کا جمع ہونا) اور نمکی فوران (کلر پیدا ہونا) ایسے خطرات ہیں جو نہری آبپاشی سے خاص طور پر وابستہ ہوتے ہیں؛ اور گزشتہ زمانے میں ان خطرات سے بچنے کا انتظام ہمیشہ موثر طریقے پر نہیں کیا گیا۔ اسی لیے زمین بعض اوقات آبپاشی کے

[1] Water logging and salt Effervescence.

باب

نتیجے کے طور پر خراب ہوتی گئی۔ چنانچہ پنجاب میں ۱۹۲۶ء تا ۱۹۲۷ء میں ایک لاکھ ۲۵ ہزار ایکڑ زمین اس وجہ سے ناقابل کاشت بن گئی تھی کہ زیر زمین پانی کی سطح بلند ہو گئی۔ اس سے بھی بڑا رقبہ نمکوں (کلر) کے سطح زمین پر کھنچ آنے کی وجہ سے ناقابل زراعت ہو گیا، اور اس کا خطرہ ہے کہ یہ خرابی اس سے بھی زیادہ بڑے رقبے پر پھیل جائے۔[1]

بمبئی کی وادئ نیرا میں یہ بات قطعی طور پر ثابت ہو چکی ہے کہ الکلی (لونا) کی زمینیں محض نہری آبپاشی کے براہِ راست نتیجے کے طور پر رونما ہوئی ہیں اور یہ خرابی ہر سال بڑھ رہی ہے۔[2]

یہ بات عام طور پر تسلیم کر لی گئی ہے کہ جن رقبوں میں نہروں کے ذریعے سے آبپاشی ہوتی ہے ان میں کسان بہت سا پانی ضائع کر دیتے ہیں، چنانچہ یہ اُن اسباب میں سے ایک ہے جس کی بنا پر زمین میں پانی جمع ہو جاتا ہے اور کلر پیدا ہوتا ہے۔ لیکن جیسا کہ زرعی کمیشن نے بتلایا ہے اس کو سراسر اس واقعے کی جانب منسوب نہیں کیا جا سکتا کہ کسان کو یہ ترغیب نہیں ہوتی کہ حکومت کے مہیا کیے ہوئے پانی کو کفایت کے ساتھ استعمال کرے۔ پانی کی بہت بڑی مقدار ضائع ہو جانے کا باعث پانی کی رسد کا عدم تیقن ہے۔ زرعی کمیشن یہ سفارش کرتا ہے کہ پانی کے کفایت شعارانہ استعمال کو یقینی بنانے کے لیے آبپاشی کمیشن کی سفارشات کے مطابق جو تحقیق و تجربہ عمل میں لایا گیا تھا اُس کا از سرِ نو احیا کیا جائے اور پانی کو بلحاظ مقدار فروخت کرنے کے خلاف آخری 241
فیصلے پر پہنچنے سے پیشتر پنجاب اور دوسرے مقامات میں مزید تحقیق و تجربہ کیا جائے۔[3]

نہری علاقوں میں زائد پانی کی مناسب طور پر نکاسی کرنے میں کوتاہی صرف زرعی نقطۂ نظر ہی سے خرابی اور نقص ثابت نہیں ہوئی ہے بلکہ اُس نے ایسے خطوں کو بھی مرطوب اور ملیریائی بنا دیا ہے جو سابق میں صحت بخش تھے۔ لہٰذا نہری آبپاشی محض انجینیر ہی کا کام نہیں ہے بلکہ ارضی طبعیات، زرعی کیمیا، لب و حفظان صحت کے

---

[1] ۔ دیکھو برج نرائن کی تصنیف موسوم بہ "ہندوستان کی معاشی زندگی" صفحہ ۳۸۳

[2] ۔ دیکھو ہاورڈ کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۴۵۔

[3] ۔ زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرۂ ۲۷۷۔

باب ۷

ماہروں سے بھی اس کام میں مشورہ اور مدد لینے کی ضرورت ہے۔ زرعی کمیشن یہ سفارش کرتا ہے کہ آیندہ آبپاشی کی جملہ نئی تجاویز تیار کرتے وقت پانی کی نکاسی کی بدررووں کی احتیاط کے ساتھ مساحت بھی لازمی طور پر کرنی چاہیے اور پانی خارج کرنے کے رقبے کے نقشے تیار کرنے چاہئیں۔

۱۹۔ پنجاب کی نہری نوآبادیات[1]

ہندوستانی آبپاشی کی بحث کو ہم پنجاب کی اُن نہری نوآبادیات کا کچھ حال بیان کرنے کے بعد ختم کردیں گے جنھوں نے ہماری آبپاشی کی تاریخ میں بہت نمایاں حصّہ لیا ہے۔ پنجاب میں آبپاشی کے جن مسائل کا حکومت کو مقابلہ کرنا پڑا وہ دوسرے صوبوں کے مسائل سے مختلف ہیں۔ گزشتہ صدی کے آٹھویں عشرے میں آبپاشی کا کام شروع ہونے سے پیشتر ملک کا وہ وسیع رقبہ جس کی اس وقت زیرین چناب، بہلم اور باری دوآبہ کی نہروں سے آبپاشی کی جاتی ہے، بے موقع اور کم بارش کی وجہ سے صحرا تھا۔ اسی وجہ سے "یہ بات ضروری ہوئی کہ کاریزِ آبپاشی کی تعمیر کے ساتھ ساتھ جن نئے رقبوں کا افتتاح ہو اُن میں آبادی کو بھی مستقل طور پر منتقل کیا جائے" (دیکھو ہیریس کی تصنیف)۔ آبادکاروں کی آمد سے پیشتر پانی گزرنے کے سیدھے راستے قائم کیے گئے اور اسی کے مطابق نوآبادی کی زمین کے چھوٹے بڑے مربع اور مستطیل خطّے الگ الگ بنا دیے گئے، دیہات کی سرحدیں مقرر کی گئیں، سڑکوں کی تعمیر کے نشان ڈالے گئے، اور متصلہ زمین کو چراگاہ کے طور پر اور دوسرے اجتماعی کاموں کے لیے الگ رکھا گیا۔ آبادکاروں کو مستقل ہونے پر مکان تعمیر کرنے پڑے اور ان خطّوں پر کاشت شروع کرنی پڑی جو اُن کو دیے گئے تھے۔ اس طرح ان دیہی نوآبادیات کا نہایت باقاعدہ خاکہ مرتب کیا گیا تھا اور ان میں حفظِ صحت کی ایسی سب سہولتیں موجود ہیں جو معمولی دیہات میں مفقود ہیں۔ مالگزاری کے عہدہ داروں نے دانشمندی کے ساتھ صوبے کے گنجان آباد علاقوں سے اور موروثی زمینداروں

---

[1] دیکھو ہیریس کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۴۸ تا صفحہ ۵۹ اور ڈارلنگ کی تصنیف موسوم بہ "پنجابی کسان" باب ۶۔

باب یا دخیل کاشتکاروں میں سے آبادکاروں کو منتخب کیا اور ان کو ان نام نہاد علیۂ سرکار خطوں یا معافی کی جاگیروں پر جن پر زمین کا بڑا حصہ مشتمل ہے بسایا۔ اس قسم کی جماعتیں جو مشترکہ رشتوں سے ایک دوسرے سے وابستہ ہوتی تھیں نوآبادیات کو اکائیوں کے طور پر بھیجی جاتی تھیں تاکہ جداجدا دیہی برادریاں قائم کی جائیں۔ یہ زمین کی شرائط مختلف نوآبادیوں میں مختلف ہیں۔ ایک شخص کو جو رقبہ عطا کیا جاتا ہے وہ اوسطاً ڈیڑھ تا دو بیسوں کا یا تقریباً ۱۰۰ یا ۵۰ ایکڑ ہوتا ہے۔ ابتدائی نوآبادیات میں سے اکثروں میں کھیتوں میں ناقابل انتقال دخیلکاری کے حقوق آزمائشی
242 مدت کے ختم پر مفت یا برائے نام معاوضہ ادا کرنے پر عطا کیے جاتے تھے لیکن بعد میں اس طریق کار کی جو نظر ثانی کی گئی اس کی رو سے "دخیلکاری کے حقوق ابتدائی مدت کے بعد عطا کیے جاتے ہیں اور ایک مزید مدت گزرنے پر اسامیوں کو رعایتی قیمت پر جو آسان اقساط میں ادا کی جاسکتی ہے ناقابل انتقال مالکانہ حقوق خرید لینے کا موقع دیا جاتا ہے۔" اس سے زیادہ بڑے خطے باثروت حیثیت موروثی زمینداروں کو اور ایسے صاحبان ذرائع کو عطا کیے جاتے ہیں جو کاشت و آبپاشی کے ترقی یافتہ طریقوں کا تجربہ کرنا چاہتے ہوں۔ حکومت خاص خاص سیول یا فوجی خدمات کے صلے میں بھی زمین عطا کرتی ہے۔ آبادکاروں کے ایک دفعہ اپنے اپنے نئے دیہات میں بس جانے کے بعد نوآبادی کی ترقی ذرائع نقل و حمل وسائل آمد و رفت، پختہ سڑکوں، ریلوں، اور شہروں اور بازاروں کی اصلاح و ترقی اور توسیع کی صورت میں تیزی کے ساتھ شروع ہو جاتی ہے۔ اسی طرح کسی زمانے میں جو زمین بے آب و گیاہ افتادہ اور ناقابل زراعت تھی اس کو دست انسانی نے ان سرسبز و شاداب بہتری نوآبادیات میں تبدیل کر دیا ہے۔ ان کا سرمایۂ قوت وہ چھوٹا ملکی کاشتکار ہے جس کے قبضے میں تقریباً ۸۰ فیصد زمین ہے۔ مالی نتائج بہت نمایاں اور حیرت انگیز ہیں۔ حکومت کو لیال پور، شاہ پور اور منٹگمری کی تین بڑی نوآبادیات کی نہروں سے ۳۲ فیصد خالص منافع اور کل نہری نظام سے جو ۲۰۰۰ میل طویل ہے اور جس میں ۳۳ کروڑ روپیہ سرمایہ لگا ۹ ۱/۲ فیصد مقسوم وصول ہوا۔ کسان کو جو نفع ہوا ہے وہ اس سے بھی کہیں زیادہ ہے۔

باب

اسی سال نہروں کی زیرِ آبپاشی رقبے سے گری ہوئی قیمتوں کے باوجود ۹ء۴ کروڑ روپے کی پیداوار حاصل ہوئی۔ جیسا کہ ام۔ ال۔ ڈارلنگ نے اجمالی طور پر بیان کیا ہے[1] "نوآبادیات نے پنجاب کے لیے دراصل خوش حالی کے ایسے دور کا افتتاح کر دیا ہے جو پہلے کبھی خواب و خیال میں بھی نہ تھا۔"



[1] دیکھو ام۔ ال۔ ڈارلنگ کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۱۱۹۔

باب ۸

248

زراعت

محنت، سازوسامان اور تنظیم

۱۔ انسانی عامل: اس کی غیر اطمینان بخش نوعیت

یہ کہنا مبالغہ نہیں ہے کہ موثر زراعت کا انحصار جتنا ہل چلانے والے انسان کے اوصاف پر ہے اتنا کسی اور چیز پر نہیں ہے[1]۔ لہٰذا ہندوستانی زراعت کی موجودہ حالت کو سمجھنے کی غرض سے ہندوستانی کسان کے اوصاف و نقائص کا اندازہ کر لینا ضروری ہے۔ بحالت موجودہ یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ

[1] "مختلف ملکوں کے دیہی حالات کی تحقیق اس نتیجے پر پہنچاتی ہے کہ انسانی عامل پر عملہ زراعت کا دارومدار اصل اس سے زیادہ دارومدار ہے جتنا کہ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے۔ کہ دار اور خصائل کے نقائص بہترین فطری اوصاف کو زائل کر سکتے ہیں اور کر دیں گے۔ اس کے برخلاف جو مشکلات ناقابل حل معلوم ہوتی ہیں وہ انسانی جد و جہد، انسانی ذہانت اور انسانی معلومات سے مسلسل کام لیکر رفع کی جا سکتی ہیں۔" دیکھو کیل ورٹ کی کتاب موسوم بہ "پنجاب کی دولت و خوشحالی" صفحہ ۲۵۔

باب ۵

ہندوستانی کسان ذہانت، حوصلہ مندی اور محنت کی صلاحیت رکھنے کے اعتبار سے یورپ یا امریکہ کے کسان کے مقابلے میں بہت پیچھے ہے۔ لیکن اس کی کارگزاری کا ناقص ہونا اس کا خلقی یا فطری قصور نہیں ہے اور اس لحاظ سے قابل اصلاح ہے۔ کئی رکاوٹوں اور بندشوں کا بارگراں اس کو مضمحل اور پست ہمت کر دیتا ہے۔ تعجب تو اس بات پر ہے کہ وہ اس کے باوجود کشاکش حیات میں برابر حصہ لے رہا ہے اور کلیۃً نیست و نابود نہیں ہوا۔

یہ سوال کہ آیا نسل اور آب و ہوا کو ہندوستانی کسان کی مقابلۃً ادنے کارکردگی سے کوئی تعلق ہے یا نہیں حد درجہ تخمینی ہے اور اس لحاظ سے ہمیں اس پر زیادہ وقت صرف کرنے کی ضرورت نہیں۔ عملی لحاظ سے واحد محفوظ قیاس یہ مفروضہ ہے کہ ہندوستانی کسان کی پسماندگی کا سب سے بڑا سبب وہ اندوہناک اور دل شکن حالات ہیں جن کے تحت وہ کام کرتا ہے۔ اس خیال کی تائید اس واقعے سے ہوتی ہے کہ کسان ان علاقوں میں مقابلۃً زیادہ چست و چالاک مستقل مزاج، جفاکش اور حوصلہ مند ہوتا ہے جہاں بارش قابل اعتماد اور المینان بخش ہوتی ہے یا جہاں آبپاشی کی سہولتیں مہیا ہوتی ہیں اور اس کو اپنی محنت کا صلہ حاصل کرنے کا کامل یقین ہوتا ہے۔ لیکن جہاں اس اعتبار سے حالات ناموافق ہوتے ہیں وہاں اس کے کاہل، قنوطی، آرام طلب اور نہایت مفلس ہونے کا قرینہ ہوتا ہے۔ ڈاکٹر ولیکر جو رائل اگریکلچرل سوسائٹی کے کیمیائی مشیر تھے انھیں ۱۸۸۹ء میں اس غرض سے ہندوستان بھیجا گیا تھا کہ جدید سائنسی نقطۂ نظر سے ہندوستان کے زرعی کاروبار کے بارے میں کیفیت پیش کریں۔ چنانچہ ڈاکٹر ولیکر نے ہندوستانی کسان کی پراحتیاط کاشت کاری، سخت محنت و جفاکشی، استقلال اور جدت آفرینی جیسے اوصاف کی ستائش کرتے ہوئے اپنی سند خوشنودی پیش کی ہے۔ اس قسم کی
244 رایوں کو جو اعلی درجے کی سائنسی سند رکھتی ہیں بہ نظر احترام دیکھنا چاہیے اور ان کی بنا پر ہمیں کامل یقین کے ساتھ یہ بات تسلیم کر لینی چاہیے کہ موافق حالات کے تحت ہندوستانی کاشتکاری اعلی درجے پر پہنچ سکتی ہے۔ لیکن ہمیں اس قسم کی مدح آمیز رائے زنی کی بنا پر جو سیاق و سباق سے الگ کر کے پیش کی گئی ہو اور معکوس سمت کے

باب

انتہائی خیالات کو معتدل بنانے کی غرض سے کی گئی ہو، تحفظ کا غلط احساس قائم کر کے مطمئن نہ ہونا چاہیے۔ اگر ہندوستان کا متوسط درجے کا کسان ایسا ہی کارگزار اور ترقی پذیر ہوتا جیسا کہ کوئی ناواقف شخص ڈاکٹر ویلکر جیسے اہل الرائے کی قصیدہ خوانی کی بنا پر خیال قائم کر سکتا ہے تو ہندوستان کا دیہی مسئلہ اس سے بہت زیادہ آسان اور سادہ ہوتا جتنا کہ اب ہے۔ یہ خیال کرنا نہ صرف غلط بلکہ مضر ہوگا کہ ہندوستانی زراعت میں انسانی عامل ان تمام اوصاف سے متصف ہے جن کی اس میں توقع کی جا سکتی ہے، اور یہ کہ خود کسان کی اصلاح کرنے کے لیے کسی خاص جد و جہد کی ضرورت نہیں ہے۔ کسان کے اصلی استقام و نقائص کو، خواہ وہ کسی سبب کے باعث ہوں، واضح طور پر سمجھنا اور تعلیم کے ذریعے سے اس کے وسیع ترین مفہوم میں ان کو براہ راست رفع کرنے اور بیرونی حالات کی اصلاح کے ذریعے سے ان کو بالواسطہ دور کرنے کی کوشش کرنا نہایت اہم و ضروری ہے۔ اگر ہم بغض و کینے سے کام لیے بغیر ہندوستانی کسان کا اس کے جملہ نقائص کے ساتھ خاکا کھینچیں تو ہمیں تسلیم کرنا پڑے گا کہ عام طور پر اس میں جدت و اختراع کا مادہ ہی نہیں ہوتا اور وہ روایتی رسوم و رواج کی بندشوں میں حد سے زیادہ جکڑا ہوا ہوتا ہے جن میں سے اکثر نقصان رساں اور بے اصول ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں وہ از سر تا پا توہمات اور تعصبات میں ڈوبا ہوا ہوتا ہے جو بحیثیت مجموعی اس کی معاشی ترقی کی راہ میں مزاحمت پیدا کرتے ہیں۔ اس کی کاہلی، مردہ دلی اور قدامت پرستی اُس اصلاح کے حق میں سد راہ بن جاتی ہے جو اس کی حالت کو بہتر بنانے کے لیے تجویز کی جاتی ہے[1] وہ اپنے غیر صحت بخش طرز بود و باش کی بنا پر اپنے لیے بہت سی بیماریاں اور جسمانی تکلیف مول لیتا ہے جس کے نتیجے کے طور پر کئی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں، یعنی اس کی طاقت و توانائی سلب ہو جاتی ہے، استقلال و جفاکشی کے ساتھ محنت کرنے کی صلاحیت باقی نہیں رہتی اور زندگی کے بارے میں اس کا مطمح نظر

[1] "دہقان ترقی کے تصور کو بھی اپنے پاس جگہ دینے سے انکار کرتا ہے۔ اس کو روٹی کمانے اور اپنی نوع کا سلسلہ آگے بڑھانے کے سوا کوئی دوسرا کام کرنے کی نہ تو اس کو مہلت و فرصت ملتی ہے اور نہ وہ محنت کر سکتا ہے۔" دیکھو الیف آل برین کی کتاب موسوم بہ "دیہی ہندوستان کی از سر نو تنظیم" صفحہ ۱۳۶۔

باب ۵

بہت تاریک ہو جاتا ہے۔ وہ جاہل، ناعاقبت اندیش اور لاابالی ہوتا ہے اور ان اتقام کی بنا پر وہ ایسے شخص کا بآسانی شکار ہو جاتا ہے جو اس کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔ وہ غیر ضروری مقدمہ بازی میں اپنی کمائی اور قوت ضائع کرنے کی جانب حد سے زیادہ مائل ہو جاتا ہے، اور اپنے اصل کو ایسے ذاتی مصارف میں لگانے کی بجائے جن سے کارکردگی میں اضافہ ہو یا زیادہ منفعت بخش طریق پر مصروف کرنے کی بجائے زیورات کی شکل میں مقفل اور بیکار کر دیتا ہے۔ وہ شادی بیاہ اور دوسرے رسوم پر عام طور پر اپنی بساط سے زیادہ خرچ کر بیٹھتا ہے اور اس طرح دیدہ و دانستہ ساہوکار کے پنجے میں اپنے آپ کو پھنسا دیتا ہے جس کی گرفت سے وہ بعد میں خود کو مشکل سے چھڑا سکتا ہے۔ وہ اس حقیقت سے ناآشنا معلوم ہوتا ہے کہ خدا صرف انسانی ذرائع سے مدد کرتا اور بچاتا ہے، اس میں خدا یا کسی دوسری خارجی ایجنسی پر بہت زیادہ بھروسا اور تکیہ کرنے کا میلان ہوتا ہے اور ہر اس خرابی کا علاج کرنے کے لیے جس میں وہ مبتلا ہو اور جس کے لیے وہ قسمت یا خدا پر الزام عائد کرنے کی جانب مائل ہوتا ہے وہ ذاتی کوشش و جد و جہد پر بہت کم بھروسا کرتا ہے لے

245

ہر وہ شخص جو ہندوستان کے دیہی حالات سے واقف ہے یہ تسلیم کرے گا کہ یہی اصلی خرابیاں ہیں اور ان کو صرف براہ راست کوشش سے دور کیا جا سکتا ہے۔ "کسان کے ماحول کی نگرانی کیجئے تو وہ اپنی نگرانی آپ کرنے کے قابل ہو جائے گا" یہ ایک کافی معقول مقولہ ہے، لیکن اس سے بہتر یہ ہے کہ "کسان اور اس کے ماحول دونوں کی اصلاح کیجئے، تاکہ ایک کو دوسرے سے تقویت پہنچے"۔

۲۔ دیہی تعلیم کی ایک وسیع اور جامع تجویز۔

کسان کی نفسیاتی حالت اور اس کے معاشری و ذاتی عادات و خصائل میں تبدیلی کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ اس کو تعلیم دی جائے۔ ظاہر ہے کہ جس وقت تک جہالت اور بے علمی کا

لے۔ پنجاب کے ضلع گرگاؤں کی دیہی تنظیم کے سلسلے میں ایف، ال، برین جو اس تحریک کے بانی آدم ہیں، کہتے ہیں ضلع گرگاؤں کے لیے ایک نئی کہاوت ایجاد کی گئی ہے یعنی "زمیندار کی بے عقلی پر مشتمل کا قصور" جس کے معنی یہ ہیں کہ حقیقت میں قصور تو کسان کا ہوتا ہے لیکن مورد الزام خدا کو بنایا جاتا ہے"۔ دیکھو برین کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۱۲۔

باب ہمارے دیہات میں دور دورہ رہے گا اور مشکل ۶ فیصد آبادی لکھی پڑی رہے گی
اس وقت تک دیہی ترقی کا ذکر بے سود ہوگا۔[1] جہالت اور کسی مناسب دیہی تعلیمی نظام
کی عدم موجودگی ہی بڑی حد تک ان کئی خرابیوں کی ذمہ دار ہے جس کا ہم افسوس کرتے
ہیں۔ جہالت و ناخواندگی قرض داری کو بڑھاتی ہے نا عاقبت اندیشی اور فضول خرچی
کو ترقی دیتی ہے زرعی اصلاح و ترقی کی رفتار کو سست کرتی اور اس کی راہ میں رکاوٹ
پیدا کرتی ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ عوام کی بیداری میں مزاحم ہوتی ہے جس کے بغیر
کوئی اصلاح مستقل نہیں ہو سکتی۔ اس لیے کہ دیہی ترقی کے مسئلے کو اس وقت تک حل نہیں
کیا جا سکتا جب تک کہ کسان خود اپنی اصلاح و ترقی کا خواہاں نہ ہو اور اپنے طور پر غور و فکر
اور عمل نہ کر سکتا ہو۔ موجودہ تعلیمی نظام کو از سر نو مرتب کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ
اہل دیہات کی ضرورتوں کے مطابق ہو اور درسی کتابیں تیار کرنے اور نصاب مقرر
کرنے میں محکمۂ تعلیمات کو نہ صرف ان دوسرے محکموں کی جدوجہد کے نتیجے کو جذب
کرنا چاہیے جن کے ملازموں کو انتظامی ملازمت میں دیہاتیوں سے سابقہ پڑتا ہے بلکہ
ان محکموں سے مشورہ بھی کرنا چاہیے۔ دیہی مدرسوں میں ایسی تعلیم دینی چاہیے کہ اس سے
زراعت اور عام دیہی زندگی میں دلبستگی بڑھے اور وہ اعتراض جو تعلیم پر عام طور پر 246
کیا جاتا ہے باقی نہ رہے یعنی یہ کہ وہ دیہاتی طالب علم کے دل میں اس کے آبائی
پیشے کے خلاف تعصب پیدا کرتی ہے اور اس کو آرام طلب بنا کر زرعی کاروبار کے
قابل نہیں رکھتی۔

موجودہ میلان یہ ہے کہ لکھ پڑھ لینے کی قابلیت سے جھوٹی قدر و قیمت منسوب
کی جاتی ہے چنانچہ اس کی بنا پر کسی شخص کے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ وہ اپنے

---

[1] ہندوستان کے دیہات سدھار کام میں ہندوستانی کسان کی ناخواندگی کتنی بڑی حد تک مزاحم ہے
اس کا احساس اس وقت ہوتا ہے جب ہم پوساکے گیہوں کے جدید اقسام کا مقابلہ شمالی ریاستہائے متحدہ
اور کینیڈا کے گیہوں موسوم بہ مارکوس (جو کینیڈا اور ہندوستان بالخصوص کلکتے کے گیہوں کے میل کی پیداوار
ہے) سے کرتے ہیں۔ پندرہ سال مختتم بہ ۱۹۲۷ء میں پوساکے گیہوں کے اقسام کی کاشت ۲۰ لاکھ سے کچھ زیادہ
ایکڑ زمین پر پھیلی۔ اس کے برخلاف اسی مدت میں مارکوس کے زیر کاشت رقبہ ۲ کروڑ ایکڑ سے بھی متجاوز ہو گیا۔
(دیکھو ہاورڈ کی کتاب موسوم بہ "ہندوستانی زراعت" صفحہ ۳۵۔

باب

جاہل ساتھیوں سے الگ جماعت سے تعلق رکھتا ہے اور ہل ہاتھ میں لینے کی بجائے قلم بکف ہونے کی غیر دانشمندانہ علو خیالی فروغ پاتی ہے۔ لیکن محنت کا وقار قائم کرنے کی غرض سے خاص طور پر مصیبت برداشت کر کے اور تعلیم کو عام اور جبری بنا کر اس میلان کا خاتمہ کر دینا چاہیے۔ امداد باہمی کی تعلیم کی انجمنیں، جیسی کہ پنجاب میں پائی جاتی ہیں، مدرسوں کی حاضری کو یقینی بنانے کی توقع کو بوجوہ احسن پورا کرتی ہیں۔ تعلیم سے عورتوں اور مردوں دونوں کو مستفید ہونے کا موقع بہم پہنچانا چاہیے، اور یہ خیال نہ کرنا چاہیے کہ نسوانی تعلیم کو اس وقت تک روک رکھنا مناسب ہے جب تک معلمات کی تعداد کافی نہ ہو جائے۔ نئی پود میں نوشت و خواند کی دیرپا قابلیت پیدا کرنے کی غرض سے یہ ضروری ہے کہ عورتوں میں لکھنے پڑھنے کی قابلیت پیدا کی جائے[1]۔ دیہی تعلیمات کی کسی مکمل تجویز کی چند مدیں یہی ہوں گی کہ نباتات و حیوانات کی زندگی کے فطری مطالعے، مدرسوں میں باغوں اور مزارعوں کا انتظام کیا جائے، اس غرض سے نہیں کہ کسان کو اس کا کاروبار سکھایا جائے اس لئے کہ وہ تو اپنے پیشے کو اپنے استاد سے بہتر جانتا ہے بلکہ اس غرض سے کہ مناسب ماحول پیدا کیا جائے۔ اس کے علاوہ نصاب میں دیہی مسائل کے متعلق کتابیں رکھی جائیں۔ دستی تربیت دی جائے، تعلیم ایسی ہو جو مقامی ذیلی صنعتوں سے خاص طور پر متعلق ہو، حسابی و رنش کتابی کی تعلیم اور امداد باہمی کے اسباق کا بھی انتظام ہونا چاہیے۔ اس طرح جو تعلیمی نظام ترتیب دیا جائے اس کا انتظام زیادہ تر خود کسان ہی کے ہاتھ میں ہونا چاہیے اور بہترین قابلیت کے ایسے استادوں کا تقرر معقول تنخواہ پر کرنا چاہیے جن میں خدمت کا جذبہ اور "صحیح دیہاتی احساس" موجود ہو۔ دیہی رقبوں میں اشاعت تعلیم کے سلسلے میں ایک اور کام جو دوسروں سے کچھ کم اہم نہیں ہے یہ ہے کہ بیرونی زبانوں سے ترجمہ کر کے یا تالیف کے ذریعے سے عمدہ کتابیں مرتب کی جائیں لیکن اس نہایت ہی اہم کام کی جانب اب تک خاطر خواہ اور کافی توجہ نہیں کی گئی ہے[2]۔

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، پیراگراف (۵۴۴)

[2] اس باب میں ہم نے اپنے مضمون موسوم بہ "ہندوستان کی دیہی تنظیم کے چند پہلو" سے جو ایک رسالہ "انڈین جرنل آف اکنامکس" کے کانفرنس نمبر میں ۱۹۲۱ء طبع ہوا تھا بہت کچھ استفادہ کیا ہے۔

باب

تعلیم بالغان کی ایک مناسب تجویز مرتب کرنا بھی ضروری ہے تاکہ کسان کی ہمہ جہتی کارکردگی بڑھے اور موجودہ نسل زراعت کی جدید ترقیوں سے فائدہ اٹھانے کے قابل بن جائے۔ بالغوں کی تعلیم اس لحاظ سے بھی اہمیت رکھتی ہے کہ وہ نوخیز دہقان میں مدرسہ چھوڑنے کے بعد بسا اوقات جہالت و ناخواندگی کی طرف عود کر جانے کے عام میلان کو روکے گی۔ تعلیم بالغان کے دائرے میں عورتوں کو بھی شریک کرنا چاہیے تاکہ ان کے خیالات کی اصلاح ہو اور وہ ترقی کے میدان میں سنگ راہ نہ بنیں۔ عصر حاضر
247 میں تعلیم بالغان کی تحریک عملاً بنگال اور پنجاب تک محدود ہے۔ اگرچہ یہ زیادہ تر غیر سرکاری جد و جہد کا معاملہ ہے، تاہم حکومت کو بھی پوری کوشش اور توجہ کے ساتھ اس میں مدد دینی چاہیئے، اور امداد باہمی کی انجمنوں کی خاص طور پر مالی امداد کرنی چاہیئے۔[1]

بالغوں اور سن رسیدہ اشخاص میں علم کی روشنی اور خواندگی پھیلانے کے لیے خاص انتظام ضروری ہے مثلاً مدارس شبینہ، فرضی جماعتیں، توسیعی تقریریں، کتاب خانے، مطالعہ گھر، طلسمی فانوس اور سینما کے تماشے وغیرہ۔ وسیلۂ تعلیم کی حیثیت سے خاصکر سینما کو بہت مفید طریقوں سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہی حال ریڈیو کا ہے۔[2] اس کے ذریعے نئی نئی اختیاجوں سے روشناس کرایا جا سکتا ہے اور عمل و جد و جہد کے لیے تازہ بہ تازہ ترغیبیں مہیا کی جا سکتی ہیں۔ غرض دہقان کے غیر تربیت یافتہ دماغ تک علم کی روشنی پہنچانے کا ذریعہ ہونے کی حیثیت سے سینما، زبانی یا تحریری درس و تعلیم کے مقابلے میں بہت زیادہ موثر اور کارگر ہے۔ تعلیم بالغان کے بیشتر حصے کا دارومدار اسی قسم کی ایجنسیوں پر ہونا چاہیے اور تا حد امکان باقاعدہ مدرسوں کی تعلیم پر کم ہونا چاہیے۔

اس سلسلے میں ایک دلچسپ عمل کا ذکر کرنا نامناسب نہ ہوگا جس کو تعلیم بالغان کے لیے دیہات میں اختیار کیا گیا ہے۔ ایسٹرن بنگال ریلوے جیسی بعض بڑی ریلوے لائنوں پر مختلف محکموں مثلاً ریلوے کے محکمۂ اطلاع و اشاعت، محکمۂ جات حفظ صحت،

---

[1] دیکھو رائل کمیشن کی رپورٹ۔ پیراگراف (۴۴۹)۔

[2] موجودہ زمانے میں کئی صوبائی حکومتیں دیہی رقبوں میں لاسلکی نشر کے امکانات کی تحقیق کر رہی ہیں تاکہ اس کو دیہات سدھار کا ذریعہ بنا لیا جائے اور بعض حکومتیں تجربے بھی کر چکی ہیں۔

باب ۸

صنعت و حرفت، امداد باہمی، علاج حیوانات اور سررشتہ زراعت وغیرہ کے تعاون و تعامل سے مظاہرہ کرنے والی یا نمائشی ٹرینیں دوڑائی جاتی ہیں۔ ٹرین کے اندر دلچسپ اشیاء بغرض نمائش رکھنے کے علاوہ کھلی ہوا میں بھی مظاہرہ کیا جاتا ہے جس میں تقریریں، سینما اور طلسمی فانوس کے تماشے شامل ہیں[1]

۴۔ کسان کی جسمانی نااہلی: اُس کے اسباب اور علاج[2]

ہمارے اکثر دیہات کو ملیریا، طاعون، ہیضہ، پیچش، دق، کالا آزار جیسے "امراض کلان" اور جلدی شکایات اور جذام وغیرہ جیسے نام نہاد "امراض خورد" تباہ و تاراج کر رہے ہیں۔ چنانچہ یہی کسان کی عدم کارگزاری اور نااہلی کے بڑے اسباب میں سے ایک ہے۔ مرض طاقتور توانا اور تندرست افراد کو موت کا شکار بنا کر اور ناکاروں کے مقابلے میں کام کرنے والوں کا تناسب کم کر کے کسی قوم کی معاشی قوت میں انحطاط پیدا کر سکتا ہے۔ دوسرے یہ کہ مرض کے حملے کے بعد اگر آدمی جانبر بھی ہو جائے تو بھی جن پر حملہ ہوتا ہے وہ نہایت نحیف و ناتوان ہو جاتے ہیں اور اس طرح نہ صرف مزدوروں کی رسد میں قلت رونما ہوتی ہے بلکہ محنت کرنے کی قوت و صلاحیت میں بھی کمی ہو جاتی ہے۔ تیسرے یہ کہ مرض مزدوروں سے کام کی قوت ٹھیک ایسے زمانے میں سلب کر لیتا ہے جب کہ زرعی کاروبار پوری سرگرمی کے ساتھ انجام پا رہا ہو۔ اور آخر میں یہ کہ امراض کی وجہ سے لوگ کاہل، تن آسان بے پروا اور تقدیر کے قائل بن جاتے ہیں۔ لہٰذا جسم کو امراض سے بچانے اور صحت عامہ کی حفاظت کے متعلق بڑے پیمانے پر باقاعدہ کوشش شروع کرنی چاہیے تاکہ امراض دفع و زائل ہوں، صحت عامہ کا قوی احساس اور تمیز پیدا ہو اور وہ تعصبات نیست و نابود ہو جائیں جن میں سے بعض کی جڑیں اس لحاظ سے بہت مضبوط ہو گئی ہیں کہ وہ مذہب سے وابستہ ہو گئے ہیں۔ 248

دیہات کی صحت و صفائی کی حفاظت کے سلسلے میں محکمۂ اشاعت صحت، مالک ہفتوں، صلیب احمر کے کام، بہبودی اطفال، زچگی کی انجمنوں اور امداد باہمی کے

---

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "ہندوستانی رسلوں کی کیفیت برائے سنہ ۱۹۲۳ء تا سنہ ۱۹۲۷ء" صفحہ ۹۲۔

[2] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "زرعی کمیشن کی رپورٹ؛ روئداد شہادت" جلد دوم صفحہ ۱۴۱۔

باب ۸ شفاخانوں وغیرہ کی خدمات کی ضرورت ہے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ زیر آبپاشی علاقوں مرطوب خطوں اور دلدلوں سے زائد پانی کو نالیوں اور بدرووں کے ذریعے سے خارج کیا جائے، پینے کے لیے صاف اور خالص پانی کی بہم رسانی کا انتظام کیا جائے اور دیہاتی مکانوں کی اصلاح کی جائے۔ ہمارا سب سے بڑا جان لیوا اور افسردگی پیدا کرنے والا مرض ملیریا ہے اس کے خلاف مہم جاری کرنے میں مادی کامیابی صرف اس وقت ہو سکتی ہے جبکہ لوگ خود سخت کارروائی کریں اور حکومت ان کی مدد کرے۔ کونین کو بہت وسیع پیمانے پر تقسیم کرنا ضروری ہے اور مرکزی حکومت کو چاہیے کہ اس اہم معاملے کی ذمہ داری اپنے سر لے، کونین کو ارزاں کرنے کے مسئلے کی جانب مستعدی کے ساتھ متوجہ ہو اور سنکونا کی کاشت کو وسیع کر کے کونین کی رسد میں اضافہ کرے[1]۔ دیہی علاقوں میں کافی طبی سہولتیں موجود نہ ہونے کی وجہ سے سخت دشواری پیش آتی ہے۔ یہ ضروری ہے کہ دیسی طبی نظاموں کی مناسب تحقیق کی جائے اور دیسی جڑی بوٹی اور ادویہ جو موثر معلوم ہوں ان کو ایلوپیتھک دواؤں کے بدل کے طور پر استعمال کرنے کی ہمت افزائی کی جائے۔ حکومت بمبئی نے حال میں دیہی رقبوں میں طبی سہولتوں میں اضافہ کرنے کی غرض سے ایک دلچسپ تجربے کا آغاز کیا ہے چنانچہ ایک "دیہی امدادی تجویز" مرتب کی گئی ہے جس کے تحت احاطۂ بمبئی کے بعض منتخب اضلاع میں مدارس تحفانیہ کے اساتذہ کو ضلع کے سیول ہسپتال میں ایک مختصر مدت تک طبی تربیت حاصل کرنی پڑتی ہے جس کے بعد انھیں طبی صندوقچوں کے ساتھ ان کے دیہات کو واپس بھیج دیا جاتا ہے۔ یہ لوگ سادہ بیماریوں کا علاج کرتے ہیں، باقاعدہ طبیب کی خدمات حاصل ہونے تک اولین امداد دیتے ہیں اور خطرناک بیماری کی صورت میں مریضوں کو قریب کے شفاخانے روانہ کرتے ہیں۔

دیہات میں صحت بخش اور پاک صاف مکان مہیا کرنے کا مسئلہ دیہی

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ جلد اول صفحہ ۱۴۱ رو مداد شہادت میں حکومت ہند کے کمشنر صحت عامہ کا بیان۔ نیز دیکھو مذکورۂ بالا رپورٹ کے پیراگراف (۴۱۱ و ۴۱۲)۔

باب ۵

حفظ صحت سے بہت قریبی تعلق رکھتا ہے۔ یہ خیال نہ کرنا چاہیے کہ انتظام سکونت اور اصلاح مکان کے مسئلے کا صرف شہروں ہی سے تعلق ہے۔ اس لیے کہ گو دیہات میں جگہ کشادہ اور ہوادار ہوتی ہے، پھر بھی خود مکانات عام طور پر ناپائیدار اور بودے ہوتے ہیں۔ یعنی مٹی کی چار دیواری پر گھاس پھوس کا چھپر ہوتا ہے، اندر داخل ہونے کا ایک ہی دروازہ ہوتا ہے کھڑکیاں بالکل نہیں ہوتیں، اندرونی حصہ تاریک ہوتا ہے جس میں دھوپ اور روشنی کا بہ مشکل گزر ہوتا ہے، مچھر، چوہے، اور دوسرے حشرات الارض بکثرت ہوتے ہیں۔ انسان اور مویشی عام طور پر ایک ہی کمرے میں بود و باش رکھتے ہیں اور ایک کی سانس کی زہریلی ہوا دوسرے کی ناک میں داخل ہو جاتی ہے۔ اس طرح یہ سکونتی انتظام، انسان اور مویشی دونوں کے لیے مضر ہوتا ہے۔ دیہات کے ان تنگ اور گندے مکانوں کو منہدم کرنے اور ان کی جگہ پاک صاف اور عمدہ مکان بنانے کے لیے نہایت سرگرم کوشش کی ضرورت ہے۔ دیہی مکانات کی اصلاح کے لیے امداد باہمی کے اصول پر انجمنیں قائم کرنی چاہئیں جن میں سرکار کی جانب سے یا تو قرضہ دیا جائے یا مالی امداد۔ حکومت نہ صرف براہ راست قرضہ 249
دے سکتی ہے بلکہ سود اور ان قرضوں کی ادائی کی ضامن بھی بن سکتی ہے جو کوشش کا کاروبار کرنے والے مخصوص اداروں کی جانب سے جو اس غرض کے لیے قائم کیے جائیں دیے جائیں۔

۴۔ گاؤں اور شہر کے درمیان زیادہ گہرا ربط قائم کرنے کی ضرورت

دہقان کی اصلاح دراصل اس طرح ہو سکتی ہے کہ اس کے پست اور رقیانوسی خیالات کی جگہ جو اس کے موجودہ افلاس اور پسماندگی کا باعث ہیں، جدید، دلیرانہ اور امنگ افزا خیالات پیدا کیے جائیں۔ اس لحاظ سے ہر وہ تحریک خوش آیند ہے جو بیرونی دنیا اور گاؤں کے درمیان گہرا ربط قائم کرے اور گاؤں کو شہروں کے ترقی پذیر اثرات کے دائرے کے اندر لے آئے۔ آجکل کے گاؤں زمانۂ قدیم کی طرح بیرونی دنیا سے الگ تھلگ اور منقطع تو نہیں ہیں، پھر بھی ان میں ریلیں اور سڑکیں بہتر اور زیادہ تعداد میں بنا کر ارزاں آمد و رفت کے ذرائع وسیع کرنے کی بہت کچھ گنجائش باقی ہے۔ یہاں ڈاک خانے کا ذکر بھی نامناسب نہ ہوگا کہ وہ کس طرح تہذیبی اثر

باب

ڈال سکتا ہے[1] کسی قوم کی زندگی میں ڈاک خانہ کس حد تک حصہ لے سکتا ہے اس کا انحصار بدیہی طور پر اس بات پر ہوگا کہ اس قوم میں نوشت وخواند کی قابلیت کتنی وسیع ہے۔ لیکن ڈاک خانے کی سہولتیں مہیا کرنا خود نوشت وخواند کی قابلیت حاصل کرنے کی خواہش کے حق میں محرک کا کام کرتا ہے اور ایک دفعہ لکھنے پڑھنے کی جو استعداد حاصل کی جا چکی ہے اس کو برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ ڈاک خانہ دلچسپ اطلاعیں شایع کر کے جو اہل وہ کی تفریح وتربیت کے لیے خاص طور پر تیار کی جائیں پروپگنڈے کے کام میں ہاتھ بٹا سکتا ہے۔ ڈاکخانے کے سیونگ بنک لوگوں میں کم خرچی اور کفایت شعاری کی عادت پیدا کرتے ہیں اور کیش سرٹیفکیٹ (نقد پروانہ جات) کے انتظام کے ساتھ ساتھ دیہاتیوں کی پس انداز کی ہوئی چھوٹی رقموں کو بلا واسطہ مشغول کرنے کی سہولت بہم پہنچاتے ہیں۔ ڈاک خانے سے ایک چھوٹا سا فائدہ یہ بھی حاصل ہوتا ہے کہ اس کے ذریعے سے تخم اور ارزاں کونین تقسیم کی جا سکتی ہے۔ لاسلکی اور نشر عظیم امکانات رکھتے ہیں۔ چنانچہ ان کے ذریعے سے دیہات کے آرام وآسایش میں اضافہ کیا جا سکتا ہے اور اہل وہ کی زندگی میں ایسی تبدیلی پیدا کی جا سکتی ہے جو ان کے خواب وخیال سے باہر ہے۔

۵۔ پروپگنڈے کے طریقے۔

کسان کی جسمانی اور دماغی حالت کی اصلاح وترقی کی غرض سے عہدہ داروں اور دوسرے سرکاری ملازموں اور غیر سرکاری ایجنسیوں کے ذریعے سے مسلسل اور گہرا پروپگنڈا ضروری ہے اور اس کام کو انجام دینے کے لیے مناسب قسم کے افراد کے انتخاب میں بہت کچھ احتیاط درکار ہے۔ دیہی حالات کی معلومات، سرگرم جدوجہد، دانائی وہوشیاری، وسیع تخیل، اور دہقان اور اس کے مصائب وتکالیف کے ساتھ گہری ہمدردی، یہ سب لوازم اس میں موجود ہونے چاہئیں۔

سامعین کے روبرو موثر تقریر کرنا ایسا فن ہے جسے دیہی سامعین کی فہمایش کی

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ روئداد شہادت جلد اول میں پیج اے سیمس نائب صدر ناظم محکمۂ ڈاک وتار کی یادداشت وشہادت۔

باب ۵

غرض سے مستقبل کے مصلح کو کچھ تکالیف برداشت کر کے حاصل کرنا چاہیے۔ اکثر لوگوں کی عمدہ تقریریں جو مفید معلومات سے پُر ہوتی ہیں اس وجہ سے کارگر نہیں ہوتیں کہ مقرر یہ نہیں جانتا کہ انھیں اپنے سامعین کے سامنے موثر طریقے پر کس طرح پیش کرنا چاہیے۔ 250
اف ال، برین نے کیا خوب کہا ہے کہ "اگر دہقانی سامعین بت بنے بیٹھے رہیں تو مقرر پتھر میں جونک نہیں لگا سکتا، لیکن جونہی مقرر نے دہقان کو بحث کی ترغیب دی یا اس کو اپنی حالت پر ہنسایا کہ لڑائی جیتا۔" مقرر میں ظرافت اور متانت دونوں صفتیں ہونی چاہئیں۔ وہ کبھی مذاق اور تمسخر کرے تو کبھی وعظ اور پند کرے لیکن قدرت ہر ایک میں یہ استعداد و قابلیت ودیعت نہیں کرتی۔

علاوہ ازیں اصلاح کے لیے ایسی تجویز پیش کرنی چاہیے جس پر کسان عمل کر سکے اور اس کو پیش کرنے سے پہلے ہی اس کی بخوبی جانچ کر لینی چاہیے۔ مروجہ طریقوں سے کامل علمی واقفیت حاصل کیے بغیر کوئی ایسا نظریہ پیش کرنے سے باز رہنا چاہیے جو حقیقت پر مبنی نہ ہو۔ ہندوستان میں کاشت کا جو مخصوص طریقہ رونما ہوا ہے وہ صدیوں کے عملی تجربے اور زمین سے وابستگی کا نتیجہ ہے اور بقول سر جیمس مکنا "سالہا سال کے روایتی رسم و رواج پر مبنی ہے جن کی گہری بنیادیں باقاعدہ اصول پر قائم ہیں۔ گو ان اصول کی توضیح و تشریح نہیں کی گئی ہے لیکن ان کے اسباب کو صرف تدریجی طریقے پر بیان کیا جا سکتا ہے۔" اس میں شبہہ نہیں کہ ہندوستانی کسان کو زیادہ ترقی یافتہ ممالک کی زراعت سے بہت کچھ سیکھنا ہے۔ یہ ایک واقعہ ہے کہ وہ نہ تو اپنے اختیار کیے ہوئے طریقوں کی توجیہ و تشریح کر سکتا ہے اور نہ ان کے حق بجانب ہونے کے اسباب ہمیشہ پیش کر سکتا ہے اور اس سے بہت بڑی دقت پیدا ہوتی ہے اس لیے کہ روایات کی کورانہ تقلید، کاشت کے طریق میں متبدل حالات کے لحاظ سے بعجلت مناسب تبدیلی کرنے کی راہ میں مزاحم ہوتی ہے۔ ممکن ہے کہ ایک زمانے میں جو طریقے مفید تھے ان میں اب فائدہ باقی نہ رہا ہو، لیکن چونکہ کسان کی معلومات بالکل تجربی ہوتی ہیں اس لیے وہ اس چیز کو جلد محسوس کرنے یا سمجھنے کے قابل نہیں ہوتا۔ بہرحال جدید محقق کو مذکورۂ بالا وجوہ کی بنا پر یہ فرض کرنا چاہیے (تاوقتیکہ اس کے خلاف ثبوت بہم نہ پہنچے

باب کہ موجودہ طریقوں کی بنیاد ایک حد تک معقول ہے اور مفید اصلاح و ترقی کا مشورہ پیش کرنے سے قبل استقلال کے ساتھ تحقیق و تفتیش کر لینا ضروری ہے[1]

۶۔ زرعی مزدور (اجیر)

ہندوستانی زراعت میں انسانی عامل کی مذکورۂ بالا بحث دراصل ایسے کسان کے متعلق تھی جو اپنی مزروعہ زمین کا خود ہی مالک ہے۔ لیکن تکمیل بحث کی خاطر یہ ضروری ہے کہ اولاً اجرت پانے والے مزدور کا مختصر ذکر کیا جائے اور دوسرے یہ بیان کیا جائے کہ ہندوستان کی زرعی معیشت میں زمیندار کا کیا حصہ ہے۔ جہاں تک اجرت پانے والے مزدور کا تعلق ہے وہاں تک یہ بیان کر دینا ضروری ہے کہ صورت حال غیر اطمینان بخش ہے۔ زرعی مزدور جو خود کو مزدوری کے لیے پیش کرتے ہیں دو حصوں میں منقسم ہیں۔ (۱) بے زمین مزدور جن کی ملک میں کوئی زمین نہیں ہے، اس جماعت کی تعداد سردست کم ہے لیکن اس میں اضافے کا میلان پایا جاتا ہے؛ (۲) ایسے مزدور جو چھوٹے چھوٹے خطوں کے مالک ہیں لیکن ان کے خطے اس قدر چھوٹے ہیں کہ انھیں اپنا پیٹ پالنے کے لیے دوسرے اشخاص کی زمین پر اجرت پر کام کرنا پڑتا ہے۔ ان دونوں جماعتوں سے جو مزدور حاصل ہوتے ہیں وہ گراں، عدم کارگزار اور ناقابل اعتبار ہوتے ہیں۔ موجودہ زمانے میں نقل و حمل کی جدید سہولتوں نے اور ریلوں، تعمیرات عامہ تجارت اور صنعت و حرفت میں مزدوروں کی روز افزوں مانگ نے مزدوروں کی حیثیت کو عام طور پر قوی کر دیا ہے۔

251

---

[1] سر ام وس ویسویریا اپنی کتاب موسوم بہ Planned Economy for India صفحہ ۴۵ میں یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ "ایک ایک مستقل زرعی عجائب خانہ ہر شہر، بڑے قصبے اور کئی دیہات کے حلقے کے اندر مرکزی محل وقوع والے اس گاؤں میں ہونا چاہیے جہاں زراعت کے اغراض کو ترقی دینے کے لیے کوئی مقامی انتظام موجود ہو۔ ایسے عجائب خانوں میں کتابیں اور رسالے ہونے چاہئیں جن میں جدید ترین زرعی طریقوں اور آلات اور کلوں کا بیان ہو۔ زرعی مظاہرے اور سالانہ نمائشیں بھی منعقد کرنی چاہئیں جن کا انتظام کسان کی امداد باہمی اور حکومت کی تائید اور ہمت افزائی سے مقامی تہواروں اور تقاریب کے موقعوں پر ہونا چاہیے۔"

باب

علاوہ ازیں طاعون اور انفلوئینزا جیسے وبائی امراض کے باعث کثیر اموات واقع ہونے کی وجہ سے مزدوروں کی تعداد میں قابل لحاظ کمی ہوگئی ہے۔ آخر میں یہ کہ چھوٹے ملکی کاشتکاروں میں اپنے کھیتوں پر محنت کرنے سے باز رہنے کا بھی ایک حد تک میلان رونما ہوا ہے اور جونہی ان کی مالی حالت اس قسم کا تعیش اختیار کرنے کی اجازت دیتی ہے وہ اجرت پر مزدور حاصل کرکے اسی سے کام لیتے ہیں۔ ان سب باتوں کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اجرت پانے والے مزدور کی شرح اجرت میں اضافہ ہوگیا ہے۔ لیکن اس کے مقابل میں اس کی کارکردگی میں کوئی اصلاح و ترقی نہیں ہوئی ہے۔ اجرت میں پہلے کے مقابلے میں جو اضافہ ہوا ہے وہ جدوجہد کو بڑھانے کے حق میں محرک کا کام کرنے کی بجائے بظاہر اس کی برعکس سمت میں عمل کر رہا ہے۔ مزدور زیادہ اجرت کما کر کارکردگی کو بڑھانے کے بجائے کم کام کرنے کو ترجیح دیتا ہے، چنانچہ اس کے معیار زندگی میں اور اعلیٰ معیار زندگی کے ذریعے سے اس کی کارکردگی میں کوئی نمایاں ترقی نہیں ہوئی ہے۔ غرض یہ کہ مزدور میں وہی کمزوریاں اور اسقام پائے جاتے ہیں جو کسان کی امتیازی خصوصیت ہیں۔ اس لحاظ سے یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ دیہی رقبوں کے عام احیائے جدید کے لیے جو تدابیر نکالی جائیں گی ان سے مزدور کو بھی فائدہ پہنچے گا۔

۷۔ زمیندار اور اس کی حیثیت زرعی معیشت میں

ہندوستانی زراعت کو جن عظیم ترین دشواریوں سے سابقہ ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ زراعت، اپنی جانب مطلوبہ دماغ، حوصلہ مندی، اور اصل کو مائل کرنے سے بڑی حد تک قاصر ہے۔ زندگی کے آرام و راحت کے جدید سامان، مثلاً تعلیم، حفظ صحت، اور ترقی یافتہ وسائل آمد و رفت پر زیادہ تر شہروں کو اجارہ حاصل ہوگیا ہے، حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ ان سہولتوں کی بہم رسانی کے لیے آمدنی زیادہ تر دیہات ہی سے وصول کی جاتی ہے۔ شہر جو وسیع مواقع اور لبھانے کا سامان پیش کرتے ہیں ان کی بنا پر اعلیٰ درجے کے ذہین و حوصلہ مند اشخاص کو دیہات سے شہروں میں منتقل ہو جانے کی ترغیب و تحریص ہوتی ہے اور اس کی وجہ سے دیہات میں ایسی کمی واقع ہوتی ہے جس کا

باب

بآسانی پورا ہونا ممکن نہیں۔ آخر میں یہ کہ شہروں کے تعلیم یافتہ لوگوں اور زمینداروں نے دیہی مسائل کی تحقیق کرنے اور دیہی ضرورتوں کو سمجھنے اور پورا کرنے کی جانب اب تک توجہ نہیں کی ہے۔ ان کی معلومات، مالی ذرائع اور حوصلہ مندیوں سے دیہی خوشحالی کی ترقی میں کام لینے کا موقع ہی ہم نہیں پہونچایا گیا۔ شہری آبادی کی لاعلمی زرعی معاملات کے بارے میں اس قدر عظیم اور حقیقی ہے کہ وہ کم پیش احترام و تعظیم کی مستحق ہے۔[1] اٹھارویں صدی میں بیک ویل، بیٹس، اور ٹرنپ ٹاؤن شینڈ جیسے بڑے 252
زمینداروں کی قیادت و رہنمائی نے انگلستان کی زراعت کو بے حد فائدہ پہنچایا، لیکن ہندوستان میں ایسی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ بنگال میں دوامی بندوبست رائج کرنے کے جو لوگ ذمہ دار تھے ان کی قائم کی ہوئی توقعات میں سے ایک یہ تھی کہ اس انتظام کی بدولت بڑے زمینداروں کی ایک جماعت وجود میں آئے گی جو اپنی جاگیروں پر سکونت پذیر ہوں گے اور جن کے شخصی اثر اور مادی مدد سے کسانوں کو معتدبہ فائدہ پہنچے گا۔ یہ توقع کی گئی تھی کہ دیہی رقبوں کی مادی، ذہنی و عقلی اور تہذیبی ترقی میں زمیندار زبردست حصہ لیں گے۔ لیکن بدقسمتی سے یہ توقع پوری نہ ہوئی۔ زمیندار بہت ہی چند مستثنیات کے ساتھ عام طور پر اپنی زمینوں سے دور بڑے شہروں میں بود و باش کو ترجیح دیتے رہے اور اپنی جائداد و املاک سے صرف اس لحاظ سے دلچسپی رکھتے ہیں کہ وہ آمدنی کا ذریعہ ہیں اور ان سے لگان وصول ہوتا ہے۔ ان کا وظیفہ صرف یہ ہے کہ اپنے اسامیوں سے قوانین لگان جس حد تک اجازت دیتے ہیں اسی حد تک پورا پورا لگان ایک دور افتادہ آب کش پمپ کی طرح کھینچ لیتے ہیں۔ پرباس زمینداری کا رواج عام طور پر نہ صرف بنگال میں بلکہ ملک کے ان دوسرے علاقوں میں بھی ہے جہاں زمینداروں کی بڑی جماعت موجود ہے۔ پرباس زمینداری کے نقائص کا ذکر کرتے ہوئے کارور

[1] یہ مقولہ اے کو لے سے ماخوذ ہے اور یہ کیل ورٹ کی کتاب موسوم بہ "پنجاب کی دولت و خوشحالی" دیباچہ صفحہ ۱ سے نقل کیا گیا ہے۔ گو یہ تبصرہ انگلستان کے حالات کے بارے میں کیا گیا ہے لیکن ہندوستان کے بارے میں بھی وہ اس سے کچھ کم صادق نہیں آتا۔

باب

لکھتا ہے کہ "جنگ، وبا اور قحط کے بعد دیہی برادری کے حق میں کوئی بدترین شے ہے تو وہ پرباس زمینداری ہے"[1] یہ خرابی ان علاقوں میں خصوصیت کے ساتھ عام اور زیادہ ہے جہاں زمینداری طریق رائج ہے گو رعیت واری علاقوں میں بھی یہ خرابی پوری طرح مفقود نہیں ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ جہاں تک اراضی کی ترقی کا تعلق ہے، زمیندار ایک جماعت کی حیثیت سے حکومت سے بھی زیادہ الگ تھلگ اور بے تعلق اجنبی کا کام کرتے ہیں۔ حکومت نے تو کم از کم آبپاشی کی سہولتوں سڑکوں اور ریلوں، زرعی تعلیم کی بہم رسانی اور تقاوی قرضوں کی منظوری وغیرہ جیسے اہم کام اپنے ذمہ لے رکھے ہیں اس کے برخلاف زمیندار زمین کی اصلاح و ترقی کے لیے عام طور پر کچھ بھی نہیں کرتا۔ زرعی ترقی کے لیے یہ نہایت اہم ضروری ہے کہ زمیندار جماعت اس میں دلچسپی لے۔ اس کی بدولت کسان کا سختی سے وصول کرنا موقوف ہو جائے گا، زمیندار اور اس کے اسامی کے درمیان خوشگوار ذاتی تعلقات قائم ہوں گے جس سے دونوں فائدہ حاصل کر سکتے ہیں اور ترقی کی رفتار بھی بہت تیز ہو جائے گی۔ بڑے زمینداروں کے پاس ترقی کے کم از کم دو لوازم موجود ہیں یعنی (۱) اصل اور (۲) ذہانت۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ زمیندار جدید خیالات قبول کریں اور یہ محسوس کریں کہ شہروں میں اپنا وقت ضایع کرنے کے بجائے دیہات میں سکونت اختیار کرنا اور ان میں نئی روح پھونکنے کی تحریک کو آگے بڑھانا نہ صرف زیادہ فائدہ مند بلکہ زیادہ مسرت
253 بخش بھی ہے۔ ایسی صورت میں اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے کہ زراعت میں خاص اصلاح و ترقی ہو ہمیں عوام میں بیداری پیدا ہونے کے طویل اور سست عمل کا انتظار کرنا نہ پڑے گا۔ زمیندار مختلف طریقوں سے اصلاح میں مدد دے سکتا ہے، مثلاً خود کاشت کھیت قائم کرے، عمدہ نسل کے مویشیوں کے گلے پالے، عمدہ قسم کے تخم تیار کرے، زیادہ موثر اور کارگر آلات کشاورزی رائج کرے اور آخر میں لیکن سب سے بڑھ کر یہ کہ دہقانوں، کسانوں اور چرواہوں

---

[1] دیکھو کارور کی کتاب موسومہ "اصول معاشیات دیہی" صفحہ ۳۷۰۔ Principle of Rural Economics

باب

میں ترقی کی امنگ پیدا کرے۔

زمیندار دیہات میں کیوں سکونت اختیار نہیں کرتے اس کے متعدد وجوہ ہیں جن کے منجملہ ایک یہ ہے کہ دیہی علاقوں میں مہذب زندگی کے آرام و آسائش کے سامان بالکل مفقود ہوتے ہیں۔ جب یہ کمی پوری ہو جائے گی تو ان کی ہمت افزائی ہوگی کہ وہ آئیں اور اپنے اسامیوں کے ساتھ مل کر رہیں۔ لیکن یہ خود زمینداروں کا خاص حق اور فرض ہونا چاہیئے کہ وہ دیہات کی دلکشیوں کو بڑھانے میں مدد دیں۔ انھیں اسباب کا انتظار نہ کرنا چاہیئے کہ حکومت یا دوسرے عوامل کی کوششوں کے ذریعے سے یہ آرام و آسائش میسر آئے گا بلکہ ان کو دیہات میں قیام کر کے اور یہاں کی حفظ صحت اور تعلیم کے بارے میں اصلاحوں کو فروغ دے کر اسباب راحت خود مہیا کر لینے چاہئیں۔ یہ کہنا نامناسب ہی نہیں بلکہ واقعی طور پر غیر معقول ہوگا کہ ہر مالک زمین لازمی طور پر اپنی ملوکہ زمین پر سکونت اختیار کرے۔ مثلاً یہ مشورہ دینا لغو ہوگا کہ کسی بڑے شہر میں معقول آمدنی کمانے والا کوئی لائق طبیب اس وقت تک زمین کا مالک نہ بنے جب تک کہ وہ اس زمین پر فروکش ہونے کے لیے تیار نہ ہو۔ ممکن ہے کہ اس کا اپنے پیشے کی جانب اپنی تمام توجہ کو مرتکز کرنا نہ صرف انفرادی نقطۂ نظر سے بلکہ اجتماعی اور قومی نقطۂ نظر سے بھی بدرجہا زیادہ نفع بخش ہو۔ اسی کے ساتھ ایسے لوگوں کے خلاف تعزیری یا امتیازی کارروائی کرنا ناانصافی ہوگی جو دوسرے پیشوں میں آمدنی پیدا کر رہے ہوں اور زراعت کے حق میں اپنے پیشوں سے دست بردار ہوئے بغیر اپنی پس انداز کی ہوئی رقوم کو زمین میں مصروف کرنے کے خواہاں ہوں۔ اس قسم کی کارروائی اختیار کرنے کا نتیجہ یقیناً یہ ہوگا کہ زمین کی قیمت گر جائے گی اور زمین کی طرف اصل کی آزادانہ نقل رک جانے کی وجہ سے زرعی ترقی میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ لیکن ایسے زمیندار کے لیے جس کا اپنی دیہی جائداد سے غائب رہنا مذکورۂ بالا وجوہ کی بنا پر ناگزیر اور قابل معافی ہو اس بات کا خیال رکھنا ہمیشہ ممکن ہوگا کہ اپنے اسامیوں سے لگان وصول کرنے میں سخت گیری نہ کرے اور ان سے ایسا برتاؤ کرے کہ اس کی بنا پر انھیں نہایت احتیاط کے ساتھ کھیتی باڑی کرنے کی

باب

ترغیب و تحریص ہو۔ رہا ایسا زمیندار جو زراعت کے سوا کسی دوسرے پیشے میں بطریق بدل کام نہ کرے اور کلیتہً اپنی ہی زمین کے لگان پر گزارہ کر رہا ہو تو اس کی حیثیت مختلف ہوتی ہے۔ اس کا فرض ہے کہ اپنی جائداد کی ترقی میں دلچسپی لے جس میں نہ صرف اس کا ذاتی فائدہ ہے بلکہ اس کے اسامیوں اور اس کی برادری اور قوم کا بھی فائدہ ہے۔

۸۔ زمینداری سے کیا فرائض اور ذمہ داریاں وابستہ ہیں۔

یہ بات ہمیشہ تسلیم کی گئی ہے کہ سب اقسام کی جائدادوں میں ارضی جائداد ہی ایک ایسی قسم ہے جس سے خاص فرائض اور ذمہ داریاں متعلق ہوتی ہیں ممکن ہے کہ غالب نظری اسباب کی بنا پر ہمارے ذہن میں یہ سوال پیدا ہو کہ انجمن سرمایۂ مشترک کا حصہ دار جو انجمن کے انتظامی معاملات میں کوئی حصہ لیے بغیر مقسوم حاصل کرنے پر قانع ہوتا ہے اس کی حیثیت اس زمیندار کی حیثیت سے کس طرح مختلف ہوتی ہے جو حصہ دار مذکور کے مثل محض لگان وصول کرنے پر قناعت کرتا ہے اور بذات خود کسی کام میں حصہ نہیں لیتا۔ اس کا جواب اولاً یہ ہے کہ اگر حصہ دار اپنی انجمن کے معاملات میں ذاتی طور پر دلچسپی لے تو اس سے اچھی کیا بات ہو سکتی ہے؛ اس کا ایسا نہ کرنا بالعموم سوء انتظامی کا باعث ہوتا ہے؛ چنانچہ کئی سرمایۂ مشترک کی انجمنیں محض اسی وجہ سے تباہ ہو جاتی ہیں۔ تاہم یہ ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ متوسط حصہ دار کو نہ اتنی فرصت اور مہلت ہے اور نہ اس میں اتنی قابلیت اور مہارت ہے کہ اپنی کمپنی کے معاملات میں غور و فکر کرے اور اس کے کاروبار میں پورے انہماک کے ساتھ دلچسپی لے۔ علاوہ ازیں وہی تنہا حصہ دار نہیں ہوتا بلکہ دوسرے بیسیوں بلکہ سینکڑوں حصہ دار ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس کا انفرادی طرز عمل یا اس کی روش معاملات پر کسی قابل لحاظ حد تک اچھا یا برا اثر نہیں ڈالتی۔ محض اس بنا پر کہ کوئی خاص حصہ دار انتظام میں عملی حصہ نہیں لیتا یا مدد نہیں دیتا یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ انجمن کا کاروبار سراسر غیر منظم حالت میں پڑا ہوا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ انجمن سرمایۂ مشترک کا انتظام کارکردگی کے ایسے اعلیٰ زینے پر پہنچ گیا ہے کہ اس امر کے باوجود کہ عام حصہ دار نگرانی نہیں کرتے اور الگ رہتے ہیں قابل منتظموں اور قائدوں کا عام طور پر معقول انتظام کر لیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں جہاں تک مزدوروں یا کاریگروں کا

254

باب

تعلق ہے وہاں تک یہ ذہن نشین رکھنا چاہیئے کہ ان کی حیثیت کسانوں اور اسامیوں کے مقابلے میں اس لیے زیادہ موافق ہوتی ہے کہ مزدور اپنی خواہشوں اور مطالبوں کو موثر طریقے پر ظاہر کرنے اور منوانے کے لیے متحد ہو سکتے ہیں اور مزدور سبھاؤں کی شکل میں نظامات قایم کر سکتے ہیں۔ آخر میں یہ کہ بقول ہے "ایم کین" جب سرمایہ مشترک کے جدید اداروں کو قائم ہوئے ایک خاص مدت گزر جاتی ہے اور ان کے کاروبار میں خاصی وسعت پیدا ہو جاتی ہے تو ان میں اجتماعی تنظیم کا میلان پیدا ہوتا ہے اور ان کی حیثیت انفرادی طور پر خانگی کاروبار کرنے والی انجمنوں کی بجائے انجمن ہائے عامہ کی ہو جاتی ہے۔ فرم کی عام پائداری و استواری، نیک نامی و شہرت ہی سب سے اہم شے ہے اور مقسوم تو بالکل ثانوی حیثیت رکھتے ہیں[1]

ان حالات میں عوام کی نکتہ چینی سے بچنے کے لیے مزدوروں (اور صارفوں) کے اغراض کی خاص طور پر نگرانی و نگہداشت کی جاتی ہے۔ ان سب اعتبارات سے زمین کی حیثیت دوسری چیزوں سے بالکل الگ اور جدا ہے اور یہ خیال کہ ہر قسم کی جائداد ایک امانت یا وقف ہے جس کا انتظام قوم کی جانب سے اور اس کی نیابت کے طور پر کرنا ضروری ہے تو یہ محسوس کیا جاتا ہے کہ جائداد کی دوسری قسموں کے مقابلے میں زمین ہی پر اس کا بہت زیادہ اطلاق ہو سکتا ہے۔ ایسی حالت میں یہ ضروری ہے کہ ہندوستانی رعیت کی موجودہ بے بسی اور سقیم حالت میں اس خیال پر انتہائی زور دیا جائے اور دیہی ترقی کے کام میں زمیندار کو زیادہ کارگر اور مفید عامل بنایا جائے۔

کاشت کا طریق اور ساز و سامان

255

۹۔ کاشت کا طریق

ہندوستانی کسان زیادہ تر کاشتِ وسیع کے طریقے اختیار کرتا ہے جو اوسط درجے کے کھیت کے مختصر رقبے کے مناسب

---

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "اصول عدم مداخلت کا انجام" صفحہ ۴۲ تا صفحہ ۴۳۔ The End of Laissez-fairs

باب

ناموزوں ہیں۔ چنانچہ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جتنی پیداوار حاصل ہونی چاہیئے اس سے بہت کم حاصل ہوتی ہے۔ اس اعتبار سے ہندوستانی حالات کا جاپانی حالات سے مقابلہ کرتے ہوئے سر ایم ویس ویسوریا لکھتے ہیں کہ "گو جاپان اپنی غذائی ضرورتوں کو خود ہی تمام و کمال مہیا نہیں کرتا، پھر بھی معمولاً ۵۶ ملین آبادی کی کفالت ۱۱ ملین ایکڑ مزروعہ رقبے کے ذریعے سے کرتا ہے، گویا ہندوستان کے فی کس ⅔ ایکڑ کے مقابلے میں جاپان کا اوسط فی کس ¼ ایکڑ ہے"۔ چین و جاپان میں کاشت بہت ہی عمیق اور زمین کی انتہائی قوت تک کی جاتی ہے اور زراعت کی حالت کم و بیش باغبانی کے مشابہ ہے۔ علیٰ ہذا ہندوستانی کسان کی نجات بھی کاشت عمیق کا طریقہ اختیار کرنے پر منحصر ہے۔ اس کی وجہ سے دوسرے امور کے منجملہ یہ ضروری ہوگا کہ مستقل اصلاح و ترقی اور آبپاشی پر زیادہ رقم خرچ کی جائے، زیادہ موثر طریقے سے کاشت کی جائے، تخم کے انتخاب میں احتیاط سے کام لیا جائے، دوری فصلوں کا بہتر نظام مرتب کیا جائے اور کھاد کافی مقدار میں دی جائے۔ اس فہرست کی اول الذکر دو مدوں پر ہم بحث کر چکے ہیں۔ رہا کاشت کا طریق تو ہندوستان میں گاہ گاہ یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ بہت ہی اعلیٰ معیار پر پہنچ جاتا ہے لیکن ملک کے اکثر علاقوں میں ابھی اصلاح و ترقی کی بہت کچھ گنجائش زمین کو کاشت کے لیے تیار کرنے، تخم بونے، زمین کو خس و خاشاک سے صاف کرنے، مسطح کرنے، مینڈ بنانے اور فصل کو کاٹنے کے سلسلے میں باقی ہے۔ عمدہ قسم کے خالص تخم کی قیمت زیادہ ہوتی ہے لیکن کسان عام طور پر اپنے تخموں کا انتخاب کرنے میں کافی احتیاط نہیں کرتا یا اس کی اہمیت کو محسوس کرنے کے باوجود ان کو حاصل کرنے سے قاصر رہتا ہے۔ ملک میں تخموں کی انجمنیں اور تخموں کے مزرعے بعد و دے چند ہیں۔ چنانچہ ملک کے تمام حصوں میں کسانوں کو اعلیٰ قسم کے تخموں کی کافی مقدار مہیا کرنے کے لیے ان کی تعداد میں کئی گنا اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔ زرعی کمیشن یہ سفارش کرتا ہے کہ تخموں کی جانچ اور تقسیم کی غرض سے ایک علاحدہ سررشتہ قائم کیا جائے اور اس کی نگرانی ناظم زراعت کے ماتحت ایک نائب ناظم کے تفویض کی جائے (دیکھو رپورٹ کا فقرہ ۱۰۳)۔

باب جہاں تک دوری فصلوں کا تعلق ہے وہاں تک معیار سابق کے مقابلے میں بہت گھٹ گیا ہے۔ ایسی مثالیں حد سے زیادہ ملتی ہیں جن میں کہ فوری منافع کا لالچ روئی اور گیہوں جیسی بعض فصلوں کی جانب توجہ مرتکز کرنے کے نقصان رساں اور انجام کار غیر منفعت بخش طریقے اختیار کرنے کا باعث بنا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ کسان کو تلخ تجربے کے بعد آخر کار یہ محسوس ہوگا کہ دوری فصلوں کے ایک باقاعدہ نظام پر عمل کرنا ضروری ہے، لیکن پروپگنڈا کے ذریعے سے بھی اس سمت میں ایک حد تک مفید کام کیا جا سکتا ہے۔ بعض علاقوں میں حال حال میں ایک خوش آیند تبدیلی یہ رونما ہوئی ہے کہ دوری فصل کی تجویز میں فصل ربیع پر مونگ پھلی کی کاشت کو شریک کیا گیا ہے اور اس خاص فصل کی اس نوعیت کی بنا پر کہ اس سے فوری نفع ہوتا ہے اس تجویز کو بروئے کار لانے میں سہولت پیدا ہو رہی ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ دوری فصلوں کے باقاعدہ نظام میں چارے کی فصلوں کو جگہ دینے کے امکانات کی مناسب تحقیق کی جائے خاصکر اس لیے 256
کہ موجودہ زمانے میں مویشیوں کو کافی مقدار میں خوراک مہیا کرنے کا مسئلہ نہایت اہم بن گیا ہے۔

۱۰۔ کھاد۔[1] کھاد اور زرخیزی بڑھانے والی چیزوں کا استعمال زمین کی پیداوار میں اضافہ کرنے والا ایک اہم عامل ہے خاصکر اس واقعے کے مدنظر کہ زمین پر آبادی کے بڑھتے ہوئے دباؤ اور زرعی پیداوار کی عالمی قیمتوں کی کمی کی بنا پر یہ بہت ضروری ہو گیا ہے کہ کاشت کے طریقوں کو زیادہ موثر بنایا جائے۔ لیکن اگر زمین کو کھاد کی ناکافی مقدار ملتی ہے تو اس میں ہمیشہ کسان ہی کی غلطی نہیں ہوتی۔ ممکن ہے کہ آبپاشی کی سہولتیں موجود نہ ہوں چنانچہ خشک حصوں میں زیادہ مقدار میں کھاد دینے سے فائدے کی بجائے نقصان کا زیادہ احتمال ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں عام طور پر یہ بھی ممکن ہے کہ مطلوبہ کھاد بہت کمیاب ہو اور اس کا حاصل کرنا مشکل ہو یا اوسط درجے کے کسان کے ذرائع آمدنی محدود ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ پیش خرچ ہو۔

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ ۹۰ تا ۹۵؛ نیز دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "تبصرہ بر زرعی کاروبار ہندوستان ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء صفحہ ۱۹۱ تا صفحہ ۱۹۳ اور صفحہ ۲۰۷؛ ہندوستان ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء صفحہ ۴ و ۹۔

باب ۵ لیکن زمین کو مناسب کھاد دینے اور کھاد کو مناسب طریقے پر محفوظ رکھنے کے مسئلے سے بحیثیت مجموعی اس ملک میں سراسر بے اعتنائی برتی جاتی ہے۔ ہندوستان کے لوگ متعدد نقصان رساں طریقوں کے خوگر ہو گئے ہیں چنانچہ ان ہی میں سے ایک یہ ہے کہ گائے کے گوبر کو ایندھن کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس طریقے کو روکنا چاہئے اور کھیتوں کے کھاد کو ایندھن کے طور پر استعمال کرنے کے بجائے زیادہ مناسب یہ ہوگا کہ ایندھن کی متبادل شکلیں مہیا کی جائیں[1] اس غرض سے دیہات کے قرب وجوار کے افتادہ علاقوں میں ایندھن کے درخت لگانے چاہئیں اور محکمہ جنگلات اور مقامی جماعتوں کے ذریعے سے ایندھن کے محفوظ ذخائر دیہات سے امکانی طور پر قریب قائم کرنے چاہئیں۔ نیز یہ بھی ضروری ہے کہ ایندھن کی رسد میں اضافہ کرنے کی غرض سے جنگلات کی حفاظت کرنے اور نئے درخت لگانے نیز ایندھن کی نقل وحمل کے لیے ریل کا کرایہ ارزاں کرنے کے امکانات کو پوری طرح جانچا جائے۔ مویشیوں کا پیشاب عام طور پر ضایع کر دیا جاتا ہے اور انسانی فضلے کو کھاد کے طور پر استعمال کرنے کے بارے میں اب بھی بہت کچھ بے پروائی برتی جاتی ہے، اگرچہ اس میں بتدریج کمی ہو رہی ہے۔ ہندوستانی کسان کو چینی اور جاپانی کسان سے مرکب کھاد کی تیاری کے بارے میں ابھی بہت کچھ سیکھنا ہے چین میں ہر قسم کا نامیاتی فضلہ انجام کار زمین ہی کو کھاد کے طور پر مل جاتا ہے۔

مسٹر برین نے ضلع گڑگاؤں پنجاب کے دیہاتیوں کو گاؤں کا تمام کوڑا کرکٹ ڈالنے کی غرض سے گڑھے کھودنے پر آمادہ کیا تاکہ اس سے صفائی اور کھاد کے تحفظ کا دوہرا مقصد پورا ہو۔ چنانچہ چند ہی سال کی مدت میں چالیس ہزار سے زیادہ گڑھے کھد کر تیار ہو گئے اور ہر گڑھا ۶ فٹ گہرا اور ۱۰ یا ۱۲ فٹ چوڑا تھا۔

257 مسٹر برین نے دیہاتیوں کو اس بات کی بھی ترغیب دی کہ مرد اور عورتیں رفع حاجت

---

[1] گائے کے گوبر کو ایندھن کے طور پر استعمال کرنے کا سبب ہمیشہ یہ نہیں ہے کہ کسی دوسری قسم کا ایندھن دستیاب نہیں ہوتا۔ بلکہ عام طور پر محض غفلت و بے پروائی یا تعصب کی بنا پر ایسا کیا جاتا ہے۔ چنانچہ پنجاب میں یہ خیال بظاہر عام طور پر پھیلا ہوا ہے کہ اوپلوں کے بغیر گھی نہیں بن سکتا۔ دیکھو برین کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۶۔

باب

کے لیے گڑھوں کو استعمال کریں جن کے اطراف تخلیے کے لیے جھاڑیاں لگائی جائیں اور سہولت کی خاطر اوپر تختے بچھا دیے جائیں۔ اس طرح ان گڑھوں کی بدولت دیہات بھی پاک صاف رہیں گے اور عمدہ فصلیں بھی تیار کرنے میں مدد ملے گی۔ انسانی فضلے اور ہر قسم کے کوڑے کرکٹ اور گندگی کو زرعی اغراض میں پوری طرح استعمال کرنے کے معنی یہ ہوں گے کہ آجکل مختلف شہروں اور قصبات میں جو بدرو موجود ہیں جن کے ذریعے سے اس قسم کے کھاد کا مواد سمندر یا دریا کے پانی میں بہا دیا جاتا ہے ان کا رخ بدلنا پڑے گا۔ خشک سفوف فضلہ و براز کی سب سے کم گریہ شکل ہے جو کسان کو مہیا کی جا سکتی ہے اور اس سلسلے میں ناسک میں جو طریقے اختیار کیے گئے ہیں وہ دوسرے مقاموں کے بلدیوں کے لیے لائق تقلید و تحقیق ہیں۔ دالوں کی دوری فصلیں بونے سے یہ فائدہ ہے کہ زمین کو نائٹروجن مل جاتی ہے چنانچہ ہندوستانی کسان ان فصلوں کی اہمیت کو ہمیشہ سے تسلیم کرتا آیا ہے۔ لیکن محکمہ جات زراعت کو چاہیئے کہ وہ زمین کی زرخیزی بڑھانے کے لیے دالوں کی فصلیں بونے کے بہترین طریقوں کی تحقیق کریں۔


سن جنبش وغیرہ بو کر کھاد مہیا کرنے کا طریقہ صرف ترقی یافتہ علاقوں میں رائج ہے۔ چھوٹے کسان سن جنبش وغیرہ بونے کی اس وجہ سے مخالفت کرتے ہیں کہ یہ فصلیں زمین میں ضعف پیدا کر دیتی ہیں اور دوسری منفعت بخش فصل حاصل کرنا ان کے لیے ناممکن ہو جاتا ہے۔ چھوٹے کسان کے نقطۂ نظر سے نباتی کھاد مہیا کرنے کی معاشی تجویز کو بروئے عمل لانے کی ضرورت ہے۔ مونگ پھلی جیسی فصلیں، فصل کی تجارتی قدر و قیمت کو کم کیے بغیر نباتی کھاد مہیا کر سکتی ہیں لہٰذا ایسی فصلوں کو بونے کا امکان بھی لائق غور و خوض ہے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ تجربے کا ایک نظام العمل اس غرض سے مرتب کیا جائے کہ صحت کے ساتھ یہ بات معلوم ہو سکے کہ زرخیزی بڑھانے والی چیزوں کو منفعت بخش طریقے پر کس حد تک استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بحالت موجودہ محکمہ جات زراعت اس قابل نہیں ہیں کہ کسانوں کو زرخیزی بڑھانے والی چیزیں کفایت شعاری کے ساتھ استعمال کرنے کے بارے میں کوئی علمی مشورہ دیں۔ اس لحاظ سے یہ امر طمانیت بخش ہے کہ امپیریل کونسل آف اگریکلچرل ریسرچ نے ایک کھاد کمیٹی ۱۹۳۰ء میں ترتیب دی تاکہ دیسی کھاد کے ذرائع کے تحفظ و بقا

باب

اور مقویات کے استعمال کے متعلق مسائل کی تحقیقات کی جائے۔ مقویات کی تحقیق کے بارے میں ایک نظام العمل تیار کیا جائے۔ یہ ہونے کے لیے کچھ رقم منظور کی گئی ہے تاکہ مختلف صوبوں میں کھاد کے تجربوں کے متعلق مواد جمع کیا جائے اور ایک کا دوسرے سے مقابلہ کیا جائے۔ ممکن ہے کہ یہ کارروائی مستقبل میں مفید ثابت ہو لیکن ہمیں اور دوسرے ذرائع ابیاشی کے تحت رقبوں میں امونیم سلفیٹ بڑھا اتحوان چلی کا کھاد اور کھلی بتدریج روز افزوں استعمال کی جا رہی ہے اور یہ سب کچھ محکمہ زراعت کے پروپیگنڈا کی مدولت ہو رہا ہے۔ ہندوستان کے کل درآمد میں مصنوعی کھاد کی مانگ کس حد تک بڑھ رہی ہے اس کا ثبوت درآمد کی مقدار کے اضافے سے ملتا ہے۔ چنانچہ ۱۹۲۵ء تا ۱۹۲۶ء میں مقدار ۹۰۰ء۲۱ ٹن تھی ۱۹۲۶ء تا ۱۹۳۰ء میں بڑھ کر ۹۰۰ء۴۳ ٹن ہوگئی۔ ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۲ء میں تجارتی کساد بازاری کے باعث درآمد میں جو کمی ہوگئی تھی وہ پھر بڑھنے کی جانب مائل ہے چنانچہ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء 258
میں درآمدہ مقدار ۶۶۰۰۰ ٹن تھی۔

کاشت کا ساز و سامان

مسٹر کیننگ نے مندرجہ ذیل تبویب پیش کی ہے جس سے ان مختلف قسم کے آلات کشاورزی کی ایک جامع کیفیت بہ یک نظر معلوم ہو جاتی ہے جو کسانوں کے پاس ہونے چاہئیں۔



۱؎ کمیٹی نے کل صوبوں میں کھاد کے سابقہ تجربوں کی جانچ کے نتائج پر غور کیا اور ایک مفید و مختصر گوشوارہ شائع کیا۔

مسٹر کیننگ یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ "اگر کسی شخص کے کاروبار کو تحکم بنیاد پر قائم کرنا ہو اور زمین سے بیشترین منافع حاصل کرنا ہو تو مصرحۂ بالا اصل کی ہر شکل کسی نہ کسی صورت سے مہیا کرنی چاہیئے۔ چنانچہ اصل کی ہر شکل کو مناسب طریقے سے سمجھنے ہی سے حسابات صحیح رکھے جا سکتے ہیں اور نفع و نقصان کا اصلی ذریعہ متعین کیا جا سکتا ہے"[1]

۱۱۔ آلات کشاورزی[2] ہندوستانی کسان اب بھی بڑی حد تک اپنے قدیم اور سادہ آلات کشاورزی کو استعمال کرتا ہے جو ارزاں، ہلکے اور قابل نقل و حمل ہوتے اور بآسانی تیار ہو سکتے ہیں جن کی بآسانی مرمت کی جا سکتی ہے اور جن کو باربرداری کے بیل بآسانی کھینچ سکتے ہیں۔ لیکن ظاہر ہے کہ پیداوری کو بڑھانے کا دارومدار ترقی یافتہ آلات کے استعمال پر ہے۔ آہنی ہل، خشکر کھلنے والے آلات، چھوٹی آب کش کلیں اور آب بردار کسی حد تک رواج پا گئے ہیں لیکن اس سمت میں ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ دوسرے ترقی یافتہ آلات بھی تقسیم کیے گئے ہیں جن میں ہینگا، کدال، آلات تخم ریزی اور کاہ تراش شامل ہیں۔ امریکہ میں یہ طریقہ رائج ہے کہ وہاں کشاورزی کی کلیں وسیع پیمانے پر استعمال کی جاتی ہیں لیکن ایک ایسے ملک میں جہاں چھوٹے چھوٹے زمیندار ہوں ان کا استعمال موزوں نہیں۔ لیکن اس قسم کی مجبوری پر امداد باہمی کے طریق پر اور مشترکہ طور سے کاشت کر کے ایک حد تک غلبہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ یہ معلوم کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ گجرات اور دوسرے مقامات کے کسان ٹریکٹر بڑی تعداد میں استعمال کر رہے ہیں۔ ان میں سے اکثر کلیں مخمنوں کی 259
خرید کردہ ہیں جو انھیں کرایہ پر چلاتے ہیں گو بعض بڑے بڑے زمینداروں نے اپنی ذاتی کلیں خرید کر لی ہیں۔ شمالی سندھ، بہار و اڑیسہ اور صوبۂ متوسط کے شمالی حصے میں بعض بڑے زمیندار ٹریکٹروں کے استعمال میں بہت دلچسپی ظاہر کر رہے ہیں اور اگر مظاہرے جاری رکھے جائیں اور معتبر مواد حاصل کیا جائے تو اس کا قرینہ ہے کہ اس کے نتیجے کے طور پر مستقبل قریب میں ٹریکٹروں کی طلب بڑھ جائے اس لیے کہ

---

[1] دیکھو ان کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۳۰۱ تا صفحہ ۳۰۴۔

[2] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، پیراگراف (۱۰۷) تا (۱۱۰)

باب

ان کی مدد سے کھیت کی گہری اور مکمل جتائی ممکن ہوتی ہے جو معمولی طریقے پر بیلوں کے ذریعے سے ممکن نہیں، اور وقت کی بھی بڑی مدت تک بچت ہوتی ہے[1]۔ جن آلات کشاورزی کو دستی قوت اور مویشیوں کے ذریعے سے چلایا جاتا ہے ان کی اصلاح و ترقی کے لیے بھی بہت گنجایش موجود ہے۔ کسانوں کی بڑی تعداد کو اس بات کی ترغیب دینے کے لیے کہ وہ سب مل کر ایک ساتھ ترقی یافتہ آلات کشاورزی استعمال کریں پرزور پروپگنڈا کی ضرورت ہے؛ اس لیے کہ انفرادی طور پر کسان ان کو اختیار کرنے میں جن مشکلات کی بنا پر ہچکچاتا ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس کو اس بات کا خوف ہے کہ اس کی ہنسی اڑائی جائے گی اور اس کو پگلا خیال کیا جائے گا۔ ترقی یافتہ آلات کے استعمال و رواج کو عام بنانے کا کام واضح طور پر محکمہ جات زراعت، زرعی انجمنوں اور انجمن ہائے امداد باہمی کے دائرۂ عمل میں آتا ہے اور یہ مناسب ہے کہ یہ سب ایجنسیاں باہم متحد ہو جائیں اور یکجہتی کے ساتھ کام کریں۔ محکمہ جات زراعت کو چاہیئے کہ ترقی یافتہ آلات کے چوبی اجزا کو بڑے پیمانے پر اور کثیر تعداد میں تیار کر کے ان آلات کو ارزاں بنانے کے مسئلے پر خاص توجہ دیں۔ مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ جدید وضع کے آلات کو رائج کرنے کے بجائے موجودہ قسم کے آلات کی اصلاح و ترمیم کی جائے۔ ممکن ہے کہ مختلف وضع کے آلات بنانے کی وجہ سے کسان پراگندہ ہو جائے اور محکمۂ زراعت کی پاسی کو بدگمانی کی نظر سے دیکھنے لگے۔ ریلوے حکام کو یہ ترغیب دینی چاہیئے کہ وہ زرعی آلات اور کلوں کی نقل و حمل کی رعایتی شرحیں مقرر کرنے کے مسئلے پر انتہائی ہمدردانہ طریقے پر غور و خوض کریں۔ محکمۂ زراعت نے جو مفید تدابیر اختیار کی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ زرعی انجینیروں کا تقرر کیا گیا ہے، تاکہ وہ کسانوں کو مشورہ دیں اور کلوں کے نصب کرنے اور آبپاشی وغیرہ کا انتظام کریں۔ مغرب میں جو جدید وضع کے آلات استعمال کیے جاتے ہیں ان کے مقابلے میں زیادہ ارزاں اور زیادہ سہولت سے چلنے والے

---

[1] دیکھو ناظم زراعت احاطۂ بمبئی کی سالانہ رپورٹ برائے سنہ ۱۹۲۶ء تا سنہ ۱۹۲۷ء اور ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستان در سنہ ۱۹۳۰ تا سنہ ۱۹۳۱" صفحہ ۱۹۵۔

باب

آلات تیار کرنے کے مسئلے پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ نئے آلات سے پوری طرح کام لیے جانے کو یقینی بنانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ ملک ہی میں تیار کیے جائیں، پرزے اور اجزا علیحدہ مہیا کرنے کا پورا انتظام کیا جائے اور مرمت کے لیے سہولت بہم پہنچائی جائے۔ زرعی تحقیق یہ رائے ظاہر کرتا ہے کہ اگر لوہے اور فولاد کی درآمد پر تا حینی محصول عائد کرنے سے ہندوستانی صناع بری طرح متاثر ہو تو ایسے لوہے اور فولاد پر جو زرعی طول اور آلات کی تیاری کے لیے درآمد کیا جائے محصول کی شرح میں کچھ رعایت اور کمی کرنا مناسب ہوگا۔ اکتوبر ۱۹۲۶ء میں بمقام پونا احاطۂ بمبئی کی بہت بڑی زرعی نمائش منعقد ہوئی، جس میں لاکھوں روپیہ کی زرعی کلیں بغرض مظاہرہ رکھی گئی تھیں۔ گو ان میں سے اکثر بیرونی ساخت کی تھیں لیکن اگر خاص طور پر کوشش کی جائے جن میں ملکی صنعتی کمپنیوں کی سرکاری طور پر مالی امداد بھی شامل ہو تو یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ بیرونی رسد پر ہمارا موجودہ انحصار بہت بڑی حد تک کم ہو جائے گا یا بالکل باقی نہ رہے گا۔ 200

۱۲۔ مویشی اور جانور ہندوستانی کسان کی ملکیت میں جو جانور رہتے ہیں ان میں سب سے اہم جز و مویشی ہیں۔ "اگر یہ نہ ہوں تو کھیت بن چنے رہ جائیں گے گوبر اور ذخائر خالی رہیں گے، اور کھانے پینے کی چیزوں میں آدھا حصہ بھی باقی نہ رہے گا، اس لیے کہ نباتات پر زندگی بسر کرنے والے ملک میں اس سے بڑھ کر کیا خرابی ہو سکتی ہے کہ دودھ، مکھن، گھی میسر نہ آئے۔"[1] ہندوستان میں مویشی ہی ساری حرکی قوت مہیا کرتے ہیں جس سے ہل جوتنے اور آب کش کے ذریعے سے آبپاشی کرنے میں مدد ملتی ہے۔ جو کھاد عام طور پر استعمال کیا جاتا ہے اس کا بھی اساسی منبع وہی ہیں۔ علاوہ ازیں ہندوستان میں زراعت کی واحد ذیلی صنعت بیل گاڑی کا کرایہ پر چلانا ہے، اور بار برداری کے لیے بھی طاقتور اور صحت ور مویشی ضروری ہیں۔ مویشیوں کی اصلاح و ترقی دودھ، مکھن وغیرہ کے بخوبی منظم کاروبار کی ترقی میں بھی بہت اہم حصہ رکھتی ہے جس کے

---

[1] دیکھو ایم ایل ڈارلنگ کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۳۱۔

باب متعلق عام طور پر کہا جاتا ہے کہ وہ ہندوستان میں زراعت کا ذیلی پیشہ ہونے کی حیثیت سے عظیم امکانات پیش کرتا ہے۔ آخر میں یہ کہ نباتات استعمال کرنے والے ملک میں دودھ کی وافر رسد کی ضرورت ظاہر ہے؛ اس لیے کہ دودھ ہی باشندوں کو ایسی خوراک مہیا کرنے کا واحد آسان ذریعہ ہے جس میں کافی غذائیت ہوتی ہے اور جو صحت و طاقت کے لیے ازحد مفید ہے۔ باوجود اس کے کہ ہندوستان میں صحت ور مویشیوں کا کافی تعداد میں موجود ہونا نہایت اہمیت رکھتا ہے، حالات ابھی تک بہت ہی ناقابل اطمینان ہیں[1]۔ ملک میں مویشیوں کی تعداد تو بہت زیادہ ہے لیکن ان کی حالت اس درجے ناقص و ناگفتہ بہ ہے اور انھیں عام طور پر اس قدر خراب غذا ملتی ہے کہ عمدہ مویشیوں کا سخت کال ہے۔ چنانچہ ہر ۱۰۰ ایکڑ خالص مزروعہ رقبے کے حساب سے ۶۷ مویشی ہیں۔ قابل زراعت زمین کی نوعیت چاہی آبپاشی کی وسعت، جھاڑی جنگل، دیہی آبادی اور کھیتوں کے رقبے وغیرہ کا لحاظ کرنے کے بعد بھی مختلف صوبوں میں مویشیوں کی تقسیم نمایاں طور پر بے قاعدہ ہے۔ زرعی کمیشن عام اوسط کا لحاظ کرتے ہوئے یہ حجت کرتا ہے کہ خواہ ہندوستانی مویشیوں میں دوسرے اعتبارات سے کتنے ہی اسقام موجود ہوں، پھر بھی ان کی تعداد کم نہیں ہے۔ گو ہالینڈ اپنے رقبے کے اعتبار سے مویشیوں کی سب سے بڑی تعداد 261
رکھتا ہے؛ پھر بھی اس کے ہر ۱۰۰ ایکڑ مزروعہ رقبے میں اوسطاً صرف ۳۸ مویشی ہیں۔ اسی طرح مصر میں جن عام حالات کے تحت کھیتی باڑی کی جاتی ہے وہ ہالینڈ سے زیادہ ہندوستان کے بعض علاقوں کے حالات کے مشابہ پائے جاتے ہیں اور ہر ۱۰۰ ایکڑ

---

[1] برطانوی ہند میں پہلی پنج سالہ عام بہائم شماری ۱۹۱۹ء تا ۱۹۲۰ء میں اور دوسری ۱۹۲۴ء تا ۱۹۲۵ء میں کی گئی۔ ۱۹۲۶ء تا ۱۹۳۰ء کے اعداد سے ظاہر ہوتا ہے کہ برطانوی ہند میں زراعتی جانوروں کی مجموعی تعداد ۲۱۸٬۶۰٬۰۰۰ ہے جس کے منجملہ بیل اور بھینسوں کی کل تعداد ۱۵۱٬۳۳۹٬۰۰۰ ہے۔ بھیڑ بکروں کی تعداد ۶۱٬۹۴۴٬۰۰۰ اور باقی جانوروں کی تعداد جس میں گھوڑے، سوئچر، گدھے اور اونٹ شامل ہیں ۳٬۰۰۰٬۰۰۰ ہے۔ ان حیوانات میں سے بڑی تعداد معاشی حیثیت سے ضرورت سے زائد ہے۔ دیکھو ایسٹ انڈیا سٹیٹسٹیکل ڈیپارٹمنٹ رپورٹ "بہائم شماری سوم ۱۹۳۰ء" اور "ہندوستان ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء" میں صفحہ ۱۶۸۔

باب

مزروعہ زمین پر اوسطاً ۲۵ مویشی ہیں[1]۔

زرعی کمیشن یہ خیال ظاہر کرتا ہے کہ ہندوستان کی بہائم شماری خرابیوں کا ایک چکر ہے۔ کسی ضلع کے مویشیوں کی تعداد کا انحصار بیلوں کی طلب پر ہے۔ عمدہ مویشیوں کی پرورش کے حالات جتنے خراب ہوں گے اتنا ہی زیادہ میلان اس کا ہوگا کہ ان کی تعداد زیادہ ہو۔ گائیں کم بارآور ہوتی ہیں، بچھڑے جسمانی اعتبار سے کمزور دلاغر ہوتے ہیں اور ان سے کسانوں کی ضرورت پوری نہیں ہوتی، اس لیے کسان کارآمد بیل حاصل کرنے کی کوشش میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں مویشیوں کی پرورش کرتے ہیں۔ جوں جوں ان کی تعداد بڑھتی ہے یا مزروعہ رقبہ عمدہ چراگاہوں میں پھیلتا اور بڑھتا جاتا ہے، چارے کی موجودہ رسد پر دباؤ بڑھتا جاتا ہے اور اس کے باعث گایوں کی بارآوری اور بھی کم ہوتی جاتی ہے۔ غرض یہاں تک نوبت پہنچ جاتی ہے کہ کھیتی باڑی میں کام لینے کے لیے دوسرے صوبوں سے بیل یا بھینسے لائے جاتے ہیں، چنانچہ بنگال میں یہی ہوتا ہے[2]۔

۱۳۔ چارہ کی رسد کا مسئلہ۔

ہندوستان کے مویشیوں سے نہ صرف کام زیادہ لیا جاتا ہے بلکہ خوراک بھی کم اور خراب دی جاتی ہے۔ یورپ میں رسم و رواج اور روایات نے مویشیوں کے مالک پر ان کی خوراک کے انتظام کی ذمہ داری عائد کی ہے۔ لیکن ہندوستان میں معاملہ اس کے برعکس ہے، چنانچہ کسان اپنے جانوروں کو اچھی حالت میں رکھنے کی کوئی خاص کوشش شاذ ہی کرتا ہے، اس کام میں یوں ہی کیا کم مشکلات ہیں، لیکن چارے کے قحط اور میعادی خشک سالیاں بھی ان میں کافی اضافہ کر دیتی ہیں۔ ہندوستان کے بیشتر حصے میں دسمبر سے جولائی تک چارے کی کمی ہوتی ہے۔ مویشیوں کی حالت مارچ اور جون کے درمیان خاص طور پر افسوسناک ہوتی ہے جبکہ وہ بے آب و گیاہ میدانوں میں چارے کو ترستے گھومتے پھرتے ہیں اور بارش شروع ہونے تک ان میں

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، پیراگراف (۱۸۸)

[2] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ نقرہ ۱۶۸۔

باب ۵

سے اکثر سوکھ کر بڑی چھڑا ہو جاتے ہیں۔ ادھر مینہ برسنا شروع ہوا اور نئی گھاس نمودار ہوئی اور ادھر وہ اس پر ٹوٹ پڑتے ہیں اور اس کے نتیجے کے طور پر مختلف امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں[1]۔ بقول کیٹنگ اہل ہند کے لیے کسی دوسری چیز کا سیکھنا اس قدر اہمیت نہیں رکھتا جتنا کہ چارے کی فصلوں کا بونا، کٹائی کے بعد اس کو سلیقے کے ساتھ جوڑ کر رکھنا اور بکفایت استعمال کرنا[2]۔ خوراک کے مسئلے سے زیادہ اہم چارے کی کافی مقدار مہیا کرنے کا مسئلہ ہے، اس لیے کہ چارہ جسامت میں زیادہ اور قیمت میں کم ہونے کی وجہ سے ایک مقام سے دوسرے مقام کو بہ آسانی منتقل نہیں ہو سکتا۔ چونکہ کاشت کا رقبہ بہت وسیع ہو گیا ہے اس لیے قدیم زمانے کی سی وسیع چراگاہیں مفقود ہو گئی ہیں اور ان کے دوبارہ وجود میں آنے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ یہ تو ممکن نہیں ہے کہ موجودہ گھاس کے رقبوں میں کوئی قابل لحاظ اضافہ کیا جائے۔ البتہ یہ ہو سکتا ہے موجودہ رقبوں کی پیداوری کو بڑھایا جائے۔ اگر چارہ اور چرائی کی سہولتیں مہیا کرنے کے بارے میں جنگلات کا انتظام زیادہ ہمدردانہ طریق پر کیا جائے تو اس سے صورت حال کی ایک حد تک اصلاح ہو جائے گی۔ قلت کے زمانے میں چارے کی جنگلات سے بہم رسانی کے امکانات کو غور و احتیاط کے ساتھ جانچنا چاہیے اور چرائی پر گھاس کی کٹائی کو ترجیح دینی چاہیے[3]۔ گاؤں کی مشترکہ چراگاہ کا رقبہ بہت چھوٹا ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں دیہاتیوں کی غفلت و بے پروائی کی وجہ سے وہ اتنا کارآمد نہیں رہتا جتنا کہ اس کو رکھا جا سکتا ہے۔ اس لیے کہ اس میں عام طور پر خاردار پودوں، بے کار درختوں اور ہر قسم کی جھاڑیوں کی بھرمار ہوتی ہے۔ اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ لوگ مصری پیتا گھاس اور دوسری چارے کی فصلیں بونے اور چراگاہیں سلیقے سے رکھنے کا ڈھنگ سیکھیں۔

---

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستانی دیہات" (Rural India) شایع کردہ ایرپائی ۱۹۲۷ء صفحہ ۱۸۱

[2] دیکھو کیٹنگ کی تصنیف محولہ بالا صفحہ ۱۲۳۔

[3] زرعی کمیشن یہ سفارش کرتا ہے کہ جہاں چرائی کی اجازت ہے وہاں بعض عمدہ نسل کے جانوروں ہی کے چرانے کے لیے مناسب انتظام کرنا چاہیے (دیکھو رپورٹ۔ فقرہ ۲۱۸)

باب

خشک چارہ کٹائی کے بعد جوڑ کر رکھنا یا تر گھاس گڑھے یا کھائی میں محفوظ رکھنا ایسا کام ہے جس پر بہت ہوشیاری کے ساتھ توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔ چارے کو ضایع ہونے سے بچانے کے لیے ہر ممکنہ کوشش کرنی چاہیئے اور اس غرض کے لیے مناسب قسم کی چارہ کٹ کلیں استعمال کرنی چاہئیں[1] تھان پر چارہ دینے کے طریقے کو زیادہ وسیع پیمانے پر رائج کرنا چاہیئے۔ حکومت انعام کا لالچ دلا کر اور مالگزاری اور زائد قسطیں معاف کر کے ان سب طریقوں پر عمل کرنے اور مویشی اور چارے کو عمدہ حالت میں رکھنے کی حوصلہ افزائی کر سکتی ہے۔ چارے کی رسد کو کفایت کے ساتھ استعمال کرنے کے معنی یہ ہیں کہ ناکارہ مویشیوں کی تعداد میں کمی کی جائے۔ یہاں حالت یہ ہے کہ از کار رفتہ اور لاغر بیل اور بوڑھی اور ناکارہ گائیں نیم فاقہ زدہ حالت میں رکھی جاتی ہیں۔ اس کے برخلاف مغربی ممالک میں ایسے جانوروں کو فوراً ذبح کر کے بطور غذا استعمال کیا جاتا ہے۔ ہندوستان میں گائے بیل کے گوشت کی مانگ مقابلۃً کم ہے اور ناکارہ مویشی کا ذبح کرنا ایسا فعل ہے جس سے کسان اور عوام کے بیشتر حصے کے جذبات بھڑک اٹھتے ہیں۔ کسان بیل کو ذبح تو نہیں کرتا لیکن اس کو بھوکا مارنے میں کوئی قباحت نہیں سمجھتا۔ اس کی حالت بعینہٖ اس فقرے کا مصداق ہوتی ہے کہ "تو اس کی جان تو نہ لے لیکن اس کو زندہ رکھنے کی خواہ مخواہ سعی بھی نہ کر"۔ بیلوں کو ناگفتہ بہ حالت میں بے فائدہ زندہ رکھنے سے تو بدرجہا زیادہ بہتر یہ ہوگا کہ وہ خود اپنے پر اور ان پر رحم کر کے اس معاملے میں مغربی کسان کی طرح زیادہ کاروباری نقطۂ نظر سے عمل کرے۔ لیکن اس کے خلاف جو تعصبات ہیں وہ اس قدر گہرے ہیں کہ اس سمت میں کوئی اصلاح کرنے کے لیے ہمیں مدت دراز تک توقف و انتظار کرنا پڑے گا۔ چارے کی موجودہ رسد پر جو بار پڑ رہا ہے اس کو کم کرنے کا ایک اور طریقہ یہ ہے کہ دوسرے مقصد سے مویشیوں کی نسل کی

---

[1] ۔ یہ معلوم کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ پنجابی کسان یہ سمجھنے لگا ہے کہ چارہ کٹ کل استعمال کرنے سے چارے میں کفایت ہوتی ہے چنانچہ یہاں ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں کم از کم ۲۵۰، ۱۴ کلیں خریدی گئیں۔ (دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستان ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں" صفحہ ۱۹۴۔

باب ۹

پرورش کی جائے تاکہ اس وقت جو بھینسیں حاملہ ہوں وہ دودھ کی فراہمی کا ذریعہ بن سکیں[1]۔

233

۱۴۔ افزائش نسل مویشی۔ پیشہ ور طریق پر مویشیوں کی پرورش کرنے والے گزشتہ زمانے میں عام تھے لیکن آج کل زراعت کی ترقی کے نتیجے کے طور پر وہ چرائی کا کام ترک کر رہے ہیں اور مویشی کی پرورش موجودہ زمانے میں کاشتکاری کے لازمی جزو کے بجائے اس کا ایک ضمنی واتفاقی واقعہ خیال کی جاتی ہے۔ دوسری طرف رعیت کے معمولی مویشی جن حالات میں پرورش پاتے ہیں ان کی بنا پر نسل میں بگاڑ پیدا ہونا لازمی ہے اور اس بگاڑ کے میلان کو زائل کرنے کے لیے اس بات کی ضرورت ہے کہ عمدہ قسم کے بیل مستقل طور پر کثیر تعداد میں فراہم کیے جائیں۔ نسل کی اصلاح وترقی کی غرض سے یہ ضروری ہے کہ خراب بیلوں کو جبری طریق پر بدھیا کر کے ان کی نسل مٹا دی جائے۔ چنانچہ محکمۂ علاج حیوانات نے کچھ زمانہ ادھر سے اس اہم کام کو ایسے طریقوں سے انجام دینا شروع کیا ہے جو عوام کے مذہبی احساسات کے لحاظ سے ناقابل اعتراض ہیں۔ منتخب نسلوں کی پرورش اور دوغلے یا دونسلی جانور پیدا کرنے کے لیے ان کو احاطے میں رکھنا ضروری ہے۔ دکن میں عام طور پر اڈھے اور پوتے پائے جاتے ہیں جن کے مقابلے میں گجرات کے بیل بڑھیا اور الگ ہوتے ہیں۔ چنانچہ اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ گجرات میں احاطہ بندی کا عام رواج ہے۔ انجمن ہائے امداد باہمی برائے افزائش نسل جانوران کا بعض مقامات میں افتتاح ہوا ہے لیکن بعض مستند اشخاص یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ اس قسم کا کام انفرادی توجہ چاہتا ہے اور امداد باہمی کے طریق کا استعمال اس کے لیے کارگر نہیں ہو سکتا۔ مرکزی اور صوبہ داری محکمہ جات زراعت مویشیوں کی پرورش کے مسئلے پر اس خیال سے بہت کچھ توجہ دے رہے ہیں کہ نسل وجل اور دودھ دونوں اعتباروں سے اعلیٰ درجے کے پیداآور مویشی پیدا ہوں۔ مویشیوں کی نسلوں کی

[1] لیکن زرعی کمیشن متنبہ کرتا ہے کہ جب ہندوستانی حالات میں ایک ہی مقصد سے مویشیوں کی پرورش کا کام وقت طلب ہے تو دوہرا مقصد پورا کرنے والی نسلوں کی تیاری کی کوشش سے اس میں مزید خطرہ پیدا نہ کرنا چاہیے؛ (دیکھو رپورٹ پیراگراف ۱۹۰)۔

باب

اصلاح و ترقی کا کام مرکزی دھوبہ داری یہائی پرورش گاہوں میں انجام دیا جارہا ہے جس کی غرض و غایت یہ ہے کہ بہتر خوراک دے کر اور منتخب طریقے پر داشت کر کے نیز یورپی ذات کے نروں کا دیسی نسل کی مادائوں سے میل کر کے اور دوغلی نسل پیدا کر کے مویشیوں کی دودھ کی پیداوار کی اصلاح کی جائے[1]۔ چنانچہ ان طریقوں کی بدولت بتمام پوسا اصیل "سہیوال" کا گلہ بہت بڑھ گیا ہے اور توقع کی جاتی ہے کہ جو تجربے عمل میں لائے جارہے ہیں ان کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ایک بخوبی متعین "سہیوال آئرشائر" نسل رونما ہوگی جو ہندوستانی حالات کے مقابلے کے لیے کافی قوی اور جفاکش ہوگی۔ اس معاملے میں بڑے زمینداروں کی سرد مہری اور بے پروائی ترقی کی راہ میں روڑا اٹکا رہی ہے۔ لہٰذا اعلیٰ عہدہ داروں کو جو ان زمینداروں پر اثر ڈال سکتے ہیں چاہئے کہ اس مزاحمت کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ زمینداروں کے لڑکوں کو سائنس کی اعلیٰ اور عملی تعلیم دینے سے بھی زمیندار جماعت کی معاشیات دیہی سے بے پروائی اور بے توجہی میں لازمی طور پر کمی ہو جائے گی۔ علیٰ ہذا یہ بات روسار کے اقتدار میں ہے کہ وہ زرعی اصلاح کی تحریک کو آگے بڑھائیں اور عملی زراعت میں ان کی دلچسپی کو زیادہ کرنے کے لیے تمام جائز تدابیر اختیار کرنے چاہئیں۔

264 **۱۵۔ محکمۂ علاج حیوانات**

مویشیوں میں امراض کے باعث براہ راست اور بالواسطہ اتلاف و نقصان بکثرت ہوتا ہے۔ چنانچہ مویشیوں کا نقصان بہ شکل موت دیہی قرض داری کا ایک اہم سبب ہے، اور غالباً اس سے بھی زیادہ تشویشناک معاملہ یہ ہے کہ مویشی مرض سے جانبر ہونے کے بعد لاغر و کمزور ہو جاتا ہے۔ حیات حیوانی کی ناپائیداری بھی کسان کو مویشیوں کا محفوظ ذخیرہ رکھنے پر مجبور کرتی ہے جسے وہ مناسب طریقے پر خوراک نہیں دے سکتا اور اس طرح اچھی حالت میں رکھنے سے تغافل برتتا اور کوتاہی کرتا ہے۔ چنانچہ مویشیوں کی پرورش کے کام سے بڑے زمینداروں کی بے اعتنائی کے وجوہ میں سے ایک یہی ہے[2]۔

---

[1] دیکھو حسب ذیل ناموں کی کتابیں:۔ (۱) "ہندوستان در ۱۹۲۶ء تا ۱۹۲۷ء" صفحہ ۱۲۴ تا صفحہ ۱۳۵ (۲) "ہندوستان کے زرعی کاروبار پر تنقید" صفحہ ۹۵ تا صفحہ ۹۹۔ (۳) "ہندوستان در ۱۹۲۸ء تا ۱۹۲۹ء" صفحہ ۱۳۱ تا صفحہ ۱۳۲۔

[2] دیکھو رائل کمیشن کی رپورٹ فقرہ (۲۳۶)

باب ۸

محکمۂ علاج حیوانات نے مویشیوں میں امراض کی اشاعت اور خوفناک ہلاکت کو کم کرنے میں جو کام انجام دیا ہے اس کو مختصر طور پر بیان کر دینا ضروری ہے۔ علاج حیوانات کے صدر اور ذیلی دواخانوں میں دورہ کنندہ افسروں کے زیر علاج بیمار جانوروں کی تعداد بتدریج بڑھ رہی ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ محکمے کے قابل قدر کام کو عوام روز افزوں پسندیدگی کی نظر سے دیکھ رہے ہیں[1]۔ محکمۂ مذکور کا سب سے اہم کام یہ ہے کہ سیرم اور ویکسین کا ٹیکہ جبری طور پر دیگر متاثرہ مقامات میں جانوروں کو متعدی امراض سے محفوظ رکھا جائے اور اس قسم کی کارروائی محکمے کی جانب سے اختیار کیے جانے کے خلاف کسان کے غم و غصے کا رجحان اس وجہ سے تنزل پذیر ہے کہ اس کے افادے کا احساس اس کو روز بروز زیادہ ہوتا جا رہا ہے۔ ہندوستان کا سب سے شدید مرض "مویشیوں کا طاعون" ہے جس کے خلاف مدراس میں حفاظتی تدابیر[2] اختیار کی گئی ہیں۔ چنانچہ یہاں مجسٹریٹ ضلع کے اعلان کردہ متاثرہ دیہات میں سیرم کے طریق پر جبری ٹیکہ دینے کی قانونی طور پر اجازت دی گئی ہے۔ چونکہ مرض عام طور پر پھیلا ہوا ہے اس لیے جانوروں کو بالکل الگ رکھنا ناممکن ہوگا اور ہندو جذبات پر نظر رکھتے ہوئے متاثرہ جانوروں کے قریب رہنے والے تندرست جانوروں کا ہلاک کرنا خارج از بحث ہے۔ اس لیے روگ کی جڑ کو اکھاڑ پھینکنے کی بجائے منفرد جانور کو محفوظ رکھنے کے متعلق تدابیر اختیار کرنی چاہئیں۔ بایں ہمہ ابھی تک جبری ٹیکہ ناپسندیدہ سمجھا جاتا ہے۔ زرعی کمیشن شد و مد کے ساتھ یہ سفارش کرتا ہے کہ مویشیوں کو طاعون سے بچانے کے لیے "تنہا سیرم" کے طریقے کی بجائے "ہمزمان سیرم" کے طریقے سے ٹیکہ دیا جائے[3]۔ لیکن انسداد ٹیکے کے لیے کوئی اجرت نہ لینی چاہیے۔

---

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستان کے زرعی کاروبار برائے ۱۹۱۲ء تا ۱۹۲۹ء" پر تبصرہ، صفحہ ۱۳۸ تا ۱۴۲۔

[2] (Prophylatic Measures)

[3] علاج حیوانات کے متعلق تحقیقی کام میں ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء میں سب سے نمایاں ترقی یہ ظاہر ہوئی کہ "مویشی طاعون" کو اجتماعی طور پر روکنے کا ایک کامیاب طریقہ نکالا گیا جس کی رو سے بجائے خون کا یا بافتی زہر Tissue Virus کا جس کی طاقت کم کی گئی ہو ٹیکہ دیا جاتا ہے۔ چنانچہ اب تک تو اس کے نتائج کئی صوبوں اور ریاستوں میں مویشی اور بھینسوں کی تمام نسلوں کے بارے میں نہایت ہی اطمینان بخش رہے ہیں۔

باب

ہندوستان میں علاج حیوانات کی طبی سہولتیں بہت غیر اطمینان بخش حالت میں ہیں۔ اسی بنا پر زرعی کمیشن یہ سفارش کرتا ہے کہ ہر ضلع میں ایک مرکزی شفاخانہ اور اس کے تحت تعلقات میں ذیلی دواخانے قائم کیے جائیں، ان شفاخانوں میں متعینہ عملے کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور کارکنوں کو دیہات کے دورے پر بھیجا جائے۔ علاج حیوانات کے متعلق تحقیقی کام کا مرکز "مکتسر انسٹی ٹیوٹ" کو بنانا چاہیے[1] 265

۱۶۔ محفوظ سرمایہ

دوسری صنعتوں کے مثل زراعت میں بھی ناگہانی مصارف کے لیے کچھ رقم الگ رکھنا ضروری ہے اور اگر زراعت کو صحیح کاروباری اصول پر جیسا کہ چاہیے چلانا مقصود ہے تو اتفاقی فنڈ اور بیمہ کا انتظام ضروری ہے۔ یہ عام تجربہ ہے کہ اچھے برے اور معمولی موسموں کا باقاعدہ دور دورہ رہتا ہے اور یہ کیفیت بمبئی دکن جیسے علاقوں پر خاص طور پر صادق آتی ہے جہاں بارش غیر یقینی ہوتی ہے۔ قحط جیسی کم و بیش ناگزیر آفتوں کے مقابلے کے انتظام کا فقدان ان آفتوں سے پیدا شدہ تکالیف و مصائب میں شدت پیدا کر دیتا ہے۔ چنانچہ غیر پیداآور رہن یا قرضوں کے مطالبات یا کھیتوں کی اصلاح و ترقی اور آلات کاشتکاری کے مطالبات فرسودگی کو پورا کرنے کے لیے باقاعدہ انتظام تا حال مفقود ہے۔ بقول لیٹنگ ان مختلف اغراض کو پورا کرنے کے لیے جو استغراقی فنڈ قایم کیا جائے اس کو بے کار اور بصورت نقد نہ رکھنا چاہیے۔ بلکہ اس سے مویشیوں کی نسل پیدا کرنے یا ایندھن حاصل کرنے کے لیے درخت لگانے کا کام لیا جا سکتا ہے اس لیے کہ یہ ایسے مشغولات اصل ہیں کہ ان کو جب کبھی ضرورت ہو نقد سے مبدل کیا جا سکتا ہے۔

زرعی بیمے کا اصول ابھی تک ہندوستان میں بہ مشکل جاگزین ہوا ہے۔ تاہم جائداد کے انبار، کھیت کے مکانوں، فصلوں اور مویشیوں وغیرہ کا بیمہ کرنا حفاظتی تدبیر کے طور پر ضروری ہے۔ چارے اور مویشیوں کے بیمے کی اس لیے بھی خاص طور پر زیادہ ضرورت ہے کہ چارے کے ذخائر کو آگ لگنے اور مویشیوں میں بکثرت ہلاکت واقع ہونے کی وجہ سے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) دیکھو "ہندوستان ۱۹۳۲ تا ۱۹۳۳ میں" صفحہ ۸۲ اور "ہندوستان ۱۹۳۳ تا ۱۹۳۴ میں" صفحہ ۹۲ تا ۹۳۔

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ ۲۳۰۔

باب ۵

عظیم تلوانی نقصانات برداشت کرنے پڑتے ہیں۔ یہاں یہ کہہ دینا مناسب ہوگا کہ کچھ زمانہ ادھر سے خاصکر برما میں امداد باہمی کے اصول پر مویشیوں کا بیمہ کرنے کا طریقہ شروع کیا گیا ہے۔ یوں تو باقاعدہ بیمہ فنڈ اور انتعراقی فنڈ کا رواج ہندوستانی کسان میں عام ہونے کے لیے ابھی مدت دراز تک انتظار کرنا پڑے گا، لیکن اس کی عدم موجودگی میں دوسرا بہترین طریقہ یہ ہوگا کہ کھیت پر اپنا مکان بنانے کے لیے کسان کی ہمت افزائی کی جائے "تاکہ وہ وہیں مقیم رہ کر اپنی جائداد کی حفاظت کرے، چارے کا محفوظ ذخیرہ قائم کرے، مویشیوں کو قحط و خشک سالی سے محفوظ رکھے، ایک احاطہ دار چراگاہ قائم کرے جس میں متعدی امراض کے پھیلنے کے زمانے میں مویشی الگ رکھے جاسکیں، اور آبپاشی کے لیے کنواں تیار کرے جو خشک سالی کے زمانے میں بے روزگاری سے بچانے کا ضامن ہو۔"[1]

تنظیم

۱۷۔ دیہی صنعتوں کی اہمیت

یوں تو زراعت تنظیم کی اسی قدر محتاج ہے جس طرح کوئی دوسرا کاروبار، لیکن عصر حاضر میں ہندوستان میں زراعت کی حالت داخلی و خارجی تنظیم ہر دو اعتبار سے بہت ہی ناقص ہے۔ داخلی تنظیم کے بعض شدید نقائص مثلاً "معاشی کھیتوں" اور مستقل اصلاح و ترقی کا فقدان وغیرہ اس سے قبل بیان کیے جا چکے ہیں۔ اس مقام پر ہم ایک خاص نقص پر الگ اور مفصل بحث کرنا چاہتے ہیں، اور وہ یہ ہے کہ ذیلی صنعتیں مفقود ہیں۔ ان کی موجودگی میں کسان اپنی محنت کو پورے سال پر موجودہ زمانے سے زیادہ مساوی طریق پر پھیلا، کھپا اور اپنی معاشی حیثیت و حالت درست رکھنے کے قابل ہو سکتا ہے۔ لیکن

266

[1] ۔ بکھو کمیٹنگ کی کتاب محولہ بالا صفحہ ۱۴۱ تا صفحہ ۱۴۵۔

باب ۵

ان کی عدم موجودگی ہندوستان کے ٹٹ پونجیے کسان کی حالت کو سقیم بنانے میں بہت بڑا حصہ رکھتی ہے۔ چنانچہ کہنے کو بھی اس کا کوئی زائد ذریعۂ آمدنی نہیں ہوتا اور وہ محض اپنے چھوٹے سے کھیت پر تنگی کے ساتھ زندگی گزار دیتا ہے۔

زرعی کاروبار بہ لحاظ نوعیت موسم پر موقوف ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے دیہی محنت بہت بری طرح ضایع جاتی ہے۔ آبپاشی کا جہاں انتظام ہے وہاں تو یہ ممکن ہے کہ کسان سال کے بارہ مہینے تخم بونے، فصل کاٹنے، آبیاری کرنے اور زمین کو خس و خاشاک سے پاک کرنے میں منہمک رہے[1]۔ لیکن جہاں انتظام نہیں وہاں متوسط درجے کے کسان کو اپنے کھیت سے سال کے پورے بارہ مہینے روزگار نہیں ملتا۔ چنانچہ اندازہ کیا گیا ہے کہ اس جبری بے روزگاری کی مدت سال بھر میں مختلف یعنی ۱۵۰ تا ۲۷۰ یوم ہوتی ہے۔ مسٹر ای، ایچ، ایچ آئڈ افسر مردم شماری صوبہ متحدہ مردم شماری کی رپورٹ بابت ۱۹۲۱ء میں یوں لکھتے ہیں کہ:-

"آبادی کا بیشتر حصہ زراعت کرتا ہے اور یہاں زراعت کے معنی عام طور پر یہ ہیں کہ سال میں دو فصلیں بوئی، کاٹی اور فروخت کی جائیں؛ انگلستان کی طرح یہاں مخلوط طریق کاشت رائج نہیں ہے۔ اس قسم کی زراعت میں مقررہ موسموں میں کچھ مدت تک بہت سخت محنت کرنی پڑتی ہے یعنی دو مرتبہ تخم بونا، دو مرتبہ فصل کی کٹائی، موسم بارش میں گاہ گاہ سوکھی ہوئی جڑوں کو نکال پھینکنا اور موسم سرما میں تین مرتبہ آب یاری۔ لیکن سال کے باقی حصے میں قریب قریب کامل تعطل و بے کاری رہتی ہے۔ ان رقبوں میں جہاں بارش کی قلت ہے تعطل پورے موسم کے لیے بلکہ تمام سال کے لیے ناگزیر ہوتا ہے، اور یہ تعطل کا زمانہ اکثر صورتوں میں بے کاری میں صرف کیا جاتا ہے۔ بقول ڈاکٹر سلیٹر جنوبی ہند کی زمین پر بحیثیت مجموعی نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کسان اپنے مکمل کام کے زمانے کے صرف $\frac{5}{12}$ حصے میں زرعی کاروبار کرتا ہے۔ مسٹر جے، سی بیکیٹ اپنی کتاب موسوم بہ ضلع بنگال کی معاشی زندگی[2] میں رقمطراز ہیں کہ کسان کے نظام الاوقات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس وقت اس کی زمین سن کی کاشت کے لیے ناموزوں ہوتی ہے تو

[1] (Economic Life of a Bengal District)

باب ۵

تین مہینے سخت محنت کرنی پڑتی ہے اور نو مہینے بیکاری میں گزارنے پڑتے ہیں۔ اگر وہ گیہوں اور سن دونوں کو ملا کر کاشت کرے تو جولائی اور اگست میں مزید چھے ہفتے کا کام اس کو مل جاتا ہے۔" بقول کیٹنگ بمبئی و دکن میں سال بھر میں ایام کارگزاری صرف ۸۰ تا ۱۹۰ ہیں۔ اس کے برخلاف بقول کیلورٹ پنجاب کے متوسط درجے کے کسان کا کام تقریباً (۱۵۰) یوم کی پوری محنت سے زیادہ کی نمایندگی نہیں کرتا۔ شاہی زرعی کمیشن کا یہ بیان ہے کہ گو زرعی حالات کے مطابق مختلف مقامات میں فرصت و تعطل کے ایام کی تعداد مختلف ہے، تاہم وسیع تعمیم کے طور پر یہ فرض کیا جا سکتا ہے کہ کسانوں کی بہت بڑی تعداد کو سال بھر میں کم از کم دو سے چار مہینے تک قطعی آرام و فرصت کا موقع ملتا ہے[1]۔ یو۔ پی بنکنگ انکوائری کمیٹی 267
صوبہ متحدہ کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی) نے کل صوبے کے لیے بحیثیت مجموعی یہ اندازہ لگایا ہے کہ کسان (۲۰۰) دن سے زیادہ کام نہیں کرتا[2]۔

زراعت کی متعلقہ دیگر صنعتوں کی عدم موجودگی میں ہندوستانی کسان خراب موسم کا زمانہ تفریح و آرام کرنے، فساد کر جانے، اور مقدمہ بازی کرنے میں گزارتا ہے۔ گاہ گاہ یہ ممکن ہے کہ وہ شہر کی کسی فیکٹری یا حکومت کے کارہائے عامہ میں عارضی ملازمت قبول کرلے یا دیہی رقبوں میں اجرت پر محنت کرنے کے خیال سے ہجرت کر جائے یا اپنی گاڑی کرایے پر چلانے لگے۔ آخری چارۂ کار اختیار کرنے کی صورت میں اسے آج کل بار برداری کی موٹروں کی روز افزوں مسابقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ لیکن ان عام پیشوں میں سے کوئی پیشہ بھی کسان کے نقطۂ نظر سے پوری طرح اطمینان بخش نہیں ہوتا۔ بقول مسٹر ڈارلنگ "ٹٹ پونجیے کسان کے لئے اپنے آپ کو قرضداری سے محفوظ رکھنے کا واحد طریقہ صرف یہ ہے کہ وہ کفایت شعاری اور تندہی کے ساتھ زندگی بسر کرے اور اپنے اوقات فرصت میں کوئی دوسرا کام دھندا کرتا رہے۔" چنانچہ تمام دنیا میں ادنیٰ درجے کے کسان کا یہی تجربہ ہے۔ جاپان میں ریشم کے کیڑوں کی پرورش، زراعت کی ایک اہم ذیلی صنعت ہے۔ فرانس، جرمنی اور اٹلی وغیرہ میں ان کی مخصوص دیہی صنعتیں موجود ہیں۔ علاوہ ازیں مغرب میں

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ (۴۸۸)
[2] دیکھو رپورٹ فقرہ (۴۶۱)

باب ۵

زراعت ایک مخلوط اور متنوع حیثیت رکھتی ہے اور کسان کے لئے کسی خلل کے بغیر کام مہیا کرتی ہے۔ مکھن اور پنیر بنانا، خنزیر پالنا اور مرغبانی، یہ سب اوقات فرصت کے اہم دیہی پیشے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ہندوستان میں ادنیٰ درجے کے کسان کے لیے اوقات فرصت میں اطمینان بخش پیشے کس طرح مہیا کیے جائیں، تاکہ وہ اور اس کا خاندان اپنی زمین کی کاشت کو نقصان پہنچائے بغیر مصروف رہ سکے اور اپنی زرعی آمدنی میں اضافہ کر سکے۔[1]

۱۸۔ شیر خانہ وغیرہ

شیر خانہ، ہندوستان کے ممکنہ ذیلی کاروبار میں سے ایک ہے اور اگر اس کا انتظام و قیام کامیابی کے ساتھ ممکن ہو تو اس کی وجہ سے نہ صرف رعیت کی معاشی حیثیت و حالت کی اصلاح ہو جائے گی بلکہ خالص دودھ کافی مقدار میں مہیا کرنے کا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔ یہ سوال دیہات میں خاص طور پر محتاج توجہ ہے، اس لیے کہ یہاں دودھ میں بورک ایسڈ، فورمیلن، وغیرہ جیسی نقصان رساں چیزیں ملائی جاتی ہیں، اور دودھ نہ صرف خراب قسم کا بلکہ دنیا کے دوسرے تمام ملکوں سے زیادہ گراں ملتا ہے۔ اب تک مکھن اور پنیر بنانے کے کارخانے کھولنے کی جتنی کوششیں کی گئیں وہ سب کی سب بلا استثناء اس لیے ناکام ہوئیں کہ اول تو دیسی مویشی سخت حالات میں زندگی بسر کرتے کرتے نکڑ گئے ہیں اور کم مقدار میں دودھ دیتے ہیں، دوسرے یہ کہ قانون نے ان کی حفاظت کا کوئی انتظام نہیں کیا ہے، اور تیسرے یہ کہ حکومت کی جانب سے کسی قسم کی ہمت افزائی نہیں ہوئی ہے۔ اس واقعے پر نظر رکھتے ہوئے کہ دودھ اور اس کی ذیلی پیداوار مثلاً فائڈ اور ڈفتھیریا (خناق دبائی) وغیرہ کے جراثیم اور نباتات کو منتقل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے، یہ نہایت ضروری ہے کہ دیانتداری کے ساتھ اور سائنسی اصول پر یہ چیزیں تیار کی جائیں، تاکہ کاروبار مالی اعتبار سے بھی منفعت بخش ثابت ہو اور عوام کو بھی محفوظ اور یقینی طریقے پر دودھ کی رسد مہیا ہو سکے۔ شہروں کے قرب و جوار کے قریوں کو اس قابل

268

[1] ہندوستان کے مختلف صوبوں میں زراعت کے متعلق موجودہ اور امکانی دیہی صنعتوں کے دلچسپ تبصرے کے لیے صوبہ داری بنکوں کی تحقیقاتی کمیٹیوں کی رپورٹوں اور بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ (فقرہ ۲۹۹) کا مطالعہ مفید ثابت ہوگا۔

باب

بنانا چاہئے کہ وہ شہری آبادی کی عمدہ قسم کے دودھ کی کثیر مانگ کو پورا کر سکیں۔ اگر شہروں اور قصبات سے گاؤں دور بھی واقع ہوں تو بھی، دودھ کی پیداوار، بالائی گھی، مکھن وغیرہ شکلوں میں تیار اور دور دراز مقاموں پر باسانی روانہ کی جا سکتی ہے۔ لیکن شیر خانوں کو مناسب طریقے پر چلانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ جانوروں کی خوراک پر احتیاط کے ساتھ توجہ دی جائے تاکہ وہ کافی دودھ دے سکیں۔ سائنسی طریق پر پرورش و افزایش نسل کے ذریعے سے اچھے دودھیل جانوروں کی تعداد بڑھانا اور کئی نسلوں سے فاقہ زدہ اور مخلوط نسل کے مویشیوں کی خرابیاں دور کر دینا ضروری ہے[1]۔ جیسا کہ مسٹر کیٹنگ نے بتلایا ہے "کسان کے لیے مناسب ترین ذیلی کاروبار ڈھور ڈنگر کی پرورش و پیدائش ہے جو ہر موسم میں مصروفیت کا سامان اور آمدنی مہیا کر دے گی اور زمین کی پیداوری اور زرخیزی کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری کھاد بہم پہنچائے گی۔ تاہم اس راہ میں کئی مشکلات ہیں، مثلاً دیہی مکانوں میں انسانوں کے ساتھ جانوروں کا رکھا جانا جہاں جانوروں پر مناسب توجہ دینا ناممکن ہے۔ موجودہ حالات یعنی منتشر کھیتوں اور گنجان آباد مواضع کی اصلاح ضروری ہے تاکہ کسان کاروباری پیمانے پر جانوروں کی داشت کر سکے۔ علی ہذا چرائی اور چارے کی رسد کی معقول سہولتیں بہم پہنچانے کی راہ میں جو دقتیں حائل ہیں ان کو بھی ہٹانا ضروری ہے[2]۔

ڈیری فارم اور افزایش نسل جانور۔ ان کے علاوہ مندرجہ ذیل گھریلو صنعتیں اور دیہی کاروبار بھی قابل ذکر ہیں:۔ مرغبانی، ماہی گیری، میووں کی کاشت، تجارتی باغبانی، گردسازی، ہاتھ سے اناج پھٹکنا، ریشم کے کیڑوں کی پرورش، لاک سازی، شہد کی مکھیوں کی داشت، دباغت، بوریے کی بُنائی، بانس اور بید کا کام، رسن سازی، ظروف بنانا، جال کی بنائی، بیزی، کھلونے اور چوڑی بنانا، آلات کشاورزی تیار کرنا، آہنگری، نجاری اور زردوزی کا کام، چیسٹری اور مٹھائیاں بنانا وغیرہ[3]۔

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ (روئداد و شہادت) جلد اول جزو اول، صفحہ ۲۳۸ تا صفحہ ۲۴۱۔

[2] دیکھو جی۔ کیٹنگ کی کتاب موسوم بہ "مغربی ہندوستان کی زرعی ترقی"، صفحہ ۱۲۶ تا صفحہ ۱۲۸۔

[3] دیکھو بمبئی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۷؛ نیز بنگال کی بنک کاری کی

باب

یہ ظاہر ہے کہ یہ سب کاروبار اور صنعتیں ہندوستان کے طول و عرض میں جاری نہیں کی جاسکتیں۔ یہ معلوم کرنے کے لیے کہ ان میں سے کن کن کو مختلف علاقوں میں رواج دیا جاسکتا ہے، سلسلے کے ساتھ بہت ہی گہری علاقہ واری تحقیق کرنی پڑے گی[1] 269
ہر ضلع اور گاؤں کے خاص خاص حالات کا احتیاط کے ساتھ مطالعہ کرکے مناسب حرفت یا صنعت کو منتخب کرنا پڑے گا مثلاً مرغبانی صرف ان علاقوں میں ممکن ہوگی جہاں اس کو بطور پیشہ اختیار کرنے کے خلاف شدید مذہبی تنفر و کراہیت نہ ہو۔ چنانچہ یہ شبہ ہوتا ہے کہ گجرات میں غالباً شہد کی مکھیوں کی داشت ناکام ثابت ہوگی جہاں جین مت کے عقائد لوگوں کے دلوں پر چھائے ہوئے ہیں۔ علاوہ ازیں مرغبانی اور تجارتی باغبانی بازار کا قرب چاہتی ہے جہاں مال کی ہاتھوں ہاتھ بکری ہو، اور صرف شہروں کے متصل دیہی رقبوں میں منافع کے ساتھ جاری کی جاسکتی ہے۔ علیٰ ہذا ریشم کے کیڑوں کی پرورش خاص طور پر بلند مقامات اور موافق آب و ہوا کی طالب ہے اور آج کل تو یہ حرفت مصنوعی ریشم کی ترقی پذیر درآمد کی مسابقت سے دوچار ہے۔

۱۹۔ کھدر کا معاشی نظریہ

سوت کی دستی کتائی کسی قدر مفصل بحث چاہتی ہے! اس لیے نہیں کہ وہ بذات خود اہمیت رکھتی ہے، بلکہ اس لیے کہ چرخے اور اس کے امکانات کے بارے میں کچھ زمانہ اوقات تک سرگرم بحث چھڑی ہوئی تھی چرخے کے حامی یہ کہتے ہیں کہ دستی کتائی ہی واحد تعمیمی صنعت ہے جو موجودہ حالات میں دیہی آبادی کی بڑی تعداد کے لیے مناسب و ممکن ہے! علاوہ ازیں وہ موجودہ بیکار انسانی قوت سے فوری کام لینے کا

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ نقرہ (۲۹) اور مسٹر ایم ولسیوریا کی کتاب موسوم بہ (Progress of Agriculture in Western India) صفحہ ۳۳ تا صفحہ ۴۰ نیز صفحہ ۷۰

[1] مسٹر ایم ولسیوریا نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ جہاں تک [illegible] صوبوں اور ریاستوں میں بھی [illegible] کوشش کرنی چاہیے کہ کچھ علاقے [illegible] کے لیے اور کچھ علاقے صنعت کے لیے مخصوص کر دیے جائیں اور لوگوں کی مدد اور ہمت افزائی کرنی چاہیے کہ وہ مسلمہ پیشے اختیار کریں دیکھو ان کی کتاب موسوم بہ Planned Economy for India صفحہ ۳۹۔

سہل ترین اور یقینی ذریعہ ہے۔ مسٹر ام، کے، گاندھی، چرخہ کے مسلک کے سب سے بڑے حامی چرخے کے فوائد کو مختصر طور پر یوں بیان کرتے ہیں[1]:-

(ا) چرخے پر فوراً کام شروع کیا جا سکتا ہے، اس لئے کہ (ا) اس کے چلانے کیلئے نہ تو سرمایے کی ضرورت ہے اور نہ قیمتی آلات اور ساز و سامان کی؛ اس کو بنانے اور چلانے کے لیے خام مال اور ساز و سامان ارزاں اور تقریباً ہر جگہ سے دستیاب ہو سکتا ہے۔

(ب) اس کو چلانے کے لیے اس سے زیادہ اعلیٰ درجے کی مہارت یا ذہانت درکار نہیں ہوتی جتنی کہ ہندوستان کے جاہل اور افلاس زدہ باشندوں میں پائی جاتی ہے۔

(ج) وہ اس قدر کم جسمانی محنت چاہتا ہے کہ چھوٹے بچے اور بوڑھے بھی اس کو چلا سکتے ہیں اور اس طرح خاندان کی مجموعی آمدنی میں حسب مقدور اضافہ کر سکتے ہیں۔

(د) اس کو چلانے کے لیے کسی پیشگی تیاری اور اہتمام کی ضرورت نہیں ہوتی اس لیے کہ عوام میں کتائی کے روایات ابھی تک زندہ ہیں۔

(۲) اس کا افادہ عام اور دائمی ہے، اس لیے کہ اشیائے خوردنی کے بعد صرف سوت ہی ایک ایسی شے ہے جس کی بکری کام کرنے والے کے گھر کی دہلیز ہی پر فوراً اور غیر محدود طریقے پر ہمیشہ یقینی ہے، اور اس طرح وہ مفلس کسان کے لیے ایک باقاعدہ اور مستقل آمدنی پیدا کرنے کا ضامن ہوتا ہے۔

(۳) چرخہ بارش اور موسمی حالات پر منحصر نہیں ہے؛ چنانچہ قحط کے زمانے میں بھی اس کو چلایا جا سکتا ہے۔

(۴) وہ عوام کے مذہبی یا معاشری احساسات کے خلاف نہیں ہے۔

(۵) وہ قحط کا مقابلہ کرنے کا ایک نہایت ہی مکمل اور تیار آلہ ہے۔

(۶) وہ کسان کو اس کے جھونپڑے ہی میں برسرکار کر دیتا اور اس طرح آڑے وقت میں خاندان کو بربادی سے بچا لیتا ہے۔

(۷) صرف دیہی ہندوستان کی دیہی برادریوں کو جواب قریب قریب

[1] دیکھو آر، بی، گریگ کی کتاب موسوم بہ "کھدر کا معاشی نظریہ" صفحہ ۱۷۰ تا صفحہ ۱۷۲
(Economics of Khadder)

باب

تباہ ہو چکی ہیں ان کی اصلی حالت پر لا سکتا اور ان کے فوائد کو بحال کر سکتا ہے۔

(۸) وہ نہ صرف کسان کی بلکہ جلاہے کی بھی پشت و پناہ ہے، اس لیے کہ صرف وہی ایک مستقل اور دیرپا بنیاد دستی پارچہ بافی کی صنعت کے لیے مہیا کرتا ہے جو اس وقت ۸۰ لاکھ تا ایک کروڑ باشندوں کا ذریعہ معاش بنی ہوئی ہے اور ہندوستان کی قریب قریب ایک تہائی آبادی کے لباس کی ضرورتیں پوری کرتی ہے۔

(۹) اس کا احیا کئی ہم جنس ملحقہ دیہی پیشوں کے حق میں محرک کا کام کرے گا اور اس طرح دیہات کو تباہی کے گڑھے سے باہر نکالے گا۔

(۱۰) صرف وہی ہندوستان کے کروڑوں باشندوں میں دولت کی منصفانہ تقسیم کا ضامن بن سکتا ہے۔

(۱۱) صرف وہی مسئلۂ بے روزگاری کا کارگر حل ہے، نہ صرف کسان کی جزوی بے روزگاری کا بلکہ تعلیم یافتہ نوجوانوں کی بے روزگاری کا بھی، جو تلاش معاش میں بے نیل و مرام حیران و سرگرداں ہیں۔ اس کام کی وسعت و عظمت یہ چاہتی ہے کہ ملک کے تمام ذہنی و عملی قوی متحد و منظم ہو کر اس تحریک کی رہنمائی و نگرانی کریں۔

سی راج گوپال چاری اپنی اس یادداشت میں جو انھوں نے شاہی زرعی کمیشن کو پیش کی تھی چرخے کے متعلق کہتے ہیں کہ "عوام کی محدود مہارت و معلومات اور اوقات فرصت کے مشغلے کے مندرجۂ ذیل لوازم پر نظر کرتے ہوئے کہ وہ سادہ ہو، بآسانی سیکھا جا سکتا ہو اور ہر وقت بلا تکلف شروع یا ترک کیا جا سکتا ہو تاکہ اصل پیشے میں مخل نہ ہو، دستی کتائی ہی ایسا واحد پیشہ ہے جس کو ہندوستان کی دیہی آبادی اپنے اوقات فرصت میں انجام دے سکتی ہے۔" وہ خیال کرتے ہیں کہ اس نتیجے کی تصدیق احاطۂ مدراس کے ٹامل ناڈ علاقے میں کھدر کے احیا کے کام کے حقیقی تجربے سے ہوتی ہے۔ یہاں کے لوگوں خاصکر عورتوں نے چرخے کو بہت رغبت سے شروع کیا ہے اور اس سے ان کو جو زائد آمدنی ہوتی ہے اگرچہ بہت ہی تھوڑی یعنی ۱۵ روپیہ تا ۲۵ روپیہ سالانہ فی چرخہ ہے، اصل پیشے کی آمدنی میں مفید اضافہ ہے، خاص کر اس لیے کہ اکثر صورتوں میں مزروعہ زمین کی

آمدنی ۵ روپیہ سالانہ فی خاندان سے زیادہ نہیں ہوتی۔ علی ہذا پن تمبے کر اور درواچاری، دستی کتائی و پارچہ بافی کی بابت اپنے قابل تعریف مضمون میں رقم طراز ہیں کہ چرخہ شاندار مستقبل رکھتا ہے اور گرنی کی موجودہ پیداوار کی کمی کو بخوبی پورا کر سکتا ہے، لیکن ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ چرخے کی علاقہ واری تنظیم مناسب طریقے پر عمل میں لائی جائے تاکہ کل آبادی کے لیے کافی معقول پیمانے پر لباس مہیا ہو سکے۔ بایں ہمہ راجگوپالاچاری جیسے کھدر کے سرگرم حامی بھی دو اساسی مشکلات کو تسلیم کرتے ہیں:۔ ایک تو یہ کہ بڑھیا اور مہین کپڑوں کا ذوق پیدا ہو گیا ہے، دوسرے یہ کہ ہاتھ کے بنے ہوئے کپڑوں کی قیمت گرنی کے کپڑوں خاصکر بیرونی ممالک سے درآمدہ کپڑوں کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ راج گوپال چاری دوسری دقت کو زیادہ سخت بتلاتے ہیں اور قیمتوں کی کمی کو ممکن بنانے اور پیدائش میں سہولت پیدا کرنے کے لیے سرکاری امداد کو ضروری قرار دیتے ہیں۔ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ متواتر سالانہ پس اندازیوں کی وجہ سے مفلس ترین طبقے کی عام خوشحالی اور قوت خرید میں اضافہ ہونے تک کچھ مدت تک سرکاری امداد کو جاری رکھنا ضروری ہوگا۔ اسی کے ساتھ سرکاری امداد کے دوسرے طریقوں کی بھی وہ سفارش کرتے ہیں:۔ مثلاً قرضے دیے جائیں، پیدائش و تقسیم میں دوسری سہولتیں بہم پہنچائی جائیں، کرایۂ نقل و حمل میں کمی کی جائے، اور محصول درآمد اور دوسرے محصولوں میں ترجیحی سلوک کیا جائے۔ لیکن ہم اس سے اتفاق نہیں کر سکتے کہ مفلس ترین طبقے کی قوت خرید کا اضافہ، اگر یہ فرض بھی کر لیا جائے کہ وہ اس قدر آسانی کے ساتھ رونما ہو سکتا ہے، اس طبقے کو اس امر کی ترغیب دے گا کہ گرنی کے ارزاں کپڑے کے مقابلے میں وہ کھدر کو ترجیحاً خریدے۔ تاوقتیکہ کھدر، گرنی کے کے بنے ہوئے کپڑے کے مساوی یا اس سے زیادہ ارزاں فروخت نہ ہو، مالی امداد کی صورت میں مستقل سہارے کو برقرار رکھنا پڑے گا جس سے عام محصول ادا کرنے والے کو نقصان اٹھانا پڑے گا۔ گھریلو صنعتوں کی تحقیق کے لیے حکومت مدراس کی جانب سے ایک خاص افسر مقرر کیا گیا تھا، وہ ابتدائی رپورٹ میں احاطۂ مدراس کی کھدر کی تحریک کے تحدیدات پر زور دیتے ہوئے اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ

سالانہ پس اندازیاں اتنی کافی نہیں ہیں کہ دستی کتائی کے لیے کوئی بڑی ترغیب پیش کر سکیں۔ یہ مشکلات حقیقی ہیں اور یہ بات آسان نہیں ہے کہ مصارف کے مسئلے سے قطع نظر کرتے ہوئے لوگوں کی نفسیات میں اور گاڑھے کھدر کے آن زیادہ دلکش اور ٹھنڈے بدلوں کے بارے میں ترجیحی میلان میں تغیر پیدا کیا جائے جن پر معلس ترین طبقے کے سوا سب کو دسترس حاصل ہے۔ پھر بھی جس وقت تک کسان کے لیے اس سے زیادہ منفعت بخش تفصیمی صنعت مہیا نہ کی جا سکے، دستی کتائی اس کو اس بات کا کچھ موقع بہم پہنچائے گی کہ وہ ختم سال پر اپنے موازنے کو متوازن کر لے۔ چرخے کے استدلال کی بنیاد ساری یہ ہے کہ چرخہ کاتنا بے کار رہنے سے بدرجہا بہتر ہے۔ لیکن کسان کو اس کی مشکلات سے نجات دلانے کے لیے چرخے سے زیادہ کسی اور منفعت بخش ذیلی صنعت کی ضرورت ہے۔

۲۰۔ بعض دوسری دیہی صنعتیں

دیہی بے کاری و بے روزگاری کو کم کرنے کا ایک اور طریقہ یہ ہے کہ دیہی علاقوں میں ایسی صنعتوں کے قیام کو ترقی دی جائے جو زرعی پیداوار کو قابل صرف و قابل برآمد بنانے سے تعلق رکھتی ہیں، مثلاً نبولے اوٹنا، ناریل چھیلنا، چاول بنانا، بھوسا نکالنا، غلہ پھوڑنا، صاف شکر تیار کرنا، روغن برآری، ہڈی کے کھاد کی تیاری وغیرہ۔ ان صنعتوں کو امکانی طور پر امداد باہمی کے اصول پر منظم کرنا چاہیے۔ انھیں 272
شہروں میں مرتکز نہ کرنا چاہیے بلکہ دیہات میں لوگوں کو کام پر لگانے اور روزگار بہم پہنچانے کے لیے رائج کرنا چاہیے۔ زراعت کے متعلق اس قسم کے کاروبار کی ترقی کے لیے ارزاں برقی قوت کی بہم رسانی بہت بڑی سہولت پیدا کرے گی۔ چنانچہ دیہی علاقوں میں ارزاں قوت تقسیم کرنے کی غرض سے پنجاب اور بمبئی برقابی کاموں کے امیدافزا امیدان بہم پہنچاتے ہیں۔ فنی تعلیم کا مناسب نظام، کامیابی کی ناگزیر شرط ہے۔ ان حرفتوں کے لیے کم از کم آغاز میں سرکاری امداد کی بھی ضرورت ہوگی۔ زرعی کمیشن اس امر کی تائید کرتا ہے کہ محکمہ جات زراعت کے انجینری کے شعبوں کی مدد اور مشورے سے خانگی فرد آلات کشاورزی مقامی طور پر تیار کریں۔ اس کی وجہ سے بھی نقل و حمل کے موجودہ کثیر مصارف کم ہو جائیں گے اور مقامی قیمت کسان کی دسترس کے اندر آجائے گی۔

باب

کاغذ سازی کے خام مادے کے طور پر اگر بانس یا بمبو سے کام لیا جائے تو جنگلات کی سرحد کی دیہی آبادی کے لیے روزگار بہم پہنچ سکتا ہے۔ بیووں کو سکھا کر ڈبے میں بند کرکے ان کا مربہ بنا کر محفوظ کرنے کا طریقہ زرعی طبقے کو روزگار بہم پہنچانے یا اس کاروبار میں حصہ لینے والے سرمایہ داروں کے لیے یہ منفعت ہونے کی حیثیت سے بظاہر بہت امید افزا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن کمیشن کو اس بارے میں شبہہ ہے کہ دیہی آبادی کے حالات کی اصلاح و ترقی دیہی صنعتوں کے قیام کے ذریعے سے ممکن ہے، اور وہ یہ توقع ظاہر کرتا ہے کہ کسان کی مشکلات کا اصلی حل زراعت عمیق و متنوع طریق پر کرنے میں مضمر ہے[1]۔

مدراس میں گھریلو صنعتوں کی تحقیق کا جو کام شروع کیا گیا تھا وہ ۱۹۲۰ء تا ۱۹۲۵ء میں چار اضلاع میں تکمیل کو پہنچا۔ اس تحقیق کا مقصد یہ معلوم کرنا تھا کہ آیا زرعی موسم میں کسان کے لیے گھریلو صنعتوں کا معاشی بنیاد پر احیا ذیلی کاروبار کے طور پر مفید ہو سکتا ہے یا نہیں۔ اسی قسم کی علاقہ واری تحقیق دوسری صوبہ داری حکومتوں کی جانب سے کسی باقاعدہ اصول کو اختیار کرنے کی غرض سے میدان تیار کرنے کے لیے ضروری ہے۔ ہندوستان کی بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی غور و خوض کے بعد یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ کسان کے لئے اس کی فرصت کے اوقات میں مناسب ذیلی مشغلہ مہیا کرنے کی بہترین صورت یہ ہے کہ جدید صنعتیں قایم کی جائیں اور موجودہ صنعتوں میں توسیع کی جائے۔ کمیٹی اس پر زور دیتی ہے کہ صوبہ واری حکومتوں کو چاہئے ان صنعتوں کی ترقی کی جانب اپنی توجہ پوری سرگرمی کے ساتھ مبذول کر دیں[2]۔

۲۱۔ فروخت بہ امداد باہمی[3]

جس وقت تک ہندوستانی کسان اپنے گزارے کیلیے

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، فقرات ۴۹۱ تا ۴۹۳ و ۵۰۰۔

[2] دیکھو بنک کے کاروبار کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ۔ فقرات (۳۰۱ تا ۳۰۲)۔ دیہی صنعتوں کی سرکاری امداد کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے دیکھو رپورٹ مذکور جلد دوم باب۔

[3] زرعی پیداوار کی فروخت کے مسئلے کی جامع بحث کے لیے دیکھو لیں، جی، بیری کا لکھا ہوا باب موسوم بہ "زرعی پیداوار کی فروخت" ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں امداد باہمی" میں جو زیر ادارت پیج، ایل قاضی طبع ہوئی ص ۳۴۲ تا ص ۳۶۵۔

باب 273 کھیتی باڑی کر رہا تھا اور قدیم دیہی تنظیم کی پناہ میں چین سے زندگی گزار رہا تھا اس وقت تک غالباً دیہی علاقوں میں کسی مزید اور خاص منظم کی ضرورت نہ تھی۔ لیکن موجودہ زمانے کے حالات بالکل مختلف ہیں۔ چونکہ آج کل زراعت تجارتی طریق پر انجام دی جاتی ہے اور وسیع مقابلہ کرنے والے بازاروں کا قیام عمل میں آیا ہے، اس لیے زیادہ طاقتور تنظیم ضروری ہو گئی ہے۔ قدیم فرسودہ تنظیم بھی اس قدر کمزور ہو گئی ہے کہ وہ از کار رفتہ ہو گئی ہے اور بالکل جدید حالات کا مقابلہ کرنے میں وہ رعیت کی رہنمائی یا حفاظت قطعاً نہیں کرتی جیسا کہ زرعی کمیشن خیال ظاہر کرتا ہے رعیت کے مفادات و اغراض معاشی قوتوں کے آزادانہ عمل کے تابع ہو گئے ہیں اور اس عمل میں ان اغراض کو نقصان پہنچا ہے۔ اس لیے کہ رعیت اپنی پیداوار کے تقسیم کرنے والوں اور صارفوں کے مقابلے میں نہایت ہی چھوٹی اکائی ہے اور قاسم و صارف اپنی جگہوں پر ہر سال زیادہ منظم، طاقتور اور متحد ہوتے جا رہے ہیں۔[1]

یہ تجربہ ہر جگہ عام ہے کہ اشیائے خام پیدا کرنے والا مادی فوائد میں اپنا مناسب حصہ پانے سے محروم رہتا ہے اور یہ صورت موجودہ زمانے میں ہندوستان پر خاص طور پر صادق آتی ہے جہاں چھوٹی چھوٹی اکائیاں کاشتکاری کرتی ہیں اور ان کی مدد و حفاظت کے لیے کوئی خاص تنظیم موجود نہیں ہے۔ ہندوستانی کسان معمولاً ساہوکار پر انحصار کرتا ہے جس کے پاس اس کو اپنی پیداوار عام طور پر پیشگی گروی کرنی پڑتی ہے۔ ساہوکار کے علاوہ متعدد پیشہ ور سوداگر اور بیچ والے بھی ہوتے ہیں جو کسان کے ساتھ سایے کی طرح لگے رہتے ہیں اور اس کو خسارے میں ڈال کر خود گوشۂ عافیت میں بیٹھے اپنا پیٹ پالتے ہیں۔

ایک اور وقت سڑکوں، پلوں اور معاون ریلوں کے ناکافی انتظام کی وجہ سے بھی پیدا ہوتی ہے، چنانچہ کسان اس خرابی کے باعث صارفوں یا تھوک فروش سوداگروں سے براہ راست معاملہ نہیں کر سکتا۔ کسان کی دوسری دشواریاں یہ ہیں:۔ نوشت و خواند کا بہت ہی ادنیٰ معیار، مناسب طریقے پر منظم بازاروں اور کسانوں میں باہمی اتحاد کی عدم موجودگی، پیمانوں اور اوزان کی غیر منظم حالت اور مال کا ذخیرہ کرنے کی ناکافی سہولتیں۔ ان حالات میں کوئی تعجب کی بات نہیں کہ کسان کو اپنی پیداوار کی واجبی قیمت وصول نہیں ہوتی۔


---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ۔ فقرہ (۳۲۰)

باب

سرمایہ کی دیرینہ کمی اور ساہوکار کے مطالبات کو پورا کرنے اور سرکاری زر لگان ادا کرنے کی ضرورت کے باعث کسان اپنی پیداوار کو نقصان کے ساتھ ٹھیک ایسے زمانے میں فروخت کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے جب کہ ہر شخص فروخت کرنے پر تلا رہتا ہے اور بازار میں اشیا کی بھرمار ہونے کی وجہ سے قیمت گری ہوئی ہے۔ اڑھتیوں یا بیچ والوں کا ایک طویل سلسلہ خاص کر اجناس کی برآمد کے کاروبار میں موجود ہوتا ہے۔ بڑی بڑی فرمیں کسان سے عام طور پر پیشگی معاہدے کر لیتی ہیں، اور پیداوار تیار ہونے کے بعد انھیں کو دینا کرنے کا پابند بنانے کے خیال سے اس کو پیشگی زر ادا کیا جاتا ہے۔ چنانچہ یہ بتلانے کے لیے کہ کسان اور صارف کے درمیان اڑھتیوں کے طور پر کام کرنے والے بیچ والے ہوتے ہیں مندرجۂ ذیل نقشے کو مثالاً پیش کیا جا سکتا ہے۔ یہ نقشہ اس یادداشت سے ماخوذ ہے جو مرکزی ہندوستانی کپاس کمیٹی نے شاہی زرعی کمیشن کے ملاحظے میں پیش کی تھی[1]

274



[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ (روئداد و شہادت) جلد دوم حصہ دوم۔ صہ ۲

باب

جیسا کہ یادداشت میں آگے چل کر بیان کیا گیا ہے، ظاہر ہے کہ ممکنہ تغیرات بہت زیادہ ہوتے ہیں اور بیچ والوں کی تعداد بھی بہت زیادہ ہو سکتی ہے۔ لیکن اگر ہم انتہائی صورتوں کو ترک بھی کر دیں تب بھی کسان اور صارف کے درمیان بیچ والوں کی تعداد عام طور پر حد سے زیادہ ہوتی ہے؛ مثلاً کسان کا مقامی ایجنٹ، مفصلاتی خریدار کا ایجنٹ، مفصلاتی خریدار اور ٹٹ پونجیا خریدار۔ لہٰذا جیسا کہ وی، ال، ہتا اپنی یادداشت میں بتلاتے ہیں، اگر امداد باہمی کا طریق اختیار کر لیا جائے تو ان درمیانی اشخاص کی ضرورت ہی باقی نہ رہے۔ مثلاً فروخت بہ امداد باہمی کی انجمن، مقامی ایجنٹ اور مفصل کے خریدار کے ایجنٹ کے وجود کو غیر ضروری اور مفصل کے خریدار سے راست معاملے کو ممکن بنا سکتی ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ اگر مرکزی صارفوں کی باقاعدہ انجمنیں موجود ہوں تو، جملہ بیچ والوں کو ہٹایا جا سکتا ہے جس سے پیدا کرنے والے اور صارف دونوں کو بہت بڑا فائدہ ہوگا۔[1] کسان کو اسکی پیداوار کی پوری پوری بازاری قیمت وصول کرنے کے قابل بنانے کے مسئلے کا واحد اطمینان بخش حل صرف امداد باہمی پیش کرتی ہے۔ کسان بعض اوقات صارف سے براہ راست معاملہ کرتا ہے، لیکن چونکہ ہر کسان اپنے طور پر کام کرتا ہے اس لیے پیداوار کو دور کے مقام پر لیجانے اور کم مقدار میں فروخت کرنے میں نامناسب طور پر زیادہ وقت اور محنت لازماً صرف ہوتی ہے۔

محکمہ جات زراعت و امداد باہمی کو کچھ سال ادھر سے اس امر کا احساس ہوا ہے کہ دیہی پیداوار کی فروخت کا انتظام ہی دیہات کی خوشحالی اور بہبود کے کل مسئلے کا اساسی حل ہے؛ اور فروخت بہ امداد باہمی کی تحریک ہندوستان میں کسی حد تک ترقی کر چکی ہے۔ چنانچہ اولیت کا سہرا برما کے سر ہے کہ وہاں چاول فروخت کرنے کی مشترکہ انجمنوں کا افتتاح عمل میں آیا ہے۔ لیکن سب سے زیادہ امید افزا ترقی بمبئی جیسے صوبوں میں روئی کی فروخت سے ہوئی ہے چنانچہ بمبئی صوبہ متوسط اور پنجاب میں روئی کی فروخت کی انجمنیں کھولی گئی ہیں۔ اب تک اس تحریک نے سب سے نمایاں کامیابی، احاطہ بمبئی میں حاصل کی ہے اور یہاں کے چار بڑے علاقوں میں روئی کی فروخت کی انجمنیں قایم ہیں۔ 275

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ جلد دوم حصہ دوم۔ صفحہ ۱۱۰۔

باب ۵

(۱) دھاڑواڑ اور بلگام، (۲) بیجاپور، (۳) سورت، بروچ اور کیرا، (۴) خاندیس۔ پہلے اور تیسرے علاقے کی انجمنیں سب سے اہم ہیں۔ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں کپاس کی فروخت کی کل ۲۸ انجمنیں تھیں جن کے کاروبار کی قیمت کا اندازہ تقریباً ۲۵ لاکھ روپیہ کیا گیا تھا[1]۔ آج کل دوسرے مختلف قسم کے نظامات کی بھی آزمائش کی جارہی ہے:- (۱) وہ انجمنیں جو اپنے ارکان کی پیداوار کو اکٹھا کرتی ہیں، بنولے اوٹنے کا انتظام کرتی ہیں اور کپاس اوٹنے اور اس کے گانٹھ یا بورے تیار کرنے کے بعد فروخت کرتی ہیں؛ (۲) وہ انجمنیں جو مختلف قسموں یا درجوں کی کپاس کے میعادی نیلام کا انتظام کرتی ہیں اور ہر ایک کو اس کی پیداوار کی فروخت کے حساب سے قیمت ادا کر دی جاتی ہے؛ (۳) امداد باہمی کی کمیشن کی دوکانیں جو پیداوار کا ذخیرہ کرتی ہیں، تاکہ کسان کسی آڑے وقت فروخت کرنے پر مجبور نہ ہو؛ اس قسم کی انجمنوں کی پنجاب میں آزمائش کی جارہی ہے[2]؛ اور (۴) امداد باہمی کے طریق پر بنولے اوٹنا اور تخم سبھاؤں کا اپنے ارکان کی کپاس کو فروخت کرنا۔ یہ سبھائیں زیادہ تر خالص تخم کی پیدائش کی غرض سے قائم ہوئی ہیں، اور ان کے متعلق یہ مشکل خیال کیا جاسکتا ہے کہ وہ روئی کی فروخت کے حقیقی مسئلے سے تعلق رکھتی ہیں۔ پہلی قسم کی انجمن ہی وہ واحد انجمن ہے جو چھوٹے بیج والے کو پوری طرح ہٹا دینے کی سنجیدہ و سرگرم کوشش کرتی ہے اور اس کو سورت کے ضلع میں کسی حد تک کامیابی ہوئی ہے؛ اس کے برخلاف دوسری قسم کی انجمن زیادہ تر ضلع دھاڑواڑ میں کام کر رہی ہے اور اس کے اہم مرکز گدگ اور ہبلی ہیں۔

لیکن یہ سب کچھ کہنے اور کرنے کے باوجود فروخت بہ امداد باہمی کی تنظیم کی ترقی اپنی سب سے نمایاں شکل یعنی کپاس کے بارے میں بھی بہت زیادہ تیز رفتار

---

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "انجمن ہائے امداد باہمی کے کام کی سالانہ رپورٹ بمبئی" (۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء)

[2] موجودہ زمانے میں کمیشن کی دوکانیں کچی الجھت کا کاروبار کرتی ہیں اور اس طرح فروخت بہ امداد باہمی کے طریق پر اس کی سادہ ترین شکل میں کاروبار کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ دیکھو پنجاب کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ نقرہ (۸۹)

باب ۱

نہیں رہی ہے۔ اور نہ یہ تنظیم سود، انتظام، ارکان پر پورا قابو رکھنے کی ناکامی (اس لیے کہ ان کو اپنی کپاس انجمنوں کے توسط سے فروخت کرنے پر قانوناً مجبور نہیں کیا جاسکتا) ناکافی سرمایۂ خاص کر کسانوں کو پیشگی زر فوراً ملنے میں رکاوٹیں جیسے شدید نقائص سے بالکل خالی ہے۔ ان سب نقائص کو دور کرنا چاہیئے، تحریک کی اعلیٰ پیمانے پر تنظیم کرنی چاہیئے اور اس کو ہنرمندی کے ساتھ چلانا چاہیئے تاکہ وہ دلالوں، آڑھتیوں اور دوسرے بیچ والوں کے طاقتور حقوق قائم سے مقابلہ کرسکے[1]۔ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی یہ سفارش کرتی ہے کہ صوبہ واری حکومتوں کو چاہیئے کہ فروخت بہ امداد باہمی کی انجمنوں کی نشوونما کی غرض سے امداد باہمی کے بنکوں کو رعایتی شرح سود پر پیشگیاں ادا کریں[2]۔

فروخت بہ امداد باہمی کے اصول کو دوسری قسموں کی زرعی پیداوار مثلاً گڑ، تمباکو، مرچ، چاول، اور آلو کے بارے میں بھی وسیع کیا گیا ہے؛ چنانچہ گڑ کی فروخت کے بارے میں اچھا خاصا عمدہ انتظام خاص کر احاطۂ بمبئی کے نہری علاقوں میں موجود ہے۔ علیٰ ہذا بنگال میں سن کو امداد باہمی کے طریق پر فروخت کرنے کے بارے میں تجربے کیے جارہے ہیں اور یہ تحریک بڑے امکانات رکھتی ہے۔ تقریباً بارہ انجمنیں عمدگی سے کام کر رہی ہیں اور ان سب کی فروخت کی ایک مشترکہ ایجنسی بنام تھوک فروش انجمن کلکتہ[3] موجود ہے۔ سن تمام تر رعیت سے خریدا جاتا ہے خواہ براہ راست یا بیوپاریوں کے ذریعے سے اور اس کی قیمت متعلقہ انجمن کی وساطت سے ادا کی جاتی اور قرضہ دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد سن کو یا تو کلکتے کی گرنی کے تفویض کیا جاتا ہے یا برآمد کرنے والی فرم کو دیا جاتا ہے جس کے ہاتھ اسے امداد باہمی کی تھوک فروش انجمن کے ذریعے سے فروخت کیا جاچکا ہے۔ فروخت کی تحریک خاص کر بمبئی کرناٹک میں اپنے پیر جما چکی ہے، چنانچہ یہاں کپاس کی فروخت کی انجمنوں کے علاوہ ایک ایک انجمن فروخت بمقام بیادگی (دھاڑواڑ مرچوں کے لیے، بمقام پناتی (بلگام) تمباکو کے لیے، بمقام سرسی اور کمپٹا (شمالی کنڑا) چھالیہ کے لیے،

276

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ (روئداد و شہادت) جلد دوم حصہ دوم صہ ۲۲ تا صہ ۳۱

[2] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۲۹۳)

[3] (Calicutta Wholesale Society)

باب ۳

اور بمقام آلور (دھارواڑ) چاول کے لیے قائم ہے[1]

۲۲۔ فروخت کے انتظام کی اصلاح و ترقی کی بعض شکلیں

جدید صنعت یہ چاہتی ہے کہ مال نمونے کے بالکل مطابق بھیجا جائے اور ہر سال یکسانی کے ساتھ مہیا رہے۔ چنانچہ جس وقت تک یہ شرائط پورے نہ ہوں اس وقت تک پیداوار دور کے مقاموں پر رہنے والے گاہکوں کے ہاتھ بڑے پیمانے پر فروخت نہیں کی جاسکتی جس سے کسان کو انتہائی ممکنہ فائدہ ہو۔ موجودہ زمانے میں کئی خرابیاں پائی جاتی ہیں، مثلاً جنس کو جھگونا اور اس میں آمیزش کرنا، نہ صرف غلہ کوٹنے کے مقام پر بلکہ دلالوں اور بیوپاریوں کے گوداموں میں بھی۔ یہ محسوس کیا گیا ہے کہ ان خرابیوں کو دور کرنے کے لیے قانون وضع کرنا ضروری ہے۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے ہندوستانی مرکزی کپاس کمیٹی کی سفارش پر کپاس کی نقل و حمل کا قانون اور روئی اوٹنے اور دبانے کے کارخانوں کا قانون علی الترتیب ۱۹۲۳ء اور ۱۹۲۵ء میں منظور کیے گئے۔ اول الذکر قانون کے تحت (جس کا اطلاق موجودہ زمانے میں احاطہ ہائے مدراس و بمبئی اور بڑودہ، راج پیپلا اور اندور کی ریاستوں کے اہم کپاس کے رقبوں پر ہوتا ہے) صوبہ واری حکومت اس قابل ہوتی ہے کہ حفاظت کی غرض سے کپاس کے معین رقبوں کا اعلان کرے اور بجز اجازت ناموں کے تحت ان رقبوں کے باہر سے کپاس کی درآمد کو روکے۔ اس قانون کا مقصد یہ تھا کہ گھٹیا کپاس کو جو آمیزش کے اغراض کے لیے درآمد کی جاتی تھی اور جس کے نتیجے کے طور پر کپاس کی کئی قیمتی انواع کی نیک نامی خاک میں مل گئی تھی، محفوظ علاقے میں داخل ہونے سے روکا جائے۔ روئی اوٹنے اور دبانے کے کارخانوں کا قانون، جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے، اول الذکر قانون کا ضمنی نتیجہ ہے اور اس کے تحت بنولے اوٹنے اور روئی دبانے کے کارخانوں کی کسی حد تک نگرانی اور روئی کی تمام گانٹھوں پر دبائی کے نشان اور سلسلے کے اعداد بنانے کا انتظام کیا گیا ہے، تاکہ ان کے منبع کا سراغ لگانے میں سہولت ہو۔ کپاس کے متعلق

277

---

[1] دیکھو پی سنہا کا مضمون "فروخت بامداد باہمی" پرنیز انڈین جرنل آف اکنامکس بابت جنوری ۱۹۲۶ء اور بنگال کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۶۹ و ۱۸۲۔

باب

ایک خیر اقاموں بھی ہے جس کے بازاروں کا قانون بابت ۱۹۲۷ء[1] کے نام سے وضع کیا گیا ہے جو اگرچہ برار کے نمونے (یعنی برار کے کپاس اور غلے کے بازاروں کے قانون ۱۹۳۰ء[2]) پر مبنی ہے لیکن بعض اعتبار سے اس سے بھی آگے بڑھا ہوا ہے۔ یہ قانون اختیاری نوعیت رکھتا ہے اور کپاس کے کھلے بازاروں کے سلسلہ کی اجازت دیتا ہے جہاں کسان کی لائی ہوئی بے گانٹھ کی روئی کی تجارت مناسب ضوابط اور قواعد کے تحت ہوتی ہے۔ ان قواعد وضوابط کی پابندی کی نگرانی بازار کی کمیٹی کرتی ہے جس میں کسانوں کی نمایندگی ہوتی ہے۔ اس طرح ناجائز بہاؤں جمع لے ناپ تول اور ناواجب طور پر ادنیٰ قیمتوں کے طریقے جو کسان کی معاملے طے کرنے کی قوت کے فقدان اور جہالت کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں ان سے کسان کو بچانے کے لیے قواعد وضع کیے گئے ہیں۔ چنانچہ ان کے عملدرآمد کے باعث کسان اپنے موافق معاملہ طے کرنے کی توقع کر سکتا ہے۔ ایک اور فائدہ یہ ہے کہ ایسی تنظیم کی بدولت کسان کو خریداروں کی بڑی تعداد سے وہ تقرب حاصل ہو جاتا ہے جس کو کھلے بازاروں کی فروخت فروغ دیتی ہے۔ دوسرے صوبوں میں بھی ایسے منظم بازاروں کی تجویز کی تقلید فائدے کے ساتھ کی جا سکتی ہے۔

یہ ظاہر امر ہے کہ پہلے روئی کے بارے ہی میں فروخت کی باقاعدہ تنظیم کی ترقی کی جانب توجہ مبذول کی جاتی اس لیے کہ روئی ہی اہم ترین تجارتی پیداوار ہے۔ لیکن مناسب یہ ہے کہ اس اصول کو دوسری پیداواروں کی حد تک بھی وسیع کیا جائے۔ بازار کی موجودہ تنظیم میں سب سے بڑا نقص یہ ہے کہ فروخت کے حالات وشرائط مثلاً پیداوار اکٹھا کرنے، ذخیرہ کرنے، دھونے، اس میں الٹ پھیر کرنے اور ہر منزل میں قیمتوں کی ترکیب کا مفصل تجزیہ کرنے کے بارے میں معلومات کا فقدان ہے۔ اس قسم کی معلومات فہرست کے انتظام کی اصلاح وترقی کی اطمینان بخش پالیسی مرتب کرنے کے لیے ضروری ہے۔ ہندوستانی مرکزی کپاس کمیٹی نے کچھ سال پیشتر (۱۹۲۵ء تا ۱۹۲۶ء) میں کسانوں کی کپاس کی فروخت اور مالی امداد کے بارے میں کسی حد تک تحقیقات کی ہے اور ان کی رپورٹیں قابل قدر معلومات سے

---

[1] Bombay cotton Act.

[2] Berar cotton & Grain Market Act.

باب ۱

پر ہیں[1] زرعی کمیشن نے فروخت کے متعلق تحقیق کرنے اور مطلوبہ عملے کی تربیت کرنے کی ضرورت پر شد و مد کے ساتھ زور دیا۔ اس نے یہ سفارش کی کہ صوبے میں محکمۂ زراعت کے تحت فروخت کے انتظام کے لیے ماہر افسر کا تقرر کیا جائے[2]۔ بنک کاری کی مختلف صوبہ واری کمیٹیوں نے جن میں حیدرآباد جیسی بعض دیسی ریاستیں بھی شامل ہیں مختلف صوبوں کے فروخت کے حالات و انتظامات پر بہت کچھ توجہ دی ہے، اور ان کی رپورٹیں ہندوستان کے مختلف علاقوں کے فروخت کے متعدد مسائل پر بہت کچھ روشنی ڈالتی اور تبلائی ہیں کہ فروخت کے انتظام کے حالات مختلف صوبوں میں اور مختلف
278 قسموں کی پیداوار کے لیے ایک ہی صوبے میں کس طرح مختلف ہیں۔ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی یہ سفارش کرتی ہے کہ صوبہ واری حکومتوں کو چاہیے کہ ہر صوبے میں آئین و قوانین وضع کر کے منظم بازار تیار کرنے کی غرض سے صوبہ واری محکمہ جات فروخت قائم کرنے کی تجاویز کو جانچیں۔ صوبہ واری محکمہ جات فروخت کو دوسرے کئی اہم فرائض بھی انجام دینے پڑیں گے۔ مثلاً گودام اور مال گھر تعمیر کرنے اور فروخت پر امداد باہمی کا انتظام کرنے کی تجاویز کی ہمت افزائی کرنا، گھریلو صنعتوں کی پیداوار کے فروخت کرنے میں مدد دینا اور مختلف پیداواروں کے رعیت کے ہاتھ سے آخری بازار تک منتقل ہونے میں ان کی فروخت کے حالات و شرائط متعین کرتے ہیں ان کی تحقیق کرنا۔ اس انتظام فروخت (مارکٹنگ) افسر کا ان محکموں سے بہت ہی قریبی تعلق ہوگا۔ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی نے اس بات پر بھی مزید زور دیا کہ صوبہ واری فروخت کے محکموں کے اعمال و افعال میں اتحاد و نظم پیدا کرنے کی غرض سے خاص کر بیرونی ممالک کو برآمد کی جانے والی زرعی پیداوار کے بارے میں کسی نہ کسی مرکزی ایجنسی کا ہونا ضروری ہے تاکہ وہ صوبائی نظامات کو مشورے اور تحقیق کی شکل میں مدد دے سکے۔ زرعی تحقیق کی شاہی کمیشن اس کام کو اگر ضرورت ہو تو ایک علیحدہ محکمے کے

---

[1] دیکھو مرکزی ہندوستانی کپاس کمیٹی کی عام رپورٹ اور انفرادی رپورٹیں، ساؤں کی کپاس کی فروخت اور مالی امداد کی آٹھ تحقیقاتوں کے بارے میں۔

[2] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، فقرات ۳۴۷ و ۳۴۸۔

ب

ذریعے سے اچھی طرح انجام دے سکتی ہے۔[1]

۲۳۔ فروخت کا جدید انتظام

اگرچہ صوبائی حکومتوں نے ان سفارشوں کو منظور کر لیا جو رائل کمیشن نے بازار کی تحقیق اور صوبہ داری محکمہ جات زراعت میں فروخت کے ماہر عہدہ داروں کے تقرر کے بارے میں پیش کی تھیں، لیکن مالی مشکلات نے ان حکومتوں کو معقول ترقی کرنے سے باز رکھا۔ حکومت ہند اس نتیجے پر پہنچی کہ مالی مشکلات کے زمانے میں اس مسئلے کے کل ہند پہلوؤں پر غور کرنے کی غرض سے مرکزی حکومت کی آمدنی سے رقم خرچ کرنا اس واقعے کے مدنظر حق بجانب تھا کہ زرعی پیداوار کی فروخت کے انتظام کی اصلاح و ترقی ملک کی عام معاشی بحالی کے حق میں مفید ثابت ہوتی ہے۔ ہندوستان کے مستقبل کی حفاظت کی خاطر بھی ایسا کرنا ضروری تھا، اس لیے کہ غیر ملکی مسابقت اپنی شدید صورت میں موجود تھی اور مسابقتی ملکوں کی جدید سائنسی اور معاشی ترقیوں کے نتیجے کے طور پر محسوس کی جا رہی تھی۔ غرض صوبائی حکومتوں سے اور زرعی تحقیق کی شاہی کونسل کی مجلس مشاورت سے مشورہ کرنے کے بعد حکومت ہند نے نئی سمت میں پہلا قدم یہ اٹھایا کہ اپریل ۱۹۳۴ء میں مسٹر اے ایم لونگ سٹون کو جو برطانیہ کی وزارت زراعت کے شعبۂ فروخت کے سینیر عہدہ دار تھے، زرعی تحقیقاتی کونسل کا مشیر زراعت برائے فروخت مقرر کیا۔ زرعی پیداوار کی فروخت کا مسئلہ صوبہ دار معاشی کانفرنس میں بھی زیر غور رہا جو اپریل ۱۹۳۴ء میں منعقد ہوئی، اور اس بات پر عام طور پر اتفاق کیا گیا کہ زرعی پیداوار (صرف فصلوں کی پیداوار نہیں بلکہ مویشیوں کی پیداوار) 279

[1] بکنگھم کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرات (۲۸۴ تا ۲۸۶) ۲۸۹۰۔ کمیٹی یہ بھی سفارش کرتی ہے کہ جرمنی اور اکثر دوسرے ممالک کی طرح یہاں بھی صوبہ داری یا علاقہ داری بنیاد پر ایوان ہائے زراعت قائم کیے جائیں۔ یہ ایوان ایک ایسے مشترکہ بحث مباحثے کے مقام کا کام دیں گے جہاں ماہران زراعت، زرعی، مالیہ، پیدائش اور فروخت کے متعلق مسائل پر اپنے خیالات کے اظہار اور غور و فکر کے بعد صنعت کی ترقی کے بارے میں عمدہ راہ عمل تیار کر سکیں گے۔

باب

کی فروخت کی سہولتیں مہیا کرنے کے لئے ایک تدریجی پروگرام تیار کیا جائے اس لئے کہ اس کے متعلق یہ توقع تھی کہ اس سے بہترین ممکنہ نتائج پیدا ہوں گے۔ کانفرنس نے حسب ذیل طریقوں پر کام کرنے کی سفارش کی:۔ ہندوستانی پیداوار کے لیے غیر ملکی بازاروں میں معلومات کی اشاعت اور پروپگنڈا، اہم اور خاص پیداواروں کی درجہ بندی، ان کا ذخیرہ کرنے اور ڈھلوائی کا انتظام، گلنے سڑنے والی چیزوں کے لیے خاص بازار کا انتظام، ہندوستان کے اندر اور باہر کے صارفوں کی ضرورتوں کی اطلاع ہندوستان کے پیداکنندوں کو، پیدائش کی تنظیم خوبی اور طلب کی بنیاد پر، منظم بازاروں کا قائم کرنا اور ترقی دینا، ہندوستان بھر کے لیے ایک مشترک خاکہ مرتب کرنے اور پوری طرح منظم "مستقبل" کے بازاروں، ایشیا کے صرافوں اور ذخیرہ گھروں کو قائم کرنے کی غرض سے بازاروں کی تحقیق کرنا۔ حکومت ہند نے ایک قرارداد میں جو ۵ مئی ۱۹۳۴ء کو جاری کی گئی پیداوار کی فروخت کے انتظام کے بارے میں کانفرنس کی سفارش کے مطابق اپنی جدید پالیسی کا اعلان کیا تاکہ مختلف صوبے اور دیسی ریاستیں مل کر اس پر عمل کریں[1] اس غرض کے لیے انتظام فروخت کا مرکزی اور صوبہ واری عملہ بھی مقرر ہو چکا ہے۔ مرکزی عملے میں زرعی پیداوار کی فروخت کے لیے ایک مشیر، سات بیمہ افسران فروخت اور دس مددگار ان افسر فروخت شامل ہیں۔ صوبہ واری عملہ ایک بیمہ افسر فروخت اور جونیر افسران فروخت پر مشتمل ہے۔ مرکزی حکومت دو لاکھ روپے سالانہ کے صوبائی مصارف ۵ سال کی مدت کے لیے برداشت کرے گی۔

مرکزی اور صوبائی عملہ فروخت مشترکہ طور پر جو کام انجام دیں گے وہ تین بڑی قسموں میں تقسیم ہوتا ہے: (۱) تحقیقاتی کام؛ (۲) اصلاح و ترقی کا کام؛ اور (۳) درجہ واری معیار بندی کا کام۔ تحقیقاتی کام میں اناج، روغن دار تخم

[1] ۔ اس جدید پالسی میں شاہی زرعی کمیشن کی ان سفارشوں پر بسیط حد تک عمل کرا گیا ہے جن کو مرکزی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی نے عام طور پر پسند کیا تھا۔

باب

تمباکو، ریشے اور میوے جیسی زیادہ اہم اشیا اور حیوانات اور شیر خانے کی پیداوار اور مویشیوں کی فروخت کے متعلق سلسلہ وار تحقیق شامل ہے۔ بعض عام مسائل مثلاً منظم بازاروں، اشیا کی نقل و حمل، ان کے ذخیرہ کرنے اور محفوظ رکھنے کے مسائل کو بھی شامل کر لیا گیا ہے۔ جس وقت فروخت کے حالات کی تحقیق مکمل ہو جائے گی اس وقت یہ بات مفصل طور پر معلوم ہو گی کہ انفرادی طور پر تمام صوبوں کے بارے میں اور مختلف صوبوں اور مختلف ریاستوں کے درمیان متعلقہ اشیا کی فروخت کا موجودہ طریقہ کیا ہے اور ان کی تجارت خارجہ کی 280
کیا حالت ہے، اور اس طرح کل ہندوستان کے موجودہ حالات کا نقش اور اس کی مستقبل ترقی کی ایک مشترکہ بنیاد ہمارے سامنے ہو گی۔ فروخت کے حالات کی تحقیقاتی رپورٹوں میں ضروری اور قابل عمل اصلاح و ترقی کے متعلق تجاویز بھی پیش کی جائیں گی جن کو عملی جامہ پہنانے کا کام مرکزی و صوبائی عملہ ہائے فروخت کے درمیان تقسیم ہو گا؛ اور تحقیقات کے خاکے کی تیاری، مواد کی فراہمی اور نتائج کی ترتیب کا کام مرکزی عملے کے متعلق ہو گا۔ رہا نشو و نما اور ترقی کا کام تو ظاہر ہے کہ اس کا انحصار فروخت کے حالات کی تحقیقات کے نتائج پر ہو گا، اور اس میں صارفوں کی ضرورتوں سے پیدا کنندوں اور تاجروں کو باخبر رکھنے کی غرض سے پیش کی ہوئی سفارشوں میں سے کسی کا مظاہرہ، اور معیاری قسموں اور معیاری ناپ تول کا رواج وغیرہ شامل ہو گا۔ بعض صورتوں میں انڈوں اور میووں جیسی اشیا کے بحفاظت روانہ کرنے کے چھوٹے اسٹیشن قایم کیے جا سکتے ہیں تاکہ اس بات کا مظاہرہ کیا جائے کہ چھوٹی بڑی اشیا کو چھانٹ کر الگ کرنے، مختلف درجے اور قسمیں قائم کرنے، اور ان کو بحفاظت بند کر کے بھیجنے کا کیا طریقہ ہے اور نئے معیار اور اوزان سے کام لینے کے تجارتی فوائد کیا ہیں۔ ہر شئے کی نشو و نما و ترقی کا کام زیادہ تر صوبائی عملۂ فروخت کو کرنا پڑے گا۔ درجہ واری معیار بندی کا کام فنی نوعیت کا ہو گا جو روغن دار تخموں، غلہ، میوہ وغیرہ جیسی پیداوار کی طبیعی اور کیمیائی خصوصیات، اور عملی حالات کے تحت درجہ بندی کے طریقے اور ساز و سامان

باب

کے متعلق ہوگا۔ یہ امر اطمینان بخش ہے کہ اکثر ہندوستانی ریاستوں نے بھی زرعی پیداوار کی فروخت کے انتظام کی اصلاح و ترقی کے بارے میں اپنے تعاون کا پیشکش دیا ہے۔ یہ توقع کی جاتی ہے کہ اس طرح جو عظیم الشان متحدہ کوشش شروع کی گئی ہے یقینی طور پر ایسے نتائج پیدا کرے گی جو ہندوستانی کسان کے حق میں بڑی حد تک مفید ہوں گے[1]

۲۴۔ ذخیرہ گھروں اور معیاری اوزان اور پیمانوں وغیرہ کی ضرورت

فروخت کے انتظام کی ایک اور اصلاح و ترقی اس طرح ہو سکتی ہے کہ اشیا ذخیرہ کرنے کے لیے مناسب سہولتیں مہیا کی جائیں، کسانوں کو ذخیرہ گھر کے صداقت نامے جاری کیے جائیں، اور ان کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ ان صداقت ناموں کی کفالت پر امداد باہمی کے بنکوں اور دوسرے بنکوں سے پیشگیاں حاصل کر سکیں۔ اس کی بدولت کسان اپنی پیداوار کو قیمتوں میں موافق تغیر ہونے تک اپنے پاس رکھنے کے قابل ہو جائے گا۔ اس سلسلے میں ہم اجازت یافتہ مال گھروں کے امریکن طریق پر اور چھوٹے کسانوں کی امداد کی غرض سے کپاس کی ضمانت و کفالت پر قرضے دینے کی مصری تجویز پر توجہ مبذول کرانا چاہتے ہیں[2] بنک کاری کی مختلف صوبہ داری کمیٹیوں کی رپورٹیں، ہندوستانی حالات کے بارے میں ان دونوں تجاویز کا اطلاق کرنے کے مسئلے پر بہت کچھ روشنی ڈالتی ہیں اور ذخیرہ گھروں کو اجازت دینے اور دوسرے طریقوں سے ان کی نگرانی کرنے کے لیے قانون وضع کرنے کے بارے میں مختلف رائیں پیش کرتی ہیں؛ مثلاً پنجاب کی کمیٹی یہ رائے ظاہر کرتی ہے کہ بزمانۂ موجودہ ذخیرہ گھروں کا قیام قبل از وقت ہے، لیکن ممکن ہے کہ 281

[1] دیکھو حکومت ہند کا رزولوشن مورخہ ۵ مئی ۱۹۳۵ء ایک رپورٹ بنام "روئیداد صوبائی معاشی کانفرنس" شائع شدہ ۱۹۳۴ء؛ اور "انڈین ایر بک" شائع شدہ ۱۹۳۵ء صفحہ ۳۰۴۔

[2] دیکھو یادداشت جو چھوٹے کسان کی امداد کی غرض سے کپاس کی کفالت پر قرضے دینے کی مصری تجویز کے بارے میں پیش کی گئی تھی اور جس پر ہندوستانی مرکزی کپاس کمیٹی نے جولائی ۱۹۲۹ء میں غور کیا تھا۔

باب

آئندہ پیل کرانے کی ضرورت ہوگی۔[1] اس کے خلاف بمبئی کی کمیٹی یہ سفارش کرتی ہے کہ آزمایش اور ابتدا کے طور پر چند اہم مرکزوں میں اجازت یافتہ ذخیرہ گھر قایم کیے جائیں۔[2] بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی اس سلسلے میں کئی مفید سفارشیں پیش کرتی ہے۔ وہ یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ صوبہ وار حکومتوں کو چاہیئے کہ خانگی ایجنسیوں کے ذریعے سے ذخیرہ گھر مہیا کرنے، ان کو اجازت عطا کرنے اور ان کی تعمیر کی غرض سے سرمایہ فراہم کرنے کے سلسلے کو اپنے ہاتھوں میں لیں، اور زرعی تحقیقات کی شاہی کونسل کو چاہیئے کہ ان حکومتوں کے ساتھ تعامل اور تعاون کرے۔ ریلوں کے ذخیرہ گھر قائم کرنے کا مسئلہ ریلوے بورڈ کے زیر انتظام طے ہونا چاہیئے اور ہندوستانی ریلوں سے استدعا کرنی چاہیئے کہ وہ منتخب مرکزوں میں تجربوں کا آغاز کریں۔ صوبہ واری حکومتوں کو چاہیئے کہ انجمن ہائے امداد باہمی کو رعایتی شرح سود پر طویل مدت کے قرضے دیں تاکہ وہ ایسے مرکزوں میں گودام تعمیر کر سکیں جو اچھی منڈیوں کا کام دیں۔[3] عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ ہندوستان میں "مصر کی کپاس کی اسکیم" کو اختیار کرنا قبل از وقت ہے؛ اس لیے کہ اول تو مصر ہی میں اس کا افادہ بین طور پر ظاہر نہیں ہوا ہے اور دوسرے یہ کہ موجودہ حالات میں یہ ہرگز مناسب نہیں ہے کہ چھوٹے کسان کی ہمت افزائی کی جائے کہ وہ اپنی پیداوار کو قیمت بڑھنے کی امید میں بڑی مدت تک روک رکھے۔[4]

ایک اور بہت ہی ضروری اصلاح اوزان اور پیمانوں کی معیاریت ہے۔ چنانچہ اس پر زرعی کمیشن، مختلف صوبوں کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹیوں اور بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی نے بہت زور دیا ہے۔ اس سلسلے میں صوبہ متوسط کے "اوزان اور پیمانوں کے قانون" منظورہ ۱۹۱۲ء کی جانب توجہ مبذول کرانا

---

[1] دیکھو پنجاب کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۹۲)

[2] دیکھو بمبئی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۱۵۱)

[3] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۲۷۹ تا ۲۸۲)

[4] دیکھو پنجاب کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۹۳) اور صوبہ متوسط و برار کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۱۰۸۵)۔

باب ۵ مناسب ہوگا جس میں اوزان اور پیمانوں کی اکائیاں مقرر کی گئی ہیں اور حکومت کو مجاز گردانا گیا ہے کہ اس قانون کے اغراض کے لیے خاص رقبوں کا اعلان کر کے معیارات قائم کرے۔ حال ہی میں (یعنی ۱۹۳۵ء میں) اس قسم کا ایک قانون احاطۂ بمبئی میں بھی نافذ ہوا ہے۔ صوبۂ متوسط کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی اس تجویز کو پسند کرتے ہوئے یہ توقع ظاہر کرتی ہے کہ حکومت کے لیے یہ ممکن ہوگا کہ وہ جملہ دیہی حکام کو معیاری اوزان اور پیمانے مہیا کرے اور اگر ضرورت ہو تو اس غرض کے لیے خفیف سا محصول (ابواب) بھی عائد کرے۔[1]

282 غلہ کے "بالاگودام"[2] کے طریقے کے بارے میں یہاں کچھ کہنا مناسب ہوگا۔ بالاگودام لازمی طور پر ایک درجہ داری گودام ہے، اور اس کی تعریف حسب ذیل کی گئی ہے:۔ "وہ ایک شفاخانہ ہے بھیگے ہوئے غلے کو خشک کرنے، خس و خاشاک سے پاک کرنے، کونپلوں سے کاٹ چھانٹ کر الگ کرنے، گلے سڑے غلے کو صاف کرنے، اس کی ظاہری شکل کی اصلاح و ترقی کی غرض سے اس کو موسمی حالات کے مطابق رکھنے اور اس کے اوصاف برقرار رکھنے کا"۔ دوسرے الفاظ میں بالاگودام میں غلے کو خاص کر بین الاقوامی تجارت کے نقطۂ نظر سے اور کسان کے بیش ترین فائدے کے زاویۂ نگاہ سے پوری طرح قابل فروخت حالت میں رکھا جاتا ہے۔ کھلے مال اور ڈھیروں کے ڈھونے کے طریقے کے رواج، چھکڑوں کی زود روی اور غالباً سال تمام آمد و رفت کی زیادہ مساویانہ تقسیم کی بدولت گودام کے انتظام اور کام میں بڑی حد تک کفایت ہوتی ہے۔ موجودہ زمانے میں ہندوستان میں صرف ایک ہی بالاگودام ہے جو ضلع لیال پور پنجاب میں واقع ہے۔ حکومت نے خاص کر حال کے اس تجربے کے مدنظر کہ غلے کے موسم میں ریلوں پر یورش ہوتی ہے ہندوستانی غلے کو مناسب طریقے پر رکھنے کے مسئلے کو اپنے ہاتھ میں لیا ہے۔

تجارت برآمد کی حد تک زرعی کمیشن جدید وضع کے بالاگودام کے طریقے کو رائج

---

[1] دیکھو صوبۂ متوسط و برار کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۱۰۶)۔

[2] (Elevator)

باب

کرنے کی تائید نہیں کرتا، خاص کر اس امر کے مدنظر کہ بڑی جنگ کے بعد کے زمانے میں کراچی سے گیہوں کی برآمد (جو سب غلوں سے زیادہ متاثر ہوا) بہت کم ہوگئی۔ اس طریقے کے مصارف بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں ہندوستانی گیہوں کی مانگ جون اور جولائی میں بہت ... ہوتی ہے اس لیے کہ وہ اس زمانے میں دوسرے ذرائع سے آنے والی رسد کی ... ہے۔ اس لحاظ سے جدید وضع کے بالاگودام کا طریقہ پورے سال میں برآمد ... میں نہیں رکھ سکتا۔ تجارت داخلہ کی حد تک کمیشن مذکور بتلاتا ہے کہ ... کے زرعی اور تجارتی پہلوؤں کی کافی جانچ نہیں کی گئی ہے۔ کسانوں کی ناخواندگی، ... کی کثیل اور منتشر پیداوار، مطلوبہ قسموں کی بڑی تعداد اور ذیلی عملے کی نگرانی و تربیت کی مشکلات یہ سب زبردست رکاوٹ پیدا کرتی ہیں۔ ممکن ہے کہ بند سکھر اور پنجاب کی آب رسانی کی مختلف تجاویز مکمل ہو جانے کے بعد جدید وضع کے بالاگودام کا طریقہ قابل عمل بن جائے[1]

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ (۳۴۴)۔

باب ۹

دیہی قرض داری

283

۱۔ دیہی قرضداری ایک نازک اور اہم مسئلہ ہے

زمین کی زرخیزی، محنت کی افراط اور معتدبہ موروثی زرعی مہارت کے اعتبار سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قدرت نے ہندوستان کو ایک خوش حال زرعی ملک بنایا ہے۔ تاہم ہندوستانی زراعت بہت ہی پسماندہ حالت میں ہے اور ہندوستان کے متوسط درجے کے کسان کی حالت نہایت خستہ و خراب ہے۔ یہ بات عام طور پر تسلیم کرلی گئی ہے کہ اس صورت حال کے اہم اسباب میں سے ایک یہ ہے کہ قرضوں کا بوجھ اسے پیسے ڈال رہا ہے۔ جیسا کہ مسٹر نیگ، ولف لکھتے ہیں:۔ "سارا ملک مہاجن کے پنجے میں پھنسا ہوا ہے؛ اور قرضے کی زنجیریں زراعت کی راہ میں رکاوٹ پیدا کررہی ہیں"[1] بھاری قرض داری، جس کا بڑا حصہ غیر پیداآور ہے، ہر جہت میں اصلاح و ترقی کو روکتا ہے اور ہندوستان کی زرعی معیشت کے اہم ترین مسائل میں سے ایک ہے۔

---

[1] دیکھو۔ نیگ، ولف کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں امداد باہمی" صہ ۳۔

باب ۹

۲۔ قرضداری کی وسعت: ابتدائی تحقیقات

۱۸۷۵ء میں دکن کا بلوہ کمیشن، ضلع احمد نگر واقع بمبئی کے بارہ مواضع کی صورت حال کا تجزیہ کرتے ہوئے اس نتیجے پر پہنچا کہ سرکاری زمین کے قابضوں کا ایک تہائی حصہ قرضے کی زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا، یہ کہ ان قرضوں کی مقدار کا اوسط مشخصہ آمدنی سے اٹھارہ گنا زیادہ تھا، دو تہائی قرضہ زمین کو رہن کرکے حاصل کیا گیا تھا اور قرضے کی اوسط مقدار فی قابض ۲۷۱ روپیہ تھی۔

۱۸۸۰ء کے قحط کمیشن نے ہندوستان کے طول و عرض سے شہادتیں فراہم کرکے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ زمینداروں کی جماعت کا ایک تہائی حصہ قرض کے جال میں پھنسا ہوا تھا جس سے اس کا نکلنا غیر ممکن تھا، اور کم از کم اسی کے مساوی تعداد اگرچہ قرضے میں مبتلا تھی، لیکن اس کی حالت ایسی نہ تھی کہ وہ خود کو سنبھال نہ سکتی۔ ۱۸۹۵ء میں سر فریڈرک نکل سن نے یہ اندازہ کیا تھا کہ مدراس کے دیہی قرضے کی مجموعی مقدار ۴۵ کروڑ روپیہ تھی۔

۱۹۰۱ء کا قحط کمیشن اس نتیجے پر پہنچا کہ بمبئی کے کسانوں کی ایک چوتھائی تعداد اپنی زمینوں کی ملکیت سے محروم ہوگئی تھی، $\frac{1}{5}$ سے کچھ ہی کم تعداد قرضے سے بچی ہوئی تھی اور باقی سب کم و بیش قرضوں میں مبتلا تھے۔

سر ایڈورڈ میک لاگن نے نکل سن کے مدراس کے اندازے کی بنیاد پر یہ اندازہ لگایا کہ برطانوی ہند کی زرعی قرضداری کی مجموعی مقدار ۳۰ کروڑ روپیہ تھی۔ ام، ال، ڈارلنگ تیس سال سے زائد مدت پیشتر کے مدراس کے عدد کے مقابلے میں موجودہ زمانے کے پنجاب کے عدد کو زیادہ مستند مرجع قرار دیتے ہوئے یہ حساب لگاتے ہیں کہ برطانوی ہند مجموعی حیثیت سے ۶۰۰ کروڑ روپیہ کا قرضدار ہے۔ "پنجاب کی قرضداری کا اندازہ ۹۰ کروڑ روپیہ کیا گیا ہے جو اس صوبے کی زمین کی مالگزاری سے ۱۹ گونہ زیادہ ہے۔ اگر برطانوی ہند بہ شمول برما کی ۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء کی مالگزاری (یعنی ۲۵،۴۵ کروڑ روپیہ) پر اس مضاعف کا اطلاق کیا جائے تو، قرضے کی مجموعی مقدار ۶۷۴ کروڑ روپیہ نکلتی ہے۔ لیکن یہ خیال کرنے کا معقول سبب ہے کہ دیہی

284

باب ۹

ہندوستان کے دوسرے اکثر علاقوں کے مقابلے میں پنجاب بہت زیادہ مقروض ہے۔ چنانچہ اکثر امور اس نتیجے کی جانب اشارہ کرتے ہیں؛ مثلاً ایک تو قرض دہندوں کی تعداد جس کا پنجاب میں آبادی سے تناسب، باقی برطانوی ہند کے مقابلے میں تین گونہ زائد ہے؛ اور دوسرے وہ مخصوص قوانین جو قرض دہندے کے مقابلے میں کسان کو محفوظ رکھنے کے لیے وضع کرنے پڑے۔ اس لحاظ سے یہ زیادہ محفوظ ہوگا کہ ۱۹ کا مضاعف لینے کی بجائے ۱۷ کا مضاعف لیا جائے۔ چنانچہ اس کی بنا پر قرضے کی مجموعی مقدار ۶۰۳ کروڑ روپیہ ہوتی ہے۔ یہ مقدار بھی غالباً زیادہ ہی ہے اس لیے کہ جہاں کہیں دوامی بندوبست ہے وہاں کی مالگزاری دوسرے مقامات کے مقابلے میں بہت تھوڑی ہوتی ہے۔ برطانوی ہند کی مالگزاری کا جو عدد لیا گیا ہے اس میں وہ مالگزاری شامل نہیں ہے جس سے مستقل الیہ یا قائم مقام متمتع ہوتے ہیں، اگرچہ پنجاب میں یہ شامل کی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں اگر ہم پنجاب کے عدد کا اطلاق آبادی کے اعتبار سے کریں تو مجموعی مقدار ۱۰۸۰ کرور ہوتی ہے، اس لیے کہ پنجاب کی دیہی آبادی، برطانوی ہند کی دیہی آبادی کے مقابلے میں محض ۱:۱۲ کا تناسب رکھتی ہے۔ اس لحاظ سے بالکل امتحانی طور پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ برطانوی ہند کے دیہی قرضے کی مجموعی مقدار اس کی ۲۴۷ ملین آبادی کے لیے ۶۰۰ کرور روپیہ سے کم نہیں ہے۔[1]

گو محولۂ بالا تحقیقات بلاشبہہ منتشر مقامات کے متعلق تھی اور اس کا کچھ حصہ کافی وسیع نہ تھا، لیکن اگر بحیثیت مجموعی دیکھا جائے تو وہ دیہی ہندوستان میں قرض داری سے پیدا ہونے والی مشکلات کی نزاکت کو کافی واضح طور پر ثابت کرتی ہے۔ بنک کاری کی مختلف صوبہ واری تحقیقاتی کمیٹیوں کی حالیہ تحقیقات کے نتیجے کے طور پر زیادہ جامع اندازے مرتب ہوئے ہیں جو نہ صرف اس عام خیال کی تصدیق کرتے ہیں جو ابتدائی تحقیقات کی بنا پر ذہن میں قائم ہوا تھا

---

[1] دیکھو ڈارلنگ کی کتاب محولۂ بالا (۱۹۲۵ء کا ایڈیشن) صفحہ ۱۷؛ نیز دیکھو ۱۹۲۲ء کا ایڈیشن صفحہ ۱۸ تا صفحہ ۱۹۔

باب ۹

بلکہ اس میں ایک حد تک قطعیت بھی پیدا کرتے ہیں۔[1]

۳۔ زرعی قرضداری کا اندازہ بنک کاری کی صوبہ وار تحقیقاتی کمیٹیوں کی نظر میں۔

ہم ذیل میں دیہی قرض داری کے اندازے پیش کرتے ہیں جو بنک کاری کی مختلف صوبہ وار تحقیقاتی کمیٹیوں کی ۱۹۳۰ء میں شایع شدہ رپورٹوں سے ماخوذ ہیں:[2]

235

(۱) بمبئی:- یہ شمول سندھ کل صوبے کی زرعی قرضے کی مجموعی مقدار کا اندازہ ۸۱ کروڑ روپیہ کیا گیا ہے۔ قرضے کی مقدار زمین کی مشخصہ مالگزاری سے پندرہ گونہ زیادہ ہے اور صوبے کی مجموعی زرعی پیداوار کی اوسط مالیت کا تقریباً ۳ فی صد ہے۔ قرضے کا اوسط فی خاندان ۳۱۹ روپیہ نکلتا ہے۔ غیر مقروض خاندانوں کا فی صد سندھ میں ۱۳، شمالی گجرات میں ۲۱، جنوبی گجرات میں ۲۳ اور کنکان میں ۲۹ ہے، (دیکھو رپورٹ کے فقرات ۴۹ تا ۵۰ اور ۵۴)

(۲) مدراس:- مدراس کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ سال بھر کے قرضے کی مجموعی مقدار زیادہ سے زیادہ تقریباً ۱۵۰ کرور روپیہ ہے اور سال بہ سال جاری رہنے والے قرضے کی مقدار موجودہ زمانے میں تقریباً ۷۰ کرور روپیہ ہے۔ احاطۂ مدراس کا اوسط قرضہ بحساب فی روپیہ مشخصہ مالگزاری ۱۹ روپے ہے: (دیکھو فقرات ۹۶ اور ۹۸)

(۳) بنگال:- اندازہ کیا گیا ہے کہ کل بنگال کے زرعی قرضے کی مجموعی مقدار ۱۰۰ کرور ہے۔ اوسط قرضہ بحساب فی زرعی خاندان ۱۹۰ روپیہ ہے؛

---

[1] زرعی کمیشن یہ خیال ظاہر کرتا ہے کہ محکمۂ انکم ٹیکس کو چاہئے کہ زر کے لین دین پر سیعادی رپورٹیں مرتب اور جاری کرے، تاکہ دیہی قرضداری کے مختلف پہلوؤں پر کچھ روشنی پڑے۔ دیکھو کمیشن کی رپورٹ (فقرہ ۳۶۸)

[2] مختلف صوبوں میں زرعی قرضے کا اندازہ کرنے کی غرض سے جو طریقے اختیار کئے گئے تھے ان کی تفصیلات کے متعلق بنک کاری کی مختلف صوبہ وار تحقیقاتی کمیٹیوں کی رپورٹیں ملاحظہ کی جائیں۔ رپورٹوں میں اس امر کو واضح کر دیا گیا ہے کہ یہ دعویٰ تو نہیں کیا جا سکتا کہ اندازے بالکل صحیح ہیں، لیکن وہ اس اعتبار سے مفید ہیں کہ قرضداری کی مجموعی مقدار کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

باب ۹

(دیکھو فقرہ ۹۰ متعلقہ رپورٹ میں)۔

(۴) صوبہ متحدہ:۔ صوبہ متحدہ کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کل صوبے کے زمینداروں، ملکی کاشت کاروں اور کسانوں کے قرضے کی مجموعی مقدار ایک جستہ رقم کی شکل میں ۱۲۴ کرور روپیہ ہے (دیکھو رپورٹ کا ضمیمہ نمبر ۲)۔

(۵) پنجاب:۔ پنجاب کے متعلق یہ اندازہ کیا گیا ہے کہ اس کے زرعی قرضے کی مجموعی مقدار ۱۹۱۱ء کے ۹۰ کرور کے مقابلے میں ۱۹۲۹ء میں ۱۳۵ کرور تھی، جس سے اول الذکر سال کے مقابلے میں ۵۰ فی صد کا اضافہ ظاہر ہوتا ہے۔ مالگزاری کے مقابلے میں قرضے کا تناسب ۱۹۲۱ء کے ۱ : ۱۹ کے مقابلے میں ۱۹۲۹ء میں ۱ : ۲۷ تھا۔ زراعت پر گزارہ کرنے والوں میں قرضے کی مقدار بحساب فی کس ۱۹۲۱ء کے ۷۶ روپے کے مقابلے میں ۱۹۲۹ء میں ۱۰۴ روپے تھی۔ ۱۹۲۱ء میں قرضے کی مقدار فی مزروعہ ایکر کے حساب سے ۳۱ روپے تھی جو ۱۹۲۹ء میں بڑھ کر ۴۵ روپے ہوگئی! (دیکھو فقرہ ۲۲)۔

(۶) صوبہ متوسط و برار:۔ اس صوبے کے قرضے کی مجموعی مقدار ۳۶½ کرور روپیہ ہے، جو معمولی مجموعی خام پیداوار کی مالیت کا تقریباً ۴۹ فی صد ہے۔ سود کے مطالبات کی مقدار مالگزاری کے مجموعی مطالبات سے ۲½ گونہ زیادہ ہے، اور زرعی آمدنی کی اوسط بچت کے ½ سے بھی زیادہ ہے۔ کسانوں کے قرضے کی مجموعی مقدار ۲۲۷ روپیہ فی خاندان ہے، (دیکھو فقرات ۴۴۶ و ۶۵۳ تا ۶۵۴)۔

(۷) بہار و اڑیسہ:۔ کل صوبے کی دیہی قرضداری کی مجموعی مقدار کا اندازہ معتبر طریقے پر ۵۵ کرور روپیہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ خیال کرنا حق بجانب ہوگا کہ اس کے منجملہ زمینداروں کا قرضہ ۴۲ کرور روپیہ، معمولی کسانوں کو خارج کرکے دوسرے دیہی گھرانوں کا قرضہ ۲ کرور روپیہ اور معمولی کسانوں کا قرضہ ۱۲۹ کرور روپیہ ہے، (دیکھو فقرہ ۹۰)۔

(۸) آسام:۔ آسام کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی یہ اندازہ کرتی ہے کہ

باب

میدانی علاقوں کی زرعی قرض داری کی مجموعی مقدار ۲۲ کروڑ روپے سے کچھ زائد ہوگی۔
یہ قرضہ سالانہ مالگزاری سے ۲۱ گونہ زیادہ ہے۔ اوسط قرضہ فی خاندان ۲۴۲ روپیہ 286
ہے۔ جملہ خاندانوں میں صرف ۵ فی صد قرض سے بچے ہوئے ہیں' (دیکھو فقرہ ۳۳)۔

(۹) برما:۔ برما کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ اس صوبے کی قرض داری کی مجموعی مقدار کا اندازہ ۵۰ تا ۶۰ کروڑ روپیہ حق بجانب معلوم ہوتا ہے' (دیکھو فقرہ ۱۰۳)۔

(۱۰) مرکزی رتبہ جات:۔ مرکزی نظم و نسق کے تحت کے رتبوں کی قرض داری کی مجموعی مقدار کا اندازہ ۱۸ کروڑ روپیہ کیا گیا ہے۔

(۱۱) کورگ:۔ اس کی قرض داری کا اندازہ ۴۵ اور ۵۵ لاکھ کے درمیان کیا گیا ہے۔

ان تخمینوں سے ظاہر ہوگا کہ برطانوی ہند کے صوبوں کی زرعی قرضداری کی مجموعی مقدار ۹۰۰ کروڑ روپیہ کے لگ بھگ ہے' اگرچہ ان کی بابت مکمل صحت کا کوئی ادعا نہیں کیا جا سکتا۔ پنجاب کے اعداد سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ کچھ سال ادھر سے دیہی قرض داری میں خاصا اضافہ ہوا ہے اور اس کو ملک کی حقیقی صورت حال کا آئینہ خیال کیا جا سکتا ہے۔ ۱۹۲۱ء سے فصلوں کی قیمتوں کی کمی کے مدنظر خاص کر اکتوبر ۱۹۲۹ء کے بعد سے' قرضداری کا بار بہت بڑھ گیا ہے جس کے نیچے کسان بری طرح دبا جا رہا ہے[1]۔

لیکن قرضے کا خطرناک ہونا نہ تو اس کی مقدار میں مضمر ہے اور نہ اس کی ترقی کی رفتار میں؛ اس لیے کہ فی نفسہ یہ دونوں چیزیں ملک کی وسعت پر نظر کرتے ہوئے نہ تو خوف و ہراس کے قابل ہیں اور نہ دوسرے ملکوں میں بے نظیر ہیں۔ یہ پریشانی اور فکر کا اصل سبب یہ ہے کہ قرضے کا بیشتر حصہ غیر پیداآور ہے۔ چنانچہ بقول ڈارلنگ پنجاب میں زمین کی اصلاح و ترقی کی غرض سے لیے ہوئے قرضے کا

---

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۷۷)

باب ۹

تناسب ۵ فی صد سے بھی کم ہے۔ غیر پیداآور قرضے کے نقائص میں سے ایک یہ ہے کہ وہ خود بخود بڑھتا چلا جاتا ہے۔ پیداآور قرضہ زمین کو زرخیز بنا کر اپنی ادائی کا ذریعہ خود ہی مہیا کر لیتا ہے؛ لیکن غیر پیداآور قرضہ بہ مشکل ادا ہو سکتا ہے۔[1]

۴۔ قرض داری کے اسباب[2]

اگر قرضداری افلاس کا باعث ہے تو اس کا بالعکس بھی ساپی طور پر صحیح ہے۔ اس لحاظ سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ قرضداری کی توجیہ کے سلسلے میں جو کچھ کہا گیا ہے وہ بڑی حد تک ہندوستان کی دیہی آبادی کے افلاس کی بھی توجیہ کر دیتا ہے۔ چنانچہ دیہی قرض داری کے اہم اسباب حسب ذیل بیان کئے جا سکتے ہیں:۔

(۱) زمین پر آبادی کا انتہائی دباؤ۔

(۲) تقسیم و انتشار اراضی۔

(۳) گھریلو صنعتوں کا زوال اور خالی رہنے کے زمانے میں ذیلی پیشے کی عدم موجودگی کے باعث رعیت کو آمدنی کا ٹوٹا۔[3]

(۴) رعیت کی صحت کی خرابی۔ بعض موسموں میں ملیریا جیسے امراض کسان کو ایسے زمانے میں جبری بے کاری میں مبتلا

247

---

[1] دیکھو بنگال کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ (فقرہ ۱۰۴)۔

"دیہی قرضداری کی ایک اور نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اکثر صورتوں میں وہ مصیبت کی علامت ہوتی ہے، اس کے برعکس دوسری صنعتوں میں زرِ مستعار لینا معمولات میں داخل ہے۔ چونکہ قرضے زیادہ تر غیر پیداآور اغراض کے لیے حاصل کئے جاتے ہیں، اس لیے رعیت پر قرضداری کا دباؤ بہت شدت کے ساتھ پڑتا ہے۔ قرضے کی مقدار بڑی ہونے کے معنی لازمی طور پر یہ نہیں ہیں کہ اثاثہ بھی معقول مقدار میں ہو جس کی بنا پر پیداآوری بڑھے۔ چنانچہ اسی میں قرضداری کی تباہ کاری کا راز مضمر ہے۔ اگر قرضہ محض اعتبار کی دوسری شکل ہوتا، جیسا کہ اس کو ہونا چاہئے تو قرضداری کا مسئلہ بہت آسانی کے ساتھ حل ہو جاتا۔"

[2] مختلف صوبوں میں قرضداری کے مختلف اسباب کی تفصیلات کے لیے بنک کاری کی مختلف صوبہ واری تحقیقاتی کمیٹیوں کی رپورٹوں (دیہی قرضداری کے متعلق ابواب) اور مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کا فقرہ (۱۱۸) ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

[3] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۸)۔

باب ۹

کر دیتے ہیں جبکہ اس کی محنت کی بہت زیادہ ضرورت ہوتی ہے اور اس کی مستعدی اور کارکردگی کو عام طور پر بہت بڑی حد تک گھٹا دیتے ہیں۔

(۵) فصلوں کا غیر محفوظ ہونا۔ یہ خصوصیت اس بیان کو حق بجانب قرار دیتی ہے کہ ہندوستانی زراعت بارش پر قمار بازی کرنے کا دوسرا نام ہے اور بارش بقول مسٹر ڈارلنگ "مشرقی حکمراں کے سرب المثل تلون کی پوری شان رکھتی ہے"۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ پنجسالہ زراعتی دور میں ایک سال کی فصل اچھی اور ایک سال کی بری ہوتی ہے اور باقی تین سالوں کی فصلیں نہ اچھی ہوتی ہیں نہ بری۔ لیکن کسان صرف پچھلے سالوں ہی میں اپنے آپ کو قرضے سے بچائے رکھنے کے قابل ہوتا ہے۔

(۶) قحط اور امراض کے باعث مویشیوں کا نقصان۔ طاعون مویشی جیسے امراض، کسان کی مالی پریشانی اور معاشی مصیبتوں کا دوسرا ظاہری سبب ہیں۔ چنانچہ اس کا ثبوت ان قرضوں کی بڑی مقدار سے بہم پہنچتا ہے جو امداد باہمی کی انجمنوں کی جانب سے مویشی کی خریداری کی غرض سے دیے جاتے ہیں۔

(۷) فرسودگی۔ قرضداری کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ خستہ حال مویشی اور فرسودہ آلات کشاورزی کی جگہ پر کرنے کا معقول انتظام نہیں ہوتا۔ چنانچہ جب ان کا افادہ ختم ہو جاتا ہے تو اس کمی کو پورا کرنے کے لیے قرضہ لینے کے سوا کوئی دوسرا فنڈ ان کے پاس نہیں ہوتا۔ اس طرح سرمایہ مسلسل اور مستقل طور پر صرف ہوتا رہتا ہے۔ اس کا باعث زیادہ تر یہ ہے کہ واقعات کا پورا اندازہ نہیں لگایا جاتا

باب ۹

لیکن وہ ایک حد تک اعلیٰ معیار زندگی کی خواہش کا نتیجہ بھی ہے۔ اسی حالت میں جبکہ اکثر پسندیدہ و مطلوبہ اشیا، خواہ وہ سالانہ تعیش ہوں یا نہ ہوں، گھر میں مفقود ہوتی ہیں، مویشی وغیرہ کی فرسودگی کے لیے علاحدہ فنڈ قائم کرنا دشوار ہوتا ہے۔ یہ دشواری بنک کاری کی سہولتوں کی عدم موجودگی اور پس اندازی کے روایات کے فقدان کے باعث اور بھی بڑھ جاتی ہے۔[1]

(۸) مقدمہ بازی کا انتہائی شوق۔ گو ہندوستانی رعیت کی خصوصیت بہتر تعلیم کے ذریعے سے اصلاح پا سکتی ہے لیکن موجودہ زمانے میں تو وہ بلاشبہہ رعیت کی مالی مشکلات اور پریشانیوں میں اضافہ کرنے والا ایک اہم عامل ہے

(۹) رعیت کا اسراف اور ناعاقبت اندیشی ہندوستانی کسان کے اسراف اور ناعاقبت اندیشی کو امور ذیل پر محمول کیا جا سکتا ہے۔ وہ معاشی رسم و رواج کے جبر میں پھنسا ہوا ہے، تعلیم سے بے بہرہ ہے، اور اس کا پیشہ سٹے کی نوعیت رکھتا ہے جس کے باعث اس کی ذہنیت قمار بازی کی ہو گئی ہے۔ 288
لیکن اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اسراف اور ناعاقبت اندیشی موجود ہے اور قرضداری کو بڑھانے میں اثر انداز ہو رہی ہے۔ گو ہندوستانی کسان معمولاً انتہائی کفایت شعاری اور احتیاط کی زندگی بسر کرتا ہے، لیکن اس کا بلاشبہہ قرینہ ہوتا ہے کہ وہ خاص خاص موقعوں پر اپنے مصارف کو اسراف کی حد تک پہنچائے۔ لیکن دکن بلوہ کمیشن (۱۸۷۵ء) کو اس امر سے اتفاق نہیں ہے کہ شادی بیاہ کے موقعوں پر جو فضول خرچی کی جاتی ہے وہی قرضداری کا اصلی سبب ہے۔ چنانچہ کمیشن کے الفاظ

[1] دیکھو برما کی بنک کاری کی صوبہ داری تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ۔ (فقرہ ۱۱۳)۔

یہاں نقل کر دینا مناسب ہوگا: "یہ کہنا نادرست ہوگا کہ قرضداری کا باعث ناعاقبت اندیشی نہیں ہے۔ لیکن یہ ناعاقبت اندیشی اسراف یا آمدنی کے بے جا اور غلط استعمال پر اس قدر مبنی نہیں ہے جس قدر کہ ایک جاہل طبقے کے مستقبل کے متعلق تنگ نظری پر اور موجودہ ضرورت کو پورا کرنے کے لیے کسی شرط پر بھی آیندہ کی آمدنی کو گھٹانے پر مبنی ہے۔ رعیت کی قرضداری کے سبب کے طور پر بیاہ اور دوسرے تقاریب کے مصارف کو ناواجب اہمیت دیدی گئی ہے۔ ایسے موقعوں کے مصارف کسان کی آمدنی کے مقابلے میں بلاشبہ اسراف میں داخل کئے جاسکتے ہیں، لیکن ایسے مواقع بہت ہی شاذ پیش آتے ہیں، بلکہ غالباً سالہاسال کے بعد اس طریقے سے جو رقم خرچ کی جاتی ہے اس کی مجموعی مقدار اس سے زیادہ نہیں ہوتی جتنی کہ اس کی حیثیت کا آدمی معاشری اور خانگی تفریحات میں خرچ کرنے میں حق بجانب ہے۔ یہ مصارف بجائے خود قرضداری کی بنیاد نہیں معلوم ہوتے۔ رعیت کی قرضداری میں بیاہ کی اتفاقی مد سے بدرجہا زیادہ حصہ غذا اور دوسری ضرورتوں، تخم، بیلوں اور سرکاری لگان کی چھوٹی چھوٹی وائرمدوں کا ہوتا ہے۔ چنانچہ بنگال کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی اس خیال کی توثیق کرتی ہے، (دیکھو نقرہ ۹۵)۔

ہمیں اس رائے سے پوری طرح اتفاق نہیں ہے اور ہم اس عام خیال کی جانب مائل ہیں کہ ازدواجی، معاشری اور مذہبی رسوم کے مصارف قرضے کے اہم ترین اسباب میں سے ہیں۔ چنانچہ اس بات کو ثابت کرنے کے لیے کئی مثالیں ملتی ہیں کہ ایسے موقعوں پر بڑی مقداریں قرضے لیے گئے اور قرض گیر قرض کے بار سے کبھی سبکدوش نہ ہوسکا۔ علاوہ ازیں دیہی علاقوں

باب ۹

ہیں ایسے واقع پر معیار رفت کا معیار کچھ سال ادھر سے نمایاں طور پر بڑھ گیا ہے۔

(۱۰) موروثی قرضہ۔ رائل کمیشن نے یہ خیال ظاہر کیا کہ موجودہ قرضداری کا اصلی سبب موروثی یا آبائی قرضہ ہے جو باپ سے بیٹے کو پشت در پشت کسی منصفانہ روک ٹوک کے بغیر ترکے میں ملتا آرہا ہے۔ آبائی قرضے کے کم ہونے کا باعث یہ ہے کہ رعیت اس قرضے کے لاعلم ہے کہ متوفی کا قرضہ اس کے وارثوں پر صرف اس صورت میں اترتا ہے جبکہ متوفی کی املاک کے مالک بنیں اور اس ملکیت کی مالیت کی حد تک قرضے کی ادائی ان پر واجب ہوتی ہے۔ قرضداری کا سبب یہ بھی ہے کہ رعیت قدیم روایت کے زیر اثر اپنے موروثی قرضوں کو اپنی عزت و آبرو کا معاملہ خیال کرتی ہے، اور قانونی مفروضے کی بنا پر موروثی قرضہ ادا کرنا ایک مقدس اور اخلاقی فرض خیال کیا جاتا ہے۔ ضرورت اس بات کی 289
ہے کہ کسانوں کو ان کے حقوق سے واقف کرایا جائے اور ان کو کام میں لانے کی ترغیب دی جائے۔ دیہی حالات کے مطابق دیہات میں ایک سادہ قانون دوالہ نافذ کرنے کے بارے میں احتیاط کے ساتھ غور ہونا چاہئے۔ جیسا کہ زرعی کمیشن کا کہنا ہے "کوئی شخص یہ دیکھنے کا آرزومند نہیں ہے کہ کلیتہً دوالہ نکالے جانے کو روا رکھا جائے گا اور ساتھ ہی ہمیں یقین ہے کہ کوئی شخص ایسے نظام کو برقرار رکھنے کا بھی خواہاں نہیں ہے جس کے تحت لوگوں کی بڑی تعداد مقروض پیدا ہوتی، مقروض زندگی بسر کرتی اور مقروض مرتی ہے بلکہ مرنے کے بعد بھی اپنے ورثا کے سر اپنا بوجھ تھوپ جاتی ہے۔" (دیکھو رپورٹ کا فقرہ

باب ۹

۲۶۷)۔[1] اس سفارش پر بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی نے بھی زور دیا ہے؛ چنانچہ وہ تجویز "قانون دیہی ناداری" میں بعض عام شرائط داخل کرنے کا مشورہ دیتی ہے" (دیکھو رپورٹ کا فقرہ ۹۳)

(۱۱) کسان کی معاشی حیثیت میں جدید تبدیلی۔ سلطنت برطانیہ میں امن و امان اور ترقی پذیر حکومت کا قائم ہونا، محاصل کا کم ہونا، ذرائع آمد و رفت میں اصلاح و ترقی ہونا، نئے شہروں کا وجود میں آنا اور قیمتوں میں اضافہ ہونا، ان سب چیزوں کی بدولت زمین کی قیمت اور اس کی بنیاد پر قرضہ حاصل کرنے کی صلاحیت بڑھ گئی ہے۔ گو اس کی وجہ سے مصائب و مشکلات رفع ہو گئیں لیکن گروی کے قرضے میں سریع اضافہ بھی ہو گیا۔ علاوہ ازیں غیر معمولی خوش حالی کے مختصر دوروں نے، جیسے کہ امریکا کی خانہ جنگی کے باعث ۱۸۶۰ء کی کپاس کی گرم بازاری کے زمانے میں اور اس کے بعد مالیہ جنگ عظیم کے زمانے میں اور اس کے کچھ زمانے بعد رونما ہوئے، رعیت پر بحیثیت مجموعی مخرب اخلاق اثر ڈالا۔ خوش حالی بھی قرضے کا اتنا ہی سبب ہے جتنا کہ فصلوں کا غیر محفوظ ہونا۔ ممکن ہے کہ خوشحالی کے زمانے میں قرضہ لینے کی ضرورت کم ہو، لیکن قرضے کا موقع و قرینہ زیادہ ہوتا ہے اور دونوں حالتیں طلب پیدا کرتی اور بڑھاتی ہیں۔" خاص کر جب خوشحالی کسان کے مساعی کے باعث نہ ہو تو اس کا قرینہ ہوتا ہے کہ جاہل اور ناخواندہ رعیت پر اس خوشحالی کے مضرت رساں اثرات،

[1] نیز دیکھو بھوبی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۵۲)

پڑیں، اس لیے کہ اس کی بنا پر اکثر نقائص رونما ہوتے ہیں مثلاً شراب نوشی، فضول خرچی، قمار بازی، رشوت ستانی اور بے اعتدالی یا زمین پر سرمایہ کو بے احتیاطی کے ساتھ اور تباہ کن طریقے پر لگانا۔ ایسی خوشحالی معیار زندگی کو تو بڑھا دیتی ہے، جو بجائے خود ایک پسندیدہ نتیجہ ہے لیکن جب یہ خوشحالی بالکل اچانک طور پر رونما ہوتی ہے اور اس کے بعد کساد بازاری اور قلت کے دور آتے ہیں تو حالات کی تبدیلی کے ساتھ معیار زندگی میں فوراً مطابقت نہیں پیدا کی جا سکتی اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ قرض داری بڑھ جاتی ہے[1]

(۱۲) قرض دہندہ اور ربا کا طریقہ[2] یوں تو دوسرے ملکوں کی طرح ہندوستان میں بھی زر کے لین دین کا طریقہ ہمیشہ سے رائج رہا ہے، لیکن برطانوی دور حکومت سے قبل کے زمانے میں قرض دہندے پر دو قسم کے روک قائم تھے:۔ ایک تو یہ کہ ایک طاقت ور دیہی برادری موجود تھی جو قرض دہندوں کے لیے بے بس کسان سے غیر معقول معاملہ کرنا غیر ممکن نہیں تو مشکل ضرور بناتی تھی۔ اور دوسرے، قرضہ واپس دلانے کے بارے

[1] اس موضوع کی باقاعدہ بحث کے لیے دیکھو ڈارلنگ کی حوالہ بالا کتاب ۱۹۳۲ء کا ایڈیشن باب ۱۲۔ بمبئی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کے نقرہ (۵۹۱) میں بتلایا گیا ہے کہ جنگ کے زمانے میں اور اس کے بعد اعتبار کی عام بنی افراط اور اس کے بالمقابل قیمتوں کے اضافے کی وجہ سے زمین کی تخمینی خریداریاں، عملی قیمتوں پر کی گئیں اور جاری لگان ادا کر کے زمین پٹے پر حاصل کی گئی۔ عملی قیمتوں نے مصارف کاشت میں بھی اضافہ کیا اور معیار زندگی کو بھی بلند کر دیا لیکن جب قیمتوں اور اعتبار میں کمی ہوئی تو ان سب معاملات میں مناسب تبدیلی نہیں کی گئی جہاں مصارف میں مستقل اضافہ ہوا وہیں آمدنی میں کمی ہو گئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ قرض داری میں معتدبہ اضافہ ظاہر ہوا۔

[2] مختلف قسم کے قرض دہندوں کے جامع بیان کے لیے جو دیہی قرضے مہیا کرتے ہیں اور ان کے کاروباری

باب ۹

میں حکومت کی بے اعتنائی۔ یہ کام دیہی پنچایتیں انجام دیتی تھیں، یعنی بقایا وغیرہ کے مسائل کا فیصلہ مستعدی اور عجلت کے ساتھ اور منصفانہ طریق پر کرتی تھیں۔ برطانوی حکومت کے تحت یہ روک یا بندشیں بڑی حد تک اٹھ گئی ہیں۔ دیہی برادری کی شکست نے کسان کی حیثیت کو کمزور کر دیا، اور قرض دہندوں اور زمین لیک لینے والوں نے موقع سے خوب فائدہ اٹھایا اور کسان کو لوٹنے میں اپنے بہتر ذرائع اور برتر چالاکی سے پوری طرح کام لیا۔ اصول عدم مداخلت اور معاہدے کے تصورات کی بنیاد پر دیوانی قانون کے جدید نظام کے انصرام کی غرض سے دیوانی عدالتوں کے قائم ہونے اور ایک دقیق و پیچیدہ طریق کار دانی اختیار کئے جانے کی وجہ سے رعیت کے حق میں مزید مشکلات پیدا ہو گئیں۔ غیر معمولی کثرت کار کے باعث دیوانی عدالتوں کے ججوں نے کمترین مقاومت کا طریقہ اختیار کیا اور معاہدے کی تفصیلات میں پڑنے کی کوشش کئے بغیر قانون کا سختی کے ساتھ اور لفظ بلفظ اطلاق کرنے کو پسند کیا۔ علاوہ ازیں چونکہ ان کی زندگی عام طور پر شہروں میں بسر ہوئی تھی اور وہ دیہی حالات سے ناواقف تھے اس لیے ہوشیار اور تیز فہم ساہوکار کے ہاتھ میں بآسانی کٹھ پتلی بن جاتے تھے۔ برطانوی دور حکومت سے پیشتر کے زمانے میں دیوانی ڈگری کے تحت قرضے کی ادائی کے لیے مرہونہ زمین کی فروخت کا طریقہ بہت ہی شاذ اختیار کیا جاتا تھا، لیکن اب اس پر معمولی طور پر عملدرآمد ہونے لگا ہے۔

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ طریق کے لیے دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ باب ۷۔

باب ۷

سود در سود کا طریقہ اور سود کی اعلیٰ شرحیں، رعیت کو لوٹ رہی تھیں اور "اس سے اس کا منافع اسی طرح چھین رہی تھیں جس طرح بکرے کے جسم سے اس کے بال مونڈ کر الگ کر لیے جاتے ہیں" (ڈارلنگ) - برطانوی دور حکومت سے پیشتر کے زمانے میں رسم و رواج نے سود در سود کی شرح کو نقد کے لیے عام طور پر ۵۰ فی صد اور غلے کے لیے ۱۰۰ فی صد (دام دوپٹ) تک محدود رکھا تھا۔ برطانوی عہد حکومت میں اس قسم کی بندش کو تسلیم نہیں کیا گیا، چنانچہ سود غیر محدود طریقے پر جمع ہوتا گیا اور اس کو عدالتوں نے بھی جائز رکھا۔ ساہوکار، رشوت خوار اور کم تنخواہ پانے والے اہلکاران عدالت سے ساز باز کر کے عام طور پر یکطرفہ ڈگریاں حاصل کر لیا کرتے تھے۔ ایک طرف دیہی برادری کو زوال آیا، دیوانی عدالتیں قائم ہوئیں اور قابل کفالت زمین کی قیمت میں اضافہ ہوا تو دوسری طرف قرض دہندے کا تسلط غیر محدود طریقے پر بڑھنا شروع ہوا، اور گزشتہ صدی کے آخری نصف حصے میں قحطوں کے سلسلے نے تو کسان کو بالکل قرض دہندے کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔ قرضہ واپس لینے کے بارے میں دیوانی
291 عدالتوں کی مہیا کی ہوئی سہولتوں اور دوسرے عاملوں نے گھٹیا قسم کے قرض دہندوں کی جماعت پیدا کر دی تھی جو عزت و آبرو کا پاس و لحاظ ویسا نہ کرتی تھی جیسا کہ قدیم قابل احترام ساہوکاروں کی جماعت۔ عام طور پر دیکھا جائے تو رعیت اور قرض دہندہ کے درمیان قدیم سے رواج کے طور پر جو ہمدردانہ تعلقات قائم تھے ان کی جگہ لین دار اور دین دار کے قانونی تعلقات نے لے لی اور سوائے مالی تعلق کے کوئی دوسرا تعلق یا رشتہ ان کے

درمیان باقی نہیں رہا۔[1] اس لحاظ سے کوئی تعجب نہیں کہ زمین رعیت کی ملکیت سے نکل کر ساہوکار کی ملکیت میں خطرناک طریقے پر منتقل ہونے لگی اور خاص کر بمبئی اور پنجاب میں "ملکی کاشتکاری کی حقیقت" بگڑ کر "ماروواڑی حقیقت" کی شکل اختیار کرنے لگی اور "کسان اصلدار" سرعت کے ساتھ ساہوکار کے غلام" کی صورت میں تبدیل ہونے لگا۔

قرض دہندہ کے ہاتھوں کسانوں کا اخراج اور بے دخلی عمل میں آنے کے باعث کسانوں میں بے اطمینانی و بد دلی اور ساہوکاروں سے نفرت پیدا ہوگئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ برانگیختہ کسانوں نے قاتلانہ بغاوتیں کیں، چنانچہ اس کی مثال سنتھال بغاوت (۱۸۵۵ء)، دکن کا بلوہ (۱۸۷۵ء) اور اجمیر کے فسادات (۱۸۹۱ء) ہیں۔

قرض دہندے کے متعلق مذکورۂ بالا بیان سے ہمیں یہ نتیجہ اخذ کرنے کی جانب مائل نہ ہونا چاہئے کہ وہ غیر فطری طور پر ظلم و ستم کا عفریت ہے۔ وہ اپنے اندر معمولی انسانوں کے اوصاف بھی رکھتا ہے اور کمزوریاں بھی، اگرچہ جن کسانوں سے اس کی قسمت وابستہ ہے ان کی حالت ایسی ہے جو اس کے اوصاف کے مقابلے میں اس کی کمزوریوں کو زیادہ عمل کرنے کا موقع دیتی ہے۔ قرض دہندہ، کسانوں کی جہالت، ناعاقبت اندیشی اور بے قاعدگی کے باعث بہت بڑے جوکھم برداشت کرتا ہے اور اسی لیے ان سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے وہ اعلیٰ شرح سود وصول کرتا ہے۔ علاوہ ازیں خود قرض دہندہ کو سرمایے کی کمی کی شکایت ہوتی ہے، اور

[1] دیکھو دکن بلوہ کمیشن کی رپورٹ۔

باب ۹

کثیر تعداد میں چھوٹے چھوٹے قرض گیروں کو دیے ہوئے قرضوں کا انتظام کرنے اور ان کو وصول کرنے کے مصارف، سرمایۂ مشترک کے بنک کے اسی کے مماثل مصارف سے بدرجہا زیادہ ہوتے ہیں۔ قرض دہندے کے اعلیٰ شرح سود کا مطالبہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ عوام جاہل اور ان کے عادات قدامت پرستانہ ہوتے ہیں اور خود اس کی حیثیت نیم اجارہ دارانہ ہوتی ہے[1]۔ ساہوکار کے اعلیٰ شرح سود وصول کرنے کو حق بجانب قرار دینے کے لیے اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ اس کے پیشے کی عدم مقبولیت کا بھی لحاظ کرنا چاہیئے[2]۔ علاوہ ازیں چونکہ اس کے اصل کی کھپت کا کوئی دوسرا راستہ کھلا ہوا نہیں ہوتا اس لیے وہ قرضہ دے کر ہی اس سے مستفید ہو سکتا ہے۔ کسان کو قرضے کی لازمی طور پر ضرورت ہوتی ہے اور اس کو پورا کرنے والا واحد شخص ساہوکار ہے[3]۔ اگر ان حالات میں وہ عام طور پر سختی کے ساتھ معاملات طے کرتا ہے اور 292

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، (فقرہ ۱۱۴)۔

[2] لیکن یہ کلیۃً صحیح نہیں ہے کہ ہندوستان میں ساہوکار کے پیشے سے کوئی خاص کراہیت یا نفرت وابستہ ہے۔ اس کے برخلاف اس کا احترام کیا جاتا ہے، اس لیے کہ دیہی برادری کے لیے اس کی خدمات ناگزیر ہیں۔ جب کوئی ساہوکار غیر مقبول ہو جاتا ہے تو وہ عام طور پر اس کا مستحق بھی ہوتا ہے۔ جس حد تک یہ کراہیت یا نفرت موجود ہے اس حد تک اس سے بچنے کی واحد صورت یہ ہوگی کہ ساہوکار اور قرض گیر رعیت کے مابین کوئی اجتماعی نظام مثلاً قرضۂ امداد باہمی کی انجمنیں، ارزنی بنک وغیرہ قائم کیے جائیں۔ اکثر اعتبارات سے موجودہ نظام، جس کے تحت اصل قلیل مقداروں میں گھٹیا اصلداروں کی جانب سے معمولی تجارتی معلومات رکھنے والے اشخاص کو دیا جاتا ہے، کامل تبدیلی کا طالب ہے۔

[3] قرضۂ امداد باہمی کا طریق اب بھی ساہوکار کی جگہ کامل طور پر لینے سے قاصر ہے۔ چنانچہ بمبئی پریسیڈنسی میں زری آبادی کے مطلوبہ قرضے کا صرف تقریباً ۱۰ فی صد حصہ امداد باہمی کے طریقے سے فراہم ہوتا ہے۔

باب

اس عظیم الشان قوت کا غلط و بے جا استعمال کرتا ہے جو اس کو حاصل ہے تو یہ محض انسانی فطرت ہے، اس کو ملامت کرنا بنی نوع انسان کے اسقام کو ملامت کرنا ہے۔ ہمیں اس پورے سانچے کو برا کہنا چاہئے نہ کہ اس شخص کو جو اس سے ڈھال کر نکالا ہے۔[1]

تاوقتیکہ دیہی ضرورتوں کو تمام و کمال پورا کرنے کے لیے کوئی بہتر اعتباری نظام مرتب نہ ہو، ساہوکار کا وجود ناگزیر رہے گا۔ گو جب کبھی یہ معلوم ہو کہ ساہوکار اپنے معاملات میں کسان کی حاجتمندانہ حیثیت سے ناواجب فائدہ اٹھا رہا ہے تو اس کی حوصلہ شکنی کی کوشش ہر ممکن طریقے سے کرنی چاہئے لیکن ہمیں اس کے مفید کام سے چشم پوشی بھی نہ کرنی چاہئے جو وہ موجودہ زمانے میں دیہی معیشت میں انجام دے رہا ہے۔ ساہوکار بے اعتدالی اور ناعاقبت اندیشی کے سحر ..... ناپید اکنار میں کفایت شعاری کا واحد ٹاپو ہے، ہندوستانی دیہی معیشت کے سادہ نظام کا سنگ بنیاد ہے، اور مستعدی کے ساتھ قرضے دینے والا ایسا مرکز ہے جہاں کسان اپنی "جملہ ضرورتوں کی تکمیل کے لیے ہر وقت رجوع ہو سکتا ہے۔ وہ محض قرضے کی رسد ہی مہیا نہیں کرتا بلکہ مختلف طریقوں سے گاؤں کی خدمت کرتا ہے۔ مثلاً وہ عام طور پر غلے کا سوداگر بھی ہے اور اس حیثیت سے قحط و خشک سالی کے زمانے میں اس لیے خاص طور پر کارآمد ہے کہ وہ مصیبت کے وقت غلہ دیتا ہے اور

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ (دیکھو بمبئی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۲۲۷)

[1] دیکھو ام، ال ڈارلنگ کی محولۂ بالا تصنیف (۱۹۳۲ء کا ایڈیشن) صفحہ ۲۰۔

باب ۹

کسانوں کی مشکلوں کو آسان کرتا ہے۔ اس لحاظ سے "ساہوکار کو ختم کرو" کا نعرہ جنگ بالکل نامناسب ہوگا۔ دیہی قرضہ یا اعتبار کی کسی دوسری قابل عمل تجویز مثلاً قرضۂ امداد باہمی کی انجمنوں یا زمین گروی بنکوں کی تجویز کے تحت بھی ساہوکار کو جدید اعتباری اداروں کا جزو لاینفک بنانا اور اس کو یہ ترغیب دینا کہ وہ ان جدید نظامات کے ذریعے سے اپنی معلومات اور سرمایے کو دوسروں کے لیے قابل حصول بنائے بہت فائدہ رساں عمل ثابت ہوگا۔

(۱۳) مالگزاری کی یالسی۔ آر، سی، دت کی طرح اور اشخاص بھی گرانبار ارضی محصول اور اس کے وصول کرنے کے سخت گیر طریقے کو دیہی قرضداری کے اسباب میں سے ایک سبب خیال کرتے ہیں۔ وہ استدلال کرتے ہیں کہ تقریباً گزشتہ پچاس سال میں ملک کے اکثر علاقوں میں کئی قحط سالیوں یا فصلوں کی جزوی خرابی اور پیداوار کی کمی کے باوجود مالگزاری وصول کی گئی اس کی مقدار زیادہ رہی۔ چنانچہ ۱۸۷۷ء کا قحط کمیشن بظاہر اس خیال کی تائید کرتا ہے اور یہ رائے ظاہر کرتا ہے کہ "اچھے سالوں میں کسان کو ضروریں پوری کرنے کے سوا اور کوئی توقع نہیں ہوتی، اور برے سالوں میں وہ عوام کے رحم و کرم پر گزر کرتا ہے"۔ اس کے برخلاف ۱۸۸۰ء کا قحط کمیشن اس سلسلے میں حسب ذیل خیال ظاہر کرتا ہے: "واقعہ یہ ہے کہ وہ زمیندار بھی جنھیں کوئی مالگزاری ادا کرنی نہیں پڑتی یا برائے نام چکوتا ادا کرنا پڑتا ہے عام طور پر قرض میں ڈوبے ہوئے ہوتے ہیں، جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ مالگزاری کی ادائی قرضے کا اصلی سبب نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص اپنی تمام آمدنی اپنی ذات پر خرچ کر ڈالے اور اپنے ذمے کا لگان یا محصول

293

باب ۹

ادا کرنے کے لیے اس کو قرض لینا پڑے تو یہ کہنا بہ مشکل حق بجانب ہوگا کہ اس کی قرضداری کا باعث یہ واقعہ ہے کہ اس کو لگان یا محصول ادا کرنا پڑا، خصوصاً جبکہ ان مطالبات کا تناسب اس کی آمدنی سے ویسا ہی معمولی ہے جیسا کہ مالگزاری کا زمین کی مجموعی خام پیداوار سے۔[1] کسان سرکاری مالگزاری ادا کرنے کے لیے عام طور پر قرضہ حاصل کرتا ہے۔ لیکن محض اس وجہ سے مالگزاری کو قرضداری کا سبب تخم اور خوراک سے زیادہ نہیں قرار دیا جاسکتا، اس لیے کہ وہ تخم اور خوراک کے لیے بھی قرضہ لے سکتا ہے۔

لیکن قرضداری کی حالت کو مالگزاری سے منسوب کرنا صرف اس صورت میں بالکل حق بجانب ہوگا جبکہ یہ ثابت کیا جاسکے کہ مالگزاری سختی کے ساتھ وصول کی گئی، خواہ یہ سختی بھاری محصول عائد کرنے کی صورت میں ہو یا غیر لچکدار طریقے پر وصول کرنے کی صورت میں۔ اس امر کو کہ مالگزاری کے طریق میں اس طرح کے بعض اسقام ہیں وہ لوگ بھی تسلیم کرتے ہیں جو یہ ماننے کے لیے تیار نہیں ہیں کہ دیہی قرض داری کی ذمہ داری کسی حد تک ارضی محصول پر عائد ہوتی ہے۔ چنانچہ پنجاب کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر ام، ال، ڈارلنگ تسلیم کرتے ہیں کہ گو برطانوی حکومت کے قائم ہونے کے بعد سے مالگزاری کا مطالبہ گھٹ گیا اور جنس سے نقد میں مبدل ہوگیا لیکن ابتداءً اس میں اتنی کافی کمی نہیں کی گئی کہ وہ وصول یابی کے کم لچکدار طریق کے مناسب ہوتا۔[2] تاہم وہ آگے بڑھ کر یہ استدلال

۱۔ دیکھو قحط کمیشن کی رپورٹ (۱۸۸۰ء) صفحہ ۱۳۲

۲۔ دیکھو ڈارلنگ کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۲۳۱۔

باب ۹

کرتے ہیں کہ "گو مالگزاری کی بنا پر عام طور پر قرضہ لیا جاتا ہے پھر بھی مالگزاری ہی قرضے کا اساسی سبب نہیں ہے۔" لیکن یہ ایک ایسا امتیاز ہے جو بلا تفریق ہے۔ اساسی سبب اور معاون سبب کا امتیاز کسی اصول پر مبنی نہیں معلوم ہوتا۔ جو کچھ ہم معلوم کرنا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ آیا مبینہ سبب حقیقی سبب ہے یا نہیں۔ ممکن ہے کہ کوئی شخص پہلے سے آبائی قرضے سے زیر بار ہو اور اپنی قرض داری میں بیاہ کے رسوم میں فضول خرچی کرنے کی غرض سے قرضہ لے کر اور اضافہ کرلے؛ لیکن اس کی بنا پر شادی کے رسوم کے مصارف کو قرضداری کا سبب قرار دینے میں کوئی امر مانع نہیں ہے۔ تمام محصلہ ترغیبے خواہ ان کا باعث خود رعیت کی بد نہادی و بے اعتدالی ہو یا ساہوکار کی غیر منصفانہ لوٹ یا گاہ گاہ مالگزاری وصول کرنے میں حکومت کی حد سے زیادہ سخت گیری، لازمی طور پر قرضداری کا سبب شمار ہوں گے۔ علاوہ ازیں یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ مالگزاری کی کمی قرضے میں کمی نہ کرے گی، اس لیے کہ آبادی کا اضافہ ہر معافی کو زائل کردے گا۔[1] خواہ یہ سرکاری مالگزاری کے بار کو کم کرنے کا معقول سبب ہو یا نہ ہو لیکن وہ یقیناً یہ خیال کرنے کی معقول بنیاد نہیں فراہم کرتا کہ بھاری مالگزاری قرضے کا سبب نہیں قرار دی جاسکتی۔ جس استدلال پر ہم اعتراض کر رہے ہیں وہ دراصل اس سے انکار نہیں کرتا کہ مالگزاری قرض داری کا سبب ہوسکتی ہے، بلکہ یہ استدلال صرف اس بات پر زور دیتا ہے کہ اگر یہ سبب ہٹا دیا جائے تو دوسرا سبب یعنی اضافۂ آبادی اس کی جگہ لے لے گا۔ ممکن ہے کہ

294

[1] دیکھو ڈارلنگ کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۲۳۲

باب ۹

غیر محدود افزایش نسل سخت گیر طریق محصول کی تنسیخ کے مفید اثر کو زائل کر دے جس طرح وہ دراصل کسی قسم کی خرابی کی اصلاح کے اثر کو زائل کر سکتی ہے۔ لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ بھاری ارضی محصول قرض داری کا اساسی سبب نہیں ہے۔ بعض دور ایسے بھی رہے ہیں جن میں محصول مسلّمہ طور پر بھاری رہا ہے، مثلاً دکن میں جس وقت تک "پرنگل بندوبست" کا نفاذ رہا۔ علاوہ ازیں التواء اور معافی کے طریق پر عمل کرنے میں رعیت کی حیثیت و حالت کو ہمیشہ مناسب طریقے سے سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کی گئی۔ موجودہ زمانے میں بھی مالگزاری کے طریق میں بحیثیت مجموعی ترمیمات اور اصلاح و ترقی کے باوجود یہ بتایا جا سکتا ہے کہ ایسی انفرادی مثالیں پائی جاتی ہیں جن میں ناواجب طور پر سخت برتاؤ کیا گیا اور دادرسی کا کوئی موثر انتظام نہیں ہے۔

جس حد تک یہ نقائص گزشتہ زمانے میں موجود رہے اور اب بھی ہیں[1] ان کو قرض داری کے اسباب میں شامل کرنا غیر معقول نہیں ہے پھر بھی اس واقعے کا لحاظ کرتے ہوئے کہ مالگزاری کی مقدار مجموعی دیہی قرض داری کا غالباً ½ یا اس سے بھی کم حصہ ہے اور یہ امر ذہن نشین رکھتے ہوئے کہ کل مالگزاری کو قرض داری دور کرنے والا سبب نہیں قرار دیا جا سکتا، اس کو ہمارے زیر غور خرابی کے اسباب میں بہت ہی ادنیٰ جگہ دی جا سکتی ہے۔ یہ بتلانے کی بہ مشکل

[1] ۱۹۱۲ء کی تحقیقات برمولی نے یہ قوی بدگمانی پیدا کر دی ہے کہ مالگزاری کے موجودہ انتظام کا حقیقی عمل اس سے بہت زیادہ سخت اور غیر منصفانہ ہے جتنا کہ اب تک خیال کیا جاتا تھا۔ علاوہ ازیں گزشتہ چند سالوں میں زرعی پیداوار کی قیمتوں کے بری طرح گر جانے کی وجہ سے مالگزاری کا بار بہت بڑھ گیا ہے اور اکثر علاقوں میں امدادی کام ضروری ہو گیا ہے۔

باب

ضرورت ہے کہ ایسا کہنے کے معنی یہ نہیں ہیں کہ مالگزاری کا موجودہ طریقہ نقائص سے کلیۃً پاک ہے[1]۔

۵۔ دیہی قرضداری کے بارے میں سرکاری پالیسی[2]

اب ہم ان تدابیر پر تبصرہ کر سکتے ہیں جو اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے حکومت نے اختیار کیں۔ گزشتہ صدی کے ساتویں عشرے کے شروع میں اس مسئلے نے عوام کی توجہ پوری قوت کے ساتھ اپنی طرف منعطف کرائی۔ ۱۸۷۵ء اور ۱۹۰۱ء کے دکن کے بلووں کے کمیشن اور قحط کمیشن نے وقتاً فوقتاً اس مسئلے پر غور کیا اور وہ مسودۂ قانون بابت امداد کاشتکاران دکن (۱۸۷۹ء)، قانون قرضہ جات تقاوی (۱۸۸۴ء تا ۱۸۸۸ء)، 295
زرعی بنک اسکیم (۱۸۸۴ء)، نکل سن رپورٹ (۱۸۹۷ء)، مسودۂ قانون انتقال اراضی پنجاب (۱۸۹۹ء) اور مسودۂ قانون انجمن ہائے امداد باہمی (۱۹۰۴ء) کے مباحث اور مراسلوں کا مرکز و محور بنا رہا۔

سر ایڈورڈ میک لے گن، ہندوستانی زرعی قرضداری کے بارے میں اپنی یادداشت میں حکومت کی اختیار کی ہوئی تدابیر کو مندرجۂ ذیل چار مدوں میں تقسیم کرتے ہیں:- (۱) غیر ضروری قرضے سے بچنے کی جمعیت افزائی کرنے کے متعلق تدابیر؛ (۲) زرعی قرضوں کے سلسلے میں دیوانی قانون کی اصلاح و ترمیم کے متعلق تدابیر جن میں سودی قرض کی تنظیم کی تدابیر بھی شامل ہیں؛ (۳) انتقال اراضی کو روکنے کی تدابیر؛ اور (۴) اعتبار مہیا کرنے یا برقرار رکھنے کے مقصد سے اختیار کردہ تدابیر۔ ان میں ہم ایک اور کا اضافہ کر سکتے ہیں یعنی (۵) قرضے کی بیباقی اور تصفیے کی تدابیر، جن پر نمبر (۲) کے بعد غور کیا جائے گا۔

---

[1] لیکن محض قرضداری کی زیادتی کو یہ ثابت کرنے کی دلیل کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا کہ زراعت منفعت بخش نہیں ہے اور مالگزاری گراں اور تکلیف دہ ہے۔ اس کے برخلاف ایسے قرضے کی موجودگی خود جو زمین کی کفالت پر حاصل کیا جائے اس امر کی شہادت ہے کہ زمین اچھی کفالت ہے۔ قرضے کی وسعت اس کفالت کی مالیت کا اشاریہ و نمایندہ ہے۔" (دیکھو برودی رپورٹ، فقرہ ۱۱۹)۔

[2] دیکھو بیں سی، رائے کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں زرعی قرضداری اور اس کا علاج" شائع کردہ کلکتہ یونیورسٹی۔

باب ۹

۶۔ غیر ضروری قرضوں سے بچنے کی تدابیر۔

اس عنوان کے تحت ہم ان مساعی کا ذکر کر سکتے ہیں جو دیہی علاقوں میں ابتدائی تعلیم کی اشاعت کی غرض سے کی گئیں، تاکہ رعایا کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ اپنی قرضداری کو زیادہ کاروباری نقطۂ نظر سے دیکھے اور ساہوکار سے زیادہ مساویانہ بنیاد پر مقابلہ کرے لیکن تعلیم کم و کیف کے اعتبار سے قابل افسوس طریقے پر گھٹیا ہے۔ حکومت نے کسان کے ذرائع میں اضافہ کرنے کی غرض سے جو دوسری تمام تدابیر اختیار کیں وہ منطقی لحاظ سے اس عنوان کے تحت آسکتی ہیں، لیکن ان میں سے اکثروں پر پچھلے بابوں میں بحث کی جا چکی ہے۔ قحط سالیوں میں مالگزاری کے التوا اور معافی کی منظوریاں جزوی علاج و اصلاح کے طور پر دی جاتی ہیں۔ لیکن یہ طریقہ زیادہ فراخ دلی کے ساتھ انتظام چاہتا ہے۔ تاکہ اس کے پیش نظر مقصد بخوبی پورا ہو۔ دیہات میں ڈاک خانوں کے سیونگ بنک قائم کئے گئے ہیں تاکہ لوگوں میں بچت اندازی اور کفایت شعاری کے عادات پیدا ہوں۔ لیکن ان سہولتوں کو اس سے زیادہ موثر طریق پر وسیع کرنے کی ضرورت ہے جتنی کہ وہ اب ہیں، تاکہ کفایت شعاری میں ترقی ہو اور رعیت کی چھوٹی چھوٹی بچت اندازیاں مفید طریقے پر صرف کرنے کے لیے جمع کی جا سکیں۔

۷۔ دیوانی قانون کی اصلاح و ترمیم کی تدابیر

جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں "عدم مداخلت" کی قدیم پالیسی حکومت کو اس لیے ترک کرنا پڑی تھی کہ وہ لین دار اور دین دار کے قدیم توازن میں بے جا طور پر خلل انداز ہوتی تھی[1] اور

[1] یہ بلا پس و پیش تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ برطانوی دور حکومت کے آغاز سے جو تغیرات رونما ہوئے ہیں مثلاً زیادہ معین حقوق املاک، معاہدات کی قوت کا زیادہ مکمل طور پر تسلیم کیا جانا اور دیوانی عدالتوں کے ذریعے سے اُن کا زیادہ سختی کے ساتھ نفاذ تو وہ اس بات کی علامت ہے کہ معاشری نظام میں تغیر ہوا ہے اور اس نے ترقی کے مدارج طے کئے ہیں۔ لیکن اکثر کسانوں کے حق میں یہ تبدیلیاں اس لیے فوراً تباہ کن و مضرت رساں ثابت ہوئیں کہ کسانوں نے نہ تو تعلیمی حیثیت سے کافی ترقی کی تھی اور نہ ان کی معاشی حالت اتنی ترقی یافتہ تھی کہ وہ ان تبدیلیوں سے مستفید ہوتے۔

باب ۹

296

یہ ضروری معلوم ہوا تھا کہ مہاجن یا ساہوکار کے ہاتھ میں جو ہتیار غیر عاقلانہ طور پر دیدیے گئے تھے اور جن کا غلط طریقے پر استعمال کیا جانا ثابت ہو گیا تھا ان میں سے اکثروں کو واپس لیا جائے اور بہیت قانونی سے کورانہ اور بے رحمانہ طریق پر کام لینے کے بجائے انسانوں کے ساتھ خردمندانہ طریق پر انصاف کیا جائے[1] لیکن اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے یہ بات نہایت ضروری بھی ہے اور مشکل بھی کہ دیہی ساہوکار کے جائز کاروبار میں شدید مداخلت کے امکان کے خلاف تحفظ کیا جائے تاکہ اس مداخلت کے باعث اعتبار میں تباہ کن انقباض واقع نہ ہو۔ قانون کو چاہئے کہ وہ ساہوکار کی مزاحمت کے بجائے اس کے جائز و معقول مطالبات کے پورا کرنے میں در اصل مدد کرے۔ رعیت کو ظلم و زیادہ ستانی سے یقیناً محفوظ رکھنا چاہئے، لیکن اسی کے ساتھ اس کے ذرائع کی پوری حد تک اس کو اپنے ذمے کے جائز قرضے ادا کرنے پر بھی مجبور کرنا چاہئے۔ رعیت کے تحفظ کے لیے اس کے خلاف تعمیل ڈگری کی حد تک ضابطۂ قوانین دیوانی میں کئی تبدیلیاں کی گئیں، مثلاً آلات کشاورزی کھیتی باڑی کے لیے مطلوبہ مویشی اور کسان کا سامان خانہ داری، قرقی یا نیلام سے مستثنیٰ کیے گئے؛ قرض دار کسان بھی عدالت کی ڈگری کی بنا پر گرفتار کیے جانے سے مستثنیٰ کیا گیا اور اس کے ساتھ یہ مراعات بھی کی گئی کہ اپنے ذمے کے قرضے کو باقساط ادا کرے۔

۱۸۷۹ء میں "قانون امداد مزارعین دکن" بابت ۱۸۷۵ء دکن کے بلوہ کمیشن کی سفارش پر منظور کیا گیا جو دکن کے بعض علاقوں میں بلووں اور ہنگاموں کی تحقیقات کی غرض سے مقرر کیا گیا تھا۔ چنانچہ ان بلووں کی ایک خصوصیت یہ تھی کہ مظلوم قرضداروں نے ساہوکاروں پر پرتشدد حملہ کر دیا تھا۔ اس قانون کی رو سے عدالتوں کو اجازت دی گئی کہ وہ معاہدے کی اساس پر نظر کریں اور اس کو کسان کی موافقت میں اس طرح تبدیل کریں کہ

---

[1] دیکھو سر ٹی ہوپ کی تقریر گورنر جنرل کی کونسل میں "مسودۂ قانون امداد مزارعین دکن" ۱۸۷۹ء پر۔

باب ۹

تکلیف دہ شرح سود میں کمی ہو جائے، زمین کو اس وقت تک فروخت نہ کیا جائے جس وقت تک وہ خاص طور پر مکفول نہ کی گئی ہو اور فریقین کے درمیان بیع کی دستاویز مکمل ہو جانے کے بعد بھی کسان کو زمین واپس کر دی جائے۔ اس قانون کی رو سے یہ لازم گردانا گیا کہ لین دار حسابات پیش کریں اور رسیدات جاری کریں اور کسان تحریری رہن نامہ مرتب کریں۔ ۱۸۵۹ء کے بعد سے مقدمے کی سماعت کی مدت صرف تین سال تھی، اس کو اب کسانوں کے خلاف مقدمات میں بارہ سال تک وسیع کر دیا گیا، بشرطیکہ مقدمہ رجسٹری شدہ دستاویز پر مبنی ہو؛ اور دوسری صورتوں میں ۶ سال مدت قرار دی گئی۔ گو اس قانون کا مقصد نیک تھا، پھر بھی بحیثیت مجموعی وہ غیر موثر بلکہ قطعاً نقصان رساں پایا گیا۔ اس ایکٹ نے مقدمہ بازی میں اضافہ کر دیا ہے اور رعایا اور ساہوکار کے باہمی معاملات میں انتہائی عدم تیقن پیدا کر کے معمولی اعتبار میں خلل پیدا کر دیا ہے۔ اس قانون کی بنا پر کسانوں کو اس بات کا موقع ملا کہ مراعات سے غلط اور بے جا فائدہ اٹھائیں اور ساہوکار اس قابل ہو گئے کہ کسانوں سے معاملہ کرنے میں زیادہ احتیاط اور سخت گیری سے کام لیں، اور اس طرح قرضہ حاصل کرنے کی مشکلات اور بھی زیادہ ہو گئیں۔ قانون مذکور میں "کسان" کی تعریف بھی حد سے زیادہ وسیع ہے، چنانچہ اس سے ایسے اشخاص کے فائدے کے لیے بے جا کام لیا جاتا ہے جن کو فائدہ پہنچانا مقصود نہ تھا، اور قانون ان کو اس قابل بناتا ہے کہ عدالتوں کو فریب اور دیانت دار لین داروں کو زک دیں جیسا کہ ۱۹۰۱ء کے قحط کمیشن نے خیال ظاہر کیا تھا[1] یہ خیال کرنے کی قطعی گنجائش موجود تھی کہ اس ایکٹ کے منظور ہونے کے بعد انتقال ملک بذریعۂ فروخت و رہن عام ہو گیا تھا۔ چنانچہ حال ہی میں بمبئی لی ایک کمیٹی نے یہ مشورہ دیا ہے کہ قانون میں مکمل طور پر تبدیلیاں کر دی جائیں تاکہ وہ قابل عمل اور کسان کے لیے دراصل فائدہ رساں بن جائے۔ 297

[1] نیز دیکھو زری کمیشن کی رپورٹ؛ کے "بیس گنے کی یادداشت (روئداد شہادت) جلد دوم۔

باب ۹

بمبئی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کے روبرو متعدد گواہوں نے اس قانون کی کامل تنسیخ پر زور دیا اور یہ بتلایا کہ اس قانون کو رہائی قرضوں کا قانون[1] (بابت ۱۹۱۸ء) اور عدالتوں کا یہ اختیار واقتدار کہ وہ غیر معقول معاملات سے بچانے کے لیے امداد کر سکتی ہیں 'غیر ضروری' بنا دیتا ہے۔ گو بمبئی کی تحقیقاتی کمیٹی نے یہ مشورہ دیا کہ "رہائی قرضوں کے قانون سے اس سے زیادہ استعمال کرنا چاہئے جتنا کہ موجودہ زمانے میں لیا جا رہا ہے۔ لیکن یہ خیال بھی ظاہر کیا کہ وہ قانون امداد مزارعین دکن[2] کی پوری پوری جگہ نہیں لے سکتا۔ چنانچہ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ موخر الذکر قانون کو منسوخ کر دینا چاہئے اور اس کی جگہ ایک نیا قانون جاری کرنا چاہئے جس میں محض چھوٹے اور اصلی کسانوں کے اغراض کے تحفظ کے لیے چند شرائط ہونے چاہئیں۔ ساہوکاروں کے لیے مناسب کھاتوں کا رکھنا لازم کر دینا چاہئے تاکہ پچھلے معاملات کی تحقیقات ممکن ہو۔ اس کا بھی انتظام کرنا چاہئے کہ قرضے معقول و مناسب اقساط میں ادا کرنے کا موقع ملے اور ایک مدت مقرر کرنی چاہئے جس کے اندر جائداد کی فروخت کے حق بجانب ہونے کے خلاف دعویٰ دائر کیا جا سکے[3]

دیوانی قانون کے تغیر کی دوسری مثال کے طور پر ۱۸۹۹ء کے ایکٹ کا ذکر کیا جا سکتا ہے جس کے ذریعے سے قانون معاہدہ میں کچھ تبدیلیاں کی گئیں اور "ناواجب اثر" کی اصطلاح کی وسعت اس طرح بڑھا دی گئی کہ اس میں وہ سب مقدمات آسکیں جن میں ساہوکار اپنی فائق حیثیت سے ناواجب فائدہ اٹھائے۔ جب کبھی معاملہ بظاہر غیر معقول طریق پر انجام پائے ناواجب اثر کی عدم موجودگی کے ثبوت کا بار ساہوکار پر ڈالا گیا۔ رہائی قرضوں کا قانون ۱۹۱۸ء میں ترمیم کے بعد از سر نو مرتب و منظور ہوا۔

---

[1] Usurious Loans Act 1918

[2] Deccan Agriculturists Relief Act

[3] بمبئی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ' (فقرہ ۲۳۹ تا ۲۴۰)۔

باب

اس میں قابل وصول سود کی قانونی اور انتہائی مقدار مقرر کی گئی ہے، واجب الادا سود کی شرح گھٹا دی گئی ہے اور انتہائی شرح مقرر کر دی گئی ہے۔ یہ قانون سب اشخاص پر عائد ہوتا ہے۔ خواہ وہ مزارعین ہوں یا غیر مزارعین۔ اس قانون کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ عدالت مقدمے کو ایک مرتبہ اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد اپنی ہی تحریک پر قدیم معاملات کو از سر نو دیکھ سکتی اور شرائط کی نصفت کی تحقیقات کر سکتی ہے۔ ۱۹۳۶ء میں اس قانون میں ترمیم ہوئی اور اس میں ایسے مقدمات بھی شامل کر لیے گئے جن میں کہ ڈگری کے فریقین میں سے کوئی چارہ سازی کا خواستگار ہو۔ قرضہ غیر مکفول ہونے کی صورت میں قرضدار اپنے لین دار کو عدالت میں لیجا سکتا ہے اور اس طرح اپنے قرضے کی تجدید سے انکار کی سادہ تدبیر اختیار کر کے لین دار کو اس قانون کے 298
دائرے کے اندر لا سکتا ہے۔[1] زرعی کمیشن یہ خیال ظاہر کرتا ہے کہ یہ قانون تمام صوبوں میں حرف متروک بن چکا ہے اور سفارش کرتا ہے کہ ہر صوبے میں اس امر کی تحقیقات کی جائے کہ اس سے استفادہ نہ اٹھانے کے اسباب کیا ہیں اور ایسی تدابیر اختیار کی جائیں جن کی بنا پر اس کا اطلاق آئندہ یقینی ہو جائے۔ چنانچہ یہ مسئلہ ان مسائل میں سے ایک ہے جن کی تفتیش کے بارے میں صوبہ وار تحقیقاتی کمیٹیوں کو ہدایت دی گئی تھی۔

اس مسئلے کے بارے میں مختلف کمیٹیوں کے خیالات اور سفارشیں متفقہ اور یکساں نہیں ہیں۔[2] بعض کمیٹیاں (مثلاً صوبہ متحدہ پنجاب، آسام اور مدراس کی کمیٹیاں) زرعی کمیشن کے اس خیال سے اتفاق نہیں کرتیں کہ یہ قانون

---

[1] زرعی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ (۳۶۵)۔

[2] دیکھو بنگال کاری کی مختلف صوبہ داری کمیٹیوں کی رپورٹیں:۔
آسام کی رپورٹ (فقرہ ۱۶۹)؛ بمبئی کی رپورٹ (فقرہ ۲۴۱)؛ بنگال کی رپورٹ (فقرہ ۳۰۹ و ۳۱۲)؛ برما کی رپورٹ (فقرہ ۶۹۴ تا ۶۹۷)؛ صوبہ متوسط کی رپورٹ (فقرہ ۱۶۳۲ و ۱۶۶۰)؛ مدراس کی رپورٹ (فقرہ ۳۶۴ تا ۳۶۵)؛ پنجاب کی رپورٹ (فقرہ ۱۷۷)؛ صوبہ متحدہ کی رپورٹ (فقرہ ۳۲۳)؛ نیز مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ (فقرہ ۱۱۶)۔

باب ۹

حرف متروک بن چکا ہے۔ آسام اور مدراس کی کمیٹیاں یہ بھی خیال ظاہر کرتی ہیں کہ یہ قانون اطلاق کے بغیر بھی سود کی شرحوں پر روک کا کام کرتا ہے۔ اس کے برخلاف بمبئی اور بنگال کی کمیٹیاں یہ خیال ظاہر کرتی ہیں کہ اس قانون سے بہت شاذ ہی کام لیا جاتا ہے۔ بمبئی کی کمیٹی قانون کی ناکامی کا باعث اس کی تقابلی ندرت، اس کی موجودگی سے عام ناواقفیت اور یہ واقعہ قرار دیتی ہے کہ قانون امداد مزارعین دکن کے تحت کسان بدرجہا بہتر امداد حاصل کرسکتا ہے۔ بنگال کی کمیٹی اس استدلال کی جانب اشارہ کرتی ہے کہ قانون اس وجہ سے ناکام ثابت ہوا کہ قرضدار قانون سے کام لینے سے قاصر رہا۔ برما کی کمیٹی یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ اس امر کا تعین کرنا بہت دشوار ہے کہ شرح سود کب زیادہ ہوتی ہے اور یہ مشورہ دیتی ہے کہ اس معاملے کا فیصلہ کرنے میں مدد دینے کے لیے عدالتوں کی قطعی طور پر رہنمائی کرنی چاہیئے۔ مدراس اور بنگال کی کمیٹیاں اس امر پر زور دیتی ہیں کہ اس بارے میں خفیف ترین شبہہ بھی نہ ہونا چاہیئے کہ اگر جج چاہے تو اس کو اس امر کا پورا اختیار رہے کہ اس قانون کا اطلاق اپنی تحریک پر اور اپنے حسب ہدایت کرے۔ مرکزی تحقیقاتی کمیٹی یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ اکثر صوبوں میں اس قانون پر قرضدار کے فائدے کے لئے عمل کیا جاسکتا ہے لہذا اس کو برقرار رکھنا چاہیئے اور اس کے عملدرآمد کے متعلق ایک خاص رپورٹ دیوانی عدالتوں کے نظم و نسق کی سالانہ رپورٹوں میں شامل کرنی چاہیئے۔ ہم صوبۂ متوسط کی بنک کاری کی کمیٹی کے اخذ کردہ نتیجے کی پوری طرح تائید کرتے ہیں کہ ربائی قرضوں کے ایکٹ کی طرح کا قانون اپنے ناگزیر تحدیدات رکھتا ہے۔ ہم اس کی پُرزور تائید کرتے ہیں۔ ایسا قانون سنگین قسم کے انفرادی معاملات میں تو چارہ سازی کرسکتا ہے لیکن اس کی بنا پر زر کے بازار کی اس طرح نگرانی نہیں کی جاسکتی کہ سود کی موجودہ شرحوں میں عام کمی ہونا ہو۔

۸۔ قرض دہندوں کی نگرانی کرنے اور اجازت نامے دینے کے متعلق وضع قوانین۔

مختلف ملکوں میں سودی قرض کے کاروبار کی نگرانی کی تدابیر اس لیے اختیار کی گئی ہیں کہ اس کا بہت امکان ہوتا ہے کہ قرض دہندے اس اقتدار کو جو ان کو قرضداروں پر حاصل ہوتا ہے غلط اور بے جا طور پر استعمال کریں۔ یہ بات خاص طور پر غیر محتاط قرض دہندوں کے بارے میں اور زیادہ تر گھٹیا یا ٹٹ پونجیے ساہوکاروں کے بارے میں صادق آتی ہے جو کوئی بڑی حیثیت نہیں رکھتے۔ اس قسم کے اشخاص کی تعداد اور ان کی چالبازیوں کے پھیلاؤ کا انحصار اس برادری یا جماعت کی پسماندگی کے درجے پر ہوتا ہے جس میں یہ اپنا جال بچھاتے ہیں۔ شاہی زرعی کمیشن صوبہ واری حکومت کے غور کے لیے ان اصول کی سفارش کرتا ہے جو مسودۂ قانون تنظیم حسابات پنجاب[1] (جو ۱۹۳۰ء میں ایکٹ کی شکل میں منظور ہوا) اور برطانوی قرض دہندوں کے قانون بابت ۱۹۲۷ء کی تہ میں مضمر ہیں۔ پنجاب کا ایکٹ جملہ قرضہ دہندوں کے لیے اس امر کو لازمی گردانتا ہے کہ وہ باقاعدہ حساب کتاب اور کھاتوں کا استعمال کریں اور ہر قرضدار کے پاس ہر شش ماہی پر صاف و صریح فرد حساب اپنے یا اپنے گماشتے کے دستخط سے پیش کریں جس میں صرف یہی درج کرنا کافی نہیں کہ واجب الادا رقم کتنی ہے بلکہ یہ بھی بتایا جائے کہ قرض کی بابت گزشتہ ۱۲ ماہ میں جملہ لین دین کتنا ہوا۔ اگر کوئی حساب نہ رکھا جائے تو عدالت قرضہ ہندے کو کسی مقدمے میں واجب الوصول سود سے کلی یا جزئی طور پر محروم کر سکتی ہے اور خرچۂ عدالت بھی اس کے ذمے عائد کر سکتی ہے۔ انگریزی ایکٹ کی رو سے قرضہ ہندوں کے لیے اجازت نامے حاصل کرنا ضروری ہے، سود در سود ممنوع قرار دیا گیا ہے اور قرضہ ہندوں پر لازم ہے کہ وہ قرضداروں کے مطالبے پر قرضے کی حالت کی بابت متعلقہ دستاویزات کی تحریری نقلیں

۲۹۹

[1] (Punjab Regulation of Accounts Bill)

باب ۹

اور معلومات بہم پہنچائیں۔ کمیشن یہ خیال کرتا ہے کہ اس قسم کے قوانین کے نفاذ سے اعتبار میں انقباض پیدا ہونے کا کوئی خطرہ نہیں ہے، اس لیے کہ امداد باہمی کی تحریک، منظم اعتباری نظام قائم کر رہی ہے، علاوہ ازیں وہ اصل بھی لازمی طور پر کاروبار کے لیے مل جائے گا جو اس وقت قرضے کی شکل میں مصروف ہے۔ زرعی کاروبار کی جائز ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے دیانت دارانہ کاروبار کا وسیع میدان آیندہ کئی سال تک باقی رہے گا، (دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ ۳۶۶)[1]

بنک کاری کی مختلف صوبہ واری تحقیقاتی کمیٹیاں ساہوکاروں کو اجازت نامے جاری کرنے کی عملی ضرورت کے بارے میں متفق نہیں ہیں[2] بمبئی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی ساہوکاروں کو اجازت ناموں کا پابند بنانے کی اس بنا پر مخالفت کرتی ہے کہ یہ طریقہ ناقابل عمل ہے۔ وہ یہ استدلال کرتی ہے کہ ہندوستان میں بے لکھے پڑھے قرض گیرندوں سے سابقہ پڑتا ہے جو لین داروں پر بھروسا کرتے ہیں اور ان کا اعتماد کھونا نہیں چاہتے۔ قانون وضع اور منظور کرنا اس لیے بھی تحصیل حاصل ہے کہ ساہوکار اپنی مستحکم حیثیت کی وجہ سے اس سے بچ سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں قانون امداد 800
مزارعین دکن کے عملدرآمد کے تجربے سے یہ معلوم ہوا کہ قرض دہندوں پر جتنی زیادہ بندشیں عائد کی جائیں گی اتنی ہی قرض گیرندوں کی حیثیت زیادہ خراب ہوتی جائے گی۔

---

[1] مسٹر ڈارلنگ اس بارے میں کم رجائی ہیں اور وہ یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ سودی قرض کے لین دین کے پیچیدہ در پیچ تفصیلات اور مقررہ فرد حساب کے نفاذ کی دفعتیں ایسے موضوعہ قانون کی کامیابی کے خلاف عمل کرتی ہیں۔ یہ قانون زمانے سے بہت آگے بڑھا ہوا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ زمانے سے پیچھے رہ جائے اس لیے کہ امداد باہمی کی تحریک کی توسیع اور جدید سہولتوں کی سریع ترقی کو ساہوکار کو ابھی تک زیر نہیں کر سکی ہے لیکن اس کی بربادی یقینی ہے (دیکھو ان کی محولۂ بالا تصنیف صفحہ ۲۱۶

[2] اجازت یافتہ ساہوکاروں کے حقوق اور اجازت ناموں کے مجوزہ شرائط کے بارے میں تفصیلات کے لیے دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، (فقرہ ۱۲۰ تا ۱۲۱)۔

قرض دہندوں میں ان لوگوں کی بڑی جماعت کو شامل کرنے کا انتظام کرنا بھی وقت طلب ہوگا جو اگرچہ خود قرض دہندے نہیں ہیں لیکن اپنا زائد از ضرورت زرگاہ گاہ دوسروں کو بطور قرض دیتے ہیں۔ بمبئی کی کمیٹی یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ موجودہ صورت حال کی بڑی حد تک اصلاح کی جاسکتی ہے، بشرطیکہ ایسے قوانین وضع کئے جائیں جو قانون تنظیم حسابات پنجاب (بابت ۱۹۳۰ء) کے اصول کے مطابق ہوں۔ ایسا قانون دیانت دار فریقین کی حیثیت کو محفوظ بنا دے گا، معاملات کی سرگزشت کو جانچنے میں عدالتوں کے کام میں سہولت پیدا کرے گا اور عدالت میں پیش ہونے والی جھوٹی شہادتوں میں بڑی حد تک کمی کر دے گا۔ کمیٹی مذکور یہ بھی مشورہ دیتی ہے کہ قرض دار کو ایک مقررہ نمونے کی پاس بک دیے جانے اور اس میں حسابات پابندی سے درج کیے جانے کا انتظام کیا جائے۔ اگرچہ گزشتہ زمانے میں یہ طریقہ کامیاب ثابت نہیں ہوا ہے لیکن وہ یقیناً تعلیمی قدر و قیمت رکھتا ہے اور کسانوں کی جماعت پر مفید اثر ڈالے گا۔ اس ایکٹ کو وسعت کے لحاظ سے ایسے اشخاص تک محدود رکھا جاسکتا ہے جو باقاعدہ کاروبار کے طور پر قرضے دیتے ہیں[1]۔ لیکن پنجاب کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی قانون تنظیم حسابات پنجاب کو ایک تجربہ قرار دیتی ہے کہ اس کی تقلید کرنے سے پیشتر اس کو جانچنا غالباً زیادہ مناسب ہوگا۔ یہ کمیٹی یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ ہزاروں قرض دہندوں کی طرف سے لاکھوں کسانوں کو شماہی فرد حسابات کی روانگی اور سپردگی بہت مشکل کام ہے۔ اگر ان مشکلات اور دوسری دقتوں کے رفع کرنے میں کامیابی ہو تو قانون لین دار اور دین دار دونوں کو زیادہ کاروباری بنانے میں مدد دے سکتا ہے۔ آسام کی کمیٹی بھی اسی کے

[1] دیکھو بمبئی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۲۴۲ تا ۲۴۳، نیز بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۱۸ تا ۱۱۹۔

باب ۱۰

ماتل خیال ظاہر کرتی ہے[1] صوبۂ متحدہ کی کمیٹی، دوسری چیزوں کے منجملہ موجودہ زمانے میں عوام کی ناخواندگی اور اس واقعے کے مدنظر کہ دیہی ساہوکار کو بھی کسان ہی کی طرح تعلیم کی ضرورت ہے، ساہوکار کی نگرانی اور روک ٹوک کی مناسبت کو شک و شبہے کی نظر سے دیکھتی ہے (فقرہ ۴۷۷ تا ۴۷۸)۔ اس کے برخلاف بنگال کی کمیٹی یہ خیال کرتی ہے کہ پیشہ ور قرض دہندوں کے خلاف کسی تنظیم کو نافذ کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ ان کو اجازت نامے جاری کئے جائیں اور ان کا نام اور پتہ درج رجسٹر کیا جائے۔ وہ یہ رائے ظاہر کرتی ہے کہ قرض دہندوں کو اس کے خلاف غم و غصے کا اظہار کرنے کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے۔ رجسٹری اور اجرائے اجازت نامہ جات کا طریقہ معزز ترین پیشوں میں سے ایک کے ارکان یعنی وکیلوں اور قانون دانوں کے بارے میں رائج ہے۔
301 کمیٹی یہ چاہتی ہے کہ ایسی تنظیم پیشہ ور قرض دہندوں تک محدود رہے اور گاہ گاہ قرضہ دینے والے مستثنیٰ رکھے جائیں (فقرہ ۳۲۰)۔ صوبۂ متوسط کی کمیٹی بھی ساہوکاروں کی تنظیم بذریعۂ لائیسنس کی حمایت اس خیال کے مدنظر کرتی ہے کہ کالی بھیڑیں چھنٹ جائیں اور قرض دہندوں کا طبقہ فاسد مادے سے پاک صاف ہو جائے (فقرہ ۱۶۷۸ تا ۱۶۸۰)۔ برما کی کمیٹی یہ چاہتی ہے کہ رنگون کے پیشہ ور قرض دہندوں کے بارے میں مذکورۂ بالا طریق پر ابتدا کرے (فقرہ ۴۰۷)۔

مذکورۂ بالا تبصرے سے معلوم ہوگا کہ گو سخت گیر اور غیر دیانت دار قسم کے قرض دہندے کے خلاف قرض گیرندے کو محفوظ کرنے کی ضرورت کے بارے میں اختلاف آرا نہیں ہے، تاہم طریق عمل کے بارے میں اتفاق نہیں ہے۔ چنانچہ یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ بمبئی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی اور مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کے مجوزہ طریق کار کے بموجب احتیاط کے ساتھ ابتدا کی جائے۔ موخر الذکر کمیٹی نہ تو قرض دہندوں کو اجازت نامے عطا کرنے کے جبری طریق کی تائید کرتی ہے اور نہ اختیاری طریق کی، لیکن یہ سفارش کرتی ہے کہ دوسرے

[1] دیکھو پنجاب اور آسام کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹیوں کی رپورٹوں کے فقرے علی الترتیب (۶۱-۱) اور (۱۷۰)

صوبوں کی حکومتیں بھی "قانون تنظیم حسابات پنجاب" کے شرائط کو نافذ کرنے پر غور کریں۔ قرض ادا کرنے میں تاخیر واقع ہونے کی بنا پر سود کا بڑھانا قانوناً ناجائز ہونا چاہیئے۔ ساہوکار کو اس کی اجازت نہ دینی چاہئے کہ وہ قرض گیرندے کو قرضہ دینے کے عارضی مصارف قرض گیرندے ہی سے وصول کرے۔ قرضے کی واپسی کا کوئی معاہدہ اس وقت تک قابل نفاذ نہ ہونا چاہیئے جب تک کہ وہ قرض گیرندے کے دستخط سے تحریر میں طے نہ پائے۔ کمیٹی سود در سود کے امتناع کی اس لیے مخالفت کرتی ہے کہ اس کی وجہ سے تازہ تمسکات پر قرضوں کی غیر ضروری اور جلد جلد تجدید شروع ہو جائے گی اور سود اصل میں جمع کیا جانے لگے گا۔ موجودہ زمانے کے مقابلے میں اس صورت میں ساہوکار عدالتوں میں جلد جلد رجوع ہونے پر مجبور رہ جائے گا اور اس طرح نہ صرف اس کے مصارف میں اضافہ ہوگا بلکہ قرض گیرندے پر عائد کردہ سود بھی بڑھ جائے گا۔[1] یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ انجمن قرضۂ امداد باہمی اور زمین گروی بنک کی طرح کی دوسری اعتباری ایجنسیوں کی مسابقت آخر کار قرض دہندے کو مجبور کرے گی کہ وہ اپنی شرحوں میں کمی کرے اور اپنے طریق کار کو بدل ڈالے۔ چنانچہ یہ مناسب نہیں ہے کہ معاملات کو ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے جس سے اس خوشگوار مقصد کی تکمیل میں تاخیر واقع ہو۔[2]

۹۔ قرضوں کا تصفیہ بذریعۂ مصالحت

جیسا کہ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی نے مشورہ دیا ہے یہ معلوم کرنے کی سنجیدہ کوشش کرنی چاہیئے کہ کسان کی دیرینہ قرضداری کو کم از کم غیر پیداآور قرضے کی حد تک کس طرح دور کیا جا سکتا ہے۔ کمیٹی مذکور کے خیال میں سب سے موثر علاج یہ ہے کہ صوبہ واری حکومتیں بذریعۂ مصالحت قرضہ ادا کرانے کی سرگرم پالیسی پر عمل پیرا ہوں۔ اس غرض کیلئے ہر صوبہ میں خاص افسر مقرر ہونے چاہئیں جن کا کام یہ ہو کہ پروپگنڈا کے ذریعے سے لین دار اور دین دار کو یہ

302

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، (فقرہ ۱۱۲ اور ۱۲۲)

[2] قرض دہندوں کی رجسٹری کے متعلق فقرہ جو "مسودہ قانون تحفظ قرضداران پنجاب" کی اہم شرطوں میں سے تھا، دوسری خواندگی کے موقع پر نومبر ۱۹۳۵ء میں مسترد کر دیا گیا۔ اختلاف کے وجوہ میں سے ایک یہ تھی کہ بنک کاری کی تحقیقات کے اعداد و شمار کے مطابق پنجاب میں کم و بیش ۱۰۰ زرعی قرضدہندے تھے۔

باب ۹

ترغیب دیں کہ باہمی سمجھوتے کی بنا پر موجودہ قرضے کو بشکل نقد فوراً یا مساوی اقساط میں چند سالوں کے اندر بے باق کر دیں۔ موجودہ انجمن ہائے امداد باہمی کو ایسی ایجنسی کے طور پر کام میں لایا جائے جو قرض گیرندہ کی طرف سے لین دار کو قرضہ ادا کرے اور قرض گیرندہ کو انجمن امداد باہمی کا رکن بنانا چاہئے تاکہ انجمن اس کی آیندہ روزمرہ کی ضرورتیں پوری کر سکے۔ حکومت کو چاہئے کہ انجمن ہائے امداد باہمی کو پیشگیاں ادا کرنے کا باقاعدہ نظام عمل بنائے تاکہ جب لین دار نقد کا مطالبہ کرے تو انجمن قرضدار کو (جو اس کا رکن ہو) ادائی کے لیے زر دے سکے۔ اگر ضرورت ہو تو یہ کل انتظام منع قوانین کے ذریعے سے روبہ عمل لانا چاہئے۔ ایسی صورتوں میں جبکہ لین دار باہمی رضامندی سے قرضے کے تصفیے کے لیے تیار نہ ہو، یہ ضروری ہوگا کہ قانون منع اور نافذ کر کے جبری تصفیے کی کارروائی کی جائے[1]

۱۰۔ قرضے کی بذریعۂ مصالحت ادائی کے متعلق حال میں وضع کردہ قوانین

چونکہ کساد بازاری کے باعث زرعی پیداوار کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی تھی اور مقروض کسانوں کے طبقے پر اس کا بہت بُرا اثر پڑا، اس لیے تقریباً قریب قریب کل صوبہ واری حکومتوں نے دیہی قرضوں کی بذریعۂ مصالحت ادائی کے مسئلے پر توجہ دی۔ چنانچہ دیہی قرض دار کی امداد کی غرض سے جس کی سخت ضرورت تھی کئی آئین و قوانین جو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشوں پر مبنی تھے، منظور کئے گئے۔ اس قسم کے آئین و قوانین کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ انجمن ہائے مصالحت قرضہ قائم کئے گئے ہیں اس معاملے میں صوبۂ متوسط و برار کی حکومت سب سے پہلی حکومت ہے جس نے قانون ادائی قرضہ بذریعۂ مصالحت کی رُو سے جو فروری ۱۹۳۳ء میں منظور ہوا انجمن ہائے مصالحت قرضہ قائم کرنے کا تجربہ شروع کیا۔ اس امر کا لحاظ کرتے ہوئے کہ صرف فریقین کی باہمی رضامندی ہی سے قرض کی ادائی ہو سکتی ہے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس وقت تک جتنی ترقی ہوئی ہے وہ اطمینان بخش ہے۔

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ (فقرہ ۹۱ تا ۹۲)۔

باب ۹

صوبۂ متوسط کے اکثر اضلاع میں انجمن ہائے مصالحت قرضہ قائم ہو چکی ہیں، اور ایک سرکاری اطلاع کے مطابق جو اخباروں میں حال ہی میں شائع ہوئی، ان انجمنوں نے اگست ۱۹۳۵ء کے ختم تک، ۱۲۸،۳۳ لاکھ روپے کا قرضہ ۷۰،۶۵ لاکھ روپے میں بے باق کروا دیا اور اس طرح مطالبات کا ۴۴ فی صد حصہ معاف کرا دیا۔ علاوہ ازیں ۲۱۰۸ مقدمات میں جن میں مطالبات کی مقدار ۲۴،۹۴ لاکھ روپے تھی، اس مضمون پر مشتمل صداقت نامے جاری کیے گئے کہ لین داروں نے بذریعۂ مصالحت تصفیہ سے غیر معقول طور پر انکار کیا۔ یہ قرضہ جن لین داروں کو وصول طلب ہے وہ نالش کر کے نہ تو خرچے کے حق دار ہو سکیں گے اور نہ صداقت ناموں کے اجرا کی تاریخ کے بعد سے کوئی سود وصول کر سکیں گے، بجز ۶ فی صد سالانہ سادہ سود کے جو صداقت نامہ جاری کرنے کی تاریخ سے واجب الادا رقم پر لگایا جائے گا۔ قرضے کی اقساط دین داروں کی ادائی کی صلاحیت کے لحاظ سے مقرر کی جاتی ہیں، اور جو قرضے بہ طریق مصالحت ادا کیے جاتے ہیں ان پر آیندہ کوئی سود نہیں لگایا جاتا۔ 303

حکومت صوبۂ متوسط یہ بیان کرتی ہے کہ ان انجمنوں کی جد و جہد نے خانگی طور پر قرضوں کی بندوبست مصالحت ادائی کے حق میں محرک کا کام کیا، اور یہ کہ انجمنوں کی مساعی نے روزمرہ کی ضرورتوں کے واسطے لئے جانے والے زرعی قرضوں میں کوئی بڑی کمی نہیں کی۔ بعض دوسرے صوبوں نے بھی صوبۂ متوسط کے تجربے کی تقلید کی۔ چنانچہ ہم پنجاب کا خاص طور پر ذکر کر سکتے ہیں جہاں ۱۹۳۴ء میں "قانون امداد قرضداری" نافذ کر کے انجمن ہائے مصالحت قرضہ کا طریقہ رائج کیا گیا ہے۔ مقامی حکومت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ ایسی انجمنیں قائم کر کے لین داروں اور دین داروں میں باہمی رضامندی سے تصفیہ کرائے بشرطیکہ قرضے کی مجموعی مقدار دس ہزار روپے سے زائد نہ ہو۔ انجمن ایک صدر اور حکومت کے مقرر کیے ہوئے دو یا دو سے زائد ارکان پر مشتمل ہوتی ہے۔ تصفیے کی غرض سے لین دار یا دین دار کی طرف سے انجمن کو درخواست دی جا سکتی ہے۔ راضی نامہ ہو جانے کے بعد عدالت دیوانی کے فیصلے کے ہم پلہ سمجھا جاتا ہے صوبۂ متوسط کی طرح

ا ب

یہاں بھی یہ شرط موجود ہے کہ اگر لین دار مناسب پیش کش قبول کرنے سے انکار کرے تو دین دار کو صداقت نامہ دیا جا سکتا ہے۔ اس انجمن کے فیصلے قطعی اور آخری ہوتے ہیں۔ "ڈگری دو پٹ[1]" کے قاعدے کی پابندی کی جاتی ہے۔ صوبۂ متحدہ میں بھی انجمن ہائے مصالحت قرضہ قائم ہیں۔ بنگال میں ایک مسودۂ قانون بنام "بنگال کے زرعی قرض داروں کا قانون" حال ہی میں پیش کیا گیا ہے اور ایک منتخب کمیٹی نے اس کی تائید میں رپورٹ پیش کی ہے۔ یہ مسودۂ قانون صوبۂ متوسط اور پنجاب کے قوانین کے مطابق بنایا گیا ہے۔ مدراس میں حکومت کے مقرر کئے ہوئے ایک خاص افسر نے قرضوں کا بار گھٹانے کی غرض سے حال ہی میں یہ رپورٹ پیش کی کہ انجمن ہائے مصالحت قرضہ قائم کئے جائیں، نیز ایک غیر سرکاری مسودہ قانون کی اصولی طور پر تائید کی جو صوبۂ متوسط کے ایکٹ کے نمونے پر مرتب کیا گیا ہے۔ بمبئی میں بھی آج کل اسی قسم کا ایک غیر سرکاری مسودۂ قانون زیر غور ہے۔

یہ ظاہر ہے کہ انجمن ہائے مصالحت قرضہ کی کامیابی کی شرط یہ ہے کہ وہ امداد باہمی کے زمین گروی بنکوں سے مل کر کام کریں، تاکہ کسان کو یا اس لین دار کو جو اپنے مطالبے کے بارے میں مصالحت کرنے کے لیے تیار ہو ضروری امداد مہیا ہو سکے۔ اسی لیے حکومت صوبۂ متوسط نے ۱۹۳۵ء میں امداد باہمی کے دس زمین گروی بنک ایسے مقامات پر قائم کئے جہاں قرضوں کا بار صوبے بھر میں سب سے زیادہ ہے۔

صوبۂ متوسط اور دوسرے علاقوں میں یہ خیال نشو و نما پا چکا ہے کہ اگر قرضوں کے تصفیے بذریعۂ مصالحت کے طریق کو بجا طور پر ترقی دینا ہے تو اس میں "ارادی" اور "اختیاری" اصول کو نکال کر اس کی جگہ "جبری" اصول رکھنا چاہئے۔ بنگال کے مسودۂ قانون میں، اگرچہ کوشش تو یہ کی گئی ہے کہ اختیاری طریق پر قرضوں کا تصفیہ کرایا جائے، لیکن ایسی انجمنیں قائم کرنے کی 304

[1] ۔ ڈگری قیمت: ڈگری دام۔

باب ۹

گنجائش بھی رکھی گئی ہے جن کو یہ اختیارات حاصل ہوں کہ اگر لین دار باہمی سمجھوتے کی بنا پر قرضہ چکانے سے انکار کریں تو ان کو مختلف طریقوں سے مجبور کیا جائے۔ لیکن "جبری" اصول کو استعمال کرنے کے لیے اس لیے بہت احتیاط کی ضرورت ہے کہ ہر وہ قانون جو لین دار میں خوف و اضطراب پیدا کرے گا کسان کی ساکھ پر مضر اثر ڈالے گا، کیونکہ وہ مالی امداد کے لیے ابھی تک قرض دہندے ساہوکار ہی پر انحصار کرتا ہے۔ لیکن انجمن ہائے مصالحت قرضہ کو ایسے اختیارات حاصل ہونے چاہئیں، جن کی بنا پر وہ خود قرضوں کی تحقیق شروع کر سکیں۔

بھاؤنگر، میسور اور ٹرانکور، جیسی بعض ہندوستانی ریاستوں نے بھی انجمن ہائے مصالحت قرضہ قائم کرنے کے بارے میں تدابیر اختیار کی ہیں چنانچہ سب سے نمایاں کامیابی بھاؤنگر میں ہوئی ہے، جہاں قرضوں کا تصفیہ اور ان میں بڑی حد تک کمی کر دینے کے بعد باقی رقم کی ادائی کو دربار نے اپنے ذمے لے لیا اور لین داروں کے مطالبات کو تمام و کمال پورا کر دیا۔ لیکن یہ امر بخوبی ذہن نشین رکھنا چاہئے کہ برطانوی ہند میں بذریعہ مصالحت قرضہ چکانے کی کسی تجویز کو کامیابی کی ویسی ہی توقعات کے ساتھ اور اتنی آسانی سے عملی جامہ نہیں پہنایا جا سکتا، جس طرح کہ بھاؤنگر جیسی چھوٹی ریاست میں ممکن ہوا۔ اس لیے کہ یہاں نہ صرف والئی ریاست مالگزاری کا بقایا معاف کرنے کے لیے تیار تھا بلکہ ایک قابل اور نیک دل مشیر سر پربھا شنکر پٹانی موجود تھا، اور ساہوکار بھی حقیقی صورت حال سے متاثر ہو کر اپنی ذہنیت بدلنے اور اپنے مطالبات میں ۲۵ فی صد کمی کرنے کے لیے آمادہ تھے۔ اس کے برخلاف کسی برطانوی صوبے میں کئی مشکلات حائل ہوتی ہیں، اس لیے کہ یہاں آبادی بھی بہت زیادہ ہوتی ہے، اور قرض دہندے اور لین دار بھی غیر متجانس ہوتے ہیں[1]۔ آخر میں

---

[1] دیکھو (Indian Co-operative Review) بابت اپریل ۱۹۳۵ء صفحہ (۱۱۲۹)۔

باب ۵

یہ کہہ دینا مناسب ہوگا کہ بذریعۂ مصالحت قرض چکانے کا مقصد صرف دیہی قرض داری کے اصلی اسباب کو دور کرنا ہے نہ کہ آیندہ قرض داری سے باز رکھنا، اور اسی لیے اس کا افادہ بھی محدود ہے۔

۱۱۔ انتقال اراضی پر بندشیں۔ انیسویں صدی کے آخری چالیس یا پچاس سال کے عرصے میں، ہندوستان میں قریب قریب ہر جگہ "حقوق ملکیت" اور "حقوق کاشت" کی قدر و قیمت بہت بڑھ گئی، جس کی وجہ سے کسان کے اعتبار میں بے نظیر توسیع عمل میں آئی۔ لیکن اس اعتبار کو بڑی حد تک غلط طریقے پر استعمال کیا گیا۔ جاہل اور غیر کفایت شعار کسانوں کے طبقے کو بیش قیمت زمین کی اعلیٰ کفالت کی بنیاد پر بے سوچے سمجھے قرضے لینے سے باز رکھنے کے لیے کسی قسم کی احتیاطی تدبیریں اختیار نہیں کی گئیں، نتیجہ یہ ہوا کہ زمین کسان کے قبضے اور ملکیت سے بسرعت نکلتی گئی۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ حکومت انتقال اراضی کو روکنے کی بجائے ابتداءً انتقال اراضی کا دراصل خیر مقدم کر رہی تھی۔ خیال یہ کیا گیا تھا کہ انتقال اراضی میں سہولت پیدا کرنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ زمین ایسے کسانوں کے قبضے میں آجائے گی جن کے پاس اس سے پوری طرح کام لینے کے کافی ذرائع ہوں۔ چنانچہ بمبئی کی "مشترکہ رپورٹ" کے مصنفوں نے یہ خواہش ظاہر کی تھی
305 کہ انتقال اراضی میں سہولت پیدا کرنے کے لیے خاص تدبیریں اختیار کرنی چاہئیں، خاص کر اس لیے کہ ملک کے رسم و رواج انتقالات اراضی کے خلاف تھے۔ بہرحال حکومت کو رفتہ رفتہ اس امر کا احساس ہوا کہ غیر کاشتکار طبقے کو اراضی کی منتقلی ایسی حالت پر پہنچ گئی تھی جو معاشی اور سیاسی دونوں حیثیتوں سے خطرناک تھی اور اس لحاظ سے یہ ضروری خیال کیا گیا کہ آزادانہ انتقال کی روک تھام کی جائے۔ اراضی کے آزادانہ انتقالات پر قانونی بندش عائد کرنے کے حامیوں کا مقصد یہ تھا کہ اولاً زمین کو غیر کاشت کار طبقوں کے ہاتھوں میں منتقل ہونے سے روکا جائے، اگرچہ انھوں نے ایسی بندش کے ثانوی اثر یعنی اعتبار کی کمی کا بھی اس لیے خیر مقدم کیا کہ

باب ۹

اس کی بدولت یہ قرینہ تھا کہ کسانوں کا طبقہ جس رفتار سے قرضے حاصل کر رہا تھا اس میں کمی ہو جائے گی۔ چنانچہ کسی نہ کسی شکل میں یا تو عملی تدبیر اختیار کی گئی یا اس پر عمل کرنے کے متعلق غور کیا گیا؛ اور اس کی سب سے نمایاں مثال پنجاب کی ہے "قانون انتقال اراضی پنجاب" (بابت ۱۹۰۱ء) کے تحت غیر زرعی طبقوں کو نہ تو کسی زرعی طبقے کے رکن سے زمین خریدنے کی اجازت ہے اور نہ زمین کو بیس سال سے زیادہ کے لیے رہن لینے کی۔ ساہوکار کو ملکی کاشتکار کی زمین چھین لینے یا اس کو بے دخل کرنے سے باز رکھنے میں اس قانون کی کامیابی یقینی ہے۔ تاہم اس قانون میں کچھ نقص یا غالباً کئی نقائص پائے جاتے ہیں۔ اولاً یہ کہ ایک تعلیم یافتہ شہری کو اپنی پوشیدہ ذہانت اور حوصلہ مندی کے ذریعے سے زمین سے کام لینے کی خواہش کو پورا کرنے میں جو مشکلات پیش آتی ہیں وہ زرعی ترقی کی راہ میں بہت بڑی رکاوٹ ہے۔ اس کے برخلاف انگلستان میں زراعت کی ترقی پذیری کا سب سے بڑا سبب اسی قسم کی روشن خیال حوصلہ مندی ہے بلکہ خود زراعت پیشہ طبقہ اعتبار کی اس ناگزیر تقلیل سے متاثر ہوئے ہیں۔ دوسری بڑی اور خلاف امید خرابی یہ ہوئی کہ زراعت پیشہ ساہوکار نمودار ہونے لگے اور ان کا اثر بڑھنے لگا۔ قانونی بندشیں اس کی حد تک کارگر ثابت نہیں ہوئیں، اور وہ اپنی مخصوص و محفوظ حیثیت سے فائدہ اٹھا کر اپنے بھائی کسان کا خون اسی طرح بے دردی کے ساتھ چوستا ہے جس طرح کہ قدیم ساہوکار۔ اس لحاظ سے جہاں قانون نے کسانوں کے قبضے میں زمین کو باقی رکھنے میں معقول حد تک مدد دی ہے، وہیں اس امر میں شبہہ ہے کہ آیا اس نے قرض داری کی خرابی کو معقول حد تک رفع کیا ہے[1]۔

[1] دیکھو ڈارلنگ کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۱۸۳ و صفحہ ۲۱۰ اور پنجاب کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۵، ۱۹۰۳ء میں بندھیل کھنڈ میں بھی اسی کے مماثل "انتقال اراضی کا قانون" منظور ہوا۔ صوبۂ متوسط اور بمبئی میں جو بندشیں قدیم وحشی اقوام کی طرف سے انتقال اراضی کے بارے میں عائد کی گئی تھیں تا حال موجود ہیں۔

باب ۹

306

۱۲۔ زر اور اعتبار کی رسد[1]

"تقاوی قرضے" ہندوستان میں رعیت کی سرکاری امداد کی بہت ہی دیرینہ شکل ہیں، اور برطانوی حکومت نے بھی ۱۸۷۱ء، ۱۸۷۶ء اور ۱۸۷۹ء میں، علی الترتیب کئی قوانین تقاوی منظور کئے۔ لیکن حقیقی امداد کا کوئی کام اس وقت تک انجام نہیں پایا جب تک کہ قحط کمیشن (۱۸۸۰ء) کی سفارش کی بناء پر قانون قرضہ جات برائے اصلاح و ترقی اراضی (بابت ۱۸۸۳ء) اور قانون قرضہ بہ کاشتکاران بابت ۱۸۸۴ء منظور نہیں ہوا۔ اول الذکر قانون کے تحت یہ طے پایا کہ زمین کی مستقل اصلاح و ترقی، مثلاً: کنوؤں کی کھدائی اور پشتوں کی بنوائی کے لیے قرضے دئے جائیں اور موخر الذکر قانون کے تحت قلیل مدت کے قرضے زرعی ضرورتوں مثلاً تخم، مویشی، کھاد، آلات کشاورزی وغیرہ کے لیے دئے جانے لگے۔ یہ قرضے کسانوں کے لیے خاص کر ان کے آڑے وقت میں بہت مفید ثابت ہوئے، چنانچہ ان کی بدولت سود کی مروجہ شرحوں میں کمی ہوگئی اور زر کے مقامی دیہی بازار اور وسیع تر بازار میں جہاں سے حکومت بعض اوقات اس غرض کے لیے قرضہ لیتی ہے ایک حد تک تعلق قائم ہوگیا۔

لیکن تقاوی قرضوں کو کبھی قبول عام حاصل نہیں ہوا۔ آبپاشی کمیشن (۱۹۰۱ء تا ۱۹۰۳ء) نے یہ اندازہ قائم کیا ہے کہ اس طرح قرض پر دی ہوئی رقم کی مجموعی مقدار ۶ کروڑ روپیہ تھی جو گویا سمندر میں ایک قطرہ تھی۔ بنک کاری کی صوبہ واری تحقیقاتی کمیٹیوں نے مذکورۂ بالا دو قوانین کے تحت دئے ہوئے قرضے کے جو اعداد مرتب کئے ہیں، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ

[1] موجودہ زمانے میں دیہات میں قرضہ حاصل کرنے کے ذرائع یہاں بیان کردینا مناسب ہوگا:۔ (۱) ساہوکار قرض دہندے پیشہ ور اور غیر پیشہ ور دونوں (جن میں اوھار فروخت کرنے والے بھی شامل ہیں) (۲) ملکی ساہوکار (۳) امداد باہمی کی انجمنیں۔ (۴) حکومت۔ (۵) تجارتی بنک بشمول امپریل بنک آف انڈیا، مبادلۂ بنک اور مشترک سرمائے کے بنک (۶) بنگال کی قرضے کی کوٹھیاں۔ (۷) اراضی میں بندھی اور چیٹے فنڈ۔ دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، (فقرہ ۱۰۴)۔

۱۰۹

حکومت نے دیہی قرضے کی بہم رسانی کے معاملے میں بہت ہی حقیر حصّہ لیا۔[1] یہ قرضے صرف مخصوص اغراض کے لیے دیئے جاتے ہیں، جس کا نتیجہ یہ ہے کہ کسان اپنی ساکھ کو ساہوکار کے پاس خطرے میں ڈالنے کے بجائے جس سے وہ (کسان) تمام اغراض کے لیے قرضے لے سکتا ہے سرکاری قرضہ لینے سے باز رہنے کو اس وقت تک ترجیح دیتا ہے جب تک کہ وہ قطعی طور پر مجبور نہ ہو جائے۔ یہ ناممکن ہے کہ سرکاری قرضوں کے کسی نظام کو ساہوکارے کے نظام کی طرح لچکدار اور تغیر پذیر بنایا جائے۔ تقاوی کے طریق میں ایک اور مجبوری یہ ہے کہ قرضے کی واپسی میں سخت گیری کی جاتی ہے جس کی بنا پر یہ طریق غیر مقبول بن جاتا ہے۔ ان سب پر طرہ تقاوی کی تقسیم میں بے انتہا تاخیر، دفتر کے تحتانی اہلکاروں کی نوچ کھسوٹ اور محکمۂ مالگزاری کے نظم و نسق کی عادتی ضابطہ پسندی جیسے نقائص ہیں۔ اس نظام کی نگرانی بھی غیر معمولی طور پر دشوار ہے، اور وہ معاملے کی تہ کو اس لحاظ سے نہیں پہنچتا کہ وہ رعیت کے عادات و خصائل پر کوئی تعلیمی و تربیتی اثر ڈالنے سے قاصر ہے؛ بلکہ بعض لوگ تو یہاں تک کہتے ہیں کہ وہ رعیت کے لیے مخرب اخلاق ہے۔ آخر میں یہ کہ چونکہ حکومت کا اعتبار اور اس کے ذرائع محدود ہیں، لہٰذا مطلوبہ حد تک قرضہ نہیں دیا جا سکتا۔[2] یہ طریقہ زراعت کو مالی مدد دینے کا عام ذریعہ ہونے کی حیثیت سے ناکام ہے اگرچہ مخصوص قحط زدہ اور پسماندہ علاقوں میں وہ محدود افادہ رکھتا ہے۔[3] ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت تقاوی کے انتظام کی اصلاح و ترمیم کی ضرورت کو محسوس کر رہی ہے۔ چنانچہ اس کی مثال کے طور پر ہم اس موضوع پر حکومت کی حال کی ایک قرارداد کا حوالہ دے سکتے ہیں جس میں سخت طریق کار کو 307

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ" فقرہ ۲۳۶۔

[2] دیکھو ولف کی کتاب محولۂ بالا، ص ۱ تا ص ۲۔

[3] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ (روئداد شہادت) جلد سوم سر ہیوا اس آچاریار کی شہادت، نیز بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۲۴۱)۔

باب ۹

نرم بنانے کے متعلق ہدایات ہیں۔ ۱۹۱۷ء میں زراعتی بورڈ نے یہ سفارش کی کہ تقاوی قرضے زیادہ آزادی کے ساتھ دیئے جائیں تاکہ محکمہ جات زراعت کی سفارش کی بموجب رعیت کھاد، ترقی یافتہ تخم اور آلات کشاورزی خرید سکے۔ بمبئی میں ۱۹۲۲ء میں مرتب کردہ قواعد کے مطابق حکومت نے مستقل اصلاح و ترقی کی غرض سے ان طویل مدت کے قرضوں کی تقسیم کرنے کے لیے محکمۂ امداد باہمی کی وساطت سے فائدہ اٹھایا۔ چنانچہ اس غرض کے لیے پراونشل کوآپریٹو بنک (بمبئی) کو سالانہ ایک مخصوص رقم دی جاتی ہے۔ تقاوی قرضوں کے کل نظام پر بنک کاری کی مختلف صوبہ داری تحقیقاتی کمیٹیوں اور مرکزی کمیٹی[1] نے حال ہی میں (۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء) تبصرہ کیا ہے اور کئی مفید سفارشیں پیش کی گئی ہیں:۔ مثلاً اطلاعات عامہ کے ایک محکمے کی تخلیق۔

منظورہ ایکٹس یا قوانین کے باہر حکومت نے بعض مشہور بنا ندانوں مثلاً ناگپور کو تباہی سے بچانے کے لیے وقتاً فوقتاً قرضے دیئے۔ علاوہ ازیں حکومت نے زیر بار جاگیروں کے قوانین[2] اور کورٹ آف وارڈز کے قوانین کی رو سے بڑی جاگیروں یا معین رقبے کے مقروض املاک کی طرف سے خاص تدابیر اختیار کرنے کا اقتدار اس غرض سے حاصل کیا کہ زیر بار جاگیروں کی مدد کی جائے اور ایسی زمینداریوں کو تباہی سے بچایا جائے جن کے بصورت دیگر دیوالیہ ہو جانے کا امکان ہو۔

---

[1] "بنگال کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی" "قانون قرضہ جات اصلاح و ترقی ارضی" کے ایک اساسی نقص کی جانب اشارہ کرتی ہے اور یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ اسی نے قانون کی سود مندی کو گھٹا دیا ہے۔ اس کے تحت قدیم قرضوں کی ادائی اور کھیتیوں کے استعمال و انضمام کے لیے محکومت کی جانب سے قرضے منظور نہیں کیے جا سکتے" حالانکہ زرعی ترقی کے یہی دو اساسی لوازم ہیں۔ (دیکھو رپورٹ فقرہ ۱۳۸)۔

[2] دیکھو رپورٹ کا فقرہ ۲۳۸ تا ۲۴۵۔

[3] (Encumbered Estates Actes)

باب ۹

لیکن یہ تدبیریں قرض داری کے اہم مسئلے کو حل کرنے سے قاصر رہیں اور کسانوں کے لیے اعتبار و قرضے کا مناسب اور ارزاں طریقہ تاحال مفقود ہے۔ جیسا کہ رائل بینک نے کہا ہے "محض وضع قوانین کے ذریعے نافذ کردہ حکم، معاشی قانون سے عملدرآمد کی تنظیم نہیں کرسکتا"[1]۔ حکومت نے ۱۸۸۴ء ہی میں اس کو محسوس کرلیا تھا؛ چنانچہ وائسرائے نے وزیر ہند کے موسومہ مراسلے میں اس بارے میں رائے دی کہ بنگال کے جانشین کے طور پر خانگی بنک قائم کیا جائے اور قرضہ کسانوں کو قابل اسامی کو سرمایہ ارزاں شرائط پر فراہم کیا جائے۔ سر ولیم ہنٹر اور مسٹر جی ڈی اوڈے کے اتفاق کے تحت ۱۸۸۳ء میں ضلع پونا کے سرمایہ داروں کی ایک کمیٹی اس غرض سے بنائی گئی کہ تعلقہ پرانڈھر کے کسانوں کو قرضہ دینے کے لیے ایک بنک قائم کیا جائے۔ مالگذاری کے عہدہ داروں کی وساطت سے قرضہ واپس وصول کرنے کے اقتدار اور دوسری رعایتیں مراعات مثلاً بنک کے قرضوں کو تفوق و تقدم اور رسوم اسٹامپ کی معافی وغیرہ پر بھروسہ کرکے کمیٹی نے دس لاکھ کا سرمایہ فراہم کیا اور یہ تہیہ کیا کہ رعایا کے قرضوں کی ادائی شروع کی جائے۔ گو اس تجویز کو حکومت بمبئی اور حکومت ہند دونوں نے منظور کرلیا تھا، لیکن اس وقت کے وزیر ہند مارکوئس آف ہارٹنگٹن نے اس کو حسب ذیل وجوہ کی بنا پر مسترد کردیا:- (۱) بنک کی حیثیت واقعی طور پر ایک سرکاری ادارے کی ہوگی۔ (۲) تجویز مالی اعتبار سے غیر مستحکم تھی، اس لیے کہ پرانڈھر تعلقے کی مالگزاری کی بنا پر اندازہ کیا جائے تو رعایا کسی معقول مدت کے اندر سود یا قرضے کی رقم ادا نہیں کرسکتی تھی، اور (۳) موجودہ حالت میں تمام ضرورتوں کی تکمیل ۱۸۸۳ء و ۱۸۸۴ء کے قوانین تقاوی (جن کا ذکر اوپر آچکا ہے)، قانون امداد کاشتکاران دکن، بہتر عدالتی انتظامات اور حقوق ملکیت کی مناسب طریقے پر رجسٹری کے ذریعے سے کافی بڑی حد تک کی جاسکتی ہے۔ علاوہ ازیں

308

[1] دیکھیے "آر بی" بینک کی کتاب موسوم بہ "انجمن ہائے امداد باہمی کا دستور العمل" صفحہ (۲)۔

وزیر موصوف نے یہ بھی بتلایا کہ رعیت جو کچھ چاہتی تھی وہ یہ تھا کہ سرکار کے ہاں جس طرح رواں کھاتہ رہتا تھا اسی طرح بنک میں بھی ہو لیکن بنک اس کو روا نہیں رکھ سکتا تھا۔[1]

۱۳۔ قرضۂ امداد باہمی۔ یہ خیال کہ ہندوستان میں دیہی قرض دار کے مقابلے کی غرض سے اور اعتبار کی فراہمی کے واسطے کیوں نہ "امداد باہمی" کے طریق کو استعمال کیا جائے، سب سے اول مدراس کے ایک سیولین مسٹر فریڈرک نکل سن نے پیش کیا جو یورپ میں زرعی بنکوں اور دوسرے زمیندارہ بنکوں کی خاص طور پر تحقیق کر چکے تھے۔ بنا بریں حکومت مدراس نے ان کے ذمے یہ کام سپرد کیا کہ وہ اس مسئلے کی تحقیقات کریں کہ آیا احاطۂ مدراس میں زرعی بنکوں یا دوسرے زمیندارہ بنکوں کا قائم کرنا قابل عمل ہوگا یا نہیں۔ نکل سن نے اپنی مشہور رپورٹ شائع شدہ ۱۸۹۵ء تا ۱۸۹۷ء میں اس امر کی پرزور سفارش کی کہ ہندوستان میں قرضۂ امداد باہمی کی انجمنیں قائم کی جائیں۔ انھوں نے اس خیال پر زور دیا کہ ہندوستان جیسے ملک میں کوئی اسکیم اس وقت تک کارگر نہیں ہو سکتی جب تک اس میں اس امر کو ملحوظ نہ رکھا جائے کہ قرض دہندے کے لیے خواہ وہ فرد واحد ہو یا انجمن، یہ نہایت ضروری ہے کہ وہ قرض گیرندے کے حالات سے گہری واقفیت رکھے۔ نیز یہ کہ گو دیہی ساہوکار قرض گیرندہ کے حالات سے عام طور پر واقف ہوتا ہے، پھر بھی وہ ایک الگ تھلگ اکائی ہوتا ہے جس کا ملک میں اعتباری عام رسد سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ نکل سن نے بتلایا کہ یورپ کے زمیندارہ بنک صرف بڑے کسانوں کے لیے مفید ثابت ہوئے۔ انھوں نے اس خیال کی مخالفت کی کہ سرکاری بنک قائم کر کے قرض داری کا

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ ۲۵۶ تا ۲۵۷ مصر کے زرعی بنک کے بیان کے لیے۔

باب ۹

علاج کیا جا سکتا ہے، اس لیے کہ اعتبار کی سب سے بڑی کسوٹی یہ ہے کہ قرض دہندے کو قربت اور ضمانت حاصل ہو اور قرض گیرندے کو سہولت اور حفاظت میسر ہو، اور ان شرائط کو پورا کرنے کے لیے بنکوں کی اتنی بڑی تعداد قائم کرنی ہوگی جو عملاً غیر ممکن ہوگی اور ایک دقیق اور پیچیدہ دفتری انتظام درکار ہوگا۔ علاوہ ازیں گورنمنٹ مطلوبہ فنڈ فراہم نہیں کر سکتی، اور انتہائی استبدادی مداخلت کی بنا پر لوگوں کی ہمت فزائی کرے گی کہ معمولی سے معمولی حالات زندگی میں بھی گورنمنٹ سے مدد مانگیں۔ اس پر طرہ یہ کہ گورنمنٹ کو ٹیکس کے محصل کے علاوہ بیلف کی بھی صلواتیں سننی پڑیں گی۔ نکل سن نے آخر میں یہ نتیجہ نکالا کہ 309
ہندوستان جیسے ملک میں "کسان کو کبھی کم اور کبھی زیادہ مقداریں لگاتار قرضہ فراہم کرنے کا واحد اطمینان بخش طریقہ صرف امداد باہمی ہے۔ انھوں نے یہ خیال ظاہر کیا کہ قرضۂ امداد باہمی کے بنکوں کی حد تک مدراس کے حالات، یورپ کے حالات سے بہت مختلف نہ تھے، اس لیے کہ برطانیہ عظمیٰ کی فرنڈلی سوسائیٹیز (میت بھاون) اور بلڈنگ سوسائیٹیز (تعمیر بھاون) کے مقابلے میں یہاں کامیاب ملکی انجمنیں موسوم بہ نیدھی[1] کثیر تعداد میں کام کر رہی تھیں۔ انھوں نے یہ مشورہ دیا کہ حکومت کو چاہیے کہ آئین و قوانین وضع کرکے اور مناسب بالواسطہ طریقہ اختیار کرکے کسانوں کے لیے امداد باہمی کے بنک کھولنے کی ہمت افزائی کرے؛ اگرچہ کامیابی کے لیے انفرادی خلوص، سعی اور سرگرمی ضروری تھی۔ انھوں نے اپنے نتائج کا خلاصہ دو لفظوں میں پیش کیا: "رفیزن مہیا کرو"۔ ۱۸۹۵ء میں حکومت مدراس نے ان کی رپورٹ پر تبصرہ کیا؛ لیکن کل مسئلے کو یہ کہہ کر بالائے طاق رکھ دیا کہ

[1] (Nidhis)

باب ۹

اس پر کوئی کارروائی کرنا غیر ضروری تھا' اس لیے کہ حکومت کی رائے میں دیہی قرضے کا مسئلہ فوری توجہ کا محتاج نہ تھا۔[1] اس اثنا میں صوبۂ متحدہ کی سیول سروس کے ممبر ڈوپرنے نے ایک دلچسپ کتاب بعنوان "ہندوستان کے عوام کے بنک" شائع کی تھی۔ اس طرح امداد باہمی کا جو تصور عوام کے ذہن میں اس کتاب اور نکل سن کی رپورٹ کے ذریعے سے قائم ہوا تھا' وہ اب بار آور ہونا شروع ہوا۔ صوبۂ متحدہ' بنگال اور پنجاب کے بعض علاقوں میں بعض عہدہ داران ضلع نے جدت دکھا کر امداد باہمی کی چند ابتدائی انجمنیں قائم کیں۔ لیکن یہ مساعی منتشر اور غیر منظم تھیں اور یہ بھی محسوس کیا گیا کہ خاص قوانین وضع کئے بغیر کوئی حقیقی ترقی ممکن نہ تھی' اس لیے کہ قانون انجمن ہائے سرمایۂ مشترک اپنے پیچ در پیچ شرائط کی بنا پر امداد باہمی کے دیہی بنکوں کے لیے بدیہی طور پر ناموزوں تھا۔[2] قحط کمیشن (سنہ ۱۹۰۱ء) نے اپنی اس پرزور سفارش سے امداد باہمی کے نظریے کے حق میں ایک اور محرک کا کام کیا کہ رفیزن کے اصول پر دیہی بنک قائم کئے جائیں۔ اسی سال لارڈ کرزن کی حکومت نے نکل سن کی رپورٹ کے بارے میں مقامی حکومت کے خیالات دریافت کرنے کے بعد سر ایڈورڈ لا کی صدارت میں ایک زبردست کمیٹی قائم کی۔ اس کمیٹی کو ہنری ولف آنجہانی کے مشورے کا فائدہ حاصل ہوا۔ جن کو امداد باہمی کے مسئلے پر ان کے زمانے کا سب سے زیادہ مستند انگریز خیال کیا جاتا تھا۔ کمیٹی کی سفارشیں مان لی گئیں اور اس کے نتیجے کے طور پر مرکزی مجلس قانون ساز میں سر ڈنزل ابٹسن نے سنہ ۱۹۰۴ء میں ایک مسودۂ قانون پیش کیا جو قانون نمبر (۱۰) بابت سنہ ۱۹۰۴ء

---

[1] دیکھو گورنمنٹ آف انڈیا کی یادداشت انجمن ہائے قرضۂ امداد باہمی کے قانون (سنہ ۱۹۰۴ء) کے متعلق۔

[2] دیکھو میک لے گن کی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۴)۔

باب ۹ کی شکل میں منظور اور "قانون انجمن ہائے قرضۂ امداد باہمی" (سنہ ۱۹۰۴ء) کے نام سے موسوم ہوا۔

لیکن امداد باہمی کا مسئلہ اس قدر کافی اہم ہے کہ وہ بحث کے لیے ایک الگ باب کا مستحق معلوم ہوتا ہے۔

باب ۱۰

ہندوستان میں امداد باہمی کی تحریک

310

۱۔ امداد باہمی کا مفہوم۔

مندرجۂ ذیل اقتباسات امداد باہمی کی امتیازی خصوصیات پر روشنی ڈالتے ہیں:۔ "امداد باہمی کا نظریہ اجمالی طور پر یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ ایک منفرد اور کمزور آدمی دوسرے اشخاص سے اتحاد قائم کر کے اخلاقی نشوونما اور باہمی تعاون کے ذریعے سے وہ مادی فوائد اپنی حیثیت کے لحاظ سے حاصل کر سکتا ہے جو دولتمند اور طاقتور اشخاص کو حاصل ہوتے ہیں اور اس طرح اپنی فطری قابلیتوں کی انتہا تک خود کو ترقی دے سکتا ہے۔ مادی ترقی، قوتوں کے اتحاد سے حاصل ہوتی ہے، خود اعتمادی متحدہ عمل سے فروغ پاتی ہے اور یہ توقع کی جاتی ہے کہ ان اثرات کے باہمی عمل سے ایک ایسا اعلیٰ معیار زندگی موثر طریقے پر حاصل ہوگا، جو زیادہ خوش حالی پر مبنی ہوگا، چنانچہ اس اعلیٰ معیار زندگی کی خصوصیت 'بہتر کاروبار، بہتر کاشت اور بہتر زندگی' بیان کی جاتی ہے[1]

"جب افراد کی کوئی جماعت ایک مشترکہ مقصد کو حاصل کرنے کے لیے

---

[1] دیکھو میک لے گن کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۲)۔

باب ۱۰

مشترکہ سعی کے ذریعے سے اتحاد قائم کرتی ہے تو اس کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ امداد باہمی کے اصول پر کام کر رہی ہے؛ مثلاً: فٹبال ٹیم، چوروں کی ٹولی، یا تجارتی کاروبار کرنے والی کمپنی کے حصہ دار۔ "امداد باہمی" کے مفہوم کو اس کی ایک صدی کی سرگزشت نے زیادہ قطعی بنا دیا ہے۔ امداد باہمی کے معنی یہ ہیں کہ ایک مشترکہ معاشی مقصد کو دیانت دارانہ طریق پر حاصل کرنے کے لیے اتحاد قائم کیا جائے۔ امداد باہمی کی اکثر شکلوں میں یہ بھی ضروری ہے کہ افراد کو ایک دوسرے کے متعلق ذاتی معلومات ہوں[1]۔"

"امداد باہمی کا مفہوم، فنی اعتبار سے، دولت کی پیدائش و تقسیم میں مسابقت کا ترک کرنا اور ہر قسم کے بیچ والوں کو درمیان سے ہٹانا ہے[2]۔" "امداد باہمی، تعاون باہمی سے شروع ہوتی ہے تاکہ اس کا انجام کسی مشترک مقصد کی تکمیل پر ہو[3]۔"

"امداد باہمی، معاشی تنظیم کی ایک خاص شکل ہے جس میں لوگ بعض قطعی کاروباری قواعد کے تحت قطعی کاروباری اغراض کے لیے مل کر کام کرتے ہیں۔ امداد باہمی کے تصور کی بنیاد یہ ہے کہ کاروبار اور اخلاق کے درمیان ایک ایسا تعلق قائم کیا جائے جو اس تجارتی دیانت داری سے بھی بلند و برتر ہو جو ہمارے موجودہ صنعتی نظام کے لیے ضروری ہے[4]۔"

اس طرح یہ معلوم ہوگا کہ انجمن امداد باہمی میں (۱) مشترکہ معاشی مفاد کو حاصل کرنے کے لیے افراد کا اتحاد خالصتاً رضاکارانہ حیثیت رکھتا ہے؛
311 (۲) مادی کاروباری پہلو پر جتنا زور دیا جاتا ہے اتنا ہی اخلاقی پہلو پر بھی دیا جاتا ہے؛ (۳) امداد باہمی کی جد و جہد کے تعلیمی و تربیتی اثر سے خاص اہمیت

---

[1] دیکھو سی، لیف، اسٹرک لینڈ کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں امداد باہمی" صفحہ ۱۲۔

[2] دیکھو سیلگ من کی تصنیف محولۂ بالا، صفحہ ۱۵۱۔

[3] دیکھو پیرک کی کتاب موسوم بہ "دفاقی زرعی قرضے کا طریق" صفحہ ۱۸۔

[4] دیکھو گارڈن اور اوبرائن کی کتاب موسوم بہ "ڈنمارک میں امداد باہمی"۔

باب ۱۰

وابستہ کی جاتی ہے۔

بہرطور امداد باہمی کا دائرہ نظری اعتبار سے ویسا ہی وسیع ہے جیسا کہ خود معاشیات کا۔ لیکن عملی حیثیت سے صنعت میں اس کا محدود اطلاق اب تک صرف پیدائش دولت پر کیا گیا ہے، اگرچہ دستی کرگھے کی پارچہ بافی جیسی گھریلو صنعتوں کے انتظام کو بھی جن میں سرمایہ، جدت اور کاروباری مہارت اور قابلیت کی زیادہ ضرورت نہیں ہوتی، امداد باہمی کا طریق مدد دے سکتا ہے۔ یہی موجودہ زمانے کی بڑے پیمانے کی صنعت جس میں بیش قیمت اور پیچیدہ کلیں استعمال کی جاتی ہیں اور ماہرانہ کاروباری انتظام اور ضبط کی ضرورت ہوتی ہے، تو اس میں امداد باہمی کے طریق کا اطلاق عملاً موثر نہیں پایا گیا۔ لیکن خریداری، صرف دولت اور اعتبار کے میدان میں امداد باہمی کو بڑی حد تک کامیابی ہوئی ہے؛ اور جیسا کہ آگے چل کر بیان کیا جائے گا، ہندوستان کا تجربہ اس عام میلان سے مستثنیٰ نہیں قرار پاتا۔

۲۔ جرمنی اور ڈنمارک میں امداد باہمی۔ ہندوستان میں امداد باہمی کی تحریک، بیرونی ممالک مثلاً جرمنی اور ڈنمارک کی امداد باہمی کی دو نہایت نمایاں مثالوں سے بڑی حد تک متاثر ہوئی ہے۔ گزشتہ صدی کے تقریباً وسط میں جرمنی کے معاشی حالات، جس حد تک ان کا تعلق کسان اور دیہی دستکار سے تھا، موجودہ زمانے کے ہندوستانی حالات سے بہت زیادہ مختلف نہ تھے۔ ٹٹ پونجیے کسان اور دستکار عام طور پر مہاجن کے پنجے میں پھنسے ہوئے تھے جو ان کا خون چوس رہا تھا اور معاشی جمود طاری تھا۔ اس صورت حال نے نوع انسانی کے دو ہمدردوں کو جو ایک دوسرے کے معاصر تھے، سخت متاثر کیا۔ اپنے وطنی بھائیوں کی تباہی اور مصیبت دیکھ کر ان کے دل پر چوٹ لگی اور ہر ایک نے جوش میں آکر اس مصیبت و تباہی کو دور کرنے کے لیے الگ الگ کام شروع کیا۔ ان میں سے ایک شخص شلسے ڈیلیش[1]

[1] Schulze-Delitch

باب

(شولز ڈیلٹش) نامی نے قرضے کی انجمنیں اس غرض سے قائم کیں کہ گھٹیا تاجروں اور دستکاروں کی معاشی حالت کو سدھارے۔ اس سلسلے سے اس کا گہرا رابطہ اس وقت قائم ہوا تھا جب کہ وہ [illegible] منصف تھا۔ دوسرا شخص رائف آئزن (Raiffeisen)[1] نامی تھا جو جرمنی کے سب سے کم زرخیز علاقوں میں سے ایک کا مقدم یا میر بلدتھا؛ یہاں کے نیم فاقہ زدہ کسان مہاجنوں کے فولادی پنجے میں پھنسے ہوئے تھے۔ اس نے ان مفلس کسانوں کے لیے اولاً قرضے کی انجمنیں اور بعد میں دوسری انجمنیں قائم کیں۔ ابتداءً ان دونوں قومی جادوؤں کو اپنی اپنی حکومت کی مخالفت سے دوچار ہونا پڑا اور اس کے نتیجے کے طور پر تحریک کی ترقی کی رفتار بہت سست رہی لیکن یہ مشکلات راستے سے بہت جلد ہٹ گئیں اور تحریک نے ایسے شاندار نتائج پیدا کیے کہ ڈنمارک، اٹلی اور آئرلینڈ جیسے دوسرے ممالک میں جرمنی کو نمونۂ تقلید خیال کیا جانے لگا۔

چونکہ ہندوستان میں زرعی اور غیر زرعی قرضے کی انجمنیں علی الترتیب رائف آئزن اور شلتسے ڈیلٹش کے اصول پر مبنی رہیں، لہٰذا ان کی اہم خصوصیات کو الگ الگ بیان کر دینا مناسب ہوگا۔

312 (۱) رائف آئزن کے اصول پر قائم شدہ انجمن میں مندرجۂ ذیل لوازم پر عام طور پر زور دیا جاتا ہے:- (۱) اس کے کاروبار کا رقبہ محدود ہو؛ (۲) حصص نہ ہوں یا حصص کی رقم تھوڑی ہو، تاکہ مقسوم طلبی کو روکا جائے اور غریب سے غریب اشخاص کو بھی رکن بننے کے قابل بنایا جا سکے؛ (۳) ذمہ داری غیر محدود ہو، تاکہ ساکھ اچھی رہے اور باہمی نگرانی ممکن ہو؛ (۴) قرضے تا حد امکان کاروباری یا پیداآور اغراض کے لیے صرف ارکان ہی کو دیے جائیں؛ (۵) قرضے ایک حد تک طویل مدت کے لیے دیے جائیں اور بہ اقساط واپس کرنے کی سہولتیں بہم پہنچائی جائیں؛ (۶) ایک مستقل اور ناقابل انتقال محفوظ

[1] Raiffeisen

باب

سرمایہ قائم کیا جائے: (۷) منافع کی ہوس اور تسوم طلبی کو روکا جائے اور ان کو سرمایہ محفوظ میں جمع کر دیا جائے؛ (۸) انتظام و نگرانی کا کوئی معاوضہ یا محنتانہ نہ دیا جائے اور جمہوری اصول پر انتظام کیا جائے؛ اور (۹) ارکان کی مادی و اخلاقی ترقی کی جانب توجہ کی جائے۔

(ب) ذیل میں وہ خصوصیات درج کی جاتی ہیں جو شلٹسے ڈیلیتش کے اصول پر قائم کی ہوئی انجمنوں کو رائف آئزن کی انجمنوں سے ممتاز کرتی ہیں:

(۱) کاروبار کا دائرہ وسیع ہو؛ (۲) حصص کے اصل کو نسبتہً زیادہ اہمیت دی جائے؛ (۳) ذمہ داری محدود ہو؛ (۴) قلیل مدت کے لیے قرضے دیے جائیں؛ (۵) سرمایہ محفوظ قلیل ہو، اور منافع کا صرف ایک جزو اس سرمائے میں جمع کیا جائے؛ (۶) نفع یا مقسوم زیادہ آزادی کے ساتھ تقسیم کیا جائے؛ (۷) انتظام کو بہتر بنانے کے لیے اجرت دی جائے: اور (۸) انجمن کے اخلاقی نتائج کے مقابلے میں کاروباری پہلو پر زیادہ زور دیا جائے۔

دونوں طرز کی انجمنیں ضروری ہیں، اس لیے کہ عوام کی جن دو جماعتوں کے لیے وہ مطلوب ہیں ان کی مختلف ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے وہ موزوں ہیں۔ اس معاملے پر اس وقت تفصیلی بحث کی جائے گی جبکہ ہندوستان میں قائم شدہ قرضے کی انجمنوں پر تبصرہ کیا جائے گا۔

ڈنمارک کے امداد باہمی کے طریق کی حد تک ہمیں یہ بتلانے پر اکتفا کرنا چاہیئے کہ اس کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ کسان کی ہر حد اکائی ضرورت کے لیے ایک جداگانہ انجمن امداد باہمی قائم کی جاتی ہے حتیٰ کہ امداد باہمی کی بنیاد پر زراعت کی تنظیم کا اس کی تمام حالتوں کے لیے ایک مکمل نظام تیار کیا گیا ہے اور بیچ والوں کو کم و بیش مکمل طور سے ہٹا دیا گیا ہے۔ شیر خانے کی پیداوار کی تجارت برآمد کا انتظام بھی امداد باہمی کا ایک مخصوص ادارہ کرتا ہے۔ ڈنمارک کی زرعی امداد باہمی کی یہ خصوصیت اس امر کی مستحق ہے کہ ہندوستان میں اس کا بغور مطالعہ کیا جائے۔

امداد باہمی کی تحریک تمام دنیا میں ہر طرف پھیل گئی ہے، اور کچھ

باب ۱۰

سال ادھر سے اس نے اپنے لازمی طور پر ہمدردانہ مقاصد و رجحانات کے باعث بین الاقوامی نوعیت اختیار کر لی ہے۔ چنانچہ حال ہی میں ایک ادارہ بنام "سالگرہ بین اقوامی امداد باہمی" قائم ہوا ہے جو اس اصل شاہی دور میں جس میں ہم آجکل رہتے بہتے ہیں امداد باہمی کی عالمی ضرورت و اہمیت کو مناسب طور پر ظاہر کرتا ہے اور بتاتا ہے کہ کس طرح تمام ملکوں میں امداد باہمی کو [illegible] سے ایک خیال کیا جانے لگا ہے۔ سرمایہ دار اور [illegible] کی خرابیوں کے [illegible] میں اشتراکیت اور دوسرے [illegible] امداد باہمی کا طریقہ اس لحاظ سے تفوق کا مدعی ہے کہ وہ نہ صرف ذاتی مفاد کے محرک کو برقرار رکھتا ہے بلکہ اس کو ایک اعلیٰ تر معیار پر اور اجتماعی سعی کی بنیاد پر منظم کرتا ہے۔

۳۔ امداد باہمی اور اس کے فوائد ہندوستان میں۔

ہندوستان میں امداد باہمی ہمارے لیے ایک خاص پیغام رکھتی ہے۔ ہماری آبادی کا بڑا حصہ چھوٹے چھوٹے کسانوں اور دستکاروں پر مشتمل ہے، اور ہمارے ترقی پذیر شہروں میں بھی امداد باہمی کے اصول پر مفید کام انجام دئے جا سکتے ہیں؛ مثلاً متوسط طبقے اور مزدوروں کے فائدے کے لیے مناسب مکانات تعمیر کرنا وغیرہ۔ علاوہ ازیں، گو یہ ممکن ہے کہ امداد باہمی کی بعض مغربی شکلیں ملک کے لیے نئی ہوں، لیکن امداد باہمی کا اصول اور جذبہ کسی حال ملک کے مزاج سے اجنبیت نہیں رکھتا، اس لیے کہ وہ ملک کے اکثر نوعی و امتیازی رسم و رواج مثلاً ذات پات اور مشارکت خاندانی کے طریق کی تہ میں مضمر ہے اور مدراس کے "نیدھی" جیسے نظامات سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے۔

۴۔ ایکٹ بابت سنہ ۱۹۰۴ء

ہم ان حالات پر تبصرہ کر چکے ہیں جن کی بنا پر سنہ ۱۹۰۴ء میں "قانون انجمن ہائے قرضۂ امداد باہمی" منظور ہوا۔ اس قانون نے محض قرضے کی انجمنیں قائم کرنے کی اجازت دی اور غیر قرضی امداد باہمی کی جملہ شکلوں کو ملتوی رکھا۔ یہ پالیسی ارادۃً اختیار

ابتدا

کی گئی تھی، جس کی وجہ یہی نہ تھی کہ دوسری قسموں کی امداد باہمی کی ناگزیر اہمیت کو پوری طرح تسلیم نہیں کیا گیا تھا بلکہ یہ خیال کیا گیا تھا کہ ممکن ہے کہ ایسی آبادی میں جو کسی حد تک پسماندہ اور غیر ترقی یافتہ ہو، دولت کی پیدائش و تقسیم کے کاروبار کی تنظیم کی مشکلات، ترقی کے لیے سنگ راہ ثابت ہوں۔ قرضے کی انجمنوں کی تنظیم سہل تھی، ان کا طریق انتظام سادہ تھا، اور وہ امداد باہمی کے اصول سیکھنے اور ان پر عمل کرنے کا سہولت بخش میدان مہیا کرتی تھیں، اسی بنا پر دوسری انجمنوں کے مقابلے میں ان ہی انجمنوں پر زیادہ تر توجہ مبذول کی گئی۔[1] علاوہ ازیں شہری قرضے کے مقابلے میں دیہی قرضے پر خاص زور اس لیے دیا گیا کہ دیہی قرضے کا مسئلہ بلحاظ نوعیت زیادہ اہم اور اشد ضروری تھا۔

اب ہم قانون مذکور کے اہم شرائط پر غور کر سکتے ہیں۔ دس بالغ عاقل اشخاص کی کوئی جماعت رجسٹری کے لیے درخواست کر سکتی تھی اور اپنی ایک انجمن امداد باہمی قائم کر سکتی تھی۔ لیکن یہ ضروری تھا کہ درخواست گزار اور ہونے والے ارکان ایک ہی مقررہ گاؤں کے باشندے ہوں یا ایک ہی قبیلے یا ذات کے رکن ہوں یا ایک ہی قصبے کے رہنے والے ہوں۔ اگر انجمن قرضۂ امداد باہمی کے ارکان میں سے ۲/۳ کسانوں پر مشتمل ہوں تو ایسی انجمن کو دیہی اور اس کے خلاف ہو تو شہری، انجمن کہا جاتا تھا۔ دیہی انجمنوں کی حد تک 314
غیر محدود ذمہ داری عام قاعدہ تھی؛ شہری انجمنوں میں اس معاملے کو انجمن کی مرضی و خوشی پر چھوڑا گیا تھا۔ دیہی انجمن کے لیے یہ ضروری تھا کہ وہ اپنے کل منافع کو ایک ناقابل انتقال یا غیر منقسم سرمایۂ محفوظ میں جمع کرے، الا اس صورت کے کہ مقامی حکومت خاص خاص حالتوں میں اس کے برعکس عمل کرنے کی ہدایت کرے، شہری انجمنوں کی حد تک منافع کا ایک چوتھائی حصہ سرمایۂ محفوظ میں رکھا جاتا تھا۔ جہاں کہیں حصص کے ذریعے سے اصل فراہم

---

[1] دیکھو میک لے گن کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۸)۔

باب ۱۰

کیا جاتا تھا وہاں اس کی مقدار پر بعض حدود قائم کئے گئے تھے؛ مثلاً یہ کہ کوئی رکن کل حصص کے ۱/۵ سے زیادہ نہیں خرید سکتا تھا؛ رکن واحد کے حصوں کی مالیت ... اروپے سے متجاوز نہ ہو سکتی تھی؛ اور کسی رکن کو ایک رائے سے زیادہ کا حق نہ تھا۔ انجمنیں داخلے کی فیس، حصص، ارکان کی امانتوں اور بیرونی قرضوں کے ذریعے سے مطلوبہ کاروباری اصل مہیا کر سکتی تھیں اور اس طرح حاصل کی ہوئی رقوم کو محض ارکان میں تقسیم کر سکتی تھیں۔ ایک انجمن سے دوسری انجمن صرف مسجل (رجسٹرار) کی اجازت کے تحت قرضہ لے سکتی تھی۔ کل صوبوں کو مجاز کر دانا گیا تھا کہ وہ اس تحریک کی نگرانی و تنظیم کی غرض سے مسجل مقرر کریں۔ حکومت نے اپنے لیے بعض اختیارات محفوظ رکھے تھے؛ مثلاً (۱) جبری معائنہ اور حسابات کی تنقیح؛ (۲) انجمن کی جبری برخاستگی، اگر ضروری ہو اور مسجل تجویز کرے؛ لیکن اس صورت میں صوبائی حکومت کے پاس مرافعہ دائر کیا جا سکتا تھا؛ اور (۳) قواعد سازی کا وسیع اختیار۔

اس تحریک کو حکومت کی ہمدردی، اعانت اور نگرانی کا عام طور پر قطعی یقین تھا۔ مذکورۂ بالا شرائط کے بارے میں حکومت کے پیش نظر دو اہم مقاصد، سادگی اور لچکداری تھے۔ سادگی اس لحاظ سے کہ رعایا کی فہم سے بالاتر پیچیدہ تجاویز کو ترک کیا جائے؛ اور لچکداری اس معنی میں کہ تحریک کی نشوونما کا میدان اسی اسلوب پر مہیا کیا جائے جو ہر صوبے کے لیے موزوں اور ایکٹ کے بنیادی عام اصول کے تابع ہو۔[1] حکومت نے اس تحریک کی ہمت افزائی کی غرض سے قانون کے تحت رجسٹری شدہ انجمنوں کو چند مراعات اور حقوق بھی عطا کئے؛ مثلاً انکم ٹیکس، رسوم اسٹامپ اور رجسٹری کی فیس سے استثناء، مشترک سرمایے کی انجمن کے خاص حقوق؛ مالگزاری کے بعد انجمن کے رکن کو معمولی لین داروں پر تقدم، حسابات کی

---

[1] دیکھو سر ڈنزل ایبٹسن کی تشریحی یادداشت جو ۱۹۰۴ء کے قانون کے سلسلے میں پیش کی گئی تھی۔

باب ۱۱

بلا معاوضہ سرکاری تنقیح وغیرہ۔ حکومت نے یہ بھی وعدہ کیا کہ انجمنوں کو ابتدائی تین سال تک بے سودی قرضہ دے گی لیکن اس شرط کے تابع کہ ہر قرضہ دو ہزار روپے سے متجاوز نہ ہوگا اور صرف اس رقم کی مساوی مقدار ادا کیا دیا جائے گا جو متعلقہ انجمن اپنے طور پر فراہم کرلے۔

۵۔ سنہ ۱۹۰۴ء تا سنہ ۱۹۱۲ء کی ترقی پر ایک نظر

صوبہ واری حکومتوں نے امداد باہمی کی جدید اسکیم کو عملی جامہ پہنانے میں وقت ضائع نہیں کیا اور اس کی نگرانی کی غرض سے سجل مقرر کئے گئے نئے اصول ہر صوبے میں جاگزین ہو گئے اور ان کی ترقی نہایت نمایاں رہی جیسا کہ مندرجۂ ذیل اعداد و شمار سے معلوم ہوگا:۔

سال	انجمنوں کی تعداد	ابتدائی انجمنوں کے ارکان کی تعداد	کاروباری آمل کی مقدار روپیہ
سنہ ۱۹۰۶ء تا سنہ ۱۹۰۷ء	۸۴۳	۹۰۸۴۴	۲۳،۷۱،۶۸۳
سنہ ۱۹۰۷ء تا سنہ ۱۹۰۸ء	۱۳۵۷	۱۴۹،۱۶۰	۴۴،۱۴،۰۸۶
سنہ ۱۹۰۸ء تا سنہ ۱۹۰۹ء	۱۹۶۳	۱۸۰،۳۳۸	۸۲،۲۴،۲۲۵
سنہ ۱۹۰۹ء تا سنہ ۱۹۱۰ء	۳۴۲۸	۲۲۴،۲۹۷	۱،۲۴،۶۸،۳۱۲
سنہ ۱۹۱۰ء تا سنہ ۱۹۱۱ء	۵۳۲۱	۳۰۵،۰۵۸	۲،۰۳،۰۵،۸۰۰
سنہ ۱۹۱۱ء تا سنہ ۱۹۱۲ء	۸۱۷۷	۴۰۳،۳۱۸	۳،۳۵،۷۴،۱۶۱

تحریک نے کم از کم انجمنوں کی تعداد پر نظر کرتے ہوئے، بہت جلد اپنے خیر خواہوں کی بہترین تمناؤں سے بھی زیادہ ترقی کی اور یہ محسوس کیا گیا کہ

دیہی علاقوں میں ۱۹۰۴ء کے قانون میں تبدیلی کی ضرورت تھی۔ اس قانون کے تحت جو انجمن ہائے قرضہ قائم کی گئی تھیں وہ (۱) بات کا پیش خیمہ ثابت ہوئی تھیں کہ ترغیب کے سوا دوسرے اغراض کے لیے بھی امداد باہمی کی انجمنیں کھولی جائیں، (۲) ان آئینی طریق پر الگ ہونے کا اب تک کوئی انتظام نہ تھا۔ اس کے ساتھ اصل کی آزادانہ اور ترقی یافتہ طریق نگرانی کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے مختلف مرکزی ایجنسیاں قائم کی گئی تھیں جو بعد میں "اتحادی انجمن"[1] اور "مرکزی بنک" کے نام سے موسوم ہوئیں، اور جن کا مقصد یہ تھا کہ ابتدائی انجمن ہائے قرضہ کی مالی مدد اور نگرانی کریں؛ لیکن ان کو بھی ۱۹۰۴ء کے قانون نے تسلیم نہیں کیا تھا[2]۔ علاوہ ازیں انجمنوں کی تبویب بہ لحاظ دیہی و شہری بے اصول اور غیر سہولت بخش پائی گئی۔ آخر میں یہ کہ اس ممانعت کی بنا پر کہ منافع تقسیم نہ کیا جائے غیر محدود ذمہ داری والی دیہی انجمنوں میں دشواری پیدا ہو رہی تھی خاص کر پنجاب اور مدراس وغیرہ مقامات میں دقت زیادہ محسوس کی جا رہی تھی جہاں حصص کے اصل نے اہمیت حاصل کر لی تھی۔ حکومت ہند نے کل صورت حال کو از سر نو جانچ کر یہ فیصلہ کیا کہ تازہ قوانین وضع کئے جائیں، تاکہ ۱۹۰۴ء کے قانون کے یہ نقائص دور ہو جائیں۔

۶۔ قانون انجمن ہائے امداد باہمی بابت ۱۹۱۲ء

۱۹۱۲ء کے قانون نے غیر قرضی امداد باہمی کی شکلوں کو تسلیم کر لیا جو خرید و فروخت، پیدائش، بیمہ، تعمیر و اصلاح مکانات وغیرہ کے متعلق تھیں۔ اس قانون کی رو سے ابتدائی انجمنوں سے ممیز تین قسم کی مرکزی انجمنوں کو بھی تسلیم کیا گیا، یعنی (۱) اتحادی انجمنیں جو باہمی نگرانی و تنقیح کے لیے ابتدائی انجمنوں پر مشتمل ہوں؛ (۲) مرکزی بنک

---

[1] Union

[2] دیکھو میگ لے گن کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۵)

جو کسی حد تک انجمنوں اور کچھ افراد پر مشتمل ہوں؛ اور (۳) صوبہ واری بنک جو افراد پر مشتمل ہوں۔

916 مدراس، پنجاب اور برما جیسے بعض صوبوں میں حصص کے اصل کی اہمیت کے مدنظر یہ اجازت دی گئی کہ متعلقہ صوبہ واری حکومت کی عام یا خاص منظوری کے تحت غیر محدود ذمہ واری کی انجمنوں میں حصص پر منقسم دینے کا اعلان کیا جائے۔ تمام انجمنوں کو اس طرح خاص طور پر اجازت دی گئی کہ وہ اپنے منافع کے ایک متعین حصے کو سرمایۂ محفوظ میں جمع کرنے کے بعد منافع کا ایک جزو جو ۱۰ فی صد سے متجاوز نہ ہو، تعلیم اور خیراتی اغراض کے لیے الگ کر دیں۔ جدید قانون نے "دیہی" اور "شہری" انجمنوں کی سابقہ تقسیم کو منسوخ کر دیا اور اس کے بجائے ایک زیادہ با اصول تقسیم "محدود ذمہ داری" اور "غیر محدود ذمہ داری" کی شکل میں قائم کی۔ چنانچہ اس قانون کی رو سے یہ قرار پایا کہ اس انجمن کی ذمہ داری محدود ہوگی جس کے ارکان رجسٹری شدہ انجمنیں ہوں؛ اس کے برخلاف ایسی انجمن کی ذمہ داری غیر محدود ہوگی جس کا مقصد اپنے ارکان کو قرضہ مہیا کرنا ہو اور جس کے ارکان کی اکثریت کسانوں پر مشتمل ہو، اور یہ کہ دوسری تمام صورتوں میں ذمہ داری اختیاری ہوگی۔

۷۔ امداد باہمی کی تحریک کی ترقی ۱۹۱۲ء کے قانون کے نفاذ کے بعد

جدید قانون کا فوری اثر یہ ہوا کہ اس نے تحریک امداد باہمی کے حق میں تازہ محرک کا کام کیا۔ جیسا کہ مندرجۂ ذیل گوشوارے سے ظاہر ہوگا، انجمنوں اور ان کے ارکان کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہوتا رہا، گو ترقی کی رفتار تمام صوبوں میں یکساں نہیں رہی ہے۔ کچھ سال ادھر سے انجمن ہائے امداد باہمی کو معاشی کساد بازاری کے زمانے میں مشکلات سے دوچار ہونا پڑا جس کے

نتیجے کے طور پر مختلف صوبوں نے تنظیم و اصلاح کی پالیسی اختیار کی اور اس کے باعث ترقی کی رفتار سست پڑ گئی۔

سال	انجمنوں کی تعداد	ابتدائی انجمنوں کے ارکان کی تعداد	کاروباری اصل کی مقدار (۱۰۰۰ روپیہ)
سنہ ۱۹۰۹ء تا سنہ ۱۹۱۵ء	۱۷۳۲۷	۸۲۴۴۶۹	۱۲۲۲۹۲
سنہ ۱۹۱۶ء تا سنہ ۱۹۱۷ء	۲۳۰۳۶	۱۰۴۸۴۲۵	۳۱۱۲۲۵
سنہ ۱۹۲۱ء تا سنہ ۱۹۲۲ء	۵۲۱۸۲	۱۹۷۴۲۹۰	۳۱۱۲۲۵
سنہ ۱۹۲۳ء تا سنہ ۱۹۲۴ء	۶۱۱۰۶	۲۳۱۳۵۶۷	۴۰۵۲۹۷
سنہ ۱۹۲۵ء تا سنہ ۱۹۲۶ء	۸۰۱۸۲	۳۰۵۸۰۲۵	۵۷۶۰۳۹
سنہ ۱۹۲۷ء تا سنہ ۱۹۲۸ء	۹۶۰۹۱	۳۷۸۰۱۷۳	۷۶۷۰۸۷
سنہ ۱۹۲۹ء تا سنہ ۱۹۳۰ء	۱۰۴۱۸۷	۴۱۸۱۹۰۴	۸۹۵۱۷۸
سنہ ۱۹۳۰ء تا سنہ ۱۹۳۱ء	۱۰۶۱۶۶	۴۳۰۸۲۶۲	۹۱۹۱۲۲
سنہ ۱۹۳۱ء تا سنہ ۱۹۳۲ء	۱۰۶۰۵۰	۴۲۹۴۳۳۹	۹۲۶۹۱۵
سنہ ۱۹۳۲ء تا سنہ ۱۹۳۳ء	۱۰۵۲۶۲	۴۲۸۲۸۸۴	۹۵۸۳۸۹
سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء	۱۰۵۰۸۳	۴۳۱۶۲۲۲	۹۵۷۲۵۸

سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء میں مختلف صوبوں کی صورت حال کا مقابلہ و موازنہ مندرجۂ ذیل جدول میں کیا گیا ہے[1]

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "اعدادی گوشوارہ متعلقہ تحریک امداد باہمی ہندوستان ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء" خلاصہ جدول (۱ تا ۳)۔

باب 17

سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء

صوبہ	انجمنوں کی تعداد	انجمنوں کی تعداد ہر ایک لاکھ اشخاص میں	ابتدائی انجمنوں کے ارکان کی تعداد	ارکان کی تعداد بحساب فی ہزار توسیع	سالانہ ادائی حصہ کی مقدار (روپیہ)	اوسط کی تعداد بحساب فی کس (یا دن)
مدراس	۱۳۵۸۱	۲۹٫۱	۸۸۳۱۰۰	۱۸٫۹	۱۶۱۸۶۷	۵۵
بمبئی	۵۸۱۶	۲۶٫۶	۵۸۷۶۴۹	۲۶٫۸	۱۶۱۷۴	۱۱۸
بنگال	۲۰۵۳۰	۴۰٫۱۰	۷۷۸۰۹	۱۵٫۵	۱۷۶۵۷۵	۵۶
بہار و اڑیسہ	۸۹۰۱	۲۳٫۶	۲۵۶۸۰۲	۶٫۸	۵۷۵۴۷	۲۴
صوبۂ متحدہ	۶۰۵۱	۱۰٫۵	۱۵۲۹۳۰	۳٫۲	۲۱۳۹۵	۷
پنجاب	۲۱۳۹۵	۹۰٫۷	۷۰۷۶۸۹	۳۰٫۶۰	۱۸۴۶۸۲	۱۲۵
برما	۲۱۶۷	۱۶٫۵	۷۲۲۶۷	۵٫۵	۲۳۱۵۲	۴۸
صوبۂ متوسط و برار	۳۷۹۴	۲۴٫۵	۷۱۹۳۴	۴٫۶	۵۵۶۸۹	۵۷
آسام	۱۴۰۰	۱۶٫۳	۶۴۳۳۸	۷٫۵	۸۶۳۰	۱۶
شمال مغربی صوبۂ سرحدی	۴۵۱	۱۸٫۸	۱۵۳۳۸	۶٫۴	۱۸۸۰	۱۳
کورگ	۲۴۹	۱۲۴٫۵	۱۵۳۴۰	۷٫۷	۱۳۳۹	۱۰۷
اجمیر مروارا	۷۰۷	۱۱۷٫۸	۱۹۹۶۹	۳۳٫۳	۵۳۸۶	۱۴۴
حیدرآباد کا بڑا نوابی علاقہ	۲۶	۲۶٫۰	۹۱۲۲	۹۱٫۲	۵۱۴	۱۴۶
دہلی	۲۸۸	۴۸٫۰	۹۹۹۲	۱۶٫۷	۲۶۹۵	۷۲
میزان برطانوی ہند	۸۸۳۶۴	۲۳٫۸	۳۶۴۴۲۷۹	۱۳٫۵	۸۶۴۴۲۶	۵۱
میزان ریاستہائے ہند[1]	۱۶۷۱۹	۴۳٫۱	۶۷۱۹۴۳	۱۰٫۳	۹۲۸۳۲	۳۸
صدر میزان	۱۰۵۰۸۳	۳۴٫۱	۴۳۱۶۲۲۲	۱۴٫۰	۹۵۷۲۵۸	۵۰

[1] مندرجۂ ذیل ریاستیں شامل ہیں اور ہر ایک کے نام کے محاذی جو اعداد قوسین میں درج ہیں وہ انجمنوں

۱۰۰ اثبات ہند جلد اول ۴۹۴ ہندوستان میں امداد باہمی کی تحریک

مندرجۂ بالا جدول سے معلوم ہوتا ہے کہ بجز پنجاب، مدراس اور بمبئی کے، دوسرے سب بڑے صوبوں میں تحریک اب تک دیہی آبادی کے بہت ہی قلیل جزو تک پہنچی ہے۔ زرعی کمیشن نے جن اعداد کو نقل کیا ہے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ان تین مستثنیٰ صوبوں میں دیہی علاقوں کے خاندانوں کی مجموعی تعداد کے مقابلے میں زرعی انجمنوں کے ارکان کا فی صد تناسب علی الترتیب ۹ء۱۰، ۱۰ء۱۰، اور ۳ء۸ ہے۔ اس کے برعکس یہ تناسب صوبۂ متحدہ میں صرف ۸ء۱، بنگال میں ۴ء۴، صوبۂ متوسط میں ۴ء۲، بہار و اڑیسہ میں ۲ء۳، برما میں ۹ء۳، اور آسام میں ۹ء۲ ہے۔ 'رعیت واری' صوبوں میں تحریک امداد باہمی کی ترقی کی رفتار اس لیے بہت تیز رہی ہے کہ یہاں کسان کو اپنی زمین پر گروی کے حقوق حاصل ہیں اور وہ مادی ضمانت پیش کر سکتا ہے۔ 'زمینداری' صوبوں میں کسان صرف شخصی ضمانت پیش کر سکتا ہے۔[1]

پیداوار کی فروخت، مویشیوں کے بیمے، دودھ کی بہم رسانی، سوت، ریشم اور کھاد کی خریداری، آلات کشاورزی اور معمولی ضروریات زندگی کی خردہ فروشی کے لیے نئی طرز کی انجمنیں قائم کی گئیں اور ان میں سے اکثروں نے بظاہر بہت جلد ترقی کر لی۔ مرکزی انجمنوں کی تعداد بسرعت بڑھ رہی تھی اور تحریک بظاہر بہت تیزی کے ساتھ عوام کا اعتماد حاصل کر رہی تھی۔ ۱۹۱۴ء میں حکومت ہند نے کل صورت حال پر نظر ثانی کی اور ایک جامع قرارداد شایع کی جس میں ان عملی نتائج اور اسباق کا عام خاکا پیش کیا گیا تھا جو شروع سے لے کر موجودہ زمانے تک کے تجربے سے اخذ کئے جا سکتے تھے۔

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں:- میسور (۲۱۸۷)؛ بڑودہ (۱۱۴۶)؛ حیدرآباد (۲۰۱۳)؛ بھوپال (۹۵۸)؛ گوالیار (۴۱۶۰)؛ اندور (۶۹۲)؛ کشمیر (۲۹۴۰)؛ ٹراونکور (۱۷۶۲)؛ کوچین (۲۴۶)۔

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ (۳۷۲)۔

باب ۱۰

اس تحریک کے لیے جو رقوم درکار تھیں ان کی مقدار بڑھتی جارہی تھی، ابتدائی انجمن سے اوپر کے مرحلوں میں مالی انتظام کی مشکلات زیادہ پیچیدہ ہوتی جارہی تھیں، اور عمل معائنہ و تنقیح کے اصول کو زیادہ واضح بنانے کی ضرورت تھی۔ تحریک کو مزید ترقی دینے اور تقویت پہنچانے کی ذمہ داری لینے سے پیشتر حکومت اس بات کا اطمینان کر لینا چاہتی تھی کہ تحریک معاشی و مالی حیثیت سے مستحکم اصول پر جاری تھی[1]۔ ان حالات میں اکتوبر ۱۹۱۴ء میں میگ لے گن کمیٹی کا تقرر کیا گیا تاکہ وہ مسئلے کے اس پہلو کی تحقیقات کر کے رپورٹ پیش کرے۔ اس کمیٹی کی معتبر رپورٹ کے ستمبر ۱۹۱۵ء میں شائع ہونے کے بعد تحریک نے ترقی کی تیسری منزل میں قدم رکھا (پہلی دو منزلوں کی نشاندہی علی الترتیب ۱۹۰۴ء اور ۱۹۱۲ء کے قوانین کر رہے تھے)۔ ہم آئندہ کسی موقع پر یہ بیان کریں گے کہ کمیٹی کی اہم سفارشیں کیا تھیں اور ان کی بنا پر حکومت نے کیا کارروائی اختیار کی۔ یہاں ہمیں صرف اتنا کہہ دینا ضروری ہے کہ کچھ سال ادھر سے تحریک نے عوام کی تائید بہت بڑی حد تک حاصل کر لی ہے اور دیہی قرضے کے سوا دوسرے معاملات میں بھی معتدبہ ترقی ظاہر کی ہے۔ ۱۹۱۹ء کے قانون اصلاحات کے نفاذ کے بعد سے، امداد باہمی، صوبہ واری مدمفوضہ بن گئی ہے اور اس کو ایک وزیر کے
319 زیر نگرانی کر دیا گیا ہے۔ چنانچہ اس کو تحریک کی ترقی کی چوتھی منزل خیال کیا جا سکتا ہے۔ اصلاح یافتہ دستور کے عملدرآمد کے ابتدائی سالوں میں کئی صوبوں نے ترقی کے دیہی راستے اختیار کئے جو ان کی مقامی ضرورتوں کے لحاظ سے مناسب ترین معلوم ہوئے؛ اور بمبئی نے ۱۹۲۵ء میں اپنے لیے انجمن ہائے امداد باہمی کا ایک جداگانہ قانون منظور کر کے دوسروں کی رہنمائی کی۔ گو بمبئی کا قانون زیادہ تر ۱۹۱۲ء کے قانون پر مبنی تھا، پھر بھی اس میں مندرجۂ ذیل ترمیمات کی گئیں:۔

[1] دیکھو میگ لے گن کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۶)۔

(۱) مقاصد، مالیہ اور طریق کار کے لحاظ سے مختلف انجمنوں کی نمایاں تبویب و تقسیم[1]؛ (۲) منسوخ شدہ انجمنوں کے حسابات کی بے باقی کے طریق کی اصلاح، (۳) ثالثوں یا پنچوں کے فیصلوں کے ذریعے سے بحالی کے سرسری اختیارات کی توسیع؛ اور (۴) مقررہ جرائم کے خلاف تعزیرات کا نفاذ[2]۔ اس طرح بمبئی کی رہنمائی میں دوسرے صوبے بھی اس کی پیروی کر رہے ہیں، مثلاً برما، مدراس، بہار و اڑیسہ۔

گو ۱۹۲۱ء کے بعد سے کل ہندوستان میں انجمنوں کی تعداد میں بہت اضافہ ہو گیا ہے، لیکن بعد میں خاص کر حال کی معاشی کساد بازاری کے زمانے میں جو کوششیں کی گئیں ان کا رخ انجمنوں کی مزید سریع توسیع سے بہت زیادہ موجودہ انجمنوں کی اصلاح کرنے اور ان کو مستحکم بنانے کی جانب رہا۔ کچھ سال ادھر سے ایک اور اہم قدم جو آگے بڑھایا گیا وہ یہ تھا کہ کئی صوبوں، مثلاً صوبۂ متحدہ، صوبۂ متوسط، مدراس اور برما نے تحقیقاتی کمیٹیاں قائم کیں[3]۔

۸۔ امداد باہمی کی انجمنوں کی تبویب

اب ہم امداد باہمی کی تحریک کی اہم خصوصیات کو زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان کرنے کی جانب متوجہ ہوتے ہیں[4]۔ انجمن ہائے امداد باہمی کی مندرجۂ ذیل تبویب سے

---

[1] (دیکھو صفحہ ۴۹۸ حاشیہ نمبر ۱)


[2] دیکھو ڈی، جی، کھانڈے کر کی کتاب موسوم بہ قانون انجمن ہائے امداد باہمی بمبئی وابت ۱۹۲۵ء صفحہ ۳۔

[3] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۵۱)۔

[4] مختلف صوبوں میں تحریک امداد باہمی کی ترقی اور موجودہ حالت کے مفصل بیان کے لیے حسب ذیل رپورٹوں کا مطالعہ مناسب ہوگا:
(۱) متعلقہ صوبوں کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹیوں کی رپورٹیں اور (۲) بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ باب (۹)۔

باب

امداد باہمی کے اس پیچیدہ ڈھانچ کا سرسری اندازہ ہو جائے گا جو ہندوستان میں تیار کیا گیا ہے



320 مندرجۂ ذیل جدول سے کسی حد تک یہ اندازہ قائم کیا جا سکتا ہے کہ انجمنوں کی اہم قسمیں کیا اضافی اہمیت رکھتی ہیں۔

انجمنوں کی نوع یا قسم	انجمنوں کی تعداد		ارکان کی تعداد	
	۱۹۰۶ء تا ۱۹۱۰ء (اوسط)	۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۶ء	۱۹۰۶ء تا ۱۹۱۷ء (اوسط)	۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۶ء
مرکزی انجمنیں (صوبہ واری و مرکزی) بنک اور بنکاری کی انجمنوں کو شامل کرکے) نگرانی و نظامت کرنیوالی انجمنیں (بشمول مکر بیمے کی انجمنیں)	۱۷	۶۱۳ ۸۷۹	۱۹۸۷	۱۹۷۶۳۳ ۳۵۸۳۰
زرعی انجمنیں (بشمول انجمن ہائے بیمۂ مویشی)	۱۷۱۳	۹۲۴۶۷	۱۰۰و۶۴۳	۲۹۸۸۶۷۷
غیر زرعی انجمنیں	۱۹۶	۱۱۱۲۴	۵۴و۲۶۷	۱۳۲۷۵۵۵
میزان	۱۹۲۶	۱۰۵۰۸۴	۱۶۱۹۱۰ (ابتدائی انجمنوں کے ارکان کی مجموعی تعداد)	۴۳۱۶۲۲۲

باب ۱۰

"بین الاقوامی ادارۂ زراعت"[1] واقع روما کے مشورے پر ہندوستانی صوبوں نے انجمن ہائے امداد باہمی کی جو سرکاری تبویب[2] اختیار کی وہ حسب ذیل ہے:- (۱) قرضے کی انجمن؛ (۲) خریداری یا خرید و فروخت کی انجمن؛ (۳) پیدائش دولت کی انجمن؛ (۴) پیدائش و فروخت کی انجمن؛ (۵) بیمے کی انجمن اور (۶) دوسرے کاموں کی انجمنیں۔

مندرجہ ذیل اعداد و شمار سے سرسری طور پر معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء تک مختلف قسم کی (۱) زرعی اور (۲) غیر زرعی انجمنوں نے کس حد تک ترقی کی:[3]

321

(International Institute of Agriculture) [1]

[2] یہاں اس زیادہ اصول اور اطمینان بخش تبویب کا ذکر کرنا نامناسب نہ ہوگا جو بمبئی کے سنہ ۱۹۲۵ء کے قانون میں اختیار کی گئی تھیں:- (۱) بہم رسانی ضروریات کی انجمن یعنی ایسی انجمن جو اپنے ارکان کے لیے مطلوبہ قرضہ اشیا یا خدمات مہیا کرنے کی غرض سے قائم کی جائے؛ (۲) دولت پیدا کرنے والوں کی انجمن، یعنی ایسی انجمن جو اپنے ارکان کی اجتماعی ملک کی حیثیت سے اشیا تیار اور فروخت کرنے کی غرض سے قائم کی گئی ہو اور اس میں وہ انجمن بھی شامل ہے جو ایسی انجمن کے ارکان کی اشیا کی اجتماعی حیثیت سے نگاہی کرنے کی غرض سے قائم کی گئی ہو؛ (۳) صارفوں کی انجمن، یعنی وہ انجمن جو اپنے ارکان یا دوسرے صارفوں کے لیے اشیا حاصل کرنے، ان کو تقسیم کرنے یا ان کی خدمت انجام دینے کے لیے اور ایسی بہم رسانی و تقسیم سے حاصل شدہ منافع کو انجمن کے قواعد یا ذیلی قواعد کے تحت مقرر کردہ تناسب سے ارکان اور گاہکوں میں تقسیم کرنے کے لیے قائم کی جائے (۴) انجمن تعمیر امکنہ، جو اپنے ارکان کے لیے اپنے ذیلی قواعد کے تحت مقرر کردہ شرائط پر مکانات کی تیاری و فراہمی کے لیے قائم کی جائے؛ (۵) عام انجمن جو مذکورۂ بالا چاروں قسموں میں سے کسی کے تحت شمار نہ ہو سکے۔ دیکھو سر ایچ کیل ورٹ کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں امداد باہمی کے اصول اور قوانین"

[3] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "ہندوستان میں تحریک امداد باہمی کے متعلق اعدادی تشریح" سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء صفحہ ۱۲ تا ۱۵۔

قرضہ	خرید اور فروخت	پیدائش	پیدائش اور فروخت	دوسری قسمیں	انجمنوں کی مجموعی تعداد	ارکان کی مجموعی تعداد	کارو بار کی مجموعی مالیت
			زرعی انجمنیں				
۷۸۷۵۸	۳۰۳	۱۱۷۱	۱۸۶۶	۱۱۵۴	۹۲۲۲۶[1]	۲۶۸۵۱۵۸	۳۲۹۸۷۹۴۷
			غیر زرعی انجمنیں				
۵۳۱۹	۶۲۶	۱۲	۱۱۶۱	۳۶۰۱	۱۱۱۱۸[2]	۱۳۱۹۱۵۱	۹۹۸۵۷۴۴۴۳

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قرضے کی انجمنوں اور خاص کر زرعی قرضے کی انجمنوں کی تعداد غالب اور بہت زیادہ ہے اور دوسری قسم کی انجمنوں نے مقابلتہً کم ترقی کی، گو اس اعتبار سے صورت حال بتدریج ترقی پذیر ہے۔ یہ تبویب اس لحاظ سے ناقص ہے کہ اس پر جو اعداد و شمار مبنی ہیں ان سے یہ بات پوری طرح واضح نہیں ہوتی کہ بعض اہم سمتوں میں ہندوستان میں امداد باہمی نے کتنی ترقی کی ہے۔ جیسا کہ بعد میں چل کر بیان ہوگا، ہندوستان کی قرضے کی اکثر انجمنیں قرضہ دینے کے اصل کاروبار کے علاوہ خریداری یا فروخت یا پیدائش یا ان کاموں میں سے دو یا تین کام ذیلی کاروبار کے طور پر انجام دیتی ہیں[3]۔

۹۔ زرعی قرضے کی ابتدائی انجمنیں

اب ہندوستان کی انجمن ہائے امداد باہمی کی مختلف قسموں کو بیان کرنا مناسب ہوگا، اس سلسلے میں دیہی قرضے کی

[1] ۔ اس میں ۸۹۷۴ ایسی انجمنیں شامل ہیں جن کی تفصیلات معلوم نہیں ہیں۔

[2] " " ۳۹۹ " " " " " " " "

[3] دیکھو بی، جی، بھٹناگر کی کتاب موسوم بہ "برطانوی ہند میں امداد باہمی کی تنظیم" صفحہ ۴۱۔

باب ۱۰

انجمنوں پر خاص طور پر زور دیا جائے گا جو انجمنوں کی مجموعی تعداد کا تقریباً ۹۰ فی صد ہیں۔ زرعی قرضے کی ابتدائی انجمن سے شروع کر کے ہم اس پر مختلف عنوانات کے تحت حسب ذیل غور کر سکتے ہیں:۔

(۱) وسعت۔ کسی مجوزہ دیہی قرضے کی انجمن کی رجسٹری کے لیے دس اشخاص مل کر درخواست کر سکتے ہیں۔ انجمن کے ارکان کی انتہائی تعداد ترجیحاً ۱۰۰ سے متجاوز نہ ہونی چاہیئے، اس لیے کہ تعداد کے اضافے کے ساتھ نہ صرف انتظام و نگرانی پر بلکہ اس تربیت کی خوبی پر بھی جو ارکان پاتے ہیں بُرا اثر پڑتا ہے۔ 322

(۲) کاروباری دائرہ۔ قاعدہ تاحد امکان یہ ہونا چاہیئے کہ ایک موضع کے لیے ایک انجمن قائم کی جائے اور عام طور پر ہوتا بھی ایسا ہی ہے۔ یہ ارکان کو ایک دوسرے کے حالات سے واقف رکھنے اور باہمی نگرانی کے لیے ضروری ہے۔

(۳) ذمہ داری۔ تاوقتیکہ حکومت اس قاعدے سے استثنا کی اجازت نہ دے، ذمہ داری غیر محدود ہوتی ہے۔ جیسا کہ میک لے گن کمیٹی نے تشریح کی ہے غیر محدود ذمہ داری کے معنی یہ ہیں کہ "جب انجمن اپنے ذمے کے مطالبات اپنے لینداروں کو ادا کرنے سے قاصر رہے تو جتنا گھاٹا آئے اس کی ادائی میں اول تو کل حصص کی پوری رقم لے لی جائے اور اس کے بعد ارکان سے ان کی املاک کی پوری حد تک فرداً فرداً مسلسل رقم وصول کی جائے، لیکن لیندار کا براہ راست انجمن کے ارکان کے خلاف کوئی کارروائی کرنا ممنوع ہو"[1] غیر محدود ذمہ داری، دوہرے فائدے کی حامل ہے ایک تو یہ کہ وہ باہمی نگرانی و تنقیح کو فروغ دے کر ارکان پر تعلیمی و تربیتی اثر ڈالتی ہے۔ دوسرے یہ کہ انجمن کے بیرونی لین داروں میں اعتماد پیدا کر کے انجمن کی ساکھ کو بڑھا دیتی ہے۔

---

[1] دیکھو میک لے گن کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۴۷۔

باب ۱۰

(۴) انتظام - یہ جمہوری اور اعزازی طریقے پر انجام پاتا ہے[1]۔ انتظام دو جماعتوں کے سپرد کیا جاتا ہے، ایک تو "عام کمیٹی" جو جملہ ارکان پر مشتمل ہوتی ہے اور دوسرے "انتظامی کمیٹی" جو اول الذکر سے چھوٹی جماعت ہوتی ہے اور اول الذکر جماعت کے ارکان میں سے اس کے سالانہ عام جلسے میں پانچ تا نو ارکان کا انتخاب کر کے قائم کی جاتی ہے۔ عام کمیٹی، انتظامی کمیٹی کے ارکان کا انتخاب کرتی ہے، تنخواہ یاب معتمد کا تقرر کرتی ہے (جس کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ انجمن کا رکن ہو) انتظامی کمیٹی کا مرتب کردہ سالانہ چٹھا یا فرد حساب منظور کرتی ہے، مسجل اور تنقیح سازوں کے احکام اور رپورٹوں پر غور کرتی ہے، ارکان کو اگر ضرورت ہو تو خارج کرتی ہے، انجمن کے مجموعی قرضے کی انتہائی مقدار کا اور ارکان انجمن کے انفرادی قرضے کی مقدار کا تعین کرتی ہے، اور انجمن کے ذیلی قواعد کی ترمیم کرتی ہے۔ انتظامی کمیٹی انجمن کے روزمرہ کے کاروبار اور انتظامی معاملات کی ذمہ دار ہے۔ وہ نئے ارکان کو داخل کرتی ہے، ارکان کی قرضے کی درخواستوں پر کارروائی کرتی ہے، ارکان کے ذمے کے بقایا وصول کرتی ہے، ان کی نگرانی کرتی ہے، انجمن کے لیے رقمیں فراہم کرتی ہے اور معتمد کے مرتب کئے ہوئے حسابات کو جانچتی ہے۔

323 (۵) کاروباری اصل - اس کو دو ذرایع میں تقسیم کیا جا سکتا ہے (۱) داخلی (۲) خارجی۔ داخلی ذرایع حسب ذیل مدوں پر مشتمل ہیں :- ارکان کی فیس داخلہ، ارکان کی امانتیں، حصص کا اصل (اگر حصے جاری کئے جائیں)، اور انجمن کے سرمایۂ محفوظ میں زائد اثاثہ۔ ابتدائی مصارف کو پورا کرنے کے لیے

[1] اعزازی خدمات اس لیے ضروری ہیں کہ بنک کاری کا اولین مقصد یہ ہے کہ معقول شرح سود پر قرضے کی سہولت بہم پہنچائی جائے۔ اگر مصارف میں کسی طرح کا اضافہ ہوا تو یہ مقصد فوت ہو جائے گا۔ دوسرے یہ کہ مفت خدمت انجام دینے سے فرض شناسی اور کاروباری عادات کی ہمت افزائی ہوتی ہے۔ تیسرے یہ کہ انتظام میں اتنی کم محنت صرف ہوتی ہے کہ اس کا کوئی معاوضہ ادا کرنا بہ مشکل حق بجانب ہو سکتا ہے۔

فیس داخلہ ضروری ہے اور وہ ارکان کے ذہن میں یہ بات بٹھانے کے لیے نہایت مفید کام انجام دیتی ہے کہ رکنیت کے حق کے معنی "قربانی" اور "ایثار" ہیں۔ حصص کا اصل پنجاب، صوبۂ متحدہ اور برما جیسے صوبوں کے سوا دوسرے صوبوں میں بہت ہی ادنیٰ حیثیت رکھتا ہے احاطۂ بمبئی میں، خاص کر نہری علاقوں میں، حصص کو بہ اقساط ادا کرنے کا طریقہ حال ہی میں رائج کیا گیا ہے اور وہ "حفاظت کے دوسرے مورچے" یا ارکان کی غیر محدود ذمہ داری کے پشتے، کے طور پر بہت پسند کیا گیا ہے۔ اس کی اس بنیاد پر حمایت کی جاتی ہے کہ وہ انجمن کو اپنے طور پر مستقل اصل معقول مقدار میں مہیا کرنے میں مدد دیتا ہے۔ لیکن بحیثیت مجموعی یہ مقصد بہترین طریقے پر یوں پورا ہو سکتا ہے کہ قرضے کے لین اور دین کے سود کی شرحوں میں کافی وسیع فرق پیدا کر کے اس کی بچت سے ایک معقول سرمایۂ محفوظ قائم کیا جائے اور سود کی شرحوں میں معقول فرق قائم کرنے میں ایک طرف تو یہ امر ملحوظ رکھا جائے کہ انجمن کی مالی حالت خراب نہ ہونے پائے اور دوسری جانب یہ خیال رکھا جائے کہ قرضہ بحد ممکنہ ارزاں شرح پر دیا جائے۔ ان دونوں شرحوں میں اچھا خاصا وسیع فرق پیدا کرنا اس لیے ممکن ہے کہ ہندوستان میں قرضوں پر عام طور سے بہت اعلیٰ شرح سود لی جاتی ہے بہت ہی ادنیٰ شرح سود کی بھی مخالفت کرنی چاہیئے، اس لئے کہ ممکن ہے کہ اس کی بنا پر قرض گیرندہ ارکان کو یہ ترغیب ہو کہ رقم حاصل کر کے اپنے طور پر از سر نو قرض دیں۔ مذکورۂ بالا صوبوں میں دیہی قرضے کی انجمنوں کے ارکان نے اس بات کو ترجیح دی کہ سرمایے کے لیے حصے جاری کئے جائیں تاکہ وہ اس قابل ہوں کہ اپنے طور پر سرمایہ فراہم کریں۔ اس پر کوئی اعتراض نہ ہونا چاہیئے، بشرطیکہ غریب اشخاص حصص سے محروم نہ رہیں، اور انجمن، معمولی انجمن سرمایۂ مشترک کی طرح مقسوم طلبی کی طرف نہ لے جائے۔ واقعہ یہ ہے کہ اصل کے لیے بیرونی وسائل پر انحصار کرنے کے طریقے کو روکنے کے لیے یہ عام طور پر ضروری پایا جا رہا ہے کہ حصص جاری کرنے کے چارۂ کار کو اختیار کیا جائے۔ دیہی قرضے کی انجمن کے لیے مطلوبہ اصل مہیا کرنے کا یہ طریقہ نہایت مناسب ہے کہ امانتیں مقامی طور سے جمع کی جائیں، اس لیے کہ

باب

یہ طریقہ "گاؤں والوں کو کفایت شعار بناتا ہے، ایک معقول سرمایۂ محفوظ قائم کرتا ہے، اور اشخاص کی ایک کارآمد جماعت کو جو اپنی امانتوں کی خود ہی محافظ ہوتی ہے یہ ترغیب دیتا ہے کہ انجمن کے انتظامی معاملات میں دلچسپی لے۔[1] لیکن مقامی امانتیں، ہندوستان کی دیہی انجمنوں کے مجموعی کاروباری سرمایے کا بہت ہی حقیر جزو ہیں۔[2] بنکوں میں امانتیں جمع کرنے اور اس سے کاروبار کرنے کا طریقہ 324
خاص کر دیہی علاقوں میں ابھی تک اپنے عہد طفولیت میں ہے، اور امانت پر جتنا سود مل سکتا ہے اس سے زیادہ زر کو بطور قرض دینے اور کاروبار میں لگانے سے ملتا ہے۔ ملک کے متمول طبقوں میں ابھی تک زیادہ تر یہ میلان پایا جاتا ہے کہ زمین یا سونا اور چاندی خریدیں۔ علاوہ ازیں عوام کی اوسط آمدنی بہت ہی کم ہے اور پس اندازی کی گنجایش بہت تنگ اور محدود ہوتی ہے لیکن جبتک امانتوں میں معقول اضافہ نہ ہو اس وقت تک امداد باہمی اپنے مقاصد میں سے ایک میں ناکام رہے گی۔ تاہم جبری امانتوں کا اصول غیر معقول ہے اور کفایت شعاری کو ترقی دینے کا بہتر طریقہ تو یہ ہے کہ چھوٹے چھوٹے اقساط میں حصص کی ادائی کے طریقے کو رائج کیا جائے۔[3]

اب اصل کے خارجی ذرائع کی جانب توجہ کرنی چاہئے۔ یہ ذرایع زیادہ تر قرضوں اور امانتوں پر مبنی ہوتے ہیں اور دوسری انجمنوں، حکومت اور سب سے بڑھ کر کوٹھی کا کاروبار کرنے والے ثانوی یا مرکزی اداروں مثلاً امداد باہمی کے

---

[1] دیکھو میک لے گن کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۴۸)۔

[2] "جرمنی میں رائف آئزن کی انجمنوں کے سرمایے کا ۸۰ فی صد سے زاید حصہ امانتوں پر مشتمل ہے، اس کے برعکس ہندوستان میں یہ فی صد صرف ۱۰ ہے۔ لیکن یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ یورپ میں بھی امانتیں ابتدا بہت سستی سے جمع ہوئیں اور یہی حال ہندوستان کا ہے جہاں انجمنیں ابتدائی اور تجربی دور میں ہیں۔" دیکھو میگ لے گن کمیٹی کی رپورٹ، نیز بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۷۵)۔

[3] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۵۵)

باب ۱۰

مرکزی یا صوبہ واری بنکوں سے حاصل کئے جاتے ہیں، جن کا وجود ہر صوبے میں ناگزیر پایا گیا ہے۔ حکومت نے بڑی دانشمندی کی کہ مالی مدد دینے کی پالیسی سے گریز کیا اور قرضے بھی ہاتھ روک کر دیے۔ امداد باہمی کے مالیے کے مسئلے سے بحث کرتے وقت کوآپریٹو کے کاروبار کے مرکزی اداروں سے دیے جانے والے قرضوں کا تفصیلی طور پر ذکر کیا جائے گا۔ یہاں صرف یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ آج کل قرضے کی دیہی انجمنیں زیادہ تر اسی قسم کے بیرونی قرضوں پر انحصار کرتی ہیں اور ان کے مجموعی کاروباری اصل میں حصص اور امانتوں کا بہت ہی حقیر جزو ہوتا ہے۔

مندرجۂ ذیل اعداد و شمار سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ۱۹۳۴ء میں زرعی انجمنوں کے کاروباری اصل کے مختلف اجزائے ترکیبی کی اضافی حالت کیا تھی۔ چونکہ زرعی انجمنوں کی مجموعی تعداد یعنی ۹۲۲۲۶ کے منجملہ قرضے کی انجمنیں ۸۵۸۷۰ ہیں، لہٰذا یہ خیال کرنا حق بجانب ہوگا کہ حسب ذیل اعداد عام طور پر قرضوں کی انجمنوں ہی کے متعلق ہیں۔

حصص کا اصل (ادا شدہ) ..... ۴۳۷۱۹۱۸۷ روپیہ

قرضے اور امانتیں جو ختم سال تک مندرجۂ ذیل ذرائع سے حاصل کی گئیں:-

ارکان	۱۶۷۹۱۷۴۲ روپیہ
غیر ارکان	۱۴۷۶۵۰۴۴ "
انجمنیں	۲۲۱۳۲۷۶ "
صوبہ واری یا مرکزی بنک	۱۷۴۷۶۰۶۵۴ "
حکومت	۱۹۸۸۳۳۵ "
سرمایۂ محفوظ	۸۵۶۳۹۷۰۹ "
میزان	۳۳۹۷۷۹۴۷ "

باب ۱۰
325

اس مقام پر ہندوستان کی کل انجمنوں کے کاروباری اصل کے ابتدائے ترکیبی کے متعلق ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء کے اعداد و شمار بھی پیش کیے جا سکتے ہیں[1]:

حصص کا اصل (ادا شدہ) ..... ۱۳۱۱۹۰ روپے (۱۰۰۰ روپے)

قرضے اور امانتیں جو ختم سال تک مندرجۂ ذیل ذرائع سے حاصل کی گئیں:-

ارکان ۷۸۳۳

انجمنیں ۴۱۱۷۷

صوبہ واری یا مرکزی بنک ۲۵۵۶۵۰

حکومت ۱۴۳۷۹

غیر ارکان اور دوسرے ذرائع ۲۹۶۶۴۰

سرمایۂ محفوظ اور دوسرے فنڈ ۱۴۰۱۸۹

میزان ۸۵۷۲۵۸

---

(۶) قرضوں کا مقصد۔ قرضے صرف ارکان کو تین مقاصد کے لیے دیے جاتے ہیں:- (الف) پیداآور اغراض (ب) غیر پیداآور اغراض اور (ج) سابقہ قرضوں کی ادائی۔ پیداآور قرضوں کی تین قسمیں کی جا سکتی ہیں:- (۱) جاریہ زرعی کاروبار کے لیے کم مدت کے قرضے؛ (۲) حکومت کے محصول ادا کرنے کی غرض سے کم مدت کے قرضے: اور (۳) زمین کی مستقل اصلاح و ترقی کے لیے بڑی مدت کے قرضے۔ غیر پیداآور اغراض مثلاً رسوم کے

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "ہندوستان کی تحریک امداد باہمی کی اعدادی تشریح برائے ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء خلاصہ جدول (۳)۔

باب ۱۰

مصارف وغیرہ کے لیے قرضے یوں تو نظری طور پر ناقابل منظوری ہیں، لیکن رعیت کو ساہوکار کے پنجے میں پھنسنے سے باز رکھنے کے لیے ضروری ہیں[1]۔ چنانچہ مناسب یہ ہے کہ ایسے قرضوں کو چھوٹی رقموں تک اور قطعی ضروری اغراض کے لیے محدود کر کے فضول خرچی کو روکنے اور کفایت شعاری کو ترقی دینے کی کوشش کی جائے۔ گزشتہ قرضوں کی ادائی کے مسئلے کی بہ تک معیاری پالیسی یہ ہونی چاہئے کہ ارکان کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ ان کل مطالبات کو ادا کریں جو ان کے ذمے انجمن کے سوا دوسروں کو واجب الادا ہوں۔ لیکن دو تحدیدی امور قرضوں کی یکمشت ادائی کو ناقابل عمل اور نامناسب بناتے ہیں:- ناقابل عمل اس وجہ سے کہ ارکان کے دوسرے اغراض کو پورا کرنے کے لیے مطلوبہ قرضہ مہیا کرنے کے علاوہ اس غرض کے لیے کافی بڑی مقدار میں رقوم فراہم کرنا ناممکن ہے؛ نامناسب اس لحاظ سے کہ ہندوستان کے متوسط درجے کے کسان جیسے شخص کی نفسیات کا لحاظ کرنا ضروری ہے جس کے سر پر زمانۂ دراز سے بھاری قرضوں کا بوجھ لدا ہوا ہے قرضداری
326 کے بوجھ سے ایک ہی جنبش میں کامل سبکدوشی، اگر ایسے کٹھن کام کو ممکن بھی فرض کر لیا جائے تو، رعیت پر نمایاں طور پر مخرب اخلاق اثر ڈالے گی اور اس کو بے احتیاطی و فضول خرچی کی طرف لے جائے گی۔ کفایت شعاری کو فروغ دینے کی غرض سے یہ ضروری ہے کہ تدریجی طریقے سے قرضے سے رہائی دلائی جائے۔ لیکن اس معاملے کا مفاد تمام تر نظری ہے، اس لیے کہ فنڈ کی قلت کی وجہ سے خوف تو اسی بات کا ہے کہ قرضے کی ادائی کا عمل حد سے زیادہ

[1] بمبئی اور مدراس میں معمولی قرضے کے گوشوارے یا فرد حساب کا طریقہ ایجاد کیا گیا ہے جس کی رو سے کسان کی تقریباً ہر ضرورت کے لیے جس میں غیر پیداآور مصارف شادی وغیرہ بھی شامل ہیں قرضہ دیا جاتا ہے، ہر رکن کے قرضہ لینے کی حد موسم کے لحاظ سے چنگی مقرر کی جاتی ہے اور وقت پر مطلوبہ مالی مدد دینے کا انتظام کیا جاتا ہے۔ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی اس طریقے کی حمایت کرتی ہے، دیکھو رپورٹ کا فقرہ (۱۰۴)۔

باب ۱۱

سریع ہونے کی بجائے مدت سے زیادہ سست ہوگا۔

(۷) قرضے کی ادائی۔ قرضے کی واپسی کی مدت کی حد تک عام قاعدہ یہ ہے کہ زرعی قرضہ فصلوں کے زراعتی دور کے تابع ہونا چاہئے اور اس کا اوسط "اچھے، برے اور معتدل" موسموں کے لحاظ سے مقرر ہونا چاہئے۔ دوسرے الفاظ میں ادائی اسی نفع بخش کاروبار کے ماحصل سے ہونی چاہئے جس کے لیے قرضہ دیا گیا ہو۔ رہے غیر پیداآور قرضے تو ان کی ادائی کا تعین قرض گیر کن کی حیثیت کے لحاظ سے ہونا چاہئے، تاکہ اس کے لیے ممکن ہو سکے کہ وہ اپنی آمدنی میں سے کفایت شعاری کے ذریعے سے اتنی کافی رقم پس انداز کرے کہ اپنے ذمے کے قرضے کو مدت معینہ پر اقساط کے ذریعے سے ادا کر سکے۔ اس کو اس سے زیادہ رقم بطور قرض نہ دینی چاہئے جتنی وہ مناسب مدت کے اندر سہل اقساط کے ذریعے سے ادا کر سکتا ہو۔ نصب العین یہ ہونا چاہئے کہ قرضہ پابندی سے وقت پر ادا کیا جائے، اس مقصد کو حاصل کرنے کی ہمیشہ کوشش کرنی چاہئے اور اس بارے میں تساہل کو قطعی طور پر روا نہ رکھنا چاہئے۔ صرف حقیقی تکلیف کی شدید صورتوں میں قرضے کی واپسی کے التواء کو منظور کرنا چاہئے۔ من مانی ادائی اور قرضوں کی از خود جلد جلد تجدید کی اجازت نہ دینی چاہئے، اس لیے کہ اس سے انجمن کے اغراض و مفاد کو بہت بھاری نقصان پہنچتا ہے۔ ارکان کی طرف سے قرضے کی مستعدانہ ادائی کو بجا طور پر اس بات کا اہم ترین معیار قرار دیا جاتا ہے کہ انجمن قرضہ امداد باہمی کامیابی کے ساتھ چل رہی ہے۔ اس معیار سے جانچا جائے تو کہنا پڑے گا کہ ہندوستان میں انجمنوں نے کوئی بڑی کامیابی حاصل نہیں کی ہے۔ بنک کاری کی صوبہ داری تحقیقاتی کمیٹیوں نے اس خصوصیت پر خاص طور پر زور دیا ہے کہ قرضے مدت گزر جانے کے بعد بھی ادا نہیں کئے جاتے اور اس کے اثرات بہت خراب ہوتے ہیں۔ حال میں زائد المیعاد قرضوں کی مقدار بہت خطرناک حد تک بڑھ گئی ہے۔ مثلاً ۳۰ جون ۳۳ء کو زائد المیعاد قرضوں کا تناسب کاروباری سرمایے سے ۳۸ فی صد تھا اور کل قرضوں سے جو افراد کی طرف سے زرعی انجمنوں

باب ۱۰

کو واجب الادا تھے ۷۴ فی صد تھا۔ صورت حال نے اس وجہ سے بہت زیادہ نازک شکل اختیار کر لی کہ زرعی پیداوار کی قیمتوں میں تباہ کن کمی ہو گئی اور تمام دنیا میں کساد بازاری کا دور دورہ تھا جس کی بنا پر قرضے لینے والے کسان کی قرضہ ادا کرنے کی صلاحیت میں بہت کمی ہو گئی[1]۔ قرضے کی ادائی میں پابندی وقت کو یقینی بنانے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے چاہییں مثلاً:- ہر رکن کے معمولی قرضے کی مقدار کا تعین، قرضے کی درخواست کرنے والوں میں سے قرض گیرندوں کا بہ احتیاط انتخاب، قرضہ منظور کرتے وقت قرضہ حاصل کرنے کی غرض و غایت اور ادائیگی کی قابلیت کی مناسب جانچ پڑتال اور دوسرے ارکان اور ضامنوں کے ذریعے سے قرض گیرندہ ارکان کے اعمال
327 کی موثر نگرانی۔ وغیرہ۔ یہ بھی ضروری ہے کہ قرضے کی واپسی کی مدت سب قرضداروں کے لیے یکساں مقرر نہ کی جائے، بلکہ انفرادی قرض گیرندوں کی خاص ضرورتوں اور حالات کے لحاظ سے مقرر کی جائے[2]۔

(۸) ضمانت و کفالت۔ امداد باہمی کے قرضوں میں سب سے بہتر ضمانت و کفالت، دیانت داری اور اخلاقی قوت ہے۔ "دیانت داری سے بطور سرمایہ کام لینا چاہئے"۔ لیکن اگر قرض گیر رکن کو معمولاً ارکان ہی میں سے ضامن پیش کرنے کے لیے کہا جائے اور متوازی کفالت کے طور پر منقولہ و غیر منقولہ جائداد قبول کی جائے تو قرضہ وصول نہ ہونے کا خطرہ کم ہو جائے گا اور بحیثیت مجموعی انجمن کی ساکھ کی اصلاح و ترقی ہو سکتی ہے۔ اگرچہ سچ پوچھو تو مادی ضمانت امداد باہمی کے اصول سے تناقض رکھتی ہے، لیکن اس کے ساتھ یہ امر بھی قابل غور ہے کہ اگر مادی ضمانت کو کلیۃً خارج کر دیا جائے تو اس بات کا خطرہ ہے کہ مالک اس ضمانت کو ساہوکار کے پاس مکفول کر دے گا۔ اس لیے

---

[1] انڈین ایر بک بابت ۱۹۳۵ء صفحہ ۳۹۳۔

[2] دیکھو میک لگن کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۶۳؛ نیز وی ایل بھتا کی کتاب موسوم بہ (Studies in Co-operative Finance) صفحہ ۵۴ تا صفحہ ۵۶ اور بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۷۰۔

باب ۱۱

مناسب یہ ہے کہ اس کو کسی حد تک روا رکھا جائے۔ قانون کے تحت گروی کی کفالت جائز ہے اور صوبہ واری حکومتوں کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اس کو اپنے حسب صوابدید کسی انجمن یا انجمنوں کی حد تک منظم کریں۔ لیکن تمام صورتوں میں سب سے بڑی ضمانت شخصی و ذاتی ہونی چاہیئے اور اس میلان کو برقرار رکھنا چاہیئے جو جائداد یا ملک کو بطور ضمانت پیش کرنے کے خلاف ہے۔

(۹) تقسیم منافع۔ قرضے کی دیہی انجمن میں معمولی تجارتی مفہوم کے لحاظ سے منافع کی تقسیم عمل میں نہیں آتی، خاص کر اگر حصص کا اصل نہ ہو تو سب منافع سرمایۂ محفوظ میں جمع کر دیا جاتا ہے۔ لیکن ۱۹۱۲ء کے قانون کی رو سے دو صورتوں کو مستثنیٰ کرنے کی گنجایش ہے۔ چنانچہ اس قانون کی رو سے منافع کے ایک مقررہ حصے کو تعلیم اور خیرات جیسے کاموں میں خرچ کرنے کی اجازت ہے اور اگر کسی صورت میں حصص جاری کئے جائیں تو ان کے اصل پر محدود مقدار میں مقسوم تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ منافع کو اس طرح صرف کرنے میں مزید فائدہ یہ ہے کہ تحریک میں دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔ لیکن کسی صورت میں بھی انجمن امداد باہمی کو بگاڑ کر جلب منفعت یا مقسوم طلبی کا ذریعہ نہ بنانا چاہیئے۔

(۱۰) ثالثی۔ انجمن اور اس کے ارکان کے باہمی نزاعات کے تصفیے کے لیے نیز معمولی دیوانی عدالتوں کی عملداری اور کارروائی سے انجمن کو مستثنیٰ کر کے مقدمے بازیوں کی حوصلہ شکنی کرنے کی غرض سے ثالثی ضروری ہے تاکہ انجمن کا وقت اور مال اور اس کی قوت ضایع ہونے سے بچے۔ چنانچہ اس قسم کے انتظامات بمبئی اور بعض دوسرے صوبوں میں موجود ہیں۔

(۱۱) سرسری اختیارات۔ انجمنوں کو بقایا وصول کرنے کے سرسری اختیارات عطا کرنا نہایت قابل اعتراض امر ہے، اس لیے کہ وہ امداد باہمی کے بنیادی اصول کے خلاف ہے۔ دیوانی عدالتوں کے ذریعے سے قرضہ واپس وصول کرنے کے معمولی طریقے کے قطع نظر، ارکان کی مشترکہ ذمہ داری اور اخلاقی

328

باب ۱۰

دباؤ ہی قرضے کی واپسی کے واحد ہتھیار رہنے چاہییں۔ انجمن کو سرسری اختیارات عطا کرنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ گہری باہمی نگرانی اور جانچ میں نقصان دہ طریقے پر تساہل رونما ہوگا۔

(۱۲) انجمنوں کی شکست۔ انجمنوں کو توڑنے کے اقتدار سے ہاتھ روک کر کام لینا مناسب ہے۔ لیکن یہ اقتدار فی نفسہٖ ضروری ہے تاکہ ایسی انجمنوں کو توڑا جاسکے جو کل تحریک امداد باہمی کے دامن پر ایک بدنما داغ ہوں اور جن کے کارآمد ثابت ہونے کی کوئی توقع نہ معلوم ہو[1] قانون کی رو سے مسجل انجمن کے معاملات کی تحقیقات کرنے کے بعد اس اختیار کو کام میں لا سکتا ہے۔

۱۰۔ میک لے گن کمیٹی اور بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی اہم سفارشیں

اس سلسلے میں میک لے گن کمیٹی کی اہم سفارشوں کو مختصراً بیان کرکے قرضے کی ابتدائی دیہی انجمنوں کے تبصرے کو ختم کرنا مناسب ہوگا۔ ان میں سے اکثر سفارشوں پر بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی نے بھی زور دیا ہے۔

میک لے گن کمیٹی قرضے کی دیہی انجمنوں کی اہمیت تسلیم کرتی ہے اور اس بات پر زور دیتی ہے کہ انھیں اولاً امداد باہمی کے اصول پر کام کرنا چاہیئے اور کاروباری اصول کو دوسرے درجے پر رکھنا چاہیئے۔ کمیٹی یہ خیال کرتی ہے کہ حقیقی امداد باہمی کے اصول پر

---

[1] انجمنوں کی ناکامی کے متعدد اسباب بیان کئے گئے ہیں اور ان میں حسب ذیل شامل ہیں:- مناسب نگرانی کا فقدان، بے احتیاطی کے ساتھ قرضے لینا، قرض گیروں کی سرکشی، قرضے کی واپسی میں غیر پابند وقت ہونا، قرضوں کا چند افراد تک محدود رکھنا، انجمن کے عہدہ داروں کی غیر دیانت داری یا نااہلی، ارکان کا غلط انتخاب، انجمن کے دائرۂ کاروبار کی حد سے زیادہ توسیع، پرانے قرضوں کی پوشیدگی، ناقص دستور العمل اندرونی ان جن، ارکان کی ناکافی تعداد یا فنڈ کی ناکافی مقدار، ایک رکن کا پوری انجمن پر چھا جانا، اور انجمن کے معاملات میں ارکان کا عام طور سے دلچسپی نہ لینا۔ دیکھو میک لے گن کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۸۶)؛ نیز بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۷۸)۔

کام کرنے کے لئے مندرجۂ ذیل شرائط کی پابندی ضروری ہے :- (۱) امداد باہمی کے اصول کی معلومات اور ارکان کا مناسب طریقے پر انتخاب : (۲) اعتبار کی اصل بنیاد دیانت داری ہونی چاہئے : (۳) لین دین صرف ارکان تک محدود رہنا چاہئے ؛ (۴) تجمینی اغراض یا سٹے کے لیے قرضے نہ دینے چاہئیں ؛ (۵) قرضہ دینے سے پیشتر مناسب جانچ پڑتال کر لینی چاہئے اور بعد میں مناسب طریقے پر نگرانی کرنی چاہئے ؛ (۶) آخری اقتدار ارکان کے ہاتھ میں رہے نہ کہ عہدہ داروں کے ہاتھ میں ؛ (۷) کفایت شعاری کی ہمت افزائی کرنی چاہئے اور سرمایۂ محفوظ کافی مقدار میں قائم کرنا چاہئے ؛ (۸) ہر رکن کو صرف ایک رائے کا حق ہونا چاہئے ؛ اور ارکان میں انجمن کے اندر معلومات کی پوری طرح اشاعت ہونی چاہئے ؛ (۹) اصل تا حد امکان ارکان اور ہمسایوں کی پس اندازیوں سے مہیا کرنا چاہئے ؛ اور (۱۰) قرضوں کی واپسی پابندی وقت کے ساتھ ہونی چاہئے۔[1]

نئی انجمنوں کے قائم کرنے کے بارے میں میک لے گن کمیٹی متنبہ کرتی ہے کہ تحریک کی ترقی کی رفتار کو بیرونی ذرایع سے ناواجب طریقے پر تیز نہ کرنا چاہئے۔ امداد باہمی کا شوق و ولولہ حتی الامکان از خود پیدا ہونے دینا چاہئے۔ کمیٹی مذکور یہ بھی خیال ظاہر کرتی ہے کہ نامناسب طور پر ادنیٰ شرح سود سے پیدا کردہ حد سے زیادہ نمائشی اعتبار اور ساکھ کے خطرات سے بچنا اور زرعی مالیے کو زرعی دور پر مبنی رکھنا ضروری ہے۔ 329

کاروباری پہلو پر نظر کرتے ہوئے، دونوں کمیٹیاں یہ رائے پیش کرتی ہیں کہ کاروباری اصل مہیا کرنے کی بہترین صورت یہ ہوگی کہ اس کا بیشتر اور معقول حصہ مقامی امانتوں کے ذریعے سے مہیا کیا جائے، اور یہ خیال ظاہر کرتی ہیں کہ قرضے کی دیہی تحریک کی کامیابی کو اسی معیار کی بنا پر جانچنا چاہئے۔ میک لے گن کمیٹی یہ سفارش کرتی ہے کہ ارکان کی امانتوں پر کسی قدر اعلیٰ شرح

---

[1] نیز دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۱۵۸)۔

باب ۱

سود دینی چاہئے اور کفایت شعاری کو فروغ دینے اور مقامی امانتوں کو اپنی طرف کھینچنے کے لیے بجز جبری امانتوں کے طریق کے دوسری ہر ممکنہ کوشش کرنی چاہئے۔ وہ مدروا اس کی امانتوں کی موافقت نہیں کرتی، اس لیے کہ ایسی امانتیں محفوظ طریقے پر بطور قرض نہیں دی جا سکتیں۔ اسی سبب سے طویل مدت کی امانتوں کی ہمت افزائی ان پر اعلیٰ شرح سود ادا کر کے کرنی چاہئے۔ لیکن کم مدت کی امانتوں کی اجازت بھی دی جا سکتی ہے تاکہ کم مدت کے قرضوں کے مطالبات پورے کئے جا سکیں۔ کمیٹی کفایت شعاری کو فروغ دینے کے لیے ایک دوسرا استثنا یہ بھی روا رکھتی ہے کہ امانت بدست یونگ کی تائید کرتی ہے۔ اس سفارش کی تائید مزید بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی پر زور طریقے پر کرتی ہے۔ چنانچہ وہ اس بات پر زور دیتی ہے کہ نصب العین یہ ہونا چاہئے کہ کوٹھی کا کاروبار کرنے والی مرکزی ایجنسیوں پر قرضے کی دیہی انجمنوں کا موجودہ انحصار کم کیا جائے، اگرچہ وہ اس بات کو بھی تسلیم کرتی ہے کہ اس اثنا میں یہ ایجنسیاں بہت مفید کام انجام دیتی رہی ہیں۔ میک لے گن کمیٹی اور بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی دونوں اس بارے میں ہم خیال ہیں کہ بدانتظامی اور تغلب کو روکنے اور شغل اصل کرنے والے عوام میں ساکھ کو بہتر بنانے کے لیے باضابطہ اور مکمل جانچ اور نگرانی انتہائی طور پر اہم اور ضروری چیز ہے۔ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی یہ بتلاتی ہے کہ حسابات کی تنقیح، نگرانی اور معائنہ ملے جلے کام ہیں اور ایک دوسرے سے گہرا تعلق رکھتے ہیں؛ موجودہ زمانے میں یہ دو اور بعض اوقات تین مختلف ایجنسیوں کے ذریعے سے انجام پاتے ہیں، کام ایک کی حد سے تجاوز کر کے دوسرے کی حدود میں پہنچ جاتے ہیں اور محنت اور زر بکثرت ضایع ہوتا ہے۔ اس نقص کو رفع کرنے کے لیے کمیٹی یہ سفارش کرتی ہے کہ تنقیح حسابات کے دستوری فرائض کو مناسب طریقے سے انجام دینے کے لیے یہ ضروری ہے کہ ہر ضلع میں ایک ایک اتحادی انجمن قائم کی جائے تاکہ وہ ابتدائی مرکزی

باب ۱۰

قرضی وغیر قرضی انجمنوں کی تنقیح، نگرانی اور معائنے کے فرائض انجام دے۔ اتحادی انجمن میں اسی عملے سے کام لینا چاہئے جس کی بھرتی مسجل کے مصدقہ اشخاص میں سے ہوئی ہو، لیکن مسجل کو کسی حال اتحادی انجمن کے اندرونی انتظام میں مداخلت نہ کرنی چاہئے۔ ممکن ہے کہ ان انجمنوں کی مجلسوں میں خاص طور پر تربیت یافتہ سرکاری عہدہ دار مقرر ہوں، لیکن بہتر یہ ہے کہ ملحقہ انجمنوں کے نمایندے ان میں شامل کئے جائیں اور سرکاری عہدہ دار بھی ان کے عملے میں کام کرنے کے لیے بھیجے جا سکتے ہیں۔ ضلع واری انجمنیں وفاق کے ذریعے سے ایک جداگانہ صوبہ واری انجمن[1] میں شریک ہو سکتی ہیں یا موجودہ صوبہ واری ادارہ ہائے امداد باہمی[2] میں مقامی حالات کے لحاظ سے ان کی خاص شاخ کے طور پر ملحق کی جا سکتی ہیں۔ صوبہ واری انجمن کے اہم کام یہ ہونے چاہئیں:-

(۱) ضلع واری انجمنوں کی نگرانی؛ (۲) مرکزی بنکوں اور دوسری مرکزی انجمنوں کی تنقیح؛ (۳) صوبہ واری بنکوں، صوبہ واری اداروں اور امداد باہمی کے دوسرے صوبہ واری نظامات کی تنقیح۔ ان کے مصارف ملحقہ انجمنوں کے چندوں اور حکومت کی مالی امداد سے پورے کرنے چاہئیں۔[3] میک لے گن کمیٹی قرضہ وصول کرنے کے سرسری اختیارات عطا کرنے کی مخالفت کرتی ہے، تالیثی کی تائید کرتی ہے؛ اور قرضے کی دیہی انجمنوں کو تین امکانی خطرات سے متنبہ کرتی ہے، یعنی (۱) مقاصد سے برگشتگی اور بے راہ روی؛ (۲) امداد باہمی کے عملی شوق و ولولے کی کمی؛ (۳) قرضے کی ادائی میں غیر پابندی وقت۔ پہلے نقص کے متعلق عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ کمیٹی نے اس کی حد تک مبالغے سے کام لیا ہے۔ دوسرے نقص کی حد تک ہماری دیہی قرضے کی اکثر انجمنوں کا عمل لازمی طور پر امداد باہمی

330

---

[1] Provincial Apex Union

[2] Provincial Cooperative Institutes

[3] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۷۳)۔

باب ۱۰

کے نصب العین سے بہت بڑی حد تک ہٹا ہوا قرار دیا جا سکتا ہے۔ انجمن کی وساطت سے ارزان شرح پر قرضہ دینا اہم ترین مقصد خیال کیا جانے لگا ہے، اور اس کے برعکس امداد باہمی کے دوسرے مقاصد اور تحفظات کو نظر انداز کیا جاتا ہے[1] مرکزی ادارۂ امداد باہمی بمبئی، امداد باہمی کی باقاعدہ تعلیم کی اشاعت کر کے اور اس کے لیے جوش و خروش پیدا کر کے بہت ہی مفید کام انجام دے رہا ہے۔ پابندی وقت کے ساتھ ادا نہ کرنے کا نقص یقینی طور پر موجود ہے اور قابل افسوس ہے۔ زائد المعیاد قرضوں کا تناسب حد سے زیادہ ہے۔ اس کا باعث ادائی سے انحراف اس قدر نہیں ہے جس قدر کہ قرضہ وصول کرنے میں تساہل، عام معاشی حالات کی انحطاط پذیری اور انتظامی خرابیاں[2] چنانچہ اس نقص کو رفع کرنے کی تدابیر پر ہم اوپر بحث کر چکے ہیں۔

۱۱۔ غیر زرعی قرضے کی انجمنیں۔

غیر زرعی قرضے کی انجمنوں کی ضرورت کا ذکر کرتے ہوئے میک لے گن کمیٹی یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ:۔

[1] "ارزان قرضے کی بہم رسانی کے بجائے حقیقی امداد باہمی کے طریقے کو ترقی دینے کی ضرورت اور امداد باہمی کے بناوٹی اداروں میں عوام سے امانتیں طلب کرنے کے خطرات ایسے معاملات ہیں جو بہت بڑی حد تک نظر انداز کر دیے گئے ہیں۔ سریع توسیع کا نتیجہ یہ ہوا کہ ابتدائی انجمنیں اس درجہ کثیر تعداد میں رونما ہو گئیں کہ مسجل اور اس کا عملہ ان سے نبٹ نہ سکتا تھا، اور ایسے نقائص پیدا ہو گئے جو بے احتیاطی، عدم واقفیت اور عدم نگرانی سے غیر منفک ہیں"۔ دیکھو میک لے گن کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۲)، صوبۂ متحدہ کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی نے یہ مفید مشورہ دیا ہے کہ امداد باہمی کا شوق و ولولہ پیدا کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ قرضے کی انجمن سے پہلے دیہات سدھار، زندگی سدھار یا کفایت شعاری کی انجمنیں قائم کرنی چاہئیں؛ یا اگر یہ ممکن نہ ہو تو دونوں کو ساتھ ساتھ چلانا چاہئے۔ دیکھو رپورٹ، فقرہ (۲۹۱)۔

[2] دیکھو دی "ال" ہتا کا مضمون بعنوان "مالیہ امداد باہمی"؛ بمبئی کا ایک رسالہ "بمبئی کوآپریٹو کوارٹرلی" بابتہ ستمبر ۱۹۲۶ء؛ اور بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۷۰)۔

باب ۱۰

"ایسی حالت میں جبکہ قیمتیں بڑھ رہی ہوں، مکانات ناکافی اور غیر صحت بخش ہوں، اجرت عام طور پر بقایا کے طور پر ادا شدنی رہتی ہو، اور تعلیم کی اشاعت کے نتیجے کے طور پر اعلیٰ معیار زندگی کی خواہش عام ہو، صنعتی مشکلات میں اضافہ ہونا لابدی ہے؛ اور ہماری یہ رائے ہے کہ امداد باہمی جیسے نظام کی ہر شکل جو ان مشکلات پر عہدہ برآ ہونے کا میلان رکھتی ہو، لائق تائید و اعانت ہے۔"[1] علاوہ ازیں زرعی انجمنوں کی جانب سے زرکی نہایت شدید موسمی طلب، مرکزی بنکوں کے لیے اس بات کو دشوار بنا دیتی ہے کہ اپنے اصل کو نفع بخش طریقے پر لگائیں۔ گو ابتداءً قرضے کی دیہی انجمنوں کو قایم کرنے کی جانب زیادہ توجہ صرف کی گئی لیکن شلٹسے دلیتش طرز کی غیر زرعی قرضے کی انجمنوں نے بھی تمام صوبوں میں کسی حد تک ترقی کی ہے؛ اور یہ ترقی اس پالیسی کے مطابق ہوئی ہے جس کی میک لے گن کمیٹی نے سفارش کی تھی یعنی یہ کہ زرعی قرضے پر ابتداءً جو زور دیا جاتا رہا تھا اس کو ترک کیا جائے۔ غیر زرعی قرضے کی انجمنوں کی حسب ذیل اہم قسموں پر اب بحث کرنا نامناسب نہ ہوگا:-

(۱) عوام کے بنک۔ لزاٹی کے اصول پر کام کرنے والی شہری قرضوں کی انجمنیں، جو خاص طور پر متوسط طبقے کے فائدے کے لیے قائم کی جاتی ہیں، اس لحاظ سے مفید کام انجام دیتی ہیں کہ وہ ہندوستان میں مشترک سرمائے کی بنک کاری کی سہولتوں کی کمی کو کم از کم ایک حد تک پورا کرتی ہیں اور بنک کاری کے نظریے اور عمل کی تحقیق کے لیے تربیت گاہ مہیا کرتی ہیں اگرچہ وہ بالعموم حقیقی امداد باہمی کے اصول پر کام نہیں کرتیں[2]۔ بمبئی میں ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء میں مکمل شہری بنک ۱۴۴ تھے جن کا کاروباری اصل ۵۰۰۰ روپیہ سے زائد تھا اور ۴۳۵ دوسرے شہری بنک اور غیر زرعی قرضے کی انجمنیں تھیں۔

---

[1] دیکھو میک لے گن کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۵)۔

[2] " " " " " (۱۷)۔

باب ۱

ان پر تبصرہ کرتے ہوئے مسجل انجمن ہائے امداد باہمی بمبئی اپنی سالانہ رپورٹ بابت سنہ ۱۹۲۶ء تا سنہ ۱۹۲۷ء میں لکھتا ہے کہ "شہری بنک اور عوام کے بنک شہروں اور قصبات کی زندگی پر جو اثر ڈال رہے ہیں اس کی بابت مبالغہ کرنا مشکل ہے۔ مقامی تجارت ایسے رقبوں میں ترقی و پرورش پا رہی ہے جہاں ان بنکوں کے نہ ہونے کی صورت میں آبادی اور صنعتیں زوال پذیر رہتیں؛ ادنیٰ درجے کے دستکار اور شہری ہر شعبۂ زندگی میں بنک کاری کے خوگر ہوتے جا رہے ہیں[1]؛ اور تقریباً ہر اہم قصبے میں تمام ذاتوں اور پیشوں کے با اثر اشخاص امداد باہمی کی جد و جہد کے اس پہلو کو خدمت عامہ کی اہم شکلوں میں سے ایک کے طور پر اختیار کر رہے ہیں"۔ گجرات کی امداد باہمی کی شہری انجمنوں نے حسابات کی اندرونی تنقیح کے لیے اپنی ایک نگران کار اتحادی انجمن ترتیب دی ہے۔ مدراس میں سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء کے ختم پر ۶۹-۱ شہری بنک تھے[2]۔

(۲) کفایت شعاری اور بیمے کی انجمنیں۔ شہری انجمن امداد باہمی کی ایک اہم بدلی ہوئی شکل "کفایت شعاری کی انجمن" ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ ہر مہینے دو یا چار سال تک باقاعدہ پس انداز یاں جمع کر کے اور ان کو مفید ترین طریقے پر مشغول کر کے کفایت شعاری کو فروغ دیا جائے۔ اکثر انجمنوں کی طرف سے قرضے بھی دئے جاتے ہیں۔ پنجاب میں اس قسم کی ایک ہزار انجمنیں ہیں جن کے ارکان میں بیشتر حصہ مدرسے کے معلموں کا ہے۔ مدراس اور کسی حد تک بمبئی نے بھی اس سمت میں ترقی کی ہے۔ 332

بیمے کی انجمنیں بمبئی، بنگال اور مدراس میں حال ہی میں قائم ہوئی ہیں۔

---

[1] بمبئی کی ایک سالانہ رپورٹ" (سنہ ۱۹۲۸ء تا سنہ ۱۹۲۹ء کے فقرہ (۸۰) میں اس خدمت کا اعتراف کیا گیا ہے جو یہ انجمنیں "چک" کے استعمال کو مقبول عام بنانے کے لیے کر رہی ہیں نیز دیکھو بنگال کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۲۸۳)۔

[2] ہندوستان کے شہری بنکوں کے سبق آموز بیان کے لیے دیکھو "انڈین کوا پریٹو ریویو" بابت جنوری سنہ ۱۹۳۶ء۔

باب ۱۰

بمبئی کی انجمن بیمہ امداد باہمی سنہ ۱۹۳۰ء میں کھلی اور اس کی ترقی اچھی رہی۔ حال ہی میں اس انجمن نے اپنی ایک دیہی شاخ کے تحت ایک خاص اسکیم تیار اور جاری کی جس کا مقصد یہ ہے کہ ابتدائی انجمنوں کے ارکان کو فائدہ پہنچایا جائے۔[1]

(۳) فرقہ وار انجمنیں۔ فرقہ وار احساس قوی ہونے کی وجہ سے فرقہ وار قرضے کی انجمنیں امداد باہمی کے اصول پر کام کرنے کے لیے خاص طور پر موزوں ہیں۔ گو وسیع قومی اساس کی بنا پر ایسے فرقہ وار احساس کی حوصلہ شکنی کرنی چاہئے۔ لیکن بعض مقررہ حدود کے اندر ایسی انجمنیں پسماندہ فرقوں کی تعلیمی و معاشی ترقی و بہبود کے لیے مفید ہیں۔

(۴) بڑے کارخانوں اور سرکاری محکموں کے اہلکاروں کی انجمنیں۔ ایسی انجمنوں کا مقصد زیادہ تر کفایت شعاری اور پس اندازی کی ہمت افزائی ہونی چاہئے نہ کہ گزشتہ قرضوں کی یکمشت ادائی۔ اس قسم کی انجمن قرضہ کو سرکاری سرپرستی اور جانب داری جیسے نقائص سے محفوظ رکھنا چاہئے۔

(۵) دستکاروں کی انجمنیں۔ یہ اپنے دستور اور کاروبار کے اعتبار سے زرعی قرضے کی انجمنوں سے مماثلت رکھتی ہیں۔ ان کے کاروبار کا حلقہ چھوٹا ہوتا ہے، ان کی رکنیت صرف مقررہ پیشے کے اشخاص تک محدود ہوتی ہے، حصص کا اصل تھوڑا ہوتا ہے اور کاروبار چلانے کے لیے مرکزی اداروں اور دوسرے ذرائع سے رقوم مستعار لی جاتی ہیں۔ اس لحاظ سے غیر محدود ذمہ داری ضروری ہے، اگرچہ از روئے قانون اختیاری ہے۔ اس قسم کی اہم ترین انجمنیں وہ ہیں جو جلاہوں کے لیے قائم کی گئی ہیں۔ چونکہ دستی راچھ کی پارچہ بافی کی صنعت ہی موجودہ زمانے میں بھی اہم ترین گھریلو صنعت ہے اس لیے وہ امداد باہمی کی بنیاد پر تنظیم اور سرکاری امداد چاہتی ہے۔ بمبئی میں

[1] دیکھو بمبئی پریسیڈنسی کی "سالانہ رپورٹ" برائے سنہ ۱۹۳۳ء تا سنہ ۱۹۳۴ء، فقرہ (۵۴)۔

باب ۱

اس سمت میں بڑی حد تک ترقی ہوئی ہے، اور ایسی انجمنوں کو سرکار کی طرف سے براہِ راست مالی امداد دینا بالکل حق بجانب ہوگا۔ چند دوسرے ادنیٰ درجے کے دستکاروں مثلاً ٹوکری بنانے والوں، موچی، آہنگروں، نجاروں وغیرہ کے لیے بھی قرضے کی انجمنیں قائم کی گئی ہیں، لیکن انھوں نے کوئی قابل لحاظ ترقی نہیں کی ہے۔ پھر بھی یہ توقع ظاہر کی جا سکتی ہے کہ امداد باہمی کو ہندوستان میں چھوٹی صنعتوں کے احیاء کے آلے کے طور پر کام میں لایا جا سکتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ قرضے اور دوسری ضرورتوں کے بارے میں چھوٹے کسان کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ویسی ہی مشکلات کا سامنا چھوٹے دستکار کو بھی کرنا پڑتا ہے؛ ایسی صورت میں چھوٹے پیمانے کی صنعت کی دونوں شکلوں کے لیے ایک ہی ساتھ تنظیم کی شدید ضرورت ہے۔

(۶) گرنی کے مزدوروں کی انجمنیں۔ بمبئی اور کلکتہ جیسے کارخانوں سے بھرے ہوئے شہروں میں گرنی کے مزدوروں کے لیے ایسی انجمنوں کی شدید ضرورت ہے۔ ان مزدوروں کے معاشی و معاشرتی حالات نہایت غیر اطمینان بخش ہیں۔ کم اجرت، مخدوش مکانات، بیش خرچ زندگی، جابروں یا کارندوں کی لوٹ کھسوٹ، ناخواندگی، ناواقفیت، بھاری قرضداری اور نشہ بازی، یہ ان نقائص میں سے 339
مٹھی نمونہ ہیں جن میں مزدور مبتلا ہیں۔ مزدوروں کی امداد باہمی کی انجمنیں قائم کرکے ان حالات کی بڑی حد تک اصلاح کی جا سکتی ہے۔ ٹاٹا جیسے خدمت خلق کا جذبہ رکھنے والے آجروں نے ایسی انجمنوں کی کسی حد تک مدد کی جن میں سے اکثروں کو بمبئی کی سوشل سروس لیگ (انجمن رفاہ عام) نے مزدوروں کے فائدے کے لیے منظم کیا۔ ارزاں قرضہ مہیا کرنے اور کفایت شعاری کو فروغ دینے کے کام سے قطع نظر کرتے ہوئے، یہ انجمنیں مختلف قسم کی معاشرتی و تعلیمی جد و جہد کے مرکز کے طور پر بھی کام کرتی ہیں جس کا اثر مزدوروں کی خوبی کار پر بھی بہت اچھا پڑتا ہے مزدور کی ناخواندگی اور ادھر سے ادھر منتقل ہونے کی عادت، کارخانے کے عمال میں امداد باہمی کی سریع ترقی کی راہ میں بہت بڑی مزاحمت پیدا کرتی ہے۔

(۷) نیچ طبقوں کی انجمنیں۔ نیچ طبقوں کے معاشی و معاشرتی حالات،

باب ۱۰

کارخانے کے مزدوروں سے بدرجہا زیادہ خستہ و خراب ہیں؛ اگر امداد باہمی کی انجمنیں قایم کردی جائیں تو توقع ہے کہ نہ صرف ان کی معاشی حالت کی اصلاح و ترقی ہوجائیگی بلکہ وہ اپنے معاشری رتبے کو بھی ارفع و اعلیٰ بنانے کے قابل ہوجائیں گے۔ بمبئی میں سروینٹس آف انڈیا سوسائٹی کے رکن مسٹر جی' کے' دیودھر آنجہانی کی نگرانی میں ادائی قرضہ جات کی کمیٹی نے بہت ہی قابل تعریف کام کیا ہے۔ کمیٹی مذکور نیچ طبقوں کی انجمنوں کی تنظیم کی نگرانی کرتی ہے اور ارکان کو امداد باہمی کے اصول کی تعلیم دیتی ہے۔ حکومت اس کمیٹی کے مصارف کی تکمیل کے لیے انجمنوں کو مالی مدد دیتی ہے۔ احاطۂ مدراس میں بھی سوشل سروس لیگ مختلف مرکز قائم کرکے 'اچھوتوں' کی امداد کے لیے اسی قسم کا کام انجام دے رہی ہے[1]

غیر قرضی امداد باہمی کی تحریک

۱۲۔ بعض عام مسائل۔

غیر قرضی انجمنوں کی مختلف قسموں کی بحث چھیڑنے سے پیشتر اس موضوع کے متعلق بعض عام مسائل کی مختصر بحث مناسب ہوگی۔

(۱) غیر قرضی تحریک کی حال کی ترقی۔ "انگلستان میں امداد باہمی کی تحریک کی جن شکلوں نے سب سے زیادہ قبولیت و کامیابی حاصل کی ہے وہ خریداری' پیدائش اور تقسیم کے متعلق ہیں۔ لیکن 'برِاعظم' کے اکثر ملکوں میں ان شعبوں میں اس وقت تک کام نہیں شروع کیا گیا جب تک کہ قرضے کی انجمنوں کی جڑیں مضبوطی سے قائم نہ ہوگئیں' اور ہندوستان میں بھی تحریک کی نشو و نما برِاعظم ہی کے نقش قدم پر ہوئی[2]۔ غیر قرضی امداد باہمی کا روز افزوں مطالبہ' امداد باہمی کی تحریک کے جاری ہونے کے بعد فوراً بعد ہی رونما ہوا اور یہ مطالبہ نہ صرف اس امر

---

[1] دیکھو دی' ال' مہتا اور وی' سبّا کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں امداد باہمی" صفحہ ۱۱۱ تا ۱۱۲۔

[2] دیکھو میکلے گن کمیٹی کی رپورٹ صفحہ ۱۰۔

باب

کی امید افزا علامت تھا کہ امداد باہمی کے اصول کو عوام نے پسند کیا تھا بلکہ بحیثیت مجموعی ملک کی معاشی حالت کی با اعتدال و متوازن ترقی کے لیے بھی ضروری تھا۔ ۱۹۱۲ء کے قانون نے غیر قرضی انجمنوں کو تسلیم کر لیا تھا اور اس میں اسی مطالبے کو پورا کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ لیکن غیر قرضی تحریک کی ترقی تمام صوبوں میں یکساں نہیں رہی ہے۔ دیہی قرضے پر توجہ مرتکز کرنے کی ابتدائی پالیسی میں ابھی تک کوئی قابل لحاظ ضعف نہیں پیدا ہوا ہے اور قرضی امداد باہمی کے مقابلے میں غیر قرضی امداد باہمی کی راہ میں بدرجہا زیادہ مشکلات حائل رہی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی غیر قرضی اداروں کی اہمیت اب کسی حد تک محسوس کی جا رہی ہے، جیسا کہ زرعی اور غیر زرعی دونوں کاروبار میں خرید و فروخت، پیدائش، بیمہ اور تعمیر مکانات جیسے مختلف اغراض کے لیے انجمنوں کے قائم ہونے سے تصدیق ہوتی ہے۔ امداد باہمی کی بنیاد پر زراعت کی عام تنظیم جو زراعت کی جملہ منزلوں کو محیط ہو، ایک ایسی تحریک ہے جو اپنے اندر بہت بڑے امکانات رکھتی ہے۔ امداد باہمی کے قرضے کے فوائد کا احساس صرف اس وقت پوری طرح ہو سکتا ہے جبکہ ڈنمارک کی طرح یہاں بھی غیر قرضی اغراض کے لیے انجمنہائے امداد باہمی قائم کر کے تمام دوسرے شعبوں سے بیچ والوں کو الگ کر دیا جائے۔ ہمیں بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی اس سفارش سے[1] کامل اتفاق ہے کہ اس تحریک کے غیر سرکاری لیڈروں اور محکمہ امداد باہمی کے عہدہ داروں کو چاہئے کہ خاص خاص قسم کی انجمنیں مثلاً مشترکہ کاشت کی انجمنیں، کھاد، تخم یا دوسری زرعی ضرورتوں کو پورا کرنے والی انجمنیں اور دیہی رقبوں میں ذیلی حرفتوں مثلاً چانول بچھوڑنے، بنولہ اوٹنے، غلہ کوٹنے، دودھ کی پیداوار تیار کرنے وغیرہ کاموں کی انجمنیں قائم کرنے کی خاص طور پر سعی کریں۔

334

(۲) غیر قرضی انجمنوں کی قسمیں۔ ہم غیر قرضی انجمنوں کی دو قسمیں یعنی

---

[1] رپورٹ فقرہ (۱۷۱)۔

باب ۱۰

زرعی وغیر زرعی قایم کر سکتے ہیں، جن میں سے ہر ایک ذیلی اقسام میں تقسیم کی جا سکتی ہے، مثلاً اشیائے خام اور آلات کشاورزی خریدنے والی انجمن، پیداوار فروخت کرنے والی انجمن، پیداوار تیار کرنے والی انجمن، تقسیم یا صرف کی انجمن، بیمے کی انجمن، تعمیر و تحصیل املاک کی انجمن اور دیگر متفرق کاموں کی انجمن۔ غیر قرضی انجمنوں کی سرکاری تبویب اور متعلقہ اعداد و شمار کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ یہ بھی بتایا جا چکا ہے کہ اکثر قرضی انجمنیں مختلف غیر قرضی کاروبار بھی انجام دیتی ہیں۔

(۳) ذمہ داری۔ ۱۹۱۲ء کے قانون کے تحت یہ امر غیر قرضی انجمنوں کی مرضی و اختیار پر موقوف رکھا گیا ہے کہ خواہ وہ ذمہ داری محدود رکھیں یا غیر محدود۔ انجمنوں کی مختلف قسموں کی ضرورتوں اور حالات کے لحاظ سے ذمہ داری کی نوعیت بھی مختلف ہوتی ہے۔ مثلاً زرعی غیر قرضی انجمنیں عام طور پر محدود ذمے داری کو ترجیح دیں گی، اس لیے کہ اگر ان کے ارکان ساتھ کے ساتھ قرضی انجمن کے بھی رکن ہوں تو ممکن ہے کہ وہ موخر الذکر انجمن میں غیر محدود ذمہ داری کا قول دے چکے ہوں۔ اس کے برخلاف ممکن ہے کہ دودھ کی پیداوار 335
اور جلاہوں کی انجمنیں غیر محدود ذمے داری کو زیادہ مناسب پائیں، اس لیے کہ غیر ملکی سرمایے کی انھیں عام طور پر زیادہ ضرورت ہوتی ہے[1]

(۴) غیر ارکان کے ساتھ لین دین۔ امداد باہمی کے صحیح نظریے کے لحاظ سے اس قسم کا لین دین نامناسب و ناپسندیدہ ہے۔ دستکاروں کے بیمے اور تعمیر املاک کی انجمنوں کی حد تک لین دین لازمی طور پر ارکان تک محدود ہوتا ہے۔ غیر ارکان سے معاملہ کرنے کا سوال خرید و فروخت کی انجمنوں کے بارے میں پیدا ہوتا ہے۔ اگر غیر ارکان سے لین دین کیا گیا تو اس کا قرینہ ہے کہ رکنیت کا سلسلہ رک جائے اور معمولی تجارتی طریق پر بے جا نفع حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔ علاوہ ازیں خانگی تاجروں سے بھی بے جا مسابقت شروع ہو جائے گی۔ اس لیے کہ

---

[1] دیکھو وی، ال مہتا اور وی سیا کی محولہ بالا کتاب صفحہ ۱۱۶۔

ف

قانون کے تحت انجمن ہائے امداد باہمی کو بعض ایسے حقوق اور مراعات حاصل ہیں جن سے خانگی تاجر محروم ہے۔ لیکن بعض صورتوں میں خاص کر پروپگنڈا کی غرض سے ایسے کاروبار کو روا رکھا جا سکتا ہے، تاکہ انجمن کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ نہ صرف اپنے کاروبار کو نفع اور کفایت شعاری کے ساتھ انجام دے بلکہ اپنے افادے کو غیر ارکان پر بھی ظاہر کرے جس کی بنا پر وہ بھی اس میں شریک ہو جائیں۔

(۵) ہر جداگانہ مقصد کے لیے ایک جداگانہ انجمن۔ امداد باہمی کا حقیقی نصب العین اس بات کا متقاضی ہے کہ ہر مقصد کے لیے ایک جداگانہ انجمن ہو اور واقعہ یہ ہے کہ اس قسم کی تجویز بہت ہی اعلیٰ کاروباری اصول پر مبنی معلوم ہوتی ہے۔ اس بارے میں سب سے بڑا اعتراض اس بنا پر پیدا ہوتا ہے کہ گاؤں میں مختلف قسم کی انجمنوں کے انتظام کے لیے مناسب قسم کا عملہ کمیاب ہے۔ ایسی حالت میں مناسب طریقہ یہ ہے کہ قرضے کی انجمن ہی کو اس کی اجازت دی جائے کہ وہ اپنے اصل کاروبار کے علاوہ دوسرے کام بھی ذیلی طریقے پر انجام دے[1] کیلورٹ صاحب بتلاتے ہیں کہ بیویریا، سیکسنی، بلجیم، آسٹریا وغیرہ میں قرضے کی انجمن یا مقامی بنک، قرضے کے لین دین کے سوا دوسرے اور کئی کاروبار بھی کرتا ہے۔ جاپانی دیہی امداد باہمی کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ خرید و فروخت وغیرہ کے مختلف کام عام طور پر ایک ہی انجمن ملا کر انجام دیتی ہے اور وہی انجمن تقریباً ہر صورت میں قرضے کا لین دین بھی کرتی ہے[2] لیکن اس بارے میں ہندوستان کے کسی صوبے میں بھی اب تک کوئی قطعی قاعدہ یا طریقہ مقرر نہیں کیا گیا ہے۔ لیکن ترقی کا صحیح اصول ڈنارک پیش کرتا ہے، جہاں زراعت

[1] واس میں شک نہیں کہ کاروباری اغراض کے لیے مختلف انجمنوں کی موجودگی سہولت پیدا کرے گی، لیکن کسی چھوٹے گاؤں میں ان سب کا انتظام نہ صرف مشکل بلکہ یقیناً زیادہ بیش خرچ ہوگا واقعہ یہ ہے کہ سب کا اس رائے پر اتفاق ہے کہ چھوٹے گاؤں میں بنک کاری اور تجارت کو الگ رکھنا غیر ممکن ہے، (ڈارلنگ۔

[2] دیکھو کیلورٹ کی کتاب موسوم بہ "امداد باہمی کا قانون اور اصول" صفحہ ۱۹ تا صفحہ ۳۰۔

باب ۱۰

کی تنظیم بہ طریق امداد باہمی اعلیٰ درجے کی ترقی یافتہ ہے، اور جہاں انفرادی کسان اپنے گاؤں کی مختلف انجمنوں کا بہ یک وقت رکن ہوتا ہے۔ ایک دوسرے سے متناقص کاروبار کو ایک ساتھ ملا کر انجام دینے یا قرضے کی انجمنوں کی غیر محدود ذمہ داری کو ایسے معاملات میں جن کے لیے وہ کلیتہً نامناسب ہو جوکھم میں ڈالنے سے حتی الامکان باز رہنا ضروری ہے۔[1]

336 **۱۳۔ غیر قرضی زرعی تحریک**

ہندوستان میں غیر قرضی تحریک نے اپنے دونوں شعبوں، زرعی و غیر زرعی، میں جو ترقی کی ہے اس پر اب بحث کرنا نامناسب نہ ہوگا۔ غیر قرضی زرعی تحریک کی ضرورت نہایت شدید ہے، اس لیے کہ جیسا کہ ڈنمارک کی مثال سے ظاہر ہوتا ہے جس ملک میں ملکی کاشتکار ہوں وہاں زراعت صرف اس صورت میں ترقی کر سکتی ہے جب کہ اس کا کاروبار امداد باہمی کے اصول پر منظم ہو اور بیچ والوں کی خدمات کی ضرورت باقی نہ رکھی جائے تاکہ سب منافع کسانوں ہی کو مل سکے۔ موجودہ زمانے میں کسانوں کو خرید و فروخت کے معاملات میں ساہوکار (جو عام طور پر پنساری بھی ہوتا ہے اور تاجر بھی) اور دوسرے بیچ والے بھاری نقصان پہنچاتے ہیں۔[2] آلات کشاورزی، کھاد اور عمدہ تخم

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ (۳۷۵)۔

[2] "ہر کسان کسی حد تک خود ہی اصل دار و مزدور اور خود ہی خریدار و فروشندہ ہوتا ہے، اور اس کے علاوہ اس سے یہ بھی توقع کی جاتی ہے کہ وہ اعلیٰ درجے کے سائنٹفک طریقے پر زمین سے فائدہ حاصل کرے گا۔ وہ ان سب کاموں میں خصوصی مہارت بہم نہیں پہنچا سکتا، لیکن وہ دوسرے کسانوں سے اتحاد کر سکتا اور ہر شعبے میں ان کے مصارف اور تخصیص کے فوائد میں شرکت کر سکتا ہے۔ تجارت بیوپار، نقل و حمل اور کوٹھی کا کاروبار سب منظم ہیں اور تاوقتیکہ کسان بھی اپنے پیشے کی تنظیم نہ کرے اور اس طرح اپنی آیندہ بہبودی نگرانی نہ کرے یہ سب پیشے اس کی گاڑھی پسینے کی کمائی چھین لیجائیں گے وہ جن کو گوں سے معاملہ کرتا ہے ان کی سریع تنظیم ہی اس کو اپنے ہمسایوں سے منظم اتحاد قائم کرنے کی شدید ضرورت کو بہتر محسوس کرا رہی ہے۔" دیکھو کیلورٹ کی کتاب "سوم یہ" امداد باہمی کا قانون اور اصول" صفحہ ۵۰۔

باب ۱۰

کے تخم وا جبی قیمتوں پر حاصل کرنے کے لیے انجمن ہائے امداد باہمی کی ضرورت ہے' چنانچہ ان میں سے بعض کاموں کے متعلق انجمنیں قائم ہو چکی ہیں اور فروخت بہ امداد باہمی کی چند انجمنیں بھی کام کر رہی ہیں۔ لیکن اس کام میں توسیع کی اور بہت گنجائش باقی ہے اور اب تک جتنی ترقی ہوئی ہے اس کی رفتار سست رہی۔ رسد بہ امداد باہمی نے زیادہ ترقی نہیں کی ہے' اس لیے کہ کاروبار کا پیمانہ چھوٹا ہے' انتظام جیسا عمدہ ہونا چاہئے ویسا نہیں ہے' اور نگرانی کا عملہ بھی تعداد میں کافی نہیں ہے۔[1]

ہندوستان میں جو بعض دوسری قسموں کی غیر قرضی زرعی انجمنیں قائم ہوئی ہیں ان کے متعلق بھی یہاں کچھ کہنا نامناسب نہ ہوگا۔ امداد باہمی کے بیمے کا اصول اب تک صرف مویشیوں کے بیمے کی حد تک استعمال کیا گیا ہے؛ مزرعے کے مکانات' فصلوں اور گھاس کے انباروں کے بارے میں ابھی اس کا اطلاق نہیں کیا گیا ہے۔ کچھ سال ادھر تک مویشیوں کے بیمے کی انجمنوں کے متعلق یہ خیال کیا جا رہا تھا کہ ان کی ترقی نہایت اطمینان بخش تھی۔ لیکن برما کی امداد باہمی کی تحقیقاتی کمیٹی (۱۹۲۹ء) نے ایسی انجمنوں کی خاصی بڑی تعداد کا کام غیر اطمینان بخش پایا اور یہ خیال ظاہر کیا کہ ان کو معطل کرنا ضروری تھا۔ کامیابی کی راہ میں سب سے بڑی مزاحمتیں یہ ہیں:- گاؤں کی معاشری نظم و ترتیب کا بگاڑ' طاعون مویشی جیسے زہریلے اور متعدی امراض کا مویشیوں میں پھیلنا اور انتظامی و مالی مشکلات۔ لیکن ہمارے زرعی نظام میں امداد باہمی کے بیمے کی توسیع و ترقی کو مستقل نصب العین قرار دینا چاہئے۔ مویشیوں کی حالت کی اصلاح و ترقی اور ان کو قحط سے محفوظ رکھنے کے لیے افزائش نسل مویشیاں کی انجمنوں اور چارے کے معقول انتظام کا بھی سرسری ذکر کر دینا مناسب ہوگا۔ احاطہ بمبئی کی پہلی زرعی نمائش (۱۹۲۶ء) کے شعبۂ مویشی نے اس امر کو بخوبی ثابت کر دیا کہ 337

[1] دیکھو عمل انجمن ہائے امداد باہمی بمبئی کی سالانہ رپورٹ بابت ۱۹۲۸ء تا ۱۹۲۹ء فقرہ (۵۳)؛ نیز رپورٹ بابت ۱۹۲۵ء تا ۱۹۲۶ء فقرہ (۵۶)۔

باقی

اس قسم کی انجمنیں مفید کام انجام دے سکتی ہیں۔ باڑ قائم کرنے کی چند انجمنیں، خاص کر احاطۂ بمبئی کے جنوبی علاقے میں، بنائی گئی ہیں تاکہ فصلوں کو جنگلی خنزیر اور دوسرے موذی جانوروں کی دست برد سے محفوظ رکھا جا سکے۔ آب پاشی بہ امداد باہمی کی چند انجمنیں بھی قائم کی گئی ہیں، چنانچہ وہ خشک علاقوں میں، جہاں آب پاشی بذریعۂ نہر بیش خرچ یا ناممکن ہے، پانی کے مسئلے کا امید افزا حل پیش کرتی ہیں ایسی انجمنوں کو بنگال اور مدراس کے بعض علاقوں میں قابل لحاظ کامیابی ہوئی ہے۔ احاطۂ بمبئی میں اراضی کی اصلاح و ترقی کی آٹھ انجمنیں کام کر رہی ہیں۔

امداد باہمی کی تحریک کی ایک اور نمایاں شکل، جس کا ذکر کیا جا چکا ہے، وہ کام ہے جو پنجاب کے بعض دیہات میں کھیتوں کے اشتمال کے سلسلے میں انجام دیا جا رہا ہے۔ کاشت بہ امداد باہمی کے طریقے کو اب تک بہ مشکل ہاتھ لگایا گیا ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ کاشت کی اصلاح و ترقی کا کامیاب طریقہ اس بات کا متقاضی ہے کہ امداد باہمی کی بنیاد پر مشترکہ طور پر کاشت کی جائے جیسا کہ اٹلی میں ہو رہا ہے، خاص کر اس وقت تک جب تک کہ زرعی کھیت چھوٹے اور منتشر رہیں۔

صارفوں کی تحریک نے انگلستان میں تو نہایت نمایاں ترقی کی ہے لیکن ہندوستان میں خاص کر دیہی علاقوں میں اس کی ترقی بہت ہی محدود رہی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ دیہی برادری کی خانگی ضرورتیں محدود و مختصر ہیں جن کی تکمیل مقامی پیداوار یا دیہی بازاروں سے بآسانی ہو جاتی ہے، اور معیار زندگی اس قدر پست اور ادنیٰ ہے کہ اگر ہم دوسری انتظامی دشواریوں کو نظر انداز بھی کر دیں تو تقسیم بہ امداد باہمی کی بہ مشکل ضرورت و گنجایش ہے۔ امید کی جملک صرف اہل شہر کے عام طور پر آگے بڑھنے اور ان کے معیار زندگی کی اصلاح و ترقی میں دکھائی دیتی ہے۔ شیر خانے کی انجمنوں کے لیے بہت بڑی گنجایش موجود ہے تاکہ خالص دودھ واجبی قیمتوں پر خاص کر شہروں کو مہیا کیا جا سکے۔ چنانچہ ایسی کچھ انجمنیں ملک میں پائی جاتی ہیں لیکن ابھی ان کو بہت بڑی تعداد میں قائم کرنے کی ضرورت ہے۔

باب ۱۰

ہندوستان کی زراعت میں امداد باہمی کی تحریک کی ترقی ابھی اپنی ابتدائی حالت میں ہے، اور غیر قرضی زرعی امداد باہمی کے لیے انتہائی مفید کاموں کا بہت وسیع میدان موجود ہے، چنانچہ ڈنمارک اور یورپ کے بعض دوسرے ملکوں میں اس تحریک نے کسان کی حیثیت کو اس درجہ مستحکم بنا دیا ہے کہ وہ سرمایہ دار کسان سے مساوی شرائط پر مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔[1] جیسا کہ ڈاکٹر کلاوسٹن نے کہا ہے، "بمبئی کی روئی کی فروخت کی انجمنوں، بنگال کی آب پاشی اور دودھ کی انجمنوں، صوبۂ متوسط کی تخم اور دودھ کی پیداوار کی انجمنوں، اور پنجاب میں کھیتوں کے اشتمال، نہروں سے کیچڑ نکالنے اور پیداوار کی فروخت کی انجمنوں نے اس قدر عمدہ اور قابل قدر کام انجام دیا ہے کہ یہ توقع کرنے کی ہمت ہوتی ہے کہ اگر ضروری و مطلوبہ انتظامی عملہ دستیاب 338
ہو تو امداد باہمی رفتار زمانہ کے ساتھ کسان کو اس کی محنت و مشقت کا ثمر یقینی طور پر دلوانے میں ویسا ہی اہم حصہ لے گی جیسا کہ اس کو ارزاں اصل مہیا کرنے میں اس وقت لے رہی ہے۔"[2] اس غرض کے لیے کہ حکومت اس کام کی تکمیل میں زیادہ موثر طریقے پر مدد دے چند اصلاحیں ضروری ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ محکمۂ امداد باہمی اور محکمہ جات زراعت و علاج حیوانات میں زیادہ قریبی باہمی تعامل و تعاون ہونا چاہئے۔ سچ پوچھو تو امداد باہمی کی انجمنیں یہ امید دلاتی ہیں کہ وہ محکمہ جات زراعت و علاج حیوانات کے پروپگنڈا کے اغراض کے لیے بہترین ایجنسی ثابت ہوں گی۔ چنانچہ صرف غیر قرضی امداد باہمی کی توسیع و ترقی کے ذریعے ہی سے ماہرین زراعت و علاج حیوانات کی تعلیمات کو عوام تک پہنچایا جا سکتا ہے اور کسی سرکاری نظام کی انفرادی طور پر ان تک رسائی ناممکن ہے۔[3] بمبئی میں اس تحریک کا

---

[1] دیکھو اروِن کی کتاب "دو ہی یورپ کی زرکیب" صفحہ ۱۶۵۔

[2] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "ہندوستان کے زرعی کاروبار پر تبصرہ" (سنہ ۱۹۲۶ء تا سنہ ۱۹۲۷ء)۔

[3] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ ۳۸۶۔

باب ۱۰

آغاز ہو چکا ہے اور اس سلسلے میں علاقہ واری بورڈ قائم کئے گئے ہیں جو مددگار مسجل محکمۂ امداد باہمی، نائب ناظم محکمۂ زراعت اور چند دوسرے غیر سرکاری نمایندوں پر مشتمل ہے۔ ان کے کام کو انجام تک پہنچانے کے لیے خصوصی زرعی منتظم مقرر کئے گئے ہیں۔ دیہی رقبوں میں اصل کام انجمن ہائے ترقی تعلقہ Taluka Development Association انجام دیتی ہیں جن کی رجسٹری قانون انجمن ہائے امداد باہمی کے تحت ہوئی ہے۔ زرعی کمیشن اس بات کی مناسبت پر غور کرنے کا مشورہ دیتا ہے کہ ہر صوبے میں نائب ناظم محکمۂ زراعت کے گریڈ کا ایک خصوصی افسر مسجل کے تحت مقرر کیا جائے جو غیر قرضی انجمنوں میں اضافہ کرے، ان کو اصلاح و ترقی دے اور امداد باہمی کی تحریک کی تمام دوسری شکلوں کے امکانات کی تحقیقات کرے۔[1]

۱۴۔ غیر قرضی غیر زرعی انجمنیں

گو اس تحریک نے ابھی تک کافی قوت حاصل نہیں کی ہے، تاہم مختلف صوبوں میں وہ کسی حد تک ترقی کر چکی ہے۔[2] میک لے گن کمیٹی کی تحقیقات کے مطابق "جلاہوں کے لیے سوت اور ریشم، ٹوکری بنانے والوں کے لیے بید، نجاروں کے لیے لکڑی خریدنے مختلف صنعتوں اور حرفتوں کے لیے آلات اوزار اور بعض اوقات جدید وضع کے آلات مہیا کرنے اور ریشمی و سوتی پارچہ دریاں اور فرنیچر تیار اور فروخت کرنے کے انتظام کے سلسلے میں کامیاب کوششیں عمل میں لائی گئیں ہیں، تعمیر امکنہ کی انجمنیں قایم کی گئی ہیں، اور روزمرہ کی معمولی ضرورتوں کی اکثر اشیا کی خرید و فروخت کا کام امداد باہمی کے متعدد ذخائر کے ذریعے سے انجام دیا جا رہا ہے۔[3] اب غیر قرضی غیر زرعی نظامات کی مختلف قسموں پر بحث کرنا مناسب ہوگا۔ (۱) دستکاروں کی خرید و فروخت کی انجمنیں۔ ہماری گھریلو حرفتوں اور

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ ۳۸۸۔

[2] دیکھو جدول مندرجہ صفحہ ۴۹۹۔)

[3] دیکھو میک لے گن کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۰)۔

باب ۱۰

صنعتوں کی معاشی حالت کی اصلاح و ترقی کی غرض سے امداد باہمی کی بنیاد پر قرضہ اور دوسری ضرورتوں کی تنظیم جس طرح کسان کے لیے ضروری ہے اسی طرح دستکار کے لیے بھی ضروری ہے۔ دستی راجھ کی صنعت اس بات کا امید افزا امید ان پیش کرتی ہے کہ اشیائے خام کی تھوک خریداری، جدید وضع کے ترقی یافتہ کرگھوں اور آلات کے رواج اور صارفوں کے ہاتھ پارچے کی براہ راست فروخت جیسے مقاصد کے حاصل کرنے کے لیے امداد باہمی کے اصول پر تنظیم کی جائے مختلف مرکزوں میں امداد باہمی کی جو صنعتی نمائشیں منعقد کی گئیں وہ اس قسم کی امداد باہمی کی پیداوار کے مختلف انواع و اقسام کی اچھی مثال پیش کرتی ہیں۔ بمبئی میں پارچہ بافی بہ امداد باہمی کی اہمیت کو حکومت نے تسلیم کر لیا ہے، چنانچہ محکمۂ امداد باہمی کے زیر نگرانی حکومت پارچہ بافی کے چند مدرسے چلا رہی ہے۔ کفش سازوں، زرگروں، بید بافوں، فرنیچر سازوں اور مس گروں وغیرہ جیسے دستکاروں کے بارے میں خفیف سی ترقی ہوئی ہے۔ 339

(۲) غیر ماہر مزدوروں کی انجمنیں۔ مدراس کے اکثر علاقوں میں غیر ماہر مزدوروں کی انجمنیں پائی جاتی ہیں جو مٹی کے کام، سڑکوں کی مرمت وغیرہ کے بڑے بڑے ٹھیکے لیتی ہیں جن میں زیادہ تر غیر ماہر مزدور درکار ہوتے ہیں۔ ان میں ادنیٰ طبقے کے کسان بہ تعداد کثیر شامل ہوتے ہیں جن کو اپنی زرعی آمدنی کی کمی کو اس طرح پورا کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔ ان کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ بدانتظامی اور حقوق قائمہ یعنی خانگی ٹھیکہ داروں کی مخالفت ہے۔ اس طرح دوسری انجمنیں بھی ہیں جو سڑکیں بنانے کا کام مشترکہ طور پر انجام دیتی ہیں۔[1]

(۳) شہری علاقوں میں صارفوں کی انجمنیں۔ اس کا ذکر کیا جا چکا ہے کہ یہ تحریک دیہی رقبوں میں کتنی پسماندہ حالت میں ہے۔ شہری علاقوں میں

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ (روئداد شہادت) جلد سوم مسجل محکمۂ امداد باہمی مدراس کی شہادت، نیز مسجل کی سالانہ رپورٹ (۱۹۲۷ء تا ۱۹۲۸ء)، فقرہ (۸۲)۔

باب ۱۱

صورت حال اس سے کچھ ہی بہتر ہے۔ بمبئی، مدراس، صوبۂ متحدہ وغیرہ میں امداد باہمی کے چند ذخائر قائم کئے گئے ہیں۔ چنانچہ ٹربلی کین اسٹورز مدراس کو ایسے ذخائر میں سب سے زیادہ کامیاب خیال کیا جا سکتا ہے۔ صوبۂ متحدہ اور بمبئی میں کلیہ جات کے اقامت خانوں کے متعلقہ ذخائر بعض صورتوں میں نہایت قابل لحاظ کامیابی کے ساتھ چلائے جا رہے ہیں[1]۔ ریلوے ذخائر بھی بہت کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔ لیکن بحیثیت مجموعی نظر ڈالنے پر ہم اس واقعے سے دوچار ہوتے ہیں کہ یہاں صارفوں کی تحریک کی ترقی مغربی ممالک خاص کر انگلستان کی تحریک کی ترقی کے مقابلے میں نہایت حقیر ہے۔ یہاں کئی مشکلات ایسی ہیں جن پر غالب آنا ضروری ہے۔ جیسا کہ مسجل انجمنہائے امداد باہمی بمبئی کا بیان ہے "ارکان میں وفاشعاری کا فقدان، عمدہ کاروباری انتظام اور مناسب نگرانی کی کمی ہی صارفوں کی اکثر انجمنوں کی ناکامی کا اہم سبب ہے[2]" دوسری مشکلات یہ ہیں:- تھوک فروشی اور خوردہ فروشی کی قیمتوں کے درمیان قلیل فرق جو صارفوں کے لیے کافی جاذبیت نہیں رکھتا؛ مقررہ میعادی آمدنی پانے والوں کی ایک بڑی جماعت کی 340
عدم موجودگی؛ اور بعض صورتوں میں امداد باہمی کے حقیقی تحفظات مثلاً نقد فروخت اور صرف ارکان سے معاملت سے غفلت و بے اعتنائی وغیرہ۔ اس میں شک نہیں کہ مال تقسیم کرنے والے ذخائر شہروں میں متوسط طبقوں اور مزدور پیشہ جماعتوں کے فائدے کے لیے نہایت ضروری ہیں؛ لیکن

[1] مثلاً سڈن ہم کالج کوآپریٹو اسٹورز لمیٹڈ

[2] دیکھو مسجل کی سالانہ رپورٹیں (۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء و ۱۹۲۶ء تا ۱۹۲۷ء و ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء) نیز دیکھو بنگال کی بنک کاری کی صوبہ واری تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۷۹):- "شہری علاقوں کے ذخائر امداد باہمی تقریباً سب کے سب ناکامی سے دوچار ہیں۔ ان کے حسابات کا تصفیہ کر کے انھیں بند کر دینا چاہئے اور شہری یا دیہی علاقوں میں اس وقت تک نئے ذخائر قائم نہ کرنے چاہئیں جب تک کہ ارکان وفاشعاری اور امداد باہمی کے شوق کا بین ثبوت نہ پیش کریں۔"

اس کے باوجود بھارفوں کی تحریک ہندوستان میں امداد باہمی کی تنظیم کا سب سے کمزور حصہ ہے تاوقتیکہ لوگوں میں روپیہ باقاعدہ اور منظم طور پر خرچ کرنے کی عادات پیدا نہ ہوں اور وہ اشیا خریدتے وقت ان کی خوبی کو اچھی طرح جانچنے کے قابل نہ ہو جائیں ذخائر کی تحریک بمشکل سرسبز ہو سکتی ہے۔

۱۵۔ مکان بنانے کی انجمنیں۔ کارخانے کے شہروں کے تنگ و تاریک اور گندہ مکانات کے مسئلے کو حل کرنے اور صاف ستھرے مکان مہیا کرنے کے لیے انگلستان میں جو مختلف کوششیں کی گئیں ان میں انجمن ہائے تعمیر و اصلاح مکانات بہ امداد باہمی کا بہت ہی نمایاں حصہ ہے۔ انگلستان میں ان کی کامیابی نے ہندوستان کو بھی اس کی طرف متوجہ کرایا۔ بمبئی اور دوسرے شہری علاقوں میں اسی کے مماثل مسئلے کو حل کرنا ہے۔ اور یہ کام دیہات [illegible] کے علاوہ ہے۔ مدراس میسور اور حال میں بمبئی نے بعض شہروں میں تعمیر مکانات بہ امداد باہمی کی سمت قدم آگے بڑھایا جا چکا ہے۔ حکومت بمبئی نے مکانات بنانے کی مختلف قسم کی انجمنوں کو مالی مدد دینے کے متعلق جس کے لیے وہ آمادہ ہوگئی ہے چند قواعد حال ہی میں جاری کئے ہیں۔ بمبئی کے شہر میں انجمن مکان سازی بہ امداد (Bombay Co-operative Housing Asvociation) کے زیر سرپرستی اصلاح و تعمیر مکانات کی کئی انجمنیں زیادہ تر متوسط طبقہ کے فائدے کے لیے قائم و منظم کی گئی ہیں۔ چنانچہ ۱۹۲۳ء تا ۱۹۳۴ء میں اصلاحی مکان سازی کی انجمنوں کی تعداد ۱۹ اور ان کے ارکان کی مجموعی تعداد ۶۷۸۳ تھی۔

تعمیر و اصلاح مکان کی انجمنوں کی چار بڑی قسمیں قرار دی جا سکتی ہیں:۔ (۱) انجمن ہائے [illegible] اپنے ارکان کے لیے جس تعمیر ممکنہ کے خطے خریدتی ہیں اور ان پر ہر رکن اپنے طور پر الگ الگ مکان تعمیر کرتا ہے؛ (۲) انجمن ہائے قرضہ رفاہ باہمی جو امداد باہمی کی بنیاد پر مکان تعمیر کرتی ہیں لیکن آخری مقصد یہ ہوتا ہے کہ قرضہ ادا ہو جانے کے بعد مکان ارکان کی ملک

باب

بن جائیں۔ یہ دونوں قسمیں حقیقی امداد باہمی کی نوعیت اس لحاظ سے نہیں رکھتیں کہ ان کے کاروبار کا بہت ہی قلیل جزو ارکان کی اپنی امداد باہمی پر مبنی ہوتا ہے اور وہ بھی مستقل حیثیت نہیں رکھتا؛ یہ انجمنیں خوشحال طبقے کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے زیادہ موزوں ہیں۔ مندرجۂ ذیل قسمیں ادنیٰ طبقے کی ضرورت کو پورا کرنے کے لحاظ سے زیادہ موزوں ہیں:- (۱) آسامیوں کی اشتراک باہمی کی انجمنیں جو نہ صرف مشترکہ طور پر تعمیر کئے جاتے ہیں بلکہ مشترکہ ملکیت و انتظام میں رہتے ہیں اور جن کے لیے مطلوبہ رقم یا تو حصص کے ذریعے سے فراہم کی جاتی ہے جو ارکان خریدتے ہیں؛ اور دوسرے مشترک املاک کی ضمانت و کفالت پر بیرونی ذرائع سے قرضے حاصل کرکے فراہم کی جاتی ہے؛ (۲) مکان خریدنے اور کرایہ پر دینے کی انجمنیں، جو کارخانوں کے شہروں میں مزدوری کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے خاص طور پر موزوں ہیں، اس لیے کہ وہ اپنی ذاتی ملکیت کے طور پر مکان مہیا کرنا تو درکنار، مشترکہ طور پر بھی مکانات خرید یا تعمیر نہیں کر سکتا۔[1]

341

۱۶- مرکزی انجمنیں اور امداد باہمی کا مالیہ

ہم نے اب تک ابتدائی انجمنوں کی مختلف قسموں پر بحث کی؛ اب امداد باہمی کی ترقی یافتہ مرکزی شکلوں کا مختصر ذکر باقی رہ جاتا ہے جو مختلف قسموں کی ابتدائی انجمنوں کے مالیہ، نگرانی اور مالی امداد کی غرض سے قائم کی گئی ہیں۔ ہم تحریک کے اس پہلو پر مرکزی انجمنوں کی تین قسموں یعنی (۱) اتحادی انجمن (۲) مرکزی بنک اور (۳) صوبہ واری بنک کے حوالے سے غور کر سکتے ہیں۔ مندرجۂ ذیل اعداد و شمار سے ان تینوں قسموں کی انجمنوں کی ترقی کی وسعت

---

[1] دیکھو وی، ال مہتا اور وی سبیا کی کتاب محولۂ بالا، ص ۱۳۱ تا ص ۱۳۲۔

باب ۱۰

ظاہر ہوتی ہے:-

(۱) تجارتی انجمنیں

تجارتی انجمنوں کی تعداد	ملحقہ انجمنوں کی تعداد	ملحقہ انجمنوں کے ارکان کی تعداد	ملحقہ انجمنوں کا مجموعی کاروباری اصل
۸۷۸	۳۵۰۲۰	۱۴۵۱۶۹۶	۲۷۲۴۰۸۵۲۵

(۲) مرکزی بنک

بنک کی تعداد		ملحقہ انجمنوں کی تعداد	کاروباری اصل
		انجمنیں	
۶۲	۸۷۰۵۸	۸۹۲۹۲	۳۰۸۶۹۹۷۹۰

(۳) صوبہ دار بنک

۱۰	۱۹۹۳	۱۸۶۹۰	۱۱۰۱۰۵۶۲۱

(۱) انگلستان کی انجمن (Union) ہندوستان کے تقریباً [illegible] کے مرکزی ادارے موجود ہیں جن کی تعداد [illegible] تشفیص کی غرض سے مالگزاری کے

باب ۱۱

ضلع سے بھی بدرجہا چھوٹا رقبہ ہوتا ہے۔[1] یہ انجمنیں تین قسم کی ہوتی ہیں:-
(ا) ضمانتی انجمنیں، جیسے برما میں؛ (ب) نگرانی کرنے والی انجمنیں، جیسے مدراس اور بمبئی میں یا (ج) بنک کاری کی انجمنیں، جیسے پنجاب وغیرہ میں۔ ہر انجمن پانچ یا اس سے زیادہ سوسائٹیوں پر مشتمل ہوتی ہے جو انجمن کے صدر مقام سے زیادہ سے زیادہ ۵ تا ۸ میل کے دائرے کے
842 اندر واقع ہوتی ہیں۔ انجمن کا انتظام ایک کمیٹی کے ہاتھ میں ہوتا ہے جو مختلف رکن سوسائٹیوں کے نمائندوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ کمیٹی کے لیے ایک تنخواہ یاب معتمد ہوتا ہے اور ایک ذیلی کمیٹی بھی ہوتی ہے جو رکن سوسائٹیوں کے کاروبار کا معائنہ اور ان کے معاملات کی نگرانی کرتی ہے۔ اگر انجمن ضمانتی، انجمن بھی ہو تو کمیٹی مندرجہ ذیل کام بھی کرتی ہے۔ [illegible] یہ رقمی قرضوں کی مجموعی مقدار کا تعین کرتی ہے، اس مقدار کی حد تک قرضے دینے والے مرکزی بنک سے۔ ہاں ان کی سفارش کرتی ہے اور بعض شرائط کے تحت ان رکن سوسائٹیوں کے قرضوں کے بارے میں بنک کے پاس اپنی ضمانت بھی پیش کرتی ہے۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان سفارشوں کو مرکزی بنک معتبر خیال کر سکتے ہیں، اس لیے کہ ابتدائی انجمنیں بنک میں حصہ دار بھی ہوتی ہیں۔ یہ خیال کیا گیا تھا کہ ثمادی انجمنیں نہ صرف رکن انجمنوں کے کاروبار کی نگرانی میں مفید ثابت ہوں گی بلکہ نگرانی انجمنوں اور قرضہ دینے والے مرکزی اداروں کو جوڑنے والی کڑی ہونے کی حیثیت سے بھی کارآمد ہوں گی، اگرچہ وہ خود قرضے کا لین دین نہیں کریں گی۔ میگ لے گن کمیٹی پرزور طریقے پر یہ سفارش کرتی ہے کہ جہاں ابتدائی انجمنیں اور مرکزی بنک قائم ہوں وہاں ایک ضمانتی انجمن بھی قائم کی جائے۔ کمیٹی مذکور یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ جہاں ابتدائی انجمنوں سے براہ راست معاملہ کرنے والا صرف ایک ہی صوبہ واری بنک ہو وہاں ایک ضمانتی

[1] دیکھو دی، ال مہتا اور وی سیا کی کتاب محولہ بالا ص ۷۶۔

انجمن کا ہونا ناگزیر ہے۔ بمبئی میں جو ضمانتی انجمنیں کھولی گئیں وہ کامیاب ثابت نہیں ہوئیں، جس کی وجہ ایک تو یہ تھی کہ اکثر صورتوں میں نام نہاد 'ضمانت' نمائشی اور برائے نام تھی، اور دوسرے یہ کہ فنڈ محدود ہونے کی وجہ سے کوئی قابل نگرانی کرنے والا ملازم نہیں رکھا جا سکتا تھا۔ بمبئی کا کام عام طور پر بے قاعدہ اور خراب رہا۔[1] اس لحاظ سے یہ تصفیہ کیا گیا کہ صرف نگرانی کرنے والی اتحادی انجمنوں کی ہمت افزائی کی جائے جیسا کہ مدراس میں کیا گیا جہاں ان کا کاروباری حلقہ وسیع ہے اور اس لحاظ سے ان کی مالی حالت عہدہ نگرانی کی ضامن ہے۔ برما میں ضمانتی انجمنوں کو حال حال تک اس قسم کی تنظیم کی نہایت کامیاب مثال کے طور پر پیش کیا جاتا تھا اور برما کی تحریک امداد باہمی کی روح رواں خیال کیا جاتا تھا۔ لیکن اب یہ تسلیم کر لیا گیا ہے کہ یہ خیال غلط تھا، حتیٰ کہ برما کی امداد باہمی کی تحقیقاتی کمیٹی (۱۹۲۸ء تا ۱۹۲۹ء) یہ خیال کرتی ہے کہ زیادہ تر یہی ضمانتی انجمنیں اس صوبے کی تحریک کے نقائص کی ذمہ دار ہیں، اور یہ سفارش کرتی ہے کہ انجمن کی ضمانت کو حتی الامکان جلد منسوخ کر دیا جائے اور اتحادی انجمن کے نظام کی جدید تنظیم کی جائے تاکہ انجمن کی حیثیت محض نگران کار اور تربیتی جماعت کی رہے۔[2]

ابھی اس بارے میں کوئی قطعی رائے ظاہر کرنا قبل از وقت ہے کہ نگران کار انجمنیں نگرانی کرنے والی انجمنوں کی حیثیت سے مفید ثابت ہوئی ہیں۔ بمبئی میں تامس تنظیمی کمیٹی (۱۹۳۲ء) نے مخالفانہ رائے ظاہر کی اور یہ سفارش کی کہ ان کو توڑ دیا جائے اور ان کو شعبہ واری تنقیح سازوں کے جو فرائض سپرد کئے گئے تھے لے لیے جائیں۔ ممکن ہے کہ نگرانی کا کام غیر سرکاری ایجنسی سے سرکاری ایجنسی کو منتقل کرنے کا یہ رجعت پسندانہ مشورہ حکومت بمبئی قبول 348

[1] دیکھو اس مسئلے کی مفصل بحث کے لیے بمبئی کے مسجل کی سالانہ رپورٹ ۱۹۲۱ء تا ۱۹۲۲ء۔ ص ۹؛ نرہتا کی کتاب محولۂ بالا ص ۷۷ تا ص ۔

[2] دیکھو برما کی امداد باہمی کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۱ تا ۵۴)۔

باب ۱۰

نہ کرے، اس لیے کہ وہ تو نگران کار انجمنوں کے نظام کو تقویت پہنچانے کے مسئلے پر غور کر رہی ہے، چنانچہ وہ اس بات پر اصرار کر رہی ہے کہ بہتر قابلیت کے ناظر مقرر کئے جائیں اور نگرانی کے لیے ضلع واری بورڈ قائم کئے جائیں تاکہ اتحادی انجمنیں مناسب اور بہتر طریق پر کام کریں[1] مرکزی بنکوں کے مقرر کردہ انسپکٹر بھی نگرانی کے کام میں مدد دیتے ہیں۔

(۲) مرکزی بنک — امداد باہمی کے مرکزی بنک عام طور پر کوٹھی کا کاروبار کرنے والی بڑی ایجنسی ہوتے ہیں جو ہندوستان جیسے ملک کے لیے ضروری ہیں، اس لیے کہ یہاں ابتدائی انجمنوں کے مقامی طور پر فراہم کردہ سرمائے کی مقدار کم ہونے کی وجہ سے اس کمی کو زیادہ تر بیرونی اور دور افتادہ زر کے بازاروں سے زر حاصل کر کے پورا کرنا پڑتا ہے[2] اسی وجہ سے اس بات کی ضرورت پیدا ہوتی ہے کہ فوقانی وفاق قائم کئے جائیں جو یکے بعد دیگرے ابتدائی انجمنوں کا تعلق نہایت دور افتادہ شہروں سے قائم کریں اور ان شہروں کے مالی ذرائع سے انجمنوں کے لیے کاروباری اصل مہیا کریں۔ امداد باہمی کے کوٹھی کے کاروبار کا ایسا خصوصی نظام اولاً اس لیے ضروری ہے کہ دیہی مالیہ اس بات کا طالب ہے کہ سرمایہ کثیر مقدار میں اور طویل مدت کے لیے مہیا کیا جائے اور دوسرے اس وجہ سے ضروری ہے کہ معمولی مشترک سرمایہ کے بنکوں کو جو اپنا کاروبار صرف اہم شہروں میں چلاتے ہیں، اس بات کی ترغیب نہیں دی جا سکتی کہ دور افتادہ دیہی انجمنوں کو قرضہ دیں، اس لیے کہ

---

[1] دیکھو نگرانی کی کمیٹی کی رپورٹ (۱۹۳۷ء) اور انڈین ایر بک (۱۹۳۸ء) صفحہ ۲۹۲۔

[2] "زر کے بہاؤ کا رخ صوبہ واری بنک سے مرکزی بنک کی طرف، مرکزی بنک سے دیہی انجمنوں کی طرف اور دیہی انجمنوں سے انفرادی قرض گیرندوں کی طرف ہوتا ہے۔ ترتیب تقسیم کے اس طریق کی تہ میں یہ خیال مضمر ہے کہ انجمن کے ذرائع کو ہر ایک چھوٹے کاشتکار کے لیے قابل حصول بنایا جائے جن کو قرضے کی ضرورت ہو" دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۵۸)۔

باب

خواہ بنک طویل مدت کے لیے قرضے دینے کے قابل ہی کیوں نہ ہوں اصل بات یہ ہے کہ وہ ان انجمنوں کے حالات سے ذرا بھی واقف نہیں ہوتے، اور دوسرے یہ کہ بنک عام طور پر طویل مدت کا قرضہ دے بھی نہیں سکتے۔ اس لحاظ سے میک لے گن کمیٹی یہ سفارش کرتی ہے کہ ہر ضلع میں ایک مرکزی بنک قائم کیا جائے۔

مرکزی بنک، اپنے تحت کی ابتدائی انجمنوں کے کاروباری اصل کی کثرت و قلت میں توازن پیدا کرنے والے مرکز کا کام انجام دیتا ہے۔ وہ ابتدائی انجمنوں کے مطلوبہ زائد اصل کی فراہمی کا انتظام کرتا ہے اور انھیں یا تو براہ راست یا "ضمانتی" انجمنوں کی وساطت سے جہاں کہیں وہ موجود ہوں، قرضے کی رقم مہیا کرتا ہے۔ بعض صورتوں میں مرکزی بنک، انجمنوں کی نگرانی و تنظیم کا کام بھی انجام دے سکتا ہے، خاص کر اگر، جیسا کہ عام طور پر ہوتا ہے، یہ انجمنیں اس کی حصہ دار ہوں۔ لیکن مرکزی بنک لازمی طور پر کوٹھی کا کاروبار کرنے والا ادارہ ہوتا ہے۔ اس کے کاروبار کا دائرہ عام طور پر پورے ایک ضلع کے انتظامی رقبے پر پھیلا ہوا ہوتا ہے، اگرچہ ممکن ہے کہ وہ کبھی ایک بڑے تعلقے یا ایک چھوٹے صوبے میں تنہا کام کرے۔ اگر کاروباری رقبہ بہت چھوٹا ہو تو اس سے انتظامی مصارف میں ناواجب اضافہ ہو جاتا ہے، اس کے برخلاف اگر کاروبار کا دائرہ بہت بڑا ہو تو اس کی وجہ سے نگرانی میں خرابی پیدا ہوتی ہے۔ بہرصورت افراط و تفریط سے بچ کر اعتدال کے راستے پر چلنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

844 مرکزی بنک اپنی ترکیب کے اعتبار سے تین قسم کے ہیں:— (۱) اصلدار، (۲) مخلوط اور (۳) خالص[1]۔ اصلدار مرکزی بنک، انفرادی حصہ داروں کے زیر تسلط ہوتے ہیں۔ ان کی حیثیت معمولی مشترک سرمایے کے بنکوں کی ہوتی ہے اور حقیقی امداد باہمی کی خصوصیت سے وہ معرا ہوتے ہیں۔

[1] دیکھو دی "ال ہتا اور دی سبیا کی کتاب موئہ بالا صفحہ ۱۳۰۔

باب ۱

لیکن ممکن ہے کہ کچھ مدت تک ان کا وجود ضروری ہو تاکہ اگر اصل دوسرے طریقوں سے مہیا نہ کیا جا سکتا ہو تو وہ انجمنوں کو حسب ضرورت اصل فراہم کر سکیں۔

مخلوط مرکزی بنک، افراد اور انجمنوں پر مشترکہ طور پر مشتمل ہوتے ہیں اور انجمنوں کو نہ صرف حصص کے اصل کے بارے میں خاص سہولتیں مہیا کرتے ہیں بلکہ مجلس انتظامی میں نمایندگی کا حق بھی عطا کرتے ہیں۔ اس قسم کے بنک اس لحاظ سے قابل قبول ہیں کہ وہ ایسے زینے کا کام دیتے ہیں جو ایک مثالی وفاقی طرز کے بنک یعنی خالص مرکزی بنک کے قیام کی طرف لے جاتا ہے جو صرف انجمنوں پر مشتمل ہو۔ مخلوط مرکزی بنک ایک طرف خوش حال ماہر کاروباری اشخاص اور متوسط طبقے کے ارکان کی مدد و مشورے سے استفادہ کرتا ہے تو دوسری طرف انجمنوں کے مفاد و اغراض کی حفاظت کرتا ہے اور خود ایسے مثالی طرز کے خالص مرکزی بنک میں تبدیل ہو سکتا ہے جس میں انفرادی ارکان کلیۃً غائب ہوتے ہیں۔ مخلوط قسم کا بنک ہندوستان کے موجودہ حالات میں نہایت موزوں ہے اور اس کو تقریباً سب صوبوں میں پسند کیا گیا ہے۔ مثالی وفاقی طرز کا بنک، اگرچہ نظری اعتبار سے بہترین ہے۔ لیکن اس کی راہ میں بعض مشکلات حائل ہیں، یعنی مطلوبہ کاروباری قابلیت بہم پہنچانے کے بارے میں وہ سراسر اپنے ہی پر انحصار کرنے کے ناقابل ہوتا ہے، اور متوسط طبقے کی دلچسپی حاصل کرنے اور اس لحاظ سے ابتدائی انجمنوں کی مالی مدد کی غرض سے کافی ذرائع مہیا کرنے سے قاصر ہوتا ہے۔ بنگال اور پنجاب جیسے بعض صوبوں میں خالص وفاقی مرکزی بنکوں (بنک کار انجمنوں) کی تعداد ترقی پذیر ہے۔

کاروباری اصل کے ذرائع کی حد تک اگرچہ حصص کا اصل ایک اہم مد ہے، لیکن مرکزی بنک اور صوبہ داری بنک دونوں کی حد تک کاروباری اصل کا بڑا حصہ افراد اور انجمنوں کی جمع کردہ امانتوں پر مشتمل ہوتا ہے،

باب ۱۰

جیسا کہ ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء کے اعداد و شمار سے معلوم ہوگا۔[1]

کاروباری اصل کے اجزائے ترکیبی	مرکزی بنک	صوبہ واری بنک
حصص کا اصل	۲۸۹۹۴۰۳۰	۶۷۷۵۳۶۸
مختلف ذرائع سے حاصل کردہ قرضے اور امانتیں		
انجمنیں	۳۱۴۱۵۱۶۰	۶۴۳۴۰۸۰
صوبہ واری یا مرکزی بنک	۲۹۷۷۸۰۶۵	۳۹۷۳۱۳۶۷
حکومت	۴۸۹۳۲۸۰	۱۱۲۱۵۵۰
افراد و دیگر ذرائع	۱۸۴۳۱۲۶۳۳	۴۹۷۹۲۴۹۵
سرمایہ محفوظ اور دیگر فنڈ	۲۹۳۱۰۶۲۹	۶۲۵۰۷۶۱
میزان	۳۰۸۷۰۹۷۹۷	۱۱۰۱۰۵۶۲۱

345 اس سبب سے نہ صرف کافی مقدار میں نقد ذخیرہ یا سیال ذرائع رکھنا ضروری ہے، جس پر میک لے گن کمیٹی خاص طور پر اور جیسا کہ اکثر لوگ خیال کرتے ہیں مبالغہ آمیز طریقے پر زور دیتی ہے[2] بلکہ طویل مدت کی امانتیں کافی

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستان کی تحریک امداد باہمی کے متعلق اعدادی بیانات (۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء)" صفحہ ۱۰ تا ۱۱۔

[2] میک لے گن کمیٹی یہ سفارش کرتی ہے کہ مرکزی بنک میں مدراس اور سیونگ کی امانتوں کے مقابلے میں تقریباً مساوی مقدار میں سرمایہ محفوظ ہر وقت مہیا رکھا جائے، اور اس سے قطع نظر کرتے ہوئے مستقل امانت کی مجموعی رقم کی نصف مقدار سیال اثاثہ کی شکل میں بھی رکھی جائے۔ صوبہ واری بنکوں

باب ۱۰

مقدار میں جمع کرنے کی ترغیب دینا بھی ضروری ہے۔ مرکزی بنکوں کو چاہئے کہ ابتدائی انجمنوں کو قرضہ دینے کا اس طریقے پر انتظام کریں کہ مدت معینہ کے ختم پر امانتوں کو واپس کرنے کے لیے قرضے کی رقم واپس مل سکے۔ بنکوں کے کاروبار کو انجکدار بنانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ نقدی اعتبار اور بنکوں کے امداد باہمی کے کاغذ پر بٹہ کاٹنے کی سہولتیں مہیا کی جائیں۔ یہ بحث ہمیں صوبہ واری امداد باہمی کے بنکوں کی نوعیت اور ان کے افادے کی بحث پر پہنچاتی ہے۔

(۳) صوبہ واری امداد باہمی کے بنک۔ مرکزی بنکوں کو اپنا کاروبار مناسب طریقے پر انجام دینے کے قابل بنانے کے لیے ایک صوبہ واری مرکزی بنک کی مدد کی ضرورت ہے تاکہ وہ ان کے کاروبار کی تنظیم و نگرانی کرے، ان کے کاروباری اصل کی کثرت و قلت میں توازن پیدا کرنے والے حساب گھر کا کام دے، اور صوبے کے مالی مرکز کی حیثیت سے کام کرے۔ وہ مرکزی بنکوں کو نقدی اعتبار اور بٹہ کاٹنے کی سہولتیں بھی بہم پہنچائے گا جیسا کہ اوپر ذکر کیا جا چکا ہے۔ مشترک سرمایے کے بنکوں پر اس بارے میں اس لیے انحصار نہیں کیا جا سکتا کہ وہ پیش کردہ خاص ضمانت قبول نہیں کر سکتے

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ کے لیے اس مجموعی مقدار کے ایک ثلث کا تناسب قائم رکھنا کافی خیال کیا گیا ہے۔ اس کی وجہ سے قرضہ دینے کی شرحیں بہت اعلیٰ ہو جائیں گی جس کے باعث چھوٹے قرض گیرندے کے لیے امداد باہمی اپنی اصل دلچسپی و دلکشی کھو دے گی۔ علاوہ ازیں شدت کے ساتھ یکساں طریقہ نافذ کرنے سے بنکوں کے لیے اس کا موقع باقی نہ رہے گا کہ بازار کی ضرورت کے مطابق اپنے حسب صوابدید کارروائی کریں۔ اس سے زیادہ قابل عمل تجویز وہ معلوم ہوتی ہے جو وقیع تجارتی بنکوں نے اختیار کی ہے جس کی بنا پر ملکی اصل کے مقابلے میں واجبات کی مقدار کی حد آٹھ گونہ زیادہ مقرر کی جاتی ہے۔ مختلف صوبوں میں جہاں محدود ذمہ داری والی انجمنیں کافی مقدار میں امانتیں جمع نہیں کر سکتیں، ملکی اصل کے مقابلے میں آٹھ تا بارہ گونہ زیادہ واجبات کی انتہائی حد مقرر کی گئی ہے۔ دیکھو میک لے گن گھٹی کی رپورٹ، فقرہ ۱۷؛ نیز مہتا کی کتاب مطبوعہ ۱۹۱۵ء صفحہ ۱۳۲۔

انسائیکلوپیڈیا

صوبہ واری بنک، ایک طرف عام زر کے بازار اور شہر کے مشترک سرمایے کے بنکوں اور دوسری جانب ابتدائی دیہی انجمنوں کو ملانے والی کڑی کا مفید کام بھی انجام دیتا ہے۔ اس سلسلے میں بنگال کی ایک دلچسپ تحریک کا ذکر کرنا نامناسب نہ ہوگا اور وہ یہ ہے کہ صوبے واری بنک میں امداد باہمی کی انجمنوں کا جو زائد از ضرورت زر جمع ہوتا ہے اس کو زرعی کساد بازاری کے زمانے میں بیرونی تجارت اور کاروبار کی ضرورتوں کی تکمیل کے لیے مشترک سرمائے کے بنکوں کی وساطت سے لگایا جاتا ہے جس سے فریقین کو فائدہ ہوتا ہے۔

صوبہ واری صدر مرکزی بنکوں کو ابتدائی انجمنوں سے براہ راست معاملہ نہ کرنا چاہیئے، بلکہ انھیں، مرکزی بنکوں کی مالی مدد کرنے والی ایجنسی اور ان کے کاروباری اصل کی قلت و کثرت میں توازن پیدا کرنے والے مرکز کے طور پر اپنی حیثیت کو منظم و مستحکم کرنا چاہیئے[1] لیکن اس بارے میں طریق کار یکساں نہیں ہے۔ بعض صوبوں میں صدر مرکزی بنک، ابتدائی انجمنوں سے معاملہ ہی نہیں کرتے، لیکن بہار، اوڑیسہ، بمبئی، برما اور میسور جیسے بعض صوبوں میں وہ 846
ابتدائی انجمنوں کی مالی مدد ان علاقوں میں برابر کرتے ہیں جہاں مرکزی بنک قائم نہیں ہوئے ہیں۔ بمبئی کے صوبے واری بنک کی ۳۰ شاخیں ہیں اور یہ سب صرف ان چند اضلاع میں ہیں جن میں کوئی مقامی بنک نہیں ہے یا ان اضلاع کے حصوں میں ہیں جہاں مقامی بنکوں نے کسی نہ کسی سبب سے اپنا کاروبار وسیع نہیں کیا[2]۔

جہاں تک صوبہ واری بنک کے دستور کا تعلق ہے، اس پر انھی امور کا اطلاق ہوتا ہے جو کہ مرکزی بنک پر صادق آتے ہیں۔ ممکن ہے کہ کچھ عرصے تک سرمایہ دار صوبے واری بنک ہی وہ تنہا مرکز رہے جو مرکزی بنکوں اور ابتدائی انجمنوں کے کاروباری اصل کی کمی کو پورا کرنے کی غرض سے کافی فنڈ

---

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۵۹)۔
[2] دیکھو "انڈین اسٹیٹ بک" بابت ۱۹۳۵ء صفحہ ۳۹۔

مہیا کرے اور ضروری کاروباری معلومات کی فراہمی کا یقین دلائے۔ لیکن آخر کار اس بات کی کوشش کرنی چاہئے کہ ملحقہ ادارہ ہائے امداد باہمی کو رایوں کی کثرت حاصل ہو۔

"صوبہ واری صدر مرکزی بنک" کم و بیش اسی اصول پر مدراس بمبئی، بنگال، بہار و اڑیسہ، پنجاب، برما، صوبۂ متوسط و برار، آسام اور دو ہندوستانی ریاستوں یعنی میسور اور حیدر آباد میں قائم ہوگئے ہیں۔ ان کے منجملہ بمبئی کا صوبہ واری بنک، جو ۱۹۱۱ء میں مرکزی بنک کی حیثیت سے قائم کیا گیا، متفقہ طور پر بہترین تسلیم کیا گیا ہے اور مختلف قسموں کا کاروبار کرتا ہے۔ چنانچہ "امداد باہمی کی تحریک یا ترقی کی کوئی شاخ ایسی نہیں ہے، خواہ مالیے کے متعلق ہو یا پروپگنڈا یا نگرانی کے متعلق، جس میں وہ حصہ نہ لیتا ہو۔"[۳]

کاروباری اصل، نقد ذخیرۂ محفوظ کی ضرورت اور دوسری سہولتوں مثلاً نقدی اعتبار اور صوبہ واری بنک کی طرف سے پوری دلچسپی کئے ہوئے امداد باہمی کے کاغذ پر دوبارہ بٹہ کٹائی کی حد تک، وہی امور صادق آتے ہیں جو کہ مرکزی بنک کی صورت میں۔ اب جب کہ (اپریل ۱۹۳۵ء) میں رزرو بنک آف انڈیا قائم ہو گیا ہے تو یہ مکرر بٹہ کاٹنے اور قرضے کی سہولتوں کو صوبہ واری امداد باہمی کے بنکوں تک وسیع کرے گا۔[۴]

(۴) آل انڈیا کوآپریٹو بنک۔ بیک لے گن کمیٹی نے یہ سفارش

۱؎ برما کا بنک دیوالیہ ہو گیا ہے۔

۲؎ یو۔پی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی نے یو۔پی کے لیے اسی قسم کے بنک کی تجویز پیش کی ہے (دیکھو رپورٹ، فقرہ ۳۰۸) بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی نے اس تجویز کی پرزور تائید کی ہے (دیکھو رپورٹ، فقرہ ۱۵۸)

۳؎ دیکھو مسٹر محکمۂ امداد باہمی بمبئی کی رپورٹ بابت ۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء)

۴؎ دیکھو جلد دوم کتاب ہذا باب متعلقہ "بنک کاری"۔

ہے کہ مذکورہ بالا تمام اقسام کے مالی اداروں کے علاوہ ایک کل ہند صدر بنک امداد باہمی قائم کیا جائے تاکہ وہ صوبہ واری بنکوں کی اسی طرح مدد کرے جس طرح موخر الذکر ایک محدود حلقے میں مرکزی بنکوں کی مدد کرتے ہیں۔[1]

347 میک لے گن کمیٹی کی رپورٹ پیش ہونے کے بعد سے ایک کل ہند صدر بنک قائم کرنے کی ضرورت یا مناسبت کے بارے میں خیالات میں بہت بڑی تبدیلی ہو گئی ہے۔ صورت حال میں تبدیلی پیدا کرنے والے عامل یہ ہیں:- (۱) صوبہ واری بنکوں میں زائد از ضرورت زر کثیر مقدار میں بے کار پڑا ہوا ہے، چنانچہ ان میں سے اکثروں میں سیال ذرائع کے اس اعلیٰ معیار سے بھی زیادہ مقدار موجود ہے جس کو برقرار رکھنے کا ۱۹۱۵ء کی کمیٹی نے مشورہ دیا تھا، (۲) مالی مدد کا یقین، چنانچہ ان میں سے اکثر بنک امپیریل بنک آف انڈیا[2] یا دوسرے

---

[1] کمیٹی کی اس سفارش کے اسباب مختصراً حسب ذیل بیان کئے جا سکتے ہیں:- موجودہ زمانے میں ہندستان میں کوئی ایسا بنک نہیں ہے جو امداد باہمی کے بنکوں کو کمرر بٹہ کاٹنے کی سہولتیں بہم پہنچائے اور اس طرح ان کے لیے بیرونی ذرائع کا نوع پیدا کرے جس کے بغیر اس تحریک کی موجودہ ثبات پذیری اور تدریجی ترقی مشکل معلوم ہوتی ہے۔ تجارتی بنک اس کام کو رضا کارانہ طور پر انجام نہیں دیں گے، اور اگر ایسا کوئی انتظام پریزیڈنسی بنکوں سے (جواب امپیریل بنک آف انڈیا کے مقامی صدر دفاتر ہیں) طے نہیں کیا جا سکتا جس کی رو سے وہ امداد باہمی اور زراعت کے کاغذ پر کمرر بٹہ کاٹنے کا فرض انجام دیں تو اس مسئلے کا واحد قابل حل یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک سرکاری صدر مرکزی بنک امداد باہمی قائم کیا جائے (دیکھو رپورٹ فقرہ ۲۱۹ تا ۲۲۰)۔

[2] ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بعض صوبہ واری مرکزی بنکوں کو مالی مدد دینے کے بارے میں امپیریل بنک آف انڈیا کی پالیسی بدقسمتی سے حال میں واضح طور پر تبدیل ہو گئی ہے اور بیان کیا جاتا ہے کہ یہ بنک آج کل ان کی مدد کرنے کے لیے ویسی آمادگی ظاہر نہیں کرتا جیسی کہ سابق میں کرتا تھا۔ یہ بات خاص طور پر بمبئی پراونشل کوآپریٹیو بنک کے بارے میں صادق آتی ہے۔ بنک کاری کی مرکزی کمیٹی نے اس امر کی اہمیت پر زور دیا ہے کہ امداد باہمی کی مناسب دستاویز امپیریل بنک آف انڈیا کی طرف سے نقدی اعتبار اور ڈرافٹ (زائد حوالے) کی سہولتیں کشادہ دلی کے ساتھ بہم پہنچائی جائیں،

باب ۱۰

بنکوں سے قرضہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں؛ (۳) یہ واقعہ کہ موجودہ زمانے میں امداد باہمی ایک شعبہ منتقلہ یا مفوضہ ہے، اور سب صوبے کامل آزادی کو برقرار رکھنے کے لیے بے قرار ہیں تاکہ اپنے خاص اسلوب پر ترقی کریں اور کوئی بھی اس کو پسند نہیں کرتا کہ کل ہند صدر بنک کی طرح کا کوئی بیرونی ادارہ ان کو بندشوں میں جکڑے؛ اور آخر میں (۴) قرض کے باہمی لین دین کا مفید طریقہ جو ملا تحریک غیر رونما ہوا اور جس کو مختلف صوبہ واری بنکوں نے ترقی دی[1]۔ علاوہ ازیں اب جب کہ رزرو بنک آف انڈیا قائم ہو گیا ہے، صوبہ واری بنکوں کے لیے صدر مرکزی بنک کی ضرورت باقی نہ رہے گی، اس لیے کہ رزرو بنک ہی مکرر بٹہ کاٹنے اور قرضہ دینے کی سہولتیں صوبہ واری بنکوں کو مہیا کرے گا۔ موجودہ زمانے میں صدر مرکزی (امداد باہمی) بنک کی کوئی ضرورت نہیں ہے[2]۔

۱۷۔ حکومت کا تعلق امداد باہمی کی تحریک سے

یہ بات متفقہ طور پر تسلیم کر لی گئی ہے کہ امداد باہمی کی تحریک معاشرتی تنظیم و احیاء کا ایک طاقتور آلہ ہے، لہٰذا حکومت کا یہ فرض ہونا چاہئے کہ اس کی ہمدرد اور خیر خواہ رہے اور نیک صلاح و مشورے کے ساتھ اس کی بہترین طریقے پر خدمت اور رہنمائی کرے۔ ہو سکتا ہے کہ نیک منش سرکاری مداخلت و امداد، کامل سہارے کی شکل اختیار کرے جو ایک قابل اعتراض چیز ہے،

مندرجہ حاشیہ صفحہ گزشتہ:۔ ہم بھی اس کی پوری پوری تائید کرتے ہیں۔ دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۱۷۹)؛ نیز مسجل انجمن ہائے امداد باہمی کی سالانہ رپورٹ ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء، صفحہ ۴۵۔

[1] دیکھو مہتا کی محولہ بالا کتاب صفحہ ۱۶۶ تا ۱۷۰۔

[2] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۱۵۸)۔

باب ۱۰

اس لیے کہ وہ امداد باہمی کے اس اساسی اصول کے سراسر خلاف ہے کہ لوگوں کو چاہئے کہ اپنی نجات اپنی ذاتی جدوجہد سے حاصل کریں۔ دوسری طرف یہ ممکن ہے کہ غیر ضروری مداخلت کی خرابیوں کے خوف کی بنا پر حکومت انتہائی عدم مداخلت کی ایسی پالیسی اختیار کرے جو سنگ دلانہ تغافل و بے پروائی کی حد تک پہنچ جائے۔ لیکن اعلیٰ تدبر و سیاست دانی کا تقاضا یہ ہے کہ اس افراط و تفریط سے بچ کر اعتدال کے راستے پر قدم رکھا جائے اور ان دونوں اچھائیوں میں سے کسی پر بھی اس قدر شدت کے ساتھ عمل نہ کیا جائے کہ وہ خرابی میں تبدیل ہو جائے۔ 848

ہندوستان میں عوام کی عام جہالت، حکومتی مداخلت کے دیرینہ روایات اور دیہی قرضداری کے مسئلے کی نزاکت کے باعث حکومت نے امداد باہمی کی تحریک پھیلانے میں شد و مد کے ساتھ پیش قدمی کی جو بالکل حق بجانب تھی۔ اسی طرح اس کا یہ فعل بھی بجا تھا کہ وہ مالی حیثیت سے کامل سہارا دینے کی پالیسی سے محترز رہی، اس لیے کہ یہ پالیسی جیسا کہ فرانس کے تجربے سے ثابت ہوا، فائدے سے زیادہ نقصان پہنچاتی ہے۔ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی اس سفارش کی ہم پوری پوری تائید کرتے ہیں کہ عام ٹکس ادا کرنے والوں کے مفاد کے مدنظر اور خود امداد باہمی میں حصہ لینے والوں میں خود اعتمادی اور اپنی مدد آپ کرنے کی ہمت افزائی کرنے کی خاطر سرکاری امداد عارضی ہونی چاہئے جو انجمنوں کو کسی نازک صورت حال پر غلبہ پانے کے لیے کافی ہو۔[1] اس نقطۂ نظر سے اگر خانگی کاروباری مہم کی ترقی کا اندازہ اس تحریک میں لگائے ہوئے کاروباری اصل کی ترقی پذیر مقدار کے اعتبار سے کیا جائے تو ۱۹۰۴ء سے موجودہ زمانے تک کی قلیل مدت میں یہ مہم نمایاں طور پر کامیاب رہی۔ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ حکومت نے امداد باہمی کے اداروں کو چند مالی و عدالتی مراعات عطا کیں اور نئی انجمنوں کو محدود مالی مدد دی۔ بمبئی میں حکومت نے اس سے اور بھی چند قدم آگے بڑھائے ہیں اور وہ یہ پالیسی اختیار کرنے میں بہت بڑی حد تک حق بجانب ہے۔ حکومت نے اولاً ایک رعایت

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۸۷۔

باب ۱۰

یہ کی کہ بمبئی کے پراونشل کوآپریٹو بنک کے جاری کردہ ڈیبنچروں پر بیس لاکھ روپیہ کی انتہائی مقدار تک ۴ فی صد سود کی ضامن ہوگئی۔ اس رعایت کی بدولت بنک کی ایک نہایت شدید ضرورت پوری ہوگئی، یعنی سرکاری خزانے پر بار ڈالے بغیر دیہی مالیے کے لیے معتدل شرح سود پر طویل مدت کے لیے اصل فراہم ہوگیا، اور اس کا بھی امکان نہیں ہے کہ حکومت سے اس کی دی ہوئی ضمانت کو پورا کرنے کا مطالبہ کیا جائے، اس لیے کہ بنک کا کاروبار محفوظ بنیاد پر قائم ہے۔ دوسری رعایت یہ کی گئی کہ حکومت نے اراضی کی مستقل اصلاح و ترقی کے لئے انجمن ہائے امداد باہمی کی وساطت سے تقاوی قرضے دینے کی پالیسی اختیار کی۔ یہ پالیسی نہایت معقول ہوگی کہ تمام صوبوں میں امداد باہمی کی زیادہ تخصیص یافتہ شکلوں مثلاً کھیتوں کے انضمام، تعلیم بالغان، آب پاشی وغیرہ کی فراخدلی کے ساتھ امداد کی جائے[1]۔ یہ امر طمانیت بخش ہے کہ رزرو بنک آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۴ء میں یہ گنجایش رکھی گئی ہے کہ امداد باہمی کے بنکوں کو رزرو بنکوں سے ملحق کیا جاسکتا ہے اور رزرو بنک کے لیے یہ ضروری قرار دیا گیا ہے کہ وہ زرعی قرضے کا ایک شعبہ قائم کرے جس کے ذریعے سے زرعی قرضے کے تمام مسائل کی تحقیق کی جائے اور نہ صرف حکومت کو بلکہ صوبہ واری امداد باہمی کے بنکوں اور زمین گروی بنکوں کو مشورہ دیا جائے[2]۔ یہاں یہ بھی کہہ دینا مناسب ہوگا کہ ۱۹۳۵ء میں حکومت ہند نے دیہات سدھار کی غرض سے ایک کروڑ روپیہ کی جو مجموعی رقم منظور کی تھی اس میں سے پندرہ لاکھ روپیہ اس غرض کے لیے مختص کردیا گیا ہے کہ مسٹر ام، ال ڈارلنگ آئی، سی، ایس نے رزرو بنک آف انڈیا میں زرعی قرضے کا شعبہ کھولنے کے متعلق رپورٹ میں جو سفارشیں پیش کی ہیں ان کے مطابق اس رقم کو امداد باہمی کی تحریک کی اصلاح و ترقی اور توسیع میں صرف کیا جائے۔ 349

---

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۱۹۱)۔

[2] اس موضوع پر زیادہ مفصل بحث جلد دوم میں "بنک کاری" کے متعلق باب میں کی گئی ہے۔

باب ۱۰

امداد باہمی کی تحریک کی سرکاری رہنمائی و نگرانی کی پالیسی کی جانب عود کرتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ پالیسی بحیثیت مجموعی نہایت معقول رہی ہے چنانچہ بعض حلقوں میں جو مطالبہ کیا گیا تھا کہ مسجل کے بعد فرائض کو افسر ضلع کے تفویض کر دیا جائے اس کو مسترد کرتے ہوئے حکومت نے میک لے گن کمیٹی کی رائے سے بجا طور پر اتفاق کیا۔ کمیٹی مذکور بہت زیادہ سرکاری مداخلت کی مخالفت کرتی ہے اور یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ "کلکٹر جیسے سرکاری ملازم کی حیثیت یہ ہونی چاہئے کہ وہ الگ رہے اور ضروری معلومات سے باخبر رہتے ہوئے ہمدردانہ اور خیر خواہانہ روش رکھے اور انجمنوں کے انتظامی معلومات میں دخل دینے یا براہ راست کوئی مالی ذمہ داری سر پر لینے سے محترز رہے۔" حکومت نے بسا اوقات اپنا عندیہ صاف طور پر ظاہر کر دیا ہے کہ سرکاری ملازم اس قسم کے معاملات میں کسی بڑی حد تک دلچسپی یا حصہ لینے سے محترز رہیں، اگرچہ واقعہ یہ ہے جیسا کہ زرعی کمیشن بتلاتا ہے "جملہ سرکاری محکمہ جات کے افسروں کا یہ فرض ہونا چاہئے کہ تحریک کی ترقی میں اس حد تک ہاتھ بٹائیں جس حد تک کہ ان کے متعلقہ فرائض کی نوعیت اجازت دے۔" لیکن محکمہ امداد باہمی اور امداد باہمی کی تحریک کا باہمی تعلق بظاہر اس اصول کا ایک استثنا پیش کرتا ہے۔ گو ابتداءً یہ اصول کارفرما رہا کہ محکمہ امداد باہمی کی مداخلت کو بتدریج کم کر دیا جائے اور جوں جوں انجمنوں میں خود اعتمادی بڑھتی جائے اور نظامات اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کے قابل بن جائیں مسجل کی حیثیت کو انجام کار رجسٹری کرنے والے افسر کے درجے تک گھٹا دیا جائے، لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس اصول پر غیر متناقض طریقے پر اور استقلال کے ساتھ عمل نہیں کیا گیا بلکہ سچ پوچھو تو مسجل کا تسلط روز افزوں ہے اور اس کے فرائض کی فہرست سے بالائی نگرانی و خبر گیری کا عنصر خارج ہونے کی کوئی علامت ظاہر نہیں ہوتی حقیقت تو یہ ہے کہ بظاہر میک لے گن کمیٹی بھی اس بدیہی رجعی اصول کو حق بجانب قرار دیتی ہے۔ چنانچہ وہ یہ سفارش کرتی ہے کہ مسجل کو مالی منتظم یا ناظر کا اختیار حاصل ہونا چاہئے، یعنی اس کو تمام قسموں کی انجمنوں کے بارے میں اس بات کی نگرانی رکھنی چاہئے کہ

باب ۱۰

ان کے محصلہ قرضے کی انتہائی مقدار کیا ہو' سود کی شرحوں کو مقرر کرنا چاہئے امداد باہمی کے اصول کی اشاعت و تبلیغ کے انتظامات پر نظر رکھنی چاہئے' اور انجمنوں کے معمولی حسابات کی غیر سرکاری تنقیح کی نگرانی کرنی چاہئے کمیٹی یہ تجویز پیش کرتی ہے کہ مسجل کے علاوہ ایک نائب مسجل ہر سو انجمنوں کے لیے مقرر کیا جائے۔ کمیٹی یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ ہندوستان میں امداد باہمی کی مسلسل اور باقاعدہ ترقی کے لیے عام طور 850
پر کوئی شرط اتنی ضروری نہیں خیال کی جا سکتی جتنی کہ معقول تنخواہ پانے والے ماہر مسجلوں کی جماعت کے مستقل قیام و انتظام کی شرط۔ بایں ہمہ یہ بات عام طور پر تسلیم کی جاتی ہے کہ خفیف سی خرابی کار کا خطرہ بھی برداشت کر کے ذمے دار غائبگی کاروبار کی ہمت افزائی کرنی چاہئے تحریک کو سرکاری اثر سے الگ کرنا چاہئے اور اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کے قابل بنانا چاہئے[1] اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے مدراس کی یہ تجویز کہ غیر سرکاری تنظیموں کو "اعزازی مددگار مسجل" کے عہدے پر مامور کیا جائے' مناسب اور صحیح اصول کار معلوم ہوتی ہے۔ اس تحریک کو بہ لحاظ نوعیت اور زیادہ غیر سرکاری بنانے کا ایک اور طریقہ یہ ہوگا کہ بمبئی سنٹرل کوآپریٹو انسٹی ٹیوٹ یا صوبۂ متوسط کے فڈریشن آف سنٹرل بنکس جیسی غیر سرکاری جماعتوں کی ہر ممکن طریقے سے حوصلہ افزائی کی جائے' انجمنوں کی نگرانی' تنظیم اور تنقیح کے بارے میں ان جماعتوں کو مسجل کے کچھ اختیارات نیابتہً

[1] سوال یہ ہے کہ آیا ہندوستان کی امداد باہمی کی تحریک کو حکومت کی نگرانی سے ایک حد تک آزادی دلانے اور ۱۹۱۲ء میں تولد پائے ہوئے بچے کو' جواب جوان ہو چکا ہے' بالغ کے اختیارات کام میں لانے کا موقع دینے کا وقت آگیا یا نہیں؟ مسٹر ہنری ولف فرماتے ہیں کہ "اس سوال کا جواب "ہاں" یا "نہیں" دونوں ہو سکتا ہے۔ سرزمین ہند کا بلاشبہہ بہت بڑا علاقہ ابھی ایسا باقی ہے جہاں اس قسم کی تبدیلی کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ لیکن بعض ایسی موافق صورتیں بھی ہیں جن میں امداد باہمی نے کافی ترقی کر لی ہے اور امداد باہمی کرنے والوں کو پوری طرح اس قابل بنا دیا ہے کہ اپنا انتظام خود کر لیں" (دیکھو ایک رسالہ موسوم بہ بمبئی کوآپریٹو کوارٹرلی مورخہ دسمبر ۱۹۲۸ء جس میں "زرعی کمیشن رپورٹ" کے عنوان سے ایک مضمون لکھا گیا ہے)۔

باب ۱۰

تفویض کئے جائیں اور ان کی ہمت افزائی کی جائے کہ کانفرنسیں منعقد کر کے، انجمن کے عہدہ داروں اور پبلک کے لیے تعلیمی جماعتوں کا انتظام کر کے اور رسالہ جاری کر کے پروپگنڈا کا کام انجام دیں اور دیہی تنظیم کے کام میں مصروف ہوں۔ موجودہ زمانے کی سب سے شدید اور اہم ضرورت یہ ہے کہ غیر سرکاری دفاتی ادارے اور دوسری مرکزی ایجنسیاں قائم کی جائیں جو نگرانی و انتظام کے لیے خود اپنا عملہ مقرر کریں، اس لیے کہ ان کی عدم موجودگی یا عدم قابلیت کی بنا پر سرکار ناگزیر طریقے پر مداخلت کرتی ہے۔ مناسب وقفوں کے ساتھ سرکاری طور پر تنقیح کرنے کا طریقہ باقی رکھا جائے[1] ہے، تاکہ انجمنوں کے کاروبار کی مفید طریقے پر نگرانی کی جائے اور عوام کے اعتماد کو یقینی بنایا جائے۔ سرکاری رہنمائی و نگرانی یقیناً ضروری ہے اور ابھی کچھ اور مدت تک ضروری رہیگی۔ محکمے کو اس قابل بنانے کے لیے وہ اپنے دستوری فرائض کو زیادہ بہتر طریقے پر انجام دے دفتری عملہ بڑھانے کی درخواست کرنا اور اس بات پر زور دینا کہ عملہ اعلیٰ تعلیم یافتہ، ماہر و بخوبی تربیت یافتہ ہو اور اس کی تنخواہ اچھی ہو غلط اور غیر معقول نہیں ہے۔ اس امر پر اصرار کرنا بھی بالکل حق بجانب ہے کہ مسجل کے اہم اور مشکل فرائض کے مدنظر مسجل کی شخصیت کا معاملہ بہت اہمیت رکھتا ہے اور اس لحاظ سے اس عہدے پر حتی الامکان بہترین آدمی کا انتخاب ہونا چاہئے[2] لیکن اس تحریک سے تعلق رکھنے والے
351 سرکاری و غیر سرکاری عہدہ داروں کو چاہئے کہ جس حد تک حالات اجازت دیں اس حد تک اس تحریک کو جلد سے جلد جمہوری، خود انتظامی اور خود کفیل بنائیں۔ اس لحاظ سے ہم بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی اس سفارش[3] کا خیر مقدم کرتے ہیں کہ امداد باہمی کی تحریک کو مقبول بنانے اور

---

[1] مسجل کس قابلیت کا ہونا چاہئے اس مثل بحث نیز اس کے فرائض کی ہمہ گیر نوعیت کے بیان کے لیے بمبئی کوآپریٹو انکوائری کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۲۷۶) نیز سی ایف اسٹرک لینڈ کی کتاب موسوم بہ "فلسطین میں زرعی امداد باہمی" فقرہ (۲۶ تا ۲۹)

[2] دیکھو رپورٹ فقرہ ۱۶۸۔

باب ۱۰

انجمنوں کے ارکان میں ذمہ داری کے احساس کو ترقی دینے کی غرض سے سرکاری نگرانی کو جو موجودہ زمانے میں کی جارہی ہے کم کر دینا چاہئے۔

بمبئی کی حد تک ہم کہہ سکتے ہیں کہ سرکاری نگرانی کے ہٹا لیے جانے اور غیر سرکاری اداروں کی ہمت افزائی کئے جانے کے خوشگوار علامات پائے جاتے ہیں۔ قانون انجمن ہائے امداد باہمی بمبئی (۱۹۲۵ء) نے سنٹرل کوآپریٹو انسٹی ٹیوٹ بمبئی کو تسلیم کر لیا ہے جو ایک غیر سرکاری صدر کے تحت احاطۂ بمبئی کی امداد باہمی کی جدوجہد کو مرتکز کرنے کی کوشش کر رہی ہے، اور اس کے ساتھ ہی امداد باہمی کی صوبہ واری کانفرنسیں بھی منعقد کر رہی ہے۔ ۳۰ جون ۱۹۳۵ء کو اس انسٹی ٹیوٹ کے ارکان کی تعداد ۶۱۵۷ تھی (جس میں ۵۲۶۸ انجمنیں اور ۸۹۹ افراد شامل تھے۔ اس کو پروپگنڈا تعلیم و تربیت اور امداد باہمی کے متعلق لٹریچر کی اشاعت کے تہرے کام کے لیے حکومت سے معقول مالی امداد ملتی ہے۔ اس نے ۱۹۲۸ء میں سورت، پونہ اور دھارواڑ میں امداد باہمی کی درسگاہیں کھولیں جن کا مقصد دیہی معتمدین، نگران کاروں اور بنک کے ناظروں کو تعلیم و تربیت دینا ہے۔ اس کی کئی علاقہ واری اور ضلع واری شاخیں احاطۂ بمبئی میں کاروبار انجام دے رہی ہیں۔ وہ صوبہ واری امداد باہمی کی جمعیتوں سے اس لحاظ سے مختلف ہے کہ موخر الذکر جملہ انجمنوں کا آخری دفاق ہیں جن کو تنقیح و نگرانی کے معین و قطعی فرائض تفویض کئے گئے ہیں اور وہ ایک قطعی قانونی حیثیت رکھتی ہیں، اس کے برعکس انسٹی ٹیوٹ (ادارہ) زیادہ تر پروپگنڈا کا ادارہ ہے۔ چنانچہ انسٹی ٹیوٹ قابل تعریف طریقے پر پروپگنڈا کر رہا ہے "تاہم اس نے امداد باہمی کے مسائل کی باقاعدہ تحقیق اور تحریک کے زیادہ تخصیص یافتہ پہلوؤں کے بارے میں ماہرانہ معلومات اور مشورے کی بہم رسانی کے زائد مقاصد کو ابھی تک پورا نہیں کیا ہے"[1] آیا امداد باہمی کی تحریک کی تنظیم امداد باہمی کے دوسرے اداروں مثلاً مرکزی بنکوں کو کرنی چاہئے یا نہیں؟

[1] دیکھو بمبئی کے مسجل کی سالانہ رپورٹ بابت ۱۹۲۶ء تا ۱۹۲۷ء۔

باب ۱۱

اور جوں جوں نگرانی کرنے والی انجمنیں ترقی کرتی جائیں آیا انسٹی ٹیوٹ مرور زمانہ کے ساتھ وفاق قائم کرلیں یا نہیں؟ یہ ایسے مسائل ہیں جن کو مستقبل میں تحقیق اور حل کرنا ہوگا۔ امداد باہمی کے غیر سرکاری اداروں کی ترقی کی حد تک حال ہی میں ایک دلچسپ تحریک یہ ہوئی کہ آل انڈیا کوا پریٹو انسٹی ٹیوشنس اسوسی ایشن (ادارہ ہائے امداد باہمی کی کل ہند انجمن) کا یکم اکتوبر ۱۹۱۹ء کو افتتاح ہوا جس کو قائم کرنے کے بارے میں کل ہند ادارہائے امداد باہمی کی کانفرنس منعقدۂ بمبئی نے ستمبر ۱۹۱۹ء میں متفقہ فیصلہ کیا تھا۔ اس انجمن کا اساسی مقصد یہ ہے کہ رکن اداروں کی وساطت سے امداد باہمی کو توسیع و ترقی دی جائے اور امداد باہمی کے جملہ مسائل کے بارے میں ان اداروں کو مدد اور مشورہ دیا جائے جنوری ۱۹۳۵ء سے انجمن کی طرف سے ایک سہ ماہی رسالہ موسوم بہ "انڈین کوا پریٹو ریویو" شایع کیا جارہا ہے جس کے اڈیٹر رام داس پنتلو ہیں۔ اس رسالہ میں کل ہندوستان کے متعلق امداد باہمی کی تحریک پر مفید میعادی تبصرہ کیا جاتا ہے۔ 352

امداد باہمی کی ایک اور کل ہند تنظیم انڈین کوا پریٹو بنکس اسوسی ایشن (ہندوستانی صوبہ واری امداد باہمی کے بنکوں کی انجمن) ہے جس کا مقصد خاص کر مالیہ، وضع قوانین اور انتظام کے معاملات میں مشترکہ اغراض کی توسیع و ترقی ہے۔ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی یہ سفارش کرتی ہے کہ "قانون انجمن امداد باہمی" میں اس طرح ترمیم کرنی چاہیئے کہ اس کی رو سے کل ہند نوعیت رکھنے والی انجمنوں یا ایک سے زیادہ صوبوں میں کاروبار کرنے والی انجمنوں کی رجسٹری ہوسکے۔ اس سفارش کی تائید نہ صرف رجسٹراروں کی گیارھویں کانفرنس نے کی جس کا اجلاس دہلی میں فروری ۱۹۳۴ء میں ہوا، بلکہ آل انڈیا کوا پریٹو انسٹی ٹیوشنس اسوسی ایشن اور آل انڈیا پراونشل بنکس اسوسی اے شن کی مشترکہ کانفرنس نے بھی کی جس کا اجلاس بمقام امراوتی جون ۱۹۳۴ء میں ہوا۔ اگر اس سفارش کو بعجلت عملی جامہ پہنایا جائے اور دونوں اداروں کے عمل کی طاقت اس طرح بڑھائی جائے کہ وہ مالیہ اور تحقیقات کے معاملات میں ملکر کام کرسکیں تو بنک کاری کے غیر ملکی ماہران بنک کاری کے مشورے کے مطابق انتظامی یا نگرانی کے

باب ۱۰

فرایض انجام دینے والی کسی دوسری قسم کی کل ہند انجمن یعنی آل انڈیا کوآپریٹو کونسل (کل ہند مجلس امداد باہمی) کی ضرورت باقی نہ رہے گی۔[1]

۱۸۔ ہندوستان کی امداد باہمی کی تحریک پر نقد و نظر

واقعہ یہ ہے کہ ہندوستان کی امداد باہمی کی تحریک ان سب معاشی و معاشرتی خرابیوں اور نقائص کو دور کرنے میں کامیاب نہیں ہوئی ہے جس میں ملک آج کل مبتلا ہے۔ دوسری طرف وہ بیش بہا نتائج پیدا کرنے سے بالکل عاری بھی نہیں رہی ہے۔ چنانچہ ایک فائدہ تو یہ ہوا کہ انجمنوں کی طرف سے ارزاں قرضہ مہیا کئے جانے کی وجہ سے کسانوں اور دستکاروں کے طبقے نے بہت بڑی رقم جس کا اندازہ تقریباً ایک کروڑ روپیہ کیا گیا ہے پس انداز کی، اور یہ توقع بیجا رجائیت نہ ہوگی کہ مستقبل قریب میں یہ عدد کئی گنا نہ بڑھ جائے گا، بشرطیکہ امداد باہمی کے نظامات کی دوسری شکلیں، طویل مدت کے قرضے مہیا کرنے کی غرض سے قائم کی جائیں۔ علاوہ ازیں امداد باہمی نے خطرناک طور پر آسانی سے مل جانے والے اور اخلاق بگاڑنے والے ساہوکاری قرضوں کی بجائے ایسا طریق رائج کر دیا ہے جس کے تحت اعتبار کی نگرانی اور قرضے کی روک تھام کی جاتی ہے۔ چنانچہ امداد باہمی کی تحریک نے کئی مقامات پر ساہوکار کے تسلط کی کامیاب طور پر بیخ کنی کی اور اس کو اپنی شرح سود گھٹانے پر مجبور کر دیا۔ قرضے کی ادائی کی حد تک اگرچہ ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے، اور اگرچہ امداد باہمی کا شتکاروں کے طبقے کو اس کے قرضداری کے بار سے کلیتہً سبکدوش کرنے کی عظیم الشان مہم تنہا سر کرنے کی قدرت نہیں رکھتی، پھر بھی

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۶۱؛ اور انڈین کوآپریٹو ریویو بابتہ جنوری ۱۹۳۵ء صفحہ ۷۔

باب 858

اس معاملے میں خاص کر امداد باہمی کے اصول پر زمین گروی بنک قائم کرنے کی وجہ سے کسی حد تک کامیابی ہوئی ہے[1] جیسا کہ مسٹر ڈارلنگ کہتے ہیں 'گاؤں کی قدیم اجتماعی زندگی' کسان کی لوٹ کو روکتی تھی' اب اس کی جگہ تحریک امداد باہمی نے لے لی ہے جس کو اجتماعی زندگی کی نئی شکل قرار دیا جا سکتا ہے' چنانچہ وہ داخلی و خارجی دونوں اعتبارات سے کسان کی حفاظت کرتی ہے[2] علاوہ ازیں امداد باہمی کی ترقی کے ساتھ ساتھ بنک کاری کی عادت آہستہ آہستہ مگر استقلال کے ساتھ دیہی و شہری علاقوں میں نشو و نما پا رہی ہے اور بے کار پڑے ہوئے اندوختے بتدریج نفع بخش طریقے پر کام میں لائے جا رہے ہیں۔ زراعت ملک کی سب سے بڑی صنعت ہے اور وہ امداد باہمی سے مختلف طریقوں سے متمتع ہوئی ہے۔ چنانچہ تخم اور مویشی کی اصلاح و ترقی کا شوق عوام میں پیدا کرنے' ارزاں کھاد اور آلات کشاورزی کو مقبول عام بنانے اور "بہتر کاشت' بہتر کاروبار اور بہتر معیار زندگی" کا نصب العین حاصل کرنے میں مدد دے کر امداد باہمی نے محکمۂ زراعت کے کام میں سہولتیں پیدا کر دی ہیں۔ امداد باہمی اور زراعت کے درمیان حقیقی طور پر منظم و مستحکم رشتۂ ارتباط کی تدریجی ترقی بہت بڑے امکانات پیش کرتی ہے[3] امداد باہمی نے دیہی حفظ صحت اور دیہی علاقوں میں مناسب طبی سہولتیں بہم پہنچانے کے مسائل کو حل کرنے کا اہم کام بھی آغاز کر دیا ہے۔

خاص خاص غیر زرعی اغراض کے لیے جو انجمنیں کھولی گئی ہیں وہ اگرچہ ابھی تک چھوٹے پیمانے پر کام کر رہی ہیں پھر بھی اپنے متعلقہ شعبوں میں مفید کام کر رہی ہیں۔ امداد باہمی کے فیض رساں اثر کے تحت کارخانے کے مزدوروں' نیچ طبقوں اور ہر قسم کے اجیروں کی حالت بتدریج اصلاح پذیر ہے۔ گھریلو صنعتیں

---

[1] دیکھو فصل (۲۱)۔

[2] دیکھو ام' ال ڈارلنگ کی کتاب محولۂ بالا' صفحہ (۲۶۱)۔

[3] دیکھو حکومت ہند کا رزولیوشن امداد باہمی کے بارے میں بابت ۱۱ جون ۱۹۱۴ء فقرہ (۷)۔

باب

خاص کر دستی گرگہ کی صنعت تحریک امداد باہمی کی سرپرستی اور مدد حاصل کر رہی ہے۔ آخر میں یہ کہ تحریک امداد باہمی نے آبادی کی کمی کے اس میلان کا ازالہ کرنے میں مفید کام انجام دیا ہے جو ملک کے بعض دیہی علاقوں میں پایا جاتا ہے۔

امداد باہمی کے اہم ترین فوائد میں اس اصطلاح کے وسیع ترین معنوں میں ذہنی و اخلاقی فوائد بھی شامل ہیں، چنانچہ جہاں کہیں انجمن ہائے امداد باہمی قائم ہوئی ہیں وہاں ان سے یہ فوائد بالعموم لازمی طور پر حاصل ہوئے ہیں۔ اس اخلاقی ترقی کا قطعی ثبوت بہم پہنچانا اس لیے مشکل ہے کہ اخلاقی ترقی کے علائم و آثار کو واقعات کی طرح قطعی طریقے پر نہیں بیان کیا جا سکتا؛ پھر بھی اس تحریک کا وقت نظر سے مطالعہ کرنے والوں کو وہ صاف نظر آتے ہیں۔ عمدہ انجمن امداد باہمی مقدمہ بازی، فضول خرچی، شراب نوشی اور قمار بازی کی حوصلہ شکنی کرتی ہے اور ان کی بجائے محنت و مشقت، خود اعتمادی، راست بازی، تعلیم، پنچایت سہاؤن، کفایت شعاری، خود مدد، اور باہمی امداد کو فروغ دیتی ہے[1]۔ اس
354 تحریک نے بعض صورتوں میں تعلیم کا گہرا شوق پیدا کر دیا ہے اور سن رسیدہ اشخاص بھی اس کے تلاشی اور استفادہ کرنے کے متمنی پائے گئے ہیں۔ امداد باہمی کی تحریک نے دہقان کے خصائل و عادات کی بھی اصلاح کی ہے، اخلاقی معیار کو بلند کر دیا ہے اور اس جذبے اور احساس کو فروغ دیا ہے کہ "ہر فرد کو جماعت کی اور جماعت کو فرد کی خدمت کرنی چاہئے"۔ مختصر یہ کہ تحریک امداد باہمی، دیہات کی قدیم اجتماعی زندگی کے احیاء اور اہل دہ کے جسم مردہ میں نئی روح پھونکنے کا طاقتور آلہ بننے کی قوی امید دلا رہی ہے۔

لیکن یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ یہ سب فوائد، یعنی اخلاقی، تعلیمی اور خالص معاشی محض بہت ہی چھوٹے پیمانے پر حاصل ہوئے ہیں۔ چنانچہ غیر زرعی امداد باہمی کے میدان میں ابھی بہت کچھ تگ و دو کی ضرورت اور حصول مقصد کی گنجائش باقی ہے۔ زرعی امداد باہمی کی انجمن کا کاروبار بھی عملاً قرضے تک محدود ہے اور اس میں بھی

---

[1] دیکھو ام، ال، ڈارلنگ کی کتاب محولۂ بالا۔

ا بنا

جیسا کہ سر ایم ڈس ولیسوریا نے کہا ہے "اب تک جو کچھ کیا گیا ہے وہ صرف سطحی کام ہے"[1] علاوہ ازیں قرضۂ امداد باہمی عام طور پر انھی مقامات پر سرسبز ہوا ہے جہاں بارش اعتدال کے ساتھ ہوتی ہے۔ جن علاقوں میں بارش وقت پر اور کافی مقدار میں نہیں ہوتی وہاں واپسیٔ قرضے میں تاخیر اور کوتاہی تکلیف دہ طریقے پر عام ہے[2] علاوہ ازیں جیسا کہ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی نے بتلایا ہے، امداد باہمی کے نظام کا مہیا کردہ قرضہ کسان کو بعض صوبوں میں اب بھی حد سے زیادہ گراں ملتا ہے چنانچہ سود کی موجودہ شرحوں کو کم کرنے کے لیے مزید تدابیر اختیار کرنا نہایت ضروری ہے۔

یہ بھی بین طور پر ضروری ہے کہ ہندوستان میں موجودہ زمانے کی تحریک امداد باہمی کے حقیقی عمل کے نقائص و اقسام کو دور کرنے کے قابل بننے کے لیے ہم ان نقائص کو تسلیم کریں، مثلاً:- بے پابندی وقت قرضہ ادا کرنا، من مانی ادائی، کثیر مقداریں باقی داری، ناقص تنقیح حسابات، ناکافی نگرانی، بے نامی قرضے، کنبہ پروری و عزیز نوازی، ضابطہ پرستی، اور امداد باہمی کے مالیے کا بے لوچ اور غیر مکتفی ہونا اور مالی مدد کا سستی سے دیا جانا وغیرہ۔ ارکان کو امداد باہمی کے صحیح اصول کی تعلیم دینے کے لیے جو عملہ مقرر کیا جاتا ہے وہ بعض اوقات جاہل، بے تربیت اور نا اہل ہوتا ہے۔ انتظامی کمیٹیوں اور صدر نشینوں کو تمام اختیارات ناجائز طریقے پر دبا بیٹھنے اور کام میں لانے کا بالعموم ضرورت سے زیادہ موقع دیا جاتا

[1] دیکھو ان کی تصنیف صفحہ ۱۸۵۔ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی نے بھی یہی پایا ہے کہ تحریک امداد باہمی نے اس وقت کسانوں کو جو اعتباری سہولتیں بہم پہنچائی ہیں ان سے کاشت کاروں کی بہت ہی کم ضرورتیں پوری ہوتی ہیں (دیکھو رپورٹ، فقرہ ۱۶۹)۔

[2] "اگر ان علاقوں میں امداد باہمی کے اصول پر مالی مدد دینے کا انتظام کرنا ہو تو حکومت یا کسی رفاہی ادارہ کو کسی نہ کسی قسم کا ضمانتی فنڈ قائم کرنا ہوگا تاکہ جمع کنندوں کی امانت محفوظ رہے۔ دیکھو بمبئی کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی میں وی بی بھائیڈ آئی، سی، ایس سجل انجمن ہائے امداد باہمی بمبئی کی پیش کردہ یادداشت شائع شدہ سنہ ۱۹۲۹ء۔

باب ۱۰

ہے جو عام ارکان کے اغراض کے منافی ہوتا ہے؛ اور اس تحریک کی رہنمائی کرنے والے منتظم اور عہدہ دار ارکان کی غلطیوں اور بے راہ روئی کا تدارک کرنے میں ناواجب نرمی ظاہر کرتے اور اخلاقی جرات سے کام لینے میں ناکام رہتے ہیں اور سنگین سے سنگین بے قاعدگیوں اور بدعنوانیوں سے یہ سمجھ کر چشم پوشی کر لیتے ہیں کہ کوئی سرکاری عہدہ دار کسی دن آن کر حالات کی اصلاح کر دے گا۔ وہ خلاف ورزی کرنے والوں اور خاطیوں کے خلاف سخت کارروائی کر کے اور واجب الوصول بقایا کے متعلق قانونی چارہ جوئی کر کے اپنی ہر دلعزیزی کو خطرے میں ڈالنا پسند نہیں کرتے۔[1] اکثر ارکان اس غلط فہمی میں مبتلا ہوتے ہیں کہ امداد باہمی کی تحریک سرکاری انتظام کے تحت چل رہی ہے اور یہ کہ انجمن ان کو جو زر استعار دیتی ہے وہ سرکاری رقم ہے۔ اکثر ارکان کو امداد باہمی کے مقاصد و اغراض سے ادھوری واقفیت ہوتی ہے جس کی وجہ سے ان میں بے پروائی اور بے دردی پیدا ہوتی ہے جو اس تحریک کے لیے مہلک ہے۔ علاوہ ازیں اکثر ارکان انجمن کو بھی ساہوکار کا ارزاں بدل خیال کر کے اس کو محض اپنی مطلب براری کا آلہ تصور کر لیتے ہیں اور اس طرح خود کو تحریک سے پورے خلوص کے ساتھ وابستہ کرنے سے قاصر رہتے ہیں جو اس کی کامیابی کے لیے لازمی ہے۔

جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے، ہندوستان میں تحریک امداد باہمی کی داغ بیل حکومت نے اپنے ہاتھوں سے ڈالی اور اس کے شروع کرنے میں خود عوام کے ارادہ اور کوشش کو بالکل دخل نہیں ہے۔ لیکن یہ واقعہ کہ اس کی عنان رہنمائی اب بھی بہت بڑی حد تک حکومت ہی کے ہاتھ میں ہے لازمی طور پر بنیادی نقص خیال کیا جا سکتا ہے، اس لیے کہ امداد باہمی کا روح رواں تو "اپنی آپ مدد" ہے۔ زندہ رہنے کا جاندار اصول اور عزم باطن سے پیدا ہونا چاہئے نہ کہ کسی خارجی وسیلے سے۔[2]

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ (۳، ۳)؛ برما کمیٹی کی رپورٹ (۱۹۲۶ء تا ۱۹۲۹ء) فقرہ (۵۱)؛ اور بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۱۷۰)۔

[2] تحریک امداد باہمی ابتدا ہی سے بڑی حد تک سرکاری سرپرستی اور رہنمائی کے تحت نشو و نما پا رہی ہے۔

فی الحال تحریک ایسی حالت میں سے گزر رہی ہے جس میں وہ مفید طریق پر تنقید ذات اور مشاہدۂ نفس میں مصروف ہے۔ دکھاوے کی شاندار کامیابیوں کے لیے اب کہیں بھی جد و جہد نہیں کی جا رہی ہے بلکہ ٹھوس نتائج حاصل کرنے کی طرف زیادہ سے زیادہ میلان پیدا ہو چلا ہے۔ سرکاری طرز عمل کی امتیازی خصوصیت "توسیع" کے بجائے ہر جگہ "استحکام" اور "اصلاح و ترمیم" معلوم ہوتی ہے۔ تمام مسرت ہے کہ حکومت نے تحریک کے بارے میں ویسی اشتہار بازی موقوف کر دی ہے جیسی کہ خوانچہ والا اپنی اشیا کو بیچنے کے لیے چلا چلا کر کرتا ہے، اور اس کے بجائے اب نقائص اور غلطیوں کو رفع کرنے کی غرض سے ان کی تلاش کی پرخلوص خواہش پائی جاتی ہے۔ چنانچہ صوبۂ متوسط، صوبۂ متحدہ، مدراس اور برما میں گہری ناقدانہ تحقیقات عمل میں لائی گئی ہے؛ اور زرعی کمیشن اور صوبہ واری بنک کاری کی کمیٹیوں نے دوسرے صوبوں میں بھی امداد باہمی کی رفتار کے متعلق اسی کے مماثل تحقیقات عمل میں لانے کی سفارش کی ہے[1]۔ یہ سب کچھ بہتری کے لیے ہی ہو رہا ہے اس لیے کہ نقائص سے چشم پوشی کرنا یا ان کو نظر انداز کرنا خودکشی ہے۔ نقائص کا دو بدو مقابلہ کرنا چاہئے اور عزم مصمم کے ساتھ ان کو دور کرنا چاہئے۔ تحریک کے کارکنوں کو تحریک سے اس بنا پر مایوس نہ ہونا چاہئے کہ نتائج اب تک ان کے سرگرم توقعات کے مطابق نمودار نہیں ہوئے۔ انھیں امداد باہمی کی تعلیم کو جس کے کارنامے دوسرے ملکوں میں حیرت انگیز رہے ہیں، خوش اعتقادی کے ساتھ قبول کرنا چاہئے اور اس کو ہندوستان میں کامیاب بنانے کے لیے ہمیشہ سے زیادہ 356

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ:- اس کے غیر سرکاری مویدوں حامی بھی زیادہ تر غیر ملکی اشخاص رہے ہیں۔ وہ از خود رونما نہیں ہوئی اور اس طرح اس میں توازن پیدا کرنے والی قوت اور اندرونی مصلح مفقود ہے۔ (دیکھو بمبئی آرگاڈگل کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۲۴۹۔

[1] بمبئی میں کچھ سال سے ایک نہیں بلکہ کئی چھوٹی کمیٹیوں مثلاً "نگرانی کی کمیٹی" (۱۹۳۳ء) اور "زمین گروی بنک کی کمیٹی" (۱۹۳۴ء) نے امداد باہمی کی تحریک کی جانچ پرتال کی۔ اس کے علاوہ "ٹامس کی تنظیم جدید کی کمیٹی (۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء) نے بھی کسی قدر غیر ہمدردانہ و مخالفانہ تنقید کی۔

جوش و خروش کے ساتھ جد و جہد کرنی چاہئے۔ اس لیے کہ، جیسا کہ زرعی کمیشن رائے زنی کرتا ہے، "اگر امداد باہمی کی تحریک ناکام رہی تو وہی ہندوستان کے بہترین توقعات خاک میں مل جائیں گے"[1]

زمین گروی بنک

۱۹۔ زمین گروی بنکوں کی ضرورت

تحریک امداد باہمی کو شروع ہوئے تیس سال سے زائد زمانہ گزر چکا۔ اس طویل زمانے میں جو تجربہ ہوا اس نے تحریک کے حامیوں کو اس بات پر مجبور کر دیا ہے کہ اس تحریک کی وساطت سے دیہی طبقوں کی قرضداری دور کرنے اور دوسرے اغراض کے لیے بڑی مدت کے قرضے دینے کے امکان کی حد تک اپنے ابتدائی توقعات کو معتدل بنائیں۔ ہندوستان میں قرضۂ امداد باہمی کے مسئلے کے بارے میں جو لوگ سند مانے جاتے ہیں ان میں سے ہر ایک اس بات کو محسوس کر رہا ہے کہ موجودہ ابتدائی انجمنیں، مرکزی بنک اور صوبہ واری بنک اپنے ذرایع کی نوعیت کی بنا پر نیز بنک کاری کے نقطۂ نظر سے بھی حد بندیوں کے باعث صرف چھوٹی مدت کے قرضے معتدل مقدار میں دے سکتے ہیں۔ اس لحاظ سے اس کمی کو دوسرے ایسے نظامات کے ذریعے سے پورا کرنا چاہئے جو بڑی مدت کے قرضوں کا خاص طور پر کاروبار کریں[2]۔ اس لیے کہ زرعی کساد بازاری کے گزشتہ چھ سال میں صورت حال نے بہت نازک صورت اختیار کر لی ہے اور موجودہ زرعی قرضوں کو کم کرنے کی ضرورت بہت شدید ہو گئی ہے۔ زمین گروی بنکوں کے قائم کرنے کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ اچھے اور مستحق کسانوں کو جو قرضہ

---

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ (۳۷۴)۔

[2] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۵۴ و ۱۵۷۔

باب ۱۰

لینے کے قابل ہوں استحکام دینے کی ضرورت ہے۔

کسان کو اس کی قرضداری سے مستقل طور پر نجات دلانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ کافی طویل مدت کے لیے قرضے دیئے جائیں۔ طویل مدت کے قرضے اس غرض سے بھی ضروری ہیں کہ چھوٹا اور بڑا کسان بیش خرچ اور نفع بخش اصلاح و ترقی عمل میں لانے کے قابل ہو۔ انجمن ہائے امداد باہمی ان ضرورتوں میں سے کسی کی بھی بہم رسانی کافی طور پر نہیں کر سکتیں، اور ان سے زیادہ سے زیادہ یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ کسان کی اصل کی رواں ضرورتوں کو پورا کریں گی۔ وہ اتنی مقدور نہیں رکھتیں کہ اپنی رقوم کو طویل مدت تک پھنسا رکھیں، لیکن کسان کو بہرحال مختلف اغراض کے لیے طویل مدت کے قرضوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں
357 رائف آئیزن طرز کے دیہی بنک کا مقصد بڑی جائداد غیر منقولہ کے مالک کی ضرورتوں کو پورا کرنا نہیں ہوتا اور یہی ساہوکار کا بہت آسانی کے ساتھ اور فوراً شکار ہو جاتا ہے۔ معمولی تجارتی بنکوں اور قرض دہندوں کو بھی اتنی مقدور نہیں ہوتی کہ اپنے اصل کو طویل معیاد کے لیے باندھ رکھیں یا اپنا قرضہ قرض گیرندے کی آمدنی یا پس اندازیوں سے چھوٹے چھوٹے اقساط میں واپس وصول کرتے رہیں۔ اسی وجہ سے اعتباری اداروں کی ان خاص شکلوں کی ضرورت رونما ہوتی ہے جنھیں عام طور پر "زمین گروی بنک" کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ یہ بنک نہ صرف مہاجن کی جگہ لیں گے بلکہ سرکاری قرضوں کے موجودہ غیر اطمینان بخش طریقے کی ضرورت بھی باقی نہ رکھیں گے اور ادنیٰ تر شرح سود پر قرضہ دے کر زمیندار کو اس قابل بنائیں گے کہ وہ ہر قسم کی مفید اصلاح و ترقی عمل میں لائے۔[1]

۲۰۔ زمین گروی بنک اور امداد باہمی

زمین گروی بنکوں کے خلاف یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ وہ اصلدارانہ طریق پر کاروبار کرنے پر مجبور اور امداد باہمی کی انجمنوں کے اخلاقی و تربیتی افادے سے خالی ہوتے ہیں لیکن اگر ہم اس اعتراض کو صحیح بھی مان لیں تو اس استدلال کا

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۳۸۱) و (۳۸۳)۔

باب ۱۰

کیا جواب ہے کہ جب پرانے قرضے رعیت کے معاشی احیاء کی راہ میں سنگین رکاوٹ ہیں اور ان کی بے باقی ایک ایسا کام ہے جو امداد باہمی کی معمولی شکلوں کے بس سے اسی طرح باہر ہے جس طرح مستقل اصلاح و ترقی کے مسادی اہم کام کے لیے مالی مدد دینا تو اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے دوسری مناسب تدابیر لازماً اختیار کرنی پڑیں گی، خواہ ان میں امداد باہمی کی بعض امتیازی خصوصیات وصفات مفقود ہی کیوں نہ ہوں۔ ہمیں یہ بھی ذہن نشین رکھنا چاہئے کہ سابقہ قرضوں کی موجودہ پیمانے پر موجودگی، امداد باہمی سے پوری طرح فوائد حاصل کرنے کی راہ میں ایک رکاوٹ ہے۔ اس لحاظ سے قرضداری کے مرض کو دور کرنے اور رعیت کی معاشی حیثیت کو قوی کرنے والی کسی شے کو امداد باہمی کا حریف خیال کرنے کے بجائے اس کا ناگزیر معاون تصور کرنا چاہئے۔ علاوہ ازیں بنیادی اصول کے مبینہ اختلافات جو زمین گروی بنکوں اور انجمن ہائے قرضۂ امداد باہمی کے درمیان ہیں امداد باہمی کے اصول کے مطابق زمین گروی بنکوں کو منظم کرکے دور کئے جاسکتے ہیں[1]۔ زمین گروی بنک تین قسم کے ہوسکتے ہیں:- (۱) امداد باہمی (۲) غیر امداد باہمی اور (۳) مثل امداد باہمی۔ ادنیٰ درجے کے کسانوں اور چھوٹے کھیتوں کے مالکوں کو مدد دینے کی حد تک "امداد باہمی" کی قسم موزوں ترین ہے، اس لیے کہ وہ ارکان کے تعاون و تعامل اور جائداد مرہونہ کی باہمی ضمانت پر مبنی ہوتی ہے۔ لیکن حقیقت حال یہ ہے کہ ہندوستان میں سب سے زیادہ رواج "مثل امداد باہمی" قسم کا ہے۔ اگرچہ جملہ زمین گروی بنکوں میں امداد باہمی کے نظریے اور عمل کے عناصر معقول حد تک موجود ہیں، لیکن ان کو قرض گیرندوں کی محدود ذمہ داری کی انجمن خیال کیا جاتا ہے جس میں قرضہ نہ لینے والے چند افراد اس خیال سے شریک کر لیے جاتے ہیں کہ ابتدائی کاروبار کے لیے مطلوبہ اصل کو اور بہتر انتظام کے لیے مطلوبہ کاروباری و انتظامی قابلیت کو کشش و ترغیب ہو۔
غیر امداد باہمی یا تجارتی زمین گروی بنک غالباً بڑے بڑے زمینداروں یا 358

[1] دیکھو اسٹرک لینڈ کی کتاب موسوم بہ "یورپ کے طریق امداد باہمی کی تحقیق" صفحہ ۲ تا صفحہ ۴۔

باب ۱۰

صاحبان جائداد کی مالی مدد کے لیے زیادہ موزوں ہو سکتا ہے۔[1]

۲۱۔ ہندوستانی زمین گروی بنکوں کی سرگزشت[2]

ابتداءً ۱۸۶۳ء میں ایک کمپنی لینڈ مورگیج بنک اف انڈیا لمیٹڈ کے نام سے جس کا ذیلی لقب (Credit foncier Indien) تھا، لندن میں رجسٹر ہوئی۔ اس کمپنی کے ایجنٹ کلکتہ، بمبئی اور مدراس میں، اور تحتانی ایجنٹ بنگال، مدراس، اودھ وغیرہ صوبوں کے تمام بڑے شہروں، قصبات اور اضلاع میں موجود تھے۔ قرضے بہ یک وقت سات سال کے لیے، تا ۸ فی صد شرح سود پر دیئے جاتے تھے۔ بنک کا آغاز اچھی طرح ہوا اور تقریباً بیس سال تک وہ کامیابی کے ساتھ کاروبار کرتا رہا۔ لیکن اس کے بعد ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ بتدریج تنزل پذیر ہوا جس کے اسباب کے منجملہ چند یہ تھے:۔ اس کا چائے کے کاروبار کے لیے بڑی مقدار میں قرضے دینا (حالانکہ چائے کی قیمت اس زمانے میں گر رہی تھی)، تمام ملک میں دوامی بندوبست کی توسیع کے بارے میں بنک کی توقعات کا پورا نہ ہونا، بنگالی کوٹھیوں جیسے رقیبوں کا رونما ہونا، جنھوں نے زمینداروں کو قرضہ دینا شروع کیا۔ زمین گروی بنک کے کاروبار میں اس یورپین جوکھم کی ناکامی پر افسوس کرنے کی غالباً ضرورت نہیں ہے، اس لیے کہ جیسا کہ پنجاب گورنمنٹ نے ۱۹۰۸ء میں بتلایا، اہل ہند کی بہبود کے معاملے کو ایک ایسے طاقتور بنک کے تفویض کر دینا جس کا صدر دفتر لندن میں تھا اور جو وزیر ہند پر اثرات ڈال سکتا تھا سیاسی حیثیت سے قابل اعتراض تھا۔[3] پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ سر ولیم ویڈربرن کے منصوبے کے مطابق ۱۸۸۳ء میں پونا کے حلقے کے لیے ایک گروی بنک قائم کرنے کی تجویز ناکام رہی۔ سر فریڈرک لیل سن

---

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۹۸ تا ۱۹۹)

[2] ان بنکوں کی ابتدائی سرگزشت کے لیے دیکھو جے، سی، سنہا کا مضمون "زمین گروی بنکوں کے کاروبار" پر جو ہندوستانی معاشی کانفرنس منعقدہ لکھنؤ (۱۹۲۵ء) میں پڑھا گیا۔ ان کی موجودہ حالت کے لیے دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۲۰۴ تا ۲۱۰)۔

[3] دیکھو بی۔ جے۔ ساپورے کی کتاب موسوم بہ "معاشیات ہند کے اصلی اجزا" صفحہ ۲۲۶۔

باب ۱۰

نے ۱۸۹۵ء میں یہ خیال ظاہر کیا کہ زمین گروی بنک احاطۂ مدراس کی رعایا کے لیے موزوں نہیں تھے اور نہ ان کو ایسے بنکوں کی ضرورت تھی۔ ڈوپر نے اپنی کتاب موسوم بہ "شمالی ہند کے عوام کے بنک" میں اس بات کی حمایت کرتے ہیں کہ صوبۂ متحدہ کی مقروض وزیر بار ریاستوں کے فائدے کی غرض سے زمین گروی بنک قائم کئے جائیں۔ سر ڈنشا واچا بھی مصری وضع کے زمین گروی بنکوں کے بڑے حامی تھے اور ان ہی کو قرض داری کے مسئلے کا واحد اطمینان بخش حل خیال کرتے تھے۔ ۱۹۱۹ء میں سر جیمس مسٹن اس وقت کے وزیر مالیہ نے ان زمین گروی بنکوں کے حق میں تقریر کی جو زیادہ تر بعض مقامی اشخاص نے حوصلہ مندی کے ساتھ کھولے تھے اور جن کو بعض ذہین اور سربرآوردہ زمیندار مقامی انتظام و نگرانی میں چلا رہے تھے؛ لیکن اسی کے ساتھ سر جیمس مسٹن نے یہ بتلایا کہ حکومت کے لیے یہ مناسب نہ تھا کہ اس قسم کے کام کو بڑے پیمانے پر انجام دے۔ یہ معلوم ہوگا کہ 359
اکثر ابتدائی تجاویز میں رعایا کو ان کے کھیتوں کی ضمانت پر قرضہ دینے کا خیال اس لیے پیش نظر نہ تھا کہ ان کی بنیاد پر زیادہ تر بڑے زمینداروں کو قرضہ دینا مقصود تھا۔ لیکن اس کے بعد کے زمانے میں اس بارے میں خیالات میں تبدیلی واقع ہوئی ہے اور یہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ رعایا کی فلاح کے لیے ہندوستان میں ایسے بنک قایم کرنا سرکاری اور غیر سرکاری حلقوں نے اپنا مسلک قرار دے لیا ہے، چنانچہ حال ہی میں (۱۹۲۶ء میں) بمبئی کے مسجلوں کی ایک کانفرنس میں بھی یہی مسلک اختیار کیا گیا۔

اس معاملے میں پنجاب کو رہنما بننے کی عزت حاصل ہوئی۔ چنانچہ اس کا پہلا امداد باہمی کا زمین گروی بنک ۱۹۲۰ء میں بمقام جھنگ کھلا۔ چند ہی سالوں کے اندر ایسے بنکوں کی تعداد بڑھ کر بارہ ہو گئی۔ بدنصیبی سے اس وقت پنجاب میں یہ تحریک سرد پڑی ہوئی ہے نہ کوئی نئے بنک کھولے جا رہے ہیں اور نہ نئے قرضے دیے جا رہے ہیں۔ زمین گروی بنکوں کے کاروبار کا جو تجربہ بطور رہنمائی کیا گیا تھا اس کی ناکامی کے چند اہم اسباب یہ معلوم ہوتے ہیں:- قرضہ دینے میں بے احتیاطی، قرضوں کی کفالت اور قرضہ حاصل کرنے کی غرض کے بارے میں نظما کی طرف سے

باب

مناسب تحقیقات کا فقدان، اور قرضے منظور کرنے میں نظما کو غیر محدود اختیار تمیزی حاصل ہونا جس کو غیر عاقلانہ طور پر کام میں لایا گیا۔ اس کے علاوہ دوسرے عاملین بھی برسرکار رہے۔ جب بنک کھلے تو قیمتیں بہت اعلیٰ سطح پر تھیں اور زرعی خوشحالی کا معیار بھی بڑھا ہوا تھا۔ اس کے بعد جو کساد بازاری رونما ہوئی اس نے واجبات کو پورا کرنے کی حد تک قرض گیرندوں کی حیثیت پر برا اثر ڈالا۔ غیر نفع بخش قیمتوں پر زمین خریدنے کا جنون بھی شروع ہوا، اور زمین کا قرضہ ادا کرنے کے لیے جو زر مستعار لیا گیا اس کو زمین کی خریداری میں مشغول کیا گیا۔ نظما کی بدعہدی، طرفداری اور کرم نمائی نے صورت حال میں مزید پیچیدگی پیدا کر دی۔[1]

مدراس، بنگال اور آسام میں بھی اسی قسم کے بنک کھولنے کی تدابیر اختیار کی گئیں اور بمبئی میں اس قسم کے ۱۳ ادارے ریاستہائے متحدۂ امریکا کی قومی زرعی قرضے کی انجمنوں کے نمونے پر صوبے کے منتخب اضلاع میں قائم ہو چکے ہیں۔ حکومت برمانے تجربے کے طور پر ایک تجویز کو منظور کر لیا ہے۔ صوبۂ متوسط کی حکومت نے ۱۹۳۵ء میں امداد باہمی کے ۱۰ زمین گروی بنک قائم کئے اور ۵ لاکھ روپیہ کی حد تک اصل اور سود کی ضمانت دی۔ جرمنی کے زمین گروی بنکوں (Landschaften) کی کامیابی نے ہندوستان میں زمین گروی بنک قائم کرنے کی تحریک کو بہت بڑی حد تک متاثر کیا ہے؛ اور ہندوستان میں خاص کر شاہی زرعی کمیشن، بنک کاری کی صوبہ واری تحقیقاتی کمیٹیوں اور مرکزی تحقیقاتی کمیٹی نے اس نمونے پر بنک قائم کرنے کے مسئلے کی بغور تحقیق کی ہے۔ حال کی کساد بازاری کے زمانے میں صوبہ واری حکومتیں اس 360
مسئلے کی طرف روز افزوں توجہ دے رہی ہیں، اور مرکزی حکومت بھی زمین گروی بنکوں کے قائم کرنے میں پوری دلچسپی لے رہی ہے، چنانچہ دہلی میں اپریل ۱۹۳۴ء میں جب صوبہ واری معاشی کانفرنس منعقد ہوئی تو اس کے ایجنڈا کی ایک اہم مد ان ہی بنکوں کے کھولنے کا مسئلہ تھا۔

---

[1] "زمین گروی بنکوں کے بارے میں پنجاب کے تجربے" کے متعلق دیکھو شیخ عطاء اللہ کا سبق آموز مضمون انڈین جرنل آف اکنامکس بابت جنوری ۱۹۳۴ء میں۔

باب ۱۰

موجودہ زمانے میں زمین گروی بنکوں کی توسیع کے لیے بعض حالات موافق ہیں۔ چنانچہ اولاً تو یہ کہ دیہی علاقوں کے قرض دہندے چھوٹی لیکن یقینی اقساط بصورت نقد قبول کرکے اپنے بقایا کے بڑے حصے کو معاف کرنے کے لیے آمادہ ہیں؛ چنانچہ ان بنکوں کی طرف سے واجب الادا قرضوں میں بڑی حد تک کمی کرنے کے خیال سے مصالحت قرضہ کے پروگرام پر عمل کیا جاسکتا ہے۔ دوسرے یہ کہ زر کے بازار میں ارزاں زر کی کثیر مقدار آسان شرائط اور عمدہ ضمانت پر دستیاب ہوسکتی ہے۔" اب یہ بنکوں کا کام ہے کہ زر کی ارزانی سے فائدہ اٹھائیں اور کسان کی مدد کریں جو پیداوار کی ارزانی کے باعث مشکلات میں پھنسا ہوا ہے۔ زرعی پیداوار کی قیمتوں کی کمی کے مدنظر یہ ضروری ہوگیا ہے کہ کسان کی آمدنی کو بڑھانے کے ذرائع اختیار کیے جائیں اور اس کو زرعی اصلاح و ترقی مثلاً کھیتوں کے انضمام (اشتمال) معمولی آب پاشی، جانوروں کی پرورش اور ان کی نسل کی افزائش، گٹھر باندھنے اور بہتر قسم کے آلات کشاورزی وغیرہ کے لیے قرضے دیے جائیں۔[1]

۲۲۔ زمین گروی بنکوں کو سرکاری امداد

ہندوستان میں زمین گروی بنکوں کے کاروبار کو کامیابی سے چلانے کے لیے سرکاری مدد کی اہمیت پر ہمیں زور دینے کی بہ مشکل ضرورت ہے۔ سرکاری امداد حسب ذیل شکلوں میں دی جاسکتی ہے:۔ اصل رقم قرض اور سود دونوں کی واپسی کے بارے میں ضمانت، زمین کی کفالت کے بونڈ یا ڈیبنچروں کے ایک جزو کی حکومت کی طرف سے خرید[2]، ایسے بونڈوں کے متعلق

[1] دیکھو بمبئی کی زمین گروی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۱ تا ۱۲۔

[2] زرعی کمیشن اس امر کی تائید کرنے کے باوجود کہ حکومت زمین گروی بنکوں کو ان کے ڈیبنچروں کے سود کی ضمانت کی شکل میں مدد دے، اس کی کوئی سفارش نہیں کرتا کہ حکومت ڈیبنچروں کا کوئی جزو خریدے، اگرچہ وہ یہ تسلیم کرتا ہے کہ اس قسم کی ہمت افزائی شروع شروع میں ضروری ہوسکتی ہے۔ چنانچہ ایسی ہمت افزائی اعتماد پیدا کرنے کے لیے ایسے زمانے تک ضروری ہے جب تک کہ گروی بنک اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کے قابل نہ ہوجائیں۔ علاوہ ازیں کمیشن یہ مشورہ بھی دیتا ہے کہ ان بنکوں کو چاہیے کہ "قانون قرضہ برائے اصلاح

باب ۱۱

تولیتی تمسکات[1] ہونے کا اعلان، گروی دار کی حیثیت سے بنک کو خاص سہولتوں اور حقوق کا عطا کرنا، جیسا کہ جرمنی میں ہوتا ہے، انجمن ہائے امداد باہمی جن مراعات سے متمتع ہوتے ہیں ویسی مراعات ان کو عطا کرنا، اور کاروبار کے مصارف کو پورا کرنے کے لیے مالی امداد دینا۔ اس قسم کی سرکاری مراعات کی عدم موجودگی میں اس کا قرینہ نہیں ہے کہ زمین گروی بنک اپنے بونڈ بازار میں مناسب قیمت پر اور معتدل شرح سود پر فروخت کرنے کے قابل ہوں گے۔ بمبئی کے پرادنشل کوآپریٹو بنک کی طرف سے ۱۰ لاکھ روپے کے ڈیبنچروں کا کامیاب اجرا جس پر وزیر ہند کی جانب سے ۴ فی صد سود کی ضمانت دی گئی تھی، اس سلسلے میں ہمت افزائی کی مثال کی طور پر پیش کیا جاسکتا ہے۔ زرعی کمیشن یہ سفارش کرتا ہے کہ ہر بنک کی انتظامی کمیٹی میں ایک سرکاری رکن ہونا چاہئے تاکہ سرکاری اغراض کی حفاظت کرے اور مسلسل عمدہ انتظام کا یقین دلائے[2]۔

361

زرعی کمیشن یہ بتلاتا ہے کہ زمین گروی بنکوں کی تنظیم میں احتیاط کی بہت ضرورت ہے۔ ایسے بنک نہایت گہری ابتدائی تحقیق کے بعد قائم کرنے چاہئیں، ان کا دستور اور کاروبار حتی الامکان سادہ ہونا چاہئے؛ انتظام نہایت اعلیٰ درجے کا ہونا چاہئے اور قرضے کی بروقت واپسی کی بہ جبر پابندی کرانی چاہئے۔ خراب بنک کی کوتاہی اچھے بنکوں کی نیک نامی پر بٹہ لگا سکتی اور اس طرح ڈیبنچروں میں عوام کے اعتماد کو تباہ کرسکتی ہے۔ اس امر کی نگرانی بھی ضروری ہے کہ زمین گروی بنک

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ:- ترقی یافتہ راضی" کے تحت قرضوں کی تقسیم کے لیے مناسب واسطہ قائم کریں" (دیکھو رپورٹ فقرہ ۳۰۲)۔ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی اصل رقم قرضہ کی واپسی کے بارے میں حکومت کی طرف سے خاص ضمانت دیئے جانے کو پسند نہیں کرتی، لیکن اس بارے میں بھی اس کو کوئی اعتراض نہیں ہے کہ اگر کسی صوبے میں ضرورت ہو تو حکومت ڈیبنچر خریدے" (دیکھو رپورٹ، فقرہ ۲۲۱)۔

[1] مرکزی مجلس قانون ساز میں حال ہی (۱۹۳۲ء) میں انڈین ٹرسٹی ایکٹ میں جو ترمیم ہوئی ہے اس کی رو سے زمین گروی بنکوں کے جاری کردہ ڈیبنچروں کو تولیتی تمسکات کی فہرست میں شامل کرلیا گیا ہے۔

[2] دیکھو رپورٹ کا فقرہ ۳۰۳؛ نیز دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۲۱۷ تا ۲۲۹۔

باب ۱۰

ترقی کر کے ایسے ادارے کی شکل نہ اختیار کر لیں جو آبائی جائداد کے مالک سے اس کی املاک چھین لے[1] قرضہ دینا اگر قرض گیرندے کے لیے معاشی لحاظ سے منفعت بخش نہ ہو تو اس کو قرض نہ دینا چاہیے۔

۲۳۔ مدراس اور بمبئی کی تجاویز

امداد باہمی کے اصول پر زمین گروی بنکوں کی تنظیم کے متعلق بمبئی اور مدراس کی تجاویز کی جانچ سے ایسے بنکوں کی ہیئت ترکیبی، مالیہ اور انتظام پر روشنی پڑے گی۔ (۱) مدراس کی تجویز —

۱۹۲۴ء تا ۱۹۲۵ء میں خصوصی زمین گروی بنکوں کی ایک تجویز منظور ہوئی۔ "اس تجویز کا اولین مقصد یہ ہے کہ زرعی زمین کی گروی کی ادائی میں سہولت پیدا کی جائے اور اس طرح رعیت کو گروی کے قرضوں کی زیر باری سے نجات دلائی جائے۔ زمین گروی بنکوں کے مقاصد میں زرعی زمینوں اور طریق کاشت کی اصلاح و ترقی شامل ہوگی۔ مجوزہ بنکوں کے ارکان کو دیے جانے والے قرضوں کی کفالت زرعی زمین کی گروی کے ذریعے سے کی جائے گی اور کاروباری اصل کا بیشتر حصہ ڈیبنچروں کے اجرا کے ذریعے سے حاصل کیا جائے گا جن کی کفالت مرہونہ اراضی سے ہوگی"۔ حکومت مدراس نے جاری کردہ ڈیبنچروں کی نصف تعداد ڈھائی لاکھ روپے کی انتہائی مقدار تک خریدنے کی ذمہ داری لی، بشرطیکہ عوام کم از کم اتنی ہی مقدار میں ڈیبنچر خریدیں۔ اس قسم کی سرکاری امداد کا مقصد عوام میں اعتبار و اعتماد پیدا کرنا اور انھیں زمین گروی بنکوں کے ڈیبنچر خریدنے کی ترغیب دینا ہے۔ کاروباری اصل کا ایک جزو ڈیبنچروں اور امانتوں (موخر الذکر تین سال سے کم کے لیے قبول 362
نہیں کی جاتیں) کے علاوہ حصص کے اصل پر مشتمل رکھا گیا اور حصص کی قیمت کم رکھی گئی تاکہ چھوٹا کسان بھی بنک میں حصہ لینے کے قابل ہو۔ ان بنکوں کو تری کے بیش بہا رقبوں تک محدود رکھا گیا۔

یہ مناسب سمجھا گیا کہ کاروبار کے لیے ایک محدود رقبہ ہو جو بنک کے صدر مرکز سے چھ یا سات میل کے اندر کے دیہات پر مشتمل ہو تاکہ باہمی معلومات

---

[1] دیکھو رپورٹ فقرہ (۳۰۲)۔

باب ۱۰

کسی حد تک حاصل رہیں اور گروی کی جانے والی زمین کی شناخت اور قیمت کی تشخیص میں بنک کو سہولت ہو اور پیشہ ور ماہروں کی مدد کی ضرورت نہ ہو۔ لیکن بعد میں یہ رجحان رونما ہوا کہ اس محدود رقبے کو وسیع کیا جائے۔ کئی کسانوں نے جو اس رقبے میں ارضی جائداد کے مالک تھے اور جنھوں نے قرض دہندوں کے پاس زمین گروی رکھوائی تھی اتحاد باہمی کے ذریعے سے امداد باہمی کا زمین گروی بنک قائم کیا۔ مرکزی زمین گروی بنک کے قائم ہونے سے پیشتر قدیم تجویز کو اس طرح بیان کیا گیا ہے "کسان اپنی زمینوں کو بنکوں کے پاس مکرر رہن رکھوائیں گے اور بنک ان کفالتوں کی ضمانت پر ڈیبنچر جاری کرے گا۔ یہ ڈیبنچر کھلے بازار میں فروخت کئے جائیں گے اور محصلہ رقم کو بنک اپنے ارکان کو قرضہ دینے کے کام میں لائے گا، یعنی رہن ناموں کے معاوضے میں انھیں رقم ادا کرے گا.... ڈیبنچروں کی مجموعی قیمت، ان مرہونہ جائدادوں کی مجموعی قیمت سے متجاوز نہ ہوگی جو ارکان کے ایک گروہ کی جانب سے جن کے لیے ڈیبنچروں کا خاص سلسلہ جاری کیا گیا ہو پیش کئے جائیں"۔ ڈیبنچر کے اجرا کی مدت معمولی طور پر بارہ سال سے کم اور بیس سال سے زائد نہ ہوتی تھی اور سود کی شرح ۵ فی صد سے متجاوز نہ ہوتی تھی۔ ڈیبنچروں پر ادا کئے جانے والے سود کی شرح ابتدا ۴½ فی صد مقرر کی گئی۔ مسجل کو ان بنکوں کا امین یا متولی مقرر کیا گیا تاکہ وہ ڈیبنچروں کے قابضوں کے اغراض کی حفاظت کرے[1]۔ ان بنکوں کی تنظیم "محدود ذمہ داری" کی بنیاد پر عمل میں آئی، اس لیے کہ ایک شخص بہ یک وقت دو غیر محدود ذمہ داری کی انجمنوں کا رکن نہیں بن سکتا۔ قرضے کی کفالت کے طور پر جو زمین گروی کی جائے اس کی مالیت قرضے کی مقدار سے کم از کم دوگنی ہونی چاہیئے[2]۔ جیسا کہ مدراس

[1] جرمنی کے مشہور زمین گروی بنکوں Landschaften کی حد تک گروی کے تمسکات اور مکفولہ جائداد (جس پر اول الذکر مبنی ہوتے ہیں) کے باہمی قانونی تعلق کی ضمانت ایک خاص نگرانی کے کمیشن کے ذریعے سے کی جاتی ہے۔

[2] دیکھو مسجل مدراس کی تجویز کا مسودہ جو انھوں نے اپنے مراسلہ نمبر سوسوئہ وزیر ہند (صیغہ ترقیات) میں بتاریخ یکم جون ۱۹۲۴ء پیش کی تھی۔

کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی (۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۱ء) نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے، زمین گروی بنکوں کی تعداد ۲۰ تھی۔ ان کے منجملہ صرف آٹھ نے ڈبنچر جاری کئے۔ سرکاری امداد کے باوجود ان بنکوں نے بحیثیت مجموعی محدود ترقی کی جس کا باعث زیادہ تر یہ تھا کہ وہ اپنے ڈبنچر عوام کے ہاتھ فروخت کرنے سے قاصر رہے۔ امداد باہمی کے بارے میں جو ٹاؤنسنڈ کمیٹی (۱۹۲۱ء تا ۱۹۲۵ء) مقرر کی گئی اس نے ان بنکوں کی صورت حال کی جانچ پڑتال کی اور یہ پایا کہ یہ بنک اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتے جب تک کہ ایک مرکزی زمین گروی بنک 363
قائم نہ کیا جائے جس کے ارکان میں افراد اور معمولی زمین گروی بنک ہوں اور جو معمولی زمین گروی بنکوں کی طرف سے مرکزی بنک میں منتقلہ کفالتوں کی مالیت کے مطابق ڈبنچر جاری کرے[1]۔ چنانچہ مرکزی زمین گروی بنک مدراس میں دسمبر ۱۹۲۹ء میں قائم کیا گیا اور اس کا مقصد بڑی حد تک مدراس کی تجویز کے ایک سنگین نقص کو دور کرنا ہے، اور وہ نقص یہ ہے کہ مدراس میں منتشر غیر منظم اور چھوٹے زمین گروی بنک کثیر تعداد میں ہیں جو بازار میں ایک دوسرے کے مقابلے میں ڈبنچروں کی بھرمار کرتے ہیں۔ مدراس گورنمنٹ نے اس مرکزی بنک کو کچھ سہولتیں عطا کی ہیں، مثلاً ایک تو یہ کہ ابتدائی پانچ سالوں میں بنک جو ڈبنچر ۵۰ لاکھ کی حد تک جاری کرے اس پر ۶ فی صد شرح سود کی ضمانت دیگئی ہے جو ڈبنچر کے اجرا کی پوری مدت کے لیے رہے گی؛ حال ہی میں (۱۹۳۵ء میں) اس حد کو ایک کروڑ روپے تک وسیع کر دیا گیا ہے۔ دوسرے یہ کہ دو نائب سجل کی خدمات مستعار دی گئی ہیں تاکہ وہ مقامی زمین گروی بنکوں کا معائنہ کریں، اور دس مددگار نائب سجل مقرر کیے گئے ہیں تاکہ وہ مقامی زمین گروی بنکوں کی طرف سے تحقیقات میں ہاتھ بٹائیں؛ اور تیسرے ۲۵ ہزار روپے کی مالی امداد مرکزی بنک کے کاروبار کے مصارف کے لیے دی گئی ہے۔ حکومت

---

[1] زرعی کمیشن اور مرکزی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی بھی ڈبنچروں کے اجرا کے لیے ایک مرکزی بنک قائم کرنے کی سفارش کرتی ہے۔

کے اغراض کی حفاظت کے لیے بورڈ میں حکومت کی نمایندگی رجسٹرار اور رجسٹرار کا نامزد کردہ ایک شخص جس کے لیے حکومت کی منظوری ضروری تھی کرتا تھا۔" مرکزی زمین گروی بنک" کی پہلی مجلس نظما میں امداد باہمی کے سربرآوردہ حامیوں کے علاوہ احاطۂ مدراس کے ذی حیثیت کاروباری اشخاص اور قوی کارکن شریک کیے گئے۔ بنک کی طرف سے ڈبنچر جاری ہوئے تو شغل اصل کرنے والے عوام نے اس کا اچھا جواب دیا۔ بنک کی ترقی کی رفتار بہت اچھی اور رحمی ہوئی رہی، البتہ صرف ۱۹۳۱ء تا ۱۹۳۲ء کے عارضی زمانے میں جمود طاری رہا جو سخت مالی پریشانی کا سال تھا۔[1] مرکزی زمین گروی بنک سے ۶۲ ابتدائی زمین گروی بنک ملحق ہیں اور اس بنک میں ۱۹۰ منفرد ارکان بھی شریک ہیں۔ بنک نے نومبر ۱۹۳۵ء تک ۵۸ ½ لاکھ روپے کی مالیت کے ڈبنچر جاری کیے جن میں سے ۲۵ ½ لاکھ روپے کے ڈبنچر ادا ہوئے۔

قانون "زمین گروی بنک امداد باہمی مدراس" بابت ۱۹۳۴ء کی رو سے مقامی حکومت کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ مرکزی زمین گروی بنک کے جاری کیے ہوئے ڈبنچروں (اصل اور سود) کی ضمانت دے اور بنک کو کارگر اختیارات دیے گئے ہیں کہ ادائی میں کوتاہی کرنے والوں سے رقم وصول کرے۔ قانون مذکور کی رو سے کئی قانونی مزاحمتیں بھی دور ہوگئیں جو ان بنکوں کے کامیابی کے ساتھ کاروبار کرنے کی راہ میں رکاوٹ پیدا کرتی تھیں۔

(۲) بمبئی کی تجویز۔ احاطۂ بمبئی کے لیے زمین گروی بنک قائم کرنے کے مسئلے پر ابتداءً اپریل ۱۹۲۳ء میں گجرات کی علاقہ داری امداد باہمی کانفرنس میں غور کیا گیا۔ ستمبر ۱۹۲۶ء میں حکومت بمبئی نے اس وقت کے رجسٹرار مسٹر جے۔ اے مدن آئی، سی، ایس کی مرتبہ تجویز کے مسودے کو منظور کر لیا جس پر وزیر امداد باہمی کی طلب کردہ کانفرنس اور ایک خاص کمیٹی پہلے غور کر چکی تھی۔ حکومت نے تجربے کے طور پر دو زمین گروی بنکوں کی رجسٹری دھارواڑ اور بروچ کے اضلاع کے لیے منظور کی۔ 364

[1] دیکھو ٹی، آسٹن آئی، سی، ایس کا مضمون "احاطۂ مدراس کے زمین گروی بنکوں" پر ایک رسالہ موسوم بہ "انڈین کوآپریٹو ریویو" بابت جنوری ۱۹۳۵ء میں۔

حاشیہ

یہ بنک ریاستہائے متحدہ امریکا کی قومی زراعتی قرضی انجمن کے نمونے پر قائم کئے گئے اور طے پایا کہ ان کی مالی مدد عارضی طور پر بمبئی کا صوبہ واری امداد باہمی بنک کریگا۔ حکومت نے اس بات کو بھی منظور کر لیا کہ اس صوبہ واری بنک کے ۵ لاکھ روپے کے ڈبنچر خریدے جن کی شرح سود ۴ فی صد تھی۔ زمین گروی بنکوں کو سرمایہ کافی مقدار میں فراہم کرنے کی غرض سے ہر بنک کے لیے زمین کی مالیت کی تشخیص کے ایک افسر کی خدمات ایک سال تک مفت مہیا کرنے کا بھی انتظام کیا گیا۔ بعد میں چل کر پاچورا واقع مشرقی خاندیس کے لیے ایک زائد شاخ کھولنے کی منظوری دی گئی، چنانچہ ۱۹۲۶ء میں اس کی رجسٹری ہوئی۔ جنوری ۱۹۲۹ء میں دھارواڑ اور بروچ کے بنکوں کی رجسٹری ہوئی۔ حکومت نے صوبہ واری امداد باہمی بنک کے جاری کئے ہوئے دو لاکھ روپے کے مالیتی ڈبنچر خریدے۔ صوبہ واری امداد باہمی بنک نے اپنے نئے فرائض انجام دینے کے لیے ایک الگ شعبہ زمین گروی کے لیے کھولا۔ بروچ اور دھارواڑ کے بنک تو کل ضلع کے ارکان کی مالی مدد کر رہے تھے اور پاچورا بنک کے کاروبار صرف تعلقے تک محدود رہے۔ ہر قرضے کی آخری منظوری صوبہ واری امداد باہمی بنک بمبئی اور رجسٹرار سے حاصل کرنی پڑتی تھی۔ انفرادی قرضے کی حد دس ہزار روپیہ مقرر کی گئی۔ قرضوں کا بیشتر حصہ پچھلے قرضوں کی ادائی کے لیے دیا گیا اور صرف چند ہی صورتوں میں قیمتی کلیں اور مشین نصب کرنے اور زمین کی اصلاح و ترقی کی غرض سے قرضے دیے گئے۔ رکنیت صرف قرض گیرندوں تک محدود تھی، لیکن آیندہ قرضہ لینے والے بھی شریک ہو سکتے تھے۔

ضلع بروچ کا تجربہ بہت ہی ہمت افزا ثابت ہوا، لیکن زمین گروی کمیٹی بمبئی نے جس کو حکومت بمبئی نے امداد باہمی گول میز کانفرنس منعقدہ پونا (۱۹۳۲ء) کی سفارش پر ان بنکوں کے کاروبار کی جانچ کے لیے مقرر کیا تھا، پاچورا بنک اور دھارواڑ بنک کے بارے میں چند نقائص بے نقاب کئے۔ چنانچہ یہ پایا گیا کہ قرض گیرندوں کی ادائی کی قابلیت کے اندازے ناقص تھے اور یہ کہ قیمتوں کے تغیرات اور ناموافق موسموں کا کافی لحاظ نہیں رکھا گیا تھا۔ اس کے

باب ۱۰

علاوہ چند دستوری نقائص بھی تھے، مثلاً صرف قرض گیرندے اور آیندہ قرض لینے والے ہی رکن بن سکتے تھے اور اس کے نتیجے کے طور پر ناموافق سالوں میں ابتدائی بنکوں کی مجالس نظما کی جانب سے اقساط کی ادائی کے لیے کافی دباؤ نہیں ڈالا جاتا تھا۔ ان مجالس کو اس قدر محدود اختیارات حاصل تھے کہ ان کو بنکوں کے کاروبار میں دلچسپی بڑھانے کے محرک کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا تھا۔

365 لیکن جیسا کہ زمین گروی کمیٹی بمبئی نے بتلایا، یہ ایسے اعتراضات نہیں ہیں جن کو دور نہ کیا جا سکتا ہو یا جو ان بنکوں کی کامیابی کی راہ میں رکاوٹ ہوں۔ اس لحاظ سے کمیٹی نے پرزور سفارش کی کہ صوبۂ بمبئی کے مختلف اضلاع میں زمین گروی بنک کھولے جائیں اور اس کے لیے ایک مرمہ تجویز مرتب کی جس میں ڈیبنچر جاری کرنے کے لیے امریکی طریق کے "وفاقی زمین بنک" کے حامل ایک الگ مرکزی زمین گروی بنک قائم کرنے کا انتظام بھی شامل تھا۔ صوبہ واری امداد باہمی بنک بمبئی عوام سے کم مدت کی امانتیں وصول کرتا ہے اور نہ صرف معمولی ابتدائی قرضی انجمنوں کے لیے بلکہ چھوٹی مدت کے قرضے دینے والے ضلع واری مرکزی امداد باہمی بنکوں کے لیے بھی صدر مرکزی بنک کا کام کرتا ہے، لیکن وہ ابتدائی زمین گروی بنکوں کو قرضہ اور مالی مدد دینے کے لیے بالکل ناموزوں ہے[1]۔ علاوہ ازیں موخرالذکر ایک خاص طرز کا کاروبار ہے جس کو علیحدہ انجام دینے کی ضرورت ہے اور جو خاص طور پر ماہر عملہ چاہتا ہے۔

حکومت بمبئی نے حال ہی میں (یعنی ۱۹۳۵ء میں) زمین گروی کمیٹی کی سفارشوں کو عملی جامہ پہنایا۔ تجربے کے طور پر پہلے جو تین بنک کھولے گئے تھے ان کے علاوہ یکم اپریل ۱۹۳۵ء سے مزید ۱۰ ابتدائی زمین گروی بنکوں کی رجسٹری ہوئی ہے اور اس طرح اب مجموعی تعداد ۱۳ ہو گئی ہے۔ کاروبار کا رقبہ ایسے مقامات تک محدود کر دیا گیا ہے جہاں قلت و قحط کا امکان کم ہے اور جن میں امداد باہمی کی تحریک نے معقول ترقی کر لی ہے۔ اسی کے ساتھ ایک جدید مرکزی زمین گروی بنک کھولنے

---

[1] دیکھو بمبئی کی بنک کاری کی "تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۱۱۶) اور بمبئی کی زمین گروی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۲۱)۔

کی تدابیر اختیار کی گئیں۔ چنانچہ صوبہ واری امداد باہمی زمین گروی بنک بمبئی کی رجسٹری قانون امداد باہمی بمبئی کے تحت ۱۰ دسمبر ۱۹۳۶ء کو ہوئی۔ اس کا اجازتی اصل دس لاکھ روپیہ تھا جس میں سے نصف کی ادائی بنک کھلنے کے چھ مہینے کے اندر ضروری تھی۔ سرلالو بھائی سالمداس اس بنک کے پہلے صدر رہیں۔

نئے بنک کے اہم فرائض یہ ہوں گے کہ ڈیبنچر جاری کرکے ابتدائی زمین گروی بنکوں کو قرضہ دیا جائے' ان کے کاروبار کا معائنہ کیا جائے اور ان کو مشورہ اور مدد دی جائے۔ یہ بنک مساوات پر ڈیبنچر جاری کرے گا جس کے ساتھ سودی پرچے بھی ہوں گے جن کی مدت ۲۵ سال سے متجاوز نہ ہوگی۔ بمبئی کی مجلس قانون ساز نے گزشتہ سال (۱۹۳۵ء) کے موازنے کے اجلاس میں ایک قرارداد منظور کی جس میں حکومت کو مجاز گردانا گیا کہ بنک کی طرف سے ۵۰ لاکھ روپے کی حد تک جو ڈیبنچر جاری کئے جائیں ان کے اصل اور سود کے بارے میں ضمانت دی جائے۔ لیکن حکومت نے صرف دس لاکھ روپے کی حد تک ڈیبنچر جاری کرنے کی عارضی منظوری دی۔ اب یہ اعلان کیا گیا ہے کہ یہ ڈیبنچر تو یقینی تمسکات ہیں۔ اس لحاظ سے یہ یقینی ہے کہ وہ شغل اصل کا ایک مقبول عام ذریعہ ثابت ہوں گے۔

366 صوبہ واری زمین گروی بنک' ابتدائی گروی بنکوں کی وساطت سے کسانوں کو ان کی زمینوں کی کفالت پر قرضے دے گا۔ ابتدائی بنک' زمینوں کے حق ملکیت' آمدنی اور کسانوں کی ادائی قرضہ کی قابلیت کی تحقیقات کریں گے۔ قرضے صرف ارکان کو دیے جائیں گے اور وہ بھی ابتدائی بنکوں کی مجلس نظما کی سفارش پر جس کا صوبہ واری زمین گروی بنک کے پاس پیش ہونا ضروری ہے۔ منفرد ارکان کو اس طرح جو قرضے دیے جاسکتے ہیں ان کی انتہائی مقدار دس ہزار روپے تک محدود رکھی گئی ہے۔ اس انتہائی مقدار کے تابع کوئی رکن ابتدائی بنک سے اپنے حصص کے ادا شدہ اصل کی بیس گونہ مقدار یا اپنی غیر منقولہ جائداد کی نصف قیمت سے زائد قرضہ نہیں لے سکتا۔ کوئی قرضہ بیس سال سے زائد مدت کے لیے نہیں دیا جاسکتا۔ صوبہ واری بنک کی طرف سے ابتدائی بنکوں کو اور ابتدائی بنکوں کی طرف سے افراد کو ابتدائی حالتوں میں قرضے دیے جانے کی صورت میں رجسٹرار کی منظوری ضروری ہے۔ ابتدائی بنک

باب ۱۰

کے دیے ہوئے قرضے کے سود کی شرح اس شرح سے صرف ½ ۱ فی صد زائد ہونی چاہیئے جو صوبہ واری زمین گروی بنک وصول کرتا ہے۔ توقع کی جاتی ہے کہ اس طرح ارکان ½ ۶ فی صد شرح پر قرضہ حاصل کرنے کے قابل ہوں گے۔ یہ شرح ان موجودہ بھاری شرحوں سے بہت کم ہوگی جو قرض دہندے کسان قرض گیرندوں سے وصول کرتے ہیں۔ چنانچہ خود یہی چیز قرضداروں کے ذمے کے موجودہ واجبات کو بہت بڑی حد تک کم کر دیگی۔ قرضے کی ادائی یا تو اصل کی مساوی سالانہ اقساط سے ہوگی اور باقی رقم پر سود لیا جائے گا یا اصل اور سود ملا کر مقررہ سالانہ اقساط سے ہوگی۔ ابتدائی بنک جن زمینوں کو گروی لیں گے وہ مرکزی زمین گروی بنک کے پاس اس قرضے کے لیے بطور کفالت رکھی جائینگی جو موخر الذکر دے گا۔ اس طرح قرضہ دینے والے بنک کے پاس اچھی کفالت رہے گی۔

ابتداءً قرضے زیادہ تر پرانے قرض ادا کرنے کی غرض سے دیے جائیں گے۔ یہ بنک 'خانگی انجمن ہائے مصالحت کی وساطت سے قرض دہندوں اور لین داروں سے معاملہ کریں گے اور قرض دہندہ کی واپس شدنی رقم میں کمی کرانے کی غرض سے قرض دہندے کے اس اضطراب سے فائدہ اٹھائیں گے جو اس کو اپنی رقم کی واپسی کے بارے میں ہوگا۔ ممکن ہے کہ ابتدائی بنک 'زراعت کی پیداآوری بڑھانے کی غرض سے اپنی جدوجہد کو وسیع کریں اور اصلاح و ترقی کے کام کے لیے جس میں قیمتی زرعی پلانٹ اور کلوں کا خریدنا اور نصب کرنا شامل ہے قرضہ دیں۔[1]

حکومت بمبئی نے یہ طے کیا ہے کہ صوبہ واری امداد باہمی زمین گروی بنک جو ڈیبنچر جاری کرے اس کے اصل اور سود دونوں کی ضمانت دے کر بنک کی معقول مدد کرے اور اس کے علاوہ حسب ذیل مراعات عطا کرے:- (۱) رسوم عدالت اور رسوم رجسٹری سے استثناء اور بنک کے نفع اور حصوں کے مقسوم پر انکم ٹکس کی معافی 'جیسا کہ دوسری انجمن ہائے امداد باہمی کے بارے میں کیا جاتا ہے' اور (۲) سالانہ مالی امداد دینا تاکہ ابتدائی تین سالوں میں بنک کے کاروبار میں جو گھاٹا آئے اس کو دور کیا جائے اور 367

[1] دیکھو صوبہ واری امداد باہمی زمین گروی بنک لمیٹڈ بمبئی کے ذیلی قواعد اور ابتدائی زمین گروی بنک کے ذیلی قواعد (دو ورقی رسالہ نمبر "ال' ال")۔

باب ۱۰

پہلے سال دس ہزار روپے کی انتہائی مقدار دی جائے اور تیسرے سال اس کو کم کرکے ۶۰۰۰ روپیہ کر دیا جائے۔ اس امداد کے علاوہ ۵ ہزار روپیہ سالانہ امداد ابتدائی بنکوں کو ان کے کاروباری مصارف پورے کرنے کے لیے دی جاتی ہے۔ حکومت نے اپنے اغراض کی حفاظت کرنے اور بنکوں کی کاروباری عمدگی کو یقینی بنانے کے لیے صدر مرکزی بنک کی مجلس میں اپنا نمایندہ رجسٹرار کو اور ابتدائی بنکوں کی مجلسوں میں رجسٹرار کا نامزد کردہ شخص مقرر کیا ہے۔ یہ رعایتیں اسی نہج پر دی گئی ہیں جس پر آنجہل احاطۂ مدراس میں عمل ہو رہا ہے۔

صوبہ واری زمین گروی بنک کی رکنیت کا دروازہ نہ صرف افراد کے لیے بلکہ ابتدائی بنکوں اور امداد باہمی کی انجمنوں کے لیے بھی کھلا ہوا ہے۔ اگرچہ مخلوط رکنیت، امداد باہمی کے باضابطہ رسمی طریقے سے انحراف ہے، لیکن افراد کے داخلے کا خیر مقدم کرنا چاہئے؛ اس لیے کہ ان کی موجودگی کی بدولت بنک کو شغل اصل کرنے والے عوام کا اعتماد یقینی طور پر حاصل ہوگا اور کاروباری اصول کی سختی سے پابندی کی جائے گی۔ ذیلی قواعد کی رو سے مقسوم طلبی کو رد کا گیا ہے، چنانچہ خالص نفع میں سے ۲۵ فی صد کو سرمایۂ محفوظ میں رکھنا ضروری ہے اور حصوں پر ۶½ فی صد مقسوم سے زیادہ ادا کرنے پر بندش قائم کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ابتدائی بنکوں کے لیے یہ انتظام کیا گیا ہے کہ وہ صدر مرکزی بنک کی مجلس نظما میں حسب ضرورت نمایندے بھیجیں۔ چنانچہ ان کو مجاز کیا گیا ہے کہ وہ پندرہ نظماء کی مجموعی تعداد میں سے پانچ کا انتخاب پانچ حلقہ ہائے انتخاب میں رائے شماری کے ذریعے سے کریں۔ باقی دس نظما کی تقسیم حسب ذیل کی گئی ہے:- (۱) رجسٹرار، بنک کے حصہ داروں میں سے دو کی نامزدگی حکومت کی منظوری سے کرے؛ (۲) ایک کی نامزدگی صوبہ واری امداد باہمی بنک بمبئی کرے؛ (۳) پانچ کا انتخاب صوبہ واری زمین گروی بنک کے ارکان کریں؛ (۴) ایک رجسٹرار اور (۵) ایک بنک کا مینیجنگ ڈائرکٹر۔ بہرحال رجسٹرار اور اس کے دو نامزدہ اشخاص کا شریک کرنا ابھی کچھ زمانے تک نہ صرف اس لیے ضروری ہے کہ حکومت نے بنک کے قرضہ ادا کرنے کی قابلیت اور عاقلانہ انتظام کی پر جو کچھ ذمہ داری لی ہے بلکہ اس لیے بھی کہ بنک میں عوام کا اعتماد پیدا کرنا مقصود ہے۔

باب

ڈیبنچر کے قابضوں کے اغراض کی حفاظت کی غرض سے یہ انتظام کیا گیا ہے کہ حکومت کی طرف سے رجسٹرار یا کوئی دوسرا شخص امین یا متولی کے طور پر مقرر کیا جائے تاکہ ڈیبنچروں کے قابضوں کی حد تک بنکوں کی ذمہ داریوں کو پورا کروائے۔ بنک کی کل جائداد جس کی کفالت پر ڈیبنچر جاری کئے جاتے ہیں، امین کے اختیار اور قبضے میں ڈیبنچروں کے اجرا کی تاریخ سے رہے گی۔ 368

ابتدائی زمین گروی بنکوں کی رکنیت صرف قرض گیرندہ ارکان تک مقید نہیں ہے۔ قرضہ نہ لینے والے حصہ داروں کو مجلس نظماء میں الگ نمایندگی دی جاتی ہے۔ ابتدائی زمین گروی بنکوں کے ذیلی قواعد کی رو سے رجسٹرار کو اختیار دیا گیا ہے کہ ابتدائی تین سال کے لیے مجلس نظما کو نامزد کرے۔

دیہی قرضے کا مسئلہ مسلمہ طور پر مشکل اور نازک ہے، اور اس مسئلے کو ہاتھ لگانے میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ چنانچہ اس سلسلے میں لارڈ برابورن گورنر بمبئی نے جنوری ۱۹۳۶ء میں نئے صوبہ واری زمین گروی بنک کے افتتاح کے موقع پر جو عاقلانہ جملے کہے وہ اس کے مستحق ہیں کہ سب متعلقہ اشخاص ان کو ازبر کرلیں۔ ہز اکسلنسی نے زمین گروی بنکوں کے متعلق بمبئی کی جدید اسکیم کو ایک "بڑا تجربہ" قرار دیتے ہوئے کہا کہ "میں اس کو ایک تجربہ کہنے کے لیے معذرت خواہی نہ کروں گا۔ جن اصول پر یہ بنک قائم کئے گئے ہیں یا ان اصول پر کامیابی کے ساتھ عمل کرنے سے جو مفید نتائج برآمد ہوں گے ان کے بارے میں نظری اعتبار سے شبہے کی کوئی گنجایش نہیں ہے۔ لیکن نظریہ عمل نہیں ہے۔ چنانچہ ہمیں ابھی یہ یقین حاصل کرنا ہے کہ کاروباری مصارف، ڈوبے ہوئے قرضے اور کئی غیر متوقع مدات جو فاضلات کو ہمیشہ کم کرتے رہتے ہیں، ان سب کا مناسب لحاظ کرنے کے بعد مرکزی بنک اور ابتدائی اور ضلع واری یا علاقہ واری بنکوں کے قرضوں کی لین دین کی شرحوں کے درمیان نفع کی خاصی گنجایش باقی رہے گی۔" بمبئی کے تین ابتدائی بنکوں کے کام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لارڈ برابورن نے بتلایا ہے کہ اس سے ایک بڑا سبق یہ حاصل کرنا چاہئے کہ بقایا اور

باب ۱۰

ڈوبے ہوئے قرض کا وجود ہی نہ ہونا چاہئے اور جدید بنک اس معیار کو جس حد تک پورا کرے گا اسی پر اس کی کامیابی کا انحصار ہے۔" اگر ابتدائی بنک احتیاط اور ہوشیاری سے کام کریں تو صوبہ واری بنک کو دگنی احتیاط اور ہوشیاری سے کام کرنا چاہئے، اس لیے کہ یہی کل نظام کی مالی بنیاد ہوتا ہے۔"

ہمیں زمین گروی بنکوں کی بعض ناگزیر حد بندیوں کو واضح طور پر سمجھنا چاہئے۔ اولاً یہ ظاہر ہے کہ وہ کل زرعی قرضے کا بار اپنے ذمے منتقل نہیں کر سکتے؛ اس لیے کہ قرضوں کی انتہائی مقدار کی حد اور دوسری ضروری بندشیں، زمین پر بطور مادی کفالت قبضہ اور قرض گیرندوں کا ہوشیاری کے ساتھ انتخاب، یہ سب چیزیں قرضے کے منتقل کرنے کو ناممکن بناتی ہیں۔ دوسرے یہ کہ زمین گروی بنک قرضے کو اپنے ذمے منتقل کر کے اور شرح سود میں کمی کر کے صرف قرضے میں کمی کر سکتے ہیں، اور قرضے کو کامل طور پر ادا نہیں کر سکتے۔ اور اگر ایسا عمل ممکن بھی ہو تو وہ خود کسان
369 کے اغراض کے لیے ناپسندیدہ و نامناسب ہے۔ صرف عاقبت اندیش کسان ان سہولتوں سے فائدہ اٹھائے گا جو چھوٹی قسطوں میں اس کے قرضے کی ادائی کے لیے مہیا کی جائیں گی۔ تاوقتیکہ وہ ہر جہتی کفایت شعاری اختیار نہ کرے، خاص کر تقاریب اور رسوم کی غرض سے غیر نفع بخش قرضہ لینا ترک نہ کرے، اور اپنی آمدنی میں اضافے کی کوشش نہ کرے، پرانے قرضوں کا بار سر سے پوری طرح دور کرنے کے توقعات کچھ بہت زیادہ روشن نظر نہیں آتے۔ کسان کو اس قابل بنانے کی غرض سے کہ وہ اپنی کمانے کی قابلیت کو ترقی دے یہ ضروری ہے کہ معاشی منصوبوں اور دیہات سدھار کی ایک جامع اسکیم مرتب کی جائے۔

۲۴۔ تجارتی زمین گروی بنک۔

بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی یہ سفارش کرتی ہے کہ ہندوستان میں مشترک سرمایے کے تجارتی زمین گروی بنک ان زمینداروں کی جماعت کثیر کے فائدے کے لیے

باب ۱۰

قائم کرنے چاہییں جو قرضۂ امداد باہمی کے نظامات سے کافی مدد حاصل نہیں کر سکتے۔ مقامی حکومتیں ان بنکوں کے ابتدائی اصل کا ایک جزو مہیا کر کے اور ان کے جاری کئے ہوئے ڈبنچروں کے سود کی ضمانت دے کر ان بنکوں کی مدد کر سکتی ہیں۔ ایسے زمین گروی اداروں کی ضرورت ان صوبوں میں خاص طور پر محسوس کی جاتی ہے جہاں دوامی بندوبست کا طریقہ رائج ہے۔ ان بنکوں کو چاہئے کہ زمینداروں کے طبقے کے قرضوں کو بے باق کریں اور ان کی طویل مدت کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے مالی مدد دیں[1]۔

---

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۲۳۳ و ۲۳۴)۔

باب (۱۱)

370

حکومت اور زراعت سے اس کا تعلق

۱۔ محکمہ جات زراعت کا ارتقا

ایک طرف تو یہ سوال بحث مباحثے کا مرکز بنا رہا ہے کہ آیا حکومت کو ملک کی صنعتی ترقی میں سرگرم عملی مدد دینی چاہیئے یا نہیں، اور دینی چاہیے تو کس حد تک، لیکن دوسری جانب بہت زمانے قبل حکومت نے یہ بات قطعی طور پر تسلیم کر لی تھی کہ اس کا کسان اور زرعی طریق کی اصلاح و ترقی میں دلچسپی لینا ضروری تھا۔[1] زراعت کو ایک خاص سرکاری محکمے کے ذریعے سے اصلاح و ترقی دینے کا خیال سب سے اول ۱۸۶۶ء کے قحط اوڑیسہ کے سلسلے میں زیر بحث آیا۔ اس کے بعد لارڈ میو کی حکومت کی توجہ اس پر مبذول ہوئی لیکن اس نے عملی جامہ ۱۸۸۰ء کے قحط کمیشن کی سفارشوں کے نتیجے کے طور پر ۱۸۸۱ء میں پہنا، اور لنکاشائر کی سوتی کپڑے کی صنعت کی نیابت و وکالت کو بھی اس میں دخل

---

[1] اس معاملے میں تفصیلی معلومات کے لیے دیکھو جے، کے کینا کی مرتبہ با تصنیف، نیز زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ ۱۵ تا ۲۷۔

باب ۱۱

تھا جس کی ہندوستان کے لانبے ریشے کی روئی کی ترقی میں دلچسپی کا سبب بآسانی سمجھ میں آسکتا ہے۔ غرض مختلف صوبوں میں زراعت کے محکمے نظماء، مائبان نظماء، منتظموں اور ناظروں کے زیر نگرانی قائم کئے گئے۔ اگرچہ ابتداءً زمی تحقیق، امداد قحط، اور اراضی کی اصلاح و ترقی کے متعلق کام کرنے کا خیال تھا، لیکن چند اعداد و شمار کی فراہمی و ترتیب کے سوا دوسرا کوئی کام انجام نہیں پایا۔ بدقسمتی سے ان محکموں کو ایسے گوناگوں کاموں سے لاد دیا گیا جو ان کے متعلق نہ تھے، مثلاً کتابچۂ حقوق اراضی اور کھیوٹوں کی حماعت، اور اراضی کی رجسٹری کی نگرانی۔ ان کی راہ میں مزید مشکلات یہ تھیں کہ انھیں بہت ہی قلیل رقمی منظوریاں دی گئی تھیں ۱۸۸۹ء میں ڈاکٹر ولکر کی آمد کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں[1]۔ انھوں نے یہ خیال ظاہر کیا کہ ہندوستانی زراعت اس قدر پسماندہ اور غیر ترقی یافتہ حالت میں نہ تھی جتنی کہ عام طور پر بیان کی جاتی تھی، لیکن یہ کہ موجودہ زمانے کے طریق کاشت کے نقطۂ نظر سے اس کا ساز و سامان ناقص تھا، لہٰذا انھوں نے زرعی تعلیم اور اصلاح و ترقی کی اہمیت پر بہت زور دیا۔ اس دوران میں محکمے کے مالیے کی اصلاح اس طرح ہوئی کہ ٹیچ، فیس ایک امریکی نوادرہ اور سر ڈیوڈ ڈیسون نے فیاضانہ عطیے دیے۔ ۱۹۰۱ء میں ایک صدر مہتمم زراعت (انسپکٹر جنرل) کا تقرر مرکزی و صوبہ داری حکومتوں کو مشورہ دینے کی غرض سے عمل میں آیا۔ اس تقرر کی بنا پر مرکزی محکمۂ زراعت کو پہلی دفعہ ایسے صدر کی خدمات حاصل ہوئیں جو زرعی معاملات میں مہارت رکھتا تھا۔ ۱۹۱۴ء میں اس عہدے کو توڑ دیا گیا اور اس کے فرائض ناظم ادارۂ تحقیقات زرعی پوسا کے تفویض کئے گئے، جو حال حال تک (۱۹۲۹ء) حکومت ہند کا زرعی مشیر تھا۔ پوسا کا ادارۂ زرعی ۱۹۰۳ء میں قائم ہوا اور اس کے ساتھ اعلیٰ تعلیم و تربیت اور مخصوص و مختصر علمی اسباق دینے کے لیے ایک کلیہ بھی ملحق کیا گیا۔ لارڈ کرزن کی ان تھک مساعی و سرگرمی کی بدولت ۱۹۰۵ء میں محکموں کے انتظام میں بہت کچھ اصلاح و ترقی ہو گئی، انھیں زائد کام سے جو ان کے سر منڈھ دیا گیا تھا سکدوش کر دیا گیا، اور زرعی تجربوں، تحقیقات، مظاہرے اور تعلیم و تربیت کی ترقی کے لیے زیادہ رقمیں الگ رکھی جانے لگیں۔ پونا کا زراعتی کالج ۱۹۰۵ء میں کھلا۔ اور اس کے ساتھ ایک تحقیقاتی درسگاہ ملحق کی گئی تاکہ ۱۹۰۶ء میں قائم شدہ سائنس کالج پونا کی متعلقہ جماعت ہائے زراعت میں طلبہ کی کثرت کو کم کیا جائے۔ متعاقب سالوں میں اسی

871

[1] دیکھو صفحہ ۲۴۳

باب ۱۱

قسم کے کالج کانپور، ناگپور، لیال پور، کوئمبتور اور مانڈلے میں قائم کئے گئے۔

کچھ سال ادھر سے خاصکر آب پاشی کے لیے زرعی کلوں کے رواج کی سریع ترقی و توسیع کے نتیجے کے طور پر زرعی انجینیر مقرر کئے گئے ہیں، تاکہ کسانوں کو مشورہ دیں اور ضروری کلوں کی تنصیب کا انتظام کریں۔ آخر میں یہ کہ ۱۹۰۵ء میں ایک کل ہند محکمۂ زراعت (بورڈ آف اگریکلچر) قائم کیا گیا جس کا مقصد صوبہ داری محکموں میں زیادہ گہرا ارتباط پیدا کرنا، اپنے سالانہ جلسوں میں زرعی کام کے نظام العمل پر بحث کرنا اور حکومت ہند کے پاس سفارشیں پیش کرنا تھا۔ اصلاحات کے نتیجے کے طور پر صوبہ داری محکموں پر حکومت ہند کی مرکزی نگرانی بڑی حد تک کم ہوگئی ہے اور ۱۹۲۱ء سے زراعت ایک وزیر کے تحت شعبۂ مفوضہ ہوگئی ہے۔ موجودہ زمانے میں مرکزی محکمۂ زراعت کا اہم ترین کام صرف کل ہند اہمیت کے زرعی مسائل کے متعلق ہے اور اس کے زیر انتظام حسب ذیل ادارے قائم ہیں:- (۱) زرعی تحقیقاتی ادارہ پوسا؛ (۲) امپیریل انسٹی ٹیوٹ آف ویٹری نری (علاج حیوانات) ریسرچ کمیسنر؛ (۳) امپیریل انسٹی ٹیوٹس آف اینیل ہس بینڈری (ادارۂ پرورش حیوانات زرعی) انڈ ڈیری ونگ (شیر سازی)، واقع بنگلور و ولنگٹن؛ (۴) مزرعۂ افزایش نسل مویشیاں، کرنال؛ (۵) مکھن سازی کا کارخانہ واقع انند (۶) شاہی مزرعۂ تیمشکر، کوئمبتور؛ اور (۷) کارخانۂ شکر سازی پوسا۔ موخرالذکر کارخانے کو حال میں (اپریل ۱۹۳۱ء) کانپور منتقل کرکے باہر فن شکر سازی کے زیر انتظام چلایا جا رہا ہے۔ حکومت ہند کا مشیر زرعی حال حال تک ان اداروں کی انتظامی نگرانی کا ذمہ دار تھا؛ اس کے
372 مشیرانہ فرایض، شاہی مجلس زرعی تحقیقات کے ہمہ وقتی ارکان کو منتقل کر دیے گئے ہیں۔ یہ مجلس جولائی ۱۹۲۹ء میں شاہی زرعی کمیشن کی سفارشوں کے مطابق قائم کی گئی تھی[1]۔ اسی کمیشن کی سفارش کے مطابق شاہی ادارۂ تحقیقات زرعی پوسا اور امپیریل انسٹی ٹیوٹ آف ویٹیری نری ریسرچ مکتیسر کے لیے اب جداگانہ ناظموں کا تقرر عمل میں آیا ہے۔ اکتوبر ۱۹۲۹ء میں ڈاکٹر کلاوشن کے وظیفہ یاب ہونے پر حکومت ہند کے مشیر

[1] دیکھو اس باب کی فصل (۸)

باب ۱۱

زراعت کا عہدہ توڑ دیا گیا۔ نئی قائم شدہ شاہی مجلس زرعی تحقیقات نے زراعتی مطبوعات کی ذمہ داری بھی اپنے سر لے لی جو پہلے مشیر زراعت اور مجلس ادارۂ تحقیقات پوسا کے زیر ادارت شائع ہوتی تھیں[1] اس امر کی جانب اشارہ کیا جا چکا ہے کہ اپریل ۱۹۳۴ء میں حکومت ہند کے مشیر فروخت پیداوار زرعی کی ایک جدید جائداد قائم کی گئی۔

محکمہ جات زراعت کے کام میں مدد دینے اور ان سے تعاون کرنے کی غرض سے بعض دوسری جماعتیں مثلاً مختلف اضلع واری انجمن ہائے زراعت بھی قائم کی گئی ہیں۔ چند ہی سال پیشتر بمبئی میں ضلعے اور تعلقے کے ڈیولپ منٹ بورڈ (مجالس ترقی) قائم کیے گئے ہیں جو محکمہ جات زراعت و امداد باہمی کے نمایندوں اور غیر سرکاری افراد اور دونوں محکموں کے کام میں تطابق و ہم آہنگی پیدا کرتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ احاطۂ بمبئی میں حکومت کی مستقبل پالیسی یہ ہے کہ محکمۂ امداد باہمی اور غیر سرکاری تنظیمات دونوں کو محکمۂ زراعت کے کام کی مدد اور ترقی کے لیے استعمال کیا جائے۔ شاہی زرعی کمیشن کی رائے میں یہ طریقہ دوسرے صوبوں کے لیے بھی قابل تحقیق و غور ہے[2]

۲۔ محکمہ جات زراعت کے فرائض

صوبہ داری محکمہ جات زراعت، مزرعوں اور تجربہ خانوں میں تجربے اور تحقیقات کرتے ہیں اور جدید طریقوں اور ترقی یافتہ آلات کو رائج کرنے کی غرض سے منظم پروپگنڈا کرتے ہیں۔ وہ نئے اور مصنوعی کھاد کے رواج اور فصلوں کی ترقی یافتہ انواع کے خالص تخموں کی پیدائش، داشت اور تقسیم کے کاموں میں بھی دلچسپی اور عملی حصہ لیتے ہیں۔ علاوہ ازیں سرکاری مزرعوں یا کسانوں کے کھیتوں پر مظاہرے کیے جاتے ہیں۔

اہم ہندوستانی فصلوں کے تبصرے کے دوران میں ہم محکمۂ زراعت کے اس مفید کام کا ذکر کر چکے ہیں جو خاص کر گیہوں، نیشکر، مونگ پھلی، روئی، تمباکو اور چارے کی فصلوں کے بارے میں انجام دیا گیا ہے۔ دوسری اہم فصلیں جواب محکمۂ مذکور کی توجہ کا

---

[1] مجلس تحقیقات اب تین رسالے شائع کر رہی ہے: (۱) انڈین جرنل آف ویٹرنری سائنس اینڈ اینیمل ہسبنڈری (۲) انڈین جرنل آف ایگریکلچرل سائنس اینڈ ایگریکلچر اور (۳) ہندوستانی مویشی۔

[2] دیکھو رپورٹ فقرہ (۱۴۵)

باب ۱۱ 878

مرکز بن رہی ہیں، سن، آلو، چاول وغیرہ ہیں۔ مندرجۂ ذیل جدول میں اہم ترقی یافتہ انواع کے زیر کاشت رقبہ (برطانوی ہند) ایکڑوں میں بتایا گیا ہے[1]

فصل	۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء	۱۹۲۷ء تا ۱۹۲۸ء	۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء
روئی	۲۳۴۸۸۸۲	۳۲۷۲۶۳۸	۳۵۰۸۳۳۶
گیہوں	۱۳۹۸۸۸۵	۳۵۱۷۵۵۲	۵۳۸۲۶۷۴
چاول	۶۰۳۶۰۳	۹۵۳۲۳۶	۱۲۸۷۲۹۸
سن	۲۱۰۲۶۲	۹۸۹۱۰۵	۱۱۰۴۹۹۷
نیشکر	۵۰۶۰۴	۲۶۸۶۸۸	۱۰۶۴۴۸۲
دوسری فصلیں[2]	۴۶۷۱۴۶	۹۶۴۰۳۷	۱۱۵۰۵۹۶
میزان	۵۰۷۹۳۸۲	۹۹۶۵۲۵۶	۱۳۴۹۰۳۸۳

مندرجۂ بالا جدول سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں جتنا رقبہ ترقی یافتہ انواع کے زیر کاشت بتایا گیا ہے وہ ۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء کے بعد کے رقبے کے دگنے سے زائد تھا۔ یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ ان انواع کی پیداوش کا اوسط سالانہ نفع ۱۲ روپے فی ایکڑ مان لیا جائے تو ملک کی زراعتی فصلوں کی سالانہ آمدنی میں ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء میں تقریباً ۱۶ کروڑ روپے کا اضافہ ہوا۔ اس اضافے کی حد تک نتیجہ بے شک قابل قدر ولایق ستایش ہے، لیکن وہ کافی اطمینان بخش نہیں ہے۔ ترقی کی ابھی اور کتنی گنجایش باقی ہے اس کا اندازہ یہ غور کرنے پر ہوگا کہ چاول کے زیر کاشت ۷۸ ملین ایکڑ کے مجموعی رقبے کے منجملہ صرف ½۱ ملین ایکڑ رقبے پر زیادہ پیداوار دینے والی دھان کی

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ ہندوستان کے زرعی کاروبار پر تبصرہ بابت ۱۹۲۶ء تا ۱۹۲۹ء اور ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء۔

[2] اس میں حسب ذیل فصلیں شامل ہیں:۔ مونگ پھلی (۲۵۱۲۲۳)، باجرا (۲۰۹۱۱۳)، چنا (۲۲۲۲۰۳)، آلو (۱۳۲۷۵) وغیرہ بابت ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء۔

باب ۱۱

انواع کاشت ہوتی ہیں اگرچہ گیہوں، روئی اور سن کے بارے میں صورت حال زیادہ طمانیت بخش ہے۔ کچھ سال ادھر سے چاول اور نیشکر کے بارے میں شاہی مجلس زرعی تحقیقات کی زیر سرپرستی جو کام انجام پا رہا ہے اس کی بدولت چاول اور نیشکر کی ترقی یافتہ قسموں کے زیر کاشت رقبے میں بہت خاصا اضافہ ہوا ہے۔ روئی کی زیادہ اطمینان بخش صورت حال کا باعث ہندوستانی مرکزی کپاس کمیٹی کا کام ہے جو اپنا جداگانہ مالیہ رکھتی ہے۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دوسری فصلوں کی ترقی کے لیے بھی اسی کے مماثل جماعتیں قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ چنانچہ زرعی کمیشن نے "سن" کے لیے ایسی ہی کمیٹی قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ فصلوں کا خاکہ مرتب کرنے کی غرض سے ایک کل ہند کانفرنس نے ۱۹۳۶ء میں یہ سفارش کی کہ معاشی عدم تیقن کی موجودہ گڈمڈ میں یہ انتظام کرنا چاہیے کہ مخصوص و مناسب کمیٹیوں کی وساطت سے گیہوں اور چاول جیسی اہم ہندوستانی پیداوار کی کاشت کے متعلق مسائل کی باقاعدہ اور مسلسل بحث و تحقیق کا کوئی نظام قائم کیا جائے۔ اس سفارش کو حکومت نے منظور کر لیا ہے۔ یہاں ہم ایک بجا شکایت کا ذکر کر سکتے ہیں، اور وہ یہ کہ محکمۂ زراعت نے اصلاح کے متعلق جد و جہد کو اب تک صرف برآمد کی جانے والی فصلوں کی حد تک مرتکز رکھا، اور جوار، باجرا، میوہ اور ترکاریوں جیسی غیر برآمدی فصلوں 374
سے ایک حد تک بے اعتنائی اور غفلت برتی جو نہ صرف آبادی کی غذا کی ضرورتوں کے نقطۂ نظر سے بلکہ کسان کے نفع کے زاویۂ نگاہ سے بھی اہمیت رکھتی ہیں۔ لیکن آجکل شاہی مجلس زرعی تحقیقات ان میں سے بعض ضرورتوں، خاص کر میووں کی کاشت کی ترقی کی طرف دن بہ دن زیادہ توجہ دے رہی ہے۔ چنانچہ احاطۂ بمبئی میں مجلس مذکور ان حالات کی اہم تحقیقات کے لیے مالی مدد دے رہی ہے جن کے تحت اہم ہندوستانی میووں کا ذخیرہ اور نقل و حمل کا انتظام کیا جا سکتا ہے۔

۳۔ نت نئے طریقوں اور ترقی یافتہ حالات کشاورزی کے مظاہرے۔

فصلوں کے بارے میں جو معاشی کام انجام دیا جا رہا ہے اس کے علاوہ زراعتی کیمیا، زراعتی جرثومیات[1]، نباتی امراضیات[2]، فطریات[3]

[1] (Bacteriology) [2] (Pathology) [3] (Mycology)

باب ۱۱

حشراتیات[1] کے بنیادی مسائل کے متعلق تحقیق و تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ چنانچہ اس وقت جن معاملات کی تحقیقات جاری ہے ان میں سے حسب ذیل قابل ذکر ہیں:۔ زمین میں چونے کی ضرورت، نمکی زمینوں کی بازیافت، زمین کی رطوبت کا تحفظ، نائٹروجن کی تثبیت، مصنوعی زرعی کھاد کی تیاری، زمین میں کھاد کی تلیح (Nitrification) قدرتی مقامی خامیٹ کے ذرایع سے استفادہ، گھی میں آمیزش کی شناخت، حیوانی تغذیہ (Nutrition)، نیشکر کا مرض (Mosaic disease) اور اناج کے ناس کرنے والے جانوروں کی روک تھام[2]۔

مغربی ممالک میں زرعی نمایشوں اور میلوں کے عظیم افادے اور ان کی تعلیمی قدر و قیمت اچھی طرح مانی جاتی ہے، اور ان پر کثیر رقوم صرف کرنے کو نہایت مفید شغل اصل تصور کیا جاتا ہے۔ ہندوستان کو میعادی نمایشیں منعقد کرنے کی اہمیت کا احساس بہت ہی حال کے زمانے میں ہوا ہے۔ چنانچہ اکتوبر ۱۹۲۶ء میں بمقام پونا احاطۂ بمبئی کی پہلی زرعی نمایش منعقد ہوئی اور یہ ایشیا کی سب سے بڑی نمایش تھی۔ اس نمایش کو دیکھنے والوں کی تعداد ایک لاکھ ۵۰ ہزار سے زائد تھی جن میں سے قریب قریب ۶۰ فیصد کسان تھے۔ نمایش کے سب سے زیادہ جاذب توجہ اور اہم ترین حصے "اصلاح و ترقی اراضی" "آب رسانی" "دوکلوں" "مویشی اور مرغبانی" "دیہی حرفتیں" اور "امداد باہمی" پر مشتمل تھے۔ یہ طے کیا گیا کہ اس قسم کی نمایشیں احاطۂ بمبئی کے مختلف مرکزوں میں ہر سال قائم کی جائیں، اور یہ سمجھا جاتا ہے کہ بعض دوسرے صوبے بھی اسی کے مماثل نمایشیں قائم کرنے کے متعلق غور کر رہے ہیں۔ پونا کی نمایش کی طرح کی بڑی نمایشیں تا حد امکان جلد جلد منعقد کرنے کے علاوہ ہر ڈویژن، ضلع، اور تعلقے میں بھی چھوٹے پیمانے پر نمایشوں کا انتظام کرنا چاہیے تاکہ مقامی حالات و ضروریات کے اختلافات کا پوری طرح لحاظ رکھا جا سکے اور نمایشوں کے سبقوں کو ملک کے طول و عرض میں

---

[1] (Entomology)

[2] دیکھو ایک رپورٹ مرسوم بہ "ہندوستان کے زرعی کاروبار پر تبصرہ" بابت سنہ ۱۹۲۷ء تا ۱۹۳۲ء؛ صفحہ

باب ۱۵ پہنچایا جا سکے۔

375 اس طرح محکمہ جات زراعت مختلف سمتوں میں مفید کام کر رہے ہیں اور ان کے تجربے اور معلومات میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔ لیکن زرعی اصلاح و ترقی کی رفتار بہت سست رہی ہے۔ اس کو ایک حد تک سرکار کی ضابطہ پرستی سے منسوب کیا جا سکتا ہے، اور کسی دوسرے محکمے سے زیادہ محکمۂ زراعت کو اسے بالائے طاق رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ پھر بھی دوسرے اہم اسباب یہ ہیں:۔ کسان کو جتنے اصل پر دسترس حاصل ہے وہ تھوڑا اور غیر کفایتی ہے؛ آب پاشی کی سہولتیں ناکافی ہیں اور عوام عام طور پر جاہل اور قدامت پرست واقع ہوئے ہیں۔ اس پر طرہ یہ کہ محکمۂ زراعت کے لیے جو مالی موازنہ منظور کیا گیا ہے اس کی مقدار بہت تھوڑی ہے۔ چنانچہ ۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء میں مرکزی اور صوبہ داری محکمہ جات زراعت کے خالص مصارف کی مقدار کم و بیش صرف ۲۴۲½ لاکھ روپیہ تھی جس کے معنی یہ ہوئے کہ ملک کی سب سے بڑی اور بنیادی صنعت کی ترقی پر ملک کی آمدنی کا نہایت ہی قلیل جزو خرچ کیا جاتا ہے۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ اپنے وفاقی و ریاستی محکمہ جات زراعت پر ہندوستان کے مقابلے میں تقریباً گیارہ گنہ زیادہ خرچ کرتے ہیں، پھر بھی وہاں کی آبادی کا صرف ۳۰ فیصد حصہ کھیتی باڑی کرتا ہے۔ جاپان کی مثال لیجیے جس کی آبادی صرف ۵ کروڑ ۹۰ لاکھ نفوس ہے؛ وہ بھی زرعی اصلاح و ترقی پر ہندوستان کے مقابلے میں ۵ گنہ زیادہ رقم خرچ کرتا ہے[1]۔ موازنے کی حالیہ اصلاح و ترقی اور موجودہ وائسرائے (لارڈ لنلتھگو) کی زرعی معاملات میں علمی دلچسپی نے محکمہ جات زراعت کے حق میں بہت بڑے محرک کا کام کیا ہے اور وہ غیر معمولی سرگرمی دکھا رہے ہیں۔

۴۔ سرکاری امداد کی دوسری مدیں۔

سرکاری امداد کی دوسری مدوں پر مختصر تبصرہ کرنا مناسب ہوگا۔

(۱) اراضی کے متعلق پالیسی۔ اس سلسلے میں قابل توجہ نمایاں خصوصیات کسانوں کو زمین کے بارے میں عطا کردہ حقوق کا تحفظ اور خاص موضوعہ قوانین کے ذریعے سے زمینداری علاقوں میں اسامیوں کی تامین

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "ہندوستان کے زرعی کاروبار پر تبصرہ" صفحہ ۱۰۳ تا صفحہ ۱۰۴۔

باب ہیں۔ حکومت کی طرف سے کسان کو جو دوسرے حقوق دیے گئے ہیں ان کے منجملہ ایک آزادی انتقال کا حق ہے، جو، جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے، کلیتہً بے ضرر یا خالصتاً سودمند ثابت نہیں ہوا ہے۔ رہی مالگزاری کی پالیسی تو اس پر ایک جداگانہ باب میں بحث کی جائے گی۔ حکومتی امداد مثلاً کارہائے آب پاشی کی حکومت کی طرف سے تعمیر اور کسان کو اپنے طور پر مستقل اصلاح و ترقی میں حصہ لینے کے قابل بنانے کے لیے تقاوی قرضوں کی فراہمی، وغیرہ کا ذکر اوپر آ چکا ہے[1]۔

(۲) محصول کی وصولیابی۔ انتظام محصول کے ایک رُخ یعنی اشیائے خوردنی، اشیائے خام اور کھاد کے محصول برآمد پر بحث کی جا چکی ہے اور اس سلسلے میں یہ بھی 376
کافی واضح کیا جا چکا ہے کہ مختلف تجاویز کا زرعی خوش حالی پر کیا اثر پڑتا ہے۔ رہا محصول درآمد تو اس مسئلے نے ہندوستانی بازاروں میں آسٹریلیائی گیہوں کے مقابلے کے باعث حال میں کسی حد تک اہمیت حاصل کر لی ہے۔ چنانچہ ہم قانون محصول درآمد گندم بابت ۱۹۳۱ء کا ذکر کر چکے ہیں جس کی بعد کے سالوں میں تجدید کی گئی اور جس کا مقصد ہندوستان کے گیہوں بونے والے کی مدد کرنا ہے۔ اس سے زیادہ اہم مثال ہندوستانی شکر کی صنعت کی ہے جس کو اوپر بیان کیا جا چکا ہے۔ صاف شکر بنانے کی صنعت اتنی کافی قومی اہمیت رکھتی ہے کہ اس کے مدنظر ٹیرف بورڈ کی سفارش کے مطابق حال میں (۱۹۳۲ء میں) عائد کردہ تا مینی محصول درآمد حق بجانب قرار پاتا ہے۔ ۱۹۳۵ء میں ارزاں قسم کی کنکی کی درآمد پر محصول عائد کر کے بھی ہندوستانی کسان کی حفاظت کرنی پڑی۔

حکومت نے قرضہ، ساز و سامان پیدائش، امداد باہمی اور انتظام فروخت کے بارے میں جو کچھ کام کیا ہے اس پر گزشتہ بابوں میں مفصل بحث کی جا چکی ہے۔

(۳) تعلیم۔ زرعی مہارت و کارکردگی پر اثر انداز ہونے والی دیہی تعلیم کے مسئلے کو منظم کرنے والے عام اصول پہلے بیان کیے جا چکے ہیں۔ اب اس کا مختصر حال بیان کرنا باقی رہ جاتا ہے کہ سرکار نے تعلیمی انتظام کیا کیا ہے[2]۔

---

[1] نیز دیکھو جی کیٹنگ کی کتاب موسوم بہ "بمبئی دکن میں دیہی سیشتہ" باب ۱۳۔

[2] ہندوستان میں دیہی تعلیم کا جو طریق رائج ہے اس کے مفصل بیان کے لیے دیکھو (۱) زرعی کمیشن کی

باب ۱۱

(ا) زرعی کالج۔ سردست مختلف صوبوں میں بمقام پونا، کوئمبتور، ناگپور، کانپور لیال پور اور مانڈلے میں چھے کالج قائم ہیں۔ ان کے قائم کرنے کا ایک مقصد تو یہ ہے کہ محکمہ جات زراعت کے لیے مستقبل میں تربیت یافتہ عملہ مہیا کیا جائے اور دوسرے یہ کہ ان لوگوں کو جدید طریقوں کی تعلیم و تربیت دی جائے جو زمینداروں یا اُن کے گماشتوں کی حیثیت سے واقعی طور پر زراعت میں مصروف ہوں یا مصروف ہونا چاہتے ہوں۔ علاوہ ازیں یہ کالج، سائنٹفک زرعی تحقیقات کے صوبہ واری مرکز بھی ہیں۔ ان کالجوں میں مکمل ڈگری کے نصابوں کے علاوہ زراعت کے سرٹیفکیٹ یا ڈپلوما کے لیے ایک یا دو سال کے مختصر نصاب کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ یہ نصاب عملی کاشت کاروں کے لیے مقرر کئے گئے ہیں، لیکن ضمناً وہ ایسی تربیت گاہ بھی مہیا کرتے ہیں جو تحصیلداری زراعتی ملازمتوں میں بھرتی کے لیے امیدوار تیار کرتی ہے۔ زرعی کمیشن نے یہ سفارش کی ہے کہ بمقام پوسا پوسٹ گریجوئٹ تعلیم و تربیت کا انتظام ان امیدواروں کے لیے کیا جائے جو اعلیٰ زراعتی عہدوں میں داخلے کے خواہاں ہوں۔ کمیشن اس بات پر بھی زور دیتا ہے کہ کالجوں کے نصاب میں زرعی معاشیات کو بہت زیادہ اہمیت دی جائے۔ زرعی گریجوئٹوں کو کاشت کاری اختیار کرنے کی ترغیب دینے کی غرض سے حکومت پنجاب ایسا طریقہ رائج کرنے کے مسئلے پر غور کر رہی ہے جس کی رُو سے انھیں سرکاری مدد سے آسان شرائط پر کھیت پٹے پر دیے جائیں۔

۵۲۷ (ب) زرعی وسطانی مدرسے۔ زرعی پیشہ ورانہ وسطانی مدارس قائم کرنے کا مقصد کسانوں کے بچوں کو مخصوص تربیت دینا ہے۔ چنانچہ بمبئی میں سردست ایسے دو مدارس قائم ہیں، ایک دھولیا میں اور دوسرا دیوی ہوسر دھاڑواڑ ضلع میں۔ بمبئی میں اس قسم کا پہلا مدرسہ ۱۹۱۰ء میں کھولا گیا۔ زرعی وسطانی مدارس سچ پوچھو تو فنی یا حرفتی

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ رپورٹ (روئداد شہادت) جلد اول، صفحہ ۱۱۲ تا صفحہ ۱۱۵؛ جے، اے، ڈیچی کمشنر تعلیمات حکومت ہند کی یادداشت، (۲) رپورٹ باب ۱۵؛ (۳) ایک رپورٹ دوم بہ ہندوستان کے زرعی کاروبار پر تبصرہ" بابت سنہ ۱۹۳۰ء تا سنہ ۱۹۳۱ء" باب ۹؛ (۴) ایک رپورٹ دوم بہ ہندوستان سنہ ۱۹۳۰ء تا سنہ ۱۹۳۱ء میں صفحہ ۲ تا صفحہ ۲۰۔

باب ۱۰

مدارس ہیں جن میں زراعت کی عملی تعلیم دی جاتی ہے اور طلبار کا داخلہ عام تعلیمی نصاب ختم کرنے کے بعد تقریباً تیرہ سال کی عمر میں ہوتا ہے۔ ان مدارس میں دیسی زبانوں کے ذریعے سے تعلیم دی جاتی ہے۔ اصل مقصد یہ ہے کہ طلبا کو تعلیم پانے کے بعد ان کی زمین پر واپس بھیجا جائے، تاکہ وہ اس پر بہتر طریقے پر کاشت کرنے کی غرض سے اپنی معلومات کو کام میں لائیں؛ لیکن یہ خوف کیا جاتا ہے کہ یہ مقصد عام طور پر پورا نہیں ہو رہا ہے۔ یہی شکایت کی جاتی ہے کہ ان مدارس میں کسان کسی قابل لحاظ اشتیاق کے ساتھ اپنے بچوں کو داخل نہیں کراتے، مدارس میں تعلیمی مصارف بہت زیادہ ہیں، مدارس تعلیمی نظام کا قدرتی نشو ونما نہیں ہیں بلکہ اس کا نمائشی و مصنوعی ضمیمہ ہیں؛ اگرچہ بمبئی اس بات کا مدعی ہے کہ یہ مدارس کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔ ریکی صاحب کہتے ہیں کہ "بظاہر زراعتی وسطانی مدارس کا مستقبل اس وقت تک شاندار نہیں ہو سکتا جب تک کہ والدین میں زراعت کا معیار، مظاہرے اور محکمۂ زراعت کے کام کی بدولت اس قدر بلند نہ ہو جائے کہ زرعی تعلیم کی اہمیت تسلیم کی جانے لگے"۔ زرعی کاروبار، آج کل جس طرح انجام پا رہا ہے، ایک ذہین اور ہونہار لڑکے کے لیے بہت کم جاذبیت رکھتا ہے اس لیے کہ اس کی بلند حوصلگی اور الوالعزمی اس کی توجہ دوسرے مشاغل کی جانب پھیر دیتی ہے اور وہ زرعی وسطانی مدرسے کے بند کوچے میں خود کو پھنسانا نہیں چاہتا۔

(ج) "زراعت" کا بحیثیت مضمون عام نصاب میں شریک کیا جانا۔ زراعت کی عملی تعلیم ابتدائی مدارس میں نہیں دی جاتی بلکہ صرف معمولی مطالعۂ قدرت کے اہتمام پر اکتفا کیا جاتا ہے جس کا مقصد دیہی زندگی کی موافقت میں میلان پیدا کرنا ہے۔ زرعی میلان پیدا کرنے والے مدارس، تعلیمی نظام کو دیہی برادری کی ضرورتوں کے مطابق بنانے میں روز بہ روز اہم قدم تصور کیے جا رہے ہیں؛ اور پنجاب اور صوبۂ متحدہ میں اس امر کی نگرانی کے لیے کہ آیا اساتذہ کو مناسب تربیت دی جا رہی ہے یا نہیں قطعی معین تدابیر اختیار کی گئی ہیں۔ اسی طرح احاطۂ بمبئی میں بھی اکثر مدارس میں زرعی میلان پیدا کرنے والی جماعتیں حال ہی میں کھولی گئی ہیں اور بیان کیا جاتا ہے کہ طلبا کی بڑی تعداد نے اپنے متعلقہ دیہات میں زراعت شروع کر دی ہے[1]

[1] دیکھو احاطۂ بمبئی کے محکمۂ زراعت کی سالانہ رپورٹ برائے سنہ ۱۹۲۴ء تا سنہ ۱۹۲۵ء صفحہ ۳۳۔

باب ۱۱

پنجاب میں دوسرے صوبوں کی طرح زرعی وسطانی مدارس کھولنے کے بجائے معمولی وسطانی مدرسوں میں (جن میں دیسی زبان ذریعۂ تعلیم ہے) عملی زراعت کی تعلیم کا طریقہ رائج کیا گیا ہے، تاکہ "زراعت" کا مضمون لینے والے طلبہ کو، اگر وہ اعلیٰ تعلیم 878
حاصل کرنا چاہیں تو کوئی رکاوٹ نہ ہو۔ مدارس سے مزرعے ملحق کئے گئے ہیں جہاں زراعت سکھائی جاتی ہے اور یہ عام طور پر بہت بڑی حد تک کامیاب ثابت ہوئے ہیں، چنانچہ اس کا قرینہ ہے کہ دوسرے صوبے بھی اس کل تجویز کو اختیار کرلیں۔ زرعی کمیشن، بمبئی کے نمونے کے مدارس کی زیادہ تر اس بنیاد پر سخت مخالفت کرتا ہے کہ ان کے مصارف غیر متناسب طور سے کثیر ہیں اور پنجاب کے طرز کو نہایت شد و مد کے ساتھ مرجح قرار دیتا ہے، اس لیے کہ وہ دیہی علاقوں میں وسطانی مدارس کی تعلیم کو ماحول کے مطابق بنانے کے مسئلے کا تحقیقی حل پیش کرتا ہے۔ کمیشن مذکور یہ توقع رکھتا ہے کہ یہ مدارس ترقی کرکے دیہی برادری کے مرکز بن جائیں گے۔ دیہی علاقوں کے فوقانی مدارس کی حد تک کمیشن یہ سفارش کرتا ہے کہ ان مدارس میں زراعت کے موجودہ مضامین میں اعلیٰ نصاب تعلیم کا بھی اضافہ کیا جائے۔

مندرجۂ بالا بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ گو حکومت نے اس ملک کی زرعی ترقی کے لیے کچھ نہ کچھ ضرور کیا ہے، پھر بھی وہ ابھی اور بہت کچھ کرسکتی ہے۔ تعلیم یافتہ طبقہ بھی ابھی تک اس امر سے آگاہ نہیں ہوا ہے کہ ہندوستان میں زراعت کی عظیم اہمیت کی قدر دانی کس طرح کی جائے۔ قومی کارکنوں نے اپنی توجہ کو ابھی تک صرف شہروں اور ان کے مسائل تک تمام تر محدود کر رکھا ہے۔ پسماندہ دیہی علاقوں میں سروس آف انڈیا سوسائٹی جیسی بعض انجمنوں نے جو کام شروع کیا ہے وہ امید افزا ہے، لیکن اس کو بڑے پیمانے پر کرنے کی ضرورت ہے۔ پالیسی کے تسلسل کو یقینی بنانے اور طویل مدت تک اس پر استقلال کے ساتھ عمل کرنے کے مدنظر انفرادی کوشش پر منظم انجمنوں کے ذریعے سے کام کرنے کو ترجیح دینا چاہیے[1] ہندوستان کی اکثر جاسوں نے زرعی معاشیات کے مضمون کو نصاب میں رکھنے سے اب تک بے اعتنائی برتی۔ لیکن اس کی ایک وجہ منجملہ

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ ۴۲۵۔

باب ۱۱

دوسرے وجوہ کے غالباً یہ ہے کہ سیاسی طور پر ہمارا تعلق انگلستان سے ہے جو زیادہ تر صنعتی ملک ہے؛ اور دوسری وجہ یہ کہ ہالینڈ اور ڈنمارک جیسے یورپ کے ترقی پذیر زرعی ممالک سے ہم بے تعلق اور ناواقف ہیں۔ اس کی اصلاح ایک حد تک اس طرح ممکن ہے کہ ہر جامعہ میں ایک خاص شعبہ کھولا جائے جس میں زراعت کے متعلق غیر ملکوں کی تصانیف کا انگریزی اور اردو میں ترجمہ کیا جائے۔ زرعی کمیشن یہ بتلاتا ہے کہ یونیورسٹیاں اپنے آپ کو دو سمتوں میں مفید بنا سکتی ہیں:- ایک تو فنی معاملات کے بارے میں جیسے معاشری معاملات کی معاشی تحقیق؛ اور دوسرے دیہی برادریوں میں رہنمائی اور خدمت کے جذبات ابھارنے میں"[1]

دیہات سدھار- گرگاؤں کا تجربہ

جیسا کہ زرعی کمیشن بجا طور پر کہتا ہے، زراعت میں کوئی بڑی اصلاح و ترقی اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ کسان میں معیار زندگی کو بہتر بنانے کا ارادہ اور اعلیٰ و اغنی قابلیت اور جسمانی صحت حاصل کرنے اور ان سہولتوں سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیت نہ پیدا ہو جو سائنس، مفید و زیرک قوانین، اور عمدہ نظم و نسق اس کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ خوش حالی پیدا کرنے والی کاشت کے سب عاملین میں اہم ترین خود کسان کا مطمح نظر اور تصور زندگی ہے۔ دیہات کے عام حالات کی اصلاح کی ارادی اور متحدہ کوشش ہی زندگی کا معیار بلند کرنے کے حق میں محرک کا کام کر سکتی ہے، اور اس معاملے میں ابتدا کرنے کی ذمہ داری حکومت کے سر عائد ہوتی ہے۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ ان سب محکموں کی جانب سے ایک منظم اور مستقل کوشش کی جائے جن کی جد و جہد کا تعلق دیہی آبادی کی زندگی اور ماحول سے ہو۔ عوام کی ہمدردی، دلچسپی اور عملی تائید بھی ضروری ہے۔ دیہاتوں کے رہنماؤں کی تمام تر توجہ دیہاتوں کو یہ مشورہ دینے میں صرف ہونی چاہیے کہ وہ متحدہ عمل کے ذریعے سے کس طرح دیہات میں اپنے آرام و آسایش کا سامان بڑھا سکتے ہیں۔ لیکن کسان کو گاؤں اور اس کے ماحول کی اصلاح و ترقی کے لیے متحدہ عمل کے قدیم روایات کی تجدید کی طرف مائل کرنے کی غرض سے روشن خیال رہنمائی ضروری ہے۔

879

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ ۴۲۶۔

باب ۱۱ اس کو مہیا کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ دیہات کی اصلاح و ترقی کے خیالات ہزاروں دیہی عہدہ داروں مثلاً پٹیل، پٹواری وغیرہ میں ابھارے جائیں۔ ایک اور حل "دیہی رہنماؤں کا طریقہ" ہے جو اف ایل برس نے پنجاب کے ضلع گرگاؤں میں رائج کیا ہے۔[1] "کسانوں کے لڑکوں کو ایک خاص نصاب تربیت کی تکمیل کرنی پڑتی ہے جو ان میں باہمی فائدے کے لیے جماعتی محنت کے وقار کا احساس پیدا کرنے کے علاوہ ان کو حفظ صحت، ابتدائی طبی امداد، زرعی اصلاح و ترقی اور امداد باہمی کے اصول سے واقف کرنے اور سادہ گھریلو صنعتوں اور حرفتوں کے کچھ معلومات مہیا کرنے کا کام انجام دیتا ہے، تاکہ ہر آدمی جب اس کی تربیت کا زمانہ ختم ہو تو، وہ ان دیہات کے حلقے میں جہاں وہ متعین کیا جائے "رہنما معلم اخلاق" اور ہدرد بھائی کی حیثیت سے کام کر سکے۔ مقصد یہ ہے کہ فنی معاملات میں اس کی معلومات اس کو اس قابل بنا دے کہ وہ دیہاتیوں کو خود مشورہ دینے کے بجائے ان کی رہنمائی اس مقام تک کر سکے جہاں ان کو یہ مشورہ مل سکے۔" خیال یہ ہے کہ کسانوں کے لیے ہر میں زیادہ سہولت ہوگی کہ ان کی خبر گیری و خدمت پیچیدگیاں پیدا کرنے والی کئی پچھنیوں کے ذریعے سے کرنے کے بجائے کوئی ایک معتبر آدمی کرے۔ وہ ایسے توسط کا کام دے گا۔ جس کے ذریعے سے مختلف شعبوں کے ماہروں کا مشورہ دہقانوں کو مل سکے گا۔

لیکن دیہی رہنماؤں کو نئے نئے خیالات کے محرک کی ہمیشہ ضرورت ہوگی اور ان رہنماؤں کو کہالت میں مبتلا ہونے سے بچانے کے لیے ان کے کام کی ہمت افزائی اور قدر دانی کرنی پڑے گی۔ اس لحاظ سے گرگاؤں کے سدھار کی تجویز "ایک طاقتور مرکزی قوت محرکہ مہیا کرنے کی سعی ہے جو جوش و ولولے کی ہمت افزائی کرے گی، رفاہ عام کے میلان کو نشو و نما دے گی اور عملی کارکنوں کو دیہی زندگی کی اصلاح و ترقی کی موافقت میں

---

[1] دیکھو رزمی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ ۴۲۳۔ مسٹر برین اپنی حسب ذیل کتابوں میں گرگاؤں کے تجربے کا ذکر کرتے ہیں اور دیہات سدھار کے متعلق اپنے طریقوں کو بیان کرتے ہیں :-

(۱) The Re-making of Village India.

(۲) Socrates in an Indian Village

(۳) Socrates persists in India.

باب ۱۱ اپنی مہم جاری رکھنے کے لیے مناسب مدد بہم پہنچائے گی۔ یہ تجویز حکومت کے ہر اس
380 شعبے کے کام کو محیط ہے جو دیہی علاقوں میں مصروف کار ہے؛ وہ ایک بخوبی منظم پروپگنڈا
مہم کے ذریعے سے ماہروں کے مشورے کے قطعی طور پر اختیار کر لیے جانے میں
مدد دیتی ہے؛ اس کی کامیابی کا انحصار صرف اس بات پر ہوتا ہے کہ
اس تحریک میں ہر اس شخص کو شریک کرے جو مدد کرنے پر راضی اور اس کی قابلیت
رکھتا ہو، خواہ وہ سرکاری ہو یا غیر سرکاری، بلکہ خاص کر خود ایسے لوگوں کو شریک کرے
جن کی خوش حالی اور فلاح مقصود ہے۔ تقریر، تنظیم، ڈراما، طلسمی فانوس، سینما اور بلند الصوت
سے بھی تا حد امکان اس طرح کام لیا جاتا ہے کہ لوگوں کو اس بات کے محسوس کرنے کی
ترغیب ہو کہ وہ اپنی ناپسندیدہ و قابل افسوس حالت کے زیادہ تر خود ہی ذمہ دار ہیں۔"

مسٹر ڈارلنگ آئی سی ایس کو اپنی کتاب موسوم بہ (Rusticus Loquitur)
میں مسٹر برین کے گرگاؤں کے کام پر تبصرے اور تنقید کا موقع ملا؛ گو ان کی تنقید کا
رنگ ہمدردانہ ہے لیکن وہ حقیقت میں بالکل تخریبی ہے[1]۔ "گرگاؤں کے تجربے میں اس
لحاظ سے ندرت تھی کہ ہندوستان کے کسی حصے میں دیہات کی اصلاح و ترقی کے لیے
پروپگنڈا اس قدر شد و مد کے ساتھ اور وسیع پیمانے پر نہیں کیا گیا تھا اور اس کے ساتھ
سرکاری اقتدار سے کبھی اس سے قبل اتنے مکمل طریقے پر کام نہیں لیا گیا تھا۔" دیہی فلاح کے
کاموں میں دلچسپی لینے والے مبصرین کی مشتاق نظریں اس تجربے پر لگی رہیں اور
یہ توقع کی گئی تھی کہ دوسرے مقامات پر اسی کے مثل جد و جہد کے لیے وہ ایک
بیش بہا بیتی جاگتی مثال ثابت ہوگا۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بدقسمتی سے اس تجربے کو
ویسی کامیابی نصیب نہیں ہوئی جیسی کہ اس کے بانی مبانی کو توقع تھی۔ اس کی ناکامی
کا ایک اہم سبب یہ تھا کہ باوجود اس کے بہبودی و ترقی کا کل نظام العمل بردانشہ خاطر
لیکن ترمیت پذیر دہقانی پر عائد کر دیا گیا تھا[2]، جس کے کل تفصیلات پر پوری احتیاط
کے ساتھ پہلے سے غور نہیں کر لیا گیا تھا۔ چنانچہ شر برین کے مشورے کے مطابق

---

[1] دیکھو مسٹر ڈارلنگ کی کتاب موسوم بہ (Rusticus Loquitur) صفحہ ۱۲۱ تا صفحہ ۱۲۸ و صفحہ ۱۵۵ تا صفحہ ۱۵۹
نیز دیکھو مسٹر ڈی ایچ سپنس کی کتاب موسوم بہ (Up from Poverty) باب (۱) اور تعلیقات

باب ۱۱ مجلس ضلع نے ۶۰۰ سے زائد حصار کے بیل مقامی نسل کی اصلاح و ترقی کے لیے خریدیے۔ ان جانوروں پر دو لاکھ روپیہ صرف ہو گیا لیکن اس کے باوجود وہ غیر اطمینان بخش پائے گئے، اس لیے کہ وہ "اپنے کام میں سست تھے اور وہاں کی نخمی گایوں کے لیے ضرورت سے زیادہ بڑے اور بوجھل ثابت ہوئے"۔ اس تدبیر نے اور مسٹر برین کی مہم فلاح کے سلسلے میں مجلس کی اختیار کردہ دوسری کارروائیوں نے مجلس کو کلیتہً دیوالیہ بنا دیا۔ علاوہ ازیں دیہی مشیر، جن سے یہ توقع تھی کہ وہ دہقانوں کو بطور رہنما اور مشیر کے مدد دیں گے، ان کا انتخاب جلد بازانہ ہوا، وہ ناکافی تربیت یافتہ تھے اور ان پر نگرانی غیر کمتفی تھی۔ مزید براں چونکہ مشیر کم سن اور جاہل تھے اس لیے وہ دہقانوں پر اپنا کوئی اثر قائم نہ کر سکے۔ اس پر طرہ یہ کہ ان کے کل مصارف ۲۰ ہزار سالانہ ہوتے تھے۔ علاوہ ازیں یہ بھی تسلیم کرنا چاہیے کہ مقامی حالات کے اختلافات کا کافی لحاظ نہیں کیا گیا۔ چنانچہ اس امر کو ہمیشہ ذہن نشین نہیں رکھا گیا کہ "ایرانی چرخ" صرف اس صورت میں اطمینان بخش طریقے پر کام کر سکتا ہے جبکہ کنوؤں کی گہرائی کم ہو۔ اس کے علاوہ کھاد کے گڑھے، ایسے مقامات پر مہیا کیے گئے جہاں وہ مطلوب نہ تھے۔ واقعہ یہ تھا کہ مسٹر برین کوئی بڑا کارنامہ پیش کرنے اور جلد پیش کرنے کے لیے بیچین تھے۔ انھوں نے اپنی ڈپٹی کمشنری کے مختصر دور میں یہ پختہ عزم کر لیا تھا کہ دیہات کی گندگیوں اور کثافتوں کو ہمیشہ کے لیے دور کر دیں اور ایک ایسے اٹل فیصلے پر پہنچیں جس سے ضلع اور بیرونی دنیا پوری طرح مطمئن ہو جائے۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ اصلاحات کا نفاذ جن مواضع میں ہوا ان میں سے ہر گاؤں کے متعلقہ حالات کی جانچ اور تحقیق سطحی اور غیر کمتفی رہی۔ اس تجربے کی جزئی ناکامی کا ایک سبب، جس پر مسٹر ڈارلنگ نے زور دیا ہے، یہ تھا کہ ضرورت سے زیادہ شدید اور بے موقع پروپگنڈا کیا گیا اور حقیقی تعلیم از حد کم کر دی گئی۔ ممکن ہے کہ پروپگنڈے کی بدولت لوگ بہت تیزی سے کام کرنا شروع کریں لیکن ایسا پروپگنڈا غور و فکر کو ناممکن بنا دیتا ہے؛ اس کے برخلاف تعلیم اصطلاح کے حقیقی مفہوم میں، آزاد خیالی کی قطعی طور پر ہمت افزائی کرتی ہے اور اگرچہ ممکن ہے کہ اس کے نتیجے کے طور پر خصائل و عادات میں آہستہ تبدیلی ہو، لیکن یہ تبدیلی یقینی اور زیادہ دیرپا ہوگی، اس لیے کہ وہ گہرے یقین کی پیداوار ہوگی۔ اس تجربے کی کامیابی 381

باب ۱۲

اس لیے عارضی تھی کہ اس میں محض پروپگنڈا پر حد سے زیادہ اعتماد کیا گیا اور سرکاری اقتدار سے ضرورت سے زیادہ کام لیا گیا۔ مسٹر وارلنگ کہتے ہیں کہ گرگاؤں میں کسان کو اس بات پر مجبور کیا گیا تھا کہ ان خرابیوں سے اپنے کو بچانے کے لیے جو اس پر نرغہ کیے ہوئے تھیں وہ ایسے ہتیاروں سے مسلح ہو جائے جن کے سنبھالنے کی طاقت یا رغبت اس میں نہ تھی۔ چونکہ کسان انتہائی اطاعت پذیر تھا اس لیے اس نے کافی مستعدی کے ساتھ اپنا سر جھکا دیا اور کل ہتیار باندھ لینے کی بہتیری کوشش کی جس وقت تک یہ دباؤ قائم رہا، وہ ان ہتیاروں سے اپنی مقدور بھر برابر کام لیتا رہا، اگرچہ ان کی کثرت اور وزن سے اس کی کمر ٹیڑھی جاتی تھی لیکن جب یہ دباؤ کم ہوا تو ہتیار بھی اس کے کندھوں سے ایک ایک کر کے پھسلنے اور گرنے لگے۔ ہندوستان جیسے ملک میں جہاں کسانوں کا طبقہ اوپر سے چلی ہوئی ہر شے کو بطور حکم ماننے کا زمانۂ دراز سے عادی رہ چکا ہے اور تحتانی عہدہ داروں کا انبوہ کثیر ترغیب و تحریص کے بجائے زیادہ تر تحکمانہ طریقے پر کام لینے کا خوگر ہو رہا ہو، دفتری اثر کو دل کھول کر کام میں لا کر تقریباً ہر مقصد حاصل کیا جا سکتا ہے۔ لیکن ایسے کارنامے بے اصل ہوتے ہیں اس لیے کہ ان کا واحد محرک شخصی اقتدار ہے جس کا دباؤ غیر یقینی اور رُخ بدلتا رہتا ہے۔ اگر حکم کے ذریعے سے کام کرنا مقصود ہو تو واحد اطمینان بخش طریقہ وضع آئین و قوانین ہے، اس لیے کہ اس کے ذریعے سے احکام براہِ راست اور مستقل طور پر نافذ کیے جا سکتے ہیں؛ علاوہ ازیں یہ احکام کسی ایک عہدہ دار کی مرضی پر موقوف نہیں ہوتے جو ممکن ہے کہ آج ایک مقام پر رہے تو کل دوسرے مقام کو چلا جائے۔ لیکن اگر کسی خاص علاج یا اصلاح کے لیے وضع آئین و قوانین کی ضرورت نہ ہو (جیسا کہ دیہی تنظیم کے میدان میں اس کی کم ضرورت ہوتی ہے) تو مستقل طور پر علاج یا اصلاح کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ لوگوں کو یہ باور کرایا جائے کہ وہ ان ہی کے فائدے کے لیے ہے اور اس کا احساس ان میں اتنی قوت کے ساتھ پیدا کیا جائے کہ وہ خود اس پر عمل کرنے لگیں۔ ایسی صورت میں قوتِ محرکہ یا تو انفرادی ارادہ یا رائے عامہ کی اجتماعی قوت ہوگی جو دیہی برادری یا غالباً انجمن امداد باہمی کی وساطت سے ظاہر ہوتی ہے[1]

[1] دیکھو مسٹر وارلنگ کی تصنیف محولۂ بالا صفحہ ۱۵۶ تا صفحہ ۱۵۷۔

باب ۱۱ گرگاؤں کے تجربے کو مندرجۂ ذیل سبق ذہن نشین کرنے کے کام میں لایا جا سکتا
882 ہے :۔ (۱) کسی قسم کی تبدیلیوں کی حمایت کرنے سے پیشتر ہمیں اس امر کا پوری طرح اطمینان کر لینا چاہیے کہ وہ در اصل مفید اور قابل عمل ہیں۔ ان کی مخالفت کی بنیادوں پر انصاف اور بے غرضی سے غور کرنا چاہیے۔

(۲) دیہی اصلاح و ترقی کا مسئلہ انفرادی کوشش کے ذریعے سے کامیابی کے ساتھ حل نہیں کیا جا سکتا۔ ایک مستقل نظام ضروری ہے تاکہ "ایک مسلسل پالیسی کو یقینی بنایا جائے اور طویل مدت تک مستقل دباؤ قائم رکھا جائے"[1] تمام نقطہ ہائے نظر کی منصفانہ سماعت کو یقینی بنایا جائے اور ناواجب طور پر عاجلانہ کارروائی کو روکا جائے۔ اس لحاظ سے صوبۂ متحدہ میں رائے بریلی کے دیہی علاقے کی مثال، جہاں دیہی وضلع واری انجمن اور پنچایتیں دیہات کی اصلاح و ترقی کے لیے قائم کی گئی ہیں، سبق آموز ہے۔ تمام انسانی تدابیر اور خاکوں میں غلطی کا احتمال اور قرینہ ہوتا ہے لیکن جو شیلے افراد کے مقابلے میں نظامات میں غلطیاں کمتر اور کم سنگین ہوں گی۔ (۳) اصلاح کے لیے قوت کو پوشیدہ یا علانیہ استعمال کرنے کے بجائے ترغیب و تحریص و تعلیم سے کام لینا چاہیے۔ (اس نقطۂ نظر سے مثالی دیہات کے عظیم فوائد بدیہی ہیں) لیکن یہ ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ بعض صورتوں میں مثلاً ضدی اور سرکش اقلیت کی مخالفت پر غالب آنے کے لیے جبر و قوت کا استعمال ضروری ہو سکتا ہے۔ جوں جوں لوگ اصلاح کی قدر و قیمت محسوس کرتے جائیں گے ویسے ویسے جبر کا احساس مرور زمانے کے ساتھ معدوم ہوتا جائے گا (۴) مسٹر برین کے اختیار کردہ طریقوں کے بارے میں مسٹر ڈارلنگ کے اعتراضات بڑی حد تک حق بجانب اور معقول ہیں لیکن ممکن ہے کہ کسی غافل قاری کے دل میں یہ خیال گزرے کہ موجودہ زمانے میں صرف اس بات کی محض خاطر لیتے پر کوشش کی جا سکتی ہے کہ تعلیم کی سہولتیں مہیا کر دی جائیں اور دہقان کو اس کے حال پر چھوڑ دیا جائے لیکن ایسا کرنا ضرورت سے زیادہ عدم مداخلت کے اصول پر کاربند ہونا ہے۔ ہندوستان میں دیہات سدھار کا سوال اس قدر اہم اور ضروری ہے کہ اس کو محض چپ چاپ بے مزاحمت کے حل نہیں کیا جا سکتا۔ اگر کسی معقول حد تک کم مدت میں حقیقی ترقی حاصل کرنا مقصود ہو تو یہ ضروری ہے کہ

[1] ۔ دیکھو مین ہنری آئی، سی ایس کی کتاب "دوسوم" ذات اور اقتدار" باب ۵۔

باب ۱۱
383

ایک قطعی، بخوبی منظم اور مستقل مہم ان کئی خرابیوں کے خلاف جاری کی جائے جن میں ملک مبتلا ہے۔[1]

۶۔ دیہات کی اصلاح و ترقی کی حالیہ تجاویز

گزشتہ چند سالوں میں دیہات سدھار کام میں بہت ہی وسیع اور گہری دلچسپی ظاہر کی گئی ہے، جس کا باعث کئی صوبہ دار حکومتوں کی جد وجہد، خاص کر سر فریڈرک سائیکس کی گورنری کے آخری سال (۱۹۲۳ء میں) حکومت بمبئی کی رہنمائی ہے۔ سر فریڈرک سائیکس نے دیہات سدھار کا ایک نظام العمل شایع کیا جس میں وہ طریقے بتائے گئے جن کے ذریعے سے احاطۂ بمبئی کے مختلف ڈویژنوں اضلاع، تعلقوں اور دیہات میں عہدہ داروں اور غیر عہدہ داروں کو شامل کر کے ضروری انتظام کیا جائے۔ اتفاقاً یہ طے کیا گیا کہ دیہی اصلاح و ترقی سے تعلق رکھنے والی مختلف ایجنسیوں اور محکموں کو ایک انتظام کے تحت منسلک کیا جائے، تاکہ ان میں تازہ جوش اور افادہ پیدا ہو۔ بمبئی کی اس جدید اسکیم کے تحت دیہی اصلاح و ترقی کا کام کرنے والی صدر ایجنسی "ضلع وار دیہات سدھار کمیٹی" ہے۔ ضلع کا کلکٹر اس کمیٹی کا صدر نشین اور ضلع کے مقامی بورڈ کا صدر اس کا نائب صدر نشین ہوتا ہے۔ مختلف متعلقہ محکموں کے سینیر مقامی

---

[1] دیکھو ہیچ کی کتاب محولۂ باب ۱۱ باب ۲۔ پنجاب کا ایک اور تجربہ جس کو زرعی کمیشن دوسرے مقامات پر تقلید کے قابل سمجھتا ہے "دیہی برادری" کی تحریک ہے۔ دیہی برادری کا ایک مرکزی بورڈ (Central Rural Community Board) قائم کیا گیا ہے جو زیادہ تر عہدہ داروں پر مشتمل ہے۔ اس کو دیہی برادری کی کونسل" سے ملحق کیا گیا ہے جو ہر ضلع میں قائم کی گئی ہے اور زیادہ تر غیر عہدہ داروں پر مشتمل ہے۔ دیہی ترقی سے تعلق رکھنے والے مختلف محکموں یعنی محکمۂ تعلیمات، محکمۂ زراعت، محکمۂ علاج حیوانات و امداد باہمی کے نمایندے ہر کونسل کو اس کے کام میں مدد دیتے ہیں۔ کونسلیں جملہ محکمہ جات ترقی کے پروپگنڈا کے کام میں ہم آہنگی پیدا کرتی ہیں۔ ان کی مالی امداد "دیہی برادری کا مرکزی بورڈ" کرتا ہے اور اس کی مدد حکومت کرتی ہے۔ دیہات سدھار کا پنجابی تحریک کی خصوصیت اس کی وسعت، جامعیت اور ارتکاز جد وجہد ہے۔ دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ فقرہ ۴۲۱ تا ۴۲۸۔

[2] چنانچہ اس کو سرکاری علمی کتاب موسوم بہ "رسالۂ دیہی اصلاح و ترقی" کی شکل میں شایع بھی کر دیا گیا ہے۔

باب ۱۱ عہدہ دار اور ممتاز غیر عہدہ دار اشخاص بھی کمیٹی میں رکھے گئے ہیں۔ کمیٹی کا فرض یہ ہے کہ دیہات کی اصلاح و ترقی کے مختلف شعبوں مثلاً تعلیم، زراعت، انتظام سکونت، صحت، مقدمات کی قرضداری اور گھریلو صنعتوں کے کام میں ہم آہنگی پیدا کرے اور اس کی نگرانی کرے۔[1] بمبئی کی دیہات سدھار اسکیم خاص کر مرکزی ڈویژن میں بہت افزا ترقی کر رہی ہے اور دیہی پنچایتوں میں نئی جان ڈالی جا رہی ہے۔ اسکیم کا مقصد یہ ہے کہ خود گاؤں کے اندر محرک پیدا ہو۔ پنجاب، صوبۂ متوسط، مدراس اور بنگال جیسے صوبے بھی دیہات سدھار کام میں اسی قسم کی دلچسپی لے رہے ہیں۔ صوبہ وار معاشی کانفرنس (۱۹۳۴ء) کے غور و مباحث نے دیہات سدھار تحریک کے حق میں محرک کا کام کیا۔ لیکن سب سے نمایاں کام حکومت ہند نے کیا، چنانچہ اس نے ۱۹۳۵ء کے محاذنے کی توفیر سے ایک کروڑ روپیہ اس غرض سے الگ رکھ دیا کہ اس کو مختلف صوبوں میں دیہاتی علاقوں کی اصلاح و ترقی اور معاشی نشو و نما کے لیے تقسیم کیا جائے۔ اس عطیے کو مرکزی حکومت کے مشورے سے دیہات سدھار کاموں میں خرچ کرنا پڑتا ہے۔ بمبئی کا حصہ ۷ لاکھ روپیہ ہے اور یہ دیہات سدھار کام کے حق میں ایک نیا محرک ثابت ہوا ہے۔ مرکزی حکومت نے سال رواں میں بھی یہی عطیہ منظور کیا ہے۔ لیکن مرکزی حکومت کی طرف سے اس قسم کے عطیے اُن رقوم کا صرف ایک جزو فراہم کر سکتے ہیں جو دیہی تنظیم کے مصارف کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہیں۔ 384
اس لحاظ سے یہ نہایت ضروری ہے کہ مختلف متعلقہ صوبے بھی رقوم فراہم کریں۔

۷۔ شاہی زرعی کمیشن

شاہی زرعی کمیشن اپریل ۱۹۲۶ء میں مقرر کیا گیا تھا اور یہی پہلا کمیشن تھا جو ہندوستان کے زرعی و دیہی معیشت کے حالات کو خاص طور پر جانچنے اور ان کے متعلق رپورٹ پیش کرنے کے لیے قائم کیا گیا تھا۔ کمیشن نے ایک جامع رپورٹ میں جو جولائی ۱۹۲۸ء

[1] انڈین نیشنل کانگرس نے حال ہی میں (۱۹۳۴ء) ایک کل ہند انجمن صنایع دیہی (All Indin Village Industries Association) قائم کی ہے جس کا مقصد دیہی صنعتوں کی تجدید و تقویت کی ہمت افزائی کرنا ہے۔ دیکھو ایک کتاب بموسوم بہ "ہندوستان ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء" میں صفحہ ۲۷۔

میں شایع کی گئی اپنی سفارشیں پیش کیں اور یہ سفارشیں ہندوستان کی دیہی برادری کی خوشحالی پر اثر انداز ہونے والے مختلف مسائل سے تعلق رکھتی ہیں چنانچہ ان کو مناسب موقع اور محل سے بیان کیا جا چکا ہے۔ کمیشن کی مساعی کی بدولت زراعت میں عام طور پر از سر نو دلچسپی لی جانے لگی ہے اور ہندوستان کے لیے اس کی عظیم اہمیت کو زیادہ مکمل طور پر محسوس کیا جانے لگا ہے۔ رپورٹ نے اس لحاظ سے بھی مفید کام کیا ہے کہ مختلف صوبوں میں دیہی اصلاح و ترقی کے مسائل کو حل کرنے کے بارے میں جو تدابیر اختیار کی جا چکی تھیں ان کو ایک ہی جگہ درج کر دیا ہے۔ اب تک صوبوں نے اپنی علاقہ داری کے اندر تنہا کام کرنے پر قناعت کی اور باہمی امداد، معلومات یا مشورے سے بہت کم فائدہ اٹھایا تھا۔ لیکن رپورٹ ان میں لازمی طور پر امداد باہمی کی زیادہ ترغیب اور ایک کو دوسرے سے سبق سیکھنے کی زیادہ خواہش پیدا کرے گی۔

کمیشن کے کام سے مفید عملی نتائج حاصل کرنے کے مدنظر ہر صوبے کو کمیشن کی سفارشوں کے مطابق جو لازماً عام نوعیت کی ہیں اپنے حالات کے متعلق خاص تحقیقات عمل میں لانی پڑے گی۔ حد سے زیادہ عاجلانہ نتائج کی توقع نہ کی جائے تو مایوسی سے بھی بچ سکتے ہیں کمیشن کی سفارشوں کو عملی جامہ پہنانے کا کام ناگزیر طور پر سست اور دشوار ہوگا اور قبل اس کے کہ دیہی ہندوستان مصائب و مشکلات کی بھیانک تاریکی سے نکلنے اور خوشحالی اور مسرت کے دن دیکھنے کی توقع کر سکے حکومت اور قوم کے تمام ذرایع کو کئی سال تک مرتکز و مجتمع کرنا پڑے گا۔

۸۔ رپورٹ کے بارے میں حکومت کی کارروائی۔ شملہ کانفرنس۔

اکتوبر ۱۹۲۸ء میں شملے میں ایک مذہبی کانفرنس منعقد ہوئی جو صوبہ واری نمایندوں (یعنی محکمہ جات زراعت کے ناظم، اور دیہی انجمن ہائے امداد باہمی کے مسجلوں وغیرہ) پر مشتمل تھی۔ اس میں کمیشن کی اہم سفارشوں پر بحث کی گئی، بعض سفارشوں کے بارے میں مختلف صوبوں نے جو کارروائی اختیار کی اس کا حال معلوم کیا گیا اور کمیشن کی تجاویز کے مالی پہلوؤں پر زور دیا گیا جو ان تجاویز کو فوراً یا بہ یک وقت اختیار کرنے کو ناممکن بناتے تھے۔ کمیشن کی رپورٹ، دیہی تنظیم اور زرعی ترقی

باب ۱۱

کی اساس کی حیثیت سے اور ہر صوبے کے حالات کے مطابق سفارشوں کو بتدریج عملی صورت دینے کی بنیاد کے طور پر تسلیم کر لی گئی۔ شاہی تحقیقاتی مجلس
385 قائم کرنے اور مرکزی حکومت کی جانب سے اس کی مالی امداد کیے جانے کے بارے میں جو سفارش کی گئی تھی اس کو عام شرائط کے ساتھ منظور کر لیا گیا۔[1]

۹۔ زرعی تحقیقات کا انتظام۔

جیسا کہ زرعی کمیشن بجا طور پر کہتا ہے، زرعی ترقی کی بنیاد تمام تر تجربہ ہے۔ مظاہرہ اور پروپگنڈا کے لیے جو انتظام کیا جائے خواہ وہ کتنا ہی منظم اور باقاعدہ کیوں نہ ہو، اس کی حیثیت اس وقت تک محض ریت پر بنائے ہوئے مکان جیسی رہے گی جب تک کہ اس کو تحقیقات کی فراہم کی ہوئی مستحکم بنیادوں پر نہ قائم کیا جائے۔ حکومت اس سلسلے میں کمیشن کی سفارشوں کو چند ترمیموں کے ساتھ عملی جامہ پہنانے کی تدابیر اختیار کر چکی ہے۔ چنانچہ ایک کل ہند مجلس زرعی تحقیقات موسوم بہ شاہی مجلس زرعی تحقیقات جولائی ۱۹۲۹ء میں قائم کر دی گئی ہے، اور انجمنوں کی رجسٹری کے قانون بابتہ ۱۸۶۰ء کے تحت انجمن کی حیثیت سے اس کی رجسٹری بھی ہو چکی ہے۔ اس عمل سے اس کو بہت بڑی حد تک مالی آزادی مل گئی ہے۔ اس کا اولین مقصد ہندوستان بھر میں زرعی تحقیقات کو ترقی دینا، اس کی نگرانی اور رہنمائی کرنا اور اس میں ہم آہنگی پیدا کرنا ہے۔ یہ ایک ایسی انجمن ہے جس سے مرکزی و صوبہ داری محکمہ جات زراعت (انتظامی نگرانی کے تابع ہوئے بغیر) تحقیقات کے متعلق تمام معاملات میں مشورہ اور مدد طلب کرتے ہیں، اور جس کے پاس ان محکموں کی مجوزہ تحقیقات کے نظام العمل بغرض منظوری پیش کیے جاتے ہیں۔ یہ انجمن زراعت و علاج حیوانات کے متعلق معاملات میں معلومات و اطلاعات کی تقسیم کے ادارے کا بھی کام کرے گی اور ہندوستان کے تحقیقاتی

[1] دیکھو زرعی کمیشن کی رپورٹ ۲۰۳ تا ۲۰۶۔

باب ۱۱

کاموں کو سلطنت برطانیہ کے دوسرے علاقوں اور ممالک غیر کے تحقیقاتی کاموں سے ملحق کرنے والی کڑی ثابت ہوگی۔ اس کو تحقیقاتی کام کرنے والوں کی تربیت کے انتظامات بھی کرنے پڑیں گے[1]۔ یہ مرکزی انجمن دو حصوں میں منقسم ہے:۔ انتظامی جماعت، جس کا صدر وائسرائے کی مجلس تنفیذی کا رکن متعلقہ ہوتا ہے اور جو حسب ذیل ارکان پر مشتمل ہے:۔ صوبہ داری محکمہ جات زراعت کے وزراء، مرکزی مجلس قانون ساز کے تین نمایندے، تجارتی مفادات کے دو نمایندے، مجلس مشاورتی (آگے تفصیل آئے گی) کے منتخب کردہ دو ارکان، اور ایک ہمہ وقتی نائب صدر نشین جو کونسل کا سب سے بڑا انتظامی عہدہ دار ہوتا ہے۔ (۲) مجلس مشاورتی، جس کا کام سائنٹفک مقاصد کے سلسلے میں پیش کردہ تجاویز کی جانچ کرنا ہے۔ اس مشاورتی بورڈ کا صدر نشین، کونسل کا سب سے بڑا انتظامی عہدہ دار ہوتا ہے، اور اس کے ارکان حسب ذیل ہوتے ہیں:۔ دو ہمہ وقتی عہدہ دار یعنی ایک زرعی معاملات کے متعلق اور دوسرا علاج حیوانات کے متعلق، دوسرے کئی نامزد کردہ و منتخب کردہ سائنس داں ارکان، مثلاً صوبہ داری محکمہ جات زراعت و علاج حیوانات کے صدر جن میں ان دیسی ریاستوں کے عہدہ دار بھی شامل ہیں جو اس میں شریک ہونا چاہیں، ہندوستانی جامعات، ہندوستانی 886
مرکزی کپاس کمیٹی، انجمن ہائے امداد باہمی، ادارۂ تحقیقات جنگلات ڈیرہ دون کے نمایندے اور چند دوسرے ارکان۔ گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل کو یہ اقتدار حاصل ہے کہ مجلس انتظامی و مجلس مشاورتی دونوں میں حسب ضرورت زائد ارکان کو نامزد کریں۔ چنانچہ اس اقتدار کو سلطنت حیدرآباد (جو کونسل میں سنہ ۱۹۲۹ء میں شریک ہوئی[2]) ریلوے بورڈ اور محکمہ جات فوج و علاج حیوانات کی

[1] دیکھو امپیریل کونسل آف اگری کلچرل ریسرچ کی انجمن کی یادداشت۔
[2] اس کے بعد میسور، بڑودہ، کوچن، ٹراونکور اور بھوپال کی ریاستوں کو بھی کونسل کی انتظامی مجلس میں نمایندگی دی گئی ہے۔

باب ۱۱ نمایندگی کے سلسلے میں کام میں لایا جا چکا ہے۔ کونسل یعنی مجلس انتظامی و مجلس مشاورتی کا متفقہ اجلاس بلفظی ابتدائی امور کے تصفیے کے لیے جون ۱۹۲۹ء میں ہوا اور اس کی رجسٹری، انجمنوں کی رجسٹری کے قانون کے تحت ایک انجمن کی حیثیت سے عمل میں آئی۔ مجلس مشاورتی کا اجلاس سال میں دو دفعہ اور ہر مرتبہ مختلف مقام پر ہوتا ہے، اس طرح باری باری سے ہر صوبے میں اس کی پہنچ ہوتی ہے۔ مجلس مشاورتی کا کاروبار یقیناً سال کے بارہ مہینے جاری رہتا ہے۔ لیکن اس کے فرائض زیادہ تر خاص خاص ذیلی کمیٹیوں کے ذریعے سے انجام پاتے ہیں۔ موجودہ زمانے میں کونسل کی حسب ذیل مجالس قائمہ کام کر رہی ہیں:۔ شکر کمیٹی، کھاد کمیٹی، ٹڈا کمیٹی، کمیٹی برائے صنعت روغن برادری، مشترکہ کمیٹی برائے شاہی مجلس زرعی تحقیقات اور ہندوستانی مرکزی کپاس کمیٹی، حیوانی تغذیہ کمیٹی، شیر خانہ کمیٹی، پرورش مویشیاں کمیٹی[1]۔ مجلس مشاورتی کی ذیلی کمیٹیاں مخصوص مسائل کی مفصل جانچ کے لیے ضرورت کے لحاظ سے وقتاً فوقتاً مقرر کی جاتی ہیں۔ مجلس مشاورتی تحقیقات کے متعلق ان تمام تجاویز کو جانچتی ہے جو صوبہ واری حکومتوں، جامعات یا خانگی اداروں کی جانب سے اس کے پاس بغرض تصفیہ پیش کیے جاتے ہیں اور یہ تصفیہ کرتی ہے کہ کس تجویز کو پہلے لینا چاہیے، ہر مسئلے کو کس طرح حل کرنا چاہیے اور ہندوستان کے کس حصے میں اس کے متعلق خاص کام بہترین طریقے پر کیا جا سکتا ہے۔ مجلس مشاورتی کے فیصلے، مجلس انتظامی کی منظوری اور بحیثیت مجموعی سوسائٹی کے خیالات کے تابع ہوتے ہیں مجلس انتظامی، کونسل کے رقوم کا انتظام اور نگرانی کرتی ہے۔ اس کا صدر مرکز شملہ میں ہے اور اس کو نو قایم شدہ امپریل کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ سے ملحق کر دیا گیا ہے جس کا مقصد سلطنت برطانیہ کے جملہ محققین کو ان ہی کے متعلقہ مضامین کی حد تک جدید ترین انکشافات سے باخبر رکھنا ہے۔

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم "ہندوستان ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۴ء" میں صفحہ ۹۱؛ اور انڈین ایریکلچر بابتہ ۱۹۳۵ء صفحہ ۲۹۳۔

باب ۱۱

387

مثلاً روتھم اسٹیڈ میں ایک محکمہ ہے جہاں سائنٹی فک کام خاص طور پر زمین کے متعلق انجام دیا جاتا ہے۔ ایک اور ادارہ کیمبرج میں ہے جہاں تحقیقات کا خاص موضوع نباتی توالد و تناسل ہے۔ ہندوستانی انجمن اس ادارے کے مصارف کے لیے کچھ چندہ دیتی ہے اور اس کی انتظامی مجلس میں انجمن کا ایک نمایندہ بھی شریک رہتا ہے۔ ہندوستانی کونسل کی مجلس انتظامی جو ابتدائی تدابیر اختیار کرنے والی ہے ان کے منجملہ تحقیقات کرنے والوں کے لیے پوسٹ گریجوئیٹ اسکالرشپ کا انتظام بھی شامل ہے۔ مجلس مذکور نے دہلی میں تحقیقات اور حوالے کے لیے ایک کتاب خانہ بھی کھولا ہے۔ جن مسائل پر توجہ دی جا رہی ہے وہ چاول، فن سٹکر سازی، نیشکر کی کاشت میوہ اور خشک کاشت کی تحقیقات، زرعی پیداوار کی فروخت کا انتظام، کھاد کی تحقیقات، ٹڈیوں کی تحقیقات، آلو کی کاشت، حیوانوں کی داشت وغیرہ ہیں۔ عالموں کو اس غرض سے مالی امداد دی جاتی ہے کہ یونیورسٹی کے اسٹاف میں سے کام کرنے والوں کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ زرعی اہمیت کی تحقیقات کو توسیع دیں یا دوسری تحقیقات کے زرعی پہلوؤں کو ترقی دیں۔

زرعی کمیشن نے یہ سفارش کی تھی کہ ابتداً زرعی تحقیقاتی کونسل کے لیے ۵۰ لاکھ روپیہ کا فنڈ وقف کر دیا جائے۔ لیکن اس کے بجائے حکومت ہند نے اعلان کیا کہ اس نے ابتداً ۲۵ لاکھ روپیہ یکمشت دینے کا فیصلہ کیا تھا اور اس کے علاوہ ایک مقررہ رقم سالانہ بھی دی جائے گی۔ سالانہ امداد ۲۵ء لاکھ روپیہ کی دی جائے گی جس کے منجملہ ۵ لاکھ روپیہ کونسل کے سائنٹی فک اغراض کے لیے اور باقی ۲۵ء ۲ لاکھ روپیہ اس کے عملہ اور معتمدی کے مصارف کے لیے ۱۹۳۱ء تا ۱۹۳۲ء کی تخفیف کی مہم میں سالانہ تحقیقات کی امداد موقوف کر دی گئی۔ کونسل کے قائم ہونے کے بعد کے کل زمانے یعنی چھ سال میں حکومت ہند نے کم و بیش ۱۰۱ لاکھ روپیہ مختلف کاموں کے لیے منظور کیا یعنی ۵۰ لاکھ روپیہ عام تحقیقاتی کام کے لیے، ۲۰ لاکھ روپیہ شکر کی تحقیقات کے لیے، ۲۵ لاکھ روپیہ مرکز میں اور صوبوں میں پیداوار کی فروخت کے

باب ۱۱ انتظام کی تجاویز کے لیے، اور ۶ لاکھ روپیہ شیر خانہ کے جدید تحقیقاتی ادارہ کے لیے۔ اس میں ۱۴ لاکھ روپیہ کا اضافہ بھی کرنا چاہیے، جس کا وعدہ آیندہ پانچ سال کے لیے ایک مرکزی ادارۂ شکر کی تجویز کے واسطے کیا گیا۔

کمیشن کی سفارش کے مطابق تمام صوبوں میں صوبہ واری تحقیقاتی کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں۔ یہ کمیٹیاں شاہی مجلس زرعی تحقیقات کے ساتھ مل کر کام کریں گی اور ان تمام درخواستوں کے بارے میں رپورٹ پیش کریں گی جو صوبوں کی جانب سے تحقیقاتی مجلس میں رقم کی منظوری کی غرض سے پیش ہوں گی۔ ان کمیٹیوں کا اہم ترین کام اس تحقیقات کو ترقی دینا اور اس میں ربط و ہم آہنگی پیدا کرنا ہے جو صوبے کے اندر وہی اصلاح و ترقی کے لیے عمل میں لائی جائے۔ کونسل نے اس مقصد کو بڑی حد تک پورا کر دیا ہے جس کے لیے اس کو وجود میں لایا گیا تھا۔ مختلف صوبوں کی رپورٹوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کونسل کی عطا کردہ مالی امداد کی بدولت زرعی تحقیقات کو برقرار رکھنے کا موقع ملا اور صوبوں کی انفرادی کوشش نے مالی پریشانی 388
کے زمانے میں بھی اس تحقیقات کو کسی قدر وسیع کرنے کا موقع بہم پہنچایا۔ اس طرح درمیان میں مرکزی امداد میں جو کمی رُونما ہوئی اس کو پُورا کر دیا گیا اور مساعی میں ہم آہنگی قائم رہی۔ اسی کے ساتھ یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ مالی ملحوظات نے کونسل کو وہ سب کچھ کرنے سے باز رکھا جس کے متعلق شاہی زرعی کمیشن نے اس سے توقع کی تھی۔

کمیشن تحقیقات کی تنظیم کے بارے میں اپنی سفارش کو اپنی پیش کردہ قطعی تجاویز میں اہم ترین خیال کرتا ہے۔ اور حکومت نے بہت اچھا کیا کہ اس سفارش پر عمل کرنے کے لیے قطعی تدابیر اختیار کرنے میں وقت ضایع نہیں کیا۔ تحقیقات کے نظام سے پورا پورا فائدہ اُٹھانے کی غرض سے ظاہر ہے کہ ایک قابل اور کار آمد عملہ کا انتخاب ضروری ہے تاکہ تحقیقات کا کام جاری رکھا جائے اور اس خوف کو کوئی جگہ نہ دینی چاہیے جو بعض نقاد ظاہر کرتے ہیں کہ کمیشن کی سفارشوں کو اختیار کرنے کی وجہ سے بیشتر ارتخواہوں کی کئی جائداد میں قائم کرنی پڑیں گی اور یورپین "ماہر" درآمد کرنے پڑیں گے جو دراصل ماہر نہ ہوں گے۔

باب ۱۱

ایک طرف تو ہمیں جال حتی الامکان خوب پھیلا کر بچھانا چاہیے اور بہترین تربیت یافتہ دماغوں اور اعلیٰ ترین مہارت و قابلیت رکھنے والوں سے جہاں کہیں سے ہم انھیں پا سکیں کام لینا چاہیے؛ اور دوسری جانب جدید تحقیقات کے اسلوب پر ہندوستانیوں کی ترتیب کرنے اور ان کو ذمہ دارانہ کام سپرد کرنے میں ہر ممکنہ سہولت بہم پہنچانی چاہیے۔ ہمارا یہ خیال ہے کہ اگر مناسب سہولتیں بہم پہنچائی جائیں تو، ہندوستانی اس کی صلاحیت رکھتے ہیں کہ تحقیقات کے کام میں اپنے جوہر دکھائیں۔ یہ ایسا معاملہ ہے جس کے لیے مجالس قانون ساز اور ذی علم و فہم عوام کی گہری توجہ اور انتہائی چوکسی ضروری ہوگی۔

۱۰۔ معاشی تحقیق کے صوبہ وار مجالس۔

اس باب کو ختم کرتے ہوئے ہم بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی اس سفارش کی طرف توجہ مبذول کرانا مناسب سمجھتے ہیں کہ ہر صوبے میں معاشی تحقیق کی ایک مجلس مستقل بنیاد پر قائم کی جائے، تاکہ ترقی پذیر اور تعمیری زرعی پالیسی پر عمل کرنے کے لیے وہ حکومت کو مطلوبہ معلومات اور اطلاعات بہم پہنچائے۔ کمیٹی مذکور اس سلسلے میں مجلس معاشی تحقیق پنجاب کی طرف اشارہ کرتی ہے جس میں معاشی مسائل کی تحقیق سے دلچسپی رکھنے والے عہدہ دار اور غیر عہدہ دار دونوں شریک ہیں اور جو ۱۹۱۹ء میں قائم ہوئی۔ مالی اعتبار سے اس کمیٹی کا انحصار سرکاری امداد پر ہے، اور اس نے کئی دیہات کا جائزہ لیا اور بہت سے معاملات کے متعلق معلومات فراہم کی ہے، مثلاً کھیتوں کی وسعت اور تقسیم، صرف شدہ غذا کی شرحیں، زرعی اراضی کی گردی، کھیت کے حسابات، خاندان کا موازنہ وغیرہ؛ اور کسان کی معاشی حالت کے متعلق بہت ہی وافر اور مفید مواد پیش کیا ہے۔ بنگال میں بھی معاشی تحقیق کی ایک مجلس موجود ہے۔ اسی طرح ضرورت ہے کہ ہر صوبے میں ایک بورڈ قائم کیا جائے جو کسان پر اثر انداز ہونے والے سب معاشی عاملین کو اکٹھا کرے، ان کا باہمی تعلق دریافت کرے اور ان کی تحلیل کرے، اور تحقیق کے نتائج مناسب شکل میں پیش کرے۔[1]

389

[1] دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۷۳)۔

باب ۱۱ ملک اور ملک کے باہر کی دنیا کے بدلنے والے معاشی حالات سے مسلسل مطابقت پیدا کرنے کی ضرورت اس قسم کے انتظام کو آج کل کی شدید مسابقت اور معاشی منصوبہ سازی کے زمانے میں اور بھی زیادہ ضروری بنا دیتی ہے۔

390

باب ۱۲

مالگزاری

۱۔ ہندوستان میں مالگزاری پر تاریخی نظر

ہندوستان میں قدیم ترین زمانے سے حکومت کسانوں سے زمین کی پیداوار کے ایک حصے کی دعویدار رہی ہے۔ چنانچہ قوانین منو میں مجموعی خام پیداوار کے ۱/۶ حصے کا ذکر ہے یعنی فصلیں کٹنے کے بعد اناج کا جو انبار لگا دیا جاتا تھا اس میں سے ۱/۶ حصہ بادشاہ کا جائز حق سمجھا جاتا تھا اگرچہ جنگ کے زمانے اور دوسرے مفاجی حالات میں یہ تناسب بڑھ کر ۱/۴ ہو سکتا تھا۔ مجموعی خام پیداوار کے ایک حصے کے تعین کی تجویز معاشرے کی ابتدائی اور غیر ترقی یافتہ حالت میں کئی سہولتیں بہم پہنچاتی تھی۔ زمین کی کل پیداوار گاہنے کے فرش پر انبار در انبار اکٹھا کی جاتی تھی اور بادشاہ کے عہدہ دار کی موجودگی میں اس انبار سے حکومت کا حصہ الگ کر لیا جاتا تھا۔ ایسی حالت میں حکومت کا مطالبہ، پیداوار کی مقدار کے لحاظ سے خود بخود بدلتا رہتا تھا، اور مالگزاری کی معافی اور التوا کا کوئی وقت طلب طریقہ اختیار کرنا ضروری نہ تھا۔ لیکن اس طریقے کے نقائص بھی مساوی طور سے بدیہی ہیں۔

باب ۱۲ آبادی کے اضافے اور کاشت کی توسیع کے ساتھ ساتھ مالگزاری بہ شکل جنس وصول کرنا روز افزوں دشوار ہوتا گیا۔ تاوقتیکہ عہدہ داروں کا ایک بڑا عملہ تقسیم کی نگرانی کی غرض سے ملازم نہ رکھا جائے، کسان غلہ چھپا سکتے یا کھیت سے باہر لے جا سکتے تھے، یا مقامی محصل، کسان اور حکومت دونوں کو خسارے میں ڈال کر اپنا پیٹ بھرتے تھے۔ ممکن تھا کہ گاہنے کے فرش پر غلہ محض اس وجہ سے سڑتا پڑا رہتا کہ بادشاہ کا عہدہ دار ایک مدت دراز تک تقسیم کی نگرانی کے لیے نہیں آیا۔ ان نقائص نے جلد یا بدیر مالگزاری وصول کرنے کے دوسرے طریقوں کو بطور بدل اختیار کرنے پر مجبور کیا۔ چنانچہ کھڑی کھیتی کا اندازہ کرکے اس کے مطابق سرکاری حصے کا تعین کیا جا سکتا تھا بلا لحاظ اس کے کہ فصل کی کٹائی پر حقیقت میں کتنی پیداوار حاصل ہوئی اور اس کا اندازے سے کم یا زیادہ ہونا ممکن تھا۔ اس طریقے اور اس کے مثل دوسرے طریقوں کی جگہ انجام کار "ادائی بشکل زر" کے طریقے نے لے لی۔ چنانچہ اس تغیر و ترقی عمل کی رفتار کو بعض اسلامی سلطنتوں کی سرعت توسیع نے بہت تیز کر دیا جس کی بنا پر قدیم طریق کے مطابق مالگزاری بہ شکل جنس وصول کرنا ناممکن ہو گیا۔[1] تیمور کے قوانین و ضوابط پیداوار کے سرکاری حصے کو بہ شکل زر تعین کرنے کی پہلی باقاعدہ کوشش ہے۔ دوسری کوشش شیر شاہ (۱۵۴۰ء تا ۱۵۴۵ء) نے کی، لیکن ان کی جد و جہد اس لیے نامکمل رہی کہ ان کا دور حکومت مختصر تھا۔ تیسرا اور نہایت مشہور و معروف بندوبست اکبر اعظم کے دور میں ان کے قابل وزیر مالیہ ٹوڈرمل کے ذریعے سے ہوا۔ چنانچہ مطلوبہ مالگزاری کے تعین کی لازمی بنیاد کے طور پر یہ طریقہ اختیار کیا گیا کہ زمینوں کی ادائی 391
محصول کی قابلیت کی زیادہ باقاعدہ اور مفصل تحقیقات کی گئی۔ اراضی کی پیمایش بہت احتیاط کے ساتھ کی گئی اور زرخیزی کے مختلف مدارج کے لحاظ سے اس کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا۔ حکومت کا حصہ، مجموعی خام پیداوار کا ⅓ مقرر کیا گیا۔ مالگزاری نقد ادا کرنے کا بھی اختیار دیا گیا اور اس کی مقدار بندوبست سے پیشتر کے انیس سالوں کے دوران میں اناج کی اوسط قیمتوں پر مبنی رکھی گئی۔ بندوبست کی میعاد نو سال مقرر کی گئی۔

[1] دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۵۳)

باب ۱۱

اس طرح مغلوں نے مالگزاری کے قدیم ہندو طریق میں کوئی اساسی تغیرات نہیں کیے، بلکہ محض ہندو نظم و نسق کے رواجی اور غیر مکتوب طریقوں کو مربوط و مدون کیا۔ لیکن سلطنت کے مالی ذرائع کے متعلق قطعی معلومات حاصل کرنے کی غرض سے باقاعدہ رجسٹروں اور کتابچوں اور مالگزاری کے حسابات کے طریقے کو رائج کرنے کا سہرا مغلوں ہی کے سر بندھتا ہے۔ دکن میں اسی قسم کے تغیرات رونما ہوئے، خاص کر ملک عنبر (احمد نگر) کے دور حکومت میں جس نے مالگزاری کی بعض شرحیں موسوم بہ "عین" یا "لازمی شرحیں" رائج کیں۔ یہ مجموعی خام پیداوار کی نقد قیمت کا ۱/۳ ہوتی تھیں[1]۔ مرہٹوں نے ان شرحوں کو اپنے طریق کی بنیاد کے طور پر قبول کر لیا، اور انھیں اس معیار تک بڑھا دیا جسے وہ "کمال" کہتے تھے، یعنی وہ انتہائی یا اعلیٰ ترین شرح جو صرف بہترین زمینوں پر قابل ادائی تھی۔ اکثر صورتوں میں مالگزاری کی تشخیص عارضی ہوتی تھی، لیکن دکن میں "میراثی" حقیقت اراضی کے نتیجے کے طور پر تشخیص مستقل ہوتی تھی؛ "میراث دار" اپنی زمین پر مستقل قابل ارث حقیت کے لحاظ سے قابض ہوتا تھا جس میں ایک مقررہ محصول ادا کرنا پڑتا تھا خواہ زمین زیر کاشت ہو یا نہ ہو[2]۔ اکثر صورتوں میں

---

[1] کینگ ملک عنبر کے طریق کا مقابلہ اکبر کے طریق سے کرتے ہوئے بتلاتے ہیں کہ اگرچہ ملک عنبر کی تشخیص مالگزاری اکبر کی تشخیص مالگزاری کے مماثل تھی، لیکن ملک عنبر کے خیالات حقیت اراضی کے بارے میں مختلف تھے۔ چنانچہ اس کا مقصد کسان کو زمین سے وابستہ کرنا تھا، اور اس مقصد سے اس نے زمین کے بہت بڑے حصے کو کسانوں کی خانگی ملک بنا دیا، اس حق مالکانہ کے ساتھ ساتھ انھیں زمین فروخت کرنے کا اختیار بھی عطا کیا گیا اور دیہی برادری کی مشترکہ جائداد کے طور پر دوسری زمینیں بھی عطا کی گئیں، (دیکھو ان کی کتاب موسوم بہ "بمبئی دکن میں دیہی معیشت"

(Rural Economy in Bombay Deccan.)

[2] مرہٹوں کے دور حکومت میں ایک بہت ہی معین حقیت اراضی بھی تھی جس کو "اپری" کہتے تھے "اپری" حکومت کا اسامی غیر وخیلکار ہوتا تھا جس کے ذمہ کا لگان بڑھایا جا سکتا تھا اور جو ہر سال جتنی زمین چاہے کاشت کرنے کے لیے حاصل کر سکتا تھا۔ وہ کل جتنی پیداوار حاصل کرتا تھا اس کے لحاظ سے مالگزاری ادا کرتا تھا۔

[3] دیکھو کینگ کی تصنیف محولۂ بالا، صـ۔

باب ۱۲ کئی دوسرے ابواب حائد کر کے حقیقی مالگزاری میں اضافہ بھی کر دیا جاتا تھا۔ یہ پایا گیا کہ یہ تغیر تمام ہندوستان میں جہاں کہیں مرکزی حکومت کا اقتدار کمزور پڑ گیا تھا رونما ہو گیا تھا۔ سر جان شور کے تخمینہ کے مطابق معیاری مالگزاری کے مقابلے میں ابواب کا تناسب بعض صورتوں مثلاً بنگال میں ۴۳ اور ۴۵ فیصد کے درمیان تھا۔[1]

392 مالگزاری اور حقیت اراضی کی سرگزشت کی دوسری اہم ترین خصوصیت، مالگزاری کی متاجری کا رونما ہونا تھا، جو ایک سے زیادہ صوبوں میں حقیت اراضی کے مقامی نظام کی ترقی میں نہایت اہم حامل تھا۔ یہ طریق اس خیال سے اختیار کیا گیا تھا کہ مرکزی حکومت کے خزانے میں مستقل آمدنی کو یقینی بنایا جائے، اس لیے کہ مغلیہ سلطنت کے زوال کے زمانے میں حکومت کے لیے یہ بات روز افزوں مشکل ہو رہی تھی کہ دور افتادہ علاقوں کے عہدہ داران مالگزاری کی نگرانی کرے۔ اس طریق کی ابتدا کی ٹھیک تاریخ نہیں تو بتلائی جا سکتی، لیکن شہنشاہ فرخ سیر کے دور حکومت (۱۷۱۳ء تا ۱۷۱۹ء) سے وہ بنگال میں اچھا خاصا پھیل گیا۔ اس طریق کے تحت مالگزاری کا متاجر حکومت کو وصول کردہ رقم کا ۹/۱۰ حصہ ادا کرتا تھا اور باقی اپنے محنتانے کے طور پر رکھ لیا کرتا تھا۔ لیکن بعد کے زمانے میں انحطاط کا ایک اور دور رونما ہوا جب کہ کسی پرگنے یا ضلع کی مالگزاری وصول کرنے کا حق نیلام کے ذریعے سے سب سے بڑی بولی بولنے والے کو دیا جانے لگا جو اس بات کے ذمہ دار قرار دیئے گئے کہ اس طرح مقرر کردہ رقم یکمشت سرکاری خزانے میں داخل کریں اور اس سے زائد جو کچھ وصول ہو اس کو اپنے پاس رکھ لیں۔ بعض صورتوں میں ہندو راجاؤں یا سرداروں کو، جو بزور شمشیر حکومت مغلیہ کے تابع فرمان بنائے گئے تھے، شاہی منشور کے تحت متاجر مالگزاری بنایا گیا۔ اگرچہ ابتداءً متاجر مالگزاری کا عہدہ موروثی نہ تھا اور سرکاری عہدہ داروں کی نگرانی کے تابع تھا، لیکن جوں جوں مرکزی اقتدار کو زوال آتا گیا اُس کا میلان موروثی بننے کی طرف زیادہ ہوتا گیا۔ مالگزاری کے متاجر نے سیاسی بدنظمی سے اور اُس کی بنا پر اپنی طاقت کو بڑھانے کے خاص موقعوں سے پورا فائدہ اٹھا کر اپنی حیثیت کو بتدریج مستحکم کر لیا۔

---

[1] دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۵۳۔

باب ۱۱ وہ اپنی زمین سیر کے علاوہ بڑے افتادہ رقبے پر کاشت کر کے پہلے اپنی تحویل کی زمین کی ملکیت کا مدعی بنا اور بعد میں چل کر اس نے چھوٹے چھوٹے ہمسایہ کسانوں کی زمین جائز یا ناجائز طریقے سے خرید لی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ لارڈ کارنوالس کے دور حکومت تک مالگزاری کے متاجر ترقی کر کے ایک ایسی طاقت ور جماعت بن گئے تھے کہ ان میں اور باضابطہ مالکان زمین میں کوئی فرق باقی نہیں رہا تھا۔ جیسا کہ روبرٹس اپنی کتاب موسوم بہ "تاریخی جغرافیہ ہند" میں لکھتا ہے، "زمینداری حق کی حیثیت ابتداءً ایک موروثی معاہدہ کی بخشی کی تھی جس کے ذریعے سے مالگزاری وصول کی جاتی تھی، لیکن اب وہ ایک حد تک مقطعہ یا جاگیر کے مشابہ ہو گئی"۔ مغلیہ دور حکومت کے آخری زمانے کی بدانتظامی اور حکومت کی دیرینہ مالی مشکلات نے متاجروں کی حیثیت کو روز بروز قوی کیا، اس لیے کہ آڑے وقت میں حکومت کے کام آنے والا اور نقد لینے کا یہی ایک ذریعہ تھا۔ مالگزاری کے نظم و نسق کی نگرانی کا سرکاری انتظام مفقود ہو جانے کی وجہ سے متاجر کے کاروبار بے روک ٹوک انجام پانے لگے، اور حکومت کا نظام اس درجہ 393 بگڑ گیا تھا کہ اس میں ان کے دستبرد اور جبر و ستم سے کسان کو محفوظ رکھنے کی خواہش یا سکت باقی نہیں رہی تھی۔

مالگزاری کی متاجری ابتداءً مغلیہ سلطنت اور خاص کر صوبۂ بنگال تک محدود رہی لیکن بعد میں وہ بہت جلد اسی کے مماثل اسباب کی بنا پر ملک کے دوسرے علاقوں میں بھی رائج ہو گئی، حتیٰ کہ مرہٹوں نے بھی، جن کا مالگزاری کا طریق اٹھارویں صدی کے آخری نصف حصے میں نانا فرناویس کے تحت عام طور پر بہت عمدہ اور منصفانہ تسلیم کر لیا گیا تھا، نانا فرناویس کے انتقال کے بعد آخر ناہل پیشوا کے دور حکومت میں اس کو بہت جلد اختیار کر لیا۔ یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ اگرچہ یہ طریق اس طرح عام طور پر پھیل گیا، پھر بھی اس کے اثرات یکساں نہ تھے۔ شمالی ہند میں، جہاں وہ سب سے پہلے رائج ہوا اور جہاں مرکزی اقتدار بہت جلد کمزور پڑ گیا، یہ اثرات زیادہ مکمل اور دیرپا تھے، جیسا کہ بنگال میں زمینداری حقوق کی ترقی سے ثابت ہوتا ہے۔ دوسرے مقامات مثلاً دکن میں

۱؎ تمام متاجر بالالتزام اپنی اصلیت و نوعیت کے "زمیندار" اور بعض اوقات "تعلقدار" کہلاتے تھے لیکن ان القاب کے مفہوم میں اراضی کے بارے میں کوئی قطعی حق الکانہ لازمی طور پر داخل نہ تھا۔

باب ۱۱ اس کے مستقل آثار باقی نہ رہے، بجز کون کن جیسے سرحدی علاقوں کے جہاں کھونٹوں نے جو ایک زمانے میں مالگزاری کے متاجر تھے، زمیندارانہ حقوق حاصل کر لیے تھے۔ ان دونوں انتہاؤں کے درمیانی علاقے مثلاً صوبۂ متحدہ میں متاجروں نے صرف چند زمیندارانہ حقوق حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ یہی بات کم و بیش پنجاب کے بارے میں صادق آتی تھی۔ مالگزاری کی متاجری اور عام انتظامی خرابیوں کا عام نتیجہ یہ دیکھا گیا کہ حقیت اراضی و حقوق ملکیت میں روز افزوں زیادہ پیچیدگیاں پیدا ہوتی گئیں، اور سابقہ معمولات مثلاً باقاعدہ بندوبست اور تشخیص لگان کے طریقے سے جو اکبر اعظم کے زمانے سے رائج تھا بتدریج انحراف کیا گیا۔ ان تمام امور نے جدید برطانوی حکمرانوں کے کام کو مالگزاری کے نظم و نسق کی کسی معقول تجویز کی عدم موجودگی میں بہت دشوار بنا دیا۔ اس لحاظ سے یہ بالکل قدرتی امر تھا کہ ابتداءً غلطیاں سرزد ہوئیں، اور ایک زمانۂ دراز کے بعد مختلف صوبوں کے لیے کوئی معقول نظام تشکیل پایا۔

۲ حقیت اراضی کی تین قسمیں[1]

حقیت اراضی کے مسئلے کی اصلی دلچسپی سے قطع نظر کرتے ہوئے، اس مسئلے کو اچھی طرح سمجھ لینا اس وجہ سے ضروری ہے کہ اس کے متعلق کافی معلومات حاصل کیے بغیر مالگزاری کے بندوبست کے طریقوں کو، جو مختلف صوبوں میں رائج ہیں، سمجھنے میں بہت دشواری ہوگی۔ چنانچہ حقیت اراضی کی قسم اور طرز یعنی یہ امر کہ زمین کس طریقے پر قبضے میں ہے اس شخص یا ان اشخاص کا تعین کرتی ہے جو مالگزاری ادا کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ گویا یہ قسم اور طرز ہی بندوبست کی شکل، زمین کے حقوق اور مفادات کے مختلف مدارج، حقوق کی شناخت اور باہمی تعلق اور مالگزاری کی تشخیص کے بارے میں اختیار کردہ طریقے کی نوعیت کا تعین کرتی ہے۔

ہندوستان کی حقیت اراضی کا طریقہ ہر ممکنہ نوع ظاہر کرتا ہے، یعنی اس کے

---

[1] اس باب میں بیان کردہ امور کے بیشتر حصے کے لیے ہم۔ بی، ایچ بیڈن پاؤل کے ممنون ہیں جن کی کتاب موسوم بہ "برطانوی ہند کے نظام ہائے ارضی" نیز دوسری کتاب موسوم بہ "برطانوی ہند میں لگان اور حقیت اراضی" سے ہم کو مدد ملی۔

باب ۱۱
894

تحت نہ صرف بڑی جائدادیں اور جاگیریں ہیں جن میں ہزاروں اسامی اور کسان کام کرتے ہیں بلکہ چھوٹے چھوٹے کھیت بھی ہیں جن کا رقبہ ایک ایکڑ سے بھی بہت کم ہے۔ پھر بھی بخوبی معین قسموں میں کھیتوں کی تبویب کرنا ممکن ہے[1]۔ ہندوستان میں حقیت اراضی کی تین بڑی قسمیں حسب ذیل ہیں:- (۱) زمینداری حقیت کی مختلف شکلیں ہیں، جن میں ایک شخص یا زیادہ سے زیادہ چند مشترک مالک، کل جائداد کے لیے مالگزاری کی رقم یکمشت ادا کرنے کے ذمہ دار قرار دیے جاتے ہیں جیسا کہ بنگال میں ہوتا ہے؛ (۲) چھوٹی جائدادیں، جو اول الذکر قسم ہی کی نوعیت رکھتی ہیں، لیکن ان کی بعض نمایاں خصوصیات بھی ہیں۔ یہ دیہی جائدادیں ہیں جو مشترکہ جماعتوں یا دیہی برادریوں کے قبضے میں ہوتی ہیں جن کے ارکان کو مشترکہ طور پر اور فرداً فرداً مالگزاری کا ذمہ دار قرار دیا جاتا ہے۔ اس صورت میں ہمیں اجتماعی یا "معیاری" زمیندار سے سابقہ پڑتا ہے، (۳) آخر میں یہ کہ منفرد اور آزاد کھیتوں کی شکل میں بھی زمین پر قبضہ کیا جاتا ہے جن کے مالک الگ الگ افراد ہوتے ہیں، اگرچہ وہ مقامی طور پر دیہات میں یکجا ہوتے ہیں اور انفرادی مالک، مالگزاری کی ادائی کے لیے فرداً فرداً ذمہ دار ہوتے ہیں۔ حقیت اراضی کی ان تینوں قسموں کو علی الترتیب (۱) زمینداری طریق (۲) مشترک دیہی (دیہی برادری کا) طریق یا محل واری طریق، اور (۳) رعیت واری طریق کہتے ہیں۔

۳- گاؤں کی ترکیب کی دو بڑی شکلیں[2]

ہم ان عام اسباب کو بیان کر چکے ہیں جو ایک خاص طرز آبادی موسوم بہ "گاؤں" کی نوعیت و ابتدا کی توجیہ کرتے ہیں[3]۔ ہم نمونے کے ایک گاؤں کی اہم خصوصیات مثلاً بعض دیہی عہدہ داروں، دستکاروں اور ادنیٰ ملازموں وغیرہ کی موجودگی کا ذکر بھی ایسے عام طریقے پر کر چکے ہیں

---

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستان ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں"۔ ص ۱۶۹۔
[2] ہندوستانی دیہات کی شکلوں اور نوعیت کے دلچسپ اور نزاعی مسئلے کے لیے دیکھو بیڈن پاؤل کی کتاب موسوم بہ "برطانوی ہند میں مالگزاری اور حقیت اراضی" ص ۸۸ تا ص ۹۰۔
[3] دیکھو باب ۵۔

باب ۱۱ کا اس کا اطلاق ہندوستان کے اکثر دیہات پر ہوتا ہے۔ اب اندرونی ترکیب کی حد تک ہندوستانی دیہات کے باہمی فرق و اختلاف پر زور دینا ضروری ہے، اس لیے کہ یہ عامل حقیت ارانی کی نوعیت پر اور حقیت ارضی کے توسط سے بندوبست مالگزاری کی تشکل پر بہت اہم اثر ڈالتا ہے۔ ہندوستان میں دو نمایاں قسم کے دیہات ہیں، ایک تو رعیت واری یا انفرادی ملکیت کے گاؤں اور دوسرے زمینداری یا مشترکہ گاؤں؛ موخرالذکر قسم کئی دلچسپ چھوٹی چھوٹی ذیلی قسموں میں تقسیم ہے[1]

(۱) رعیت واری گاؤں۔ رعیت واری گاؤں کی اندرونی ترکیب مقابلتہً سادہ ہے۔ زمین انفرادی ملکیت میں ہوتی ہے اور اس پر مختلف مالک الگ الگ کاشت کرتے ہیں، اور ممکن ہے کہ ان میں سے ہر ایک نے کھیت وراثت میں پایا ہو یا خریدا ہو یا صحرا کے ایک خطے کو خس و خاشاک سے پاک کر کے قبضہ کیا ہو۔
395 ان جداگانہ و منفرد کسانوں، مالکوں اور ان کے کھیتوں کے مجموعے پر رعیت واری گاؤں مشتمل ہوتا ہے۔ گاؤں کی افتادہ اور بنجر زمین حکومت کی ملک ہوتی ہے، اگرچہ ممکن ہے کہ دہقان ان کو چراگاہ کے طور پر یا لکڑی کاٹنے وغیرہ کے لیے استعمال کریں۔ ہر کھیت کی مالگزاری الگ مشخص کیجاتی ہے اور اس کی ادائی کی ذمہ داری انفرادی ہوتی ہے۔ مشترکہ دیہی عہدہ داروں کے تابع ہونے اور دیہی دستکاروں اور ادنیٰ خدمت گاروں کے خدمات سے مشترکہ طور پر استفادہ کرنے کے علاوہ دہقانوں میں ربط و اتحاد قائم کرنے والا کوئی اور بندھن نہیں ہوتا۔ ان تمام امور سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ گاؤں کے چودھری یا پٹیل اور عام طور پر دیہی عہدہ داروں کی اہمیت زمینداری گاؤں کے مقابلے میں رعیت واری گاؤں میں زیادہ ہوتی ہے۔ اس قسم کے گاؤں مدراس، بمبئی، برار اور وسطی ہند میں عام طور پر پائے جاتے ہیں اور مالگزاری اور زمینداری حقوق علی الترتیب قایم کیے جانے سے پیشتر صوبہ متوسط اور بنگال میں بھی موجود تھے۔

(۲) زمینداری یا مشترکہ گاؤں:۔ نام نہاد زمینداری گاؤں یا تو ایک منفرد

---

[1] دیکھو بیڈن پاؤل کی کتاب موسوم بہ "برطانوی ہند میں نظام ہائے اراضی" جلد اول، باب ۔

باب ۶ زمیندار یا شرکاء کی ایک جماعت کی ملکیت ہو سکتا ہے جو ممکن ہے کہ یک جدی خاندانوں کے گروہ کی نمایندگی کرے اور اجتماعی طور پر گاؤں کے زمیندار کی حیثیت سے موجودہ ملکیت کی حقدار ہو یا خود اپنی قوت بازو سے زمینداری قایم کرے، لیکن بہرصورت گاؤں ایک منفرد اکائی مانا جاتا ہے۔ انفرادی یا اجتماعی زمیندار یہ دعوی کرتا ہے کہ وہ دوسرے زراعت پیشہ اسامیوں کے مقابلے میں اونچی ذات اور مرتبے کا ہوتا ہے، گو ممکن ہے کہ بعض اوقات شرکا اپنے طور پر زمین پر کاشت کریں۔ گاؤں کی افتادہ زمین بحیثیت مجموعی دیہی برادری کی ملک ہوتی ہے چنانچہ وہ اسامیوں کو لگان پر دی جا سکتی ہے اور وصول شدہ لگان برادری کے ارکان میں تقسیم ہو سکتا ہے یا اس زمین کو حکومت کی اجازت کے بغیر اجزا میں تقسیم کیا جا سکتا یا زیر کاشت لایا جا سکتا ہے اس کی مالگزاری یکمشت شخص کی جاتی ہے جس کے ادا کرنے کی ذمہ دار شرکاء کی کل جماعت مجموعی و انفرادی حیثیت سے ہوتی ہے، اگرچہ مشترک ذمہ داری سے خاص طور پر استثنا حاصل کیا جا سکتا ہے اور کوئی شریک لگان کا انفرادی حصہ حکومت کی اجازت سے خاص طور پر الگ کر سکتا ہے۔ گاؤں کے مشترکہ معاملات کا انتظام ابتداءً پنچایتوں یا نمایندہ جماعتوں کے ذریعے سے ہوتا تھا جو ممتاز شریک کار خاندانوں پر مشتمل ہوتی تھیں۔ سچ پوچھو تو کوئی ایک شخص گاؤں کا بڑا یا چودھری نہ ہوتا تھا، اگرچہ ممکن ہے کوئی فرد "نمبردار" کی حیثیت سے منتخب کر لیا جائے تاکہ دیہی برادری کے نمایندے کے طور پر حکومت سے معاملات طے کرے، خاص کر بندوبست مالگزاری کے سلسلے میں۔ اس قسم کا گاؤں پنجاب میں خاص طور پر بہت ترقی یافتہ حالت میں ہے اور زیادہ تر مسلمانوں کے خیالات اور نظریے کے مطابق ہے اور رعیت واری گاؤں سے جو ہندو طرز حکومت اور ہندو خیالات کے مطابق ہے نمایاں امتیاز رکھتا ہے۔ اس طرز کا گاؤں نہ صرف جاٹ، گوجر اور وسطی پنجاب کے دوسرے فرقوں میں بلکہ فاتح آرین قوموں اور دوسرے علاقوں کے سرداروں اور راجاؤں کے اخلاف میں بھی پایا جاتا ہے۔

۴ مشترکہ یا زمینداری دیہات کی قسمیں اور ترکیب۔

396 اس قسم کے دیہات کی اندرونی ہیئت ترکیبی کے مزید تفصیلات کی جانب متوجہ ہوتے ہوئے

باب ۱۱ ہم ان تین نمایاں انواع کا ذکر کر سکتے ہیں جن کا انحصار اُن اصول پر ہے جن کے مطابق شرکاء زمین یا زمین کا منافع اور پیداوار آپس میں تقسیم کرتے ہیں۔ (۱) اولاً آبائی دیہات کو لیجیے[1] جن میں آبائی یا خاندانی حصے کا طریق رائج ہے جس کے تحت شرکاء کی جماعت کا ہر رکن، کل کا اتنا ہی جزو لیتا ہے جو شجرے میں اس کے درجے کے مطابق قرار پائے۔ آبائی دیہات کی حسب ذیل قسمیں ہیں:- (ا) وہ دیہات جو مشترکہ جماعت کے قبضے میں اسی طرح غیر منقسم ہوں جس طرح مشترکہ غیر منقسم خاندان کے ممبر ہوتے ہیں؛ (ب) وہ دیہات جو آبائی حصے کے طریق کے تحت منقسم ہوں (پٹی داری)، اور (ج) وہ گاؤں جو آبائی یا موروثی طریق پر جزوی حیثیت سے منقسم ہوں (غیر مکمل پٹی داری)۔ (۲) غیر آبائی دیہات، جن میں حقیقی "بھائی چارہ"[2] کے حسب ذیل اصول کے تحت حصے بخرے کے خاص رواجی طریقے ہوتے ہیں:- (ا) زمین کو مصنوعی طریق پر کئی مساوی خطوں میں تقسیم کر کے حصہ دینا، (ب) ہلوں کے حساب سے حصہ دینا جس میں ہلوں کی تعداد کے لحاظ سے زمین تقسیم کی جاتی ہے، یا (ج) پانی کے لحاظ سے حصے، یا (د) کنووں کے لحاظ سے حصے۔ لیکن ان سب صورتوں میں تقسیمات کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ ایک سالم مشترک ملک کے حصے ہیں۔ (۳) حقیقی کھیتوں کا طریق، جس میں حصہ داری کا کوئی معین قاعدہ نہیں ہوتا اور موجودہ کھیت حقیقی ملک تسلیم کیے جاتے ہیں۔ مثلاً ممکن ہے کہ یہ طریقہ ایسے دیہات کے قدیم خاندانی طریق کی شکست سے اخذ کیا گیا ہو جو ایک زمانے میں پٹی داری تھے، لیکن جہاں تغیرات و حادثات زمانہ کے باعث اور بوجھل اور گرانبار مالگزاری کے اثرات کی وجہ سے قدیم حصہ داری کا طریق درہم برہم ہو گیا ہو اور اس لحاظ سے حقیقی ملکی کھیتوں کا اصول تسلیم کر لیا گیا ہو، یا یہ ممکن ہے کہ اس کا رواج ہمیشہ سے

---

[1] آبائی دیہات میں منفرد زمینداری دیہات بھی شامل ہیں جہاں زمین یا حصص کی تقسیم کا مسئلہ پیدا نہیں ہوتا۔

[2] "بھائی چارہ" کی اصطلاح سرکاری طور پر زیادہ وسیع مفہوم میں استعمال کی جاتی ہے اور غیر آبائی زمینداری دیہات کی تمام قسموں کو محیط ہے۔

باب ۱۲

چلا آرہا ہو جس کے تحت حقیقی ملکی کھیت شروع ہی سے تسلیم کر لیے گیے ہوں۔

موروثی دیہات میں لگان کا بار کم و بیش قریب قریب اور اصولی طور پر جائداد کے حصے کے تناسب مقرر کیا جاتا ہے؛ اس کے برخلاف غیر موروثی شکلوں میں مالگزاری کا بار بھائی چارہ یا حقیقی کھیت کے اصول کے مطابق حقیقی کھیتوں کے تناسب سے مقرر کیا جاتا ہے۔

حصہ واری کے ان تین مختلف اصول کے متعلق یہ خیال کرنا چاہئے کہ وہ ان تین ممکنہ طریقوں میں سے کسی نہ کسی طریقے کی پیداوار ہیں جن کی بنا پر سب مشترکہ یا زمینداری دیہات قائم کئے گیے ہیں۔ یعنی (۱) وہ یا تو ایسی جماعتیں تھیں جو مشترکہ طور پر
397 ایسی گاؤں کی وارث ہوئی ہیں جو ابتداءً ایک مشترک جد اعلیٰ کے قبضے میں تھا اور یہ ممکن ہے کہ یا تو اس کا بانی مبانی یا معطی یا مالگزاری کا متاجر ہوتا ہو یا کوئی حکمراں سردار ہو جس کی حیثیت گھٹ کر زمیندار کی ہو گئی ہو جیسا کہ صوبہ متحدہ میں ہوا یا (۲) وہ ایسی جماعتیں ہیں جو کئی خاندانوں پر مشتمل ہوں اور یہ خاندان کسی توطن پذیر یا فاتح قبیلے سے تعلق رکھتے ہوں جس نے اپنے رسم و رواج کے مطابق رقبہ تقسیم کیا ہو یا (۳) وہ محض امداد باہمی کے اصول پر نو آبادیات قائم کرنے والی جماعتیں ہوں اور ایسے حالات کے تحت قایم کی گئی ہوں جن کی بنا پر وہ مشترک سرمایے کے اصول پر کاشت کرنے کی جانب مائل ہوئی ہوں۔

یہاں یہ کہہ دینا نامناسب نہ ہوگا کہ گاہ گاہ یہ ممکن ہے کہ دیہی زمینداری جماعتوں کے اوپر اودھ و آگرے کے تعلقداروں کے مثل حکمران جاگیردار رونما ہوں۔ یہ تعلقدار کئی دیہی برادریوں کے حکمراں زمیندار ہوتے ہیں لیکن یہ برادریاں وہی اساسی اصول برقرار رکھتی ہیں جیسے کہ آزاد دیہی برادریاں۔ ان حکمراں جاگیری حقوق کا منبع و ماخذ آزاد زمینداری دیہات کے منبع و ماخذ کے مشابہ ہے۔

۵۔ جاگیریں یا بڑی زمینداریاں جن میں ایک سے زائد گاؤں ہوتے ہیں۔

بعض بڑی جاگیریں ایک گاؤں کے رقبے سے زاید رقبے پر پھیلی ہوئی ہیں بلکہ غالباً پورا ایک ضلع یا پرگنا ان میں شامل ہوتا ہے، اگرچہ وہ گاؤں جو ان کے

باب ۱۲ اجزائے ترکیبی ہیں اس صورت میں بھی اپنی اہمیت کو برقرار رکھتے ہیں۔ یہ بڑی زمینداریاں بہ لحاظ نوعیت کوئی خاص خصوصیات نہیں پیش کرتیں اور اس کی توجیہ دیہی زمینداری کے اصول پر کی جاسکتی ہے ممکن ہے کہ موجودہ مالکِ زمین کسی علاقے کے سابق سردار یا حکمراں کا جانشین یا مالگزاری کے کسی ٹھیکہ دار یا دوسرے عہدہ دار یا کسی ریاست کے موہوب الیہ یا جاگیردار یا انعام دار کا وارث ہو۔ ایسی حالت میں جائداد کے رقبے کے وسیع ہونے کا باعث محض یہ واقعہ ہے کہ زمیندار نے کسی عالی مرتبہ جاگیردار سے جائداد ورثے میں حاصل کی یا اس کا تعلق براہ راست کسی حکمراں سے تھا۔ ایسی جاگیریں جن کے مالک زمیندار ہیں، بنگال میں بہت بڑے پیمانے پر اور آگرہ و اودھ میں کسی حد تک پائی جاتی ہیں جہاں تعلقداروں کی جماعت موجود ہے۔ پنجاب میں ان کی تعداد بہت ہی کم بلکہ برائے نام ہے۔ صوبۂ متوسط میں زمینداروں کی خاصی بڑی جماعت موجود ہے جنھیں مالگزار کہتے ہیں؛ ان کی جاگیروں کا تناسب صوبے کے مجموعی رقبے کے لحاظ سے بہت بڑا ہے، تاہم وہ بنگال کے مفہوم کے لحاظ سے زمیندار نہیں ہیں۔ بمبئی میں بھی مختلف قسم کی بڑی زمینداریاں ہیں۔ جاگیرداروں اور انعام داروں کے طبقے کے علاوہ گجرات کے تعلقدار اور دکن کے مغربی ساحل کے "کھوٹ" اسی ذیل میں آتے ہیں۔ مدراس میں خاص کر شمالی علاقے میں کئی بڑی زمینداریاں بنگال کے نمونے کی موجود ہیں۔

ہندوستان میں مالکانہ حیثیت اراضی کا یہ تبصرہ ان شکلوں کی گوناگوں پیچیدگیوں اور مختلف انواع کو واضح کرتا ہے جو کئی تاریخی عاملین مثلاً جنگ و جدال، حملوں، فرقہ وارانہ اور مقامی فتوحات اور حکمراں خاندانوں کے عروج و زوال کے نتیجے کے طور پر رونما ہوئی ہیں۔ زمین کو صاف کرکے اس پر قبضہ کرنے کا حق تو ابتداءً لازمی طور سے اہم تھا ہی، اس میں زمین کی فتح، ہبہ اور فطری برتری وغیرہ کے حق کا اضافہ ہوگیا۔

89 **۶۔ ذیلی مالکانہ و کاشتکارانہ حقوق**

فتح، ہبہ یا متاجری کے نتیجے کے طور پر متعدد حقوق کے ایک کے اوپر ایک قایم ہونے کے اس عمل میں جس طرح نئے زمیندارانہ حقوق پیدا ہوسکتے ہیں اسی طرح دیرینہ مالکانہ حقوق بھی بگڑ کر ذیلی مالکانہ یا کاشتکارانہ حقوق

باب ۱۲

کی شکل اختیار کر سکتے ہیں۔ بعض صورتوں میں سابق مالکانِ زمین جاگیردار کے تحت رہ کر بھی اپنی حقوق یافتہ حیثیت برقرار رکھ سکتے تھے اور مالک کی حیثیت سے کسی شخص کے بالادست تسلیم کر لیے جانے کی وجہ سے اس کے زیردستوں کا تسلیم کیا جانا بھی ضروری ہو گیا۔ حقوق اراضی اور خاص کر ان کے کثیر مدارج کی وجہ سے جو بدنظمی اور پیچیدگیاں پیدا ہوئیں ان کی بنا پر ان حقوق کا تسلیم کرنا بہت دشوار ہو گیا۔

چونکہ رعیت واری علاقوں میں حقوق کی اتنی کثرت نہ تھی، اس لیے مسئلہ نہایت سادہ تھا اکثر صورتوں میں کسان ہی زمیندار بھی ہوتا تھا۔ جن صورتوں میں کہ اسامیوں سے کام لیا جاتا تھا، وہاں اس بارے میں کوئی شبہہ نہ تھا کہ وہ معمولی تعہدی اسامی تھے جو مالک زمین فراہم کرتا تھا اور اس لحاظ سے انھیں قانونی طور پر تسلیم کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ زیادہ سے زیادہ چند صورتوں میں یہ ممکن تھا کہ چھوٹا سا جاگیردارانہ حق موجود ہو، جس کا پوری طرح انتظام اسطرح کیا جاتا تھا کہ مستقل مالک مقررہ لگان ادا کر دیا کرتا تھا۔ لیکن زمینداری علاقوں اور مشترک دیہی زمینداریوں میں صورت حال بدرجہا زیادہ پیچیدہ تھی اس لیے کہ کئی درمیانی مدارج پیدا ہو گئے تھے۔ بیڈن پاؤل مندرجۂ ذیل جدول میں ان مختلف حقوق و مفادات کی تشریح کرتے ہیں جو حکومت اور حقیقی کسان کے درمیان حائل اور رونما ہو سکتے ہیں۔ حکومت مالگزاری کے حقوق اور گاہ گاہ راست ملکیت زمین کے حقوق رکھتی ہے اور تمام حقوق کا سرچشمہ ہونے کی حیثیت سے سب سے اوپر ہے؛ اور حقیقی کسان، جہاں کہیں اس کو قبضے کے مستقل حقوق حاصل ہوں، سب سے نیچے ہے[1]

(۱) ذیلی مالکانہ حقوق۔ ذیلی مالکانہ حیثیت اراضی کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ کسان اپنے مخصوص کھیت کی حد تک پوری طرح مالک ہوتا ہے، لیکن نہ تو کل جائداد

899

[1] دیکھو بیڈن پاؤل کی کتاب موسوم بہ "برطانوی ہند کی مالگزاری اور حیثیت اراضی" صفحہ ۱۲۹۔ نیز دیکھو بنگال کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۱۔ "بانکورا ضلع کی ایک زمینداری میں مالک اور کسان کے درمیان یکے بعد دیگرے کم از کم تیس حقوق اراضی ہیں۔"

باب ۱۲

ایک حق	دو حقوق	تین حقوق	چار حقوق	
۱۔ حکومت تنہا مالک ہو۔	۱۔ حکومت ۲۔ رعیت یا قابض زمین جو معین حقوق رکھتا ہو اسامی نہ ہو جیسے کہ مدراس، بمبئی، برار وغیرہ میں۔	۱۔ حکومت ۲۔ زمیندار، تعلقدار یا مشترکہ دیہی جماعت جو بحیثیت مجموعی زمین کی مالک ہو۔ ۳۔ حقیقی مکھتی باڑی کرنے والے کسان انفرادی شرکا وغیرہ	۱۔ حکومت ۲۔ زمیندار ۳۔ ذیلی مالک یا حقیت دار ۴۔ رعیت یا حقیقی کسان۔	۱۔ حکومت ۲۔ صدر زمیندار یا اعلیٰ جاگیردار۔ ۳۔ حقیقی مالک زمین یا زمیندار (بالعموم دیہی جماعت) ۴۔ حقیقی کسان انفرادی شرکا وغیرہ۔

یا اس کے منافع میں اس کا کوئی حصہ ہوتا ہے اور نہ اس کے انتظام میں کوئی دخل۔ اس قسم کی مثالیں بنگال میں ملتی ہیں جہاں بعض اشخاص کو، جنھیں "حقیت دار" کہتے ہیں، مقررہ معاوضے پر مستقل، قابل توریث اور قابل انتقال حقیت اراضی کی رعایتی حیثیت عطا کی گئی ہے اس لیے کہ وہ اس حیثیت کو زمیندار طبقے کے عام تسلط و غلبے کے باوجود برقرار رکھنے کے قابل تھے۔ ان کی حیثیت کو معین کرنے میں جو مشکل تھی اس کی بنا پر آخر کار اس قاعدہ کا اختیار کرنا پڑا جو ۱۸۸۵ء کے قانون کے تحت بنایا گیا تھا۔ کہ وہ سب اشخاص جو زمیندار سے نیچے تھے اور ایک موبیگہ زمین رکھتے تھے، "حقیت دار" کی حیثیت اور درجے کے مستحق تھے۔

اس قسم کے حقوق کی ایک اور جدید مثال پٹی داروں کے طبقے سے بہم پہنچتی ہے جن کو زمینداروں کی طرف سے مستقل انتظامی پٹہ ان کے علاقے کے ایک جزو کے لیے دیا گیا تھا، اور زمینداروں نے ایسا اس لیے کیا کہ وہ اپنی جائداد غیر منقولہ کو حد سے زیادہ بوجھل پاتے تھے اور اپنے ذمے کی مالگزاری میں دوسروں کو

باب ۱۲ شریک کرنے کے خواہاں تھے۔ یہ پٹی دار اپنے طور پر "درپٹی دار" کے نام سے دوسری اسامیاں قائم کرتے تھے، ان کو بھی اس قسم کے حقوق دیے جاتے تھے اور ان کی مالگزاری کی ذمہ داریاں بھی اسی قسم کی ہوتی تھیں۔ چنانچہ ان حقوق کو بنگال ریگولیشن بابت ۱۸۱۹ء میں تسلیم کر لیا گیا۔

ذیلی مالکوں کی ایک اور قسم ان صورتوں میں پائی جاتی ہے جن میں کہ موجودہ زمیندار جماعت کسی قدیم جماعت کے اوپر رونما ہو گئی ہو؛ بعض خاندان صرف سرکاری مالگزاری ادا کر کے اپنی حیثیت کو مستحکم رکھنے کے قابل تھے اور اپنے کھیتوں کی حد تک بالادست زمیندار کو کوئی لگان ادا نہ کرتے تھے۔ صوبۂ متوسط میں، اس قدیم پالسی کے زیر اثر جو شمالی ہند میں مالگذاری کی ذمہ داری ہر گاؤں میں (خواہ وہ رعیت واری ہی کیوں نہ ہو) ایک ہی زمیندار پر عاید کرنے کے بارے میں اختیار کی گئی تھی، "مالگزاروں" کی ایک جماعت بنائی گئی اور اس جماعت کے بنانے کی وجہ سے ذیلی مالکانہ حقوق کو تسلیم کرنا ضروری ہو گیا۔ آخر میں یہ کہ اودھ میں گاہ گاہ تمام وہی جماعتیں، آزاد انتظام کے بارے میں اپنے حقوق کو اس شرط کے تابع محفوظ رکھنے کے قابل تھیں کہ تعلقدار کو ایک مقررہ لگان ادا کیا جائے۔ چنانچہ ان کے ذیلی مالکانہ حقوق ان سے ایک جداگانہ ذیلی معاہدہ طے کر کے تسلیم کر لیے گئے ہیں اور ان کے ذمے کے لگان کو جو وہ تعلقدار کو ادا کریں گے مقرر کر دیا گیا ہے حکومت تعلقداروں سے براہ راست معاملہ کرتی ہے۔

(۲) لگان دار کے دوامی حقوق[1] اب ہم زمین کی مستاجری کے حقوق کی بحث کریں گے یعنی معمولی تعہدی اسامیوں کے حقوق کی نہیں بلکہ خاص حقوق اور حیثیت رکھنے والے اسامیوں کے حقوق کی۔ ہم ہر صوبے کی چھوٹی تفصیلات میں پڑے بغیر پہلے تمام صوبوں کی مشترکہ خصوصیات کے بیان پر توجہ مرتکز کریں گے۔ 400

---

[1] دیکھو بیڈن پاؤل کی کتاب محولۂ بالا، باب ۱، فصل (۵)؛ اور محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۶۰)۔

باب ۱۲

جو عام خصوصیات زمیندارانہ حقوق کے پیدا ہونے کی توجیہ کرتی ہیں وہی مختلف قسم کے اسامیوں کے حقوق کی تشریح و توجیہ کرتی ہیں۔ جو لوگ اس وقت زمینداری جائدادوں میں، خواہ وہ مشترکہ ہوں یا انفرادی، اسامی شمار کیے جاتے ہیں وہ کسی زمانے میں لازمی طور پر اعلیٰ تر حیثیت رکھتے ہوں گے۔ زمیندارانہ یا جاگیردارانہ حقوق جتنے زیادہ مکمل ہوں گے اور ان حقوق کو حاصل کرنے والے اشخاص کو جتنی زیادہ مدت اور سہولتیں حاصل ہوں گی اتنا ہی ادنیٰ درجے والوں کی حیثیت زیادہ گھٹتی جائے گی۔ اس طرح مختلف قسم کے اسامیوں کے حقوق رونما ہوں گے اور ان کا انحصار اس دباؤ پر ہوگا جو اوپر سے پڑے گا۔ برطانوی حکومت کو اسامیوں کے حقوق کے تسلیم و معین کرنے میں دو مشکلات پیش آئیں۔ ایک تو یہ کہ تمام صورتوں میں اس امر کا براہ راست ثبوت نہیں مل سکتا تھا کہ اسامیوں کو سابق میں اعلیٰ حیثیت حاصل تھی، اور دوسرے یہ کہ ان اشخاص کے علاوہ جو سابقہ مالکانہ حیثیت کی بنیاد پر تسلیم کیے جانے کے مستحق تھے، دوسرے ایسے اسامی بھی تھے جو ایک لحاظ سے حقوق یافتہ جماعت تھے، اس لیے کہ زمینداروں نے انھیں یہ حیثیت معاہدے کی بنا پر دی تھی، لیکن ایسے زمانے میں دی تھی جب کہ اسامیوں کا وجود اس قدر بیش بہا تھا کہ ان کا اخراج نہیں کیا جا سکتا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اصلی اور نقلی اسامیوں کے درمیان امتیاز قایم کرنا پڑا۔ اصلی اسامی وہ تھے جن کی تائید میں قطعی واقعات پیش اور ثابت کیے جا سکتے تھے، نقلی اسامی وہ تھے جو اپنے حقوق کی ابتدا اور قرائن کا بین اور قطعی ثبوت نہیں پیش کر سکتے تھے۔ نقلی اسامیوں کا معاملہ طے کرنے کی غرض سے بنگال، آگرے اور ایک حد تک صوبۂ متوسط میں بھی بارہ سالہ قاعدہ اختیار کیا گیا۔ بنگال اور آگرے میں ۱۸۵۹ء کے قانون لگان داری کی رو سے اسامی کو دخیل کار پٹہ دار کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا، بہ شرطیکہ اس نے ایک ہی زمین پر مسلسل بارہ سال تک کاشت کی ہو۔ لیکن اس قانون کے عملدرآمد سے زمینداروں نے اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کی، چنانچہ انھوں نے اس کو ناممکن بنا دیا کہ کوئی پٹہ دار ایک ہی خطۂ زمین پر مطلوبہ مدت تک مسلسل قابض رہے

باب ۱۲ اور اسی لیے بنگال میں اس میں ۱۸۸۵ء میں ترمیم کر دی گئی۔ اس طرح اب یہ ضروری نہ رہا تھا کہ کاشت لازمی طور پر ایک ہی خطۂ زمین پر ہو بلکہ ایک ہی گاؤں میں کسی خطۂ زمین پر مسلسل بارہ سال تک ہو۔ آگرے میں اس قانون کی باقاعدہ ترمیم اس طریقے پر نہیں کی گئی بلکہ ایک نئے قانون کے ذریعے سے جو ۱۹۰۱ء میں منظور ہوا کئی بندشیں عائد کی گئیں تاکہ زمیندار کو اس امر سے باز رکھا جائے کہ وہ قوانین کے مقصد کو فوت کرے[1]۔ اودھ میں حقوق دخیل کاری ابتداءً ۱۸۸۶ء کے قانون کے تحت ایسے اسامیوں تک محدود تھے جو کسی زمانے میں مالکانہ حقوق سے متمتع ہونے کے بعد محروم ہو گئے تھے لیکن بعد میں وہ سابق مالکوں تک بھی وسیع کیے گئے جن کے حقوق مالکانہ، فروخت یا قرقی کے ذریعے سے، منتقل ہو گئے تھے۔ پنجاب میں دخیل کاری صرف ایسے اسامی حاصل کر سکتے ہیں جن کے مطالبات بعض تاریخی بنیادوں پر قائم ہوں اور محض مرور زمانہ پر مبنی نہ ہوں۔ پنجاب ایکٹ (بابت ۱۸۸۷ء) 401
میں دخیل کار اسامیوں کی تعریف یہ کی گئی ہے: "وہ لوگ جنھوں نے دو نسلوں تک مالکوں کو نہ تو لگان ادا کیا اور نہ ان کی کوئی خدمت انجام دی ہو بلکہ صرف سرکاری مالگزاری ادا کرتے رہے ہوں"۔ صوبۂ متوسط میں بھی ابتداءً بارہ سالہ قاعدہ نافذ کیا گیا لیکن بعد میں چل کر اس کو ترک کر دیا گیا اور اس کے بجائے ایسا انتظام کیا گیا جس کی رو سے حق دخیل کاری، سالانہ لگان کے ۲ یا ۲½ گونہ رقم ادا کرنے پر خریدا جا سکتا تھا۔ یہ انتظام بھی بدل دیا گیا اور اس کی بجائے دوسرا قاعدہ ۱۹۰۱ء میں مرتب کیا گیا۔ چنانچہ اس جدید قاعدے کی رو سے دخیل کار اسامیوں کی دو قسمیں تسلیم کر لی گئیں اور ان دونوں کو بعض شرائط کے تحت قابل انتقال حقوق حاصل تھے۔ مدراس کے زمینداری علاقوں میں ہر وہ رعیت جو قانون زمینداری بابت ۱۹۰۸ء (جو بنگال ایکٹ بابت ۱۸۸۵ء کے نمونے پر مرتب کیا گیا تھا)

---

[1] آگرہ اور اودھ میں لگان اور مالگزاری کے آئین و قوانین کی وضع کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے دیکھو صوبۂ متحدہ کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۳۲۷ تا ۳۲۸۔

کی منظوری کے زمانے میں رعیتی زمین (یعنی ایسی زمین جو مالک کی زمین سیر یا ملکی زمین نہ ہو) کی مالک ہو اور ہر وہ رعیت جس کا قبضہ رعیتی زمین پر زمیندار تسلیم کرلے، دخیل کاری کا دوامی حق رکھتی ہے۔ اس طرح اس کی حیثیت، رعیت داری قبولیتوں کے دخیل کار کے مشابہ کردی گئی ہے۔ بمبئی میں، ۱۸۸۰ء کا مخصوص قانون کھوتوں کے متعلق، قدیم مقیم اسامیوں کی اسی طرح حفاظت کرتا تھا جس طرح دوسرے مقامات کے دخیل کار اسامیوں کی۔ مخصوص حیثیت اراضی کی دوسری شکلیں بھی ہیں، مثلاً تعلقداری حیثیت جن کے ساتھ خصوصی قانون بابت ۱۸۶۲ء کے تحت سلوک کیا جاتا ہے۔

۷۔ دخیل کار اسامیوں کے علاوہ دوسرے اسامی

ہم نے زیادہ تر دخیل کار اسامیوں پر اس قدر زیادہ توجہ اس لئے مبذول کی کہ وہ زمینداری رقبوں میں حقوق دار اسامیوں کی اہم ترین جماعت ہیں لیکن یہ بھی کہدینا ضروری ہے کہ اسامیوں کی دوسری مختلف جماعتیں بھی ہیں جو دخیل کار اسامیوں سے بعض صورتوں میں اعلیٰ تر اور بعض صورتوں میں ادنیٰ تر حیثیت رکھتی ہیں۔ مثال کے طور پر ہم بنگال کے اسامیوں کی اعلیٰ جماعت کا ذکر کرسکتے ہیں جو حقیت داروں کے نام سے موسوم کی جاتی ہے اور جس کا ذکر اوپر آچکا ہے، یعنی ایسی رعیت جو مقررہ لگان ادا کرتی ہے اور جس کا نہ تو اخراج کیا جاسکتا ہے اور نہ زاید لگان ادا کرنے کا ذمہ دار بنایا جاسکتا ہے۔ اسی طریقے سے صوبۂ متحدہ میں بنارس کے دوامی بندوبست کے اضلاع میں بعض اسامی مقررہ شرح سے لگان ادا کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں صوبۂ متوسط میں وقطعی دخیل کار اسامیوں کی جماعت موجود ہے جس کے متعلق ابتدائی بندوبست میں یہ تسلیم کرلیا گیا کہ وہ قوی و مستحکم حیثیت رکھتی ہے۔ ان کا اخراج کسی سبب سے بھی نہیں کیا جاسکتا۔ علاوہ ازیں وہ ایک خاص لگان ادا کرتے ہیں جس کو عہدہ دار بندوبست، بندوبست کی کل میعاد کے لیے مقرر کردیتا ہے۔ دوسری طرف بعض ادنیٰ قسم کے اسامی بھی ہیں جو رعیت داری علاقوں کے اسامی غیر دخیل کار کے مشابہ ہیں لیکن تحفظات سے ایک خاص مدت تک متمتع ہوتے ہیں جس سے موخرالذکر محروم ہیں۔

باب ۲۰

۸۔ حقوق دخیلکاری کی عام خصوصیات

402

اب اس تحفظ کی نوعیت مختصر طور پر بیان کر دینا مناسب ہوگا جس سے دخیل کار اسامی متمتع حاصل کرتے ہیں۔ (۱) اضافۂ لگان کی ایک حد ہوتی ہے، نہ صرف مقدار کے بارے میں بلکہ اس مدت کے بارے میں بھی جو لگان میں اضافہ کرنے سے پیشتر گزرنی چاہیے۔ اضافہ صرف معاہدے کے نتیجے کے طور پر یا معقول وجوہ کی بنا پر عدالت کے فیصلے کے ذریعے سے عمل میں آسکتا ہے۔ بنگال میں، قانون کی رُو سے یہ قرار دیا گیا ہے کہ یہ معاہدات لازماً تحریری ہوں، اضافہ پندرہ سال میں ایک مرتبہ سے زائد نہیں کیا جا سکتا، اور اضافہ روپے میں دو آنے سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔ اضافے کے اسباب، جو تقدمہ دائر ہونے کی صورت میں عدالت کی جانب سے تسلیم کیے جاتے ہیں، یہ ہیں:۔ ہمسایہ زمین کے مقابلے میں لگان کی کمی، قیمتوں کا اضافہ، یا مالک کی ہم پسندی یا دریا کے بہاؤ کے عمل کے باعث زمین کی پیداآوری کی اصلاح و ترقی۔ اسامی، لگان کی کمی کا دعویٰ، زمین کی مستقل خرابی یا مقامی قیمتوں کی مستقل کمی کی بنیاد پر کر سکتا ہے۔ صوبۂ متوسط میں لگان عہدہ دار بندوبست کی جانب سے اسی طرح معین کیا جاتا ہے جس طرح کہ مطلق دخیل کار اسامیوں کے بارے میں؛ لیکن بندوبست کی کل مدت کے لیے اس لیے نہیں کیا جا سکتا کہ ہر دس سال کے بعد اس کی نظر ثانی کا امکان ہوتا ہے۔ مدراس میں بہ یک وقت ½ ۱۲ فیصد سے زیادہ اضافہ لگان میں نہیں کیا جا سکتا۔ (۲) بعض قانونی شرطیں بجز خاص حالات کے اسامی دخیل کار کو اخراج سے محفوظ رکھتی ہیں یہ شرطیں دراصل ان شرائط کا ضمیمہ ہیں جو اضافۂ لگان کے سلسلے میں طے کی گئی ہیں۔ ان دونوں قسموں کی شرایط میں سے کوئی ایک اس وقت تک بے کار ہے جب تک کہ دوسری اس کے ساتھ موجود نہ ہو۔ (۳) حق دخیل کاری موروثی ہے، اور بعض شرایط کے تحت خاندان سے باہر قابل انتقال ہے۔ (۴) لگان کے بارے میں قرقی کے بعض قوانین موجود ہیں جن سے مویشی، آلات کشاورزی اور تخم پاشی کے غلے وغیرہ کو مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں بہر صورت زمین خالی کر دینے کے لیے مناسب نوٹس دینا ضروری ہے؛

باب ۱۲ اور لگان کی ادائی بہ اقساط ہوتی ہے۔ (۵) مالگزاری کی معافی اور ادائی کا التوا حکومت کی جانب سے زمینداروں کے حق میں خراب فصل میں منظور کیا جاتا ہے، اس کی اتباع میں زمینداروں کو بھی اپنے اسامیوں کے حق میں اسی قسم کی رعایتیں کرنا ضروری ہیں۔ (۶) آخر میں زمین کے لگان کے اضافے کے بغیر زمین کی اصلاح و ترقی کو بہ عمل لانے کا حق بھی بعض حدود کے اندر محفوظ رکھا گیا ہے یا اصلی لگان عائد کیے جانے کی صورت میں اس کی تلافی کرنا ضروری ہے۔

مختصر یہ کہ ان قواعد کا مقصد آکرستان کے قوانین اراضی کے مثل اسامیوں کو تہرے حقوق دینا ہے، یعنی واجبی و مناسب لگان، مقررہ حیثیت اراضی، اور آزادی انتقال۔

۹۔ رعیت واری صوبوں کے اسامیوں کے حقوق۔

یہاں کسان اور حکومت کے مابین زمیندار یا درمیانی شخص کا مصنوعی طریقہ بالعموم کم نمودار ہوا ہے۔ اس لحاظ سے یہاں اسامیوں کے ماتحتانہ حقوق اور انواع کو تسلیم کرنے کی ویسی ضرورت نہیں ہے جیسی کہ شمالی ہندوستان میں جہاں بندوبست کے سلسلے میں حقوق اور انواع پر بہ احتیاط غور و توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، رعیت واری صوبوں میں بھی بعض زمینداریاں ہیں مثلاً مدراس کے زمیندار یا بمبئی کے کھوٹ اور تعلقدار، اور ان شکلوں میں سے اکثروں کے لیے، جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے، مخصوص قوانین لگان مرتب کیے گئے ہیں۔ مدراس یا بمبئی یا کسی دوسرے صوبے میں جہاں زیادہ تر رعیت واری طریقہ نافذ ہے، رعیت واری مالکوں کے تحت کے معمولی تعہدار اسامیوں کی حد تک کوئی خاص قانون اس مقصد سے وضع نہیں کیا گیا ہے کہ لگان کے جبری اضافے یا سرسری اخراج سے انھیں محفوظ رکھے، اگرچہ واقعہ یہ ہے کہ عام قانون لگان، فریقین کے مابین کسی طے شدہ معاہدے کے شرائط کی پابندی کرا سکتا ہے یا معاہدے کی عدم موجودگی میں متعلقہ مقام کے مخصوص رسم و رواج کے احکام کو نافذ کر سکتا ہے۔ اسامیوں کی تعداد کے اضافے اور زمین کے لیے اسامیوں میں بکثرت مقابلے نے رعیت واری علاقوں میں بتدریج ایسی

403

صورت حال پیدا کر دی ہے جو اسی اسلوب پر قوانین لگان وضع کرنے کی طالب ہے باب ۱۳
جیسا کہ زمینداری صوبوں میں اختیار کیا گیا ہے۔

۱۰۔ بندوبست کسے کہتے ہیں۔؟

خصیت (رامی) کی ابتدائی بحث کے ذریعے سے میدان صاف کر لینے کے بعد اب ہم مالگزاری کے بندوبست پر غور کرنے کے قابل ہیں۔ ہم اصطلاحاً جس چیز کو 'مالگزاری کا بندوبست' کہتے ہیں وہ حسب ذیل امور کے تعین پر مشتمل ہے:۔ (۱) پیداوار یا لگان کا وہ حصہ جس کی حکومت مستحق ہے؛ (۲) وہ شخص یا اشخاص جو اس کو ادا کرنے کے ذمہ دار ہیں، اور (۳) زمین کے تمام خانگی حقوق اور اغراض کی یادداشت۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، ان زمینداری رقبوں میں خواہ وہ انفرادی ہوں یا مشترکہ آخری مد خاص طور پر اہمیت رکھتی ہے جہاں ارضی جائداد کے قابل تسلیم حقوق و اغراض میں باقاعدہ درجہ بندی ہے۔

۱۱۔ بندوبست کے لوازم[1]

بندوبست مالگزاری کے عمل میں تین اہم حالتیں تمیز کی جا سکتی ہیں:۔ (۱) کاغذات اراضی کی تیاری؛ (۲) تشخیص مالگزاری، اور (۳) منصفہ مالگزاری کی وصولیابی۔ (۱) کاغذات اراضی (Cadastral Record)[2] کاغذات اراضی میں گاؤں کا نقشہ، کھیوٹ اور کتا بچۂ حقوق شامل ہوتا ہے۔ یہ کاغذات، مختلف کھیتوں کی مفصل پیمایش اور سرحدوں کے تعین کے بعد تیار کئے جاتے ہیں تاکہ قابل کاشت زمین کا صحیح حال اور ہر قسم کی زمین کی وسعت اور اس کی مخصوص شرح محصول معلوم ہو اور صحیح کتا بچۂ حقوق کی تیاری عمل میں آسکے۔ اس پیمایش کے ذریعے سے ہر گاؤں کا نقشہ تیار کیا جاتا ہے جس سے جداگانہ کھیتوں کا حال اور قابل کاشت اور بنجر زمین کی نوعیت اور رقبہ معلوم ہوتا ہے۔ گاؤں کے نقشے کے جواب کے طور پر عام طور پر کھیتوں کا ایک رجسٹر مرتب کیا جاتا ہے اور ان دونوں سے ایک کھیوٹ یا کتا بچہ مالگزاری تیار کیا جاتا ہے جس میں مالگزاری ادا کرنے والوں 504
کی صحیح فہرست ہوتی ہے اور ان کے ناموں کے مقابل مالگزاری کی مقدار درج ہوتی ہے۔

---

[1] دیکھو امپیریل گزیٹیر جلد چہارم باب۔

[2] cadastral کے لفظی معنی قابل محصول زمین کی وسعت، نوعیت اور ملکیت کو ظاہر کرنا ہیں۔

باب ۱۱ ان کے ضمیمے کے طور پر اعداد و شمار کی جدولیں اور گوشوارے ہوتے ہیں جن سے گاؤں کی موجودہ حالت اور پچھلی سرگزشت معلوم ہوتی ہے۔ آخر میں، کتابچہ حقوق الگ یا چھوٹے کے ضمیمے کے طور پر تیار کیا جاتا ہے جس میں حقیت اراضی، زمینداروں، شرکا، ذیلی مالکوں، دخیل کار اسامیوں وغیرہ کے مختلف حقوق اراضی اور رہن، فروخت، پٹے وغیرہ سے پیدا شدہ حقوق درج ہوتے ہیں۔ یہ سب کاغذات سرکاری طور پر اندراجات کرکے اور جملہ تغیرات کی رجسٹری کے ذریعے سے جدید ترین حالت میں رکھے جاتے ہیں۔ اس طرح درج کردہ حقوق کی یادداشت کو، تاوقتیکہ ان کے خلاف ثبوت فراہم نہ ہو، قانوناً جائز اور ناقابل تنسیخ مانا جاتا ہے۔

(۲) مالگزاری کی تشخیص۔ مالگزاری کا مطالبہ معین کرنے کی غرض سے زمین کی قیمت اور آمدنی کی تشخیص کی جاتی ہے، مالگزاری کی شرحیں مقرر کی جاتی ہیں، ان کی میزان کی جاتی ہے۔ اور ان کو قرینے سے مرتب کیا جاتا ہے۔ اس طرح یہ معلوم ہوتا ہے کہ کھیت یا جائداد کے ذمے کتنی رقم واجب الادا ہے۔ بعض صورتوں میں اس مجموعے کی تقسیم شرکا میں متعین کرنے اور اسامیوں کے لگان کا تصفیہ کرنے کے لیے ذیلی کارروائیاں ضروری ہوتی ہیں[1]۔ مختلف صوبوں میں مالگزاری کی تشخیص کی جو مختلف بنیادیں اختیار کی گئی ہیں ان پر عنقریب توجہ کی جائے گی۔

(۳) مالگزاری کی جمعبندی۔ (ا) اقساط۔ مالگزاری ادا کرنے والوں کی سہولت کے مدنظر مالگزاری یکمشت کی بجائے بذریعۂ اقساط وصول کی جاتی ہے۔ مثلاً متوسط درجے کا زمیندار اس وقت تک مالگزاری ادا نہیں کرسکتا جب تک کہ فصل کی کٹائی نہ ہو اور پیداوار فروخت نہ ہو لے۔ اقساط کے طریق کے سلسلے میں ایک اور قابل لحاظ امر یہ ہے کہ یہ یک وقت نقد کی بڑی مقدار کا مطالبہ کرنے سے بچنا چاہیے اس لیے کہ ممکن ہے کہ اس مطالبے کی وجہ سے قیمتیں گھٹ جائیں اور شرح سود نامناسب حد تک بڑھ جائے۔

(ب) مالگزاری کے بقایا وصول کرنے کا طریقہ۔ بقایا وصول کرنے کا طریقہ

[1] دیکھو بیڈن پاؤل کی کتاب مولفہ بالا، ص ۱۴۰۔

دوامی بندوبست اور عارضی بندوبست کے خطوں کے لئے جدا جدا ہے۔ بالکل
اول الذکر صورت میں زمینداری حق کے عطیے کے ساتھ یہ شرط وابستہ
تھی کہ مالگزاری قطعی پابندی وقت کے ساتھ ادا کرنی چاہئے ورنہ جائداد فوراً فروخت
کر دی جائے گی، اور یہ طریق کار، متبادل طریق یعنی بڑے زمیندار کو حراست میں رکھ کر
یا اس کی جائداد منقولہ کی قرقی کر کے بے وقعت کرنے کے طریقے کے مقابلے میں
قابل ترجیح خیال کیا گیا تھا۔ عارضی بندوبست کے علاقوں میں طریق کار اس قدر
شدید نہیں ہے اور زمین کی فروخت یا نیلام پہلی کارروائی نہیں ہوتی بلکہ عام طور پر
مختلف کارروائیوں کے سلسلے کی آخری کڑی ہوتی ہے۔

(ج) مالگزاری کی معافی اور ادائی کا التوا۔ چونکہ مالگزاری، بندوبست کے
زمانے کے اوسط موسموں اور حالات کے لحاظ سے مشخص کی جاتی ہے، اس لیے
یہ فرض کر لینے کے باوجود کہ کسان خراب سال سے اپنا تحفظ کرنے کے طور پر اچھی
فصل سے فائدہ اٹھانے کا ارادہ اور قوت رکھتا ہے، (حالانکہ ایسا بہت شاذ
ہوتا ہے) اس کا امکان ہوتا ہے کہ وسیع یا مقامی غیر معمولی تباہ کاریاں، مثلاً
سیلاب، پالا، بارش یا دوسرے ذرایع آب پاشی کا کامل فقدان یا زمانۂ حال کے
مثل زرعی پیداوار کی قیمتوں کا اتار وغیرہ تمام تخمینوں اور حسابات کو درہم برہم کر دیں۔ 405
ان حالات میں خرابی فصل کے درجوں کے لحاظ سے امداد ضروری ہے جو ادائی کے
جزوی یا کامل التوا یا معافی کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ ملتوی مالگزاری بعد کی
فصلوں کی نوعیت و حالت کے لحاظ سے وصول یا معاف کی جا سکتی ہے۔ کامل یا
جزوی معافی ایک سال سے زائد تک فصلوں کے مسلسل خراب ہونے کی صورت
میں دی جاتی ہے۔ یہ کہہ دینا مناسب ہوگا کہ التوا یا معافی کی شکل میں کوئی امداد
دوامی بندوبست کے خطوں میں نہیں دی جاتی، اس لیے کہ یہاں مقررہ لگان کا بار
بحالت موجودہ بہت ہلکا ہونے کی وجہ سے امداد کی بہ مشکل ضرورت ہوتی ہے۔

۱۲۔ بندوبست کی تبویب

بندوبست اپنی مدت کے لحاظ سے دو قسموں میں منقسم
ہوتا ہے۔ جہاں حکومت کا حصہ مستقل اور دائمی طور سے مقرر ہو،
جیسا کہ بنگال میں ہے، وہاں اس کو دوامی بندوبست کہتے ہیں؛

باب ۱۲ اور جہاں وہ عارضی طور پر کسی مدت کے لیے مقرر کیا جائے وہاں اس کو عارضی بندوبست کہتے ہیں۔ بمبئی، مدراس اور صوبۂ متحدہ میں تیس سال صوبۂ متوسط میں بیس سال اور پنجاب میں چالیس سال کی میعاد مقرر ہے۔

بندوبست کی تبویب، حقیت اراضی کے طریقے کے لحاظ سے بھی کی جاسکتی ہے۔ چنانچہ حقیت اراضی کی تین اہم قسمیں اوپر بیان ہوچکی ہیں، ان کے مقابل اور زیر اثر بندوبست کی تین اہم قسمیں حسب ذیل ہیں:۔

(الف) منفرد جائدادوں کا بندوبست جو ایک زمیندار کے تحت ہوتی ہیں۔ اس عنوان کے تحت حسب ذیل قسمیں آتی ہیں:۔

(۱) دوامی بندوبست، بنگال، شمالی مدراس اور بنارس کے زمینداروں کے ساتھ۔

(۲) عارضی بندوبست بنگال کے بقیہ زمینداروں کے ساتھ[1]۔

(۳) عارضی بندوبست تعلقداران اودھ کے ساتھ۔

(ب) مالکانہ حقوق رکھنے والی جماعتوں اور بالعموم دیہی برادریوں کی جائدادوں کا بندوبست۔ اس کو "محل واری بندوبست" کہتے ہیں۔ اس کے سب انواع عارضی بنیاد پر قایم ہوتے ہیں:۔

(۱) صوبۂ متحدہ آگرہ و اودھ کا "محل واری" بندوبست (جہاں تعلقدار نہیں ہوتے بلکہ صرف دیہی برادریاں ہوتی ہیں)۔ 406

(۲) پنجاب کا محل واری بندوبست۔

(۳) صوبۂ متوسط کا مالگزاری بندوبست۔

(ج) انفرادی جائدادوں یا کھیتوں کا بندوبست۔

[1] زمینداری بندوبست لازمی طور پر دوامی بندوبست نہیں ہے اور رعیت واری بندوبست لازمی طور پر عارضی بندوبست نہیں ہے۔ زمینداری بندوبست عارضی بھی ہوتے ہیں، مثلاً اودھ اور بنگال میں۔ علاوہ ازیں کوئی چیز رعیت واری بندوبست کے دوامی بننے میں مانع نہیں ہے، اگرچہ جیسا کہ واقعہ ہے، بظاہر اس کی کوئی حقیقی مثال موجود نہیں ہے۔

باب ۱۲

اس کے تحت کی سب انواع عارضی بنیاد پر قایم ہوتی ہیں :۔

(۱) مدراس کا رعیت واری طریقہ۔

(۲) بمبئی اور برار کا رعیت واری طریقہ۔

(۳) برما، آسام اور کورگ کے خاص طریقے (جو اصولاً رعیت واری ہیں لیکن سرکاری طور پر اس طرح موسوم نہیں کیے جاتے)۔

اس طرح یہ ضروری ہے کہ ہر بندوبست کا تعلق مذکورۂ بالا تین قسموں میں سے کسی نہ کسی سے ہو اور یہ بندوبست عارضی ہوگا یا دوامی[1]۔

۱۳۔ زمینداری بندوبست:۔ بنگال کا دوامی بندوبست۔

ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ مالگزاری کی تاریخ کی ترقی کے خاص کر بنگال میں کیسے اس امر کا موقع بہم پہونچایا کہ قدیم رعایا کی جگہ زمینداروں کی نئی جماعت نے لے لی۔ ہم یہ بھی بیان کر چکے ہیں کہ سلطنت مغلیہ کی شکست کے باعث شہنشاہ اکبر کا قایم کیا ہوا مالگزاری کا قدیم باقاعدہ انتظام کس طرح مایوسانہ طریقے پر تباہ و برباد ہوا اور کسان ایک طرف زمینداروں کی لوٹ کھسوٹ کی وجہ سے اور دوسری طرف صوبہ داروں کے کئی زائد محصول زمین عائد کرنے کے نتیجے کے طور پر پس رہے تھے۔ یہ صورت حال جیسی کچھ تھی ۱۷۶۵ء میں دیوانی عطا کیے جانے کے بعد کمپنی کی حکومت کے ابتدائی سالوں میں اور بھی ابتر ہو گئی۔ کلائیو کے دوہرے طریق حکومت نے اس میں مزید پیچیدگی اور بدنظمی پیدا کر دی۔ چنانچہ اس طریق کے تحت نواب کے عہدہ داران مالگزاری

[1] ۱۹۲۸ء تا ۱۹۲۹ء میں رعیت واری کھیتوں کا مجموعی رقبہ ۳۳۴۵۹۸۰۰۰ ایکڑ یا کل رقبے کا ۵۱ فی صد تھا؛ دوامی بندوبست کی زمینداری یا دیہی برادری کے کھیتوں کا مجموعی رقبہ ۱۲۱۰۷۰۰۰ ایکڑ یا کل رقبے کا ۱۹ فیصد تھا؛ اور عارضی بندوبست کی زمینداری یا دیہی برادری کے کھیتوں کا مجموعی رقبہ ۱۹۸۹۰۲۰۰۰ ایکڑ یا کل رقبے کا ۳۰ فی صد تھا۔

(دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "ہندوستان ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں" صفحہ ۱۶۹)۔

باب ۱۲ یا ایسٹ انڈیا کمپنی کے ملازموں میں سے کوئی بھی ملک کی بہتر و منظم حکمرانی کی ذمہ داری محسوس نہیں کر رہا تھا؛ نتیجہ یہ ہوا کہ عوام کو چکی کے دونوں پاٹ پیس رہے تھے اور تحفظ کسی طرف سے بھی نہ تھا۔ ۱۷۶۹ء میں مالگزاری کے ناظر اس غرض سے مقرر کیے گئے تھے کہ کسان کو زمینداروں کی لوٹ کھسوٹ سے محفوظ رکھیں؛ لیکن یہ چونکہ نوجوان اور ناتجربہ کار عہدہ دار تھے اس لیے وہ معاملات کی ذرا بھی اصلاح نہ کر سکے۔ ۱۷۷۰ء کے خوفناک قحط نے مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا۔ ۱۷۷۲ء میں کورٹ آف ڈائرکٹرس (مجلس نظماء) نے دیوان کی حیثیت اختیار کرنے کا فیصلہ کیا اور وارن ہیسٹنگز کو یہ ہدایت کی گئی کہ وہ مالگزاری کے انتظام کی راست نگرانی کریں۔ وارن ہیسٹنگز نے کلکٹر مقرر کر کے اور بعد میں چل کر علاقہ واری، صوبہ داری اور مرکزی مجالس مالگزاری قائم کر کے جمعبندی کے انتظام کی کسی خفیف حد تک اصلاح کی۔ لیکن مالگزاری کی تشخیص کے طریقے کی تبدیلی، تباہ کن ثابت ہوئی۔ محصول جمع کرنے کے لیے ابتداءً پنجسالہ اور اس کے بعد سالانہ ٹھیکے سرکاری نیلام کے ذریعے سے سب سے 407
زیادہ بولی بولنے والے کے ہاتھ فروخت کیے جاتے تھے، اس طرح اس زمانے کے زمینداروں کو نظر انداز کر دیا گیا اور سرمایہ داروں اور مخمنوں کی ہمت افزائی کی جا رہی تھی جو کسانوں سے ان کی زمینوں کی بابت لگان اور زاید ابواب من مانے طریق پر زیادہ سے زیادہ مقدار میں ناجائز طور پر وصول کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کے مالیات کی افسوس ناک حالت اور اس کا اپنے حصہ داروں کو اعلیٰ مقسوم دینے کے بارے میں اضطراب جدید نظام کی تہ میں کارفرما تھا۔ چنانچہ انھی معاملات کی اصلاح اور بنگال میں زرعی مصائب کو دور کرنے کے خیال سے ۱۷۸۶ء میں لارڈ کارنوالس ہندوستان بھیجے گئے۔

لارڈ کارنوالس کی حکمرانی کا اہم ترین کارنامہ "بنگال کا دوامی بندوبست" ہے۔ یوں تو سرکاری مطالبہ دوامًا مقرر کرنے کا خیال سب سے پہلے فرانسس نے پیش کیا جس کے بعد فاکس نے اپنے "انڈیا بل" میں اس کو اختیار کر لیا، اور آخر کار ۱۷۸۵ء میں مجلس نظماء نے ہندوستانی حکام کے پاس اس خیال کی سفارش کی؛ تاہم یہ بات لارڈ کارنوالس کے حصے میں آئی کہ انھوں نے سر جان شور کی مدد سے

باب ۱۱

بنگال میں دوامی بندوبست کے اصول کو عملی جامہ پہنایا۔ تین سال تک تحقیقات کرنے کے بعد زمینداروں سے بندوبست طے پایا اور وہ ان تمام رقموں کے کامل مالک قرار دیے گئے جہاں سے ان کو مالگزاری وصول ہوتی تھی، تاکہ ان کی کچھ نہ کچھ قانونی حیثیت قایم ہوسکے، جو ان کو اس قابل بنادے کہ اپنے ذمے کے واجبات حکومت کو ادا کریں اور اپنی جائدادوں میں دلچسپی لینے کی ترغیب دے۔ لیکن یہ حق اس شرط پر دیا گیا تھا کہ زمین کی مالگزاری ادا کی جائے گی۔ اور یہ ذمہ داری لی جائے گی کہ عدم ادائی کی صورت میں جائداد کے نیلام کے ذریعے سے واجبات ادا کیے جائیں گے۔ حکومت نے اپنا یہ حق بھی محفوظ رکھا کہ اپنے تحت کے تعلقداروں، رعایا اور دوسرے کاشتوں کی حفاظت و بہبود کے لیے اپنے حسب صوابدید مناسب و ضروری تدابیر اختیار کرے گی۔ زمینداروں کو رعیت سے جو لگان وصول ہوتا تھا اس کا تقریباً ۱۰/۱۱ حصہ بطور مالگزاری مشخص و مقرر کردیا گیا اور باقی ۱/۱۱ ان کی محنت و ذمہ داری کے صلے کے طور پر ان کے لیے چھوڑ دیا گیا۔ مالگزاری کے واجبات کام چلاؤ طریقے پر اغراض و حقوق اراضی کی تحقیق یا تحریری اندراج کے بغیر مقرر کیے گئے اور مختلف قسموں کی زمین کی پیداآوری و زرخیزی کے بارے میں بھی کوئی تحقیق نہیں کی گئی۔ ۱۷۹۳ء میں مجلس نظمار کے مشورے سے بندوبست کو دوامی اور ہمیشہ کے لیے ناقابل تغیر قرار دیدیا گیا، اور حکومت نے قطعی طور پر اس کا اقرار کرلیا کہ زمینداروں یا ان کے ورثا یا جانشینوں سے ان کی متعلقہ جائدادوں کی اصلاح و ترقی کے نتیجے کے طور پر سرکاری مالگزاری میں اضافہ کرنے کا مطالبہ نہ کرے گی۔[1] یہاں یہ کہدینا مناسب ہوگا کہ زمینداروں کو تسلیم کرنے کی حد تک سر جان شور، لارڈ کارنوالس سے متفق الرائے تھے لیکن سر جان شور ترجیحاً 408
یہ چاہتے تھے کہ بندوبست کے دوامی ہونے کا اعلان نافذہ بندوبست کی دہ سالہ مدت گزرنے پر کیا جائے۔

۱۴ ۱۷۹۳ء کے بنگال کے زمینداری بندوبست پر اعتراضات

اس طرح جو بندوبست عمل میں آیا وہ مختلف وجوہ سے قابل اعتراض ہے۔

---

[1] دیکھو کمیٹی محصولات کی تحقیقاتی رپورٹ، فقرہ ۵۵۔

باب ۱۲

اولاً یہ کہ بندوبست کرنے سے پیشتر ابتدائی لوازم یعنی مفصل مساحت، زمینوں کی تقسیم اور کتابچۂ حقوق کی تیاری وغیرہ نظر انداز کر دیے گئے۔ اس میں شک نہیں کہ اس زبردست کے کئی وجوہ تھے جو کم و بیش معقول تھے۔ چنانچہ اس وقت کے حالات کے لحاظ سے اول تو حقیقی اور باقاعدہ مساحت اس لیے دشوار تھی کہ تربیت یافتہ عملہ کم اور نااہل تھا؛ دوسرے یہ کہ جائدادوں کے اندرونی معاملات کی پہچان میں خلاف مصلحت اور زمینداروں میں بدگمانی پیدا کرنے والا کھنکھ محرک خیال کی گئی۔ رعیت کی مدد کی یہ توقع کی گئی تھی کہ زمیندار اس سے سمجھوتہ کر لے گا اور ان کے حقوق کی حفاظت کرے گا۔ پھر بھی جیسا کہ بیڈن پاول کہتے ہیں[1] "یہ واقعہ کہ دوامی بندوبست کو کسی مساحت اور حقوق اراضی اور اغراض کی تحریری یادداشت کے بغیر رواج دیا گیا غالباً بندوبست کی کسی دوسری خصوصیت سے زیادہ مذموم نتائج سے ہمارا سابقہ پڑنے کا ذمہ دار ہے"

اس بنا پر ہماری توجہ دوامی بندوبست کی دوسری بڑی خرابی کی طرف مبذول ہوتی ہے، اور وہ یہ کہ رعیت کے حقوق اور اغراض کی حفاظت نہیں ہوئی، اور وہ دوہری ناانصافی کا شکار رہی: ایک تو یہ کہ وہ مالکانہ حقوق سے غیر معین طریقے پر محروم کر دی گئی، دوسرے یہ کہ وہ تمام تر زمینداروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دی گئی، جو اس سے کرتوڑ لگان وصول کرتے تھے[2]۔ اس میں کلام نہیں کہ اس کا عام طور پر انتظام کیا گیا تھا کہ مکیتوں کا رقبہ، شرائط اور حالات مقرر کر کے رعیت کو پٹے دیے جائیں، لیکن یہ انتظام عملاً بے سود تھا، اس لیے کہ پٹے یہ جبراً نہیں دیے جا سکتے تھے

---

[1] برطانوی ہند کے نظام ہائے اراضی جلد اول۔ صفحہ ۲۸۹۔

[2] "دوامی بندوبست میں دو غلطیاں کی گئی تھیں: ایک تو یہ کہ جملہ دیہی حقوق کو خواہ وہ مالکانہ ہوں یا خیلکارانہ قربان کر دیا گیا اور ان کو زمیندار کا حق مالکانہ مستقل طور سے ہمہ گیر تسلیم کر کے اس کے حق میں ضم کر دیا گیا؛ اور دوسرے یہ کہ ایک پرآشوب قانون وضع کر کے کسانوں کو قربانی کا بکرا بنا دیا گیا جس کی بنا پر زمیندار ان سے اپنے حسب مرضی یا صوابدید شرائط پر تصفیہ کر سکتا تھا ماخوذ از تصنیف جے، ای، کول بروک جس کا حوالہ سر ٹی مارلین نے اپنی کتاب مرسوم بہ "ہندوستانی صوبے کی صنعتی تنظیم" صفحہ ۲۷ میں دیا ہے۔

باب ۱۱ اور بعض صورتوں میں رعیت پٹہ لینے پر اس خوف کی بنا پر راضی نہ تھی کہ مبادا اس کی حیثیت گھٹیا تسلیم کر لی جائے اور وہ ایسے شرائط مان لینے کی پابند ہو جائے جن کو وہ پوری طرح نہ سمجھتی تھی۔ یہ ماننا ضروری ہے کہ رعیت کی ناگفتہ بہ حالت کا باعث بڑی حد تک بھاری لگان تھا جو بہت سختی کے ساتھ وصول کیا جا رہا تھا۔
409 چنانچہ عدم ادائی کی صورت میں جائداد فوراً نیلام کر دی جاتی تھی۔ ایسی حالت میں ساہوکاروں کے قرضے کے لگان کو وصول کرنے میں زمیندار کی مدد کرنا ضروری تھا تاکہ زمیندار اپنے ذمے کے سرکاری مطالبات قطعی پابندی کے ساتھ ادا کر سکے علاوہ ازیں چونکہ اکثر صورتوں میں زمیندار سرکاری مطالبہ ادا کرنے کے قابل نہ تھا، اس لیے اپنی جائداد فروخت کر دیتا تھا اور اس کا جانشین، قبل اس کے کہ اس کو اس جائداد کے خریدنے کی ترغیب دی جائے واضح حق اور حیثیت کا طالب تھا۔ اس کے معنی یہ تھے کہ رعیت کے حقوق اور زیادہ پامال ہوں اور نئے زمیندار کی طرف سے رعیت پر اور زیادہ سختی کے ساتھ مطالبات کیے جائیں۔ اس طرح اسامی کو قریب قریب تین چوتھائی صدی تک انتظار کرنا پڑا قبل اس کے کہ اس تکلیف دہ زیادتی سے نجات دلانے کی کوشش ۱۸۵۹ء اور ۱۸۸۵ء کے قوانین لگان کے ذریعے سے کی گئی۔

یہ سوال کیا گیا ہے کہ آیا زمینداروں کو ایسے غیر مشروط طریقے پر مالکانہ حیثیت دینا قطعی طور پر ضروری تھا یا نہیں؟ عام طور پر یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ چونکہ لارڈ کارنوالس خود ایک انگریز زمیندار تھے، اس لیے ان کا فطری میلان امرا و شرفا کی طرف داری کی جانب تھا اور وہ انگلستان کے مثل یہاں بھی ذی رتبہ شریف زمینداروں کی ایک جماعت قائم کرنا چاہتے تھے، حالانکہ دونوں ممالک کے حالات ایک دوسرے سے از حد مختلف تھے۔ باوجود اس کے سچ پوچھو تو دوامی بندوبست کمپنی کے متوسط درجے کے ملازموں کی پرمعنی کارگزاری تھی اور بہت ممکن ہے کہ لارڈ کارنوالس زیادہ تر اس بنا پر کہ وہ خود انگریز شرفا و امرا کے طبقے سے تعلق رکھتے تھے، اس پالیسی کی منظوری پر آسانی سے راضی ہو گئے ہوں جس سے ان کا نام منسوب کیا جاتا ہے۔ لیکن یہ کہنا یقیناً غلط ہے کہ وہ

باب ۱۲ اس کے اصل بانی مبانی تھے دوسرا قابل لحاظ امر یہ ہے کہ جس وقت وہ یہاں آئے انھوں نے زمینداروں کو ایسی مستحکم حیثیت میں پایا کہ ان کو نظر انداز کرنا اور ایک صدی کی ترقی سے چشم پوشی کر کے معاملے کی تہ میں جانا اور زمینداروں کے مقابلے میں (جو مالگزاری کی مستاجری سے ابتدا کر کے اس درجے پر پہنچے تھے) حقیقی مالکان زمین کی تفتیش و تلاش کرنا ناممکن تھا۔ اس لحاظ سے یہ استدلال کیا جا سکتا ہے کہ لارڈ کارنوالس کو ایک اٹل فیصلے کو مان لینے کی ترغیب واقعات کی کٹر منطق نے دی۔ علاوہ ازیں یہ بھی ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ "دیوانی" ملنے کے بعد کی مالگزاری کی پالیسی کے متواتر تغیرات کے باعث اور ۱۷۷۰ء کے خوفناک قحط کے نتیجے کے طور پر بنگال کی زراعت اس وقت ہر طرف سے تباہی میں گھری ہوئی تھی اور اس گتھی کو سلجھانے کے لیے کسی فوری کارروائی کی سخت ضرورت تھی۔ ان حالات میں زمینداروں کو مالکوں کی حیثیت سے تسلیم کر لینا مناسب خیال کیا گیا، اس لیے کہ مالگزاری وصول کرنے کا یہی ایک منظم آلۂ کار تھا جو دستیاب ہو سکتا تھا اور ان کے تسلیم کر لیے جانے ہی میں زراعت کے احیاء کا واحد موقع مضمر معلوم ہوتا تھا۔

بندوبست بنگال کا تیسرا اور اہم ترین پہلو یعنی مالگزاری کا دوامی تقرر ایسا مسئلہ ہے جو صرف بنگال تک محدود نہیں ہے بلکہ بدرجہا زیادہ وسیع اہمیت رکھتا ہے۔ چنانچہ آیندہ کسی مناسب موقع پر اس پر بحث کی جائے گی۔

410 **۱۵۔ بنارس اور مدراس میں دوامی بندوبست**

برطانوی حکومت بنارس میں بنگالی نمونے کی تقلید کرنے کے لیے منتظر تھی، لیکن مشترکہ حیثیت ارانی کے مخصوص نظام سے پوری طرح واقف نہ تھی اس لیے اس نے زمینداری دیہات کی موجودگی کو نظر انداز کر دیا جن کا تعلق طاقتور قبیلے یا برادری سے تھا، اور اہم شرکاء میں سے ایک سے یا کسی دوسرے ممتاز شخص سے دوامی بندوبست (۱۷۹۵ء) کی بنیاد پر معاملہ طے کر لیا۔ مدراس میں کوئی قطعی تدبیر میسور اور اضلاع کرناٹک کی فوجی عمل میں آنے تک اختیار نہیں کی گئی اور اس کے بعد

باب ۱۱

کل احاطۂ مدراس میں اگرچہ رعیت واری اصول پر بندوبست عمل میں لایا جا چکا تھا، دوامی زمینداری بندوبست کو وسعت دینے کی کوشش کی گئی۔ اس بارے میں بہت بڑی حد تک اختلاف آرا رہا کہ دوامی بندوبست کو رائج کرنے کے لیے کونسا طریقہ اختیار کرنا چاہیئے، لیکن مجلس نظما نے اس امر سے متاثر ہو کر کہ بنگال کے دوامی بندوبست کے تحت مالگزاری پابندی کے ساتھ ادا کی جا رہی تھی، حکومت مدراس کو ہدایت کی کہ زمینداروں سے دوامی معاہدہ طے کیا جائے۔ شمالی مدراس میں اور جنوبی مدراس کے بعض علاقوں میں منفرد زمیندار موجود تھے جو زیادہ تر سابق حکمراں رئیسوں اور سرداروں کے جانشین اور اخلاف تھے، لہذا ان سے معاملہ طے کرنے میں کوئی دقت محسوس نہیں ہوئی۔ لیکن جنوبی مدراس میں ان زمینداروں یا نام نہاد "پالی گاروں"[1] میں سے چند کو تسلیم کیا گیا اور باقی کو برطانوی اقتدار کی مقاومت کی پاداش میں ملکیت سے محروم و بے دخل کر دیا گیا۔ لیکن احاطۂ مدراس کے بیشتر حصے میں رعیت واری دیہات موجود تھے جہاں اس قسم کے درمیانی اشخاص موجود نہ تھے، چنانچہ مجلس نظما کے ہدایات کے تحت عالی ہمت و بلند حوصلہ ٹھیکہ داروں میں سے ان کے بدل تیار کرنے کی کوشش کی گئی۔ مختلف دیہات کو ملا کر کئی مصنوعی ضلعے یا خطے قایم کیے گئے اور نیلام کے ذریعے سب سے زیادہ بولی بولنے والوں کے ہاتھ فروخت کر دیے گئے۔ اس طرح یہ لوگ کل جائداد کے زمیندار بن گئے۔ یہ تجربہ تباہ کن طریقے پر ناکام رہا اس لیے کہ وہ اسی کا مستحق تھا۔ جیسا کہ بیڈن پاؤل نے کہا ہے "جب حقیقی زمیندار ہی اپنی ڈیڑھ صدی کی فطری ترقی کے دوران میں کافی برا ثابت ہوا تھا تو کمرۂ نیلام کے زمیندار کے متعلق کیا کہا جا سکتا ہے؟ یہ طریق یقینی طور پر بری طرح ناکام رہا"[2] اس لحاظ سے اس تجربے کو رعیت واری طریق کے حق میں ترک کر دیا گیا۔ منرو نے اس طریق کی پرزور تائید کی تھی اور اس کو

---

[1] دیکھو ان کی کتاب موسوم بہ "برطانوی ہند کے نظام ہائے اراضی" جلد اول صفحہ ۲۹۲۔

باب ۱۲ ترقی یافتہ شکل میں پیش کیا تھا اگرچہ وہی اس کے مصنف نہ تھے۔ لیکن قبل اس کے کہ رعیت واری طریق معتبر طریقے پر اختیار کیا جاتا احاطۂ مدراس کا ۱/۵ تا ۱/۴ علاقہ دوامی بندوبست کے تحت آچکا تھا۔ اب رہے مدراس کے زمینداری علاقوں کے قوانین لگان تو ان کا حال پہلے ہی بیان ہوچکا ہے۔

411 **۱۶۔ دوامی بندوبست کی مابعد سرگزشت**

(ا) کمپنی کے تحت

کمپنی کے دور حکومت میں ولزلی، منٹو، ہیسٹنگز، بین ٹنک اور منرو[1] سبھوں نے دوامی بندوبست کو ہندوستان کے دوسرے علاقوں پر اس بنیاد پر وسیع کرنے کی پرزور حمایت کی تھی کہ بنگال کی مثال پر نظر کرتے ہوئے جہاں اس طریقے کے تحت حیات تازہ کے عظیم الشان آثار نمودار ہوئے تھے یہ طریق بظاہر سریع زرعی ترقی کے قطعی توقعات پیش کرتا تھا۔ لیکن ایسٹ انڈیا کمپنی کے نظام نے معاہدہ مقدس وعدوں اور ضمانتوں اور ان توقعات کے باوجود جو ملک میں پیدا ہوئے تھے، ۱۸۲۰ء میں تجاویز مسٹر ڈرومنڈ[2]

(ب) تاج کے تحت

کمپنی کی تنسیخ کے بعد کرنل بیرڈ اسمتھ کی سفارش پر، جو ۱۸۶۰ء سے اڑیسہ کے سخت قحط کے سلسلے میں مصائب کے

---

[1] لیکن یہ سوال زیر بحث رہا ہے کہ آیا منرو دراصل دوامی بندوبست کی موافقت میں تھے یا نہیں۔ اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ "مستقل" یا "دوامی بندوبست" سے ان کا مطلب دراصل رعیت کی ملکیت کو ان کے کھیتوں پر دوامًا محفوظ کرنا تھا، نہ کہ لگان کی مقدار کو ناقابل تغیر بنانا جس کے متعلق وہ یہ خیال کرتے تھے کہ حکومت کی ضرورتوں کے لحاظ سے اس میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔ دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "حکومت ہند کی مالگزاری کی پالسی" صفحہ ۱۶۷۔

[2] جیسا کہ مسٹر جسٹس رانا ڈے نے کہا ہے، "کیپٹن ون گیٹ اور ان کے رفقا، بمبئی کے بندوبست کے عظیم ترین رہنما رہے ہیں، اور وہ ہمیشہ یہ خیال کرتے تھے کہ اراضی کے متعلق ان کی پالسی کی منزل مقصود دوامی بندوبست تھی جہاں رسائی حاصل کرنے کے لیے میعادی بندوبست ایک درمیانی یا طیاری کی منزل تھی"۔ دیکھو بمبئی کی تشخیص مالگزاری کی رپورٹ شایع شدہ ۱۹۲۶ء، صفحہ ۷۲۔

باب ۱۱

اسباب کی تحقیق کرنے اور ان کو دور کرنے کی تدابیر پیش کرنے کے لیے مقرر کیے گئے تھے، لارڈ کیننگ نے اس مسئلے پر از سر نو توجہ کی۔ سر چارلس وڈ (وزیر ہند) نے اگرچہ اس سفارش کو منظور کر لیا، لیکن اس کو عملی جامہ پہنانے میں ناکام رہے۔ ان کے بعد کے وزیر ہند سر اسٹیفورڈ نارتھ کوٹ نے ۱۸۶۷ء میں بعض شرائط کے تابع دوامی بندوبست نافذ کرنے کی تحریک پیش کی، مثلاً یہ کہ جہاں قابل زراعت زمین کا ۸۰ فیصد حصہ زیر کاشت لایا گیا ہو اور اس کی توقع نہ ہو کہ نہری آب پاشی کے ذریعے سے پیداوار میں ۲۰ فیصد سے زائد اضافہ ہوگا وہاں حکومت کا مطالبہ دوامًا مقرر کر دینا چاہیئے۔ ان شرائط کا مفہوم یہ تھا کہ جس وقت تک زمین کی آمدنی میں اضافہ ہوتا رہے دوامی بندوبست کو ملتوی رکھنا چاہیئے۔ لیکن لارڈ کمبرلی وزیر ہند نے آخر کار اس تجویز کو ۱۸۸۳ء میں اس بنیاد پر کلیتہً مسترد کر دیا کہ ملک ابھی ترقی یافتہ نہ تھا۔ اس کے بعد سے حکومت کا طرز عمل دوامی بندوبست کے مسئلے کو ختم شدہ خیال کرنے کا رہا ہے، اگرچہ وقتاً فوقتاً دوامی بندوبست بمقابلہ عارضی بندوبست کی دیرینہ بحث کی صدائے بازگشت برابر سنائی دیتی ہے۔

۱۷۔ بنگال کے بقیہ زمینداروں اور تعلقداران اودھ کے ساتھ عارضی بندوبست

بنگال کے وہ علاقے جہاں کسی نہ کسی سبب سے دوامی بندوبست نہیں ہوا، عارضی بندوبست کی ذیل میں آتے ہیں جس کی رو سے واصلات کا فیصد تناسب بہت اعلیٰ یعنی در اصل تقریباً ۷۰ فیصد ہے۔ اس بندوبست 412
کے تحت قابض بالعموم ایسے طبقے کے درمیانی اشخاص ہوتے ہیں جن کے لیے واصلات کا ۳۰ فیصد معقول معاوضہ خیال کیا جاتا ہے۔ تشخیص کے طریق کی حد تک بنگال میں اختیار کردہ طریق آگرے کے طریق کے مشابہ ہے جو ذیل میں بیان کیا گیا ہے:-

تعلقداروں کی ملک میں جو دیہات مشتمل ہیں وہ اس قدر اہمیت و وقعت رکھتے ہیں کہ اودھ کے بندوبست کو واقعی مشترکہ دیہی بندوبست کے طریق کی مرمتشکل خیال کیا جا سکتا ہے، چنانچہ ہم اب اسی طریق کو بیان کریں گے۔

باب ۱۱

۱۸۔ محل واری بندوبست

عارضی بندوبست جیسا کہ صوبۂ آگرہ میں رائج کیا گیا، وہی عام شکل رکھتا ہے جو ان صوبوں میں جہاں زیادہ تر زمیندارانہ حقوق رکھنے والی وہی برادریوں سے سابقہ ہو اختیار کی گئی۔ ابتدائً یہ کوشش کی گئی کہ مالگزاری کے متاجر یا کسی دوسرے ممتاز شخص سے دیہات کا بندوبست دوامی طور پر طے کیا جائے۔ لیکن برطانوی حکومت دوامی بندوبست کی طرفداری میں کچھ بھی سننا نہیں چاہتی تھی علاوہ ازیں ہولٹ میکنزی نے ۱۸۱۹ء میں تحقیقاتی کمیشن کے معتمد کی حیثیت سے اس امر کی طرف توجہ مبذول کرائی کہ دیہات میں اجتماعی مالک موجود تھے۔ اور بتلایا کہ ان سے نبٹنا ضروری تھا، یہ کہ منفرد زمیندار کا تخیل جو بنگال سے اخذ کیا گیا تھا پوری طرح عمل میں نہیں لایا جا سکتا تھا، یہ کہ مناسب مساحت اور جملہ اقسام کے حقوق کا بہ احتیاط تحریری اندراج ناگزیر و لابدی تھا اور یہ کہ عام تدبیر کے طور پر دوامی بندوبست کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا تھا۔

اڑیسہ کے بندوبست کا مسئلہ بھی اسی زمانے میں رونما ہوا جس زمانے میں کہ صوبجات شمال مغربی (جنھیں آج کل صوبۂ متحدہ آگرہ و اودھ کے نام سے موسوم کرتے ہیں) میں تحقیقاتی کام آغاز کیا گیا، اور ان دونوں معاملات کو طے کرنے کے لیے ۱۸۳۳ء کا مشہور ضابطہ نمبر (۹) منظور کیا گیا۔ یہ ضابطہ اور دوسرے متعاقب ترمیمات عارضی بندوبست کے ان سب طریقوں کی اساسی بنیاد ہیں جو زمینداروں اور دیہی جماعتوں سے طے کئے گئے۔

آگرے میں، انفرادی زمینداروں اور آگرے کے تعلقداروں کی چند مثالوں سے قطع نظر کرتے ہوئے، اکثر صورتوں میں دیہی جماعتوں کے اوپر کوئی شخص نہ تھا۔ اس لحاظ سے ان سے براہ راست اجتماعی طریقے پر بندوبست طے کیا گیا، اگرچہ شرکا میں سے کسی ایک کو جو باوقعت اور حیثیت دار ہوتا تھا اس غرض سے منتخب کر لیا جاتا تھا کہ وہ مالگزاری کی ادائی کی اصلی ذمہ داری اپنے سر لے؛ چنانچہ وہی سب شرکا کی جانب سے بندوبست کے معاہدے پر دستخط کر دیتا تھا اور شرکا فرداً فرداً اور مشترکہ طور پر ادائی کے ذمہ دار بنائے جاتے تھے۔ چونکہ آگرے کے تعلقداروں کے زمیندارانہ حقوق، اودھ کے تعلقداروں کے مالکانہ حقوق سے بہت گھٹیا تھے؛ اس لیے اول الذکر کے مطالبات کے تصفیے کا طریقہ یہ تھا کہ ان کے تحت کی

باب ۱۱ 418

دیہی جماعتوں کے ذمے کی واجب الادا مالگزاری میں حسب ضرورت اضافہ کر دیا جاتا تھا اور مالگزاری کا ۱۰ فیصد الاؤنس تعلقداری کے طور پر ان کو براہ راست سرکاری خزانے سے ادا کیا جاتا تھا۔ آگرے کی دیہی برادریوں کے ساتھ تصفیے کی جانب عود کرتے ہوئے یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ گاؤں کا کوئی طبقہ یا (ایک مقررہ حد کے اوپر) انفرادی شریک بھی مالگزاری کی مشترکہ ذمہ داری کی بجائے انفرادی و جداگانہ ذمہ داری کی تحریک کر سکتا ہے۔ بندوبست کا کام ایک حد تک عدالتی اور ایک حد تک مالی ہے، گویا وہ علی الترتیب ایک طرف حقوق اراضی کی دریافت اور تحریری یادداشت سے تعلق رکھتا ہے اور دوسری طرف مطالبۂ مالگزاری کی تشخیص اور بعض صورتوں میں اسامیوں کے لگان کے تقرر کے متعلق ہے۔ جہاں تک بندوبست کا تعلق ہے، حدود بندی، مساحت، کھیتوں اور حقوق کے تحریری اندراج، اور آخر میں تشخیص مالگزاری وغیرہ کے معمولی مرحلے طے کرنے پڑتے ہیں۔

۱۹۔ محل واری طریقوں میں مالگزاری کی تشخیص کے اصول

ہم ابھی جن اصول تشخیص کو بیان کرنے والے ہیں ان کے متعلق یہ ذہن نشین کر لینا ضروری ہے کہ وہ تمام محل واری طریقوں کے بارے میں صادق آتے ہیں۔ مختلف طریقوں کے تجربے مثلاً خالص پیداوار کے تخمینے وغیرہ کے بعد حکومت نے مالگزاری کی تشخیص کا مندرجۂ ذیل طریقہ اختیار کیا۔ گاؤں کی زمینوں کی حقیقی آمدنی بہ شکل لگان کو مالگزاری کی تشخیص کی براہ راست یا بالواسطہ بنیاد کے طور پر لیا جاتا ہے۔ مالگزاری کو اصطلاحی طور پر کسی جائداد کی اس آمدنی یا واصلات کے ایک جزو پر مشتمل کہا جاتا ہے جو اس سے سالانہ وصول ہوتی ہے۔ اس جزو میں وقتاً فوقتاً تبدیلی ہوتی رہی ہے۔ چنانچہ ابتداءً ایسٹ انڈیا کمپنی کے تحت یہ جزو بہت اعلیٰ یعنی ۸۰ فیصد سے بھی زاید تھا[1]

[1] چنانچہ معتبر طریقے پر بیان کیا گیا ہے کہ اڑیسہ میں ۱۸۲۲ء میں ۵۰ واصلات کا ۳۳ء۸ فیصد تھا؛ ۱۸۴۰ء میں ۶۵ فیصد مقرر ہوا جس میں ۶۰ فیصد تک کمی کرنے کی اجازت تھی؛ لیکن ۱۹۰۱ء کے نظرثانی شدہ بندوبست میں اس کو گھٹا کر ۴۵ فی صد کر دیا گیا۔
دیکھو ایک کتاب مرسوم بہ "حکومت ہند کی مالگزاری کی پالیسی" صفحہ ۱۳۔

باب ۱۲

سنہ ۱۸۲۳ء میں لارڈ ولیم بنٹنک نے اس کو گھٹا کر ۶۶ فیصد مقرر کیا، سنہ ۱۸۵۵ء کے قواعد سہارن پور کے تحت اس کو مزید کمی کے بعد تقریباً ۵۰ فی صد تک کر دیا گیا، اور سرکاری حقوق کے مطابق اکثر صوبوں میں جو حقیقی جزو وصول کیا جاتا ہے اس کی مقدار موجودہ زمانے میں ۵۰ فیصد سے بہت کم ہے۔

واصلات زیادہ تر حسب ذیل مدوں پر مشتمل ہوتے ہیں:- (۱) حقیقت میں وصول شدہ مجموعی لگان، جو آگرے کی حد تک اہم ترین مسئلہ میں عامل ہے؛ (۲) ان زمینوں کی تخمینی آمدنی جو لگان سے مستثنیٰ ہوں یا ان کی طرف لگان معاف کر کے دوسروں کو دیدی گئی ہوں؛ اور (۳) بعض متفرق منافع، مثلاً قیمتی افتادہ زمین، چرائی، میووں اور جنگلی پیداوار وغیرہ کی آمدنی۔ ان مدوں کے مجموعہ یعنی دو مدیں، جو جائداد کے واجب الوصول لگان پر مشتمل ہوتی ہیں، اساسی عامل ہیں۔

آگرہ، اودھ، پنجاب اور صوبۂ متوسط کے مختلف قسم کے محل واری بندوبست میں تشخیص کا یہی عام اصول ہے، اگرچہ مختلف صوبوں میں تفصیلات کی حد تک اختلافات ہیں۔ بندوبست کے زمانے میں لگان کی جو حقیقی شرحیں وصول کی جاتی تھیں وہی آگرے کی تجویز کی بنیاد ہیں۔ صوبۂ متوسط میں، لگان کے بار کو زیادہ مکمل طریقے سے مساوی کرنے کی ضرورت کی بنا پر ایک خاص طریقہ اختیار کیا گیا جس پر بعد میں بحث کی جائے گی۔ پنجاب میں چونکہ بیشتر زمینیں مالکوں یا ایسے اسامیوں کے قبضے میں ہیں جو جنس کی شکل میں لگان ادا کرتے ہیں، اس لیے نقد کی شکل میں لگان کا حساب کرنے کا طریقہ براہ راست اختیار نہیں کیا جا سکتا۔ اس لحاظ سے یہ ضروری ہے کہ ایک مقررہ قسم کی تمام زمینوں کے لیے نمونے کے کھیتوں کی حقیقی نقد ادائیوں کی بنیاد پر کوئی مناسب شرح معین کی جائے، اور ان معیاری رقموں کا اطلاق گاؤں کی سب زمینوں پر کیا جائے۔

414

۲۰۔ محل واری بندوبست کا عمل صوبۂ متحدہ میں

صوبۂ متحدہ میں بندوبست کے عمل کے آغاز سے پیشتر، ایک عہدہ دار بندوبست دیہات کا معاینہ کرتا ہے اور تشخیص مالگزاری کے لحاظ سے انہیں مختلف طبقوں میں تقسیم کرتا ہے جن کی زمین اور طبعی خصوصیات عام طور پر یکساں اور ایک دوسرے کے مشابہ ہوتی ہیں۔ اس کے بعد ہر حلقے کی زمین

باب ۱۱

کا لگان مقرر کیا جاتا ہے۔ اس غرض کے لیے معمولی فصلوں کی ان زمینوں کا نقد لگان بطور رہنما لیا جاتا ہے جو ایسے مستقل اور ذمہ دار اسامیوں کے قبضے میں ہوں جن کا ذریعۂ معاش محض ان کے کھیت ہوں۔ عہدہ دار بندوبست، ذرائع آمدورفت، اضافۂ آبادی، فصل کے اعداد و شمار اور مزروعہ رقبے کے اضافے کا لحاظ کرنے کے بعد مقررہ جمعبندی کے حوالے سے مالگزاری کی شرح معین کرتا ہے[1]۔ جہاں نقد لگان کا طریقہ نہیں ہے وہاں، عہدہ دار بندوبست اپنی بنیاد کے طور پر یا تو وہ لگان لیتا ہے جو گاؤں میں اس کے مماثل زمینوں کے لیے ادا کیا جاتا ہے یا اپنے ہی حلقے کی شرحوں کو لیتا ہے۔

اودھ میں اس طریقے کا اطلاق

اودھ کا بندوبست، آگرے کے بندوبست سے بڑھل تشخیص تمام خصوصیات میں مشابہ ہے، بجز اس کے کہ بندوبست گاہ گاہ دیہی برادریوں سے طے کیا جاتا ہے، اور اکثر صورتوں میں ایسی جائداد کے لیے جو دیہات کی کم یا زیادہ تعداد پر مشتمل ہو انفرادی تعلقداروں سے ایک ہی مجموعی رقم کی شکل میں معاملہ کیا جاتا ہے۔ تعلقدار کے ذمے کی مالگزاری ان رقموں کے مجموعے پر مبنی ہوتی ہے جو اس کے علاقے کے ہر گاؤں پر بطور لگان عاید کی جاسکتی ہیں۔ بعض صورتوں میں، جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے، جہاں تعلقدار کے تحت کی دیہی برادریاں اپنے حقوق کے تحفظ میں کامیاب رہی ہیں، وہاں ان سے ذیلی بندوبست کیا جاتا ہے، اور تعلقدار کو مقررہ لگان ادا کیا جاتا ہے تاکہ تعلقدار کو کچھ نفع مل جائے جو کسی صورت میں بھی مالگزاری کے ۱۰ فیصد سے کم نہیں ہوتا۔

۲۱ پنجاب کا بندوبست محل واری۔

یہاں بھی مساحت اور کتابچۂ حقوق وغیرہ کے بارے میں یہی طریقہ رائج ہے۔ لیکن طریق تشخیص کی حد تک تفصیلات میں اختلاف ہے۔ اسامیوں کی کوئی بڑی جماعت نہیں ہوتی اور اگر ہوتی ہے تو وہ بہ شکل جنس لگان ادا کرتی ہے۔ اس لحاظ سے عہدہ دار بندوبست، دیہی جائداد میں ہر قسم کی زمین

[1] دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۶۷)۔

باب ۱۲ کے لیے مالگزاری کی شرحوں کا براہ راست تخمینہ بحساب فی ایکڑ کرتا ہے اور ان کو اس چیز پر مبنی قرار دیتا ہے کہ نقد لگان یکساں طور پر ادا کرنے کی صورت میں لگان کے واصلات کیا ہوں گے۔ اس غرض کے لیے رقبے کو مختلف حلقوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جن میں
415 سے ہر ایک میں زمین کی چند ممتاز قسمیں قرار دی جاتی ہیں۔ اس طرح ہر قسم کی زمین کی نمایندگی کرنے والے مناسب نمونے کے کھیتوں کی کچھ تعداد لینے اور یہ تحقیق کرنے کے بعد کہ وہ بصورت نقد در اصل کتنا ادا کرتے ہیں اور یہ نہ معلوم ہو سکے تو لگان بہ شکل جنس کی نقد قیمت کیا ہے، بعض مناسب معیاری شرحیں مقرر کر دی جاتی ہیں۔ ان معیاری شرحوں سے مالگزاری کی تشخیص کی عام بنیاد کے طور پر کام لیا جاتا ہے۔ پنجاب میں، اگرچہ نظری طور پر مالگزاری انفرادی کسانوں سے نہیں بلکہ دیہی جائدادوں کے مشترکہ قابضوں سے وصول کی جاتی ہے جو مشترکہ یا انفرادی طور پر اس کو ادا کرنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں؛ تاہم عملاً ہر ایک سے مالگزاری کا جتنا حصہ واجب الوصول ہوتا ہے وہ تقسیم کر دیا جاتا ہے اور فرداً فرداً وصول کیا جا سکتا ہے۔ اس لحاظ سے کسانوں کی عام طور پر وہی حیثیت ہوتی ہے جو کہ بمبئی اور مدراس کے ملکی کاشتکاروں کی۔

۲۲۔ صوبۂ متوسط کا "مالگزاری بندوبست"

علاوہ ازیں مالگزاری کی تشخیص کی بنیاد کی حد تک صوبۂ متوسط کا طریقہ عملاً ویسا ہی ہے جیسا کہ آگرے کا۔ لیکن ایک اہم خصوصیت کے بارے میں اختلاف ہے۔ صوبۂ متوسط میں دیہات کی مالگزاری وصول کرنے کا انتظام مرہٹوں نے ان افراد کے سپرد کر رکھا تھا جن کو عام طور پر "مالگزار" کہتے تھے۔ لیکن برطانوی حکومت کے اس اضطراب کی بنا پر کہ وہ انفرادی زمینداروں سے معاملہ کرنا چاہتی تھی ان کو مالکانہ حیثیت دے دی گئی اور وہ دیہات کے صدر یا سردار تسلیم کر لیے گئے، اگرچہ یہاں کے دیہات بمبئی اور مدراس کے مثل رعیت واری قسم کے تھے اور کسانوں کے مجموعوں پر مشتمل تھے جن میں سے ہر ایک اپنے کھیت کی کامل اور بلا شرکت غیرے ملکیت کا مدعی تھا۔ پس اس امر کا لحاظ کرتے ہوئے کہ یہ کسان مالکوں کی حیثیت سے گرا کر "مالگزاروں" کے اسامیوں کے درجے تک پہونچا دیے گئے تھے، ان کا بہت ہی وسیع تحفظ کرنا پڑا۔

باب ۱۲

اس لحاظ سے عہدہ دار بندوبست کو نہ صرف اس مالگزاری کا مطالبہ معین کرنا پڑتا ہے جو مالگزاروں سے وصول طلب ہوتی ہے بلکہ اس لگان کا بھی جو سب قسم کے اسامیوں کی طرف سے مالگزاروں کو ادا شدنی ہوتا ہے[1]۔ پس یہ ظاہر ہے کہ لگان کی مالیت کا اندازہ کرنے کا طریقہ اس سے بہت زیادہ صحیح ہونا چاہئے جتنا کہ وہ حکومت کے مالگزاری کے مطالبے کی عام بنیاد کے طور پر کارآمد ہو سکتا ہے۔

اس طرح صوبہ متوسط میں لگان کا تعین ایک نہایت پیچیدہ عمل ہے، جو دیدہ ریزی کے ساتھ "ارضی اکائیوں" کی شکل میں زمین کی گروہ بندی کر کے پورا کیا جاتا ہے۔ ان اکائیوں کے قایم کرنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ زمین کی زرخیزی اور پیداآوری کی صلاحیت کے پیمانے کا کام دیں۔ "آمدنی کے متعلق یہ فرض کیا جاتا ہے کہ اس کا انحصار کاشت کے اوسط خالص منافع پر ہے، اور ہر حیثیت و قسم کی زمین کا ایک 416
حصہ مقرر کیا جاتا ہے جو دوسری زمینوں کے مقابلے میں اس کی آمدنی کو ظاہر کرتا ہے؛ اس طرح ارضی اکائی نہ صرف زمین کی زرخیزی کے اعتبار سے بلکہ اس کی حیثیت اور موقع کے لحاظ سے بھی مختلف ہوتی ہے"[2]

۲۳۔ رعیت واری بندوبست: مدراس کا رعیت واری طریقہ

ہم اوپر بیان کر چکے ہیں[3] کہ مدراس میں دوامی بندوبست رائج کرنے کی کوششوں کی ناکامی کے بعد رعیت واری طریقہ کس طرح اختیار کیا گیا۔ بندوبست کے اصول کسی مجموعۂ ضوابط کی شکل میں مرتب نہیں کئے گئے ہیں

---

[1] "لگان کا تعین" جو بندوبست کا اہم ترین عمل ہے، مالگزاروں کے اس عام اور روز افزوں میلان کی وجہ سے پیچیدہ ہو گیا ہے کہ وہ اس کو روا رکھتے ہیں کہ لگان کی مقدار کم رہے اور دست برداری کی بنا پر واپس شدہ کھیتوں کو از سر نو پٹے پر دے کر یا پہلی دفعہ زمین کو پٹے پر اٹھا کر نذرانہ وصول کرتے ہیں"۔ دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۶۹۔

[2] دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ؛ مزید تفصیلات کے لیے دیکھو بیڈن پاؤل کی کتاب موسوم بہ "برطانوی ہند میں مالگزاری اور حیثیت اراضی" صفحہ ۱۸۶ تا صفحہ ۱۸۸

[3] دیکھو صفحہ ۴۱۱ انگریزی متن۔

باب ۷ اور عام و وسیع ہدایات سے اخذ کیے گئے ہیں۔ ہر گاؤں کی صحت کے ساتھ پیمائش کی جاتی ہے اور گاؤں کا ایک نقشہ جس کے ساتھ تمام کھیتوں کا ایک تفصیلی رجسٹر ہوتا ہے تیار کیا جاتا ہے۔ اراضی کو زمین کی پیداوار اور صلاحیت کے مطابق تقسیم کیا جاتا ہے، اور پیداوار اور فوت کا اندازہ معمولی غلے کی فصلوں میں سے کسی فصل کی مقدار کے حوالے سے کیا جاتا ہے، غلے کی قدر کو زر کی قدر میں مبدل کیا جاتا اور نقد قیمت مقرر کی جاتی ہے جو بندوبست سے پیشتر کے بیس غیر قحط زدہ سالوں کے اوسط پر عام طور پر مبنی ہوتی ہے۔ اسی میں سے مصارف کاشت نہا کرنے کے بعد خالص پیداوار حاصل ہوتی ہے جس کا تقریباً نصف، بیشترین مالگزاری کے طور پر مقرر کیا جاتا ہے۔ تاجروں کے لیے منافع کی گنجایش چھوڑنے اور بازار تک غلے کی نقل و حمل کی مسافت، موسمی انقلابات اور غیر نفع بخش علاقوں کا لحاظ کر کے مالگزاری میں کمی کی جاتی ہے۔ اس کے بعد ان زمینوں کو، جن کی آمدنی بہ شکل جنس ایک دوسرے کے مماثل ہوتی ہے، بلا لحاظ ان کی درجہ بندی کے احکام موسوم بہ "ترم" (Taram) کے تحت قوس میں رکھا جاتا ہے اور ان میں سے ہر ایک کی شرح تشخیص جدا ہوتی ہے۔ ان شرحوں میں نہ صرف ان دیہات کی حیثیت کے لحاظ سے جن میں کہ زمینیں واقع ہیں بلکہ آب پاشی کے ذرایع کی نوعیت کے اعتبار سے بھی مزید ترمیم کر دی جاتی ہے۔ اس غرض کے لیے دیہات کو مختلف زمروں یا حصوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے، خشکی کی زمینوں کی حد تک، سڑکوں اور بازاروں کی قربت کے لحاظ سے اور تری کی زمینوں کی حد تک، آبرسانی کی نوعیت و کیفیت کے لحاظ سے۔ یہی وجہ ہے کہ مختلف اراضی پر جن کی زمینیں ایک دوسرے کے مماثل ہوتی ہیں لیکن جو مختلف زمروں میں واقع ہیں یا مختلف اقسام آب پاشی کے تحت ہیں مشخصہ مالگزاری کی مختلف شرحیں عاید کی جاتی ہیں۔ اس طرح جو مالگزاری مشخص و مقرر کی جاتی ہے وہ سطح زمین کی کاشت میں حکومت کے حصے بہ شکل زر کی نمایندگی کرتی ہے۔ لیکن اگر زمین میں معدنیات دریافت ہوں تو اس کے لیے جداگانہ مالگزاری مشخص کی جائے گی[1]

[1] دیکھو نکتہ مالگزاری مدراس کے مستقل احکام جن کا اقتباس محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۶۴ میں موجود ہے۔

۲۴ بمبئی کا رعیت واری طریق

مدراس کے برعکس، بمبئی میں مجموعۂ ضوابط مالگزاری باب ۱۰ موجود ہے جس کے تحت بندوبست کے متعلق معاملات طے پاتے ہیں۔ اس کے علاوہ خاص ایکٹ یا قوانین خاص قسم کی جائدادوں مثلاً گجرات کے تعلقداروں 417 کوکن کے کھوٹوں اور اضلاع کھیرا اور بروچ کے چند مشترکہ دیہات وغیرہ کے متعلق موجود ہیں۔

ہم مالگزاری کے متعلق اپنے عام تاریخی تبصرے میں مرہٹوں کے انتظام مالگزاری کا ذکر کر چکے ہیں اور یہ بھی بیان کر چکے ہیں کہ مالگزاری کی بابت مستاجری کے طریق کے رواج کے نتیجے کے طور پر آخری پیشواؤں کے تحت اس انتظام میں خرابیاں پیدا ہو گئیں۔ جس وقت برطانوی حکومت نے دکن کو پیشواؤں سے لے لیا تو انھوں نے یہ فیصلہ کیا کہ مستاجری کے تباہ کن طریقے کو ختم کر دیا جائے اور نانا فرنویس کے زیادہ منصفانہ طریق کی طرف عود کیا جائے۔

کئی عارضی تجربوں اور مختلف تجاویز کے بعد (جن میں محل واری طرز پر عام دیہی بندوبست کی تجویز شامل تھی) آخر کار رعیت واری طریق اختیار کر لیا گیا۔ ۱۸۲۷ء میں پرنگل کو زمین کی مفصل پیمایش کا حکم دیا گیا انھوں نے بھی دیدہ ریزی کے ساتھ یہ کوشش کی کہ محصلہ خالص منافع کی بنیاد پر انتہائی صحت کے ساتھ زمین کی قسمیں قرار دی جائیں۔ لیکن اس کام کے لیے بہت سے فروع اور تفصیلات کی ضرورت تھی اور چونکہ اس تجربے کے نتیجے کے طور پر مالگزاری کی بہت ہی اعلیٰ شرح مشخص ہوئی اس لیے یہ کل تجربہ ناکام ثابت ہوا۔ تحقیقات کی پیچیدہ نوعیت اور مواد فراہم کرنے کے لیے مقرر کردہ عثمانی اہلکاروں کی کثیر تعداد کی نگرانی کے ناممکن کام نے صریحاً باقاعدہ تحقیقات کو بالکل غیر معتبر بنا دیا۔ جس چیز کی حقیقت میں ضرورت تھی وہ یہ تھی کہ اس وقت کی مالگزاری کی شرحوں میں بڑی حد تک کمی کی جاتی، اس لیے کہ اس کو عام طور پر بہت بھاری خیال کیا جاتا تھا۔ تجربے کی ناکامی قحط کا دور دورہ مسلسل کئی سال تک رہنے کی وجہ سے نمایاں ہو گئی۔

اس لحاظ سے حکومت نے یہ ہدایت کی کہ کل عمل کو از سر نو شروع کیا جائے،

باب ۱۲ اور ۱۸۳۶ء میں اس کام کو دو عہدہ داروں یعنی مسٹر گولڈ اسمڈ اور لفٹنٹ ون گیٹ کے سپرد کیا۔ ان دونوں نے جو طریق رائج کیا وہی وقت بوقت ترمیم پانے کے بعد، موجودہ خاص شکل میں نافذ ہے[1]۔ ۱۸۴۷ء میں انھوں نے اپنی رپورٹ پیش کی جس میں احاطۂ بمبئی کے حالات کے لحاظ سے مساحت اور بندوبست کی بنیاد کے لیے عام اصول مقرر کیے گئے تھے۔ انھوں نے سفارش کی کہ مالگزاری کی معتدل شرح مقرر کی جائے، بندوبست تیس سالہ رہے، بندوبست کی میقات میں اراضی کی اصلاح و ترقی کو محصول سے محفوظ رکھا جائے، زمین کی ملکیت تسلیم کیجائے، اور فروخت، انتقال اور ذیلی اسامیوں پر لگائے ہوئے لگان کے انتظام وغیرہ کے بارے میں کامل آزادی دی جائے۔ بعد میں مل کر ان عہدہ داروں سے تعامل کرنے کے لیے کیپٹن ویوڈسن کو مقرر کیا گیا اور ۱۸۴۷ء میں ان سبھوں نے ایک رپورٹ پیش کی "جو مشترکہ رپورٹ" کے نام سے اچھی طرح مشہور ہے؛ اس میں وہ اصول پیش کیے گئے ہیں جو موجودہ طریق کی تہ میں مضمر ہیں۔

اس رپورٹ میں اختیار کردہ طریقے کے مطابق خالص منافع کی بنیاد جو پرتگال کے طریق کے تحت زمین کی تقسیم و تبویب کے لیے اختیار کی گئی تھی، ترک کردی گئی۔ اس کی بجائے زمین کی گہرائی اور ساخت کو ملحوظ رکھا گیا۔ مالگزاری کی مقدار کو، تجربی شرحوں کے ذریعے سے بارش، زرعی قیمتوں، زمین کی حالت وغیرہ 418
امور کی بنیاد پر منظم کیا گیا؛ لیکن اساسی اصول یہ تھا کہ کسان سے اس سے زیادہ طلب نہ کیا جائے جتنا کہ وہ بآسانی ادا کرسکتا تھا۔ قدیم زمانے کے "میراثی" اور "اوپری" حقوق اراضی ایک یکساں حقیت اراضی میں ضم کردیے گئے جسے "دہیمایشی یا دخیلکارانہ حقیت" کہتے تھے۔ کسان کا استحقاق اس کے کھیت پر اس وقت تک غیر فانی قرار دیا گیا جس وقت تک کہ وہ مقررہ مالگزاری ادا کرتا رہے۔ وہ اپنے ذمے کے واجبات کو اپنے مالی ذرایع کے مطابق بنالینے کے خیال سے موجودہ کھیت سے دست بردار ہونے یا دوسرے کھیتوں پر قبضہ کرنے کا استحقاق

[1] دیکھو تشخیص مالگزاری کی کمیٹی کی رپورٹ، بمبئی، شائع شدہ ۱۹۲۶ء صفحہ ۱ تا ۹۔

رکھتا تھا۔ چنانچہ اسی بنیاد پر اس کی حیثیت و حالت کی تعریف و تعیین بمبئی کے ضابطۂ مالگزاری میں کردی گئی ہے۔ اس طرح قایم کردہ حیثیت اراضی "رعیت واری" کے نام سے موسوم ہے جس کے تحت ملکی کاشتکار حکومت سے براہ راست ملکیت حاصل کرکے اپنے قبضے میں لاتا ہے کامل حقیت دخیلکاری قابل توریث و قابل انتقال ہے، لیکن بلا اجازت حکومت منتقل نہیں کی جاسکتی۔ اگر محصول ادا نہ کیا جائے تو دخیلکاری ضبط کی جاسکتی ہے۔ قابض یا دخیلکار کی طرف سے اراضی کی اصلاح و ترقی عمل میں آئے تو اس کے بارے میں یہ ضمانت دی گئی ہے کہ کوئی زائد محصول عائد نہیں کیا جائے گا[1]

باب ۱۲

۲۵ بمبئی کے بندوبست کی اہم خصوصیات[2]

بمبئی کا رعیت واری طریقہ وہی عام خصوصیات رکھتا ہے جو مدراس کے طریقے کے ہیں، مثلاً سرحدوں کی نشان اندازی، سروے نمبرات کا تعین جو ایک مرتبہ مقرر کردیے جانے کے بعد بدلے نہیں جاتے، اور زمین کی درجہ بندی و تبویب، لیکن تشخیص کا طریق مدراس کے طریقے سے مختلف ہے۔ زمینوں کی اضافی آمدنیاں، ہمیشہ کے لیے ان کی گہرائی، ساخت، رطوبت روکنے کی صلاحیت اور زرخیزی پر اثر انداز ہونے والے دوسرے طبیعی خواص کے مطابق مختلف درجوں میں تقسیم کردی جاتی ہیں اور روپے کے کسور کی شکل میں ظاہر کی جاتی ہیں؛ چنانچہ سولہ آنے بہترین قسم کی زمین کی نمایندگی کرتے ہیں۔ اس درجہ بندی و تبویب کا مقصد مدراس کے طریقے کے برعکس خالص پیداوار پر تشخیص کو مبنی کرنا نہیں ہے بلکہ محض یہ کہ عام امور کا لحاظ کرکے اس رقبے کے لیے مالگزاری کا جو مجموعی مطالبہ مقرر کیا جائے اس کی تقسیم کی بنیاد کے طور پر اس خالص پیداوار کو استعمال کیا جائے۔

مالگزاری کی تشخیص و تعیین کا عمل، حسب ذیل تین اہم کارروائیوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:- (۱) پہلی کارروائی یہ ہے کہ آب و ہوا، محل وقوع اور کاشت کی

---

[1] دیکھو ہیننگ کی کتاب موسوم بہ "بمبئی دکن میں دیہی معیشت" ص ۲۰ تا ص ۲۱۔

[2] بمبئی کے طریق کے زیادہ مفصل بیان کے لیے دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "حکومت ہند کی مالگزاری کی پالیسی" باب ۵۔

باب ۱۲

عام حالت وغیرہ کے نمایاں اور مستقل اختلافات کے لحاظ سے تعلقوں کو مختلف قسموں میں تقسیم کیا جائے۔ (۲) دوسری کارروائی یہ ہے کہ مقررہ رقبے کے لیے (جو عام طور پر تعلقہ ہوتا ہے) مالگزاری کے مجموعی مطالبے کا تعین اس رقبے کی مالگزاری اور معاشی سرگذشت کے اعتبار سے کیا جائے۔ (۳) آخری کارروائی یہ ہے کہ مجموعی مالگذاری کے مطالبے کے اجزا کا تعین کیا جائے۔ یہ سب کارروائی، جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے، زمین کی "آنے واری" تقسیم و تبویب کی مدد سے کی جاتی ہے جو شرح تدریجی کا کام دیتی ہے۔ مثلاً اگر ۱۶ آنے والے کھیت کے لیے جیسا کہ پہلے شرح ۳ روپے فی ایکڑ ہو تو آٹھ آنے والے کھیت کے لیے شرح فی ایکڑ ڈیڑھ روپیہ ہو گی۔[1] بمبئی کے طریق کی خالص تجربی نوعیت اس واقعے سے ثابت ہوتی ہے کہ مالگزاری کی شرحوں کے بارے میں افسر بندوبست کے فیصلے کا انحصار "نظریے کی بنیاد پر نتائج باضابطہ اخذ کرنے پر نہیں ہوتا بلکہ مقامی معاملات اور تجربے کے شخصی تاثرات پر ہوتا ہے"[2] لیکن کچھ سال ادھر سے آمدنی بہ شکل لگان، جو پٹہ، بیع اور دوسرے اسی قسم کے امور کے متعلق اصل اور یادداشتوں سے تعین ہو، مالگزاری کی تشخیص کی بنیاد کے طور پر عملاً اختیار کی جا رہی ہے[3]، اگرچہ "کتابچہ مساحت و بندوبست"[4] میں یہ ہدایت کی گئی ہے کہ "مالگزاری کے اضافے کے دلائل عام امور کی بالواسطہ شہادت پر مبنی ہونے چاہئیں اور یہ کہ لگان کے متعلق اعداد و شمار سے صرف

419

---

[1] ۔ برار کے بندوبست کا طریق ٹھیک اس طریق کے مماثل ہے جو بمبئی میں رائج ہے۔ سندھ میں تشخیص کی شرحوں کا دارومدار آب پاشی پر ہے نہ کہ بارش پر جو بہت کم مقدار میں ہوتی ہے اور بندوبست کی مدت احاطۂ بمبئی کے مقابلے میں بہت چھوٹی ہوتی ہے۔

[2] ۔ دیکھو ایک کتاب موسوم بہ (The Bombay Survey & Settlement Manual) جس کا حوالہ محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کے فقرہ ۶۶ میں دیا گیا ہے۔

[3] ۔ دیکھو حکومت بمبئی کی قرارداد تشخیص مالگزاری کی کمیٹی کی رپورٹ (شائع شدہ ۱۹۲۷ء) کے بارے میں۔

[4] ۔ (The Survey & Settlement Manual)

باب ۱۷ ایسی روک کے طور پر کام لینا چاہئے جو مالگزاری میں حد سے زیادہ اضافہ ہونے دے۔ مالگزاری کی نظر ثانی کے نتیجے کے طور پر اضافہ کرنے کی صورت میں پندرہ برس قائم ہیں؛ چنانچہ اسی کے مطابق اضافہ کل تعلقے کے لیے مجموعی مقدار کے ۳۳ فیصد گاؤں کے لیے ۶۶ فیصد اور منفرد کھیت کے لیے ۱۰۰ فیصد تک محدود ہے۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، اراضی کی خانگی اصلاح و ترقی محصول سے محفوظ ہے۔ اس لیے کہ وہ نظری طور پر زائد مالگزاری سے کلیتہً مستثنیٰ ہے۔ لیکن اس بارے میں واضح و معین ہدایات موجود نہ ہونے کی وجہ سے کہ اصلاح و ترقی کس کو قرار دیا جائے اور کس کو قرار نہ دیا جائے یہ شکایت کی جاتی ہے کہ افسر بندوبست کی رائے پر بہت کچھ انحصار رکھا گیا ہے اور اس طرح اصلاح و ترقی بھی بعض اوقات محصول کی زد میں آ جاتی ہے۔ دوسری طرف نظری طور پر اس کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ کیوں ہر قسم کی اصلاح و ترقی کو مستقل طور پر مستثنیٰ رکھا جائے۔ اگر استثنا صرف اس مدت تک روا رکھا جائے جس میں اصلاح و ترقی کے مصارف کا بار سر سے اتر جائے تو کافی ہے۔

خاص طرق (جو اصولاً رعیت واری ہیں)۔

۲۶۔ برما اور آسام کے (۱) برما۔ برما کا موجودہ طریق مدراس کے طریق کے بہت بڑی حد تک مشابہ ہے؛ اس لیے کہ یہ خالص پیداواری پر مبنی ہے اور قدیم طریق کی جگہ قائم کیا گیا ہے جس کے تحت جنوبی برما میں مجموعی خام پیداوار کی قیمت کا ۱/۱۰ اور شمالی برما میں "ٹھٹھامیدا (Thathameda)" لیا جاتا تھا؛ موخر الذکر ایک قسم کا عام ٹکس تھا جو خانگی زمینوں پر لگایا جاتا تھا۔

420 (۲) آسام۔ آسام میں واحد الگ قدیم اضلاع بنگال کے دوامی بندوبست سے زمیندار اور چند دوسرے دوامی کاشتکار تھے جو ایک خاص حق موسوم بہ "حق کاشتکاری" سے متمتع ہوتے تھے؛ یہ حق ۱۸۳۸ء کے ضابطے سے قبل دس سالہ قبضۂ زمین پر اور ضابطے کے بعد دس سالہ عطیہ یا پٹے پر مبنی تھا۔ زمین کے بڑے حصے پر ایسے اجازت نامے یا پٹے کے ذریعے سے بھی قبضہ رکھا جاتا ہے جس کی سالانہ تجدید کی جاتی ہے یا کم از کم ایسے پٹے کے ذریعے سے جو دس سال سے کم کے لیے ہو۔ آسام میں افتادہ زمین کے قواعد خاص طور پر اہم ہیں اس لیے کہ یہاں کے کسی ضلع کا بہ مشکل ۲۵ فیصد رقبہ زیر کاشت ہے۔

باب ۱۲

چائے کے باغ" حقیقت پٹہ پر طویل مدت کے لیے اور مالگذاری کی ادنیٰ شرح پر قبضے میں دیے جاتے ہیں۔ پٹے کی مدت کے ختم پر قوانین نافذہ کے تحت زمین پر مالگذاری عائد کی جاسکتی ہے، بشرطیکہ اس کی شرح اس محصول سے زائد نہ ہو جو کسی معمولی زرعی فصل کی کاشت کرنے والے ضلع میں مالگذاری کی اعلیٰ ترین شرح والی زمین کے لیے مقرر کیا گیا ہو۔ یہ سوال کہ حکومت کو آمدنی کے اس اضافے کا کم از کم ایک جزو کس طرح وصول کرنا چاہیے جو ان زمینوں سے حاصل ہو رہا ہے، حکومت کی توجہ اپنی طرف منعطف کر رہا ہے[1]

۲۷۔ سرکاری ملکیت بمقابلۂ انفرادی ملکیت

قبل اس کے کہ موجودہ زمانے کے مالگزاری کے طریق اور اس سلسلے میں پیدا ہونے والے کئی نزاعی مسائل کی ناقدانہ تحقیق کی جائے، ہم ایک مباحثے کو نبٹائیں گے جو اس قدر اہم خیال کیا جاتا ہے کہ مالگذاری سے تعلق رکھنے والے تقریباً ہر اہم مسئلے کی بابت فیصلے کا انحصار اس نقطۂ نظر پر مانا جاتا ہے جو ہم اس معاملے میں اختیار کریں گے۔ ہمارا مطلب اس سوال سے ہے کہ آیا کوئی عمومی زمیندار ہے یا نہیں یا آیا ہندوستان میں زمین کی خانگی ملکیت مسلم ہے یا نہیں؟ شروع ہی میں یہ کہہ دینا مناسب ہوگا کہ اس طرح پیش کیے ہوئے سوال کا کوئی واضح، قطعی اور فیصلہ کن جواب نہیں دیا جاسکتا اور دوسرے یہ کہ بہرصورت جملہ عملی اغراض کے لیے اس امر کا نفس معاملہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا کہ ہم "مالگزاری" کو "لگان" کہیں کہ "محصول"۔

پہلے ہم اس مسئلے پر معمولی طریقے سے بحث کریں گے۔ جو خاص خاص امور تنقیح طلب رونما ہوتے ہیں ان کو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی نے حسب ذیل بیان کیا ہے:۔ (۱) کیا (ا) ہندو عہد حکومت اور (ب) مسلم دور حکومت کے تحت سرکار کو زمین پر مالکانہ حقوق حاصل تھے؟ (۲) کیا برطانوی حکومت جانشین کے طور پر ان حقوق کی مالک بنی؟ (۳) کیا حکومت موجودہ زمانے میں (ا) زمینداری یا (ب) رعیت واری طریق کے تحت زمین کی مالک ہے؟ (۴) اگر وہ مالک نہیں ہے تو کیا زمیندار اور کاشتکار علی الترتیب مالگزاری کی ادائی کی شرط کے تابع حقوق مالکانہ رکھتے ہیں؟ (۵) زمین کی مالگذاری کو "محصول" کہنا چاہیے یا "لگان"؟

421 پہلے دو امور کے بارے میں عام خیال یہ ہے کہ برطانوی راج سے پیشتر زمین پر حکومت کو کبھی حقوق مالکانہ بلاشرکت غیرے حاصل ہی نہ تھے اور یہ کہ اس لحاظ سے یہ نہیں کہا جاسکتا کہ حکومت برطانیہ

[1] دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۱۷۔

باب ۱۲

اس قسم کے کسی حق کی وراثتہً مالک ہوئی ہے۔ اس سلسلے میں مونٹ اسٹورٹ ایلفنسٹن، بیچ، بیچ ولسن، بیڈن پاؤل وغیرہ کی رائیں نیز عدالت العالیہ بمبئی کا ایک فیصلہ کنڑ کے ایک مقدمہ منفصلہ ۱۸۵۵ء کے بارے میں بطور سند پیش کیا جاتا ہے۔ زیر بحث فیصلہ ولسن کے اس خیال کی تصدیق کرتا ہے کہ بادشاہ کے حق مالکانہ کو ہندوؤں کے قدیم قوانین اور آئین و رواجات سے کوئی سند جواز حاصل نہیں ہے[1]۔ اور جدید ہندو قانون داں بھی اس فیصلے کو انفرادی ملکیت کے مخالف خیال نہیں کرتے۔ علیٰ ہذا اسلامی شرع کی حد تک کرنل گیلوے نے اپنے نتائج کا حسب ذیل خلاصہ پیش کیا ہے:۔ "زمین کاشتکاروں کی ویسی ہی ملک تھی جیسی کہ ہو سکتی تھی؛ جس وقت تک وہ اپنے ذمے کے محصول ادا کرتا رہے اس وقت تک اس کے اخراج کا یا اس کو بے دخل کرنے کا اقتدار نہ تو از روئے قانون تھا اور نہ کوئی محرک پالیسی کے لیے تھا لیکن اگر وہ محصول ادا نہ کرے تو اس کی اراضی ضبط کی جا سکتی تھی؛ اور یہی بات درجہ اول کے انگریز رئیس پر بھی صادق آ سکتی تھی جو انگریزی قانون کے تحت مستحکم ترین حیثیت اراضی رکھتا ہو۔ ہندوستانی کاشتکار کا حق، حق قبضہ و تصرف اور حق انتقال پر مشتمل ہے؛ اور اس کے ذمے کے محصول اراضی کی شرح مقررہ ہوتی تھی؛ بلکہ بالعموم مقدار کا تعین کر دیا جاتا تھا پس اس کا حق ملکیت کس اعتبار سے انگریز زمیندار کے حق ملکیت سے ادنیٰ یا گھٹیا ہے"[2]

شمالی ہند پر اور مسلمان حکمرانوں کے عمل پر جو بات صادق آتی ہے وہی اس سے زیادہ شد و مد کے ساتھ جنوبی ہند کی حالت پر بھی صادق آتی ہے، جہاں زمین کی خانگی ملکیت کا وجود بہت زیادہ واضح اور یقینی طور پر تسلیم کیا گیا خاص کر ملک کے ان علاقوں میں جو مسلمانوں کے قبضہ و تسلط میں کبھی نہیں آئے۔

اس لحاظ سے پہلے دو امور کے بارے میں محصول کی تحقیقاتی کمیٹی متفقہ طور پر یہ رائے ظاہر کرتی ہے کہ ہندو اور مسلمانوں کے عہد ہائے حکومت میں سرکار کو زمین کے بارے میں کوئی قطعی یا بلا شرکت غیرے حق ملکیت حاصل نہ تھا اور حکومت خانگی ملکیت کے وجود کو قطعی طور پر تسلیم کرتی تھی[3]

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شہنشاہ اورنگ زیب کی وفات اور اس ملک میں برطانوی حکومت کے مستحکم طور پر قائم ہونے کے درمیانی دور میں صوبائی گورنروں اور مہمات پسندوں نے ہمہ قسم کے حدود تجاوز

---

[1] "زمین اسی کی ملک ہے جس نے پہلے اس کو جنگلی اور خودرو درختوں سے صاف کیا ہو اسی طرح جس طرح ہرن کا مالک وہی ہے جو اس کو پہلے مار ڈالے"۔ دیکھو قوانین منوجن کا حوالہ بیڈن پاؤل نے اپنی کتاب موسوم بہ "برطانوی ہند میں مالگزاری اور حیثیت اراضی" صفحہ ۱۳۳ میں دیا ہے)۔

[2] دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۸۰)۔

[3] نیز دیکھو برگس کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان کا محصول اراضی" صفحہ ۱۲۷۔

باب ۱۲

مطالبات پیش کیے۔ اس بدنظمی کے دور کی امتیازی خصوصیت یہ تھی کہ لگان مقررہ حد سے زیادہ مقدار میں بہ جبر وصول کیا جاتا تھا؛ چنانچہ اس طرز عمل نے لوگوں میں یہ میلان پیدا کیا کہ زمین پر اپنے خانگی حقوق کے تسلیم کرانے پر کم سے کم اصرار کریں۔ وہ اس بات کے لیے بے چین تھے کہ اپنے حسب دلخواہ زمین
422 سے دست بردار ہونے کی آزادی حاصل کریں اور اس طرح اپنے لیے مالگذاری کی ادائی سے بچنے کی راہ نکالیں۔ اس طرح حکومت نے بلاشرکت غیرے ملکیت کے دعاوی پیش کیے جن کے خلاف لڑنے کی لوگوں نے پروا نہ کی۔ اس لحاظ سے بیڈن پاؤل کا یہ کہنا غالباً صحیح ہے کہ "مسٹر جیمس گرانٹ، کرنل منرو اور دوسرے کئی اشخاص کو اس واقعے کے متعلق غلط فہمی ہو ہی نہیں سکتی تھی کہ ان کے زمانے میں (یعنی بنگال کے دوامی بندوبست کے زمانے میں) جملہ حکومتیں زمیندار ہونے کی مدعی تھیں۔"[1]

تاہم جیسی کچھ تاریخی شہادت موجود ہے اس پر نظر کرتے ہوئے ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ اگر سیاسی بدانتظامی و بے ترتیبی کے اس دور کو خارج کر دیا جائے جو برطانوی عہد حکومت سے بالکل پیشتر تھا تو زمین کی خانگی ملکیت مستحکم طور پر قائم ہو گئی تھی اور فرمانرواؤں نے اس کو تسلیم

[1] کہا جاتا ہے کہ زمین کے بارے میں بادشاہ کا حق ملکیت سلطان ٹیپو نے قطعی طور پر جتایا۔ دوسری طرف مونٹ اسٹورٹ الفنسٹن مرہٹوں کے تحت میراثی حقیت اراضی کی تحقیق کرتے ہوئے حسب ذیل رقمطراز ہیں:۔ رعایا کا بڑا حصہ اپنی جائدادوں کا مالک ہے اور ایک مقررہ محصول حکومت کو ادا کرنے کا پابند ہے؛ ان کی ملک قابل توریث و قابل فروخت ہے؛ اور جس وقت تک وہ محصول ادا کرتے رہیں اس وقت تک وہ بے دخل نہیں کیے جاتے؛ اور محصول ادا نہ کرنے کی صورت میں اگر بے دخل بھی کر دیے جائیں تو ایک طویل مدت تک (یعنی کم از کم تیس سال تک) ان کو یہ حق حاصل رہتا ہے کہ سرکاری بقایا ادا کر کے اپنی جائداد کو دوبارہ اپنے قبضے میں لے آئیں۔" دیکھو ایک کتاب موسومہ:

Report on the Territories conquered From the Peshwas

باب ۱۲

کر لیا تھا۔ ہم نے یقینی طور پر اس واقعے کو فراموش نہیں کیا ہے کہ ہندوستان میں کوئی دور ایسا نہیں آیا جس میں تمام ہندوستان میں ایک ہی بادشاہ کی حکومت متفقہ طور پر تسلیم کی گئی ہو؛ اور چونکہ سارا ملک کئی چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں منقسم تھا اور ہر ایک کی الگ تاریخ تھی، اس لیے ہم یہ دعویٰ نہیں کر سکتے کہ ہر صورت میں خانگی ملکیت کا رواج قطعی طور سے قائم ہو گیا تھا؛ اور اگر ہم برطانوی حکومت کے حقوق کے بارے میں ان تمام سابقہ حکمرانوں کے ادعا کے مطابق فیصلہ کرنا چاہیں جن کو اس نے بے دخل کر دیا تو ہمیں یہ کہنا پڑے گا کہ برطانوی حکومت نے اپنے ارضی حقوق و مفادات کی حد تک مختلف وراثتوں کے ایک سلسلے پر قبضہ کیا۔ لیکن وسیع نقطۂ نظر سے صورت حال ویسی ہی تھی جیسی کہ ہم نے بیان کی۔

تاہم اس کی کوئی وجہ نہیں کہ سابقہ حکومتوں نے کوئی عمل اختیار کیا ہے تو جانشین حکومتیں اس کی پابندی اپنے اوپر کیوں عائد کر لیں۔ اس نقطۂ نظر سے ہمیں ان حقوق اور دعووں کو جانچنا پڑے گا جو خود برطانوی حکومت نے پیش کیے ہیں۔ لیکن برطانوی دعوے اور حقوق یکساں یا غیر متناقض نہیں رہے ہیں اگرچہ یہ بتایا جا سکتا ہے کہ ان کی پالیسی کا عام رجحان خانگی ملکیت زمین کو تسلیم کرنے کی جانب رہا ہے۔ دیہات اور جاگیروں کی مزروعہ زمین کا ذکر کرتے ہوئے (افتادہ زمین یا وہ خاص زمینیں نہیں جن کی حکومتیں مسلمہ طور پر براہ راست مالک ہوتی ہیں) بیڈن پاؤل کہتے ہیں کہ برطانوی 423
حکومت نے ہر جگہ زمین کے بارے میں خانگی حق عطا یا تسلیم کیا ہے اور اس نے ملک کے بڑے رقبوں میں (مثلاً بنگال، اودھ اور کل شمالی ہند میں) زمینداروں اور دیہی مالکوں کے حق مالکانہ کا واضح طور پر اعلان کر دیا ہے[1]۔ اس لحاظ سے یہ عام دعویٰ پیش کرنا اب ناممکن ہے کہ حکومت، مالگزاری کے طور پر جو کچھ لے رہی ہے وہ حقیقت میں لگان ہے جو زمینداروں سے اس کے اسامیوں کے طور پر وصول ہوتا رہا ہے۔

---

[1] لیکن بعض اوقات اس کے متعلق سرکاری طور پر شک و شبہہ ظاہر کیا گیا ہے۔ اس پر زور دیا جاتا ہے کہ بنگال میں بھی زمینداروں کو کامل مالکانہ حقوق نہیں دیے گئے ہیں؛ یہ کہ دوامی بندوبست ان کے لیے بطور رعایت منظور کیا گیا جو عملہ حکمت عملی تصور کی جاتی تھی، یہ کہ دوامی بندوبست سابقہ ویسی حکومتوں کے اصول یا عمل پر مبنی نہ تھا؛ اور یہ کہ ناقابل تغیر محصول قطع نظر کرتے ہوئے حکومت اب بھی مالک کی حیثیت رکھتی ہے اور زمیندار کی حیثیت مالگزاری وصول کرنے والے ایجنٹ یا حکومت کے تحفظی اسامی کی ہے

باب ۱۲

یہ بات عام طور پر تسلیم کی جاتی ہے کہ بنگال اور دوسرے مقامات کی زمینداری جائدادوں کی حد تک زمین کی خانگی ملکیت میں کوئی شبہہ یا اعتراض نہیں ہے۔ دوسری طرف یہ امر بھی مساوی طور پر یقینی ہے کہ حکومت کو افتادہ زمینوں اور "خاص محل کی جائدادوں" پر کامل حقوق مالکانہ حاصل ہیں، مثلاً بنگال اور بہار میں جہاں وہ براہِ راست سرکاری نگرانی میں ہیں۔ رہی رعیت واری زمین تو اس کی حد تک کسی قدر نمایاں اختلاف رائے ہے۔ ایک طرف تو یہ خیال ظاہر کیا جاتا ہے کہ رعیت یا قابض (جیسا کہ اس کو بمبئی میں موسوم کیا جاتا ہے) کی حیثیت مختلف نہیں ہے اور یہ کہ وہ زمین پر کامل مالک کی طرح قابض و متصرف ہوتا ہے بشرطیکہ وہ مقررہ مالگزاری ادا کرے۔ یہ واقعہ کہ اگر قابض مقررہ محصول ادا نہ کرے تو حکومت اس کی زمین اپنے قبضے میں لے سکتی ہے، یہ ثابت نہیں کرتا کہ قابض، زمین کے بارے میں حق مالکانہ نہیں رکھتا۔ اس لئے کہ یہ کسی طرح خلاف دستور یا غیر معمولی شرط نہیں ہے؛ اور اس کا اطلاق جملہ خانگی ملک پر ہوتا ہے جو حکومت عدم ادائی محصول کی صورت میں قرق کر سکتی ہے۔ انتہائی بات جو ہم کہہ سکتے ہیں یہ ہے کہ حکومت، زمین کے متعلق یہ خیال کرتی ہے کہ وہ اس کے پاس مقررہ مالگزاری، کی ادائی کے لئے آخری چارۂ کار کے طور پر بطور ضمانت مکفول ہے[1] رعیت واری زمینوں اور زمینداری زمینوں میں امتیاز کرنے والی خصوصیات میں سے ایک یہ ہے کہ اول الذکر سے قابض اپنی مرضی سے دست بردار ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ اس نظریے کے لئے بہت ہی کمزور بنیاد معلوم ہوتی ہے کہ رعیت واری علاقوں میں حکومت ہی حقیقی زمیندار ہے۔ یہ خصوصیت، قابض یا "خیلکار" کی اصطلاح کے مثل اس زمانے سے مروج چلی آتی ہے جبکہ کاشتکار جور و ستم اور استحصال بالجبر سے تنگ آکر اس بات کو ناپسند کرتا تھا کہ زمین سے مستقل طور سے وابستہ کر دیا جائے اور مالگزاری کے مطالبے کی ادائی کا غیر مشروط طریقے پر ذمہ دار بنایا جائے۔

[1] دیکھو ہیڈلے بیڈن پاول کی کتاب موسوم بہ "برطانوی ہند میں مالگزاری اور حقیت اراضی" صفحہ ۴۹۔

باب ۱۲

424

اراضی سے دست برداری کا اختیار کسان کے فطری خوف کی بنا پر اس کی اپنی رضامندی سے تھا؛ اور اس کا باعث یہ نہ تھا کہ برطانوی حکومت کسانوں کو حق ملکیت سے محروم کرنے کا ارادہ رکھتی تھی، برطانوی حکومت تو دراصل انھیں یہ حق عطا کرنے کے لئے بے چین تھی۔ ایک اور بات، جو سرکاری ملکیت کے نظریے کی موافقت میں پیش کی جاتی ہے، یہ ہے کہ بعض صوبوں میں زرعی زمین کو حکومت کی اجازت کے بغیر غیر زرعی کاموں میں نہیں لگایا جا سکتا اور اگر اجازت دی گئی تو زمین کا محصول نظر ثانی کا محتاج ہو جاتا ہے۔ لیکن اس کو خانگی ملکیت کے استعمال پر عائد کی ہوئی ان بندشوں میں سے ایک خیال کیا جاتا ہے جو تمام مہذب ممالک میں عام طور پر پائی جاتی ہیں مثلاً صحت عامہ کے اغراض کے لئے عائد کی ہوئی بندشیں۔ اس لحاظ سے ہم اس خیال کی تائید کر سکتے ہیں جو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی نے ظاہر کیا ہے کہ زمیندار اور رعیت دونوں، اس شرط کے تابع حقوق مالکانہ رکھتے ہیں کہ مالگزاری ادا کریں۔ اگرچہ ہو تر الذکر صورت میں قابض زمین کی حیثیت کی صحیح اور عام تعریف کرنا مشکل ہے[1]۔ ہم ایک اور نقطۂ خیال کا بھی ذکر کر سکتے ہیں اور وہ یہ کہ حقیت اراضی کی بابت ہندوستانی تصور، سرکاری ملکیت کے انتہائی تصور اور انگریزی نظریہ طبعی ملکیت اراضی کی ایک درمیانی شکل ہے؛ گویا وہ دونوں میں سے کسی کے مطابق نہیں ہے بلکہ دونوں کے بین بین ہے۔ چنانچہ اس صورت حال کو یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ یا تو وہ محدود سرکاری ملکیت ہے یا محدود خانگی ملکیت۔ زمیندار یا رعیت کا استحقاق تسلیم تو کیا جاتا ہے، لیکن حکومت کے مشترکہ مفاد یا مشترکہ ملکیت زمین کی حد بندی کے تابع ہے، اور شمالی ہند میں تو یہ استحقاق اسامیوں کے نیم مالکانہ حقوق مثلاً مستقل حقیت اراضی کے دعوے کا بھی تابع ہے[2]۔

---

[1] دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۸۳۔

[2] دیکھو سر ٹی، مارسین کی کتاب موسوم بہ "ہندوستانی صوبے کی صنعتی تنظیم" صفحہ ۱۸۔

باب ۱۲

۲۸۔ مالگزاری ٹیکس ہے کہ لگان؟

اگر زمین کی ملکیت خانگی تسلیم کر لی جائے تو اس سے بظاہر یہ منطقی نتیجہ نکلتا ہے کہ مالگزاری ٹیکس ہے نہ کہ لگان۔ سرکاری زمینداری کی تائید یا مخالفت میں جتنے دلائل پیش کئے جاتے ہیں وہ سب اس امر کا فیصلہ کرنے میں کہ مالگزاری ٹیکس ہے یا لگان، وہی مقررہ معقولیت (یا عدم معقولیت) رکھتے ہیں۔ لیکن اس کے علاوہ ہم اور چند امور کا ذکر کر سکتے ہیں جو ٹیکس یا لگان کے مسئلے کے متعلق خاص طور پر پیش کئے جاتے ہیں[1]۔ مثلاً یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ مالگزاری ٹیکس سے مختلف شے ہے اور لگان سے اس بنا پر مشابہ ہے کہ جس طویل مدت کے لئے وہ مقرر کی جاتی ہے اس کے اندر سرکاری ضرورتوں کے لحاظ سے اس میں تبدیلی نہیں کی جا سکتی، نیز مالگزاری ادا کرنے والوں کو مراعات عطا کی گئی ہیں مثلاً معافی محصول کے ساتھ مکان بنانے کی زمین، عام چراگاہوں کا مفت استعمال وغیرہ۔ اس کے مقابلے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ لگان پر نظر ثانی کرنے سے حکومت کو کوئی چیز بجز بصلحت عملی ضرورت اور کفایت کے ملحوظات کے نہیں روک سکتی۔
425 علاوہ ازیں یہ ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ خانگی زمینوں کا زر لگان لازمی طور پر طویل مدت کے لئے مقرر نہیں کیا جاتا۔ بلکہ سچ پوچھو تو یہ بات عام طور سے مشہور ہے کہ اکثر پٹے ہر سال قابل تجدید ہوتے ہیں[2]۔ لگان معاف سکونتی خطوں

---

[1] دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۴۳ تا ۴۵۔

[2] ایک اور جواب یہ کہہ کر دیا جاتا ہے کہ زمیندار کے کئی فرائض ایسے ہیں جو حکومت بجا نہیں لاتی۔ لیکن یہ استدلال اس مقصد کے لئے بے سود معلوم ہوتا ہے جس کے لئے وہ پیش کیا گیا ہے، اس لئے کہ بالکل بجا طور پر یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ حکومت موجودہ زمانے میں بعض ایسے فرائض یقیناً انجام دیتی ہے جو قدیم زمانے میں منصرف زمیندار انجام دیتے تھے، مثلاً امن و امان کا قیام اور کسانوں کے جان و مال کا تحفظ۔ وہ اراضی کی مستقل اصلاح و ترقی میں بھی حصہ لیتی ہے مثلاً آب پاشی کی نہریں، بند رو اور ریلیں تعمیر کرنا وغیرہ۔ علاوہ ازیں ہم سرکاری زمینداری پر محض اس بنیاد پر اعتراض نہیں کر سکتے کہ حکومت ایسے فرائض انجام دینے سے قاصر رہتی ہے جو زمیندار کی

باب ۱۲

مشترکہ چرائی کی زمینوں وغیرہ کی حد تک یہ سب مراعات موجودہ بحث میں ہمیں بہت زیادہ اہم اور قطعی نوعیت کی نہیں معلوم ہوتیں۔ حکومت ایک روشن خیال مملکت کی حیثیت سے اور کاشتکاروں کی خوش حالی کی خواہشمند ہونے کے لحاظ سے اس قسم کی سہولتیں زمیندارانہ حق جتائے بغیر مہیا کر سکتی ہے۔ علاوہ ازیں اس خیال کی تائید میں کہ مالگزاری ٹیکس ہے ایک اور معمولی دلیل یہ ہے کہ اس کی تشخیص و جمعبندی کا طریقہ اس طریقے کے مشابہ ہے جو ٹیکس میں استعمال کیا جاتا ہے۔

یہ ثابت کرنے کے لئے کہ مالگزاری ٹیکس نہیں ہے بعض اوقات یہ کہا جاتا ہے کہ "ابتداءً صورت حال خواہ کچھ ہی رہی ہو، حکومت کا مطالبہ اکثر صورتوں میں اس وجہ سے پوری طرح بے باق اور منتقل ہو چکا ہے کہ اراضی دوسروں کے ہاتھ قیمت پر فروخت اور منتقل ہو چکی ہیں اور اراضی کے موجودہ قابضوں پر حکومت کے مطالبے کی حیثیت ٹیکس کی نہیں رہی"۔ لیکن ہم یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ اس استدلال کا مالگزاری کی نوعیت سے کیا تعلق ہے۔ اس سے تو محض یہ ثابت ہوتا ہے کہ مالگزاری بے باق اور اس کو وصول کرنے کا حق منتقل ہو چکا، لیکن اس سوال کا کوئی جواب نہیں دیا گیا ہے کہ آیا مالگزاری لگان ہے یا ٹیکس؟ اس امر سے سب واقف ہیں کہ اشیائے اصل پر جو دوسرے تفریقی محصول عائد کئے جاتے ہیں وہ بے باق اور کامل ادائیگی کی مثال پیش کرتے ہیں۔ چنانچہ اس صورت میں ہم صرف یہی کہتے ہیں کہ ٹیکس دائمی طور پر ادا ہو چکا ہے جس کو فروشندے نے اشیا کی قیمت میں کمی کر کے ادا کر دیا ہے اور یہ کمی محصول (ٹیکس) کی سرمایہ مالیت کے مساوی ہوتی ہے؛ ہم یہ نہیں کہتے کہ عائدہ اس لحاظ سے ٹیکس نہیں ہے بلکہ کچھ اور ہے۔ علاوہ ازیں کامل بے باقی اور ادائیگی اس وجہ سے نہیں ہو سکتی کہ

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ حیثیت سے وابستہ ہوتے ہیں؛ اس لئے کہ ایسے کئی خانگی زمیندار ہیں جو محض لگان وصول کرتے اور اس سے متمتع ہوتے ہیں، اور متعلقہ زمیندارانہ فرائض انجام ہی نہیں دیتے۔

باب ۱۲

مشخصہ مالگزاری میں آیندہ جو اضافے ہونے والے ہیں ان سب کا پہلے سے اندازہ کرنا ناممکن ہے۔

آخر میں ہم ایک اور استدلال کا ذکر کر سکتے ہیں جو زمین کی خانگی ملکیت کی تائید میں پیش کیا گیا ہے۔ ۱۸۵۹ء کے انکم ٹیکس ایکٹ کی رو سے زرعی آمدنیاں مستثنیٰ قرار دی گئیں، چنانچہ کہا جاتا ہے کہ یہ چیز اس امر کا قطعی اقبال کرنے کے برابر ہے کہ اراضی کی آمدنیوں پر محصول ادا کیا جاتا ہے۔ اگر مالگزاری لگان ہوتی یعنی حکومت کو زمیندار ہونے کے اعتبار سے اور اس کا حق ملکیت تسلیم کرتے ہوئے محصول ادا کیا جاتا تو اس کے علاوہ ایک اور محصول عائد کرنا حق بجانب ہوتا۔[1] 426

مذکورۂ بالا بحث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کل مسئلہ انتہائی طور پر پیچیدہ ہے اور کوئی ایک قطعی جواب نہیں دیا جا سکتا، اگرچہ خانگی ملکیت کی دلیل سرکاری زمینداری کی دلیل سے بدرجہا زیادہ قوی ہے۔ ہمیں بیڈن پاول کے اس فیصلے سے اتفاق ہے کہ یہ بحث "بے سود لفظی نزاع" ہے۔ یہ بحث بے سود اس لئے ہے کہ لامتناہی ہے۔ ان مخالف نظریوں میں سے ہر ایک کی موافقت و مخالفت میں دلائل موجود ہیں، بعض لوگ ایک قسم کے دلائل سے متاثر ہوتے ہیں اور بعضے اس کے برعکس دلائل سے۔ لیکن اس کی وجہ لازمی طور پر یہ نہیں ہے کہ کسی ایک دلیل کی دیدہ و دانستہ طرف داری کی جاتی ہے۔ یہ بحث اس وجہ سے

[1] لیکن یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ یہ استدلال خانگی ملکیت کی موافقت میں قطعی نہیں ہے، اس لئے کہ یہ استدلال کرنا قطعاً ناممکن ہے کہ زرعی آمدنیاں محصول سے اس وجہ سے مستثنیٰ رکھی گئی ہیں کہ ان کاشتکاروں کی تعداد نسبتہً قلیل ہے جن کی آمدنیاں سرکاری مالگزاری ادا کرنے کے بعد محصول آمدنی کی اقل ترین معافی کی حد سے اوپر ہیں، اور یہ کہ ان پر محصول عائد کرنے کی کوشش کرنا مضر اور بے فائدہ ہے، یا دوسرے یہ کہ حکومت یہ توجیہ کر سکتی ہے کہ اراضی کی آمدنیوں پر محصول نہ لگانا محض ایک فروگذاشت ہے جس کی اصلاح وہ ہر وقت کر سکتی ہے، اور سب سے آخر میں یہ بتایا جا سکتا ہے کہ انگلستان میں محصول اراضی کے علاوہ زرعی منافع پر انکم ٹیکس ادا کیا جاتا ہے لیکن اس کی بنا پر وہاں زمین کی خانگی ملکیت معرض بحث میں نہیں ہے۔

باب ۱۲

بھی بے سود ہے کہ موجودہ زمانے میں حقیقی پالیسی کا کوئی اہم زیر بحث مسئلہ اس بات پر منحصر نہیں معلوم ہوتا کہ اس کو کس طرح حل کیا جاتا ہے؛ اور واقعہ تو یہ ہے کہ فنی قانونی صورتِ حال کے مقابلے میں معاملے کے عملی پہلو ہی زیادہ اہم ہوتے ہیں۔ اگر مالگزاری اس طرح محدود نہ کی جائے کہ اس کی بنا پر مالک کو معمولی قوت لایموت سے زیادہ مل سکے تو، رعیت کے حق مالکانہ کا اس کے کھیت پر کامل اور غیر مشروط طریقے پر تسلیم کر لیا جانا اس کے حق میں قطعاً مفید نہ ہوگا، ٹھیک اسی طرح جس طرح اگر زمین کی فروخت، رہن وغیرہ کے بارے میں اس کے جملہ موجودہ حقوق بحال خود رکھے جائیں اور مشخصہ مالگزاری معتدل ہو تو رعیت پر اس امر کا کوئی اثر نہیں پڑتا کہ حکومت خود کو پورا زمیندار تصور کرے۔ اب ہم چند مثالوں کے ذریعے سے اس صورتِ حال کی تشریح کریں گے کہ کل بحث، عملی حیثیت سے کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ مثلاً مالگزاری کے معاملے میں جماعت عاملہ پر جماعت قانون ساز کی نگرانی کا مسئلہ اس مسئلے سے قطعاً کوئی تعلق نہیں رکھتا کہ آیا حکومت زمین کی مالک ہے یا نہیں؛ اگر حکومت ہی زمیندار ہو تو حکومت محض جماعت عاملہ کو تعبیر نہیں کرتی۔ حکومت کے ایک جزو یعنی جماعت قانون ساز کو اس کے دوسرے جزو یعنی جماعت عاملہ کے مصالح و صوابدید میں کس حد تک مداخلت کرنا چاہئے، کلیتہً انتظامی سہولت، خوبی کار اور سیاسی معیارات کا معاملہ ہے؛ اور یہ بخوبی استدلال کیا جا سکتا ہے کہ چونکہ مالگزاری کا طریق اس ملک کے لاکھوں نفوس کی خوش حالی سے تعلق رکھتا ہے، اس لئے اس پر جماعتِ قانون ساز کی زیادہ سخت نگرانی
426 مناسب ہے۔ یہ صحیح ہے کہ کاملاً ذمہ دار حکومت میں جملہ محصولوں کی منظوری لازماً جماعت قانون ساز دیتی ہے، لیکن اس کے معنی یہ نہیں ہیں کہ خالص محصولوں کے علاوہ دوسرے مطالبات کی منظوری اسی طریقے پر نہیں دی جا سکتی۔ انتہائی طور پر ہم یہ مان سکتے ہیں کہ جماعت قانون ساز کی نگرانی کا معاملہ، بغیر قطعی لزوم کے، اس مفروضے کی بنا پر کسی قدر تقویت حاصل کر لیتا ہے کہ مالگزاری ٹیکس ہے، نہ کہ لگان۔

باب ۱۲

علاوہ ازیں بعض اوقات یہ کہا جاتا ہے کہ اگر ہم سرکاری زمینداری کو تسلیم کرلیں تو ہمیں یہ بھی ماننا پڑے گا کہ حکومت کو پورا معاشی لگان وصول کر لینے کا حق حاصل ہے لیکن یہ ایک ایسا نتیجہ ہے جس سے ہم کلیتہً بچ نہیں سکتے، خواہ ہم یہ ثابت ہی کیوں نہ کر دیں کہ سرکار زمیندار نہیں ہے؛ اس لئے کہ یہ محصول کا عام طور پر مسلمہ کلیہ ہے کہ نظری طور پر کل معاشی لگان، محصول ادا کرنے والے کو کسی طرح نقصان پہونچائے بغیر، محصول میں محسوب کیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ اس کا قطعی یقین ہو کہ معاشی لگان (آمدنی کا حقیقی غیر اکتسابی اضافہ) کو الگ کر دیا گیا ہے اور اس میں دوسرے عناصر مثلاً اجرت، نافع اور سود شامل کئے گئے ہیں۔ مالگزاری کی تشخیص کے بارے میں ہم خواہ لگان کے قواعد کا اطلاق کرنے کے مدعی ہوں یا ٹیکس کے قواعد کا، اس کے عملی نتائج ایک دوسرے سے بہت مختلف نہ ہوں گے۔ یہ بات اس واقعے سے ثابت ہوتی ہے کہ حکومت نے، اس خیال کو قطعی طور سے تسلیم کئے بغیر کہ مالگزاری محصول ہے

لہ۔ بردولی کی تحقیقات کی رپورٹ سے وی جی کالے صاحب جو سبق حاصل کرتے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس مسئلے کی بحث کو عملی اہمیت حاصل ہے کہ آیا حکومت زمیندار ہے یا فرد واحد (دیکھو ایک مضمون موسوم بہ بردولی کا ایک سبق" ایک رسالہ "انڈین جورنل آف اکنامکس" جلد جولائی ۱۹۲۹ء میں)۔ بردولی کا ہنگامہ اس بات کا نتیجہ تھا کہ یف جی پیج انڈرسن سابق کمشنر بندوبست بمبئی کے نظریہ "لگان کی آمدنی اور مالگزاری کا اشاریہ" کا اطلاق عملی طور پر کرنے کی سعی کو مشش کی گئی تھی اور انڈرسن، ریکارڈو کے نظریۂ لگان کا حرف بہ حرف قائل اور معتقد تھا۔ یہاں تک ان لینے میں کوئی مضایقہ نہیں، لیکن ہمیں ابھی یہ معلوم کرنا ہے کہ ریکارڈو کا نظریۂ لگان اپنی خالص شکل میں بھی سرکاری ملکیت زمین کے بارے میں کسی مفروضے پر مبنی ہے۔ انڈرسن خود یہ کہتا ہے کہ "مالگزاری" حکومت کو واجب الادا ہوتی ہے بلالحاظ اس کے کہ زمین کس کی "ملکیت" ہے" دیکھو ایک کتاب موسوم بہ (Facts and Fallacies of the Bombay Land Revenue System) صفحہ ۱۴۲۔

باب ۱۲

اور لگان نہیں ہے، محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کو یہ ہدایت کرنے میں کوئی نقصان نہیں دیکھا کہ وہ مالگزاری کے بار کی تحقیق کرے اور تحصیل (محصول) کے قواعد کے نقطۂ نظر سے یہ بتلائے کہ اس طریق میں کیا نقص ہے بلکہ اگر ضرورت ہو تو طریق کی کامل تبدیلی کا مشورہ دے۔ استبدادی طریق پر زیادہ مالگزاری مخصص کرنے یا اس کی وصولیابی میں سخت گیری کرنے کی حد تک کوئی مہذب حکومت اس قسم کے ظلم و جور کو اس بنیاد پر حق بجانب قرار دینے کا خیال نہیں کر سکتی کہ وہ زمیندار ہے اور اس لحاظ سے اس امر کا قانونی طور پر استحقاق رکھتی ہے کہ زمین کے استعمال کے لئے اپنے حسب دلخواہ مطالبہ عائد کرے۔ حکومت محض قانونی حقوق پر اپنی حیثیت کو برقرار نہیں رکھ سکتی؛ اس کو اخلاقی معیاروں کی بنا پر جانچے جانے کے لئے تیار رہنا چاہیئے، اور اس ملک کی حکومت نے محض سرکاری زمینداری کے نظریے کی آڑ میں پناہ لے کر حد سے زیادہ مالگزاری کے متعلق شکایتوں کو رفع کرنے 428
کی کوشش شاذ ہی کی ہے۔ اس نے کامیابی کے ساتھ ہو یا ناکامی کے ساتھ عام طور پر یہ استدلال کرنے کی کوشش کی کہ مالگزاری دراصل اتنی بھاری نہیں ہے جتنی کہ اس کے نقاد اس کو بیان کرتے ہیں۔ اگر یہ بھی فرض کر لیا جائے کہ سرکار زمیندار ہے تو ہمیں یہ توقع رکھنی چاہیئے کہ وہ کم از کم روشن خیال زمیندار کی طرح پیش آئے گی اور اس لحاظ سے آخر کار اپنے ذاتی مفاد کے لئے اس کو مالگزاری اس طریقے سے منظم کرنی چاہیئے کہ منافع میں خلل نہ واقع ہو اور اس کے کام کرنے کا ولولہ سرد نہ پڑے یا اس کی کارکردگی میں کمی نہ ہو۔ چنانچہ نیک دل اور روشن خیال زمیندار غیر نفع بخش کھیتوں سے لگان وصول نہ کرے گا بلکہ کھیتوں کے انصرام و اشتمال کی کوشش کرے گا اور صرف اس صورت میں لگان عائد کرے گا جبکہ کھیتوں کا رقبہ اتنا ہو جس سے مصارف پورے ہونے کے بعد کچھ حصہ بچ رہے گا۔ پس غیر نفع بخش کھیتوں کو مستثنیٰ کرنے کے بارے میں سرکاری زمینداری کے مفروضے کی بنیاد پر اتنے ہی مکمل طور سے اور خوبی کے ساتھ استدلال کیا جا سکتا ہے جتنا کہ اس کی برعکس بنیاد پر۔ معتدل محصول عائد کرنے کا اصول اس لحاظ سے مزید تائید کا مستحق ہے کہ حکومت کے اغراض رعایا کے

باب ۱۲

اغراض سے مختلف نہیں ہوتے۔ حکومت اپنا مقصد بہترین طریق پر اس طرح پورا کر سکتی ہے کہ رعایا کی خدمت کرے اس لئے کہ حکومت یا ریاست، رعایا کو تعمیر کرتی ہے[1]

اس مباحثے کے سلسلے میں یہ بتا دینا نہایت مناسب ہوگا کہ اس کے مختلف پہلوؤں کی تائید کرنے والے اشخاص کے درمیان بعض اساسی معاملات کے بارے میں اتحاد و اتفاق ہے۔ مثلاً اگرچہ حکومت سرکاری زمینداری کے نظریے سے بعض اوقات کھیلتی رہی ہے، اس کی حقیقی پالیسی یہ رہی ہے کہ انفرادی ملکیت کا قوی احساس پیدا کیا جائے اور اس کو فروغ دیا جائے اور وہ اس خیال کی دل سے تائید کرتی رہی ہے کہ انفرادی ملکیت میں خلل اندازی کی کوشش کرنا خطرے سے خالی نہیں ہے۔ حتیٰ کہ بالشوک بھی زمین کی خانگی ملکیت میں مداخلت کئے بغیر اس کی حالت پر چھوڑ دینے پر اس خوف کی بنا پر مجبور ہوئے کہ کہیں بغاوت کی آگ نہ بھڑک اٹھے۔ بالشوک ہر شے کا مقابلہ کر سکتے اور اس کو ٹھکرا سکتے تھے، لیکن "غریبوں کی خانگی ملکیت کے دیرینہ آئین و رواج کو چیلنج نہیں دے سکتے تھے"[2] ہندوستان کے اوسط درجے کے بھولے بھالے سیدھے سادے کسان کو اس بارے میں کسی قسم کا شبہہ نہیں ہے کہ جس وقت تک اس کو اپنی جائداد منقولہ کے فروخت کرنے، پٹے پر دینے، گروی رکھنے اور وراثتہً منتقل کرنے کی آزادی حاصل ہے (اور یہ وہ حقوق ہیں جس میں مداخلت کرنے کے لئے سرکاری زمینداری کے انتہائی سے انتہائی حامی بھی تیار نہیں ہیں) اس وقت تک سرکاری زمینداری اگر اس نے کبھی ایسی شے کا نام سنا ہو تو

[1] ایک غیر ملکی استبدادی حکومت کی موجودگی نے، جو حال حال تک کسی بڑی حد تک عوام کی نگرانی کے تابع نہ تھی، حکومت اور رعایا کے مابین اس قسم کا جھوٹا تضاد قائم کرنے میں مدد دی۔ اگر دستور کو بتدریج جمہور پذیر کر دیا جائے تو یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ اس خیال کی شدت میں کمی ہو جائے گی کہ حکومت اور رعایا کے باہمی اغراض میں تصادم ناگزیر ہے۔

[2] دیکھو اردن کی کتاب موسوم بہ "دیہی یورپ کی ترکیب" میں جی کے چسٹرٹن کا "مقدمہ" صفحہ تا صفحہ ۹۔

باب ۱۲ 429

محض بلائے نام ہوتی ہے، لیکن وہ حکومت کی جانب سے اپنے موجودہ حقوق میں کسی سنجیدہ مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا۔[1] یہ بات بھی عام طور پر تسلیم کی جاتی ہے کہ محصول کے بار کا لحاظ کرتے ہوئے مالگزاری کو ٹیکس تصور کرنا چاہئے؛ چنانچہ محصول کی تحقیقاتی کمیٹی اس خیال کی تائید اس بنیاد پر کرتی ہے (اگرچہ وہ انوکھی ہے) کہ مالگزاری قومی مقسوم سے نہایا کیا ہوا حصہ ہے۔[2]

علاوہ ازیں مالگزاری کی پالیسی کے کل اہم مسائل جیسے کہ مالگزاری کی انتہائی مقدار اور بندوبست کی مدت وغیرہ پر اس مباحثے کے سنجیدہ حوالے کے بغیر کہ آیا مالگزاری ٹیکس ہے یا لگان، بحث کی جا سکتی اور کی جاتی ہے۔ ان حالات میں ہمارا یہ خیال ہے کہ اگر حکومت صریح اور قطعی الفاظ میں یہ اعلان کر دے کہ وہ زمین کے بارے میں خانگی ملکیت کو تمام و کمال تسلیم کرتی ہے اور زمیندار کلی ہونے کے دعاوی سے دست بردار ہوتی ہے تو سنا اسی حیثیت سے اس کا یہ فعل دانشمندانہ ہوگا۔ ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ اس کی وجہ سے جہاں تک بے سود اور کمی پیدا کرنے والی بحث بڑی حد تک رک جائے گی اور لوگوں کے دلوں میں از سر نو اطمینان و یقین پیدا ہو جائے گا وہیں خانگی ملکیت کو تسلیم کر لینے سے مالی یا کسی دوسرے نقطۂ نظر سے بھی کوئی دقت یا دشواری نہ ہوگی۔

۲۹۔ دوامی بمقابلہ عارضی بندوبست

گزشتہ صدی کے اواخر میں ملک کے طول و عرض میں شدید قحطوں کے رونما ہونے کی وجہ سے ہندوستان میں لوگوں کی بہت بڑی تعداد مصائب و تکالیف کا شکار ہوئی۔ ان واقعات نے حکومت کی مالگزاری کی

---

[1] کہا جاتا ہے کہ یہ عام مگر جامع کہاوت کہ "بھوگرا دھنی راج ہوئے" بمعنی (یعنی راج ہو) میواڑ میں زبان زد خاص و عام ہے؛ اس کہاوت کے معنی یہ ہیں۔ "محصول بادشاہ کا، زمین رعایا کی"۔ دیکھو برگس کی کتاب مولہ بالا صفحہ ۹۹۰ یہ طرز عمل میواڑ کے کاشتکار سے مخصوص نہیں ہے بلکہ ہندوستان کے تمام علاقوں کی رعایا میں عام طور پر پایا جاتا ہے۔

[2] دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۴۸۔

باب ۱۲ پالسی کی طرف توجہ منعطف کرائی۔ چنانچہ آر سی دت نے عام حیثیت سے اور ہر صوبے کے حالات کے لحاظ سے فرداً فرداً اس پالسی پر بحث پیش کی اور انڈین سروس کے وظیفہ یاب اور یورپین ارکان کی مشارکت سے وزیر ہند کے پاس اس معاملے کے بارے میں ایک محضر پیش کیا۔ اس سے کچھ مدت پیشتر (سنہ ۱۹۰۱ء میں) آر سی دت نے لارڈ کرزن وائسرائے وقت کے نام "کھلی چٹھیاں" بھی بھیجی تھیں چنانچہ لارڈ کرزن کی حکومت نے سنہ ۱۹۰۲ء میں ایک اہم رزولوشن شایع کیا جس میں اعتراضات کا جواب دیا گیا تھا اور مختلف صوبہ داری حکومتوں کی پیش کردہ رپورٹوں پر غور کرنے کے بعد حکومت کی عام پالسی کا خاکہ کھینچا گیا تھا۔

دت نے جن امور پر زور دیا ان میں سے ایک یہ تھا کہ اگر دوامی بندوبست چالیس سال قبل یعنی اس زمانے میں جبکہ اس کی توسیع کے بارے میں لارڈ کیننگ نے سنہ ۱۸۶۱ء میں تجویز پیش کی تھی رائج کیا جاتا تو ہندوستان انیسویں صدی کے اختتام کے خوفناک اور تباہ کن قحطوں سے محفوظ رہتا۔ دت نے بنگال کی رعایا کی خوشحالی فصلی خرابی کے زمانے میں ان کی زیادہ قوت مقاومت و کثرت ذرایع 430
زرعی کاروبار کو فروغ دینے میں ان کی مہم پسندی اور ان کا خانگی اصل کو مشغول اور فراہم کرنا اور اس کو مفید صنعتوں رفاہ عام کے اداروں اور کاموں میں لگانا وغیرہ امور کو دوامی بندوبست ہی سے منسوب کیا ہے۔ اگرچہ دوامی بندوبست کے حامیوں کی تعداد عہدہ داروں غیر عہدہ داروں میں اب اتنی زیادہ نہیں ہے جتنی کہ پہلے کبھی تھی تاہم اس مسئلے کی بحث ابھی ختم نہیں ہوئی ہے۔ چنانچہ کئی گواہوں نے بمبئی کی تشخیص مالگزاری کی کمیٹی (سنہ ۱۹۲۴ء تا سنہ ۱۹۲۵ء) کے روبرو شہادت دیتے ہوئے دوامی بندوبست کی تائید میں خیال ظاہر کیا۔ اس لحاظ سے یہ نامناسب یا بے محل نہ ہوگا کہ ہم بنگال میں اس کے عملدرآمد کے خاص حوالے سے اس کے موافق و مخالف دلائل کا خلاصہ پیش کریں۔

اس کے حامیوں کا یہ استدلال ہے کہ اس کو بنگال میں شاندار کامیابی ہوئی ہے۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ (۱) مالی اعتبار سے یہ طریق حکومت کو ایک مستقل و مقررہ آمدنی دلوانے کا ضامن ہے اور بیعداری تشخیص اور جمعبندی کے سلسلے میں

باب ۱۲

غیر ضروری بھاری مصارف عائد نہیں کرتا۔ (۲) سیاسی اعتبار سے اس نے زمینداروں کی وفاداری حاصل کر لی ہے۔ (۳) معاشری حیثیت سے اس نے زمینداروں کو اس قابل بنا دیا ہے کہ رعایا کے فطری رہنماؤں کے طور پر کام کریں اور تعلیم کی اشاعت میں مدد دیکر اور حفظ صحت اور رفاہِ عام کے دوسرے کاموں کی بابت مفید مشورے دے کر اپنے خدمت خلق کے جذبے کا عملی طریق پر مظاہرہ کریں۔ (۴) معاشی حیثیت سے اس نے زرعی مستعدی اور خوش حالی اور با وسیلہ کاشتکاروں کا طبقہ پیدا کر دیا ہے، جس نے خشک سالی اور قحط کے زمانے میں مقاومت کی عجیب و غریب قوت ظاہر کی ہے۔ (۵) آخر میں یہ کہ دوامی بندوبست ان خرابیوں سے محفوظ رکھتا ہے جو عارضی بندوبست سے منسوب کی جاتی ہیں؛ مثلاً نظر ثانی کے زمانے میں کسان کو ایذا رسانی، تجدید بندوبست کے لئے بیش خرچ انتظامات کی ضرورت، بندوبست کی مدت کے ختم پر زمین میں انحطاط کا میلان، جو مالگزاری کے اضافے سے خود کو بچانے کی نیت سے کسان کی دیدہ و دانستہ غفلت کی بنا پر رونما ہوتا ہے، صنعت و حرفت اور اراضی کی اصلاح و ترقی میں مزاحمت، اور مستبدانہ اقتدار کا ارتکاز عہدہ داران مالگزاری کے ہاتھوں میں، جو ابھی تک قانونی و عدالتی نگرانی کے تابع نہیں ہیں۔

(۱) سب سے بدیہی اور اسی کے ساتھ اہم ترین دلیل دوامی بندوبست کے خلاف یہ ہے کہ حکومت کو زمین کی آمدنی کے مستقبل و متوقعہ اضافے سے بالکل ہاتھ دھو بیٹھنا اور نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے۔ گویا ایک مستقل اور مقررہ آمدنی کا فائدہ بہت زیادہ نقصان اٹھا کر حاصل کیا جاتا ہے۔ اس استدلال کی قوت کو تمام و کمال سمجھنے کے لئے صرف یہ کہہ دینے کی ضرورت ہے کہ بنگال میں دوامی بندوبست کے نفاذ کے زمانے میں جہاں لگان کی مجموعی خام مقدار تقریباً ۴½ کروڑ روپیہ سالانہ تھی، وہاں ۱۹۱۸ء میں اس کا تخمینہ ۱۶½ کروڑ روپیہ تھا[1] لیکن اس کے باوجود حکومت کو روپے کے حوالے سے 431

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ "حکومت ہند کی مالگزاری کی پالیسی" صفحہ ۴۶۔

باب ۱۲

مقررہ مقداریں جو مالگزاری وصول ہو رہی ہے وہ ۱۷۹۳ء کے مقابلے میں بلا شبہ بدرجہا کم قوت خرید کی نمایندگی کرتی ہے۔ موجودہ زمانے میں حکومت بنگال کے لئے یہ ایک بہت بڑا سنگ راہ ہے اور کئی سمتوں میں جہاں حکومت کی جدوجہد کی ضرورت ہے رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ یہ توقع کہ دوامی بندوبست کے نتیجے کے طور پر سرکاری آمدنی کے دوسرے ذرایع میں اضافہ ہوگا متوقعہ حد تک پوری نہیں ہوئی ہے۔ اس طرح قوم اپنے اس جائز حق سے فائدہ اٹھانے سے محروم کر دی گئی ہے کہ زمینداروں کی روز افزوں خوشحالی میں شریک ہو اور یہ زیادہ تر زمینداروں کی ذاتی مساعی کا براہ راست نتیجہ نہیں ہے بلکہ ایسے معاشری عاملین کے باعث ہے جو ان کی دسترس سے باہر ہیں مثلاً: اضافہ آبادی، ذرایع آمدورفت کی اصلاح و توسیع، قیمتوں کا اضافہ وغیرہ[1]

(۲) یہ سیاسی دلیل کہ دوامی بندوبست نے زمینداروں کی وفاداری کو مستحکم کر دیا ہے، اگر سابق میں کچھ قدر و قیمت رکھتی بھی تھی تو اس سے اب قطعاً محروم ہو چکی ہے۔ علاوہ ازیں یہ ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ زمیندار جماعت کی حیثیت سے ان صوبوں میں بھی جہاں دوامی بندوبست منظور نہیں کیا گیا، اسی طرح وفادار رہے ہیں جس طرح کہ بنگال میں۔

(۳) رہی یہ توقع، کہ متمول، نیک نفس اور فیض رساں زمینداروں کی ایک طاقتور جماعت قائم ہو جائے گی جو رعایا کے حق میں فطری رہنماؤں کا کام کرے گی اور ان کے سدھار کی کوشش کرے گی، تو یہ بات عام طور پر مان لی گئی ہے کہ یہ توقع پوری نہیں ہوئی ہے۔ اس کے برعکس، "گو بنگال میں (اور ہندوستان کے دوسرے علاقوں کا بھی یہی حال ہے) کئی لایق، کشادہ دل اور روشن خیال زمیندار موجود ہیں، پھر بھی پرباس زمینداری، غیر ہمدرد ایجنٹوں کے ذریعے سے جائداد کا انتظام، یا زمیندار اور اسامی کے ناخوشگوار باہمی تعلقات اور زمیندار اور کسان کے مابین حقیقت داروں اور درمیانی اشخاص کی بڑی تعداد کی

---

[1] بنگال کے دوامی بندوبست کے بعض نتایج کی بحث کے لئے دیکھو سائمن کمیشن کی رپورٹ فقرہ ۳۸۱ تا ۳۸۲۔

باب ۱۲ مختلف شکلوں اور حیثیتوں میں موجودگی کی خرابیاں کم از کم اتنی ہی نمایاں اور ترقی پذیر ہیں جتنی کہ دوسرے مقامات میں۔"

(۴) رہا یہ سوال کہ بنگال کی خوش حالی کا دارومدار دوامی بندوبست پر ہے تو اس کے متعلق یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ اس خوش حالی کا باعث بالکل دوسرے ہی امور ہیں؛ مثلاً یہ کہ اسامی خاص قوانین لگان کی پناہ سے فائدہ اٹھاتے ہیں، بنگال آب ہوا کی بے ثباتی اور نیرنگی سے ایک حد تک محفوظ ہے، یہاں وسائل نقل و حمل اور ذرائع آمدورفت نہایت عمدہ ہیں، اس کو سن کی پیداوار کا قدرتی اجارہ حاصل ہے اور تجارت اور مہم پسندانہ کاروبار کا مرکز و معبر کلکتہ ہے۔ لیکن آر سی دت نے نہایت شدومد کے ساتھ اس خیال کی مخالفت کی؛ چنانچہ انھوں نے یہ تسلیم کرنے کے باوجود کہ قوانین لگان، دوامی بندوبست کے انجام دادہ عمدہ کام کی تکمیل و توثیق کرنے کے لئے ضروری ہیں، حکومت کے اس خیال کے خلاف احتجاج کیا کہ قوانین لگان کی منظوری سے قبل دوامی بندوبست نے کوئی عمدہ کام ہی نہیں کیا اور اس کی تردید کے لئے لارڈ ویلزلی، لارڈ منٹو، لارڈ ہیسٹنگز وغیرہ جیسے ممتاز مدبرانِ سیاست کی سند پیش کی۔

(۵) آخر میں، اس دعوے کی حد تک کہ بندوبست کی نظرثانی کے باعث دیہات کا معاشی نظام درہم برہم ہو جاتا ہے اور کسان کو بہت کچھ ایذا اور 432 تکلیف پہنچتی ہے، یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ دیرینہ محصلہ تجربے کی بدولت نظرثانی کا کام بمقابلہ سابق اب بدرجہا زیادہ سہولت و سرعت کے ساتھ انجام پاتا ہے۔ کتابچۂ اراضی کے طریقے، سرحدوں کے تحفظ، اور زمینوں کی کم و بیش مستقل تبویب و تقسیم کے باعث ہر نئے بندوبست کے زمانے میں کام کی کثرت اور تازہ تحقیقات بڑی حد تک کم ہو گئی ہے؛ علاوہ ازیں نیا بندوبست طویل وقفوں یعنی ۲۰ تا ۳۰ سال کی مدت کے بعد انجام دیا جاتا ہے اس لحاظ سے دیہی معاشی نظام میں ممکنہ حد تک کم ترین خلل واقع ہوتا ہے اور حکومت کے مصارف میں بھی حال حال میں بڑی حد تک کمی و کفایت ہو گئی ہے۔

باب ۱۲

اس امر کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ تحتانی اہلکاروں سے کام نہ لیا جائے اور مطلوبہ تحقیقات کے بیشتر حصے کو ذمہ دار اور ذی حیثیت حکام کے سپرد کیا جائے جو کسان سے ہمدردی و خلوص کے ساتھ پیش آئیں۔ علاوہ ازیں اراضی کی خانگی اصلاح و ترقی کو محصول کی زیادتی سے یا تو مستقلاً یا کافی طویل مدت کے لئے محفوظ رکھا جاتا ہے تاکہ زمین کو ترقی دینے کے لئے لگان کے اضافے کا خوف کسان کی راہ میں مانع و حائل نہ ہو۔ یہ بھی دعویٰ کیا جاتا ہے کہ جمعبندی میں سختی کا استعمال دوامی بندوبست کے طریقوں کا کم و بیش منطقی نتیجہ ہے، لیکن عارضی بندوبست کے طریق میں مالگزاری کی معافی اور التوا کے متعلق قواعد کا اطلاق زیادہ سے زیادہ کشادہ دلی سے کرکے اس سختی سے بچنے کی کوشش کی گئی ہے۔ چنانچہ موجودہ زمانے کے عارضی بندوبست کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس میں ایک طرف مستقل بندوبست کی اکثر مستحسن خصوصیات موجود ہیں تو دوسری طرف اس کی خرابیاں مفقود ہیں، اور حکومت اور کسان کے درمیان ان کے جائز مطالبات حقوق اور سہولتوں کے متعلق خوشگوار طریقے پر تصفیہ کرانے کی کوشش کی گئی ہے۔

آج کل دوامی بندوبست کے متعلق حکومت کا خیال یہ ہے کہ اس کی توسیع ان رقبوں میں جن کا عارضی بندوبست کیا گیا ہے نامناسب ہے جیسا کہ لارڈ ڈارون نے چند سال پیشتر کہا تھا، لارڈ کارنوالس کے زمانے سے تجارت اور دنیا کے بازاروں میں ہندوستان کی جو حیثیت رہی ہے اور اس کے مالی و معاشری مسائل نے جو روز افزوں پیچیدہ صورت اختیار کی ہے اس کی بنا پر کئی نئے عامل رونما ہو گئے ہیں جو سرکاری مصارف اور آمدنی میں لوچ اور لچکداری کو ضروری بنا دیتے ہیں۔ حکومت سے ہمیشہ نئے نئے کام انجام دینے اور پرانے کام کی اصلاح کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ لیکن اس کے لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ زیادہ سے زیادہ رقم قبضے میں رہے، اور اس لحاظ سے حکومت کے لئے یہ ناممکن ہوگا کہ وہ زمین کی آمدنی کے اضافے سے اپنا جائز حصہ وصول کرنے سے مختر زیادہ دست کش رہے۔ جس وقت ہم یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ عارضی

باب ۱۳

بندوبست کے موجودہ طریق کسی حال مکمل نہیں ہیں، تو ہم نہ صرف اس خیال کی تائید کرتے ہیں، بلکہ ڈاکٹر آر، پی پرنجپئی کے ہم خیال ہو کر حکومت سے اس بات کا مطالبہ بھی کریں گے کہ وہ بنگال اور دوسرے مقامات میں دوامی بندوبست کے طریق کی نظر ثانی کی کوشش کرے محصول کے بار کو مناسب طریقے پر تقسیم کرے اور مالگزاری میں لچکداری پیدا کرے[1] اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ اس اصلاح 4.33
سے ایک مقدس پیمان اور معاہدہ ٹوٹ جائے گا تو اس کا جواب یہ دیا جا سکتا ہے کہ سوا صدی کے گزر جانے کے بعد ابتدائی معاہدہ اپنا اثر کھو چکا ہے اور منصفانہ نہیں رہا ہے، نیز یہ کہ اس کو روا نہ رکھنا چاہیئے کہ حقوق قائمہ کو عوام کے فلاح و بہبود پر غیر معین مدت تک تسلط حاصل رہے۔" جو کچھ قول و قرار کیا گیا وہ گزشتہ زمانے کی ضرورت کے لحاظ سے کیا گیا اور زمانہ حال کی ضرورت کے لحاظ سے اس قول و قرار کے خلاف بھی کیا جا سکتا ہے۔" یہ میکیاولی کے مقولوں میں سے ایک ہے جو اس کے مخصوص انداز صاف گوئی کا مرقع ہے، لیکن اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ وہ ایک پر مغز حکمت عملی کو ظاہر کرتا ہے، خاص کر جب ہم یہ خیال کریں کہ ماضی اور حال میں جن کا ہم اب ذکر کر رہے ہیں ایک صدی سے زائد پر از وانقعات طویل وقفہ حائل ہے۔

۳۰۔ بندوبست کی مدت۔ اس بارے میں کہ آیا بندوبست کی مدت حتی الامکان مختصر ہونی چاہیئے یا بڑی، بہت کچھ اختلاف آرا ہے بعض اشخاص دس سال کی چھوٹی مدت کی حمایت کرتے ہیں، اور بعض اس میں ۹۹ سال تک توسیع کرنے کے خواہاں ہیں۔ چھوٹی مدت کی تائید میں یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ وہ حکومت اور قوم کو اس قابل بناتی ہے کہ آمدنی کے غیر اکتسابی اضافے میں سے جو عام ترقی کے نتیجے کے طور پر رونما ہوا اپنا اپنا مناسب حصہ وصول کرے؛ یہ استدلال خاص طور پر ان علاقوں پر صادق آ سکتا ہے جہاں معاشی ذرائع تیزی کے ساتھ ترقی کر رہے ہوں،

[1] دیکھو محصولات کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۸۰ تا ۸۸۔

باب ۱۲ اور یہ کہ دوسری جانب چھوٹی مدت اس امر کو ممکن بناتی ہے کہ مالگزاری میں کمی کی جائے اور کسانوں کو عاجلانہ امداد دی جائے ۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ حد سے زیادہ طویل وقفے کے اختتام پر وصول ہونے والے بڑے اضافوں کے مقابلے میں جلد جلد وصول ہونے والے چھوٹے اضافوں کا لوگوں کو عادی بنا کر چھوٹی مدت کا بندوبست بے اطمینانی کو کم کر دیتا ہے ۔ دوسری طرف یہ تبلایا جاتا ہے کہ بڑی مدت کا بندوبست مالگزاری ادا کرنے والے کے حق میں کم تکلیف دہ ہوتا ہے اور اس میں یہ فائدہ ہے کہ لوگوں کے ذرائع کو بڑھا دیتا ہے اور ان کو اس قابل بناتا ہے کہ اعلیٰ مالگزاری کے باعث ارامنی کی اصلاح و ترقی کے فوائد سے محروم ہونے کے خوف کے بغیر اصلاح و ترقی کا کام جاری رکھیں ۔ اگر مالگزاری کا کوئی منظم اور باقاعدہ طریق فرض کیا جائے تو بندوبست کی مدت کا انحصار ان مخالف امور کے توازن پر ہوگا اور کھرے پن سے صحت کے ساتھ یہ کہنا ناممکن ہے کہ کوئی مخصوص مدت ہی مناسب ترین مدت ہے' اس کے سوا دوسری مدت مناسب نہیں ہے ۔ ملک کا عام میلان بڑی مدت کے حق میں ہے' اور نظر ثانی کی مدت میں زیادتی کو عام طور پر ترقی کا ایک قدم خیال کیا جاتا ہے ۔ بمبئی کی تشخیص مالگزاری کی کمیٹی تیس سالہ مدت کے تعین کی تائید کرتے ہوئے یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ: "کسان کی عمر میں تیس سال کی مدت ایک نسل ہوتی ہے ۔ اگر اس مدت کے آغاز ہی میں اس کو یہ معلوم ہو جائے کہ حکومت اس کے ذمے کی مالگزاری میں اضافہ کرنے والی ہے تو اس کو واجب الادا مالگزاری کے تناسب سے اپنے مصارف اور طرز زندگی عام طور پر منظم کرنے کا کافی وقت مل جاتا ہے' اور اگر بندوبست کی میعاد کے اندر اس کی زمین کی آمدنی بڑھ جائے' قیمتوں میں تدریجی اضافہ رونما ہو اور بازاروں اور آمد و رفت کی سہولتوں میں اصلاح و ترقی ہو جائے تو اس کی معاشی حالت ایسی رہتی ہے کہ وہ بندوبست کی متعاقب نظر ثانی کے موقع پر لگان کے مناسب اضافے کے لئے اپنے آپ کو تیار کر سکتا ہے" انڈرسن تیس سال کی طویل مدت کی مخالفت کرتے ہیں' اس لیئے کہ منجملہ اور چیزوں کے ۳۳ فیصد 434

باب ۱۲

اضافے کے قاعدے کے ساتھ ساتھ وہ ان تدابیر کے اختیار کرنے سے باز رکھتی ہے جو بمبئی کے نظام کے سنگین نقائص میں سے ایک کو رفع کرنے کے لیے ضروری ہیں؛ یعنی یہ کہ ہر جگہ کاشت کے نفع سے کیسان حصہ نہیں لیا جاتا۔ ہر تیس سال کی مدت میں لگان یا نفع میں اس سے زیادہ تیزی کے ساتھ اضافہ ہوتا ہے جتنا کہ مالگزاری میں ۳۳ فیصد کی انتہائی شرح سے ہو سکتا ہے[1]

۳۱۔ مالگزاری کی تشخیص کے اصول

جیسا کہ ہم نے ہندوستان کے بندوبست کے مختلف طریقوں کے تبصرے میں بیان کیا، یہاں مالگزاری کی تشخیص کا کوئی ایک بھی طریق ایسا نہیں ہے جس کے اصول واضح طور پر مسلم ہوں اور غیر متناقض طور پر استعمال کئے جائیں۔ اساسی اصول ہر صوبے میں مختلف ہیں اور ان میں متعدد و متفرق عاملوں کے شامل ہو جانے کی وجہ سے مزید تغیر و تبدل ہو گیا ہے؛ اور افسر بندوبست کو اپنی صوابدید پر کام کرنے کا بہت موقع دیا جاتا ہے۔ چنانچہ صوبۂ متحدۂ پنجاب اور صوبۂ متوسط میں مالگزاری کی تشخیص کی نظری بنیاد معاشی لگان ہے، تو مدراس اور برما میں خالص پیداوار؛ بمبئی میں حال حال تک مالگزاری کی تشخیص کے قطعی اصول کی موجودگی کا دعوی ہی نہیں کیا جا سکتا تھا اور واضح طور پر تجربی طریق پر عمل کیا جاتا تھا جو افسر بندوبست کے تاثرات کے اعتبار سے عام معاشی ملحوظات پر منحصر ہوتا تھا۔

۳۲۔ لگان کی مالیت مالگزاری کی تشخیص کی بنیاد

بمبئی میں لگان کی مالیت کو مالگزاری کی تشخیص کی اساسی بنیاد کے طور پر استعمال کرنے کی جو کوشش حال میں کی گئی اس نے ایسے مسائل پیدا کئے جو خالص مقامی دلچسپی سے بہت زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں۔ زرعی نفع کی علامت کے طور پر لگان کے اعداد و شمار پر تکیہ کرنے کی اس بنا پر

---

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ Facts and Fallacies of the Bombay Land Revenue System صفحہ ۱۰۹۔

باب ۱۲
435

حمایت کی گئی ہے کہ یہ طریقہ زیادہ قطعی اور صحیح ہے[1] اور یہ کہ وہ اس قابل بناتا ہے کہ افسر بندوبست کے اعمال کو دوسرے متبادل طریقوں کے مقابلے میں (جو فصلی تجربوں، قیمتوں اور وسائل آمد و رفت کی ترقی وغیرہ پر مشتمل ہیں) زیادہ موثر طریقے سے جانچا جائے[2] لیکن بردولی کے حالیہ ہنگامے نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اس کا امکان ہے کہ لگان کے اعداد و شمار تا وقتیکہ بہت احتیاط کے ساتھ استعمال نہ کئے جائیں سنگین غلطیوں اور مالگزاری کی ناقابلِ برداشت زیادتی کا موجب ہوں۔ حقیقی لگان، لگان کی صحیح مالیت کے اعتبار سے کئی اسباب کی بنا پر بہت زیادہ ہو سکتا ہے۔ ممکن ہے کہ کسانوں میں بہت زیادہ مسابقت ہو؛

[1] ۔ مسٹر ولی آرگاڈگل یہ شبہہ ظاہر کرتے ہیں کہ بمبئی میں "لگان کی مالیت" کو مالگزاری کی تشخیص کی بنیاد کے طور پر استعمال کرنا" حکومت کی طرف سے اپنے اس دعوے کو ثابت کرنے کی پوشیدہ کوشش ہے کہ مالگزاری لگان ہے نہ کہ محصول" (دیکھو ان کی کتاب موسوم بہ "بمبئی کا مالگزاری کا طریق" صفحہ ۷)۔ یہ بہت ہی دور از کار خیال ہے جو دل میں قطعی طور پر بیٹھ گیا ہے۔ جس عمل پر اعتراض کیا گیا ہے وہ محض زرعی نفع کے نمایندے کے طور پر خانگی لگان کو استعمال کرنے کی کامیاب یا ناکام کوشش ہے۔ علاوہ ازیں شمالی ہند کے زمینداری خطوں میں جہاں عارضی بندوبست ہے لگان کی مالیت مالگزاری کی تشخیص کی اساسی بنیاد ہے اور اس کے باوجود حکومت نے یہاں خانگی مالکانہ حقوق ارضی کو رعیت واری علاقوں سے زیادہ قطعی و یقینی طور پر تسلیم کیا ہے۔

[2] ۔ اپنے افسر بندوبست سے کہئے کہ لگان کا "لحاظ کرنا چاہیئے" تو وہ تساہل و تاخیر کے ساتھ لگان کے چند اعداد فراہم کرے گا اور اس کے بعد اپنی سفارشوں میں زیادہ تر دوسری مبہم اور سطحی چیزوں پر رہنمائی کے لئے تکیہ کرے گا، اس لئے کہ جس وقت تک آپ کی نظر صرف مبہم تعمیمات پر رہے گی اس وقت تک گرفت کرنا بہت دشوار ہوگا۔ لیکن اس سے یہ کہئے کہ اس کو زیادہ تر لگان کے اعداد پر تکیہ کرنا چاہیئے اور بجز ان صورتوں کے جن میں لگان کے اعداد مبہم اور غیر قطعی ہوں اور مطابقت یا رہنمائی کی ضرورت ہو عام امور کا لحاظ نہ کرنا چاہیئے، تو بندوبست منصفانہ اور معقول ہوگا۔ دیکھو انڈرسن کی کتاب موسوم بہ Facts and Fallacies of the Bombay Land Revenue System صفحہ ۸۵ و صفحہ ۸۶۔

باب ۱۱

زمیندار کی حیثیت لین دار کی اور کسان کی حیثیت دین دار کی ہو جائے اور موخر الذکر کسی ناقابلِ ادائی لگان کو منظور کرنے پر مجبور ہو جائے؛ ممکن ہے کہ لگان زرِ مستعار کے سود کی نمائندگی کرے اور زمین کی پیداآوری سے غیر متعلق رہے؛ ممکن ہے کہ لگان کے اعداد گرم بازاری کے دور کے متعلق ہوں اور اس لحاظ سے معمولی سالوں میں قطعِ ہدایت کا کام نہ دیں؛ ممکن ہے کہ مقررہ لگان اسامی کے زمانۂ خوش حالی کی ادائی کی قابلیت پر مبنی ہو اور خراب سالوں میں معقول مہائیاں کرنی پڑیں؛ ممکن ہے کہ لگان زیادہ تر دوسرے ذرایع سے حاصل شدہ آمدنی سے ادا کیا جائے اور زمین کی آمدنی سے ادا نہ کیا جائے؛ نقد لگان پر بطور پٹہ لی ہوئی زمینوں کا تناسب اجناس خور و نوش کے مقابلے میں روئی جیسی صنعتی فصلوں کے بارے میں بدرجہا بڑھا ہوا ہوتا ہے، اور یہی تناسب فطری طور پر لگان کے اعداد و شمار میں بھی ظاہر ہوگا گو ایسے اعداد و شمار عام طور پر نہیں ملتے پھر بھی ممکن ہے کہ ان کو اسی طرح خیال کیا جائے؛ گاہ گاہ یہ ممکن ہے کہ کسان بے انداز لگان ایسی زمین کے لئے ادا کرے جس میں اس بات کے سوا کوئی اور خوبی نہیں ہوتی کہ وہ کسان کی زمین سے متصل واقع ہے؛ ممکن ہے کہ زیرِ بندوبست خطے کی مجموعی زمین کا صرف بہت ہی چھوٹا جزو نقد لگان کے پٹے پر لیا گیا ہو، اور اگرچہ ممکن ہے کہ لگان کی مالیت کا اندازہ کسی حد تک فروخت کے معاملات سے کیا گیا ہو (بہ شرطیکہ معمولی اور کسی خلل انداز ہونے والے عاملین سے متاثر نہ ہوں)، پھر بھی اس طرح فراہم کردہ راست اور بالواسطہ مواد صحیح تعمیم کے لئے بالکل ناکافی ہو سکتا ہے[1] بردولی کمیٹی رپورٹ کے الفاظ میں "خام مواد کے غیر متعین تغیرات کے لئے ہمیشہ بہت وسیع گنجائش چھوڑنی چاہیے" اور لگان کے اعداد کو بخوبی جانچ لینا چاہیے قبل اس کے کہ ان سے مالگزاری کی تشخیص کے لئے نتائج اخذ کئے جائیں۔ یہ تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ اگر لگان کے

[1] ان معاملات کی زیادہ مفصل بحث کے لئے دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "بردولی کی نظرِ ثانی بندوبست کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ" فقرہ ۲۹ تا ۳۸؛ نیز ڈی آرگاگل کی کتاب موسوم بہ "بمبئی کی مالگزاری کا طریق"۔

باب ۱۲
436

متعلق مواد مناسب احتیاط کے ساتھ فراہم کیا جائے اس کو ایسے طریقے سے گوشوارے کی شکل میں مرتب کیا جائے جس سے اس کی تقابلی اہمیت ظاہر ہو اور اس کو متعلقہ معاملات کے مطالب کے مناسب حوالے سے استعمال کیا جائے تو وہ تقریباً واحد قطعی ثبوت بہم پہنچائے گا جس کو مالگزاری کی تشخیص کی نظر ثانی میں اعتماد کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس لحاظ سے لگان اور پیداوار کی فروخت کے معتبر اعداد فراہم کرنے کی ہر ممکنہ سعی کرنی چاہئے اور ان کی باحتیاط تدوین کرنی چاہئے[1] لیکن مالگزاری کی تشخیص کی نظر ثانی کی غرض سے اعدادی و دیگر معلومات کے کسی مقررہ مجموعے کو جانچنے کا کام افسر بندوبست یا دوسرے سرکاری عہدہ داروں کے سپرد نہ کرنا چاہئے بلکہ ماہر اور ہوشیار مشیروں کی کمیٹی کے سپرد کرنا چاہئے جس کے لئے حال میں عوام کی طرف سے سخت مطالبہ بلکہ تقاضا کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں اس صورت میں بھی جب کہ لگان کی مالیت کے اعداد و شمار کم و کیف کے اعتبار سے معقول حد تک اطمینان بخش معلوم ہوں، ان کے علامات کی جانچ دوسرے عاملین مثلاً وسائل آمد و رفت، بازاری قیمتوں، معاشی حالات، فصلی تجربات وغیرہ کے اعتبار سے بمبئی کی مالگزاری کی تشخیص کی کمیٹی کی سفارشات کے مطابق کرنی چاہئے۔ چنانچہ لگان کے مواد کی ایسی تائیدی شہادت کو غیر ضروری سمجھ کر بہت ہی شاذ ہی صورتوں میں بلا خدشہ ترک کیا جا سکتا ہے۔ حکومت بمبئی نے جو مسودۂ قانون مالگزاری کی ترمیم کے متعلق مرتب کیا ہے اس میں لگان کی مالیت ہی کو اصل چیز قرار دیا گیا ہے لیکن ہنگامۂ بردولی کے نتیجے کے طور پر اس طریقے کے خلاف جو میلان رونما ہوا ہے اس کا لحاظ کرتے ہوئے حکومت نے سابقہ مسودۂ قانون کو دانشمندی کے ساتھ ترک کر دیا، اور اپنے اس فیصلے کا اعلان کیا کہ وہ معقول اور ترقی پذیر بنیاد پر ایک ایسا جدید مسودہ مرتب کرنا چاہتی تھی جو بردولی کی تحقیق کے سیکھے ہوئے اہم اسباق پر مشتمل ہو۔ تاہم یہ مسودہ ابھی تک مجلس قانون ساز کے سامنے پیش نہیں ہوا ہے۔

---

[1] دیکھو بردولی کے بندوبست کی نظر ثانی کی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۳۰۔

باب ۱۲

۳۳۔ ریکارڈو کا نظریہ ہندوستانی مالگزاری کے تعلق سے۔

جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے، مالگزاری کی تشخیص کو متعین کرنے والے اصول باضابطہ بیان کی حد تک، مختلف صوبوں میں مختلف ہیں۔ لیکن حکومت کا عام دعویٰ یہ ہے کہ عام حیثیت سے برطانوی ہند میں مالگزاری ہر جگہ معاشی لگان کا کچھ نہ کچھ مناسب جزو ہوتی ہے۔ اگر ہم غیر معاشی کھیتوں کی بڑی تعداد کا لحاظ کریں جن کی موجودگی سے حکومت کو انکار نہیں ہے، تو صورت حال اس کے برعکس ہے۔ چنانچہ جیسا کہ پروفیسر واڈیا و جوشی کہتے ہیں[1] محصول ارضی کے ذریعے سے زمین کی غیر اکتسابی زائد آمدنی کو حاصل نہیں کیا جاتا بلکہ کسان کے پاس گذر بسر کے لیئے جو کم از کم مقدار بچ رہتی ہے اس کو چھین لیا جاتا ہے[2]۔ اگر دوسری صورتوں میں خالص معاشی لگان سے زائد محصول حقیقی طور پر نہیں لیا جاتا تو ایسا صرف اتفاقی طور پر ہو سکتا ہے نہ کہ ارادی طور پر؛ اس لئے کہ نام نہاد تو فیر کا حساب کرنے میں مصارف پیدائش کے جملہ اجزائے ترکیبی کو خام مجموعی آمدنی سے منہا نہیں کیا جاتا۔ مثلاً ملکی کاشتکار اور اس کے خاندان کی محنت کا ہر صورت میں لحاظ نہیں کیا جاتا۔ ممکن ہے کہ حقیقی لگان کی مالیت جس پر مالگزاری کی شرحیں مبنی ہوتی ہیں مثلاً شمالی ہندوستان میں، حقیقی معاشی لگان سے ایسے ملک میں بدرجہا زیادہ ہو جہاں زراعت ہی باشندوں کا تقریباً واحد پیشہ ہو اور جہاں دستیاب ہونے والے اصل و محنت کے لئے مختلف پیشوں میں کوئی مسابقت نہ ہو۔ کسان زمین سے وابستہ رہتا ہے، خواہ اسے حد سے زیادہ بھاری لگان ادا کرنے کے لئے فاقے ہی کیوں نہ کرنے پڑیں اور کتنی ہی مصیبت سے زندگی کے دن گزارنے پڑیں۔ "اگر بدل کے طور پر صنعت اور دستکاری کی شکل میں دوسرا پیشہ اختیار کیا گیا تو اس میں شبہ نہیں ہو سکتا کہ کھیتوں کی بہت بڑی تعداد جن پر آج ضرورۃً کاشت کی جا رہی ہے وہ کل غیر مزروعہ بن جائے گی[3]۔ لگان کی مالیت معاشی لگان کے

437

[1] دیکھو واڈیا اور جوشی کی مصنفہ کتاب، صفحہ ۲۸۱۔
[2] دیکھو واڈیا و جوشی کی محولۂ بالا کتاب، صفحہ ۲۸۱۔

باب ۱۲ نمایندے کی حیثیت سے بھی ناقابل اعتماد ہے' اس لئے خالص معاشی ضرورت کے باعث جو جوع الارض ہوتی ہے اس کو اس روایتی اس لئے کہ جذبے سے تقویت بہتر سمجھتی ہے جو زمین میں تشغل اصل کرنے کے حق میں ہوتا ہے' اور یہ جذبہ صرف اس صورت میں کمزور ہو سکتا ہے جب کہ تشغل اصل کے مختلف راستے صنعتی ترقی کی شکل میں بطور بدل کھلے ہوئے ہوں۔ ریکارڈو کے مفہوم کے لحاظ سے معاشی لگان' مالگزاری کی تشخیص سے کوئی قطعی و معین تعلق نہیں رکھتا' گو ہم یہ کہنے کے لئے تیار نہیں ہیں کہ ہر صورت میں مالگزاری کی زد اکتسابی آمدنی پر پڑتی ہے۔ لیکن ہم یہ استدلال بھی تسلیم نہیں کر سکتے کہ محض اس بنا پر کہ مالگزاری زمین کی پیداوار پر پہلا محصول یا مطالبہ ہے وہ معاشی لگان کا جزو نہیں ہو سکتا[1] اس لئے معاشی لگان تو ریکارڈو کے نظریے کے مطابق پیداوار پر آخری مطالبہ یا محصول ہے۔ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ معاشی لگان آخری مطالبہ ہے تو ہم مختلف ادائیوں کے وقت کی ترتیب کو پیش نظر نہیں رکھتے بلکہ لگان کے معاشی تجزیے کی ترتیب کا خیال کرتے ہیں۔ جس طرح اجرت پیشگی ادا کی جاتی ہے' اگرچہ وہ آخر کار مزدور کی تیار کردہ پیداوار ہی سے نکالی جاتی ہے' اسی طرح زر لگان بھی توفیر حاصل ہونے سے پیشتر وصول کیا جا سکتا ہے' اگرچہ اس توقع کی بنا پر پیشگی وصول کیا جاتا ہے کہ توفیر حاصل ہوگی۔ نکتہ چینی کا صحیح طریقہ یہ ہوگا کہ یہ ثابت کیا جائے کہ مالگزاری بعض اوقات اس وقت عائد اور وصول کی جاتی ہے جب کہ توفیر حاصل ہونے کی کوئی توقع نہیں ہوتی؛ اور یہ کہ جس وقت توقع کے مطابق توفیر واصل حاصل نہیں ہوتی تو مالگزاری معاف یا واپس نہیں کی جاتی۔ مالگزاری کے التوا اور معافی کے طریق کے عمل درآمد کی ضمانت نہیں دی جا سکتی اور اس طریق پر ہمیشہ عمل نہیں ہوتا۔ اس طرح مالگزاری مجموعی خام آمدنی کے کسی جزو میں داخل
488 نہ ہونا چاہئے اس لئے کہ یہ آمدنی حقیقی معاشی لگان یا غیر اکتسابی آمدنی نہیں ہوتی۔

---

[1] دیکھو واڈیا اور جوشی کی مصنفہ کتاب محولۂ بالا۔

باب ۱۲

۳۴۔ مالگزاری کی تشخیص کی نئی بنیاد

محصول کی تحقیقاتی کمیٹی یہ سفارش کرتی ہے کہ آیندہ سے سالانہ سربستہ مالیت کی یکساں بنیاد ہر صوبے میں اختیار کرنی چاہیئے، اور یہ کہ افسر بندوبست کے کام کو سالانہ سربستہ مالیت کے تعین تک ایسے شرائط کے سخت محدود رکھنا چاہیئے جو ہر صوبے کے خاص حالات کے لحاظ سے ضروری ہوں۔ "سالانہ سربستہ مالیت" سے کمیٹی کا مطلب "مجموعی خام پیداوار بہ منہائی مصارف پیدائش ہے جن میں کسان اور اس کے خاندان کی لگائی ہوئی محنت کی اجرت اور جو کھم برداشت کرنے کا معاوضہ شامل ہے۔" ایسے لگان کی صورت میں جو قوانین لگان کے تابع ہو یا ایسے رسم و رواج کے تابع ہو جو قانون کی قوت رکھتا ہے یا ایسی صورت میں جب کہ لگان افسر بندوبست مقرر کرے یہ سفارش کی گئی ہے کہ ایسے لگان کو سالانہ سربستہ مالیت شمار کرنا چاہیئے۔ سالانہ سربستہ مالیت کی تجویز صحیح سمت میں ایک اصلاح و ترقی معلوم ہوتی ہے اس لئے کہ وہ مالگزاری کی تشخیص کے ان اصول کی مبہم نوعیت کا خاتمہ کر دے گی جو موجودہ زمانے میں رائج ہیں۔ ہمارے مفہوم کے مطابق، سالانہ سربستہ مالیت اور حقیقی تقابلی لگان کی سربستہ مالیت، دونوں ایک ہی شئے نہیں ہیں؛ اس لئے کہ موخرالذکر یا تو بہت اعلیٰ ہو سکتی ہے، مثلاً جب کہ دوسرے پیشوں کی عدم موجودگی کے باعث اور زراعت کے حق میں قوی میلان اور روایات کی بنا پر اسامیوں میں مسابقت سخت ہو؛ یا شاذ صورتوں میں مدعیہ زیادہ ادنیٰ ہو سکتی ہے، مثلاً جب کہ اسامی اور زمیندار سازش کریں اور لگان کو عمداً کم ظاہر کریں تاکہ مالگزاری کا واجبی بار اٹھانے سے بچے رہیں۔ سالانہ سربستہ مالیت کی بنیاد اس لحاظ سے بھی زیادہ بااصول ہے کہ اس میں کسان اور اس کے اہل و عیال کی محنت کا نیز مہم پسندی کے معاوضے کا لحاظ کیا جاتا ہے۔

۳۵۔ مالگزاری کی شرح پر ایک سفارش

محصول کی تحقیقاتی کمیٹی دوسرے ملکوں کی مثال کی تقلید میں سالانہ سربستہ مالیت کا تناسب مقرر کرنے کی حد تک یہ سفارش کرتی ہے کہ مقابلۃً ادنیٰ صیاری

باب ۱۲

شرح اختیار کی جائے جو سالانہ سرپلس آمدنی کے ۲۵ فیصد سے متجاوز نہ ہو۔ چونکہ اس بارے میں معین اور قطعی معلومات مفقود ہیں کہ مختلف صوبوں میں سالانہ سرپلس مالیت کا کتنا فیصد لیا گیا اور اس بنا پر اس سفارش کے فوراً اختیار کرنے کی راہ میں مشکلات پیش آنے کا احتمال ہے، لہذا کمیٹی یہ مشورہ دیتی ہے کہ ابتدائی ماہرانہ تحقیقات عمل میں لائی جائے تاکہ قبل اس کے کہ ہر صوبے کے لئے اس کی مجلس قانون ساز ایک مشترکہ شرح مقرر کرے یہ معلوم کر لیا جائے کہ موجودہ زمانے میں مالگزاری کس شرح سے وصول کی جاتی ہے۔ کمیٹی یہ بھی سفارش کرتی ہے کہ معیاری شرح کے علاوہ مقامی اجساد کی طرف سے مقامی اغراض کے لئے محصول عاید کیا جانا چاہئے، اور اسی کے ساتھ یہ مشورہ دیتی ہے کہ معمولی مقامی محصولوں کی انتہائی مقدار مالگزاری کا تقریباً ۲۵ فیصد ہونا چاہیئے۔ اس واقعے کا لحاظ کرتے ہوئے کہ مقامی اجساد زیادہ تر کاشتکاروں اور زمینداروں پر مشتمل ہوں گی، نیز اس امر کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہ مقامی محصولوں کا ماحصل ایسے معاملات پر خرچ ہوگا جو خود اس مقام کی اصلاح و ترقی سے متعلق ہوں گے، یہ پیش اندازہ کیا گیا ہے کہ ان محصولوں کی ادائی میں اس سے زیادہ فیاضی کے ساتھ ایثار کیا جائے گا جتنا کہ حکومت کے عام اغراض میں استعمال ہونے والی مالگزاری میں اضافہ کرنے کی صورت میں کیا جاتا۔ یہ معلوم ہوا ہے کہ محصول اراضی کی یکساں اور معمولی معیاری شرح کے ساتھ ساتھ مقامی محصولوں کا طریقہ یورپ کے اکثر ملکوں میں جہاں کہیں رائج ہے اطمینان بخش طور پر کام کر رہا ہے۔ 489

۳۶۔ اضافے کے حدود کیا ہونے چاہئیں؟

مالگزاری میں بہت بڑے اضافے کو روکنے کی غرض سے کچھ مزید تحدید ضروری معلوم ہوتی ہے۔ چنانچہ ہم بمبئی کی مالگزاری کی تشخیص کی کمیٹی کی اس سفارش کی تائید کرتے ہیں کہ اضافے کی حد عام اور یکساں طور پر ۲۵ فیصد تک محدود ہونی چاہئے، اور مختلف گروہوں، دیہات یا کھیتوں میں جیسا فرق و امتیاز آجکل کیا جاتا ہے ویسا نہ کرنا چاہئے، بہ شرطیکہ زیر بحث تعلقوں کی مکرر نظر ثانی ہو چکی ہو۔

باب ۱۲

۳۷۔ اصول محصول کا اطلاق مالگزاری پر۔[1]

(۱) محصول کا پہلا اصول یہ ہے کہ محصول مقررہ و معین ہونا چاہیئے۔ اس اصول کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ اس طرح تشفی بخش طور پر پورا ہو جاتا ہے کہ مالگزاری بندوبست کی میعاد کے لئے مقرر کی جاتی ہے۔ کسان کو اس کا صحیح علم ہوتا ہے کہ اسے کتنی مقدار ادا کرنی ہے اگرچہ مالگزاری کی تشخیص کی بنیاد ابھی تک مبہم ہونے کی وجہ سے مالگزاری کی نظر ثانی کے زمانے میں عدم تیقن کا عنصر موجود ہوتا ہے جس سے بچنے کی کوشش کی جا سکتی ہے۔ چنانچہ بندوبست کی کیساں بنیاد کا نفاذ جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے اس عدم تیقن کو بڑی حد تک دور کر دے گا۔ (۲) محصول کا دوسرا اصول سہولت ہے۔ اس کو تشفی بخش طور پر پورا کرنے کے لئے مالگزاری جیسا کہ کہا جا چکا ہے کسان کی سہولت کے لحاظ سے اقساط میں وصول کی جاتی ہے لیکن "مقررہ و معین" محصول کے اصول پر "سہولت" کے اصول کو ایک حد تک قربان کیا جاتا ہے؛ اس لئے کہ بندوبست اوسطوں پر مبنی ہوتا ہے اور اس حقیقی مقررہ و مشخصہ مالگزاری اس چیز کے اوسط کی نمایندگی کرتی ہے جس کا مطالبہ اچھے اور خراب سالوں کے لئے ملا کر بجا طور پر کیا جا سکتا ہے۔ مفروضہ یہ ہوتا ہے کہ کسان اچھی فصل کے زمانے میں اس غرض سے پس انداز کرے گا کہ خراب سالوں کی کمی اس سے پوری کرے۔ لیکن یہ مفروضہ واقعات کے مطابق نہیں بیٹھتا۔ نتیجہ یہ کہ اوسط مشخصہ مالگزاری تنگی اور خشک سالی کے زمانے میں حد سے زیادہ سخت اور جابرانہ خیال کی جاتی ہے۔ مالگزاری کے التوا اور معافی کے طریقے پر جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کافی لچکداری کے ساتھ عمل نہیں کیا جاتا[2] چنانچہ محصول کی

[1] دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۸۶ تا ۸۹

[2] مالگزاری کی تحصیل میں زیادہ لچکداری پیدا کرنے کے خیال سے پیداوار اور مصارف کاشت وغیرہ کے متعلق اعدادی اندراجات اور کتابچے نہایت مکمل حالت میں رکھنے کا انتظام ضروری ہے۔ چنانچہ حکومت بمبئی نے اسی مقصد کو حاصل کرنے کی غرض سے مناسب انتظام کرنے اور کتابچوں کو مکمل طور سے مدون ہونے سے پیشتر عوام کی جانکاری کے لئے کھلا رکھنے کے بارے میں اپنے

باب ۱۲

تحقیقاتی کمیٹی کی رائے میں مالگزاری کے طریق میں لچکداری نہ ہونے کی وجہ سے خراب موسموں میں کسان بڑی تعداد میں ساہوکار کے پاس رجوع ہوتے ہیں۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ ایک اور وقت بڑی مدت کے بندوبست کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ کسان اپنے معیار زندگی کو اس مالگزاری کی بنیاد پر منظم کرتا ہے جو اسے بندوبست کے جاری رہنے کے زمانے میں ادا کرنی پڑتی ہے؛ اور اگر دوسرے بندوبست کے موقع پر مالگزاری میں اضافہ کر دیا جائے تو اسے اپنے خانگی مالیے کو اس تبدیلی کے مطابق فوراً منظم کرنے میں دقت ہوتی ہے، اگرچہ بڑی مدت کا بندوبست اسی مفروضے پر منظور کیا جاتا ہے کہ کسان کو ممکنہ اضافے کے لئے خود کو تیار کرنے کی کافی مہلت مل جائے گی۔ اس بنا پر پیدا ہونے والی مشکل کو دور کرنے کی کوشش اس طرح کی جاتی ہے کہ بڑے اضافے بتدریج اور آہستہ آہستہ عائد کئے جاتے ہیں اور ان کی تحدید کی جاتی ہے[1] از سر نو بندوبست کرنے کے عمل سے جو خلل پیدا ہوتا ہے، اسے جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، کاغذات اراضی کے طریقے کو بتدریج مکمل کر کے اقل حد تک گھٹا دیا گیا ہے، اگرچہ ممکن ہے کہ بعض صورتوں میں اس عمل کی تکمیل میں کئی سال تدقیق و تحقیق کرنی پڑے۔

(۳) "کفایت" کے اصول کی حد تک مالگزاری کے انتظام اور محکمے کے قیام پر جو کثیر مصارف عاید ہوتے ہیں وہ کلیتہً مالگزاری کی تشخیص و تحصیل کے مصارف شمار نہیں کئے جا سکتے، اس لئے کہ اب بھی محکمہ مالگزاری کو بلحاظ نوعیت اہم اور بے شمار متفرق کام، جو خالص مالگزاری کے حدود سے باہر ہیں، انجام دینے پڑتے ہیں۔

(۴) اصول "قابلیت" کے بارے میں سرکاری دعویٰ یہ ہے کہ حکومت کے حصے میں تدریجی کمی کیے جانے کی وجہ سے اس اصول کو زیادہ سے زیادہ

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ عزم کا حال ہی میں اعلان کیا ہے۔ (دیکھو رکن مالگزاری کی تقریر بمبئی کی مجلس قانون ساز میں بتاریخ یکم اگست ۱۹۱۹ء)۔

[1] دیکھو حکومت ہند کی مالگزاری کی پالیسی صفحہ ۳۸ تا صفحہ ۴۰۔

باب ۱۲ پیش نظر رکھا جا رہا ہے۔ چنانچہ اس استدلال کی تائید میں ہم اعداد پیش کر چکے ہیں۔ مالگزاری کی پالیسی کے بارے میں آر سی دت نے جو بحث شروع کی اس کے نتائج میں سے ایک یہ ہوا کہ معیاری شرحیں بیشتر ین شرحوں سے مبدل کر دی گئیں[1] محصول کی تحقیقاتی کمیٹی یہ ثابت کرنے کے لئے اعداد و شمار پیش کرتی ہے کہ حکومت کے حصے (محصول) میں کمی کا میلان ۱۹۰۳ء سے ۱۹۲۴ء تک مسلسل کس طرح جاری رہا۔ چنانچہ اس دور میں گو قیمتوں میں ۱۱۷ فیصد اضافہ ہوا، مالگزاری صرف ۲۰ فیصد بڑھی[2] علاوہ ازیں مالگزاری کے اضافے کے کچھ جزو کا باعث یقیناً 441
یہ ہوا ہوگا کہ ظاہر کردہ رقبے میں قریب قریب ۷ فیصد کا اضافہ ہوا۔

رہا مالگزاری کا بار، تو چونکہ مختلف صوبوں بلکہ مختلف اضلاع میں مختلف طریقے رائج ہیں اس لئے کوئی عام خیال قائم کرنا ناممکن ہے۔ پانچ ممکنہ معیاروں کا اطلاق کیا جا سکتا ہے، یعنی: (۱) مالگزاری کا تناسب آبادی سے کیا ہے؛ (۲) مالگزاری کا تناسب مقبوضہ رقبے سے کیا ہے، یعنی اوسط مالگزاری فی ایکڑ کیا ہے؛ (۳) مالگزاری بحساب فی اکائی زمین کا مقابلہ؛ (۴) مالگزاری کا تناسب مجموعی خام یا خالص پیداوار سے کیا ہے؛ اور (۵) مالگزاری کا تناسب لگان

---

[1] آر سی دت نے یہ خیال ظاہر کیا کہ مشخصہ مالگزاری کا بھاری ہونا ملک میں گزشتہ صدی اور خاص کر اس کے آخری حصے کے دوران میں قحطوں کے نمودار ہونے کے اہم ترین اسباب میں سے ایک تھا۔ قحطوں اور مالگزاری کے باہمی تعلق کی مذمت ہمارے جو خیالات ہیں وہ ان خیالات کے مشابہ ہیں جو مالگزاری اور قرضداری کے باہمی تعلق کی بابت اسی قسم کی بحث کے سلسلے میں ظاہر کئے جا چکے ہیں۔ ہماری دانست میں مالگزاری کو قحطوں کا محض معمولی سبب خیال کیا جا سکتا ہے اسی طرح جس طرح اس کو دیہی قرضداری کا سبب اسی کے مماثل وجوہ سے تصور کیا جا سکتا ہے۔

[2] لیکن حالیہ سالوں میں خاص کر اکتوبر ۱۹۲۹ء سے زرعی پیداوار کی قیمتوں کی عظیم کمی نے محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کے بیان کردہ میلان میں بری طرح خلل پیدا کر دیا ہے۔

باب ۱۲

یا سالانہ سرسبتہ آمدنی سے کیا ہے۔ محصول کی تحقیقاتی کمیٹی سب سے موخر الذکر طریقے کو سب سے کم اطمینان بخش خیال کرتی ہے؛ لیکن اس بارے میں بھی مکمل اور معتبر مواد کی عدم موجودگی کی وجہ سے کمیٹی مختلف صوبوں میں محصول کے حقیقی بار کی بابت کسی قطعی نتیجے پر پہنچنے سے قاصر ہے۔

۳۸۔ رسمی انصاف کا اصول۔

مالگزاری کے موجودہ طریقے کے تحت اس اصول کی خلاف ورزی ہوتی ہے اس لئے کہ اول تو یہاں مختلف صوبوں بلکہ جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں مختلف اضلاع میں مختلف طریقے رائج ہیں اور دوسرے یہ کہ زمین کی آمدنیوں اور دوسرے ذرائع میں محصول کے اغراض کے لئے فرق و امتیاز کیا جاتا ہے۔

(۱) مختلف صوبوں میں فرق و اختلاف۔ پہلے معاملے کی حد تک ظاہر ہے کہ دوامی بندوبست کے رقبوں پر عارضی بندوبست کے رقبوں کے مقابلے میں موجودہ زمانے میں بہت کم محصول لگایا جاتا ہے۔ عارضی بندوبست کے علاقوں کی مدتک پنجاب کے گیارہ اضلاع میں جن کا حال میں بندوبست کیا گیا ہے۔ مالگزاری کا تناسب خالص لگان سے ۹ تا ۳۶ فیصدیا اوسطاً ۲۵ ہے۔ صوبۂ متحدہ میں یہ تناسب ۲۰ تا ۴۲ فیصدیا اوسطاً ۲۷ ہے۔ رعیت واری صوبوں میں خاص کر بمبئی میں مالگزاری کا لگان سے تناسب احاطۂ مذکور کے مختلف حصوں میں ۷ تا ۵۰ فیصد ہے۔ برار میں روئی کی کاشت کے دو تعلقوں میں جن کا حال ہی میں بندوبست ہوا ہے اوسط ۱۰ فیصد ہے۔ مدراس کے اضلاع کی نصف تعداد میں اوسط تقریباً ۱۰ فیصد ہے[1] یہ اعداد قطعی طور پر صحیح تو نہیں ہیں لیکن وہ اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کافی معتبر شہادت بہم پہنچاتے ہیں کہ مختلف صوبوں میں مالگزاری کے بار میں بہت نمایاں فرق و اختلاف موجود ہے۔ اگر حکومت کے حصے کے طور پر سالانہ آمدنی کے ۲۵ فیصد کا یکساں معیار اختیار کرنے کے بارے میں

[1] دیکھو محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۹۴۔

محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی سفارش پر عمل کیا جائے تو رسمی انصاف کا حق ادا ہوگا۔ باب ۱۲
(۲) مالگزاری کا مقابلہ انکم ٹیکس سے۔ دوسرے معاملے پر بحث کرتے ہوئے اگر محصول ارضی اور محصول آمدنی (انکم ٹیکس) کا مقابلہ کیا جائے تو ان دونوں قسم کی آمدنیوں کی نوعی ترکیب کے بارے میں تین نمایاں فرق ظاہر ہوتے ہیں۔ 442
پہلا فرق یہ ہے کہ زمین کے بارے میں ایسی کوئی اقل حد نہیں ہے[1] جہاں ٹیکس معاف ہو جیسی کہ انکم ٹیکس کے بارے میں ہے؛ دوسرا فرق یہ ہے کہ انکم ٹیکس کا آمدنی سے فیصد تناسب مالگزاری کی حد تک نسبتہً بدرجہا اعلیٰ ہے۔ تیسرا فرق یہ ہے اور یہی وہ واحد فرق ہے جو مالک زمین کی موافقت میں ہے کہ محصول متزائد کا طریقہ رائج نہیں ہے۔ ان دونوں قسموں کے محصولوں میں مشابہت پیدا کرنے کے دو طریقے ہیں: ایک طریقہ تو یہ ہے کہ انکم ٹیکس کو تمام اعتبارات سے مالگزاری کے مطابق بنایا جائے، اور دوسرا یہ کہ مالگزاری میں اس طرح تبدیلی کی جائے کہ وہ ہر اعتبار سے انکم ٹیکس کے مشابہ ہو جائے۔ اول الذکر طریقہ ناقابلِ عمل ہے اور رجعی طریقہ ہوگا، اس لئے کہ اس کی وجہ سے درجہ بندی اور حد استثنا کے قوی اور معقول اصول کا ترک لازم آئے گا۔ اس لحاظ سے ہمیں دوسرے طریقے پر عمل کرنے کے امکان اور اس سے پیدا ہونے والی پیچیدگی کو جانچنا اور سب سے اول یہ غور کرنا چاہیے کہ انکم ٹیکس کی طرح ایک ہزار روپیہ سے کم کی ارضی آمدنیوں کو محصول سے مستثنیٰ قرار دینے کا اثر و نتیجہ کیا ہوگا۔ اس طریقے کو اس لحاظ سے فوراً مسترد کر دینا چاہیے کہ سرِدست اس پر عمل کرنا ناممکن اور خام خیالی ہے، اس لئے کہ وہ حکومت کے مالیے کو متاثر

[1] اس واقعے کو کہ نظری طور پر مالگزاری صرف غیر اکتسابی آمدنی سے لی جاتی ہے معافی محصول کی اقل حد کی عدم موجودگی کا نعم البدل بہ مشکل خیال کیا جا سکتا ہے۔ چونکہ زرعی آمدنیوں کا دائرہ عام طور پر بہت ہی تنگ میدان کو محیط ہوتا ہے، خاص کر رعیت واری علاقوں میں، اس لئے اگر مالگزاری موجودہ انکم ٹیکس کے اصول پر مقرر کی گئی تو زرعی آمدنیوں کا بڑا حصہ محصول سے بالکل بچ جائے گا۔

باب ۱۲

کرے گا؛ اس کے مماثل نتیجہ مذکورۂ بالا دوسرے فرق کی مدتک مجبوراً اخذ کرنا پڑے گا اور رسمی انصاف کے اصول کو پیداآوری یا عملی ضرورت کے اصول پر قربان کرنا پڑے گا۔ اگر محصول کی تحقیقاتی کمیٹی کی اس سفارش کو کہ مالگزاری یکساں طور پر لگان کی سالانہ سربستہ مالیت کے ۲۵ فیصد کے حساب سے مقرر کی جائے اور اس میں مقامی محصولوں کی شکل میں اضافہ کیا جائے علی جامہ پہنایا بھی گیا تو بھی فیصد تناسب غیر زرعی آمدنیوں کے مقابلے میں بدرجہا زیادہ ہوگا (اگر ہم اس مد کی بہت ہی اعلیٰ آمدنیوں کی قلیل تعداد کو خارج کردیں جن پر انکم ٹیکس اور سوپر ٹیکس کی شکل میں بہت بھاری تناسب سے محصول واجب الادا ہوتا ہے)۔ لیکن طریق متزائد یا تدریجی زیادتی کے اصول کو مالگزاری کے بارے میں استعمال کیا جاسکتا ہے، جیسا کہ یورپ کے ترقی یافتہ ملکوں اور جاپان میں ہوتا ہے جہاں زرعی آمدنیوں پر یا تو انکم ٹیکس[1] عاید کیا جاتا ہے یا محصول مرگ[2]

443 اس لحاظ سے بحیثیت مجموعی مالگزاری کو انکم ٹیکس سے پوری طرح مشابہ کرنے کا خیال بالکل ناقابل عمل ہے اور ہر نوع کچھ مدت تک اول الذکر کو محصول کے اغراض کے لئے بذاتہ ایک علٰحدہ شے خیال کرنا پڑے گا۔ لیکن اس کے معنی یہ نہیں ہیں کہ اس کو ہمیشہ کے لئے محصول کے معمولی عمل سے باہر رکھا جائے۔ مالگزاری اور انکم ٹیکس (موجودہ زمانے میں موخرالذکر کسی حال مکمل نہیں ہے) میں تدریج ترمیم و اصلاح کرنی چاہئے یہاں تک کہ دونوں محصول کے ایک ہی مقررہ اصول

---

[1] سر والٹر لے لن، سالمن کمیشن کے فینانشل اسیسر کی اس تجویز پر کہ زرعی آمدنیوں پر جو انکم ٹیکس سے سردست مستثنیٰ ہیں، انکم ٹیکس عاید کیا جائے کتاب ہذا کی جلد دوم کے باب ۱۱ میں بحث کی گئی ہے۔

[2] محصول کی تحقیقاتی کمیٹی ڈاکٹر گریگوری کے نظریے کو تسلیم کرتے ہوئے یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ مالگزاری لازمی طور پر اشیا پر عاید کردہ ٹیکس ہے نہ کہ اشخاص پر عائد کردہ ٹیکس، اور یہ کہ اس لحاظ سے طریق متزائد کے اطلاق کی وہ متحمل نہیں ہوسکتی (دیکھو کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۸۹)۔

باب ۱۲

کے مطابق بن جائیں۔ بے نقص ٹیکس کے لئے ضروری ہے کہ (۱) وہ نہ تو کسی آلۂ پیدائش یا اساسی یا مفید عمل پیدائش کے محرک کو بے دخل کرے یا خطرے میں ڈالے، اور (۲) نہ صرف کسی اساسی یا مفید عنصر کو دور یا کم کرے۔[1] ان اصول کی سختی سے پابندی کے معنی یہ ہیں کہ صرف غیر اکتسابی زائد آمدنیوں پر محصول لگایا جائے، خواہ وہ زمین سے وصول ہوں یا دوسرے ذرایع سے؛ یا اگر اکتسابی اور غیر اکتسابی دونوں قسم کی آمدنیوں پر محصول لگانا ہے تو اول الذکر پر موخر الذکر کے مقابلے میں بہت ہی ادنی شرح سے لگانا چاہئے۔[2] اس لئے حکومت نظری طور پر غیر اکتسابی آمدنی سب کی سب جذب کر سکتی ہے

---

[1] دیکھو جے، اے، ہابسن کی کتاب موسوم بہ "نئی مملکت میں محصول"، صفحہ ۱۔

[2] مالگزاری کی حد تک اس اصول کے عمل کی حسب ذیل تشریح و توضیح کی جا سکتی ہے: فرض کیجئے کہ اکتسابی اور غیر اکتسابی آمدنیوں کے محصول کی شرحیں اس اصول کے مطابق منظم کی جاتی ہیں کہ دو ہزار روپے سالانہ سے کم کی جملہ اکتسابی آمدنیاں مستثنی کی جائیں؛ یہ کہ دو ہزار سے اوپر کی اکتسابی آمدنیوں پر بشرح ۵ فیصد اور غیر اکتسابی آمدنیوں پر بشرح ۵۰ فیصد محصول عائد کیا جائے۔ فرض کیا جائے کہ ایک خاصا بڑا زمیندار ہے جو اپنی زمین کو پٹے پر دینے کے بجائے اس پر خود کاشت کرتا ہے۔ اس کے جملہ مصارف کو مہیا کرنے کے بعد اور اس کی ذاتی اُجرت تنظیم اور اس کے اصل کے سود کو علٰحدہ کرنے کے بعد یہ فرض کیجئے کہ اس کی خالص مجموعی آمدنی دو ہزار روپے ہوتی ہے جس کے منجملہ ایک ہزار روپیہ جو کم برداشت کرنے اور اصل لگانے کا صلہ ہے اور باقی ایک ہزار روپیہ اس کی حقیقی غیر اکتسابی زائد آمدنی ہے۔ چونکہ اس کی اکتسابی آمدنی حد استثنا سے کم ہے اس لئے وہ اس پر کچھ ادا نہ کرے گا؛ بلکہ اپنی آمدنی کے غیر اکتسابی حصے پر صرف ۵۰۰ روپیہ ادا کرے گا۔ اگر اکتسابی آمدنی تین ہزار روپے اور غیر اکتسابی آمدنی ایک ہزار روپیہ ہوتو، وہ اول الذکر پر ۵۰ روپیہ اور مابعد الذکر پر ۵۰۰ روپیہ ادا کرے گا۔ اگر وہ اپنی زمین کو پٹے پر اٹھادے اور ایک "مقررہ لگان" سالانہ وصول کرے تو بھی ٹھیک یہی استدلال صادق آئے گا۔ اس کو جو محصول ادا کرنا ہوگا اس کا انحصار اکتسابی اور غیر اکتسابی آمدنیوں کے تناسب پر ہوگا جو اس کے وصول کردہ لگان میں شامل ہوں گی۔

باب ۱۲ اگرچہ حقیقی طور پر اس کا صرف ایک مقررہ جزو وصول کیا جاسکتا ہے تاکہ غلطی اگر ہو تو سلامت روی کی جانب اور ان عملی دشواریوں کا لحاظ کیا جائے جو غیر اکتسابی آمدنی کا صحیح حساب کرنے کی راہ میں پیش آتی ہیں۔ انکم ٹیکس کا موجودہ طریقہ اس لئے ناقص ہے کہ اس میں اکتسابی اور غیر اکتسابی آمدنی پر یکساں و مقررہ شرح سے محصول عائد کیا جاتا ہے۔ محصول ارضی اس لحاظ سے ناقص ہے کہ ایسے کھیتوں کی چھوٹی سی چھوٹی زرعی آمدنیوں پر محصول عائد کیا جاتا ہے جو مسلمہ طور پر غیر معاشی ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں تمام زمینوں پر مالگزاری ادا کی جاتی ہے خواہ ان سے حقیقی طور پر آمدنی حاصل ہو یا نہ ہو۔ مالگزاری اور انکم ٹیکس کے درمیان ایک اور فرق یہ ہے کہ مؤخر الذکر ہر شخص پر اس کی محصلہ آمدنی کی بنیاد پر عائد کیا جاتا ہے؛ اس کے برخلاف مالگزاری کی حد تک ہر منفرد خطے کا محصول علیحدہ مقرر نہیں کیا جاتا؛ 444
اور اوسط کے طریقے کے باعث جس سے کام لینا ضروری ہے بعض خطوں پر بہت زیادہ اور بعضوں پر بہت کم محصول لگایا جاسکتا ہے۔ علاوہ ازیں نظری اعتبار سے مالگزاری، ماحصل زائد یا توفیر کا ایک جزو خیال کی جاتی ہے لیکن ظاہر ہے کہ غیر معاشی کھیتوں کی حد تک کوئی توفیر وصول نہیں ہوتی اور اس کے باوجود ان سے مالگزاری وصول کی جاتی ہے۔ اس بنا پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایک مقررہ رقبے سے کم رقبے والے کھیتوں کو مالگزاری سے مستثنیٰ کرنے کا طریقہ کس حد تک قابل عمل ہوگا۔ لیکن اس صورت میں بھی ہمیں اس دشواری سے سابقہ پڑتا ہے کہ تمام غیر معاشی کھیتوں کا فوری استثنا حکومت کو بہت ہی شدید مالی مشکلات میں مبتلا کردے گا۔ ایک اور امر قابل لحاظ ہے اور وہ یہ کہ لوگ محصول ارضی کو اس شکل میں ادا کرنے کے قدیم ترین زمانے سے خوگر رہے ہیں، اس کو چپ چاپ مان لیا اور بلا پس و پیش ادا کیا اور اس طرح محصول ادا کرنے والے کو ناانصافی واضح طور پر محسوس نہیں ہوتی۔ اسی کے ساتھ اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر ہم اپنے طریق محصول کو معقول بنیاد پر قائم کرنا چاہیں تو نہ صرف غیر معاشی کھیتوں کو جلد یا بدیر مستثنیٰ کرنا پڑے گا[1] بلکہ زمینوں کی ایسی اکتسابی آمدنی

[1] غیر معاشی کھیتوں کو مستثنیٰ کرنے کے خلاف ایک عمدہ لیکن مغالطہ آمیز دلیل کے لئے دیکھو انڈرسن کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۱۴ تا صفحہ ۱۷۔

باب ۱۲

کو بھی مستثنیٰ کرنا پڑے گا جو ایک مقررہ کمترین حد سے کم ہو اور اس کمترین حد کے ماتحت جو ترقی یافتہ نظام کے تحت غیر زرعی آمدنیوں کے لئے مناسب سمجھی جاتی ہے۔

غیر معاشی کھیتوں کو مستثنیٰ کرنے کے خلاف ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ اس سے تقسیم اراضی کی ہمت افزائی ہوگی لیکن یہ اعتراض بہت زوردار نہیں ہے۔ تقسیم اراضی کی خرابی کو دور کرنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ مناسب آئین و قوانین وضع کرکے براہ راست نہ کہ بالواسطہ مالگزاری کے طریق میں ہمواری پیدا کی جائے۔

۳۹۔ آئینی نگرانی

یہ ذہن نشین رکھنا چاہئے کہ مالگزاری کے متعلق معاملات کی آئینی نگرانی کا اصول ہندوستان میں کسی مفہوم میں نرالا یا انوکھا نہیں ہے۔ بمبئی جیسے بعض صوبوں میں مجلس قانون ساز کی جانب سے مالگزاری کا انتظام "ضابطۂ مالگزاری بمبئی" جیسے خاص ضوابط کے ذریعے کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تاہم موجودہ صورت حال اس لحاظ سے غیر اطمینان بخش ہے کہ بعض صوبوں میں کسی قسم کی آئینی نگرانی نہیں ہے؛ اس کے برخلاف بعض صوبوں میں نگرانی تو موجود ہے لیکن کھٹیا درجے کی ہے اور مالگزاری کے طریق کو انتظامی استبدادیت کے اس الزام سے بچانے کے لئے جو اس کے خلاف عائد کیا جاتا ہے آئینی نگرانی میں توسیع کرنا ضروری ہے۔[1] اس سلسلے میں جائینٹ پارلیمنٹری کمیٹی (۱۹۱۹ء) کے مندرجہ الفاظ قابل ذکر ہیں: "ہندوستان کے باشندوں پر مختلف قسم کے محصول بعض صورتوں میں شرحوں کی کوئی قانونی تحدید کئے بغیر اور بعض صورتوں میں مالگزاری کی تشخیص کے طریقوں کو قانونی طور پر پوری طرح مقرر کئے بغیر عادلانہ طریق پر
445 عائد کرنے کے بارے میں متعدد گواہوں نے جو اعتراضات کئے ہیں ان سے کمیٹی متاثر ہے۔ وہ یہ خیال کرتی ہے کہ اس بات کی کوشش کرنی چاہئے کہ نئے محصول بتدریج مجلس قانون ساز کے منشا کے مطابق عائد کئے جائیں؛ اور خاص کر وہ یہ مشورہ دیتی ہے کہ مالگزاری کی تشخیص کی نظر ثانی کے عمل کو قوانین و ضوابط کی

---

[1] دیکھو حکومت ہند کا مراسلہ ۱۹۱۹ء کی دستوری اصلاحوں کے بارے میں، سر سنکرن نائر کی اختلافی رائے۔

باب ۱۲

زیادہ قریبی نگرانی میں لانا چاہیئے۔ کمیٹی مذکور یہ خیال ظاہر کرتی ہے کہ اس بات کا وقت آگیا ہے کہ قانون میں ان اہم اصول کو شامل کر لیا جائے جن کے ذریعے سے مالگزاری متعین ہوتی ہے اور تشخیص کے طریقے، مالگزاری کی انتہائی مقدار، نظر ثانی کی مدت، تدریجی اضافوں کے تعین اور دوسرے اہم علموں کے متعلق بھی جو تکیں ادا کرنے والوں کی خوش حالی پر اثر انداز ہوتے ہیں قوانین مدون کر لیے جائیں۔ کمیٹی نے یہ خیال ظاہر کیا کہ اس بات کی ضرورت تھی کہ مجالس قانون ساز میں دیہی جماعتوں کی کافی نمائندگی کا انتظام کرنے کے بعد اور اس شعبے کو وزرا کے تفویض کرنے سے پیشتر یہ اصلاح کی جائے۔

۴۰۔ مالگزاری کے متعلق آئین سازی کی ترقی۔

مذکورۂ بالا سفارش صوبہ واری مجالس قانون ساز میں بہت کچھ بحث مباحث کا مرکز بنی رہی۔ چنانچہ ان میں حسب ذیل امور کی بذریعہ قانون زیادہ مکمل تنظیم کرنے پر غور ہو رہا ہے۔ (۱) اصول بندوبست اور مالگزاری کی معیاری شرح کا تعین؛ (۲) بندوبست کی نظر ثانی کے موقع پر اضافے کی تحدید؛ (۳) بندوبست کی مدت۔ ۱۹۲۰ء تا ۱۹۲۹ء میں پنجاب، صوبۂ متحدہ اور صوبۂ متوسط کی مجالس قانون ساز میں ایسے مسودہ ہائے قانون منظور ہوئے جن میں مالگزاری کی تشخیص کے اصول کو ضابطۂ قانون کی شکل میں مدون کیا گیا[1]۔ قانون ترمیم مالگزاری پنجاب بابت ۱۹۲۹ء کی رو سے حکومت کا حصہ خالص آمانہ کا ایک چوتھائی مقرر کیا گیا ہے اور بندوبست کی مدت بڑھا کر ۴۰ سال کر دی گئی ہے۔ بنگال، بہار اور اوڑیسہ میں وضع آئین اس لئے ضروری نہیں خیال کی گئی کہ ان صوبوں میں بڑے بڑے علاقے دوامی بندوبست کے تحت ہیں۔ مدراس اور آسام میں[2]

---

[1] دیکھو ایک کتاب "ہندوستان ۱۹۲۰ء تا ۱۹۲۹ء میں" صفحہ ۳۲۱۔

[2] آسام میں ستمبر ۱۹۳۰ء میں ایک مسودۂ قانون منظور ہوا جس کی رو سے مالگزاری کی انتہائی شرح خام پیداوار کی مالیت کے ۱۲½ فیصد کی بجائے جیسا کہ حکومت نے تجویز کیا تھا، ۱۱ فیصد مقرر ہوئی۔ مجلس قانون ساز کی مختلف جماعتوں کے نمائندوں میں باہمی سمجھوتے کے نتیجے کے طور پر یہ طے کیا گیا تھا کہ

باب ۴

مالگزاری کی تشخیص کی تنظیم کے متعلق قوانین وضع کرنے کی کوششیں ناکام ثابت ہوئیں۔ برما میں اس کے مخصوص حالات کے باعث اس مسئلے پر غور و خوض ملتوی کر دیا گیا ہے۔

446 بمبئی میں مجلس قانون ساز کی منظورہ قرارداد کی بموجب جون ۱۹۲۴ء میں مالگزاری کی تشخیص کی کمیٹی مقرر ہوئی۔ اس کمیٹی کے غیر سرکاری ارکان نے پرزور سفارش کی کہ مجلس قانون ساز کی ایک مستقل مشاورتی کمیٹی قائم کی جائے جو بندوبست کی نظر ثانی کے تمام تجاویز کو جانچے اور یہ کہ اگر کمیٹی کی سفارشیں حکومت منظور نہ کرے تو مجلس قانون ساز کی صریح منظوری کے بغیر تجاویز روبہ عمل نہ لائی جائیں چونکہ حکومت کا قدرتی میلان مالی نقطۂ نظر پر زور دینے کی طرف ہوتا ہے جو مالگزاری ادا کرنے والوں کے خلاف پڑتا ہے اس لئے ایسی کمیٹی کا قیام یقیناً نہایت مناسب ہوگا۔[1] اس تجویز کے بارے میں پہلا سرکاری اعتراض یہ ہے کہ بندوبست کا کام اس قدر فنی ہے کہ مشیروں کی غیر فنی جماعت اس کو مناسب طریقے پر سمجھ نہیں سکتی اور دوسرے یہ کہ ممکن ہے کہ مشاورتی کمیٹی کے ارکان دیہی آرا کو حاصل کرنے اور اپنے رائے دہندوں اور حمایتیوں کو خوش کرنے کے لئے معتدل اضافوں کی تجاویز کی بھی مخالفت کریں۔ پہلا اعتراض اس قدر قوی نہیں ہے جیسا کہ وہ پہلی نظر میں معلوم ہوتا ہے اس لئے کہ بندوبست کا عملی طریقہ اس قدر ادق و پیچیدہ نہیں ہے کہ وہ غیر سرکاری ارکان اور خاص کر زرعی و دیہی معاملات کا تجربہ رکھنے والوں کی فہم سے باہر یا بالاتر ہو؛ اور بہر صورت ان کی معلومات کی کمی کو پورا کرنے کے لئے کمیٹی میں دو ایک سرکاری ماہر شریک کر لئے جا سکتے ہیں۔ دوسرے اعتراض کی حد تک یہ خیال کرنا بے انصافی ہے کہ غیر سرکاری ارکان پر یہ بھروسا

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ شرح ۱۲½ فیصد مقرر کی جائے۔ چنانچہ گورنر نے اس مسودۂ قانون کو مکرر غور کے لئے مجلس میں واپس بھیجا لیکن مجلس نے ۱۲½ فیصد کی اعلیٰ شرح منظور کرنے سے انکار کر دیا۔ اس لئے گورنر نے اس مسودے کو نامنظور کر دیا۔ دیکھو "ہندوستان ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء میں" صفحہ ۵۷۔

[1] دیکھو حکومت ہند کی قرارداد بابت ۱۹۲۷ء "تشخیص مالگزاری بمبئی کی کمیٹی کی رپورٹ" اور "کمیٹی کے سرکاری ارکان کی رپورٹ" کے بارے میں۔

باب ۱۳ نہیں کیا جا سکتا کہ وہ دیہی رائے دہندہ کو خوش کرنے کے علاوہ کچھ کرے گا اور وسیع نقطۂ نظر سے اپنی آزادانہ رائے کو کام میں لائے گا؛ رہا مالگزاری کے اضافے کی مخالفت کرنے کے بارے میں غیر سرکاری رکن کا میلان طبع تو وہ عاملہ کے اس کے برعکس میلان کو متوازن کرنے کے لئے نہایت ضروری ہے۔ آئینی نگرانی کی مخالفت اس بنیاد پر کرنا کہ مالگزاری کا بندوبست کلیتہً عاملہ کا معاملہ ہے اقتضائے زمانہ کے خلاف ہے۔ مجالس قانون سازیہ ماننے کے لئے کسی حال تیار نہیں ہیں کہ اس معاملے کو ان کی نگرانی سے الگ رکھا جائے چنانچہ وہ اس پر آئینی نگرانی رکھنے کے متعلق تفصیلات پر غور و خوض بھی شروع کر چکی ہیں اور ممکن ہے کہ مشاورتی کمیٹی جیسی مستند جماعت کی عدم موجودگی میں کونسلوں میں حکومت کی بندوبست کی پالیسی کے بارے میں بہت ہی تلخ بلکہ غیر ذمہ دارانہ بحث ہو۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مجلس قانون ساز کے بھرے اجلاس میں بندوبست کی رپورٹ پر غور و بحث ناموزوں ہے۔ چنانچہ اس سے بچنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ ایک مشاورتی جماعت کو منظور کر لیا جائے جس پر مجلس قانون ساز اور حلقۂ انتخاب کنندگان کو کافی اعتماد ہو۔ حکومت بمبئی نے حال ہی میں اپنی اس غیر مصالحت پسندانہ روش کو بدل دیا ہے کہ وہ غیر سرکاری نگرانی کی ہر شکل کی مخالف ہے اور جدید مجوزہ مسودۂ قانون مالگزاری کے سلسلے میں 447
یہ یقین دلایا ہے کہ نہ صرف متعلقہ زمینداروں کو بلکہ عوام کی جماعتوں اور انجمنوں کو بھی اس کا موقع دیا جائے گا کہ افسر بندوبست کی تجاویز پر غور و بحث کریں۔ لیکن اس کے علاوہ یہ بھی مناسب ہوگا کہ بمبئی کی تشخیص مالگزاری کی کمیٹی کے غیر سرکاری ارکان کے مجوزہ طریقے کے موجب ایک مستقل مشاورتی کمیٹی ترتیب دی جائے۔

448

باب ۱۳

صنعتوں پر ایک عام نظر

۱۔ ہندوستان کی حال کی صنعتی تاریخ

اس باب میں ہم ہندوستان کی صنعتی صورت حال پر ایک نظر ڈالنا چاہتے ہیں۔ بعد کے بابوں میں خاص خاص مسائل مثلاً مسئلۂ تامین، بڑے پیمانے کی صنعتوں اور گھریلو صنعتوں وغیرہ پر بحث کی جائے گی۔ ہم ہندوستان کی صنعتی تاریخ پر قریب قریب انیسویں صدی کے ختم تک تبصرہ کر چکے ہیں[1] اور یہ بیان کیا جا چکا ہے کہ انیسویں صدی کے آغاز تک ہندوستان کس طرح بہ یک وقت صنعتی اور زرعی ملک تھا، اس کی صنعتیں معاصر معیاروں کے مطابق درجۂ کمال پر کس طرح پہنچ گئی تھیں۔ لیکن اٹھارھویں صدی کے آغاز سے کئی ناموافق اثرات کے نتیجے کے طور پر ان میں کس طرح انحطاط اور زوال شروع ہوا۔ گزشتہ صدی کے آٹھویں عشرے سے اور خاص کر موجودہ صدی کے آغاز سے صنعتی معاملات میں ہندوستان کی پسماندگی دلبرا بھائی نوروجی اور رانا ڈے جیسے محبان وطن اور علمائے معاشیات کی جاذب توجہ بن گئی تھی،

---

[1] دیکھو باب ۴۔

باب ۱۱ اور اسی کو اس بات کا ذمہ دار قرار دیا گیا تھا کہ بار بار وقوع پذیر ہونے والے قحطوں سے ملک تکلیف اٹھا رہا تھا اور عوام انتہائی افلاس میں زندگی بسر کر رہے تھے۔ قحط بھی افلاس ہی کی علامت تھے۔ ۱۸۷۰ء کا قحط کمیشن یہ خیال ظاہر کرنے میں بالکل حق بجانب تھا کہ ہندوستان میں قحط کے بار بار رونما ہونے کے ہم اسباب میں سے ایک سبب یہ تھا کہ صنعتوں میں تنوع کا فقدان تھا۔ اور کمیشن نے اس نقص کو دور کرنے کے بارے میں زور دیا۔ ۱۹۰۱ء کے قحط کمیشن نے بھی صورت حال کی تشخیص اسی کے مماثل کی اور علاج بھی اسی کے لگ بھگ تجویز کیا۔ یہ خیال ترقی کرتا گیا کہ فطرت نے یہ مقدر نہیں کیا تھا کہ ہندوستان ہمیشہ کے لئے مصنوعات کی مدتک دوسرے ممالک کا محتاج و دست نگر بنا رہے۔ وہ چند صنعتیں بھی جو ملک میں حکومت کی امداد کے بغیر قائم ہو گئی تھیں بڑی حد تک بیرونی سرمایہ اور مہم جوئی کی ممنون کرم تھیں۔ یہ ایسی صورت حال تھی جو قومی نقطۂ نظر سے بہ مشکل المینان بخش خیال کی جا سکتی تھی۔ حکومت جاپان کی مثال سامنے موجود تھی جس نے اپنے ملک کو حیرت ناک طریقے پر قلیل مدت میں صنعتی قوموں کی صف اول میں لا کھڑا کر دیا تھا اور اس کی یہ سرگرم جدوجہد ہمارے ملک کی حکومت کے تکلیف دہ اور خیر خواہ روانہ طرز عمل اور روش کا بالکل ضد تھی۔ گزشتہ صدی کے اختتام پر لنکاشائر کے دباؤ کے تحت روئی پر محصول چنگی کا عائد کیا جانا اس بدگمانی کو تقویت دے رہا تھا کہ حکومت ہند وستان کی صنعتی ترقی سے محض تغافل ہی نہیں برت رہی تھی بلکہ اس کے حق میں اس سے بھی زیادہ برے طریقے سے پیش آ رہی تھی۔ ۴۵۹

ان حالات میں یہ امر عجب خیز نہیں ہے کہ عوام کے افلاس کی وجہ سے اور متوسط طبقے کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لئے صنعتی میدان میں کھپت کی گنجائش نہ ہونے کے باعث جو معاشی بے اطمینانی پیدا ہو چلی تھی اس نے سیاسی رنگ اختیار کرنا شروع کر دیا۔ چنانچہ انڈین نیشنل کانگریس کے ساتھ ساتھ ۱۹۰۵ء میں ہندوستانی صنعتی کانفرنس کا انعقاد معاشی و سیاسی بے چینی و بے اطمینانی کے ملاپ کی پہلی قطعی علامت تھا۔ اور اس میل اور اتحاد کو اس ہنگامے اور شور غل سے بہت بڑی حد تک تقویت پہنچی جو تقسیم بنگال کو منسوخ کرنے کے لئے رونما ہوئی تھی۔ اسی ایک

باب ۱۲

مقررہ مقصد کا اظہار سودیشی کی تحریک کے ذریعے سے ایجابی شکل میں، اور مقاطعے کے ذریعے سے سلبی شکل میں ہوا۔[1] غرض ملک کے طول و عرض میں صنعتی گرمجوشی اور خروش کی بہت بڑی لہر دوڑ گئی۔ چنانچہ سوتی پارچہ بافی، مسلوں، چھری چاقو، قینچی، دیاسلائیوں، شیشہ و آلات وغیرہ کے کئی کارخانے اور فیکٹریاں قائم ہو گئیں؛ لیکن ان میں سے اکثر کارخانے تباہ ہو گئے؛ جس کی ایک وجہ تو یہ تھی کہ عملی تجربہ معدوم تھا اور دوسری اس سے بھی بڑی وجہ یہ تھی کہ کاروباری تجربہ مفقود تھا اور آخر میں اس وجہ سے کہ حکومت نے اس تباہی کو روکنے کے لیے اپنی چھنگلیا تک نہیں اٹھائی۔ ریلوں کے کرایے میں امتیازات کی پالیسی کو جاری رہنے دیا گیا جو ہندوستانی صناعوں کے اغراض کے منافی تھی۔ غیر ملکی مسابقت کے لیے کھلا میدان چھوڑ دیا گیا اور اس کی روک تھام تامینی محصول یا دوسرے ذرایع سے نہیں کی گئی۔ اس طرز عمل کا باعث سراسر اصول عدم مداخلت ہی نہ تھا جو کم و بیش غیر متناقض طریقے پر حکومت کا مسلک تھا۔ یہ طرز عمل مقاطعے کو سودیشی کی تحریک سے وابستہ کر دینے کی وجہ سے رونما ہوا چنانچہ اسی بائیکاٹ یا مقاطعے کی بنا پر یہ تحریک نہ صرف حکومت بلکہ بے شمار خانگی افراد کی ہمدردیوں سے محروم ہو گئی۔ صنعتوں کی تباہی نے، خواہ اس کے کچھ ہی اسباب ہوں، بلاشبہہ پرزور طریقے پر یہ سبق سکھایا کہ اس ملک میں حکومت کی قوی اور پرجوش امداد کے بغیر صنعتوں کے لیے کم از کم ان کی ترقی کے ابتدائی مرحلوں میں کوئی موقع نہ تھا۔ چنانچہ زمانۂ قبل از جنگ میں ہندوستانی صنعتوں نے بہت ہی گھٹیا طریقے پر ترقی کی۔ سچ پوچھو تو بڑی اور منظم صنعتیں، جو مستحکم بنیاد پر قائم تھیں، صرف یہ تھیں: ہندوستان کی سوتی پارچہ بافی کی گرنیاں، بنگال کی سن کی صنعت اور بہار، اوڑیسہ اور بنگال کی کوئلہ کی کانوں کی کھدائی کا کاروبار۔ لیکن اس امر کا ذکر بھی ضروری ہے کہ ہندوستانی مہم جوئی کے تحت صنعتی ترقی کے میدان میں ایک نہایت اہم قدم بڑھایا گیا یعنی بمقام سیکچی (جمشید پور) ٹاٹا آئرن اینڈ اسٹیل کمپنی کا افتتاح ہوا، جو دراصل ۱۹۰۷ء میں قائم ہوئی اور جس نے

[1] دیکھو مونٹیگو چمسفورڈ رپورٹ، فقرہ ۳۳۵۔

باب ۱۲ سنہ ۱۹۱۲ سے کاروبار شروع کیا۔ دوسری متعدد و متفرق صنعتیں اور حرفتیں، مثلاً روئی صاف کرنے اور دبانے کے کارخانے، سن دبانے کے کارخانے، کاغذ کی گرنیاں، چاول کی گرنیاں، شکر کے کارخانے، پٹرولیم صاف کرنے کے کارخانے، کارہائے چرم، انجنیری کے کارخانے وغیرہ بھی معرض وجود میں آئے، لیکن وہ اتنے بڑے پیمانے پر یا اتنے اہم نہ تھے کہ یہاں سرسری ذکر سے زیادہ کسی بیان کے مستحق ہوں۔

450 **۲۔ صنعتی ترقی کے بارے میں حکومت کی پالسی پر ایک نظر[1]**

یہاں ان مختلف تغیرات پر مختصر تبصرہ کرنے کے لئے جو ہندوستانی صنعتوں کے بارے میں حکومت کی پالسی میں واقع ہوئے ہیں کچھ توقف کرنا مناسب ہوگا۔ یہ تو پہلے بیان ہو چکا ہے کہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے تجارتی میلانات نے اس کو کس طرح ابتداءً ان صنعتوں کی اصلاح و ترقی کا حامی بنایا جن پر اس کی برآمدی تجارت کا دارومدار تھا۔ لیکن اس پالسی کو انگلستان کے حقوق قائمہ کے دباؤ کے باعث ترک کرنا پڑا، اور ہندوستان ابتدائی طور پر اشیائے خام کا بیش بہا سرچشمہ خیال کیا جانے لگا جو انگلستان کی مصنوعات کی ترقی کے لئے ضروری تھیں۔ یہ طرز عمل، قدیم نوآبادیاتی پالسی کا ترکہ تھا، اور کمپنی کے تجارتی جماعت کی حیثیت سے باقی نہ رہنے کے بعد کچھ زمانے تک بلکہ اس کے معدوم ہو جانے اور اس کی جگہ ۱۸۵۸ء میں تاج کی براہ راست حکمرانی قائم ہو جانے کے بعد بھی قائم رہا۔ جس چیز کا محرک ابتداءً ذاتی مفاد تھا اس کو بعد میں چل کر نظریۂ عدم مداخلت کے رواج سے اس زمانے میں انگلستان اور ہندوستان دونوں مقامات پر تقویت حاصل ہو گئی۔ صنعتی ترقی میں حکومت کی دلچسپی گاہ گاہ تو ظاہر ہوئی، لیکن بہت وقفے یا ناغہ سے اور اتفاقی طور پر۔ یہ دلچسپی صورت حال کی ضرورتوں

[1] اس موضوع کی زیادہ مفصل بحث خاص کر زمانۂ جنگ اور زمانۂ بعد از جنگ کے متعلق حالات کی بحث کے لئے دیکھو اے جی کلو کی کتاب موسوم بہ "حکومت و صنعت" باب آ تا باب ۴، نیز ڈبلیو ایچ بکانن کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں اصلداری مہم جوئی کی ترقی" صفحہ ۴۶۰ تا صفحہ ۴۷۵۔

باب ۱۳

کے لئے مضحکہ خیز طریقے پر ناکافی تھی اور اس نے ایک مدت دراز تک فنی و صنعتی تعلیم اور تجارتی و صنعتی معلومات کی فراہمی و اشاعت کے بہت ہی ناقص انتظام سے تجاوز نہ کیا۔ چند صنعتی نمائشیں منعقد کی گئیں اور ہندوستانی صنعتوں کے بارے میں چند رسالے اور مضامین شائع کئے گئے؛ لیکن حکومت کی طرف سے جو کچھ کارروائی ہوئی اس کا باعث زیادہ تر چند غیر معمولی طور پر دور اندیش انفرادی عہدہ داروں کی جد و جہد تھی، نہ کہ حکومت کی بغور مرتب کردہ کوئی جامع اور ٹھوس پالیسی۔ تاہم حکومت کی پالیسی میں بتدریج تغیر رونما ہوا؛ چنانچہ اس کی پہلی علامت یہ تھی کہ ۱۹۰۵ء میں لارڈ کرزن کی ایما پر ایک جداگانہ مرکزی محکمۂ صنعت و حرفت قائم ہوا۔ اس اثنا میں انفرادی صوبہ داری حکومتوں مثلاً حکومت ہائے صوبۂ متحدہ و مدراس نے صنعتی پالیسی کے لائحۂ عمل پیش کرنے شروع کر دیے تھے جس میں حکومت کی گہری امداد باہمی تعاون اور نگرانی ضروری تھی۔ چنانچہ جب حکومت مدراس کے حوصلے المونیم کی صنعت میں اپنے کامیاب تجربے کی وجہ سے بڑھ گئے تو اس نے اس کی بنا پر خود کو صنعتی ترقی میں روز افزوں سرگرم حصہ لینے کے اصول کا پابند کر لیا اور اس کے نتیجے کے طور پر دستی کرگھے کی پارچہ بافی اور کروی چرم کی صنعت وغیرہ کو بہت بڑی حد تک فروغ ہوا۔ صنعتی و فنی تعلیم کی اشاعت و ترقی اور نگرانی کی غرض سے ایک خاص افسر کا تقرر عمل میں آیا۔ یوں تو ان سب مستحسن کوششوں کے بارے میں ہندوستان کی یورپین 451
تجارتی جماعت میں غرض مندانہ مخالفت پہلے ہی پیدا ہو چکی تھی، لیکن لارڈ مارلے کے اس وقت کے وزیر ہند کے ۱۹۱۰ء کے مراسلے نے ان کوششوں کے راستے میں اچانک رکاوٹ پیدا کی۔ لارڈ مارلے اپنے عدم مداخلت کے مسلک پر مضبوطی سے جمے رہے اور نئی صنعتوں کو قائم کرنے کے بارے میں حکومت کی براہ راست جد و جہد کی مخالفت کی، خواہ وہ تجربے اور مظاہرے کی خاطر کی جائے یا صنعتوں کو آخر کار غیر ملکی ہم جو افراد کے ہاتھوں منتقل کرنے کے مقصد سے۔ جس پالیسی کو وہ منظور کرنے کے لئے تیار تھے یہ تھی کہ سرکاری رقم پیدائش کے طریقوں کی ایسی اصلاح و ترقی سے عوام کو واقف کرنے کے لئے خرچ کرنی چاہیئے جو یورپی ممالک کی جدید سائنس اور طریق عمل کی بنا پر رونما ہو۔ اس سے آگے حکومت کو نہ جانا چاہیئے اور اس امر کو مہم جو افراد پر

باب ۱۲

چھوڑ دینا چاہیے کہ وہ یہ ثابت کر دکھائیں کہ اس اصلاح و ترقی کو کاروباری نقطۂ نظر سے فائدے کے ساتھ اختیار کیا جا سکتا ہے۔[1] لارڈ مارلے کے اس مشہور مقولے نے حکومت مدراس کے جوش کو ٹھنڈا کر دیا؛ چنانچہ اس نے بعد میں مل کر اپنے احکام کی اصلاح کی کوشش کی اور ضرورت سے زیادہ رجعت پسندی اختیار کی۔[2] لارڈ مارلے کے جانشین لارڈ کرو نے یہ بتلایا کہ حکومت مدراس نے اپنی کوششوں کو صنعتی مدارس کے قیام و انتظام تک محدود رکھ کر ۱۹۱۰ء کے مراسلے کی بنیاد پر بہت ہی پھونک پھونک کر قدم آگے بڑھایا۔ جدید وزیر ہند نے یہ اعلان کیا کہ وہ اس کے لیے تیار تھے کہ اس سے کسی قدر زیادہ دلیرانہ پالیسی اختیار کریں؛ لیکن اب حکومت ہند کی باری تھی کہ وہ اس بارے میں شبہات میں مبتلا ہو کہ وہ مظاہرے کے کارخانے قائم کرنے، مالی امداد کرنے اور صنعتوں کو دوسری شکلوں میں براہ راست مدد دینے کی تجاویز منظور کرنے میں کس حد تک حق بجانب تھی۔ حکومت کے راستے میں ایک اور رکاوٹ یہ تھی کہ ضروری انتظام اور ساز و سامان موجود نہ تھا۔ چنانچہ حکومت نے یہ خیال ظاہر کیا کہ اسی چیز نے لارڈ مارلے کی منظورہ انتہائی محتاط پالیسی کو بھی عملی جامہ پہنانے سے باز رکھا تھا۔ اس کا صاف اور ترکی بہ ترکی جواب تو بلا شبہ یہی تھا کہ اس کو مطلوبہ انتظام اور ساز و سامان فراہم کر لینا چاہیے تھا۔ لیکن خواہ اس کے کچھ ہی اسباب ہوں، واقعہ یہ ہے کہ حکومت اس جوش و خروش سے کام لینے سے

---

[1] دیکھو صنعتی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ (۱۰۸)

[2] پنڈت مدن موہن مالویہ اس رائے سے کلیۃً متفق نہیں ہیں جو صنعتی کمیشن کی اکثریت کی رپورٹ نے "لارڈ مارلے کے ۱۹۱۰ء کے مقولے سے پیدا شدہ حوصلہ شکن اثر" کے بارے میں پیش کی تھی۔ پنڈت جی یہ بتلاتے ہیں کہ گو لارڈ مارلے ایسے تجارتی کاروبار کے مخالف تھے جو سرکاری انتظامات کے تحت چلائے جائیں، تاہم لارڈ موصوف اس بات کے حامی تھے کہ سرکاری رقم سازوسامان سے بخوبی آراستہ صنعتی و فنی مدارس کے قائم کرنے میں خرچ کی جائے۔ لیکن حکومت ہند اس سمت میں بھی کوئی کارنمایاں کرنے سے قاصر رہی (دیکھو صنعتی کمیشن کی رپورٹ صفحہ ۳۱۳ تا صفحہ ۳۱۴ روئداد مخالفت)۔

باب ۱۳

قاصر رہی جو قومی صنعتوں کے احیاء کے لئے سودیشی کی تحریک نے پیدا کر دیا تھا۔ یہ تحریک اپنے تعمیری پہلو کے لحاظ سے عمدہ اور مفید تحریک تھی لیکن کئی عاملین نے جن میں سرکاری سرپرستی کا فقدان کچھ کم اہم نہ تھا، اس کا زور توڑ دیا۔

452

۳۔ جنگ کے زمانے میں صنعتی ترقی۔

جنگ عظیم کے زمانے تک معاملات کی روا سی طرح رہی؛ جنگ عظیم مختلف حیثیتوں سے چشم کشا ثابت ہوئی اور اس نے ضروریات زندگی کے لئے بھی غیر ملکی رسد پر انحصار کرنے کے خطرے کا بہت زیادہ واضح احساس پیدا کر دیا۔ جب غنیم ملکوں سے درآمدی تجارت کا سلسلہ ٹوٹ گیا اور متحدین نے بھی جنگ عظیم میں اپنی مصروفیت کی بنا پر اس تجارت سے اپنا ہاتھ قریب قریب بالکل کھینچ لیا تو ہندوستانی صنعتوں کی ترقی کے لئے بظاہر غیر معمولی مواقع پیش ہوئے۔ لیکن غیر ملکی حریفوں کی اس حقیقی طور پر کامل اگرچہ عارضی علحدگی سے جو موافق صورت حال رونما ہوئی اس سے کسی بڑی حد تک فائدہ اٹھانے کے لئے نہ تو حکومت تیار تھی اور نہ عوام چنانچہ ان کو یہ دیکھکر سخت اذیت اور کوفت ہوئی کہ جاپان اور ریاستہائے متحدہ امریکہ نے، جن کا حصہ اس ملک کی تجارت درآمد میں جنگ عظیم کے زمانے میں بہت بڑھ گیا تھا، ان مواقع سے خاطر خواہ فائدہ اٹھایا۔ یہ دونوں ملک ہندوستانی بازار میں اپنے پیر مضبوطی سے جمانے کے قابل اس لئے ہوئے کہ وہ پہلے ہی صنعتی ترقی کی بہت بلند سطح پر پہنچ چکے تھے۔ اس کے برخلاف ہندوستان مختلف مشکلات میں پھنسا ہوا تھا، مثلاً ضروری کلیں اور سازو سامان حاصل کرنے میں بہت دشواری تھی جن کو تیار کرنے کا طریقہ اس کو معلوم نہ تھا؛ فنی اور خصوصی ماہروں کی قلت یا کامل فقدان؛ ماہر مزدوروں، ریل کے ڈاگنوں، ساحلی کشتیوں، کوئلے اور پتھر کے کوئلے کی کلوں اور کارخانوں وغیرہ کی قلت[1]۔

علاوہ ازیں ملک کے معاشی ذرائع کو ترقی دینے کی فوجی اہمیت کو جنگ عظیم نے بہت نمایاں کر دیا۔ یہ محسوس کیا گیا کہ گو جنگ کے مشرقی میدانوں میں ہندوستان

---

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ Indian Munitions Board Industrial Hand-book صفحہ ۱۶

باب ۱۲ نے جو خدمات انجام دیں وہ قابلِ قدر تھیں، لیکن اگر ہندوستان صنعتی حیثیت سے ترقی یافتہ ہوتا تو یہ خدمات اور بھی زیادہ قابلِ قدر ہوتیں۔" موجودہ زمانے میں صنعتی حیثیت سے ترقی یافتہ ملک کی پیداوار مقدار کے لحاظ سے نہیں تو نوعیت کے اعتبار سے جنگی اسلحہ و ساز و سامان کی فہرست سے اس درجہ مطابقت رکھتی ہے کہ ہندوستان کے تمدنی ذرائع کی تشفی تقریباً فوجی ضرورت کا معاملہ بن جاتی ہے۔[1] ان تمام ملحوظات کے نتیجے کے طور پر ۱۹۱۶ء میں ہندوستانی صنعتی کمیشن کا تقرر ہندوستان کی صنعتی ترقی کے کل مسئلے کو جانچنے کے لئے عمل میں آیا۔ اس کمیشن کا کام یہ قرار دیا گیا کہ وہ صنعت و تجارت میں ہندوستانی اہل کو منصفانہ بخشش طریقے پر لگانے کے نئے راستے تبلائے اور یہ مشورہ دے کہ حکومت کس طریقے پر صنعتی ہم جوئی کی مفید طریقے پر براہ راست ہمت افزائی کر سکتی تھی۔ اس کمیشن کی رپورٹ شائع شدہ ۱۹۱۸ء میں ہندوستان کو زیادہ خود کفیل و خود کفیل 453
بنانے کے مقصد سے ملک کی صنعتی ترقی کو آگے بڑھانے میں حکومت کی سرگرم امداد کی اہمیت پر خاص طور پر زور دیا گیا۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے کمیشن نے اس چیز کو ضروری خیال کیا کہ حکومت کو کافی انتظامی ساز و سامان مہیا کرنا چاہیے اور سائنس اور فنی معاملات کے بارے میں قابلِ اعتماد ماہرانہ مشورہ حاصل ہونا چاہیے۔ اس لحاظ سے کمیشن کی اہم سفارشوں میں سے ایک یہ تھی کہ خصوصی صنعتی و کیمیائی محکمے اور صنعتوں کی صوبہ داری مجلسیں قائم کی جائیں۔

۴۔ ہندوستانی مجلس اسلحہ۔

اس اثنا میں حکومت ہند نے فروری ۱۹۱۷ء میں ہندوستانی مجلس اسلحہ اس غرض سے قائم کی کہ خاص کر جنگ کی پیدا کردہ ضرورتوں کے لحاظ سے ہندوستان کے ذرائع کو ترقی دی جائے اور ان کی نگرانی کی جائے۔ ہندوستان میں جو اشیا اور مصنوعات تیار نہ ہوں ان کی طلب کو محدود اور منظم کیا جائے، اور ہندوستان کے صنعتی ذرائع کو جنگی اغراض کے کام میں لایا جائے تاکہ جہازی مال

[1] دیکھو مونٹیگو چمسفورڈ رپورٹ، فقرہ ۳۳۷۔

باب ۱۰ کی مانگ میں کمی کرنے کا خاص مقصد پورا ہو۔ گو جاری کردہ ہدایات کے تحت بورڈ پر لازم تھا کہ اپنی جد و جہد کو سب سے مقدم مقصد یعنی خاکسر مشرقی جنگی میدانوں میں جنگ جاری رکھنے میں مدد دینے کے لئے وقف کر دے، لیکن مجلس مذکور مقررہ حدود کے اندر ملکی صنعتوں کو مختلف طریقوں سے ترقی دینے کے قابل ہوئی۔ مثلاً (۱) ہندوستان میں اشیا اور خام مال کی براہ راست خریداری کی گئی (۲) طریق تقدم اور فرمائشات وطن کی نگرانی کے ذریعے سے سلطنت متحدہ اور دیگر مقامات کی فرمائشوں کو ہندوستانی صناعوں کے ہاں بھیجا گیا، (۳) ان افراد اور فرموں کی امداد کی گئی جو درآمد کرنے یا باہر سے ماہروں یا ماہر مزدوروں کے حاصل کرنے کے خواہشمند تھے؛ (۴) ایسے اشخاص کے لئے معلومات اور ماہرانہ مشورے کی نشر و اشاعت کی گئی جو ہندوستان میں نئی صنعتیں قائم کرنے کے لئے تیار تھے۔ اس طریقے پر کئی صنعتوں خاص کر سوت، سن، لوہے اور فولاد کی صنعت، چرمی مصنوعات اور دیگر بے شمار صنعتوں اور حرفتوں مثلاً انجینیری کیمیاوی اشیا، معدنی تیل، کاغذ، شیشہ، سمنٹ، چاقو، قینچی، کانٹے، زرخیزی بڑھانے والی کھاد، رنگ، روغن، وارنش، آلات جراحی وغیرہ کی صنعتوں کے حق میں بہت بڑا محرک فراہم کیا گیا[1] مجلس اسلحہ کی طرف سے فرمائشات وطن اور صداقت نامۂ تقدم کے طریقے کے اختیار کرنے کے یہ معنی تھے کہ حکومت نے عملاً غیر رسمی طور پر سود لیشی کے اصول کو تسلیم کر لیا تھا؛ اور عدم مداخلت کی روایتی پالیسی سے اس جدید انحراف نے یہ ثابت کر دیا کہ ہندوستان میں حکومت کی سرگرم مدد اور تعاون باہمی سے صنعتی ترقی کے سلسلے میں کیا کچھ کیا جا سکتا ہے۔ تمام صوبوں میں جنگ کے اختتام پر صنعتی کمیشن کی سفارش کے مطابق محکمہ جات صنعت و حرفت قائم کئے گئے اور مجلس اسلحہ کو مرکزی محکمۂ صنعت و حرفت میں ضم کر دیا گیا۔ کیمیاوی خدمات کی کمیٹی
454 کا تقرر بھی صنعتی کمیشن کی سفارش کی بنا پر عمل میں آیا۔ لیکن بعد میں مل کر ایک کل ہند کیمیاوی خدمت کی تجویز ترک کر دی گئی، اور اس بارے میں صوبہ واری حکومتوں کو

---

[1] دیکھو لیں، جی پنن ڈیکر کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان پر جنگ عظیم کے معاشی اثرات" صفحہ ۱۰۳ تا ۱۰۹۔

باب ۱۲ آزادی عمل کا موقع دیا گیا؛ چنانچہ جملہ صوبہ داری حکومتیں گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ (بابت ۱۹۱۹ء) کے تحت صنعتی ترقی کی ذمہ دار بن گئیں۔ بلکہ اس مقام پر یہ بتا دیا جا سکتا ہے کہ صنعتی کمیشن نے جو اسکیم تیار کی تھی وہ اس خیال پر مبنی تھی کہ ابتدا مرکزی حکومت کی طرف سے ہوگی اس لئے کہ یہ اسکیم مانٹیگو چمسفورڈ اصلاحات کے ساتھ ٹھیک بیٹھ نہ سکی جن کا بنیادی خیال صوبہ داری خود مختاری تھا۔[1]

۵۔ زمانۂ بعد از جنگ کی صنعتی گرما گرمی۔

جنگ عظیم کے ختم ہونے کے ساتھ ہی ہر جگہ کچھ مدت کے لئے صنعتی جد و جہد اور گرم بازاری پوری تیزی کے ساتھ جاری رہی جس کا باعث یہ توقع تھی کہ مصنوعات کی طلب جو جنگ کے زمانے میں پوری نہ ہوئی تھی زور و شور کے ساتھ از سر نو رونما ہوگی؛ اور زمانہ بجنگ کے منافع کی اونچی سطح اور زر کی افراط کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اس زمانے میں ہندوستان میں مصنوعات اور برآمد ہونے والی صنعتوں مثلاً روئی، مسن، سمنٹ، فولاد، لوہا، منگنیز، روغن دار تخم، چرم وغیرہ کی مدتک کچھ مدت تک سرسبزی اور خوشحالی کا دور دورہ رہا۔ جنگ کے زمانے میں نئی کمپنیوں کے کھلنے اور جاری ہونے کی رفتار بہت سست رہی جس کا باعث یہ تھا کہ نئی کلوں، پلانٹ، ذخائر اور فنی ماہروں کے حاصل کرنے میں دشواریاں پیش آئیں۔ لیکن جنگ کے اختتام کے بعد نئی کمپنیاں کھولنے کا باقاعدہ جنون شروع ہوا جو ۱۹۱۹ء تا ۱۹۲۱ء میں خاص طور پر نمایاں رہا۔ اعلیٰ مقسوموں کا اعلان کیا گیا، اور صنعتی تمسکات کی قیمتیں اتنی بلند سطحوں پر پہنچ گئیں کہ اس سے پہلے کوئی نظیر نہیں ملتی۔ اس دور میں ہندوستان میں جتنی انجمن ہائے سرمایۂ مشترک کی رجسٹری ہوئی ان کے اعداد جاذب توجہ ہیں۔ ۱۹۱۴ء تا ۱۹۱۵ء میں ۲۵۴ کمپنیاں برطانوی ہند اور دیسی ریاستوں میں درج رجسٹری ہوئیں جن کے ادا شدہ اصل کی مقدار ۷۷، ۸۰ کروڑ روپیہ تھی۔ کمپنیوں کی تعداد اور ادا شدہ اصل کی مقدار علی الترتیب ۱۹۱۵ء تا ۱۹۱۹ء میں ۹۸، ۲۷ اور ۶، ۱۰۶ کروڑ روپیہ؛

[1] دیکھو کلو کی کتاب محولۂ بالا باب ۳۔

باب ۱۳

۱۹۱۹ء تا ۱۹۲۰ء میں ۳۶۶۸ اور ۲۳۲ کروڑ روپیہ؛ ۱۹۲۰ء تا ۱۹۲۱ء میں ۴۰۸ اور ۱۶۴ کروڑ روپیہ؛ اور ۱۹۲۱ء تا ۱۹۲۲ء میں ۵۱۸۹ اور ۲۳۰ کروڑ روپیہ تھی۔ ۱۹۱۹ء تا ۱۹۲۰ء میں جو نئی کمپنیاں درج رجسٹر ہوئیں ان کا منظورہ اصل قریب قریب ۲۷۵ کروڑ روپیہ تھا اور ۱۹۲۰ء تا ۱۹۲۱ء میں درج رجسٹر شدہ کمپنیوں کے منظورہ اصل کی مقدار تقریباً ۱۴۶ کروڑ روپیہ تھی۔ بمبئی کی سوتی کپڑے کی گرنیوں کے ادا کردہ مقسوم ۱۹۱۸ء میں ادا شدہ اصل کا ۷، ۲۳ فیصد، ۱۹۱۹ء میں ۱۰۴ فیصد، ۱۹۲۰ء میں ۲، ۳۵ فیصد اور ۱۹۲۱ء میں ۱، ۳۰ فیصد تھے۔[1] حصص کے بازار میں سٹے کا دور دورہ رہا۔ جیسا کہ حصص اور تمسکات کے دلالوں کی انجمن[2] نے اپنے بیان میں بمبئی کے تمسک صرافے کی تحقیقاتی کمیٹی سے نومبر ۱۹۲۳ء میں کہا: "جدید قائم شدہ کمپنیوں کے حصص کی قیمتیں غیر اصلی اور بناوٹی تھیں۔ چنانچہ ٹاٹا بنک کے حصص بڑھوتری کے ساتھ ۹۰ روپیہ پر بک رہے تھے، حالانکہ ہر حصے 455
پر صرف ۱۵ روپیہ ادا کئے گئے تھے اور کوئی سرمایہ محفوظ موجود نہ تھا۔ ٹاٹا آئل ملز کے حصے کی قیمت عرفی ۱۰۰ تھی، لیکن گرنی کو چلانے کے لئے کلوں کی تنصیب سے قبل ہی اس کی قیمت فروخت بڑھوتری کے ساتھ ۵۷۵ روپیہ ہوگئی تھی۔ عوام کے اس جوش و جنون کی بنا پر کہ وہ ہفتۂ عشرہ ہی میں بہت بڑا منافع حاصل کرنا چاہتے تھے تصور میں آنے والی ہر غرض کے لئے بے شمار نئی نئی کمپنیاں برساتی مینڈکوں کی طرح وجود میں آئیں۔[3] حکومت کی زری پالیسی ہی روپے کی قدر مبادلہ میں ہیجانی تغیرات کا باعث تھی، اور اسی نے گرم بازاری اور اس کے بعد سرد بازاری کو بھی سخت بنا دیا تھا۔ روپے کی قدر بحوالہ اسٹرلنگ کے سریع اضافے نے خاص کر ۱۹۱۹ء میں اور ۱۹۲۰ء کے نصف اول میں درآمد کے حق میں بہت بڑے محرک کا کام کیا، لیکن ہندوستانی برآمدی اشیاء کی شدید بیرونی طلب کے باعث برآمدی تجارت

---

[1] دیکھو مجلس صنعت پارچہ بافی کی رپورٹ، جدول (۱۸)۔

[2] (Native Share and Stock Broker's Association).

[3] دیکھو بمبئی کے تمسک صرافے کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، صفحہ ۱۔

باب ۱۲

سرد ست بہت زیادہ متاثر نہیں ہوئی۔

۶۔ تجارتی کساد بازاری

لیکن گرم بازاری چند روزہ تھی، اگرچہ اس کی مدت مختلف صنعتوں میں مختلف تھی۔ تقریباً ۱۹۲۰ء کے وسط میں حالات کا رخ بدلا اور معاشی کساد بازاری کا طویل دور شروع ہوا۔ اکثر دوسرے ممالک کی طرح ہندوستان میں بھی تجارتی دور کی عام علامتیں ظاہر ہوئیں۔ جنگ عظیم کی وجہ سے جو ناتوانی پیدا ہوئی اور انگلستان اور کئی دوسرے ملکوں میں زر کی جو تفریط رونما ہوئی اس کے باعث استوار طلب اور اعلیٰ قیمتوں کی توقعات پوری نہ ہوئیں۔ علاوہ ازیں ۱۹۲۰ء تا ۱۹۲۱ء میں روپے کی قدر مبادلہ میں یکایک بڑی کمی ہو جانے کی وجہ سے درآمد کرنے والے پریشانی اور مصیبت میں مبتلا ہو گئے اس لئے کہ ان کو توقع کامل امید تھی کہ شرح مبادلہ اعلیٰ رہے گی؛ اور دوسری طرف برآمد کرنے والوں نے شرح مبادلہ کی سابقہ اعلیٰ سطح کی پوری قوت کو اب محسوس کیا۔ پرانی صنعتوں کی توسیع اور نئی صنعتوں کا قیام جن کا خاکہ قیمتوں کی زیادتی اور گرما گرمی کے زمانے میں تیار کیا گیا تھا اب بازار کے لئے بار گراں ثابت ہونے لگا اور اس نے کساد بازاری کو اور بھی سخت کر دیا۔ کئی فرم اور کمپنیاں بند ہو گئیں اور جو تباہی سے بچ رہیں ان کے آثار بھی کچھ بہت اچھے نہ تھے۔ اس کے نتیجے کے طور پر ۱۹۲۴ء سے روپے کی قدر مبادلہ میں جو اضافہ ہوا اس نے تجارتی کساد بازاری کی مدت کو اور بھی بڑھا دیا اور ہندوستانی بازاروں میں غیر ملکی مسابقت کی قوت کو ایسے زمانے میں زیادہ کر دیا جب کہ اس کو غیر ممالک کے سکوں کی کم قدری کی وجہ سے عمدہ موقع حاصل تھا۔ چنانچہ ٹیرف بورڈ کو آہنی و فولادی اور سوتی پارچہ بافی کی صنعتوں کی تامین کے بارے میں سفارشیں پیش کرتے وقت اس مقید مسابقت اور رکاوٹ کو ملحوظ رکھنے پر مجبور ہونا پڑا؛ اس لئے کہ ان صنعتوں کو قیمتوں کے گر جانے کی وجہ سے اب نقصانات عظیم برداشت کرنے پڑ رہے تھے، یا ادا شدہ اصل پر ۱۹۲۳ء میں ۹ و ۴ فیصد اور ۱۹۲۵ء اور ۱۹۲۶ء میں ۲ و ۲ فیصد جیسے حقیر مقسوموں پر قناعت کرنی پڑ رہی تھی۔ ان حالات میں تمسک کے صرافے انتہائی طور پر غیر تبات پذیر ہو گئے اور ان کی قیمتوں

456

باب ۱۳

میں نمایاں کمی کا میلان ظاہر ہوا۔ نیویارک کے بحران (۱۹۲۹ء) اور عالمی تحریکوں کے اچانک اتار نے ہندوستان میں کساد بازاری کو اور بھی زیادہ سخت کر دیا ہے چونکہ ہندوستان زیادہ تر زرعی ملک ہے اس لئے اس کو برطانیہ عظمیٰ جیسے صنعتی ملکوں کے مقابلے میں زیادہ مصیبت جھیلنی پڑی۔ ۱۹۳۴ء کے بعد سے صنعت میں کسی حد تک بحالی رونما ہوئی ہے۔

۷۔ تامینی محصول کا نفاذ۔

لیکن جنگ عظیم کے زمانے میں ہندوستانی صنعتوں کو جو فروغ حاصل ہوا وہ بہ لحاظ نوعیت بڑی حد تک لازمی طور پر عارضی تھا، چنانچہ جب حکومت کی اغراض جنگ کی خریداریاں موقوف ہوگئیں اور نومبر ۱۹۱۸ء میں جہلت جنگ کے بعد دوسرے ملکوں سے معمولی تجارتی تعلقات از سر نو قائم ہو گئے تو یہ عارضی ترقی رک گئی۔ اس طرح ہندوستانی مصنوعات پر غیر ملکی مسابقت کی زد وہ بارہ پوری قوت کے ساتھ پڑی، اس لئے کہ اول تو تامینی محصول کی شکل میں کوئی روک نہ تھی اور دوسرے یہ کہ جنگ عظیم کے زمانے میں مالی دباؤ کے تحت جو زائد محصول درآمد باغراض آمدنی عائد کیا گیا وہ بھی اب موجود نہ تھا۔ ان حالات میں کروڑگیری کی پالیسی کی نظرثانی کے دیرینہ مطالبے نے اصرار اور تقاضے کی شکل اختیار کر لی۔ صنعتی کمیشن کے موضوع تحقیق سے کروڑگیری کی پالیسی کی بحث کو عوام کی خواہشوں کے بڑی حد تک خلاف[1] اس بنیاد پر خارج کر دیا گیا تھا کہ اس نازک موقع پر یہ مناسب نہ تھا کہ ہندوستان کی مالی پالیسی کی ترمیم کے مسئلے کو اٹھایا جائے۔ مونٹیگو چیمسفورڈ رپورٹ کے ممتاز مصنف اس خیال کی تائید میں تھے کہ ایسی صورت میں کہ ہندوستان میں آزاد تجارت کے نظریے کا کوئی بھی حامی نہ تھا، معقولیت اور انصاف کے ملحوظات کا اقتضا یہ تھا کہ ہندوستانیوں کو اپنی کروڑگیری کی پالیسی کے بارے میں فیصلہ کرنے کی کامل آزادی حاصل ہونی چاہیے، اور یہ کہ حکومت کو اس بات کا کوئی حق حاصل نہ تھا کہ

---

[1] موجودہ عالمگیر معاشی کساد بازاری کے اسباب اور ہندوستان پر اس کے اثر کے اسباب کی بحث کے لئے دیکھو باب متعلقہ تجارت ہند کتاب ہذا کی جلد دوم میں۔

باب ۱۳

تجارت آزاد کے بارے میں اپنے خیالات ان سے زبردستی منوائے چنانچہ ان کی اسی تائید نے ہندوستان میں تامینی محصول کی حامی جماعت کو بہت تقویت پہنچائی۔ اسی انداز کی اور مساوی طور پر اہم وہ سفارش بھی تھی جو مشترکہ منتخب کمیٹی نے گورنمنٹ آف انڈیا بل (۱۹۱۹ء) کے بارے میں پیش کی تھی کہ مالی آزادی کے حق میں محصول قائم کیا جائے چنانچہ اس سفارش کو بعد میں چلکر برطانوی پارلیمنٹ نے منظور کر لیا۔ جنگ عظیم نے اس مسئلے کو بہت نمایاں کر دیا تھا کہ برطانوی امپائر کے سامان کے حق میں ترجیحی طریق اختیار کرنے اور اس کی بنیاد پر امپائر کے مختلف اجزا کے درمیان مالی تعلقات کو منظم کرنے کی ضرورت تھی۔ چنانچہ جب اس مسئلے پر غور شروع ہوا تو ہندوستان اور دوسرے ممالک کے درمیان محصول کے تعلقات کا عام مسئلہ ازسرنو شد و مد کے ساتھ زیر بحث آیا۔ حکومت ہند نے فروری ۱۹۲۰ء میں
4.57 مرکزی مجلس قانون ساز کی ایک کمیٹی مقرر کی تاکہ وہ یہ تحقیق کرے کہ آیا شاہی ترجیح قابل عمل اور معقول تھی یا نہیں اور ہندوستان کی آیندہ مالیاتی پالیسی کے بارے میں سفارش پیش کرے؛ لیکن کمیٹی مذکور نے موخرالذکر مسئلے کے بارے میں معین اور قطعی سفارشیں پیش کرنے سے اپنے آپ کو قاصر بتلایا اور یہ مشورہ دیا کہ اس کے لئے ایک خاص تحقیقاتی کمیشن مقرر کیا جائے۔ اس کی بنا پر بالآخر اکتوبر ۱۹۲۱ء میں سر ابراہیم رحمت اللہ کی صدارت میں ایک مالی کمیشن (Fiscal commission) کا تقرر ہوا۔ کمیشن مذکور نے یہ سفارش کی کہ خصوصی ماہروں کی ایک جماعت کے زیر نگرانی جو ٹیرف بورڈ (مجلس کروڑگیری) کے نام سے موسوم ہو انتیازی تامین کی پالسی پر عمل کیا جائے؛ اس سفارش کو حکومت نے ۱۹۲۳ء کے اوائل میں منظور کر لیا۔ چنانچہ اس پالسی کے مطابق ایک ٹیرف بورڈ قائم کیا گیا تاکہ مختلف صنعتوں کی تامین کے مطالبات کو جانچے[1]

صنعتی ترقی سے حکومت کی بے اعتنائی ایک مدت دراز تک ملک کی معاشی آرزوؤں اور تمناؤں کے حق میں بظاہر وہی کام کرتی رہی ہے جو بودوں کے حق میں

---

[1] دیکھو جلد دوم کتاب ہذا باب ۲۔

باب ۱۱ پالا کرتا ہے۔ لیکن اب وہ قطعی طور پر ترک کر دی گئی ہے اور حکومت صنعتی میدان میں آزاد تجارت اور عدم مداخلت کے غیر نفع رساں اصول کو دہرانے کے بجائے صنعتی ترقی کو مستحکم بنیاد پر آگے بڑھانے کے لئے سعی بلیغ کر رہی ہے۔ لیکن غیر سرکاری رائے اس سے زیادہ جدوجہد پر زور دے رہی ہے جتنی کہ حکومت کی جانب سے عمل میں آ رہی ہے، تاکہ صنعتی ترقی کی رفتار اور زیادہ تیز ہو۔ ہمیں یقین ہے کہ اگر حکومت کی طرف سے مناسب انتظام و نگرانی ہو تو مقابلۃً قلیل مدت میں صنعت میں معقول توسیع و ترقی ہوگی۔ ہمیں سر ٹکل ورٹ کے اس خیال سے اتفاق نہیں ہے کہ "ہندوستانی صنعتوں کو مختصر مدت تک سرکاری طور پر مالی امداد دیکر یورپ کی ۶ سو سالہ صنعتی ترقی کی سطح تک پہنچانے کی کوشش کا نتیجہ ناکامی اور مایوسی کے سوا اور کیا نکل سکتا ہے"[1] چنانچہ انیسویں صدی میں جرمنی اور جاپان کی سریع صنعتی ترقی، اس قسم کے استدلال کو غلط ثابت کرتی ہے۔ اس کے مماثل دلیل سیاسیات کے میدان میں بھی عام طور پر پیش کی جاتی ہے، اور کہا جاتا ہے کہ انگلستان کو جس چیز کے حاصل کرنے کے لئے دستوری ارتقا کے ایک ہزار برس لگے، ہندوستان میں ایک یا دو نسل میں حاصل نہیں کی جا سکتی لیکن دوسرے ملکوں کے تجربے سے یقیناً فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے، اور اس کی بنا پر سیاسیات کی طرح معاشیات میں بھی ارتقا کی مدت میں کمی کی جا سکتی ہے۔

۸۔ ہندوستان کی صنعتی پسماندگی

یہ امر کہ صنعتوں کی مد تک ہندوستان کی موجودہ حیثیت و حالت بہت ہی پسماندہ ہے محتاج تشریح نہیں ہے۔ صنعتوں کی ترقی محدود ہے، چنانچہ پہلی بات تو یہ کہ ترقی ناہموار ہے، اس لئے کہ وہ صرف ان صنعتوں تک محدود ہے جن سے نفع بآسانی اور بلا خوف و خطر مل سکتا ہے۔ عام طور پر تجارت ہی کو نئی صنعتی مہموں پر ترجیح دی گئی ہے، اس لئے کہ وہ شغل اصل کا منفعت بخش 458

---

[1] دیکھو ایک کتاب موسوم بہ (Wealth and welfare of the Punjab صفحہ ۱۷۶۔

باب ۱۳

وسیلہ ہے۔ دوسرے یہ کہ، جیسا کہ مالی کمیشن بتلاتا ہے، ترقی ملک کی وسعت، آبادی اور اس کے قدرتی ذرائع کے شایانِ شان نہیں ہوئی ہے[1]۔ ملک میں جو صنعتیں مستحکم طریقے پر قائم ہیں، مثلاً پارچہ بافی کی صنعتیں، تو ساز و سامان، ذخائر اور کلوں وغیرہ کی رسد کی حد تک ان کا سہارا ابھی قریب قریب پوری طرح غیر ممالک سے درآمد پر ہے۔ صنعتی حیثیت سے ترقی یافتہ ملکوں کی اس خواہش کی بنا پر کہ وہ وسیع ہندوستانی بازار پر تسلط حاصل کرنا چاہتے تھے، نیز آزاد تجارت کی پالیسی کے باعث مذکورۂ بالا سامان کی رسد سہولت کے ساتھ درآمد کی جا سکتی تھی، اور اسی سہولت نے ان صنعتوں کے قائم کرنے میں بہت بڑی دشواریاں پیدا کر دیں۔ چونکہ ہندوستان میں کوئی محکمۂ خرید اشیاء موجود نہ تھا۔ اس لئے حکومت کو یہ پالیسی اختیار کرنے کی ہمت افزائی ہوئی کہ مطلوبہ متفرق اشیا کے لئے "دفترِ ہند" میں فرمائشیں روانہ کرے؛ لیکن اس پالیسی سے صورت حال کے سدھرنے کی کوئی امید نہ تھی۔ اس طرح ایک استوار صنعتی تنظیم کے لئے فلز سازی اور کیمیاوی صنعتوں کی شکل میں جو اساسی ساز و سامان درکار تھا اس سے ہندوستان نے خود کو محروم پایا۔ آہن، فولاد، اور انجینیری کی صنعتیں بہت ہی گھٹیا پیمانے پر موجود تھیں۔ ہندوستان یہ فخر بھی نہ کر سکتا تھا" وہ کیل یا پیچ بنانے کی کل بنا سکتا تھا، گو وہ ریل کا انجن یا جہازی انجن تیار کر سکتا تھا بشرطیکہ اس کے مطلوبہ اجزا کا بیشتر حصہ غیر ممالک سے حاصل کر لیا جاتا"[2]۔ صنعتی اہمیت کے ترشوں یا تیزاب اور الکلیوں کی تیاری کی کیمیائی صنعتیں قریب قریب مفقود تھیں، اور اس طرح کاغذ، دیا سلائی، تیل، دھماکو اشیاء، رنگ اور بنے ہوئے کپڑے جیسی دیسی مصنوعات کو غیر ملکی کیمیائی اشیاء پر مجبوراً انحصار کرنا پڑا اور سخت مشکلات برداشت کرنی پڑیں۔ موجودہ حالت جنگ عظیم کے پیشتر کے زمانے کی حالت سے کسی قدر بہتر ہے، لیکن کوئی بڑا نمایاں فرق نہیں ہوا ہے۔ صنعتی حیثیت سے ایک اور بڑی کمی یہ ہے کہ ہندوستان میں

---

[1] دیکھو مالی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ (۴۱)۔

[2] دیکھو صنعتی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ (۸۱)۔

باب ۱۳

صنعتی تربیت کی سہولتوں کی غیر اطمینان بخش نوعیت کے باعث فورمنوں انجنیروں فنی اور کیمیائی ماہروں کی قلت ہے، اور اس کے نتیجے کے طور پر غیر ملکی ہنرمند مزدوروں فن دانوں اور خصوصی ماہروں پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔

۹۔ امکانی قوتیں اس طرح مختلف سمتوں میں کمی ہے جس کا پورا ہونا ضروری ہے، اور مذکورۂ بالا بے شمار مشکلات اور خرابیوں کو رفع کرنے کی غرض سے سخت محنت و کوشش کی ضرورت ہے۔ لیکن یہ کام غیر ممکن نہیں ہے خاص کر اگر حکومت آگے قدم بڑھائے اور پہلے سے زیادہ حوصلہ مندی اور ہمت سے کام لے۔ ہندوستان، جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، عظیم الشان قدرتی ذرایع یعنی نباتاتی، حیوانی اور معدنی دولت، کا مالک ہے؛ جیسا کہ اس کے جنگ عظیم میں حصہ لینے اور منگنیز، ٹنگسٹن، ابرق، سن، کھوپرہ، لاکھ وغیرہ کی سربراہی کرنے سے ثابت ہوا۔ اس کی قوت کے ذرایع کا ذکر کیا جا چکا ہے اور ہم بیان کر چکے ہیں کہ اگرچہ قوت محرکہ کی پیدائش کی غرض سے کوئلے، جلانے کی لکڑی یا تیل کی حد تک اس کی حیثیت ویسی اطمینان بخش نہیں ہے جیسی کہ بعض اوقات خیال کی جاتی ہے؛ پھر بھی اس کے بڑے دریاؤں اور دریائی خطوں سے استفادہ کرنے اور صنعتی اغراض 459
میں ان سے کام لینے کے بہت بڑے امکانات موجود ہیں۔ اس کے جنگلات اس کی بہت بڑی دولت ہیں؛ اور اگر جدید وسائل نقل و حمل کو ترقی دی جائے اور جنگلات کی پیداوار کی تحقیق کی جائے، نیز اس کے ساتھ ساتھ سرمایہ زیادہ مقدار میں مشغول کیا جائے تو ممکن ہے کہ صنعتوں کے لئے بہت بڑا محرک پیدا ہو جائے، جو ملک کے جنگلوں کی کثیر اور انواع و اقسام کی پیداوار سے کام لیں گی۔ انسانی قوت کی حد تک یہ صحیح ہے کہ یورپ کے مزدور کے مقابلے میں ہندوستانی مزدور کارکردگی میں گھٹیا ہے، مسلسل اور جی لگا کر محنت نہیں کرتا؛ لیکن مزدوروں کی تعداد کثیر ہے اور وہ یہ صلاحیت رکھتے ہیں کہ نظری و عملی فنی تربیت کے مناسب نظام کے تحت اور صنعتی رقبوں میں انتظام سکونت کی اصلاح، رفاہی کام اور مزدور سبھاؤں کی تنظیم وغیرہ کے ذریعے سے ان کی کارکردگی اور خوبی کار میں اصلاح و ترقی عمل میں لائی جائے۔ رہی قابل منظموں کی قلت تو بقول پنچ کلورٹ مستقبل کا منتظم بہترین تربیت گرنی ہی کے اندر اور مزدوروں میں رہ کر

باب ۱۳

جن کا وہ منتظم ہونے والا ہو حاصل کر سکتا ہے۔ یہ فن صنعتی فضا ہی میں سیکھا جا سکتا ہے[1] چونکہ موجودہ زمانے میں ایسا ماحول اور ایسی فضا کسی بڑے پیمانے پر موجود نہیں ہے، اس لئے ہندوستان کو جاپان کی مثال کی تقلید کرنی پڑے گی اور غیر ملکی منتظموں کو حسب ضرورت درآمد کرنا پڑے گا۔ لیکن اس سے بھی زیادہ اہم یہ کہ ملک کے نوجوانوں کو غیر ممالک میں روانہ کرنا پڑے گا تاکہ وہ ضروری تجربہ اور تربیت حاصل کریں۔ وہ وقت یقیناً آئے گا جب کہ مطلوبہ ماحول ملک میں پیدا ہو جائے گا اور ان عارضی تدابیر کے اختیار کرنے کی ضرورت باقی نہ رہے گی۔ یہ بات زمانۂ دراز سے مشہور ہے کہ ہندوستانی اصل بہت شرمیلا ہے لیکن پورے اعتماد کے ساتھ یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ اگر اس امر کا مناسب و معقول اطمینان و یقین ہو کہ اس کو محفوظ اور نفع بخش طریقے پر مشغول کیا جا سکتا ہے تو اس کا یہ حجاب بتدریج کم ہوتا جائے گا۔ جنگ کے زمانے میں اور اس کے بعد ہندوستانی زر کے بازار میں حکومت کے قرضے کے کاروبار کو نمایاں کامیابی ہوئی ہے، اور زمانۂ بعد از جنگ میں انجمن ہائے سرمایۂ مشترک کی بہت بڑی تعداد کا کامیاب افتتاح ہوا، نیز حال ہی میں یہ بات معلوم ہوئی کہ اسٹرلنگ کے تمسکات میں ہندوستانی اصل کثیر مقدار میں مشغول ہے؛ یہ سب اس امر کے مزید ثبوت ہیں کہ ہندوستانی اصل کا شرمیلا پن تیزی کے ساتھ کافور ہو رہا ہے۔ ملک میں بنک کاری کے انتظام کی اصلاح و ترقی، وسیع داخلی بازار کی موجودگی کا یقین اور اور ہندوستان کے صنعتی احیاء کے متعلق زمانۂ بعد از جنگ کا جوش و خروش؛ یہ سب چیزیں عوام کی پس انداز کردہ رقوم کو جدید صنعتوں میں نفع بخش طریقے پر مشغول کرنے میں مزید مدد دیں گی۔ ہندوستانی ریلوے کمیٹیوں کی امتیازی شرحوں کی پالیسی کو صنعتی کمیشن اور مالی کمیشن دونوں نے ایک خرابی تسلیم کیا ہے اور اس کے متعلق ہندوستان کے صنعتی و تجارتی طبقے کو دیرینہ شکایت رہی ہے؛ لیکن ریلوے کے بڑے بڑے انتظامات کی بتدریج سرکاری نگرانی و انتظام میں منتقل ہونے اور کرایے کی جانچ کی کمیٹی قائم

460

---

[1] دیکھو ان کی تصنیف موسوم بہ (Weatfi and welfare of the Punjab صفحہ ۱۶۸۔

باب ۱۳

ہو جانے کی وجہ سے یہ توقع ہے کہ یہ شکایت رفع ہو جائے گی اور ریلوں کا انتظام صنعتوں کی ترقی میں زیادہ معین و ہمدرد بن جائے گا۔ موجودہ زمانے میں اندرون ملک سڑکوں کے ذریعے سے آمدورفت کا انتظام خاص کر دیہی رقبوں میں نہایت ناقص ہے؛ لیکن اس کی اصلاح کا مسئلہ زیر غور ہے، اور اس کو حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ چنانچہ بعض صوبوں میں سڑک بورڈ قائم کئے گئے ہیں اور انڈین روڈ ڈیولپمنٹ کمیٹی (۱۹۲۸ء) نے بعض مفید سفارشیں پیش کیں جن کو حکومت ہند نے مارچ ۱۹۲۹ء میں منظور کر لیا چنانچہ یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ اس کی وجہ سے مستقبل قریب میں سڑکوں کی تعمیر کا کام نہایت شد و مد کے ساتھ شروع ہو جائے گا۔[1] دستوری اصلاحوں نے حکومت کے طرز عمل اور روش میں ناگزیر طریقے پر تبدیلی پیدا کر دی ہے؛ جس کی بنا پر جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں حکومت صنعت کی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے میں زیادہ سے زیادہ سرگرمی کے ساتھ مدد دے گی۔

۱۰۔ صنعتی ترقی کے فوائد[2]

ہندوستان کو صنعتی ترقی سے جو فوائد حاصل ہوں گے وہ اس قدر بدیہی ہیں کہ انھیں باقاعدہ طور پر بیان کرنے کی بہ مشکل ضرورت ہے۔ ہمیں ہندوستان کی کثیر آبادی کے انتہائی افلاس اور ہمارے معاشی نظام کی متعدد کمزوریوں پر جو اس افلاس کا باعث ہیں تبصرہ کرنے کا کئی دفعہ موقع ملا۔

(۱) ان کمزوریوں میں سے ایک یہ ہے کہ عوام کی پیداآور جدوجہد صرف ایک ہی پیشے یعنی زراعت پر حد سے زیادہ مرتکز ہے۔ اس صورت حال کی اصلاح کا طریقہ یہ ہے کہ صنعتوں کو کافی و شافی ترقی دی جائے۔ اس کی بدولت آبادی مختلف قسم کے پیشوں میں زیادہ مساویانہ طریقے پر تقسیم ہو جائے گی اور قومی معیشت کی بنیاد زیادہ ثبات پذیر اور مستحکم ہو گی۔ موجودہ زمانے میں زراعت میں جو زائد از ضرورت آبادی مصروف ہے اس کے کچھ جزو کو ادھر سے ہٹا کر صنعتی ترقی،

---

[1] ۔ دیکھو کتاب ہذا جلد دوم باب ۵۔

[2] ۔ دیکھو مالی کمیشن کی رپورٹ، باب (۴)

باب ۱۳ قحط کی ہلاکت آفرینی کو موجودہ زمانے کے مقابلے میں بہت گھٹا دے گی[1]

(۲) دوسرے یہ کہ صنعتوں کے قائم ہونے سے قومی مقسوم میں اضافہ ہوگا اور عوام اس قابل ہو جائیں گے کہ اپنے معیار زندگی کو بڑھائیں؛ معیار زندگی کے بڑھ جانے سے ان کی کارکردگی میں اضافہ ہوگا اور اس طرح ان کی پیداوری قابلیت کو ترقی ہوگی۔ اس طریقے پر عمل اور ردعمل کا ایک مفید دور و تسلسل قائم ہو جائے گا۔ 461

(۳) تیسرے یہ کہ صنعتی ترقی، قومی مقسوم کے اضافے کے ذریعے سے عوام کی محصول ادا کرنے کی قابلیت میں اضافہ کر دے گی؛ اور حکومت کو اس قابل بنائے گی کہ وہ قومی احیاء کی ان تجاویز کی مالی امداد کرے جو رقم کے ٹوٹے کے باعث آج کل معرض التوا میں پڑی ہوئی ہیں۔ یہ بھی ظاہر ہے صنعتیں متنوع ہوں تو محصول کا طریق موجودہ زمانے کے مقابلے میں بہت زیادہ لچکدار بن جائے گا؛ اس لئے کہ مالگزاری جیسے زرعی محصول میں فوری توسیع کی صلاحیت نہیں ہے، لیکن دوسرے ذرائع پر عاید کردہ محصول، جس میں سب سے نمایاں مثال انکم ٹکس کی ہے، بڑی حد تک خود بخود وصول ہو جاتے ہیں اور سرکاری خزانوں میں زر کی کثیر مقدار زیادہ دقت کے بغیر جمع ہو جاتی ہے۔

(۴) صنعت کی توسیع و ترقی کا ایک اور اہم فائدہ یہ ہے کہ اس کا ردعمل قوم کے خصائل اور کردار پر نہایت مفید پڑتا ہے؛ اور وہ مختلف میلانات طبع اور قابلیتوں کے لئے نہایت وسیع میدان مہیا کرتی ہے۔ وہ ذہنی و عقلی جمود اور

---

[1] مالی کمیشن یہ بتلاتا ہے کہ صنعتی ترقی، قحط یا بارش کی عام قلت کے اثرات کو براہ راست زائل نہیں کر سکتی؛ اس لئے کہ قحط اس مفہوم میں صنعتوں میں کساد بازاری اور قوت خرید کی عام کمی پیدا کرتا ہے۔ امساک باراں کی وجہ سے زراعت سے جو محنت ہٹ کر بے کار ہو جاتی ہے اس کو صنعتیں جذب نہیں کریں گی؛ اس لئے کہ وہ خود بڑی حد تک طلب کی کمی کا شکار ہوں گی۔ لیکن اس کی بنا پر یہ استدلال غلط ثابت نہیں ہوتا کہ صنعتی ترقی خشک سالی کے براہ راست اثر کو اس وجہ سے بڑی حد تک زائل کر دے گی کہ زراعت میں معمولاً اتنی زیادہ آبادی معروف نہ رہے گی جتنی کہ اب ہے۔

باب ۱۳

قدامت پسندی کے حق میں جو زیادہ تر زرعی ملک کی امتیازی خصوصیت ہوتی ہے، تریاق کا کام کرتی ہے؛ یہاں تک کہ زراعت خود صنعت کے رنج پر منظم ہو جاتی ہے جیسا کہ ریاستہائے متحدۂ امریکہ اور ڈنمارک میں ہوا ہے۔ عام طور پر دیکھا جائے تو صنعتی آبادی ذہنی و عقلی اعتبار سے زیادہ چست و چالاک ہوتی ہے؛ چنانچہ اسی وجہ سے شہر ہمیشہ تہذیب و شائستگی کا مرکز و محور رہے ہیں۔ جیسا کہ میٹ لینڈ نے کہا ہے "جس وقت انسان سخت کسا ہوا ہو تو خیالات کی آمد ہوتی ہے"[1] موجودہ زمانے کی ضرورت سے زیادہ ادبی تعلیم میں عملی معاملات کو پوری طرح سمجھنے اور ان پر عبور حاصل کرنے کی حد تک جو کمی ہے اس کو صنعتی تربیت موثر طریقے پر پورا کر دے گی؛ اور لوگوں کو عام طور پر اس قابل بنا دے گی کہ ان نئی ذمہ داریوں کو جو سیاسی ترقی کی آیندہ منزل ان پر لازماً عائد کرے گی، اپنے دوش پر بہتر طریقے پر لیں۔

(۵) ملک کی صنعتی ترقی کی بدولت متوسط طبقے کی بے روزگاری کا سنگین مسئلہ بھی جو آج کل ہندوستان میں تکلیف دہ طریقے پر بڑے پیمانے پر موجود ہے بآسانی حل ہو سکے گا۔ نوجوانوں کو سرکاری ملازمت یا قانون اور طب وغیرہ جیسے گنجان پیشوں پر خاص طور پر انحصار کرنے کی ضرورت نہ رہے گی۔

(۶) ہم یہ بیان کر چکے ہیں کہ معاشی حیثیت سے زیادہ خود کفیل بننے کی فوجی اہمیت خود ہندوستان اور سلطنت برطانیہ کی حد تک کتنی عظیم ہے۔ اگر ہندوستان صنعتی ملک بن جائے اور اس کے مادی ذرائع سے مناسب طریقے پر فائدہ حاصل کیا جائے تو، شاہی ترجیح سے قطع نظر کرتے ہوئے جس میں ہندوستان کا داخل ہونا کسی حال مناسب نہیں وہ نہ صرف معاشی حیثیت سے بلکہ سیاسی نقطۂ نظر سے بھی سلطنت برطانیہ کا زبردست پشت و پناہ بن جائے گا۔

(۷) علاوہ ازیں زر کا اندوختہ کرنے کی غیر نفع بخش عادت اگرچہ عام طور پر مبالغے کے ساتھ بیان کی جاتی ہے لیکن یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ وہ اس کے باوجود 462

[1] اقتباس از تصنیف کارسانڈرس صفحہ ۴۲۵۔

باب ۱۳

موجود ہے۔ ممکن ہے کہ شغل اصل کے میدان کی توسیع کی بدولت اور کثیر منافع حاصل کرنے کی توقع کے ساتھ جو صنعت کی توسیع و ترقی سے پیدا ہوگی یہ عادت ترک کر دی جائے۔ جدید صنعت کے سرمایہ مشترک کے نظام میں انفرادی طور پر پس انداز کردہ چھوٹی چھوٹی رقموں سے کام لیا جاتا ہے جو اس نظام کی عدم موجودگی میں بے کار پڑی رہتیں ایک اور قابل لحاظ امر یہ ہے کہ صنعتی کاروبار میں جو دولت حاصل ہوتی ہے اس کو اس سے زیادہ سرعت کے ساتھ بطور اصل دوبارہ مشغول کیا جا سکتا ہے جتنا کہ زرعی کاروبار کے منافع کی شکل میں حاصل کی ہوئی مماثل رقموں کو۔

(۸) آخر میں یہ کہ صنعت کی توسیع و ترقی قومی دولت کی پیداوار کو بڑھا کر عام طور پر ملک کے باشندوں اور خاص کر عوام کے اس طبقے کے مادی ذرائع میں اضافہ کرے گی جو صنعتی پیدائش میں مصروف ہے؛ اس لئے کہ صنعت میں بمقابلہ زراعت اجرت اور منافع، دونوں عام طور پر زیادہ ہوتے ہیں۔

۱۱۔ زراعت پر صنعت کا ردعمل

صنعتی توسیع و ترقی کا اثر زراعت پر قریب قریب پوری طرح مفید ہوگا۔ ہندوستانی زراعت کی انحطاط پذیری کا ایک سبب جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں اصل کی کمی ہے۔ صنعتی منافع کی جمع شدہ رقموں کو زراعت میں مصروف کر کے یہ کمی پوری کی جا سکتی ہے۔ اس سلسلے میں یہ یاد دلانا مناسب ہوگا کہ صنعتی انقلاب کے زمانے میں انگلستان کی زراعت کی عظیم ترقی کو مالی امداد اسی منافع سے ملی جو بڑے بڑے تاجروں اور صناعوں نے حاصل کیا تھا۔ زمین پر اصل کو مصروف کرنے کا جو قوی میلان ہے وہ یقیناً کامیاب کاروباری منافع کے بیشتر حصے کو زراعت میں اسی طرح منتقل کرائے گا جس طرح انگلستان میں ہوا؛ اس لئے کہ زمین کی ملکیت سے عظیم سیاسی و معاشری اہمیت و حیثیت وابستہ کی جاتی ہے۔

زرعی اجرتوں پر اس کا یہ اثر پڑے گا کہ وہ بڑھ جائیں گی، خاص کر ان علاقوں میں جو صنعتی جد و جہد کے مرکزوں سے قریب ہیں۔ صنعتی ترقی کے نتائج میں سے ایک یہ ہوگا کہ شہروں اور بڑے قصبات کی تعداد بڑھ جائے گی؛ اور ہم پہلے یہ بیان کر چکے ہیں کہ شہری علاقوں کی قربت دیہی آبادی کو حیات تازہ بخشنے میں

باب ۳۱

بہت بڑا اثر ڈالے گی اور اس کو زیادہ ترقی پذیر بنائے گی۔ علاوہ ازیں صنعت کے لئے مطلوبہ اشیائے خام مہیا کرنے کی حیثیت سے زراعت کو مزید محرک ملے گا جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ توسیع پذیر صنعتوں کی روز افزوں مانگ کو پورا کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ زرعی پیداوار تیار کی جائے گی۔

بعض اوقات یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ صنعتوں کی ترقی دیہی علاقوں کی آبادی کے ایک جزو کو وہاں سے ہٹا کر خوراک کی رسد کی کمی کا موجب ہوگی۔ لیکن اس امر کا لحاظ کرتے ہوئے کہ موجودہ زمانے میں صنعتی مزدوروں کی تعداد زرعی مزدوروں کی تعداد کے ایک فی صد سے بہت زیادہ نہیں ہے اس کا قرینہ نہیں معلوم ہوتا کہ صنعتوں کی بہت سریع ترقی کے ساتھ بھی آبادی کی یہ تقسیم زراعت کے خلاف اور صنعت کی موافقت میں بہت زیادہ بدل جائے گی۔ دوسرے یہ کہ ۱۸۸۰ء کے قحط کمیشن کے مقرر ہونے کے بعد سے یہ خیال بہت عام طور پر پھیلا ہوا ہے کہ زمین پر مکمل طریقے پر کاشت کرنے کے لئے دراصل جتنی آبادی مطلوب ہے اس سے زیادہ تعداد اس وقت کام کر رہی ہے؛ اور اس لحاظ سے زائد آبادی کو زمین سے ہٹا لینے سے اشیائے خوردنی کی حقیقی رسد پر کوئی اثر نہ پڑے گا۔ آخر میں یہ کہ ہم زراعت میں اصلاح و ترقی کے ایسے دور کے متوقع ہیں جو تھوڑی آبادی کو نہ صرف موجودہ پیمانے پر پیداوار کو برقرار رکھنے کے قابل بنائے گا؛ بلکہ جدید ترین طریقوں کو اختیار کر کے اس پیداوار میں اضافہ کرنے کی صلاحیت بھی پیدا کرے گا۔

ہمیں یہ بھی ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ اشیائے خورد و نوش کی رسد کی کمی ایک حد تک اپنا آپ علاج کر لے گی؛ رسد کی کمی کے معنی یہ ہیں قیمتوں میں زیادتی ہو جائے اور قیمتوں کی زیادتی پیداوار کے حق میں محرک کا کام کرے گی۔ اس لحاظ سے بعض اوقات جو خوف ظاہر کیا جاتا ہے کہ صنعتی توسیع و ترقی کے نتیجے کے طور پر زراعت ایک تنخواہی حیثیت حاصل کر لے گی بالکل بے بنیاد ہے۔ بہر حال ہمیں زراعت یا صنعت پر بے دلیل اور اندھا دھند عقیدہ نہ رکھنا چاہیے۔ خواہ زراعت کو اول درجہ حاصل ہو یا دوم درجہ، اس کا نفس معاملہ پر اس وقت تک اثر نہیں پڑ سکتا جب تک کہ قوم اپنی محنت اور اپنے اصل کو دونوں پیشوں میں ایسے طریقے پر تقسیم کرے جس کی

463

باب ۱۳

بنا پر بیشتر ین قومی مقسوم وصول ہو؛ واقعہ یہ ہے کہ زراعت ہمارے ملک کے حالات سے اس درجہ مناسبت رکھتی ہے کہ اس کو صنعت کی موافقت میں کلیتہً نظر انداز کر دینا صحیح اور محفوظ کاروباری اصول نہیں ہو سکتا؛ اور اس بارے میں شبہہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہندوستان میں اس کی اہمیت ہمیشہ برقرار رہے گی۔ یہ اہمیت اور بھی زیادہ ہو جائے گی اگر ہم زراعت کی موافقت میں غیر معاشی دلائل کو وزن دیں جیسا کہ ہم بخوبی دے سکتے ہیں یعنی یہ کہ زراعت کاشتکاروں کو خوش حال اور قوی رکھنے میں مدد دیتی ہے جو سلطنت کے سب سے زیادہ طاقتور رکن ہیں؛ اس لئے کہ کاشتکار سیاسی استحکام میں مدد دیتے ہیں، اور خالص تجارتی و صنعتی آبادی والے ملک میں انتہائی سیاسی و انقلابی خیالات کے سیلاب کا جو قرینہ ہوتا ہے اس کے لئے ایک بند کا کام کرتے ہیں[1]

اس طرح زراعت بمقابلۂ صنعت کی بحث مہمل اور بے نتیجہ ہے۔ ہم بیان کر چکے ہیں کہ زراعت، صنعتی ترقی کے ذریعے سے بہت بڑا فائدہ حاصل کر سکتی ہے؛

[1] موجودہ زمانے میں تمام ممالک کو شہروں میں رہنے والوں کی کثیر تعداد کی اتنی ضرورت نہیں ہے جتنی کہ دیہی زندگی بسر کرنے والی کثیر آبادی کی۔ اس آبادی کی ضرورت نہ صرف مدافعت کی غرض اور قومی صحت کے اغراض کے لئے ہوتی ہے، بلکہ ایک پرآشوب زمانے کے تغیر پذیر نشو و نما میں سکون و ثبات پیدا کرنے کے لئے بھی ہوتی ہے۔ تاوقتیکہ دیہی زندگی بسر کرنے والے کافی تعداد میں نہ ہوں جو اپنی شہری آبادی کی ضرورتوں کی سربراہی کر سکیں، قوم کا زوال و انحطاط یقینی ہے اور مرور زمانہ کے ساتھ وہ معدوم ہو جائے گی۔" دیکھو رائڈر ہیگرڈ کا قول جس کو بی جی سیپر نے اپنی کتاب موسوم بہ (Economics of Agricultural Progress) میں صفحہ ۹۴ پر نقل کیا ہے۔ یہاں جن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے وہ انگلستان جیسے ملکوں پر خاص طور پر صادق آتے ہیں جو اپنے قومی تحفظ کے لئے شہری آبادی کو بڑھانے اور ترقی دینے میں حد اعتدال سے تجاوز کر گئے ہیں۔ ہندوستان میں موجودہ زمانے میں تحفظ کا انحصار شہروں اور ان کی آبادی کو ترقی دینے پر ہے نہ کہ کم کرنے پر۔

باب ۱۳

اور یہ بھی مساوی طور پر صحیح ہے کہ صنعت کی خوش حالی و ترقی زراعت کی ترقی و خوش حالی سے وابستہ ہے بشرطیکہ ہندوستانی کسان ہی صنعتوں کی پیداوار کا بڑی حد تک خریدار ہو۔[1]

464

۱۲۔ صنعتوں کے لئے سرمایہ

اس پر دو عنوانوں کے تحت بحث کی جا سکتی ہے؛ (۱) ملکی سرمایہ اور (۲) غیر ملکی سرمایہ۔

(۱) ملکی سرمایہ۔ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ ملکی سرمایے کی رسد مقدار اور ہم جوئی دونوں اعتباروں سے ترقی کر رہی ہے، اور یہ بات جنگ عظیم کے زمانے کے بعد سے خاص طور پر صادق آ رہی ہے۔ چنانچہ اس کا ثبوت اس طرح بہم پہنچتا ہے کہ حکومتی قرضوں کی مقدار جو ۱۹۱۳ء تا ۱۹۱۴ء میں ۱۴۵ کروڑ روپیہ تھی، ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء میں بڑھ کر ۸۰۴۳ کروڑ روپیہ ہو گئی؛ اور ہندوستان میں رجسٹر شدہ سرمایہ مشترک کی انجمنوں کے ادا شدہ اصل کی مقدار ۱۹۱۳ء تا ۱۹۳۲ء کے درمیان ۸۰ کروڑ سے ۲۸۷ کروڑ روپے تک ترقی کر گئی[2]۔ اگرچہ اس طرح جو صورت حال دکھائی دیتی ہے وہ اطمینان بخش ہے پھر بھی ملکی سرمایے کے ذرائع کے اضافے اور مصروفیت کی مزید اصلاح و ترقی کی بہت بڑی گنجائش اور ضرورت ہے؛ جس کے بغیر ہندوستان میں صنعتی ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ پیدا ہوگی۔ اس مسئلے نے اس واقعے کے مدنظر بہت اہمیت حاصل کر لی ہے کہ صنعتی جد و جہد چند شکلوں مثلاً سوتی کپڑے اور سن کی گرنیوں کی صنعتوں تک محدود نہیں ہے؛ بلکہ دوسرے بے شمار میدانوں کے لئے سرگرداں ہے جیسا کہ ٹاٹا اسٹیل اینڈ آئرن ورکس کے قائم ہونے اور بہت بڑی تعداد میں حوصلہ مندانہ تجاویز کے

---

[1] یہ مسئلہ زراعت بمقابلہ صنعت کا نہیں ہے؛ بلکہ دو بڑے پیشوں کے پہلو بہ پہلو ترقی پانے کا ہے جس میں زراعت کا پلہ ہمیشہ لازمی طور پر بھاری ہونا چاہیئے۔ دیکھو کیلورٹ کی کتاب موسوم بہ:
(Weadth and welfare of the Punjab) صفحہ ۱۸۶۔

[2] دیکھو موازنہ حکومت ہند برائے ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء صفحہ ۵۰ غیر ملکی سرمایے کی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۵؛ اور برطانوی ہند کا اعدادی خلاصہ برائے ۱۹۲۲ء تا ۱۹۳۳ء جدول نمبر ۲۶۳ و ۲۶۴۔

باب ۱۳

عرتب ہونے سے ظاہر ہوتا ہے؛ مثلاً مغربی گھاٹوں کی آبی قوت کے امکانات سے بڑے پیمانے پر استفادے کی تجویز؛ موجودہ فولادی کارخانوں میں اضافے کی تجویز؛ فولادی کارخانوں کی پیداوار کو مصنوعات کی شکل میں تبدیل کرنے کے لئے ذیلی کارخانوں کی تجویز؛ کلوں اور کرنیوں کے ساز و سامان کی تیاری کی تجویز وغیرہ[1] یہ سب تجاویز سرمایے کی بہت بڑی مقدار چاہتی ہیں، اور یہ ضروری ہے کہ موجودہ زمانے میں جتنا اصل بے کار پڑا ہوا ہے اس سے کام لینے کی مناسب تدابیر اختیار کی جائیں۔ اس امر کی تفہیم کی غرض سے کہ یہ کس طرح کیا جا سکتا ہے ہمیں (ا) مفصلات اور (ب) بڑے تجارتی شہروں میں دستیاب ہونے والے اصل کی ممکنہ مقدار اور نوعیت اور اس کے شغل کے طریقے کی ابتدائی جانچ عمل میں لانی چاہئے[2]

365 (ا) مفصلات میں بنک کاری کی مناسب سہولتیں عملاً مفقود ہونے کے باعث سرمایے کا کوئی انتظام بہ مشکل موجود ہے۔ مشترک سرمایے کی تجارتی بنک کاری کی توسیع خاص مشکلات پیش کرتی ہے، اگرچہ اس اعتبار سے بڑے بڑے اضلاعی شہروں میں امپیریل بنک کی کئی شاخوں کے قائم ہو جانے کی وجہ سے صورت حال میں کسی حد تک سہولت پیدا ہو گئی ہے۔ ڈاک خانے کے سیونگ بنک نیز حال میں قائم شدہ امداد باہمی کے بنک دیہی پس اندازیوں کے ایک جزو کو کارآمد بنانے کے قابل ہوئے ہیں؛ لیکن بحیثیت مجموعی دیہی ساہوکاری کا بول بالا ہے چنانچہ کسان، دستکار اور ٹٹ پونجئے تاجر کی مقامی ضرورتوں کو تنہا وہی پورا کرتا ہے۔ بہت شاذ ہی ایسا ہوتا ہے کہ وہ نئے وجوہ کے کاروبار میں اپنے اصل کو مصروف کرتا ہے۔

---

[1] دیکھو صنعتی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ ۲۸۰۔

[2] برطانوی ہند کے صوبوں میں مختلف قسم کی دیہی شہری گھریلو اور منظم صنعتوں کی موجودہ مالی سہولتوں کے جامع اور دلچسپ بیان کے لئے یہ مناسب ہوگا کہ بنک کاری کی مختلف صوبہ واری اور مرکزی تحقیقاتی کمیٹیوں کی رپورٹوں کا مطالعہ کیا جائے۔

باب ۱۳

اس میں شک نہیں کہ مقامی اصل سے کاروبار شروع کئے گئے ہیں مثلاً خاص کر آٹے کی چکیاں، روئی پیدا کرنے والے علاقوں میں بنولہ نکالنے کی کلیں اور برما اور کورومانڈل ساحل کے چاول بونے والے ڈلٹاؤں میں چاول کی گرنیاں قائم کی گئی ہیں۔ لیکن ان کی تعداد اس قدر بڑھ گئی ہے کہ ان سے جو نفع حاصل ہوتا ہے اس کے متعلق یہ بہ مشکل کہا جا سکتا ہے کہ کاروباری نقطۂ نظر سے وہ دلکشی رکھتا ہے۔ خوش حال کسان کی پس اندازیوں کا بڑا حصہ زیور اور اندوختوں کی شکل میں منتقل رہتا ہے؛ جیسا کہ اس واقعے سے ثابت ہوتا ہے کہ ۱۹۱۳ء تا ۱۹۲۴ء کے درمیان سونے اور چاندی کی خالص درآمد ہندوستان میں بقدر ۴۸۲ کروڑ روپیہ ہوئی[1]۔ سرکاری عہدہ دار اور پیشہ ور طبقے سرمایے کو زمین کو خریدنے یا گروی رکھنے کی شکل میں مصروف کرنے کو پسند کرتے ہیں؛ اور بنک کاری کی عادت، کسانوں کے مقابلے میں ان ہی طبقوں میں بہت زیادہ تیزی کے ساتھ ترقی کر رہی ہے۔

(ب) تجارتی شہروں میں اور احاطہ ہائے بمبئی، مدراس اور بنگال کے شہروں میں صورت حال کسی قدر زیادہ اطمینان بخش ہے۔ یہاں بنک کاری کی بہتر سہولتیں موجود ہیں اور پس انداز کردہ رقوم کو صنعتی و تجارتی کاروبار میں مصروف کرنے کی حد تک لوگوں میں زیادہ آمادگی اور مستعدی پائی جاتی ہے؛ اور عام طور پر دیکھا جائے تو بغور مرتب کردہ عمدہ اور مسلم کاروباری تجویز، بشرطیکہ ذی حیثیت اور فنی معلومات رکھنے والے اشخاص اس کو بروئے عمل لائیں، مطلوبہ اصل کو اپنی طرف کھینچنے سے قاصر نہیں رہتی۔ لیکن اس صورت میں بھی مشکلات کلیتہً مفقود نہیں ہوتیں۔ موجودہ بنک کاری کا نظام صنعتی مالیے کے نقطۂ نظر سے بہت زیادہ غیر لچکدار یا غیر تغیر پذیر ہے۔ موجودہ قانون کے تحت امپیریل بنک کو اس بات کی ممانعت کی گئی ہے کہ طویل مدت کے لئے صنعتوں کو قرضہ دے یا جائداد غیر منقولہ کی گروی کی بنیاد پر رقم مستعار دے اور یہ قانون ۱۹۳۵ء میں ریزرو بنک آف انڈیا کے قائم ہونے کے بعد بھی

[1] دیکھو غیر ملکی سرمایہ کی کمیٹی کی رپورٹ۔

باب ۱۳ اس حد تک تبدیل نہیں ہوا ہے۔ علاوہ ازیں امپیریل بنک ۳۰ فیصد یا اس سے زائد رقم سیال اثاثے کی کفالت کی بنیاد پر قرضہ دینے کے لئے رکھتا ہے۔ دوسرے بنکوں نے بھی اس طریق عمل کی تقلید کی ہے جس سے صنعتی کاروبار کو سخت مشکلات کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔ مبادلۂ بنک مبادلۂ خارجہ میں نفع بخش کاروبار کر رہے ہیں اور اس میں ان کا تمام تر اصل مصروف و وقف ہے۔ علاوہ ازیں ان میں سے اکثر بنکوں کا اصل اور انتظام غیر ملکی ہے۔ یہ ان کو ہندوستانی صنعتی کاروبار کی امداد کے لئے ہاتھ بڑھانے سے باز رکھتا ہے؛ اس لئے کہ ان کو ملکی صنعتوں سے لگاؤ اور ہندوستانی حالات کی معلومات نہیں ہے؛ علاوہ ازیں یہ توقع بھی نہیں کی جا سکتی کہ ان کو ہندوستان کی صنعتی ترقی کی ضرورتوں سے بہت زیادہ ہمدردی ہوگی۔ ہندوستانی سرمایۂ مشترک کے بنکوں نے عام طور پر قدیم تجارتی بنک کاری سے وابستگی کا میلان ظاہر کیا ہے جو چھوٹی مدت کے قرضے کے اصول پر مبنی ہے[1]؛ اور موجودہ صدی کے ابتدائی سالوں میں ان میں سے بعضوں نے (مثلاً پیپلز بنک آف لاہور جس کا دیوالہ ۱۹۱۳ء میں نکل گیا) معمولی تجارتی بنک کاری کو صنعتی بنک کاری سے ملانے کے بارے میں جو تجربے کئے وہ اس وجہ سے ناکام ثابت ہوئے کہ بڑی مدت کے کاروبار میں چھوٹی مدت کے قرضے پھنسا دیے گئے تھے اور اسی کے ساتھ یہ غلطی بھی کی گئی تھی (جو بہت زیادہ عام طور پر بنکوں سے سرزد ہوتی تھی) کہ انھوں نے اپنی رقوم کے بہت بڑے حصے کو تنہا کسی ایک صنعت میں مصروف کر دیا تھا۔

466

صنعتی قرضے حاصل کرنے کی مشکلات کے باعث موجودہ زمانے میں اکثر بڑے صنعتی کارخانوں کو مینیجنگ ایجنٹوں پر انحصار کرنا پڑتا ہے تاکہ وہ ابتدائی اور کاروباری سرمایہ مہیا کریں۔ چنانچہ اکتوبر ۱۹۳۰ء میں بمبئی کی سوتی کپڑے کی گرنیوں نے اپنے مجموعی قرضے کا ۲۱ فیصد اسی ذریعے سے حاصل کیا اور احمد آباد

[1] دیکھو مرکزی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۳۳۹ تا ۳۴۰؛ نیز پی لوکناتھن کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں صنعتی انتظام" باب ۵۔

باب ۱۳

کی گرنیوں کی حد تک یہ تناسب ۲۴ فیصد تھا۔ فینخنگ ایجنٹ اپنی زیر نگرانی گرنیوں کے بہت سے حصے اور ڈبنچر خریدتے ہیں چنانچہ ان ہی کے اعتبار پر بنک صنعتی کمپنیوں کو قرضہ دیتے ہیں[1] ہندوستان میں فینخنگ ایجنسی کا طریقہ مغربی ممالک کے بخوبی منظم سرمایے کے بازار اور صنعتی بنک کاری کے طریق کے بدل کے طور پر رائج ہے اور محض معاشی حالات کے دباؤ کے تحت وجود میں آیا ہے[2]۔ یہ کسی حال مکمل انتظام نہیں ہے اور اس میں کئی سنگین خرابیاں پائی جاتی ہیں[3]۔ بمبئی، احمد آباد اور اندور کی گرنیاں ایک اور ذریعے سے قرضہ حاصل کرتی ہیں اور وہ عوام کی امانتیں ہیں، چنانچہ اکتوبر ۱۹۳۰ء میں عوام کا دیا ہوا قرضہ احمد آباد میں مجموعی مقدار کا کم و بیش ۳۹ فیصد تھا۔ لیکن یہ قرضہ حاصل کرنے کا ایک بہت ہی غیر اطمینان بخش اور خطرناک ذریعہ ہے اور اسی مناسبت سے اس کو "اچھے وقت کا ساتھی" کہا گیا ہے۔ جب زمانہ خراب ہوتا ہے تو یہ امانتیں اچھے اور برے دونوں کارخانوں سے واپس لے لی جاتی ہیں، اور اس طرح صورت حال کو ایسے زمانے میں بدسے بدتر بنا دیتی ہیں جبکہ عارضی کساد بازاری کے دور کو عبور کرنے کے لئے ہر قسم کے ذرائع کی ضرورت ہوتی ہے۔ 467

عوام کے لئے مشغولات اصل کے بارے میں مشورہ اور مدد حاصل کرنے کا کوئی مسلمہ طریقہ موجود نہیں ہے اور ہندوستان میں جو چھوٹی صنعتیں قائم ہوئیں وہ تباہ ہوگئیں جس کی وجہ سے صنعتی مشغولات میں عوام کا اعتماد متزلزل ہوگیا ہے، چنانچہ یہی وہ مشکلات ہیں جو صنعتی ترقی کے میدان میں سرمایے کے بے روک بہاؤ میں رکاوٹ پیدا کرتی ہیں۔

اس طرح ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ شہروں میں بھی صنعتوں کو معقولہ بڑی مدت کے لئے مالی امداد دینے کا کوئی کافی و معقول انتظام نہیں ہے۔ چند صنعتی بنک قائم کئے گئے تھے، لیکن ان میں سے اہم ترین بنک اور خاص کر وہ بنک جو ابتداءً

---

[1] دیکھو مرکزی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ ۲۰۴۔

[2] دیکھو سی جی ہنڈیکر کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں بنک کاری" صفحہ ۲۱۵۔

[3] اس طریق کی ابتدا اور اس کے کاروبار کا حال جلد دوم باب ۲ میں بیان کیا گیا ہے۔

باب ۱۳

نہایت امید افزا توقعات پیش کر رہا تھا یعنی ٹاٹا انڈسٹریل بنک نے بے نتیجہ اور غیر مشکور سعی کے بعد اپنے کام کے صنعتی پہلو کو بہت جلد ترک کر دیا، اور کچھ مدت تک معمولی تجارتی بنک کاری اور مبادلۂ خارجہ کے کاروبار پر قناعت کی؛ یہاں تک کہ آخر کار (۱۹۲۳ء میں) وہ سنٹرل بنک آف انڈیا میں ضم ہو گیا جو خالص تجارتی بنک ہے۔ ٹاٹا انڈسٹریل بنک کی مختصر زندگی اور ناکامی دوسرے اسباب کے منجملہ اس واقعے سے منسوب کی جا سکتی ہے کہ بنک گرم بازاری کے زمانے میں قائم ہوا اور اس کو غیر معمولی طور پر تکلیف دہ دور کا سامنا کرنا پڑا۔ علاوہ ازیں اس نے یہ غلطی کی کہ ایسے کاروبار اور کارخانوں کی کم و بیش مالی مدد کی اور ان کو ترقی دی جو مینجنگ ایجنٹس کی ایک فرم سے وابستہ تھے[1]

صنعتی کاروبار کی مالی امداد کرنے کی مشکلات خاص طور پر سند و مدد کے ساتھ چھوٹے متوسط درجے کے آجروں کے بارے میں رونما ہوتی ہیں؛ اس لئے کہ وہ بڑے صناعوں اور مشترک سرمایے کے کارپوریشن (انجمن) کے برعکس تمسکات یا مستند اشخاص کی ضمانت نہیں پیش کر سکتے۔ امداد باہمی کا قرضہ ان کے لئے مناسب نہیں ہے بلکہ صرف گھٹیا دستکاروں مثلاً جلاہوں کے لئے مفید ہے۔ ان حالات میں اس امر کا سخت مطالبہ اور تقاضا کیا جا رہا ہے کہ حکومت کی طرف سے ضمانتی مقسوم راست قرضوں، مکمل پیداوار کی خریداری وغیرہ صورتوں میں سے کسی نہ کسی صورت میں براہ راست یا بالواسطہ کچھ نہ کچھ مالی امداد کی جائے۔

صنعتی مالی امداد کے مسئلے پر ۱۹۱۶ء تا ۱۹۱۸ء کے صنعتی کمیشن نے اور ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء کی بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی نے حال میں بہت تفصیل کے ساتھ تبصرہ کیا ہے۔

---

[1] دیکھو پی لوکناتھن کی کتاب محولۂ بالا صفحہ ۲۵۸ تا صفحہ ۲۵۹۔

باب ۱۳

صنعتی کمیشن کی نظر میں سب سے پسندیدہ طریقہ یہ ہے کہ ہندوستان میں خصوصی صنعتی بنک قائم کئے جائیں۔ وہ یہ خیال ظاہر کرتا ہے کہ صنعتی بنکوں کا قائم کرنا جو مستحسن اصول پر کام کریں اتنی کافی قومی اہمیت رکھتا ہے کہ اس کی بنا پر سرکاری امداد حق بجانب 468
قرار پاتی ہے۔ وہ یہ تبلاتا ہے کہ اس وقت اس بات کی ضرورت ہے کہ گھٹیا صناعوں کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے بنک کھولا جائے جو صنعتوں کے ایک خاصے وسیع دائرے کی کامیابی کے موقعوں کا اندازہ کرنے کے قابل ہو اور ایسی رقوم اپنے قبضے میں رکھے جنھیں وہ کچھ مدت تک ایسے تمسکات کی شکل میں بآسانی محفوظ رکھ سکتا ہو جو فوراً فروخت نہ ہو سکیں۔ کمیشن مذکور یہ بھی سفارش کرتا ہے کہ خصوصی ماہروں کی ایک کمیٹی قائم کی جائے جو اس بارے میں ایک قطعی تجویز مرتب کرے اور ایسے بنکوں کو سرکاری امداد دینے کے طریقوں کا تعین کرے۔ وہ یہ خیال ظاہر کرتا ہے کہ خواہ حکومت دوسرے طریقوں سے کچھ ہی امداد کرے اسے صنعتی بنکوں کو محکمہ جات صنعت و حرفت کی وساطت سے ماہرانہ مشورہ ضرور دینا چاہئے؛ تاکہ بنک ان صنعتی تجاویز کی کامیابی کے موقعوں کا اندازہ کر سکیں جو ان کی امداد کی طالب ہیں۔ صنعتی بنک اپنے طور پر ماہروں کی خدمات حاصل کرنے کے قابل نہ ہوں گے؛ اگر حکومت اس ضرورت کو پورا کر دے تو بہت اچھا ہوگا[1]۔ صنعتی بنکوں کے دستور اور اس کی ترکیب کے متعلق مسائل، نیز صوبہ واری صنعتی کارپوریشن اور ایک کل ہند صنعتی کارپوریشن کے قیام کی موافقت میں بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشوں پر جلد دوم کتاب ہذا میں "بنک کاری" کے متعلق باب میں بحث کی جائے گی[2]۔

صنعتی کمیشن یہ مشورہ دیتا ہے کہ ایسے بنکوں کے قائم ہونے تک موجودہ سرمایۂ مشترک کے بنکوں کو متوسط درجے کے صناعوں کی امداد قرضوں کی شکل میں کرنی چاہئے جو حکومت کی ضمانت کے تابع ہوں اور قرضہ دینے سے قبل ناظم محکمۂ صنعت و حرفت اور اس کے خصوصی ماہروں کے عملے کی طرف سے درخواست گزاروں کی مالی حیثیت و حالت

---

[1] دیکھو صنعتی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ ۲۸۷ تا ۲۹۲۔

[2] باب ۱۱؛ نیز دیکھو بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۴۰۱ تا ۴۰۹۔

باب ۱۳ اور ان کے کاروبار کی ترقی کے امکانات کے بارے میں تحقیقات ہونی چاہئے۔ کمیشن یہ بھی سفارش کرتا ہے کہ حکومت کو چند صورتوں میں مثلاً افادۂ عامہ یا قومی اہمیت رکھنے والے کاروبار کی براہ راست مالی امداد ہمیشہ کرنی چاہئے۔ ایسی امداد مقسوموں کی ضمانت، نقد قرضے، پیداوار خرید لینے کے متعلق حکومت کی ذمہ داری یا حصص کے سرمایے میں شرکت کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ امداد کی ان سب شکلوں کا مناسب حفاظتی تدابیر کے تابع ہونا ضروری ہے تاکہ حکومت کے مالی اغراض کا تحفظ ہو اور غیر ملکی اصل و آرمراعات حاصل کرنے سے باز رکھے جائیں۔ اس امر کا اب تک کوئی ثبوت پیش نہیں ہوا ہے کہ حکومت نے صنعتی مالی امداد کے متعلق صنعتی کمیشن کی پیش کردہ اہم ترسفارشوں پر سنجیدگی سے عمل شروع کیا ہے۔ صنعتی بنکوں کے افتتاح جیسی ناگزیر تجاویز کے غیر معین التوا کے کئی اسباب میں سے ایک حال کے زمانے کا مالی انقباض ہے۔ یہ صحیح ہے کہ صنعتی قرضوں کے بارے میں ایک ایکٹ حال ہی میں پنجاب میں منظور 469
ہوا ہے، اور مدراس، میسور، اور بہار و اڑیسہ میں صنعتوں کی سرکاری امداد کے بارے میں قوانین موجود ہیں[1] لیکن یہ ایکٹ صنعتی مالی امداد کے لئے بہت مفید اور کارآمد ثابت نہیں ہوئے ہیں؛ اور ان کے شرائط کے تحت بحیثیت مجموعی بہت ہی قلیل رقمیں بطور قرض دی گئی ہیں[2] اس لحاظ سے جداگانہ صنعتی بنکوں کی کمی ابھی تک محسوس کی جارہی ہے۔ ہندوستانی بنک کاری پر جامع تبصرہ حال ہی میں بنک کاری کی صوبہ واری و مرکزی تحقیقاتی کمیٹیوں نے کیا ہے؛ اور یہ صنعتی مالی امداد کی موجودہ

[1] بمبئی (فقرہ ۱۱۷) بنگال (فقرہ ۱۱۸) اور صوبۂ متوسط (فقرہ ۱۳۱۲) کی بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹیوں نے اس امر کی پرزور سفارش کی ہے کہ صنعتوں کی سرکاری امداد کے ایکٹ مزید تاخیر کے بغیر منظور کرنے چاہییں، تاکہ صنعتوں کی امداد کی پالسی پر موجودہ زمانے کے مقابلے میں زیادہ باقاعدگی کے ساتھ عمل کیا جا سکے۔ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی (فقرہ ۳۱۱) نے اس سفارش کی پوری پوری تائید کی ہے۔

[2] مختلف صوبوں میں ان قوانین کے عدم آمد کے متعلق تفصیلی تبصرے کے لئے دیکھو "پانچویں صنعتی کانفرنس کی روئداد (ہندوستانی صنعت و محنت کا اطلاعیہ نمبر ۵)۔

باب ۱۳

مشکلات کے اطمینان بخش حل کی ضرورت پر مزید زور دینے میں مفید ثابت ہوا ہے۔ بنک کاری کی مرکزی تحقیقاتی کمیٹی کے جاری کردہ سوال بند میں صنعتی بنکوں کے مسئلے اور ہندوستان کی بڑی صنعتوں کے لئے اعتباری سہولتیں مہیا کرنے کے بارے میں خاص طور سے زور دیا گیا تھا؛ چنانچہ اگر اس کی سفارشوں کو عملی جامہ پہنایا گیا تو، اندازہ کیا گیا ہے کہ صنعتی مالیہ بہت زیادہ مستحکم اور ترقی پذیر بنیاد پر قائم ہو جائے گا" (دیکھو جلد دوم باب ۱)۔

۱۳۔ غیر ملکی سرمایہ

حال میں تامین کی پالیسی کے اختیار کئے جانے کے بعد سے غیر ملکی سرمایے کے مسئلے نے بہت نمایاں حیثیت حاصل کر لی ہے۔ عام طور پر یہ محسوس کیا جاتا ہے کہ اگر غیر ملکی سرمایہ اور مہم جوئی کو تامین کی دیواروں کی آڑ میں بے روک ٹوک پناہ لینے کا موقع دیا گیا تو، قوم کو تامین سے حاصل ہونے والا فائدہ زائل ہو جائے گا۔ تجارت آزاد کے نظام کے تحت بھی ملک میں کئی کمپنیاں غیر ملکی سرمایے کی مدد سے قائم ہو گئی تھیں، جیسا کہ مندرجۂ ذیل جدول سے ظاہر ہوگا۔ واقعہ یہ ہے جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں، کہ ہندوستان میں صنعتوں کی موجودہ ترقی یافتہ حالت غیر ملکی سرمایہ ہی کی رہین منت ہے۔ غیر ملکی سرمایے کے بارے میں صحیح طریق کار کیا ہونا چاہئے اس مسئلے کو دو جماعتوں، یعنی مالی کمیشن (۱۹۲۱ء تا ۱۹۲۲ء) اور غیر ملکی سرمایے کی کمیٹی نے جانچا؛ موخر الذکر کا تقرر ۱۹۲۴ء میں مجلس قانون ساز کے مسودۂ قانون تامین فولاد کے مباحثے کے سلسلے میں عمل میں آیا۔

۱۴۔ غیر ملکی سرمایے کی مقدار۔

ہندوستان میں غیر ملکی سرمایے کے تشغل کی مقدار کا صحیح اندازہ قائم کرنا مشکل ہے؛ لیکن تخمینی اندازہ قائم کرنے کے لئے کافی اعدادی مواد موجود ہے۔ سب سے اول ہم ان سرمایہ مشترک کی انجمنوں کے اعداد پر غور کر سکتے ہیں جو برطانوی ہند میں کاروبار کر رہی ہیں لیکن ملک کے باہر منظم ہوئی ہیں[1]

470

---

[1] دیکھو ایک رپورٹ موسوم بہ "برطانوی ہند کے اعدادی خلاصے برائے ۱۹۲۳ء تا ۱۹۲۴ء و برائے ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء"۔

جدول (۱)

کمپنی کی رقم	سنہ ۱۹۱۴ء		سنہ ۱۹۳۲ء تا سنہ ۱۹۳۳ء	
	تعداد	ادا شدہ اصل	تعداد	ادا شدہ اصل
بنک کاری اور قرضہ	۱۳	۱۰۸٫۱۵۱٫۵۲۴ پاونڈ	۲۹	۹۰۶۳۷۹۴۲ پاونڈ
بیمہ	۴۸۹	۲۸٫۰۶۵٫۳۸۰ "	۱۴۰	۷۲۶۶۸٫۷۶۸ "
جہازرانی	۱۲	۱۵٫۰۰۱٫۸۶۵ "	۱۹	۴٫۱۶۴۵۲۵۲ "
ریل اور ٹرامویے	۱۸	۸۰٫۱۱۸٫۹۱۵ "	۱۸	۲۵۰۹۴۹۰۹ "
دیگر وسائل نقل و حمل	۰	۰	۱۱	۲۱۱٫۲۵۷ "
تجارتی و صنعتی کمپنیاں	۱۱۳	۱۱۴٫۲۵۴٫۳۳۳ "	۳۵۲	۳۰۸٫۷۲۱۱٫۶۵۲ "
چائے	۱۶۶	۱۷٫۵۷۳٫۲۸۴ "	۱۷۸	۲۸۰۰۳۱۳۰ "
دوسری زرعی کمپنیاں	۲۲	۱٫۱۶۵٫۸۴۴ "	۲۵	۲٫۹۵۹٫۹۰۸ "
کوئلے کی کان کنی	۶	۱۳۹٫۱۳۴ "	۴	۲۴۰٫۰۰۰ "
سونے کی کان کنی	۳	۳۸۹٫۳۰۸ "	۰	۰
دوسری معدنی اور کنڈگی کی کمپنیاں	۱۳	۵٫۰۳۰٫۹۹۹ "	۳۴	۱۹۵۰۶۰۹۰۲ "
سوت کی گرنیاں	۳	۴۰۰٫۰۰۰ "	۴	۲۰۰٫۰۰۰ "
سن	۹	۲٫۴۲٫۸۹۴ "	۵	۲٫۲۵۲٫۴۵۰ "
بنولہ وٹنا روئی دبانا اور گانٹھ بنانا وغیرہ	۱	۱۰۰٫۰۰۰ "	۲	۱۵۰٫۰۰۰ "
جائداد غیر منقولہ زمین اور عمارت	۰	۰	۵	۳۹۵٫۴۸۱ "
شکر (بشمول گڑ)	۲	۳۰۶٫۶۵۶	۱	۲۸۰٫۰۰۰ "
دوسری کمپنیاں	۹	۵۵۴٫۴۵۱	۳۰	۴۰۶۷۹۳۵۵ "
میزان (برطانوی ہند)	۴۷۹	۲۹۰٫۷۷۳٫۸۷۱	۸۵۷	۱۹۰۶۱۰۰۰۴
میزان (دیسی ریاستیں)	۳۸	۷٫۶۲۷٫۳۲۶	۴۴	۱۰٫۹۸۲٫۲۲۸
صدر میزان	۵۱۷	۲۹۸٫۴۰۱٫۱۹۷	۹۰۱	۸۳۰۵۹۲۲۳۲

باب ۱۳

اس کے بالمقابل ہندوستان میں (بہ شمول دیسی ریاستوں کے) رجسٹری شدہ سرمایۂ مشترک کی انجمنوں کے اعداد حسب ذیل ہیں:۔

جدول (۲)

سنہ ۱۹۱۴ء تا سنہ ۱۹۱۵ء		سنہ ۱۹۳۲ء تا سنہ ۱۹۳۳ء	
تعداد	ادا شدہ اصل	تعداد	ادا شدہ اصل
	روپیہ		روپیہ
۳۵۴۵	۸۰،۷۸،۸۱،۵۷۲	۸۷۱۹	۲۸۶،۴۳،۳۰،۱۶۵

471 مذکورۂ بالا اعداد سے کئی دلچسپ واقعات کا انکشاف ہوتا ہے۔ سب سے اول ہندوستان میں غیر ملکی سرمایے اور مہم جوئی کا عظیم تفوق و امتیاز واضح طور پر منکشف ہوتا ہے۔ غیر ملکی سرمایے کی مجموعی مقدار ملکی سرمایے سے نسبتہً بہت بڑی ہے؛ اور یہ واقعہ کہ اول الذکر صورت میں کمپنیوں کی تعداد نسبتہً قلیل ہے اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ انفرادی غیر ملکی کمپنیوں کے سرمایے کی بنیاد زیادہ مستحکم اور معاشی حیثیت زیادہ قوی ہے۔ اس کے مقابلے میں سنہ ۱۹۱۴ء سے ہم اس قطعی میلان کا ثبوت پا رہے ہیں کہ غیر ملکی سرمایے اور مہم جوئی کی نسبت ہندوستانی مشغول سرمایے کی مقدار اور ہندوستانی کمپنیوں کی تعداد بہت زیادہ تیز رفتار کے ساتھ ترقی کر رہی ہے۔

اگرچہ مذکورۂ بالا اعداد عام طور پر قابل اعتماد معلوم ہوتے ہیں، پھر بھی وہ بعض تحفظات کے تابع ہیں جن کا یہاں ذکر کر دینا مناسب ہوگا۔ (۱) دونوں قسموں کی سرمایۂ مشترک کی انجمنوں کے صرف ادا شدہ سرمایے کا لحاظ کیا گیا ہے۔ اس میں ڈبینچر کے اصل کا اضافہ کرنا ضروری ہے، جس کا اندازہ ایسی کمپنیوں کی حد تک جو ہندوستان سے باہر رجسٹری شدہ ہیں لیکن ہندوستان میں کاروبار کر رہی ہیں،

باب ۱۳ ایک سو ملین پونڈ سے زاید کیا گیا ہے۔ اس کے برعکس یہ ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ اکثر غیر ملکی کمپنیوں، خاص کر بنک کاری، بیمہ اور تجارتی اور جہاز رانی کی کمپنیوں کے مجموعی ادا شدہ اصل کا صرف ایک جزو، جیسا کہ مندرجۂ بالا جدول میں بیان کیا گیا ہے، ان کے کاروبار کی ہندوستانی شاخ میں مصروف ہے۔ (۲) گو کمپنی کے رجسٹر ہونے کے مقام کو سرمایے کے ماندگی تخمینی علامت کے طور پر لیا جا سکتا ہے، پھر بھی غیر ملکی کمپنیوں کے اصل کی کچھ مقدار ہندوستانیوں کی اور ہندوستانی اصل کی کچھ مقدار ممالک غیر کے لوگوں کی ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ غیر ملکی سرمایے کی کمیٹی نے بتلایا ہے، ہندوستانی باشندے غیر ملکی کمپنیوں اور غیر ہندوستانی انتظام کے تحت روپے کی شکل میں سرمایہ رکھنے والی کمپنیوں (مثلاً من کی گرنیوں) دونوں میں اصل کے بڑے اور روز افزوں حصے کے مالک ہیں۔ علیٰ ہذا، جیسا کہ اوپر مذکور ہوا، ممکن ہے کہ روپے کی شکل میں سرمایہ رکھنے والی ہندوستان میں رجسٹری شدہ کمپنیوں میں غیر ملکی حصہ داروں کی کثیر تعداد موجود ہو؛ اور انتظام غیر ملکی اشخاص کے ہاتھ میں ہو۔ اس کی صریح مثال کلکتے کی جن کی گرنیاں، مدراس کی بکنگھم اینڈ کرناٹک کاٹن ملز اور کان پور کی اون کی گرنیاں ہیں۔ (۳) علاوہ ازیں مذکورۂ بالا جدول میں صرف سرمایۂ مشترک کی انجمنوں کے اصل کو محسوب کیا گیا ہے؛ اور غیر ملکی یا ہندوستانی خانگی فرموں کے اصل کو شامل نہیں کیا گیا ہے۔ (۴) ہندوستان میں جو غیر ملکی سرمایہ مصروف ہے اس کی مقدار کا زیادہ صحیح اندازہ قائم کرنے کی غرض سے یہ بھی ضروری ہے کہ ہندوستانی ریلوں، کارہائے آب پاشی وغیرہ کے لیے حکومت ہند کی جانب سے لئے ہوئے پنکل اسٹرلنگ قرضوں کو بھی محسوب کیا جائے۔ ان کی مقدار ۳۱ مارچ ۱۹۳۵ء کو ۲۰۵ء۳ ملین پونڈ تھی؛ اور یہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ یہ قرضے لندن میں بذریعۂ تمسک حاصل کردہ قرضۂ حکومت ہند (بہ شکل روپیہ) کے ساتھ ملا کر تقریباً سب کے سب غیر ملکی شغل اصل کرنے والوں سے حاصل کئے گئے تھے۔

ہندوستان میں غیر ملکی سرمایے کی مقدار کے صحیح اندازے کے مسئلے سے قطع نظر کرتے ہوئے 472
اس عام واقعے کے متعلق کوئی شبہہ نہیں جس سے ہم یہاں زیادہ تر بحث کر رہے ہیں؛ یعنی یہ کہ اس ملک میں جتنا غیر ملکی سرمایہ کسی نہ کسی شکل میں مصروف ہے اس کی مجموعی

باب ۱۳

مقدار بہت زیادہ ہے۔ ہندوستان کے بڑے پیمانے کے اکثر اہم کاروبار، مثلاً، بنک، جہازراں کمپنیاں، ریلیں، بیمہ کمپنیاں، چائے اور کافی کے مزرعے، معدنی کمپنیاں، و باغتِ چرم کی کمپنیاں وغیرہ، غیر ملکی سرمایے کی مدد سے چل رہی ہیں؛ اگرچہ حالیہ سالوں میں ہندوستانی سرمایے اپنے لئے نت نئے راستے نکال رہا ہے، اور اس کی مجموعی مقدار میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ مغربی ہندوستان کی سوت کی گرنیوں کی صنعت، جو زیادہ تر ہندوستانی سرمایے کی مدد سے چل رہی ہے؛ ٹاٹا کے آہن و فولاد کے کارخانے؛ اور مغربی گھاٹ کے ٹاٹا کے کارہائے برقاب[1] ان سب سے قطع نظر کرتے ہوئے بھی ہندوستانی سرمایہ سن کی گرنی، سمنٹ سازی، بنک کاری، دخانی جہازرانی، چائے کے باغوں وغیرہ جیسی صنعتوں میں روز افزوں معروف ہے[2] حکومت بھی قرضے حاصل کرنے میں ہندوستانی زر کے بازار پر روز بروز زیادہ انحصار کر رہی ہے، جیسا کہ مذکورۂ بالا واقعے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۳۱ مارچ ۱۹۱۴ء کو حکومت ہند کا (روپے کا) قرضہ ۱۴۵٫۶ کروڑ تھا، اور وہ ۳۱ مارچ ۱۹۳۵ء تک بڑھ کر ۳۴۳٫۴ کروڑ روپے تک پہونچ گیا؛ اس مقدار میں ہنڈیات خزانہ اور ڈاک خانے کے کیش سرٹی فیکیٹ شامل نہیں ہیں[2]

۱۵۔ ہندوستان میں غیر ملکی سرمایہ: اہم تنقیح طلب امور۔ تامینی محصول کے نظام اور اعلیٰ محصول درآمد بغرض آمدنی کے تحت ہندوستان پر غیر ملکی سرمایے کا موجودہ تسلط اور اس کے بڑھنے کی توقع یہ سوال پیدا کرتی ہے کہ اس سرمایے کی درآمد کے بارے میں کھلے دروازے کی پالیسی کا اختیار کرنا آئندہ کس حد تک مناسب ہوگا۔ غیر ملکی سرمایہ ہندوستان میں دو صورتوں سے داخل ہو سکتا ہے، یعنی (۱) قرضے کی غرض سے (۲) شغل اصل کی غرض سے۔ اول الذکر کی حد تک یہ بات متفقہ طور پر تسلیم کی جاتی ہے کہ ملکی سرمایہ جس وقت تک وافر مقدار میں اور کافی سرعت

---

[1] ٹاٹا کے زیر نگرانی کام کرنے والی برقابی کمپنیوں نے حال ہی (۱۹۲۹ء) میں ایک بڑے امریکن سنڈیکیٹ سے ایک معاہدہ کیا ہے جس کی رو سے موخر الذکر نے کمپنیوں کی ایکتیسوں میں نصف حصہ بقدر ۳ لاکھ روپیہ حاصل کیا ہے۔ یہ بہت کچھ مخالفانہ نقد و تبصرے کا موضوع رہا۔

[2] نیز دیکھو جلد دوم باب (۱۱)۔

باب ۱۳

کے ساتھ دستیاب نہ ہو اس وقت تک ممالک غیر سے اصل مستعار لینے میں نہ صرف کوئی اعتراض نہیں ہے، بلکہ ایسا کرنے میں قطعی فائدہ ہے اگرچہ اسی کے ساتھ ملک کے اندرونی ذرایع اصل کو مجتمع و مرتکز کرنے کی ہر ممکنہ کوشش بھی کرنی چاہیئے۔

جاپان اور ریاستہائے متحدۂ امریکہ جیسے دوسرے ممالک اگرچہ خیالات اور پالیسی کے لحاظ سے نہایت قوی قومی جذبہ رکھتے ہیں، پھر بھی انھوں نے غیر ملکی سرمایے کو اس شکل میں استعمال کرنے کی حد تک ہمت افزائی کی ہے۔ علیٰ ہذا تعلیم یافتہ غیر سرکاری ہندوستانی رائے عامہ نے غیر ملکی سرمایے کے استعمال کی اس مفہوم میں مخالفت نہیں کی ہے۔ چنانچہ آر۔ سی۔ دت سرکاری ریلوں کو مالی امداد کی غرض سے ملک سے باہر اصل بھیا کرنے کے اصول کو مستحسن اور مستحکم خیال کرتے تھے۔ باہر کا شغل اصل کرنے والا اس صورت میں محض مقررہ شرح سود کا حق دار ہوتا ہے اور صرف باقی داری کی صورت میں نگرانی کے حقوق حاصل کرتا ہے۔ اس قسم کے غیر ملکی سرمایے کی مثالیں کئی سرکاری و بلدی قرضوں، بندرگاہوں کی انتظامی کمیٹی کے تمسکات (بونڈ) خانگی کمپنیوں کے بونڈ اور ڈیبنچروں اور بنک کے قرضوں میں ملتی ہیں[1] جیسا کہ ڈاکٹر سلیٹر نے کہا ہے چونکہ بیرونی انتظام کا کوئی سوال نہیں ہے، اس لئے قابل لحاظ اہم امور یہ ہیں۔ (ا) کیا نیا اثاثہ غیر ملکی قرضے کے ذریعے سے قائم کیا جا سکتا ہے، جس سے ہندوستانیوں کو براہ راست یا بالواسطہ خالص سالانہ آمدنی، مقررہ شرح سود کے علاوہ وصول ہو سکتی ہے؟ اور (ب) کیا ہندوستان کے مقابلے میں ملک سے باہر زیادہ فائدے کے ساتھ زر مستعار لیا جا سکتا ہے؟ اگر ان دونوں سوالوں کا جواب اثبات میں دیا جائے تو ظاہر ہے کہ غیر ملکی سرمایے کا استعمال مفید ہے۔" لیکن غیر ملکی سرمایے کی کمیٹی ایک تحفظ کا اضافہ کرتی ہے؛ اور وہ یہ کہ سرکاری اور نیم سرکاری قرضوں کی حد تک شرح سود ہی غیر ملکی اور ملکی قرضے کے درمیان واحد قابل لحاظ امر نہ ہونا چاہیئے وہ یہ مشورہ دیتی ہے کہ مبادلے کے ملحوظات سے قطع نظر کرتے ہوئے غیر ملکی قرضوں کے مقابلے میں روپے کے قرضوں کو تا حد امکان ترجیح دینی چاہیئے، خواہ موخر الذکر صورت میں شرح سود کسی قدر ناموافق ہی کیوں نہ ہو؛ اس کا مقصد یہ ہے کہ پس اندازی اور

473

[1] دیکھو غیر ملکی سرمایے کی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۷)۔

باب ۱۳

شغل اصل کی عادات پیدا کی جائیں، اور سرکاری تمسک کی شکل میں اعلیٰ درجے کی ضمانت اور ہندوستان میں صنعتی کاروبار کی ترقی کے لئے بنک کے قرضے کی کفالت کے طور پر عمدہ ضمانت کے بونڈ مہیا کئے جائیں۔[1]

لیکن غیر ملکی سرمایہ ملک میں معمولاً تخمینی کاروبار اور نفع اندوزی کی بنیاد پر داخل ہوتا ہے، اور غیر ملکی نگرانی و انتظام پر مبنی ہوتا ہے۔ چنانچہ اسی قسم کے سرمایے کے خلاف عام طور پر اعتراضات کئے جاتے ہیں۔

۱۶۔ غیر ملکی سرمایے پر اعتراضات۔ غیر ملکی سرمایے کے بارے میں حسب ذیل اہم اعتراضات کئے جاتے ہیں۔[2]

(۱) پہلا بدیہی اعتراض یہ ہے کہ منافع ملک سے باہر چلا جاتا ہے۔ بعضوں کو یہ اعتراض اس قدر زبردست معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس بات کو روا رکھنے کی بجائے کہ ملک کے قدرتی ذرایع زیادہ تر اغیار کے اغراض کے لئے ترقی پائیں اور اغیار ان سے فائدے حاصل کریں یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ غیر ملکی سرمایے کی درآمد کا ملاً ممنوع قرار دی جائے؛ خواہ اس کے نتیجے کے طور پر ملک کی صنعتی ترقی غیر معین مدت تک ملتوی ہی کیوں نہ ہو جائے۔ یہ احساس اور جذبہ "کلیدی صنعتوں" یا ایسی صنعتوں کے بارے میں جو قومی تحفظ کے نقطۂ نظر سے اہم ہیں، اور ملک کے ان قدرتی ذرائع کے بارے میں جن کا افادہ ایک مرتبہ فائدہ حاصل کرنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے، مثلاً کانیں، خاص طور پر قوی اور شدید ہے۔ 474

(۲) دوسرا اعتراض یہ ہے کہ بیرونی فرم ڈائرکٹروں کی حیثیت سے اپنی ہی قوم کے افراد کے انتخاب کو ترجیح دیتے ہیں اور اسی قسم کی جانبداری وہ اپنے اعلیٰ عملے کے ارکان کے انتخاب میں بھی برتتے ہیں؛ اس طرح ہندوستانیوں کو ذمہ دارانہ اور ذی اقتدار عہدوں پر ترقی کرنے کا کوئی معقول موقع ہی نہیں ملتا۔ یہ فرم ہندوستانیوں کو کارآموزوں کے طور پر تربیت دینا بھی ناپسند کرتے ہیں؛ اس طرح غیر ملکی سرمایے کے

---

[1] ۔ دیکھو غیر ملکی سرمایے کی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۷)

[2] ۔ دیکھو مالی کمیشن کی رپورٹ، فقرہ (۲۹۰)؛ اور اختلافی نوٹ فقرہ (۴۳ تا ۴۵)؛ نیز بیرونی اصل کی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ (۱۷)۔

باب ۱۳

متعلق جن اہم فوائد کا ادعا کیا جاتا ہے ان میں سے ایک زائل ہو جاتا ہے۔ (۳) آخر میں یہ کہ غیر ملکی سرمایے کے خلاف یہ سیاسی اعتراض کیا جاتا ہے کہ وہ حقوق قائمہ و مستقلہ پیدا کرتا ہے جو عام طور پر ملک کی سیاسی و معاشی آرزؤں اور حوصلہ مندیوں کے منافی ہوتے ہیں۔ غیر ملکی سرمایے کو مرور زمانہ کے ساتھ تبدیج محض اس کی ذاتی مداخت میں اور خالصتاً معاشی اسباب کی خاطر اس بات پر مجبور کیا جا سکتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو ہندوستانی نقطۂ نظر کے زیادہ سے زیادہ مطابق بنائے۔ لیکن ایسی کوئی علامت ابھی تک کسی قابل لحاظ حد تک رونما نہیں ہوئی ہے۔

۱۷۔ غیر ملکی سرمایے کے فوائد۔

لیکن مذکورۂ بالا نقائص کے باوجود کئی وجوہ کی بنا پر غیر ملکی سرمایہ کا چند تحفظات کے تابع خیر مقدم کرنا مناسب ہی نہیں بلکہ ضروری ہوگا۔ غیر ملکی سرمایے کے فوائد میں سے ایک یہ ہے کہ اس کی مدد سے ملک کی صنعتی ترقی اور اس کے نتیجے کے طور پر اس کے مالدار بننے کی رفتار کو تیز کیا جا سکتا ہے۔ ملک ابتدا ہی سے فائدہ حاصل کرتا ہے، اس لئے کہ گو صنعتوں کا انحصار غیر ملکی سرمایے پر ہوتا ہے وہ قومی دولت میں کم از کم کام کرنے والے مزدور کی اجرت کی شکل میں اضافے کا موجب ہوتی ہیں۔ اس بارے میں کوئی اٹل اصول نہیں ہے کہ نفع کا تناسب اجرت سے کیا ہو؛ لیکن اکثر صورتوں میں صنعتی کاروبار کی مجموعی خام آمدنی میں اجرت کی مد ہی بڑی مد ہوتی ہے۔ بہرکیف اگر ملک کو صنعتی حیثیت سے ترقی دینے اور غیر ملکی سرمایے کی مدد سے صنعت کو ترقی دینے کے دو طریقوں میں سے ایک کا انتخاب کرنا ہو تو ظاہر ہے کہ موخر الذکر طریقہ خالص معاشی نقطۂ نظر سے قابل ترجیح ہوگا۔ اس میں شک نہیں کہ ملک کو سب سے زیادہ فائدہ اس وقت ہوگا جب کہ نفع اور اجرت دونوں ملک کے اندر ہی رہیں، اور یہ بات نہایت اہمیت رکھتی ہے کہ ملکی مہم جوئی بعجلت ممکنہ قدم آگے بڑھائے اور ملک کی صنعتی ترقی کا بیڑا اٹھائے؛ چنانچہ اس کو ایسا کرنے کی ہمت افزائی کرنے کے لئے ہر ممکنہ سعی کرنی چاہیئے۔ لیکن اس اثنا میں جس وقت تک اہل ملک اس کام کو سرانجام دینے کے لئے تیار و آمادہ نہ ہوں غیر ملکی سرمایہ داروں کو اس میں ہاتھ بٹانے کا موقع دینا چاہیئے۔ اجرت خواہ اس کا تناسب مجموعی خام آمدنی سے ادنیٰ ہو یا اعلیٰ ملک کے حق میں نافع ثابت ہوگی۔

لہ۔ دیکھو مارشیسن کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں معاشی تغیر" صفحہ ۲۲۰۔

باب ۱۳ 475

لیکن اس سے زیادہ اہم فائدہ اس فائدے سے قطع نظر کرتے ہوئے جو کمائی ہوئی اجرت کی بنا پر قومی دولت کے فوری اضافے کی شکل میں رونما ہوتا ہے یہ ہے کہ غیر ملکی سرمایہ دار ملک میں فنی معلومات اور انتظام درآمد کرتا ہے جو صنعتی ترقی کے محرک کی حیثیت سے ضروری ہے۔ لیکن اس فائدے کو صرف اس وقت پوری طرح حاصل کیا جا سکتا ہے جبکہ بیرونی فرمیں صنعتی انتظام اور فنی مہارت کے بارے میں اہل ملک کی تربیت کی سہولتیں بہم پہنچائیں۔ اس سلسلے میں ہم یہ خیال ظاہر کرنے پر اپنے آپ کو مجبور پاتے ہیں کہ باوجود اس واقعے کے کہ یوروپین سرمایہ ایک مدت دراز سے ہندوستان کے صنعتی میدان میں سرگرم عمل رہا ہے، اس کی موجودگی کے نتیجے کے طور پر مذکورۂ بالا نوعیت کا کوئی قابل قدر فائدہ رونما نہیں ہوا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محض غیر ملکی سرمایے کو ملک کے اندر بے روک ٹوک داخل ہونے دینے سے لازمی طور پر یا ازخود وہ فوائد حاصل نہیں ہوتے جو اس سے منسوب کئے جاتے ہیں۔ یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ غیر ملکی کمپنیوں پر ایسے شرائط عائد کئے جائیں جن سے ملک کو صنعتی تعلیم جلت حاصل ہو سکے۔ اس امر سے انکار کرنے میں کہ موجودہ زمانے میں ہندوستانیوں میں صنعتی قیادت و رہنمائی کے اوصاف اور صنعتی معلومات کا فقدان ہے کوئی مفید نتیجہ نہیں نکل سکتا۔ لیکن وہ ان سبقوں کو سیکھنے کے قابل ہیں جو مغرب انھیں ان اعتباروں سے سکھا سکتا ہے بشرطیکہ انھیں سیکھنے کی مناسب سہولتیں اور مواقع بہم پہنچیں۔ اور اگر وہ غیر ملکی صناعوں سے جدید ترین طریقوں اور نت نئے خیالات کے متعلق ضروری ابتدائی معلومات حاصل کرنے سے محروم رہ جائیں تو غیر ملکی سرمایے کو ملک میں صنعتیں قائم کرنے دینے کا اصلی مقصد فوت ہو جائے گا۔ گو ان تمام باتوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ غیر ملکی ہم جوئی سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی غرض سے تدابیر اختیار کرنا ضروری ہے پھر بھی اس ہم جوئی کے افادے سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اسی وجہ سے اکثر ممالک اس کی مخالفت کرنے کی بجائے اپنے راستے سے ہٹ کر اس کو اپنی جانب کھینچنے کے خاص تدابیر اختیار کرنا منفعت بخش پاتے ہیں۔ نیز یہی وجہ ہے کہ تامین کی حمایت بعض اوقات اس بنیاد پر کی جاتی ہے وہ (تامین) غیر ملکی سرمایے کو یہ ترغیب دیتی ہے کہ اس ملک میں منتقل ہونے کی کوشش کرے جو محصول کی سدراہ قائم کرتا ہے۔

باب ۱۳

غیر ملکی سرمایے کا ایک اور فائدہ یہ بتایا جاتا ہے کہ وہ نشو و نما کے ابتدائی معارف برداشت کرتا ہے اور ملکی مہم جوئی اور حوصلہ مندی کا راستہ صاف کرتا اور کھولدیتا ہے۔[1] اس بنا پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہندوستان میں غیر ملکی سرمایہ دار جو کثیر نفع حاصل کرتے ہیں جس کا اندازہ ۱۶ ملین پاؤنڈ سالانہ کیا گیا ہے[2] اس پر غور کرتے وقت ہمیں ان ابتدائی نقصانات کا بھی لحاظ کرنا چاہئے جو انھیں برداشت کرنے پڑتے ہیں۔ اسی کے ساتھ یہ بھی ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ اگر کوئی ملک صنعتی مہم جوئی اور کاروبار کے جوکھم اور خطرات برداشت کرنے میں اغیار کا ہمیشہ محتاج اور دست نگر بنا رہے تو اس کی کمزوری کی علامت ہے۔

۱۴۔ غیر ملکی سرمایے پر مجوزہ بندشیں۔ 676

غیر ملکی سرمایے کے فوائد اور نقائص پر غور کرنے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ گو ہمیں اسے بہت زیادہ آزادی اور تواضع کے ساتھ درآمد نہ کرنا چاہئے تاہم ملک کی صنعتی ترقی میں اس کو اب بھی نہایت ہی اہم حصہ لینا ہے، بشرطیکہ اس کے کاروبار مناسب نگرانی کے تحت لائے جائیں اور وہ بعض بندشوں کے تابع کیا جائے دو متضاد قسم کے ملحوظات میں مطابقت پیدا کرنے کی خاطر بندشیں سوچ کر نکالنی چاہئیں۔ ایک طرف تو غیر ملکی سرمایے ٹھیک مطلوبہ مقداروں میں اور مطلوبہ قسم کا حاصل کرنا چاہئے۔ اگر بندشیں حد سے زیادہ سخت ہوں تو ممکن ہے کہ غیر ملکی سرمایہ دہشت زدہ ہو کر باہر چلا جائے اور ملک میں داخل نہ ہو جس سے ملک کو نقصان پہنچے۔ دوسری طرف بندشوں کا بالکل نہ ہونا یا ان کے عائد کرنے میں حد سے زیادہ نرمی و رعایت اپنے اندر یہ خطرہ رکھتی ہے کہ غیر ملکی سرمایہ ملک کو کوئی معقول فائدہ پہنچائے بغیر نفع بخش صنعت کے کل میدان پر قبضہ کر لے گا۔ لہٰذا حسب ذیل قسم کی بندشیں تجویز کی جاتی ہیں:۔

(۱) غیر ملکی کمپنیوں کو روپے کے سرمایے کے ساتھ ہندوستان میں قائم اور رجسٹر کرنا چاہئے

---

[1] ۔ ہندوستان میں یوروپین مہم جوئی کی تاریخ ڈی اپیچ بکانن کی کتاب موسوم بہ "ہندوستان میں اصلداراتہ کاروبار کی ترقی" باب ۳ میں مختصر طور پر بیان کی گئی ہے۔

[2] ۔ دیکھو غیر ملکی سرمایے کی کمیٹی کی رپورٹ فقرہ (۷)۔

باب ۱۲

تاکہ ہندوستانیوں کو شغل اصل کی سہولتیں حاصل ہوں اور انتظام ہندوستانی قومی اغراض کے ساتھ وابستہ رہے۔ یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ مشترک سرمایہ کی انجمنوں کی بجائے خانگی انجمنیں قائم کرکے اس بندش سے بچنے کی کوشش کی جائے، لیکن اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ جدید صنعتی کاروبار کے لئے جتنا کثیر سرمایہ ضروری ہوتا ہے اس کی سربراہی خانگی انجمنیں معمولاً نہیں کرسکتیں، اور یہ کہ اگر کسی صورت میں اس طرح بچنے کی بڑے پیمانے پر کوشش کا علم ہو تو اس کو روکنے کے لئے خاص قوانین وضع کئے جاسکتے ہیں۔

(۲) دوسرے یہ کہ ایسی کمپنیوں کے حصوں کا ایک تناسب ہندوستان کے شغل اصل کرنے والوں کے لئے محفوظ کر دینا چاہیئے تاکہ انتظام میں کافی ہندوستانی نگرانی کا یقین ہو جائے۔ اس سے کم انتہائی بدلی ہوئی شکل یہ ہے کہ اس تناسب کو جملہ نئی کمپنیوں میں ایک معین مدت تک ہندوستانی شرکا کے لئے محفوظ کر دینا چاہیئے۔ اس شرط کے خلاف یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ تاوقتیکہ ہندوستانیوں کے ابتدائی خرید کردہ حصص کی انتقال پذیری پر بندشیں عائد نہ کی جائیں وہ بالکل بے سود اور لاحاصل ہوگی۔ لیکن اگر آزاد انتقال پذیری میں مزاحمت پیدا کی جائے تو ہندوستانی حصہ دار گھاٹے میں رہے گا، اس لئے کہ اس کے حصص کا بازار محدود ہو جائے گا اور اس کے نتیجے کے طور پر ان حصص کی قیمت کم ہو جائے گی۔ دوسری طرف ہندوستان کے لئے حصص کے ایک مقررہ تناسب کو محفوظ کر دینے سے صنعت میں اصل کی مقدار اس حد تک محدود ہو جائے گی اور مسابقت میں کمی ہو جانے کی وجہ سے سرمایہ کی آمدنی میں اضافہ ہو جائے گا۔ لیکن اس کے معنی یہ بھی ہوں گے کہ اصل دار صارف کے نقصان سے فائدہ اٹھائے گا۔ آخر میں یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ ان بندشوں سے بچنے کی کوششوں کو روکنا عملاً ناممکن ہوگا[1]۔

۴۷۶ (۳) تیسری تجویز یہ پیش کی جاتی ہے کہ نظماء کا کچھ فیصد ہندوستانیوں کے لئے مخصوص کر دینا چاہیئے، اور ترجیحاً ہندوستانی حصہ دار ہی اپنے نظماء کا انتخاب کریں۔ اس پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ اس بندش میں تنگ نظری اور فرقہ پرستی کی جھلک

---

[1] ۔ غیر ملکی سرمایہ کی کمیٹی کی رپورٹ، فقرہ ۲۱ تا ۲۳۔

باب ۱۳

دکھائی دیتی ہے؟ اس کے علاوہ وہ عہدہ کاروباری انتظام کے لئے مہلک ہے۔ لیکن اس کا جواب اس استدلال سے دیا گیا ہے کہ محض یہی خیال کہ غیر ملکی سرمایہ پر اس نوع پر بندش عائد کرنی چاہئے کہ وہ غیر ملکی ہے ایک طرح کی فرقہ واریت ہے جو دوسرے وجوہ سے ہر طور ضرر رساں خیال کی جاتی ہے۔ حتیٰ کہ انگلستان بھی اس فرقہ وارانہ ذہنیت سے آزاد نہیں رہا ہے جس کا مطلب غیر ملکی کے مقابلے میں کسی مذہبی فرق و امتیاز قائم کرنا تھا۔ اس کی مثال کے طور پر پنڈت مالویہ انگلستان کے ماورائے بحر (اعتبار زر) ایکٹ بابت ۱۹۲۰ء کی شرط کی طرف اشارہ کرتے ہیں؟ جس کی رو سے قرضوں کی منظوری صرف ایسی فرموں تک محدود رکھی گئی جو غالب حیثیت سے انگریزی نوعیت رکھتی تھیں۔ علیٰ ہذا ہندوستان میں تجارت آزاد کے نظام کے تحت بھی حکومت خانگی کمپنیوں کے لئے مراعات منظور کرنے میں ایسی بندش کی ضرورت تسلیم کر چکی تھی۔

(۴) علاوہ ازیں یہ تجویز پیش کی جاتی ہے کہ سب کمپنیوں کے لئے خواہ وہ ہندوستانی ہوں یا غیر ہندوستانی، یہ ضروری قرار دینا چاہئے کہ ہندوستانی کارآموزوں کی تربیت کے لئے سہولتیں بہم پہنچائیں اور خلاف ورزی کی صورت میں تعزیری محصول عائد کرنا چاہئے۔

یہ بات کم و بیش عام طور پر تسلیم کی جاتی ہے کہ غیر ملکی سرمایہ پر اس قسم کی کچھ بندشیں عائد کرنا اس کے نقائص کو گھٹانے اور اس کے فوائد کو بڑھانے کے لئے ضروری ہے۔ اس قسم کی بندشیں قانون تامین صنعت فولاد بابت ۱۹۲۴ء[1] کی شکل میں قانونی جواز حاصل کر چکی ہیں۔ لیکن کن کن صورتوں پر ان کا اطلاق ہونا چاہئے اس بارے میں اختلاف آرا ہے۔ مثلاً مالی کمیشن اور غیر ملکی سرمایہ کی اکثریت کی رپورٹیں، ان بندشوں کو صرف اس وقت عائد کرنے کو ترجیح دیتی ہیں جب کہ مالی امداد کی شکل میں کوئی معین اور قطعی امداد کمپنیوں کو حکومت کی جانب سے ملے؛ ان شرائط کو تمام حالات میں بلا استثنا عائد کرنے کے بارے میں ان رپورٹوں کا عام اعتراض یہ ہے کہ وہ بہت زیادہ بوجھل ہو جائیں گی اور اس لحاظ سے ان سے بچنے کی کوشش کی جائے گی،

[1] Indian Steel Industry Protection act of 1924.

باب ۱۳

یا اگر بچنے کی کوشش نہیں کی گئی تو وہ غیر ملکی سرمایے کو خائف کر کے یہاں سے قریب قریب بالکل باہر نکال دیں گی۔ اس کے برخلاف مالی کمیشن کی اقلیت کی رپورٹ یہ استدلال کرتی ہے کہ تامینِ بذات خود ایک اہم مراعات ہے؛ یہ کہ مالی امداد غیبی قطعی مراعات کے ذریعے سے کاروبار کی سرپرستی کرنے اور عام تامینی طریق کا فائدہ اس کو پہنچا کر اس کی اعانت کرنے میں منطقی اعتبار سے کوئی فرق و امتیاز قائم نہیں کیا جا سکتا؛ اور رپورٹ یہ ظاہر کرتی ہے کہ مجوزۂ بالا بندشوں کا اطلاق تمام صورتوں میں کرنا چاہئے، خواہ مخصوص مراعات دی جائیں یا نہ دی جائیں۔

مذکورۂ بالا بحث سے یہ عام نتیجہ رونما ہوتا ہے کہ اولاً ہندوستان کے موجودہ حالات میں غیر ملکی سرمایے کی ضرورت ایک حد تک اس غرض سے ہے کہ 478
ملک کی صنعتی ترقی کی رفتار بڑھائی جائے اور صارف کے ایثار کی مدت کم کی جائے (جو اس وقت تک بحال خود قائم رہے گی جب تک کہ تامینی محصول برقرار ہیں) اور ملک کو صنعت کا جدید ساز و سامان مہیا کیا جائے۔ دوسرے یہ کہ غیر ملکی سرمایے کی درآمد پر اس طرح نگرانی قائم کرنی چاہئے کہ اس کی بدولت مصرحۂ بالا مقاصد بوجہ احسن پورے ہوں۔ رہا یہ امر کہ یہ نگرانی ٹھیک کس طریقے سے اور کن حالات میں قائم کرنی چاہیے تو یہ اصول سے زیادہ تفصیل کا معاملہ ہے۔ مالی کمیشن کی مذکورۂ بالا اکثریت اور اقلیت کی رپورٹوں کے درمیان اختلاف آرا اس واقعے کی بنا پر رونما ہوتا ہے کہ اکثریت اس امر کی قائل نہیں ہے کہ بندشیں دانشمندانہ و موثر ہیں؛ اس کے برخلاف اقلیت بندشوں کی موافقت میں قطعی میلان ظاہر کرتی ہے۔ لیکن غیر ملکی سرمایے کی تنظیم کے ذریعے سے قومی مقصد حاصل کرنے کی حد تک دونوں کی رایوں میں اساسی طور پر اتفاق ہے۔

اس امر کا فیصلہ کہ پیش نظر مقاصد کو حاصل کرنے میں نگرانی و انتظام کے مجوزہ طریقے کس حد تک موثر ہوں گے، تجربے، آزمایش اور غلطی سے ہو سکتا ہے۔ اگر کوئی خاص قسم کی نگرانی عملاً نقصان دہ پائی جائے تو ہر صورت حال کی مناسبت سے اس کو ہٹا لینا یا مصلح تجویز کرنا ہمیشہ ممکن ہے۔ ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ اقلیت کی رپورٹ کے پیش کردہ طریقوں کے مطابق ابتدا میں مقابلۃً سخت بندشیں عائد کرنے کے نتیجے کے طور پر کوئی ناقابل تلافی نقصان رونما نہ ہوگا؛ اگر یہ بندشیں نامناسب پائی جائیں

باب ۱۳ تو ان میں حالات کے اقتضاء کے لحاظ سے تغیر و ترمیم کی جا سکتی ہے یا اعتدال پیدا کیا جا سکتا ہے۔ ہمارا یہ خیال ہے کہ غیر ملکی سرمایے کو جو ایسی بندشوں کے نتیجے کے طور پر جو تجربے کی رو سے حد سے زیادہ سخت ثابت ہوں خوفزدہ کر کے باہر نکال دینے کے بعد بندشوں میں حسب ضرورت و عند الضرورت نرمی و اعتدال پیدا کر کے واپس لانے کی ترغیب نہیں دی جا سکتی۔ لیکن غیر ملکی سرمایے پر بندشیں عائد کرنے کی موافقت میں ابتدائی میلان غیر سرکاری ہندوستانی رائے عامہ کے مطابق ہوگا اور نہ صرف حکومت کی طرف سے دوستی کا اشارہ تعبیر کیا جائے گا، بلکہ اس امر کی علامت خیال کیا جائے گا کہ حکومت ہندوستانی صنعتوں کی سرپرستی و ہمت افزائی کی پالیسی پر خلوص دل کے ساتھ کاربند ہونے کے لئے آمادہ ہے۔

غیر ملکی سرمایے کی درآمد کی نگرانی میں بہت حزم و احتیاط سے کام کرنے کے حق میں جو دلائل پیش کئے جاتے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ چونکہ غیر ملکی سرمایہ یورپ میں زمانۂ بعد از جنگ کی تنظیم جدید و تعمیر نو کے لئے مطلوب ہے اس لئے اب وہ ایسی آسانی کے ساتھ دستیاب نہیں ہو سکتا جیسا کہ جنگ سے پیشتر ہوتا تھا۔ موجودہ زمانے میں ہندوستان میں سرمایہ اتنی کثیر مقداروں میں بے سود پڑا ہوا ہے کہ اگر اس سے کام لینے کے مناسب ذرائع معلوم کر لیے جائیں تو ہندوستان غیر ملکی سرمایے کے استعمال سے کلیۃً بے نیاز ہو جائے گا۔ بقول سر مینیل بلاکٹ یہ رجائی خیال بھی حق بجانب ہے کہ بہت زمانہ نہ گزرے گا کہ ہندوستان نہ صرف غیر ملکی سرمایے سے مستغنی ہو جائے گا، بلکہ اپنی اندرونی ضرورتیں تمام و کمال پوری کرنے کے بعد دوسرے ملکوں کو اپنی فاضل رقوم سے قرضے دے گا۔

479 **۱۹۔ دستور جدید کے تحت غیر ملکی سرمایے کی حیثیت۔** اس بارے میں کہ جس وقت دستور جدید عملی جامہ پہنے گا تو قومی مفاد کے نقطۂ نظر سے برطانوی سرمایے کے کاروبار کی نگرانی کرنا کس حد تک ممکن ہوگا وزنی شبہات کئے گئے ہیں۔ قانون حکومت ہند بابت ۱۹۳۵ء میں مندرجۂ ذیل قراردادیں امتیاز وغیرہ کے متعلق موجود ہیں:۔

دفعہ ۱۱۱ میں یہ مذکور ہے کہ برطانوی رعیت جو سلطنت متحدہ میں سکونت پذیر ہو

باب ۱۳

کسی ایسے وفاقی یا صوبہ داری قانون کے علدرآمد سے مستثنیٰ رہے گی جو (۱) برطانوی ہند میں داخل ہونے کے حق میں بندش عائد کرتا ہے؛ یا (۲) مقام ولادت، قوم، نسب، نسل، زبان، مذہب، سکونت، بود و باش کی جگہ یا مدت کے اعتبار سے سفر و سیاحت، سکونت، جائداد کے اکتساب، قبضہ یا فروخت، سرکاری عہدے پر تقرر یا کسی پیشے، تجارت، کاروبار یا دھندے کے چلانے کے بارے میں کوئی پابندی، ذمہ داری، بندش یا شرط عائد کرتا ہے۔

دفعہ ۱۱۲ میں اس کو ممنوع قرار دیا گیا ہے کہ برطانوی رعیت پر جو سلطنت متحدہ یا برما میں سکونت پذیر ہو یا ان مقامات میں رجسٹر شدہ کمپنیوں پر خواہ وہ قانون کی منظوری سے پیشتر رجسٹر ہوئی ہوں یا بعد، امتیازی محصول عائد کیا جائے۔

دفعہ ۱۱۳ کے تحت سلطنت متحدہ میں قانون کی منظوری سے پیشتر یا بعد قائم شدہ کمپنی اور کسی ایسی کمپنی کی مجلس انتظامی کے ارکان، اس کے حصص، اسٹاک، ڈیبنچر، ڈیبنچر اسٹاک یا بونڈ کے قابضوں اور کمپنی کے عہدہ داروں، ایجنٹوں اور ملازموں کے متعلق یہ سمجھا جائے گا کہ وہ وفاقی یا صوبہ داری قانون کے اس جزو کی تعمیل کریں گے جو برطانوی ہند میں کاروبار کرنے والی یا کاروبار شروع کرنے والی کمپنیوں پر حسب ذیل امور کے متعلق شرائط یا پابندیاں عائد کرے۔ (۱) کمپنی کی رجسٹری کا مقام یا اس کے رجسٹر شدہ دفتر کا محل وقوع یا زر کی شکل جس میں اس کا اصل یا قرضے کا سرمایہ ظاہر کیا جائے؛ یا (۲) کمپنی کی مجلس انتظامی کے ارکان، یا اس کے حصص، اسٹاک وغیرہ کے قابضوں یا اس کے عہدہ داروں، ایجنٹوں یا ملازموں کا مقام ولادت، مذہب اور نسب اور ان کی زبان، نسل، سکونت کی جگہ یا مدت۔

مذکورۂ بالا معاملات میں سے کسی کے بارے میں شرائط کی پابندی کے تابع وہ تمام کمپنیاں محصول کی حد تک مراعات سے فائدہ اٹھائیں گی جو سلطنت متحدہ میں قائم ہوئی ہوں اور ہندوستان میں کاروبار کر رہی ہوں۔

دفعہ ۱۱۴ کے تحت برطانوی رعیت کے لئے جو سلطنت متحدہ میں سکونت پذیر ہو یہ ضروری ہوگا کہ وہ برطانوی ہند کے کسی ایسے قانون کی تعمیل کرے جو برطانوی ہند میں قائم شدہ کمپنی کی حد تک کمپنی کی مجلس انتظامی کے ارکان، یا اس کے حصص، اسٹاک،

باب ۱۳ ڈیبنچر، ڈیبنچر اسٹاک یا بونڈ کے قابضوں یا کمپنی کے عہدہ داروں، ایجنٹوں اور ملازموں
481 کے مقام ولادت، نسل، نسب، زبان، مذہب، سکونت کے مقام یا مدت کے متعلق کسی قسم
کے لوازم یا شرائط عائد کرے۔

مذکورۂ بالا کمپنیوں میں سے کسی پر وفاقی یا صوبے داری قانون کے تحت یا ذریعے سے جو محصول عائد کیا جائے اس سے کامل یا جزئی استثنا دیا اس کی بابت ترجیحی سلوک کا انحصار جس حد تک مذکورۂ بالا معاملات کے متعلق شرائط کی تعمیل پر ہو اس حد تک اور ایسی صورت میں جب کہ کمپنی کی مجلس انتظامی کے ارکان، اس کے حصص، اسٹاک، ڈیبنچر، ڈیبنچر اسٹاک یا بونڈ کے قابض اور اس کے عہدہ دار، ایجنٹ اور ملازم سلطنت متحدہ میں سکونت پذیر برطانوی رعیت ہوں ایسی کمپنی پر شرائط کی تعمیل واجب ہوگی اور اس کے مطابق یہ سمجھا جائے گا کہ وہ استثنا یا ترجیحی سلوک کی مستحق ہے۔

دفعہ ۱۱۵ کے تحت سلطنت متحدہ میں رجسٹر شدہ کسی جہاز کے ساتھ قانون کی رُو سے برطانوی ہند میں کسی ایسے سلوک کو روا نہیں رکھا جائے گا جو جہاز پر یا اس کے مالک افسروں، ملاحوں، مسافروں یا سامان تجارت پر مضر اثر ڈالے اور جو برطانوی ہند میں رجسٹر شدہ جہازوں کے حق میں امتیاز سے کام لے۔

اس دفعہ کا اطلاق ہوائی جہازوں پر بھی ہوتا ہے۔

دفعہ ۱۱۶ کے تحت، ایسی کمپنیاں جو سلطنت متحدہ میں رجسٹر ہوئی ہوں اور ہندوستان میں کاروبار کر رہی ہوں ہر اس عطیے، مالی امداد و اعانت کی جو صنعت و تجارت کی بہت افزائی کے لئے دی جائے اسی حد تک مستحق ہو سکتی ہیں جس حد تک کہ برطانوی ہند میں رجسٹر شدہ کمپنیاں۔

لیکن وفاقی یا صوبے داری مجلس قانون ساز ایکٹ منظور کر کے کسی کمپنی کے بارے میں جو اس ایکٹ کی منظوری کی تاریخ تک برطانوی ہند میں تجارت یا صنعت کے اس شعبے میں مصروف نہ ہو جس کی بہت افزائی، مالی امداد و اعانت کی غرض و غایت ہے یہ لازم قرار دے سکتی ہے کہ کمپنی مالی امداد کی اس وقت تک مستحق نہ ہوگی جب تک کہ:-

(۱) کمپنی ہندوستان میں رجسٹر شدہ نہ ہو؛

اور (۲) کمپنی کے حصہ داروں کا اتنا تناسب جس کو ایکٹ مناسب قرار دے (جو نصف سے زاید نہ ہو) ہندوستان میں سکونت پذیر نہ ہو؛

اور (۳) کمپنی ایسی معقول سہولتیں بہم نہ پہنچائے جو ہندوستان میں سکونت پذیر برطانوی رعایا کی تربیت کے لئے تجویز کی گئی ہوں۔

اس دفعہ کے اغراض کے لئے سلطنت متحدہ میں قائم شدہ کمپنی کے متعلق اگر وہ ایسے جہازوں کی مالک ہو جو ہندوستانی بندرگاہوں سے غیر ممالک کو اور غیر ممالک سے ہندوستانی بندرگاہوں کو سامان تجارت لاتے اور لے جاتے ہیں یہ متصور ہوگا کہ وہ ہندوستان میں کاروبار کر رہی ہے۔

دفعہ ۱۱۳ تا ۱۱۶ اس شرط کے تابع ہیں کہ سلطنت متحدہ میں قائم شدہ کوئی کمپنی یا وہاں کے سکونت پذیر اشخاص اس وقت تک کوئی سہولت حاصل نہ کر سکیں گے جب تک کہ سلطنت متحدہ کا قانون وہاں بھی ایسی کمپنیوں کو جو ہندوستان 481
میں قائم ہوں اور سلطنت متحدہ میں کاروبار کر رہی ہوں اور ان اشخاص کو جو وہاں سکونت پذیر ہوں جوابی سہولتیں عطا نہ کرے۔

دفعہ ۱۱۷ میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ مذکورۂ بالا شرائط میں سے کوئی بھی موجودہ ہندوستانی قانون کے عملدرآمد کو متاثر نہ کرے گی۔

دفعہ ۱۱۸ میں مذکور ہے کہ اگر وفاق کے قائم ہونے کے بعد ملک معظم کی حکومت اور وفاقی حکومت کے درمیان کوئی معاہدہ ہو جس کی رو سے ایسے معاملات کے بارے میں جن کی حد تک سابقہ دفعات میں قرارداد موجود ہو، برطانوی ہند میں رہنے والی برطانوی رعایا اور برطانوی ہند میں قائم شدہ کمپنیوں کو سلطنت متحدہ میں اور سلطنت متحدہ میں سکونت پذیر برطانوی رعایا اور سلطنت متحدہ میں قائم شدہ کمپنیوں کو برطانوی ہند میں مساوی سلوک کا یقین دلایا جائے تو ملک معظم کی حکومت یہ اطمینان حاصل ہونے پر کہ معاہدے کو عمل جامہ پہنانے کے لئے جملہ ضروری قوانین دونوں ملکوں میں نافذ ہو چکے ہیں حکم بہ اجلاس کونسل کے ذریعے یہ اعلان کر سکتی ہے کہ ان دفعات کے اغراض اس حد تک جس حد تک کہ حکم میں صراحت کر دی گئی ہو اس معاہدے اور وضع کردہ قانون کی رو سے اور کافی طور پر

پورے ہو گئے ہیں اور جب تک اس قسم کا کوئی حکم نافذ رہے ان دفعات کا عملدرآمد اس حد تک ملتوی رہے گا

مذکورۂ بالا دستوری شرائط کے علاوہ گورنر جنرل اور گورنروں کے "تفویضات ہدایات" کی رُو سے ان اعلیٰ عہدہ داروں کو مسودہ ہائے قانون کی منظوری کے بارے میں وسیع امتیازی اختیارات حاصل ہیں جن کی بنا پر وہ اس قابل ہوتے ہیں کہ ایسے قانون کو نامنظور کریں جو اگرچہ بظاہر امتیازی نہ ہو لیکن ان کی دانست میں امتیازی نتیجہ پیدا کرتا ہو۔ اس بارے میں شبہہ ہونے کی صورت میں کہ آیا کوئی خاص مسودۂ قانون امتیاز کے بارے میں قانون دستور کے مقاصد کے خلاف عمل کرتا ہے یا نہیں گورنر جنرل اور گورنروں کے لئے ضروری ہے کہ مسودۂ قانون کو ملک معظم کی منظوری کے لئے پیش کریں۔

ان شرائط کے مدنظر ظاہر ہے کہ جدید دستور کے تحت ملک کو کامل مالی آزادی اس معنی میں حاصل نہ ہوگی کہ ہندوستانی تجارت وصنعت کی ہمت افزائی کی غرض سے کروڑ گیری اور مالی امداد سے پوری آزادی کے ساتھ کام لیا جا سکے گا۔ باہمد گر رعایت کا یہ اصول کہ ہندوستان میں برطانوی کاروبار پر اس وقت تک بندشیں عائد نہ کی جائیں گی جب تک کہ سلطنت متحدہ میں ہندوستانی کاروبار پر بندشیں عائد نہ کی جائیں لغو اور بے معنی ہے اور اس لحاظ سے کوئی قدر وقیمت نہیں رکھتا کہ سلطنت متحدہ میں کوئی ہندوستانی کاروبار ہی نہیں ہے جو برطانوی کاروبار سے مسابقت کرے۔ اس اصول میں کوئی حقیقی معنی پیدا کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہندوستانی صنعت وتجارت کو سریع ترقی دی جائے یہاں تک کہ وہ برطانوی صنعت وتجارت سے طاقت وتوانائی میں مقابلہ کر سکیں۔ تجارتی امتیاز کے خلاف قراردادوں کا حرف بہ حرف مطالعہ کر کے قومی اغراض کے نقطۂ نظر سے اور ہندوستان میں کاروبار کرنے والے طاقتور برطانوی کارخانوں کی مسابقت 482
سے بچاؤ کے طور پر جو کارروائی ضروری معلوم ہو اس کو اختیار کرنے میں نہایت غیر معمولی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس بات کا انحصار کہ آیا جدید دستور کے تحت صورت حال بہتر ہوگی یا بدتر اس امر پر ہوگا کہ جدید مجالس قانون ساز

باب ۱۳

اپنے مطمح نظر میں قدیم مجالس قانون ساز سے زیادہ ترقی پسند ہوں گی یا نہیں۔ اس کا انحصار اس امر پر بھی ہوگا کہ گورنر جنرل اور گورنروں کو جو وسیع اختیاری اختیارات دئے گئے ہیں ان کو کس طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے۔

۲۰۔ اصل کے ملکی ذرائع کو ترقی دینے کی ضرورت۔

یہ ظاہر ہے کہ عظیم ترین فائدہ اس وقت حاصل ہوگا جب ملک اس قابل ہو جائے گا کہ نئے اصل کے لئے اپنی ضرورتوں کو غیر ملکی ذرائع کے بجائے قریب قریب تمامتر ملکی ذرائع سے پورا کرے؛ اور جیسا کہ غیر ملکی سرمایہ کی کمیٹی خیال ظاہر کرتی ہے "غیر ملکی اصل کے مسئلے کا حقیقی حل ہندوستان ہی کے اصل کے ذرائع کی ترقی میں مضمر ہے"۔ ہندوستان میں بے کار اصل کے جو ذخائر کثیر مقدار میں موجود ہیں ان کو کام پر لگانے کی غرض سے بنک کاری کی سہولتوں میں اضافہ و توسیع ضروری ہے[1]۔ ہندونتانی بنک کاری کی ترقی و تنظیم کے اہم مسئلہ اور بنک کاری کی مرکزی و صوبہ واری تحقیقاتی کمیٹیوں کی سفارشوں پر بنک کاری کے متعلق ایک جداگانہ باب میں بحث کی جائے گی[2]۔

غیر ملکی اصل کی بجائے دیسی اصل استعمال کرنے کے معنی یہ ہیں کہ صرف صنعتوں کی مالی امداد ہی ہندوستانیوں کو نہ کرنی چاہئے بلکہ ان کی ملکیت اور انتظام بھی ہندوستانی ہاتھوں میں ہونا چاہئے۔ چنانچہ موخرالذکر مسئلے پر اس باب کے آغاز میں بحث کی جا چکی ہے۔

تمت

---

[1] دیکھو غیر ملکی سرمایہ کی کمیٹی کی رپورٹ، سفارشوں کا خلاصہ۔

[2] دیکھو جلد دوم کتاب ہذا باب ۱۔

ضمیمہ

فہرست اصطلاحات

مع ترجمۂ انگریزی

ا

آجر	Employer
اجارہ	Monopoly
ادارۂ تحقیقات زرعی	Agricultural Research Institute
استحکام زر	Stabilization of money
اعتبار	Credit
احتکار	Corner
التواء و معافی مالگزاری	Suspension & Remission of Revenue
امتیازی تامین	Discriminate Protection
انجمن امداد باہمی	Co-operative Society
انجمن بنک کاری	Banking Union
انتظام سکونت	Housing

Preventive Checks	انسدادی مانعات
Positive Checks	ایجابی مانعات

ب

Substitution or Substitute	بدل
Market	بازار
Export Trade	برآمدی تجارت
Export Duty	برآمدی محصول
Exogamy	برون زواجیت
Bank	بنک
Banking	بنک کاری
Banking Enquiry Committee	بنک کاری کی تحقیقاتی کمیٹی
Unemployment	بے روزگاری
Unemployment	بیکاری
Unemployment Insurance	بیمۂ امداد باہمی

پ

Absentee Landlord	پرباس زمیندار
Absentee Landlordism	پرباس زمینداری
Savings	پس انداز
Productive	پیداآور
Productivity	پیداآوری
Production of Wealth	پیدائش دولت

ت

Market Gardening	تجارتی باغبانی
Mercantile marine	تجارتی جہازوں کا بیڑا
Mercantilism	تجاریت
Localisation of Industries	تحصیر صنائع
Graduated Tax	تدریجی محصول
Distribution of Wealth	تقسیم دولت
Division of Labour	تقسیم عمل
Industrialisation	تصنیع یعنی صنعتوں کو ترقی دینا یا ملک میں کارخانے کھولنا
Balance of Trade	توازن تجارت
Equilibrium of Demand & Supply	توازن طلب و رسد
Migration	توطن
Immigration	توطن داخلی
Emigration	توطن خارجی

ث

Stability of Value	ثبات قدر

ط

Tax	ٹکس یا ٹیکس
Canons of Taxation	ٹکس کے قوانین

ج

Dose	جرعہ
Barter	جنسی مبادلت ۔ مبادلۂ اشیا بلا ٹر

چ

Smuggling	چور تجارت

ح

Vested Interests	حقوق قائمہ
Land Tenure	حقیت اراضی

خ

Expenditure	خرچ

د

Import Trade	درآمدی تجارت
Import Duty	درآمدی محصول
Permanent Settlement	دوامی بندوبست
Endogamy	درون زواجیت
Wealth	دولت

ذ

Caste System	ذات کا طریق
Sinking Fund	ذخیرۂ ادائی
Sources of Income	ذرایع آمدنی

ر

Usury	ربا (ربوٰی)
Supply	رسد
Joint Supply	رسد مشترک
Raiffeisen Society	رفیزن طرز کی انجمن
Current Account	رواں کھاتہ

ز

Overpopulation	زائد آبادی
Money	زر
Circulating Medium	زر رواں
Agricultural marketing	زرعی پیداوار کی فروخت
Agricultural Labour	زرعی محنت یا مزدور
Agricultural Commission	زرعی کمیشن
Fertility	زرخیزی
Land	زمین
Land Mortgage Bank	زمین گروی بنک

Zamindari Rent	زمینداری لگان

س

Credit	ساکھ
Public Debt	سرکاری قرضہ یا قرضہ عامہ
Coin	سکہ
Gross Interest	سود خام
Net Interest	سود خالص

ش

Imperial Preference	شاہی ترجیح
Rate of Interest	شرح سود
Birth Rate	شرح ولادت
Investment of Capital	شغل اصل
Schulze Delitch Society	شولز ڈیلش طرز کی انجمن
Dairy Farm	شیر خانہ (دودھ گھر)
Dairy Farming	شیر سازی - (دودھ بیوپار)

ص

Consumer	صارف (خریدار)
Consumption of Wealth	صرف دولت
Co-Operative Apex Bank	صدر بنک امداد باہمی

Industrialism	صنعتیت
Industrial Monopoly	صنعتی اجارہ

ط

Demand	طلب
Joint Demand	طلب مشترک

ع

Factors of Production	عاملین پیدائش
Demand Bill	عندالطلب ہنڈی

غ

Inelastie Demand	غیر تغیر پذیر طلب
Non-Credit Society	غیر قرضی انجمن
External Capital	غیر ملکی سرمایہ

ق

Law of Constant Return	قانون استقرار حاصل
Law of Substitution	قانون بدل

Law of Diminishing Utility	قانون تقلیل افادہ
Law of Diminishing Returns	قانون تقلیل حاصل
Law of Increasing Returns	قانون تکثیر حاصل
Law of Demand	قانون طلب
Gresham's Law	قانون گریشم
Law of Primogeniture	قانون خلف اکبر
Value	قدر
Credit Society	قرضی انجمن
Indebtedness	قرضداری۔ مقروضیت
Purchasing Power	قوت خرید
Price	قیمت
Equilibrium Price	قیمت متوازنہ

ک

Record of Rights	کتابچہ حقوق (کھیوٹ)
Capital Works	کارہائے اصل
Efficiency	کارکردگی
Tariff (Customs)	کروڑگیری
Dry Farming	کاشت خشکی
Intensive Cultivation	کاشت عمیق
Extensive Cultivation	کاشت وسیع
Zinc Ores	کچی جستی دھات
Working Capital	کاروباری اصل یا سرمایہ
Cadastral Records	کاغذات اراضی

ل

Rent	لگان

م

Revenue	مالگزاری
Bounty	مالی امداد
Central Co-Operative Bank	مرکزی بنک امداد باہمی
Debt Conciliation Board	مجلس مصالحت قرضہ
Coal-Grading Board	مجلس درجہ بندی زغال
Munitions Board	مجلس اسلحہ
Fiscal	مالی
Financial	مالیاتی
Income tax	محصول آمدنی
Overpopulation	مفرط آبادی
Labour	محنت مزدور
Revenue Farming	مستاجری مالگزاری
Joint Family System	مشترک خاندان کا طریق
Risk Charges	مطالبات خطر
Depreciation Charges	مطالبات فرسودگی
Economic Rent	معاشی لگان
Competition	مسابقت، مقابلہ
Profits	منافعہ

Budget	موازنہ، میزانیہ (بجٹ)

ن

Price Theory	نظریۂ قیمت
Convertible Paper money	نقد پذیر کاغذی زر
Cash Credit	نقدی اعتبار
Mobility	نقل پذیری
Canal Colonies	نہری نوآبادیات

و

Wolfram	ولفرم

ہ

Bill of Exchange	ہنڈی

صحت نامہ

معاشیات ہند (جلد اول)

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴
۱۲	۳	انجنسیوں	ایجنسیوں
۳۳	کالم ۲ جدول ۱	۹۵۹ و ۴۰ و ۳۰ و ۱	۹۵۹ و ۴۰ و ۲۶۴ و ۱
۳۷	۱	دورمں	دورمیں
۳۸	حاشیہ ۲ سطر ۱	ہندوستائی	ہندوستانی
۴۱	″ (سطر ۱)	سنہ ۱۹۳۰ء	سنہ ۱۹۳۳ء
۴۵	۲۱	چھے	چشمے
۵۳	۴	لیشن	کیشن
″	۱۹	بمبنی	بمبئی
۵۷	۳	۱۵ لاگھ	۱۵ لاکھ
سلیپ ۵ الف	تحت جدول	ماصی	خاصی
	حاشیہ سطر ۳		
۶۴	حاشیہ سطر ۱	دیلی	ڈیلی
۱۳۶	۲۴	نقسم	تقسیم
۱۶۳	۲	نیست	نیست و نابود
″	محاذی سطر ۶	108	108 ·
″	۱۸	نیست	نیست و نابود

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴
۱۶۳	حاشیہ سطر ۳	ص ۱۵۸ تا ص ۱۶۴	ص ۱۵۸ تا ص ۱۶۴
۱۶۵	۱۵	نیست	نیست و نابود
۱۷۰	۷	سنین	سنیں
″	۲۵	اکٹھا	اکٹھا
۱۷۲	۶	اج کل	آج کل
۱۷۳	حاشیہ سطر ۳	منتظم	منظم
۱۷۴	حاشیہ سطر ۳	لہ	لے
۱۷۵	۲۴	پشت وپناہ	پشت پناہ
۱۷۶	حاشیہ سطر ۲	بنرجی	بنرجی
۱۸۴	۷	دراصل کو	دراصل اس کو
۱۹۳	۹	درہم وبرہم	درہم برہم
۱۹۴	۱۹	ہوتا	ہونا
۱۹۵	۱۸	پیشتر حصہ	بیشتر حصہ
۱۹۸	۱۰	رعیت داری	رعیت واری
۱۹۹	۶	طرح	طرح
″	۲۲	کھار،	کھار،

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴
۲۰۱	۹	ابتدالی	ابتدائی
۲۰۲	حاشیہ سطر۲	جانب ے	جانب سے
۲۰۸	۴	ذہین	ذہن
״	۲۳	پیتھن	پٹن
۲۰۹	۸	خارجی	خارجی تجارت
۲۱۰	۲ و ۳	کہ وہ وہ	کہ وہ
۳۱۲	۱۱	ننجور	ٹنجور
۲۱۴	۲۲ سطر عنوان	یالسی	پالسی
۲۱۷	۱۱ سطر عنوان	(۴) کل کی بنی ہوئی	(و) کل کی بنی ہوئی
۲۱۸	سطر ۱۹ عنوان	معنوعات کی مسابقت	معنوعات کی مسابقت
		(ہ) حکومت ہند کی	(ہ) حکومت ہند کی
		عدم مداخلت کی پالسی	عدم مداخلت کی پالسی
۲۲۱	۱	مردشماری	مردم شماری
۲۲۵	۱۴	پیدا ور	پیدا آور
۲۲۶	۲۰	بیان کرمناسب	بیان کرنا مناسب
۲۲۷	۳	بہت خاصہ	بہت خاصا
״	۲۳	خط ہاے زمین	خطہ ہاے زمین
۲۳۲	حاشیہ سطر۱	صفحہ ۱۹۸	صفحہ ۱۹۸
۲۳۳	۴	امن وآمان	امن وامان
۲۳۶	۴	ازالے	ازالے
״	۱۱ و ۱۲	صنعتوں میں میں	صنعتوں میں
۲۳۸	۱۶	روپے	روپے

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴
۲۴۰	حاشیہ سطر۶	دیکھو صفحہ مطبوعہ اوراق کے صفحہ کا حوالہ دیا جائے	دیکھو صفحہ ۲۸
۲۴۲	۲۵	پٹنا	پٹنہ
۲۴۶	۱۴	کیلئے مصر	کے لیے مصر
۲۷۲	حاشیہ سطر۳	Suger	Sugar
۲۷۹	۶	کھجور اور سرسوں کے تیل کا	کھوپرے اور سرسوں کے تیل کا
۲۹۱	۲	افیون	افیون
۲۹۵	جدول ۲	۱۹۳۲ء	۱۹۳۴ء
	کالم آخری	تا	تا
	سطر ۳	۱۹۳۵ء	۱۹۳۵ء
۲۹۶	سلسلہ جدول ۲	۱۹۳۴ء	۱۹۳۲ء تا
	کالم آخری	۱۹۳۵ء	۱۹۳۵ء
	سطر ۳		
۲۹۷	محاذی سطر	105	109
״	۶	ٹیوپ	ٹیوب
۳۰۰	۲۵	Ecenomic	Economic
۳۰۵	۱۲	رونما ہویا یا	رونما ہویا
۳۰۶	عنوان سطر ۴	۱۰۔ اشیائے خام کی برآمد پر بندشیں	۱۰۔ اشیائے خام کی برآمد پر بندشیں
۳۱۴	۴	موجود رسد	موجودہ رسد

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۲۶	سطر ۲ جدول کالم ۳	بہار و اڑیسہ	بہار و اڑیسہ
۳۳۰	۱۶	بسینہ	مُبیّنہ
۳۳۴	۱۳	دین کے	دکن کے
۳۶۳	پیشانی کتابہ	معاشیات ہند	معاشیات ہند
		جلد دوم	جلد اول
۳۶۹	۱۳	اختتاح	افتتاح
۳۸۰	۱۰	کافی	کافی
۳۸۲	۶	اہل وہ	اہل دِہ
۳۸۳	۱۴	مبکنا	میکیناً
۴۰۴	۱۹	ذخیرد	ذخیرہ
۴۱۵	۲۰ و ۲۱	گرنی کے لے	گرنی کے
۴۳۹	حاشیہ سطر ۲	رعی قرضداری	زرعی قرضداری
۴۴۱	۲	ابسی	ایسی
۴۵۰	۱	غلطہ	غلط
۴۵۳	۵	وہ پہ ہے	وہ یہ ہے
۴۶۲	۶	زیادہ نزر گھٹیا یا	زیادہ گھٹیا یا
		ٹٹ پونجیے	ٹٹ پونجیے
۰	۱۰	صوبہ واری	صوبہ واری
۴۶۶	۲۰	پرونگنڈا	پروپگنڈا
۴۶۸	۱۵	بذ ریعہ	بذریعہ
۴۷۰	۱۸	تیار تھا،	تیار تھا

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴۷۲	۹	پونجی	پونجی
۴۷۴	۲۰	طرق کارکو	طریق کارکو
۴۸۸	پیشانی کتابہ	امداد باہمی	امداد باہمی
۴۹۸	حاشیہ سطر ۵	نیار	تیار
۵۴۸	۸	وقفوں	وقفوں
۵۵۱	۱۱	بیجا	بیجا
۵۷۱	۱	بمبئی وکی	بمبئی کی
۵۹۱	۱۶	ستاق نظریں	مشتاق نظریں
″	۱۷	مماثل	مماثل
۵۹۴	۱۳	دیہات	دیہات
۵۹۷	۱۵	نکلنے	نکلنے
۶۰۵	۲	پیدا وا	پیداوار
۶۰۸	۱۱	۱۷۱۲ء تا ۱۷۱۹ء	۱۷۱۳ء تا ۱۷۱۹ء
۶۲۸	۷	جاندادون	جائدادوں
۶۳۲	۹	مسابت	مساحت
۶۳۷	۴	اسر لیفورڈ	اسٹر لیفورڈ
۶۴۹	۱۹	ے رمینہار	کے زمیندار
″	۲۳	اکم ازکم	یا کم ازکم
۶۵۳	حاشیہ ۳	محول	محصول
۶۵۴	۱۹	نظریے	نظریے
۶۵۵	۵	نقطۂ	نقطے
۶۷۶	۲	اس لئے کہ	✗

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴
۶۷۷	۱۹	صمداً	عمداً
″	″	بیداری	معیاری
۶۷۹	۱۲	ے اور	ہے اور
۶۸۳	۱۷	روپیہ	روپے
۶۸۵	حاشیہ ۱۵	سالانہ	سالانہ
″	″ ۱۶	امدینون	آمدنیوں
۶۸۷	۱۸	حاطانہ	عاطانہ
۷۰۸	۱۹	صنی	صنعتی
۷۱۳	۴	پیدا وار	پیداوار
″	۷	مزدہ روں	مزدوروں
۷۱۵	۹	کرور	کروڑ
۷۲۶	۱	و مین	سوطین
۷۳۱	۱	اہم فواد	اہم فائدہ
۷۴۰	۹	حمل	عمل